جدید ایڈیشن

وَكُلَّ شَيْءٍ فَصَّلْنٰهُ تَفْصِيلًا
اور ہم نے ہر چیز کھول کر تفصیل سے بیان کر دی ہے

اشاریہ

مضامینِ قرآن

جلد اول

تفصیلُ البیَان ۔ فی ۔ مَقاصد القرُان

شمس العلماء مولانا سید ممتاز علی

الفیصل ناشران و تاجرانِ کتب
غزنی سٹریٹ اردو بازار لاہور

①

کِتابُ العَقائِد

②

کِتابُ الاحکام

③

کِتابُ الرِّسَالۃ

④

کِتابُ المَعاد

افضل حق قرشی

شمس العلماء مولانا سید ممتاز علی

آپ حضرت امام رضاؒ کی اولاد میں سے ہیں۔ آپ کے اجداد بخارا کے رہنے والے تھے، آپ کا خاندان عہد عالمگیری میں ہندوستان آیا اور جگادھری (ضلع انبالہ) کے قریب آباد ہوگیا۔ دو تین نسلیں وہیں مقیم رہیں۔ آخر ایک بزرگ میر ہاشم علی دیوبند میں جا کر آباد ہو گئے، ان کے بھانجے میر ستار علی نواب بہادر گڑھ کے مدار المہام مقرر ہوئے۔ انہی میر ستار علی کے صاحبزادے سید ذوالفقار علی تھے جو سید ممتاز علی کے والد تھے۔ سید ذوالفقار علی ادب فارسی میں امام بخش صہبائی کے شاگرد تھے۔ عربی سینٹ سٹیفنز کالج دلی سے پڑھی۔ شملہ میں ڈپٹی انسپکٹر مدارس، گجرات میں سررشتہ دار اور راولپنڈی میں تحصیلدار رہنے کے بعد ایکسٹرا اسسٹنٹ کمشنر مقرر ہوئے اور پنجاب کے متعدد اضلاع میں مقیم رہے۔

سید ممتاز علی ۲۷ ستمبر ۱۸۶۰ء کو راولپنڈی میں پیدا ہوئے۔ اتفاق سے یہ دن میلاد النبی ﷺ کا تھا۔ میلاد النبی ﷺ کے دن ولادت ہوئی۔ عمر بھر تحریک میلاد کی اشاعت کرتے رہے اور عید میلاد ہی کے اگلے دن انتقال ہوا۔ آپ کی باقاعدہ تعلیم کا آغاز پانچ برس کی عمر میں ہوا۔ دیوبند میں سید عبداللہ شاہ عرف منے شاہ کے مکتب میں پارہ عم، خالق باری اور کریما کا درس مکمل کیا۔ بعدازاں والد نے راولپنڈی بلالیا۔ یہاں آپ نے عربی صرف ونحو، فقہ ومنطق اور فارسی ادب کی تعلیم حاصل کی۔ ۱۸۷۳ء میں آپ کی والدہ کا انتقال ہوگیا۔ کچھ عرصہ بعد دیوبند جا کر دارالعلوم میں داخل ہوگئے۔ آپ کے اساتذہ میں مولانا محمد یعقوب نانوتویؒ، مولانا سید احمد دہلویؒ، ملا محمود دیوبندیؒ اور مولانا محمد صدیق انبیٹھویؒ کے اسمائے گرامی شامل ہیں۔ اس وقت مولانا محمد قاسم نانوتویؒ بقید حیات تھے۔ آپ نے ان کی صحبت سے بھی بہت کچھ استفادہ کیا۔ اسی زمانہ میں شیخ الہند مولانا محمود حسنؒ بھی دارالعلوم میں زیر تعلیم تھے۔ سید ممتاز علی ان کے ہم سبق وہم جماعت رہے اور دونوں بزرگوں میں آخر دم تک محبت ومودت کا رشتہ نہایت استوار رہا۔ اسی اثناء میں آپ کے والد فیروز پور میں ایکسٹرا اسسٹنٹ کمشنر ہوگئے اور انہوں نے آپ کو فیروز پور بلا لیا۔ ۱۸۷۴ء میں اتالیق کی مدد سے آپ نے انگریزی پڑھنا شروع کی۔ دو سال کی قلیل مدت میں آپ نے مڈل سکول کا امتحان پاس کرلیا۔ ۱۸۷۶ء میں گورنمنٹ ہائی سکول لاہور میں داخلہ لیا اور وہیں سے میٹرک کا امتحان پاس کیا۔ میٹرک پاس کرنے کے بعد گورنمنٹ کالج لاہور میں داخل ہوئے۔ یہیں شمس العلماء مولانا محمد حسین آزاد سے ملاقات ہوئی۔ آپ کے والد اور آزاد کے والد مولوی محمد باقر کا گہرا دوستانہ تھا۔ اب

دونوں کے صاحبزادوں میں پرخلوص تعلقات قائم ہوگئے جو آزاد کے انتقال تک قائم رہے۔۱۸۸۴ء میں بی اے کا امتحان دیا لیکن کامیاب نہ ہو سکے۔ ۱۸۸۷ء میں بی ۔اے کا ارادہ ترک کر کے انڈین سول سروس کا امتحان دیا مگر اس میں کامیابی نہ ہوئی۔اسی سال چیف کورٹ لاہور میں بحیثیت مترجم ملازمت اختیار کر لی۔۱۸۸۸ء میں آپ کی شادی بھی ہوگئی لیکن ۱۸۹۱ء میں علالت کی بناء پر ملازمت سے مستعفی ہونا پڑا۔ آپ کی بیماری کی مندرجہ ذیل خبر ہفتہ وار سرمور گزٹ ناہن میں ''مولوی سید ممتاز علی کی بیماری'' کے عنوان سے شائع ہوئی:

> ہم نہایت افسوس اور دلی رنج سے اس بات کو لکھتے ہیں کہ مولوی سید ممتاز علی صاحب مترجم چیف کورٹ پنجاب نہایت سخت بیمار ہو گئے تھے۔ یہاں تک کہ زندگی سے مایوسی ہوگئی تھی۔مگر شکر کا مقام ہے کہ اب ان کی حالت روبصحت ہے اور یقین ہے کہ خداوند تعالیٰ آپ کو صحت عاجل اور شفائے کامل بخشے گا۔ صاحب موصوف تو اب تک نہایت مایوسی کی باتیں کرتے ہیں مگر خداوند کریم کی بخشش سے امید ہے کہ ہماری قوم کو کوئی ایسا صدمہ نہ پہنچاوے گا جس کے واسطے وہ اپنے آپ کو تیار ظاہر کرتے ہیں۔ یہ عالم اور نوجوان سید ہماری ہزاروں قومی آرزوؤں کا مرکز ہیں اور خدا ان کا حافظ و ناصر ہوگا۔۲

۱۸۹۲ء میں ایک سرکاری ملازمت کے حصول میں انہیں کامیابی ہوئی۔ غالباً یہ ملازمت بھی حسب منشاء نہ تھی اس لئے سال بھر سے زیادہ نہ چلی۔ اب ملازمت کا ارادہ ہی ترک کر دیا اور خانہ نشین ہو گئے۔ ۱۸۹۶ء کے اوائل میں اہلیہ کا انتقال ہوگیا۔۱۸۹۷ء میں سید احمد شفیع ایکسٹرا اسسٹنٹ کمشنر کی صاحبزادی محمدی بیگم سے عقد ثانی ہوا۔اس خاتون نے آپ کے اس ارادے کو بہت تقویت دی کہ عورتوں کی تعلیم و تہذیب کے لئے ایک زنانہ اخبار جاری کیا جائے۔چنانچہ ۱۸۹۸ء میں رفاہ عام کے نام سے ایک مطبع، دارالاشاعت پنجاب کے نام سے ایک مکتبہ اور تہذیب نسواں کے نام سے زنانہ اخبار جاری کیا۔۱۹۰۲ء میں پندرہ روزہ رسالہ ''تالیف واشاعت'' کے نام سے جاری کیا۔اس رسالے نے اقبال کے اہل زبان کے ساتھ معرکے میں اقبال کا بھرپور دفاع کیا۔۱۹۰۴ء میں ''مشیر مادر'' جاری کیا۔۳ نومبر ۱۹۰۸ء کو محمدی بیگم بھی فوت ہوگئیں۔ ۱۹۰۹ء میں آپ نے بچوں کیلئے ''پھول'' جاری کیا۔علمی و تعلیمی خدمات کے باعث ۱۹۳۴ء میں حکومت کی طرف سے آپ کو شمس العلماء کا خطاب ملا۔اس کے ایک سال بعد ۱۵ جون ۱۹۳۵ء کو گیارہ بجے شب حرکت قلب بند ہوجانے سے آپ کا انتقال ہوگیا۔انا للہ وانا الیہ راجعون۔ دیوبند کے آبائی قبرستان میں دفن کئے گئے۔مولانا غلام رسول مہر نے آپ کی وفات پر اداریہ میں تحریر کیا۔

> سرسید احمد خان، محسن الملک، وقار الملک، شبلی، حالی، آزاد، نذیر احمد، ذکاء اللہ، شرر ہندوستان میں علم وعمل، ادب وشعر اور ترقی وتمدن کے جلیل القدر علمبردار تھے۔افسوس کہ ایک ایک کر کے سب رخصت ہو گئے۔اس بزم شبانہ کی یادگار مولانا سید ممتاز علی باقی تھے۔آخر ۱۵ جون کو وہ بھی واصل رفیق اعلیٰ ہو گئے۔انا للہ وانا الیہ راجعون۔اب محفل بالکل سونی ہے اور زندہ دل پیران کہن میں سے کوئی باقی نہیں۔

ما کان قیس هلکه هلک واحد
ولکنه بنیان قوم تهدما

آج ہندوستان کے مسلمانوں کو علوم جدیدہ سے جتنا شغف اور تعلیم انگریزی کا جتنا بھی شوق ہے وہ سب کا سب سرسید کی مفید و مبارک تحریک کا نتیجہ ہے۔ اور پشاور سے لے کر راس کماری تک جتنے مسلمان خاندانوں کی عورتیں اور لڑکیاں معمولی شد بد رکھتی ہیں یا اعلیٰ تعلیم پا چکی ہیں یا پا رہی ہیں وہ سب بلا مبالغہ شمس العلماء مولانا سید ممتاز علی کے شرمندہ احسان ہیں جنھوں نے اپنی ساری عمر تعلیم و تہذیب نسواں کی نذر کردی۔ مولانا کا علم و فضل، آپ کی اصابت رائے، دیانت فکر اور پابندی وضع کا پایہ اس قدر بلند تھا کہ اگر وہ اپنے محدود دائرۂ عمل سے نکل کر قوم کی سیاسی و مذہبی رہنمائی کرتے تو ملک کے بہترین رہبروں کی صف اول میں ہوتے لیکن قوم کے ''نصف بہتر'' کی تعلیم و تہذیب مدت دراز تک معرض التواء میں پڑ جاتی کیونکہ اس دائرے میں بھی مولانا کا نعم البدل دستیاب ہونا بے حد دشوار تھا۔۳

آپ ۱۸۷۷ء میں دسویں جماعت کے طالب علم تھے کہ اسلام کے بارے میں تشکیک کا شکار ہو گئے۔ اپنے انگریزی کے بنگالی استاد بابو چندر ناتھ متر کے کہنے پر سرسید کو ایک مفصل خط لکھا۔ سرسید سے خط و کتابت کے نتیجے میں آپ کے تمام شکوک رفع ہو گئے اور سرسید آپ کے ذوق علمی اور قرآن فہمی کے اس قدر قائل ہو گئے کہ اپنی تفسیر میں جہاں کوئی دقت و اشکال پیدا ہوتی وہاں آپ سے مشورہ کئے بغیر آگے نہ بڑھتے۔ سرسید آپ کے مداح تھے اور آپ کے بارے میں نیک خواہشات رکھتے تھے۔ ایک خط میں لکھتے ہیں:

> میں آپ کی عنایت و محبت کا ہمیشہ شکر گذار ہوں اور آپ سے ایک خاص محبت اس خیال پر رکھتا ہوں کہ مجھ کو آپ سے قومی فائدہ پہنچنے کی توقع ہے۔ خدا آپ کو زندہ رکھے اور بوڑھا کرے اور میرا جو خیال آپ کی نسبت ہے اس کو پورا کرے۔۴

ایک اور خط میں لکھتے ہیں:

> شکر خدا کہ ہماری قوم میں تم سا نوجوان لائق پیدا ہوا۔ خدا تم کو زندہ سلامت رکھے...... جو بات خدا نے ہم کو ڈاڑھی سفید ہونے کے بعد دی، وہ خدا نے تم کو اس عمر میں دی کہ شاید ابھی پوری ڈاڑھی بھی نہ نکلی ہوگی...... خدا تم کو زندہ رکھے اور جیسی ہم کو امید تمہاری ذات سے قوم کی بھلائی کی ہے، خدا اس کو پورا کرے۔۵

سرسید اس بات کے خواہشمند تھے کہ ان کا تہذیب الاخلاق، سید ممتاز علی اپنے اہتمام سے لاہور سے جاری کریں۔ سرسید خطوط میں آپ کو ''محبی و مکرمی'' اور ''محبی و مشفقی'' کہہ کر مخاطب کرتے ہیں۔ آپ کے نام سرسید کے خطوط کی تعداد ایک سو سے زائد ہے۔

شبلی سے بھی آپ کے مخلصانہ تعلقات تھے اور وہ بھی آپ کی علمیت و قابلیت کے مداح تھے۔ شبلی خطوط میں آپ کو ''اخ المعظم'' اور

''جناب من'' کہہ کر مخاطب کرتے ہیں۔ ان کی خواہش رہی کہ اپنے تصنیفی کاموں میں آپ کو اپنے ساتھ شریک تصنیف بنائیں۔

ایک خط میں لکھتے ہیں:

حقیقت یہ ہے کہ میں اور آپ مل کر کوئی تصنیف کریں تو بہت کام کی ہو۔٦

ایک اور خط میں لکھتے ہیں:

میں ایک سلسلہ تصنیف مشترکہ چھیڑنا چاہتا ہوں جس میں آپ کو ایک مقصد یہ پارٹ لینا تھا۔٧

آپ کی کتابوں کی فہرست مندرجہ ذیل ہے۔

۱۔ محاکمہ ولادت مسیح

۲۔ خیر القال فی ترجمہ المنقد من الضلال (اردو ترجمہ وحواشی) لاہور اسلامیہ پریس، ۱۸۹۰۔ ۱۵۷ص

۳۔ ردالملاحدہ (اردو ترجمہ وحواشی) لاہور مطبع رفاہ عام (س۔ن) ۵٦ص

۴۔ دربار اکبری۔ مصنفہ محمد حسین آزاد۔ ترتیب وتدوین۔ لاہور: دارالاشاعت پنجاب، ۱۸۹۸

۵۔ حقوق نسواں۔ لاہور: دارالاشاعت پنجاب، ۱۸۹۸۔ ۱۹۰ص

٦۔ شیخ حسن۔ لاہور: دارالاشاعت پنجاب، ۱۹۲۰۔ ۸۴ص

٧۔ خانہ داری۔ لاہور: دارالاشاعت پنجاب، ۱۹۲۲۔ ۲۲۰ص

۸۔ تذکرۃ الانبیاء۔ لاہور: دارالاشاعت پنجاب، ۱۹۱۹۔ ۲۰۰ص

۹۔ پھوہڑ نامہ۔ لاہور: دارالاشاعت پنجاب، ۱۹۲۴۔ ۱٦۰ص

۱۰۔ تفصیل البیان فی مقاصد القرآن۔ ٧جلد۔ لاہور: دارالاشاعت پنجاب، ۱۹۳۱۔ ۱۹۳۵

۱۱۔ سبیل الرشاد۔ لاہور: دارالاشاعت پنجاب، ۱۹۳۵۔۴، ۱۵۰ص

۱۲۔ ثبوت واجب الوجود

۱۳۔ خزینۃ الاسرار

۱۴۔ ترجمہ زاد المعاد

آپ کا سب سے بڑا علمی کارنامہ تفصیل البیان ہے جس کو آپ نے پچیس برس کی محنت سے ترتیب دیا تھا۔ یہ آیات قرآنی کا ایک مبسوط اشاریہ ہے جو معانی ومطالب کے اعتبار سے مرتب کیا گیا ہے۔ قرآن مجید میں ایک موضوع ایک ہی مقام پر بیان نہیں ہوا بلکہ ایک عنوان پر روشنی ڈالنے والی متعدد آیات مختلف مقامات پر ملتی ہیں۔ لہٰذا ایک فرد جو کسی خاص موضوع کے ذیل میں آنے والی تمام آیات سے بیک وقت باخبر ہونا چاہتا ہو اس کے لئے یہ اس وقت تک ممکن نہیں جب تک وہ تمام قرآن شروع سے آخر تک نہ پڑھے۔ یہ ایک دقت طلب مسئلہ ہے۔ ضرورت اس امر کی تھی کہ قرآن میں زیر بحث آنے والے موضوعات سے متعلق آیات ایک ہی مقام پر جمع کر دی جائیں تاکہ ان سے کماحقہ استفادہ کیا جا سکے۔

اس ضرورت کے پیش نظر آپ نے نہایت جانفشانی اور عرق ریزی سے پانچ ہزار سے زائد عنوانات کا تعین کیا جو قرآن مجید کی جملہ آیات سے قائم ہو سکتے ہیں اور پھر ان کے ذیل میں آنے والی تمام آیات ایک مقام پر جمع کر دیں اور ساتھ ساتھ ان کا ترجمہ بھی درج کر دیا۔ ترجمہ کا کام آپ کے دوست مولانا نجم الدین سیوہاروی نے شروع کیا مگر وہ آدھا ترجمہ بھی نہ کر پائے تھے کہ انتقال فرما گئے۔ بقیہ کی تکمیل آپ نے خود کی۔

تفصیل البیان سات حصوں پر مشتمل ہے۔

کتاب العقائد

کتاب الاحکام

کتاب الرسالت

کتاب المعاد

کتاب الاخلاق

کتاب بدء الخلق

کتاب القصص

اس کام کے دوران آپ مختلف عوارض کا شکار بھی رہے لیکن ہمت نہ ہاری۔ آپ لکھتے ہیں:

میری دائمی دماغی علالت کی وجہ سے بارہا کام رکا اور بارہا شروع کیا گیا۔ ۱۹۲۸ء میں ایک اور مرض صعب میں مبتلا ہو گیا اور مجھے شفاخانے میں داخل ہونا پڑا اور عمل جراحی کی نوبت پہنچی۔ تب تو میں زیست سے ناامید ہو گیا۔ اس وقت مجھے اپنی زندگی کے بہت سے کاموں کے ادھورے رہ جانے پر افسوس اور رنج تھا۔ سب سے زیادہ اس قرآنی خدمت کے غیر مکمل رہنے کا صدمہ تھا اور یہ کام صرف غیر مکمل ہی نہ تھا بلکہ ایسی حالت میں تھا کہ میرے مسودے کی ترتیب مجوزہ کو کوئی نہیں سمجھ سکتا تھا اور میں یہ سوچ کر بے حد کڑھتا تھا کہ یہ سب کیا کرایا کام میرے بعد برباد ہو جائے گا اور میری برسوں کی محنت اکارت جائے گی۔ مجھے اس حالت میں جو مجھے اپنی زندگی کا کنارہ معلوم ہوتا تھا یہ خیالات بہت اذیت دیتے تھے اور میری آنکھوں میں آنسو آ جاتے تھے۔ ایک رات جبکہ میری آنکھوں سے نیند بالکل اڑ گئی تھی، بڑے اضطرار کی حالت میں میں نے اللہ تعالیٰ سے دعا کی اور عہد کیا کہ اگر میں مرض صعب سے جانبر ہو جاؤں اور مجھ میں لکھنے کی طاقت و ہمت آ جائے تو میں اپنا تمام وقت اس خدمت قرآنی میں صرف کروں گا اور جب تک اسے ختم نہ کر لوں گا اور کسی کام کی طرف توجہ نہ کروں گا۔ اللہ تعالیٰ نے اپنے فضل سے یہ دعا قبول فرمائی اور میں شفایابی کے وقت سے برابر اس کام میں لگا رہا۔ ۸

اس اشاریے میں موضوعات کی تلاش کے لئے جو طریق کار مقرر کیا گیا ہے اس کی تفصیل انہی کی زبانی پڑھیے:

سب سے اول ہر موضوع بطور عنوان اوپر لکھا گیا ہے۔ پھر اس کے تحت میں متعدد ضمنی سرخیاں یا عنوان حاشیہ میں قائم کئے گئے ہیں۔ پھر ضمنی عنوان کے بعد حوالہ اس طرح دیا گیا ہے کہ ایک خط ارضی ڈال کر اس کے نیچے سورۃ کا نمبر دیا ہے اور اوپر آیت کا مثلاً (۷/۲۰) اس سے یہ مطلب ہے کہ ساتویں سورۃ کی بیسویں آیت۔

میں نے اس کتاب میں صرف حوالہ کے بیان پر اکتفا نہیں کیا بلکہ حوالہ دے کر سب آیات محولہ بھی ہر حوالہ کے ساتھ تحریر کر دی ہیں۔ سورۃ و آیت کے نمبر کا حوالہ دینے سے وہ آیت براہ راست فوراً مل جاتی ہے۔ شاید قرآن مجید کے مختلف چھاپوں کے نسخوں میں شمار آیات میں کہیں کچھ اختلاف ہو مگر اس اختلاف کی وجہ سے شمار آیات میں ایک یا دو سے زیادہ کا فرق کبھی نہیں پڑتا۔ جو صاحب اس کتاب کے حوالہ کے بموجب کوئی آیت تلاش کریں اور اتفاقاً وہ نہ ملے تو حوالہ مندرجہ سے پہلے اور پیچھے کی دو دو تین تین آیتیں پڑھیں تو یقیناً آیت مطلوبہ مل جائے گی۔۹

برعظیم پاک و ہند کے تمام جلیل القدر علماء اور بلند پایہ اخبارات و رسائل نے تفصیل البیان کی بے حد تعریف کی ہے اور سب کو تسلیم ہے کہ جو کام علماء کی ایک پوری جماعت سالہا سال میں انجام نہ دے سکتی تھی وہ آپ نے تن تنہا انجام دے دیا۔ ذیل میں چند اکابر کی آراء کے اقتباس درج کئے جاتے ہیں۔

مولانا محمد انور شاہ کشمیریؒ

خاکسار جملہ اہل اسلام خواص وعوام کی عالی خدمت میں باادب عرض گذار ہے کہ میرے علم میں اب تک کسی نے اتنے موضوعات اور عنوانات ترتیب نہیں دیئے جتنے سید صاحب کو سانح ہوئے ہیں۔ شاید بعد کے لوگ اسی سے مستفید ہوں یا کوئی جزئی اضافہ کریں۔ خواجہ امیر خسروؒ کا جو مصرعہ مشہور ہے' من نیز حاضر می شوم تصویر جاناں در بغل۔ حضرت شاہ عبدالقادرؒ اس کو تفسیر قرآن در بغل سے بدلتے تھے۔ سید صاحب کا حق ہے کہ وہ یوں پڑھیں۔ من نیز حاضر می شوم تبویب قرآن در بغل۔ امید ہے کہ سید صاحب کے صحیفہ اعمال میں یہ تبویب بجنسہٖ درج ہوگی اور ایسا صحیفہ ضرور یمین میں ہوگا۔

مولانا مفتی محمد کفایت اللہؒ

کتاب کا مطالعہ کرنے سے بے حد مسرت ہوئی۔ مطالب قرآنیہ کی تبویب و تفصیل بڑا کٹھن کام ہے۔ مگر میں نے دیکھا کہ حق تعالیٰ نے آپ کو اسے انجام دینے کی توفیق عطا فرمائی اور آپ کی اعانت کی۔ آپ نے جس طرز سے یہ کتاب مرتب فرمائی ہے وہ علماء، طلبہ، واعظین، لیکچرار، عوام مسلمین، غرض ہر طبقہ کے لئے مفید اور نفع بخش ہے۔ اب تک جو کتابیں اس موضوع پر لکھی گئی ہیں یہ کتاب ان سے بہتر اور سہل المأخذ

ثابت ہوگی۔ میں امید رکھتا ہوں کہ ہر طبقہ کے مسلمان اس کی قدر کریں گے اور خدا نے چاہا تو اس کو قبولیت عامہ حاصل ہو جائے گی۔ حق تعالیٰ آپ کو اس محنت شاقہ اور عرق ریزی کا صلہ جمیلہ جزیلہ عطاء فرمائے اور اس کو آپ کے لئے ذخیرہ آخرت بنائے۔ آمین

مولانا محمد قطب الدین عبدالوالیؒ

حقیقتاً جناب نے جو محنت وسعی ہم معنی آیات قرآنی جمع کرنے میں کی ہے' اس کی جزا تو صاحب کلام ہی عطاء فرمانے والا ہے۔ مگر آئندہ نسلیں اہل اسلام کی آپ کے اس عظیم الشان کارنامہ کی دواما متشکر رہیں گی۔ اس دور الحاد و بے دینی میں یہ بڑی خدمت جناب نے کی ہے۔

مولانا محمد طیبؒ ناظم دارالعلوم دیوبند

علوم قرآن کی یہ تشکیل اور تسلسل کے ساتھ آیات قرآنی کی مضمون دار ترتیب' پھر ان مضامین پر حاوی جامع عنوانات' پھر کلی عنوانات کے نیچے جزئی سرخیاں' پھر اس کے ماتحت نہایت ہی وسیع تتبع وتلاش کے ساتھ جگہ جگہ سے آیتوں کو چننا اور پھر اس طویل الذیل ذخیرہ کا ابتدائی فہرست سے واضح پتہ دینا ایک ایسی زبردست خدمت ہے جو نام ہونے کے ساتھ عام بھی ہے اور جامع ہونے کے ساتھ کلیتہً نافع بھی ہے۔

پھر ان عنوانات سے فقط آیتوں اور مضامین ہی کا پتہ نہیں چل جاتا بلکہ ان آیات میں کھپے ہوئے مضامین کی حقیقت پر بھی اس لئے کافی روشنی پڑ جاتی ہے کہ جامع عنوان ہی مضمون کی روح اور اس کی اساس یا پورے مضمون کا خلاصہ ہوتا ہے۔ نیز جس طرح محدثین کا فقہ ان کے تراجم حدیث میں سمایا ہوتا ہے اسی طرح یہ تراجم قرآن قرانی حقائق واشگاف کرنے کے ساتھ ساتھ مصنف کی دماغی وفکری کاوش اور اس کے فقہ نفس کو کھلے طور پر نمایاں کر رہے ہیں۔ **فجزاه الله عنا و عن جميع المسلمين احسن الجزاء.**

چاہئے اور چاہئے ہی نہیں بلکہ حق واجب ہے کہ مسلمان جن کا طرہ امتیاز علوم قرآن سے شغف رکھنا اور اپنے اس مرکز ومحور علوم کے اردگرد پروانہ وار جمع ہونا ہے اس گنجینہ علوم قرآن کا نہایت شوق کے ساتھ پرتپاک خیر مقدم کریں۔ اور مصنف کے اس احسان وایثار کی جس کا تنہا مقصد جلب منفعت مالی نہیں بلکہ مسلمانوں کو ان کے اصلی اور حقیقی علوم سے باخبر کرنا ہے قدر کریں۔ **وهذا آخر كلامي و اول مرامي والحمد الله اولا واخراء**

مولانا ابوالکلام آزادؒ

قرآن کی آیات ومطالب کی تقسیم وتبویب پر جتنی کتابیں اس وقت تک شائع ہو چکی ہیں' یہ ان سب سے زیادہ بہتر اور زیادہ مفصل ہے۔ میں ان تمام لوگوں سے جو قرآن حکیم کے مطالعہ وتدبر کا ذوق رکھتے ہیں سفارش کروں گا کہ اس کتاب کا ایک نسخہ ضرور اپنے پاس رکھیں۔

مولانا حبیب الرحمٰن شروانیؒ

کتاب کی عظمت اور اس کے مفید ہونے کا اثر تو اسی وقت قلب پر ہوا تھا جب آپ نے براہ کرم اس کا مسودہ لاہور میں دکھایا تھا۔ اس وقت چاروں جلدوں کی فہرست مطالب پڑھی ہے۔ متن پر ایک نظر متفرق مقامات پر ڈالی ہے۔ اس سے مزید قوت خیال سابق کو ہوئی۔ بڑی دینی اور انسانی خدمت مسلمانوں کو کلام مجید سے قریب کر دینا ہے۔ اور اس میں کوئی شبہ نہیں کہ آپ کی کتاب اس میں بہت مدد بخشے گی۔

اس میں بھی کسی شبہ کی گنجائش نہیں کہ آپ نے بڑی محنت اور جاں فشانی اس کتاب کی تالیف میں کی ہے، جس کا شکر گذار ہر مسلمان کو بلکہ ہر انسان کو ہونا چاہیئے۔

مولانا سید سلیمان ندویؒ

تفصیل البیان فی مقاصد القرآن کی چار جلدوں کے مطالعہ کی سعادت حاصل ہوئی۔ کہہ نہیں سکتا کتنی خوشی حاصل ہوئی۔ اگر یہ جلدیں آج سے دو چار سال پہلے چھپی ہوتیں تو میری بڑی محنت بچ جاتی۔ سیرۃ کی چوتھی اور پانچویں جلد کے لئے آیتوں کی تلاش میں بڑی زحمتیں اٹھائیں۔ موجودہ فہرستیں زیادہ کارآمد نہ ہوسکیں، آپ نے بڑا کام کیا اور اس عمر میں وہ محنت کی جو نوجوانوں کے لئے بھی قابل رشک ہے۔ امید ہے کہ اللہ تعالیٰ آپ کی اس خدمت کو بہ چشم رضا دیکھے گا اور قبول فرمائے گا۔ آپ اپنے اس مقبول و اہم کام پر میری دلی مبارکباد قبول فرمایئے۔

مولانا اسلم جیراجپوریؒ

مؤلف نے اس کتاب میں قرآن کریم کی آیات کو بہ ترتیب موضوع وعنوان فراہم کیا ہے۔ اس طرح پر کہ قرآن کو اول سے پڑھنا شروع کیا۔ ہر ہر آیت جس جس موضوع کے تحت میں آسکتی ہے یا جس جس موضوع کے تحت میں آنی مناسب ہے' اس اس کے تحت میں لکھی گئی۔ جو ان موضوعوں کے تحت میں نہیں آسکی' اس کے لئے ایک نیا موضوع یا عنوان قائم کیا اور اس کے ذیل میں لکھی گئی۔ مولوی عبیداللہ صاحب کی اقتباس الانوار اور مولانا وحید الزمان کی تبویب القرآن بھی ہماری نظر سے گذر چکی ہیں لیکن ان کے مقابلے میں یہ کتاب بہت زیادہ مفید اور کارآمد اور اپنے مقصد کو پورا کرنے والی ہے۔

درحقیقت ایک عرصہ سے طالبان قرآن اس ضرورت کو نہایت شدت کے ساتھ محسوس کر رہے ہیں کہ آیات قرآن بترتیب مضامین مرتب کی جائیں۔ جس کی وجہ یہ ہے کہ قرآن کی جتنی تفسیریں لکھی گئی ہیں خواہ وہ عربی میں ہوں یا فارسی یا اردو میں حقائق قرآنی سمجھانے سے قاطبتہً قاصر ہیں۔ کیونکہ وہ ایک ایک آیت کی تشریح کرتی ہوئی چلی جاتی ہیں اور بہت کم ان حقائق سے بحث کرتی ہیں جن کا وہ آیت ایک حصہ ہوتی ہے۔ صورت یہ ہے کہ قرآن میں ایک حقیقت کی تعلیم ایک آیت میں شروع ہوتی ہے' دوسری جگہ کسی سورۃ میں اس پر کچھ اضافہ ہوتا ہے' پھر تیسرے مقام پر کوئی استثناء یا قید یا شرط بڑھائی جاتی ہے' پھر کہیں تکمیل یا تتمہ ہوتا ہے۔ اس طرح ایک مسئلہ قرآن کے مختلف مقامات میں پھیلا ہوتا ہے۔ اس کی پوری حقیقت سمجھنے کیلئے ان جملہ آیات کو ایک جگہ فراہم کرنا ضروری ہے تاکہ مکمل حقیقت ذہن میں آسکے۔ اس لئے علوم قرآن تفاسیر میں نہیں ہیں بلکہ خود قرآن میں ہیں اور آیات کو آیات کے ساتھ ملانے سے وہ سمجھ میں آتے ہیں۔ چنانچہ بعض لوگوں نے اس ضرورت سے قرآنی آیات کی تبویب شروع کی۔ جن میں سے اب تک سب سے بڑی اور بکارآمد کوشش یہ کتاب ہے...... اس کتاب کی خوبی اور مولف کی محنت کو میں نہایت قابل قدر سمجھتا ہوں اور امید رکھتا ہوں کہ اس خدمت قرآن کے صلہ میں اللہ ان کو دین اور دنیا دونوں میں کامیاب کرے گا۔

خواجہ حسن نظامی دہلویؒ

میں اس کتاب کو موجودہ زمانہ میں قرآن مجید کی ہر خدمت سے زیادہ اور بڑی خدمت سمجھتا ہوں۔ میرا بیان اور میری تحریر اس کتاب کی خوبیوں کے لئے کافی نہیں ہے' جب تک کہ خود اس کتاب کو اپنی آنکھ سے نہ دیکھ لیا جائے۔ اور جو دیکھے گا وہ عاشق ہو جائے گا۔ جو لوگ قرآن مجید کی تبلیغ کو اسلامی تبلیغ کے لئے سب سے اعلیٰ مقصد سمجھتے ہیں، میرے عقیدے میں وہ سب سے زیادہ عقل مند ہیں اور دور اندیش ہیں۔ اور میں ان سب سے عرض کرتا ہوں کہ مولانا سید ممتاز علی کی کتاب مقاصد القرآن ایسی کتاب ہے کہ جو تبلیغ القرآن کا سب سے اچھا ذریعہ ہے۔

مولانا محمد ابراہیم میر سیالکوٹیؒ

سید ممتاز علی صاحب ملک کے ان چیدہ افراد میں سے ہیں جو مفید مسلمین جدت طرازی میں مشہور ہیں۔ آپ کی عمر کا بیشتر حصہ علم کی خدمت میں گذرا ہے۔ بہت سے مفید کام انجام دیئے۔ اس آخری عمر میں ایک نہایت ضروری کام انجام دینا چاہا ہے' خدا اس میں آپ کو کامیاب کرے۔ آپ نے مضامین قرآن شریف کے متعلق ایک مفصل فہرست تفصیل البیان چھپوانی شروع کی ہے۔ کتاب اپنی نوعیت میں نہایت مفید اور ضروری ہے۔ عام علماء کو حافظ قرآن نہ ہونے کے سبب ایک مضمون کی آیات بروقت تلاش کرنے اور بیان کرنے میں دقت ہوتی ہے اور قرآن فہمی میں بھی دشواری ہوتی ہے۔ آپ نے اس کتاب میں اس ضرورت کو پورا اور مشکل کو آسان کر دیا ہے۔ دیگر فہرستیں بھی بنی ہیں لیکن اس میں نفس مضمون کا خلاصہ مطلب مرقوم ہونے کے علاوہ ایک خاص جدت یہ بھی ہے کہ زمانہ حال میں جس قدر تمدنی یا سیاسی یا قومی و اجتماعی ضرورتیں لاحق ہو رہی ہیں' سید صاحب ممدوح نے ان کے متعلق بھی قرآن شریف سے آیات منتخب کر کے ان کے مناسب عنوانات مقرر کئے ہیں۔ مثلاً حب وطن، اتحاد و حمیت قومی اور سرمایہ داری وغیرہ وغیرہ۔ بہر حال یہ کتاب علماء، واعظین، مدرسین اور مناظرین کے لئے از بس مفید ہے۔۱۰

عبد المجید سالک لکھتے ہیں کہ مدت تک یہ کتاب مسودہ کی صورت میں رہی اور اکثر اکابر علم جو باہر سے لاہور آتے تھے اس مسودے سے استفادہ کرتے تھے۔ وہ مزید لکھتے ہیں:

> ایک دفعہ حضرت سید امین الحسینی مفتی اعظم فلسطین اور علوبہ پاشا لاہور آئے۔ مولوی سید ممتاز علی نے ان کو چائے کی دعوت دی اور تفصیل البیان دکھائی۔ مفتی اعظم نے اس کتاب کی بے حد تعریف کی اور کہا کہ ایسی کتاب عرب دنیا میں بھی موجود نہیں۔ نجوم الفرقان، فتح الرحمٰن وغیرہ موجود ہیں جن کا فائدہ صرف اس قدر ہے کہ ایک لفظ بھی یاد ہو تو آیت کا پتہ چل جاتا ہے۔ لیکن مسائل کی فہرست اور پھر ہر مسئلے کے متعلق تمام آیات کی یکجائی یہ خوبی عربی زبان کی کسی کتاب میں موجود نہیں۔ اس کتاب کو عربی میں بھی چھاپنا چاہیے۔۱۱

آپ کو قرآن مجید سے ایسا عشق تھا کہ وفات سے ایک دن پہلے بھی تفصیل البیان کی آخری جلد کے متعلق کام کر رہے تھے۔ حالانکہ طبیعت بے حد کمزور ہو رہی تھی اور ڈاکٹروں نے کام کرنے سے بالکل منع کر رکھا تھا۔

حواشی

۱۔عبدالمجید سالک۔یاران کہن۔لاہور:مطبوعات چٹان،۱۹۵۵۔ص۔۵۸
۲۔سرمور گزٹ۔یکم جون ۱۸۹۱
۳۔انقلاب۔۱۹جون ۱۹۳۵
۴۔سرسید بنام ممتاز علی۔مکتوبہ ۱۲جولائی ۱۸۷۹
۵۔ایضاً۔مکتوبہ ۲اگست ۱۸۷۹
۶۔شبلی بنام ممتاز علی۔مکتوبہ ۱۱مئی ۱۸۹۲
۷۔ایضاً۔مکتوبہ ۱۲۱کتوبر ۱۸۹۲
۸۔تفصیل البیان۔ص۔۵۔۶
.ایضاً۔ص۔۶۔۷
۱۰۔تعارفی کتابچہ تفصیل البیان فی مقاصد القرآن۔ص۔۸۔۱۲
۱۱۔سالک۔یاران کہن۔ص ۶۶

دیباچہ

یورپ میں ہوس ملک گیری کی جو آندھی زور شور سے چل رہی ہے اس نے ایشیا والوں کو بیدار کر دیا ہے اور انہوں نے سمجھ لیا ہے کہ اگر ہم باہمی اتحاد کو ترقی دے کر اپنے بچاؤ کی تدابیر جلد نہ کریں گے تو دنیا میں بحیثیت قوم ہمارا باقی رہنا مشکل ہے۔ اسی سلسلے میں ہم مسلمانوں میں بھی قومیت کی روح کو مضبوط کرنے کا خیال پیدا ہوا ہے اور وہ روز بروز استحکام پکڑتا جاتا ہے۔ اہل اسلام میں کہنے کو تو مدت سے ۷۳ فرقے بتائے جاتے تھے۔ لیکن اب ان کا شمار یقیناً اس تعداد سے کہیں زیادہ ہے اور اس میں ذرا بھی شک نہیں کہ اسلام میں جس قدر فرقے پیدا ہوئے اس کے متناسب ہی ان کی قوم میں ضعف و افتراق نے ترقی پائی۔ کیونکہ ہر فرقہ بجائے خود موجودہ مسائل اسلام کے علاوہ کوئی نئی خصوصیت لے کر پیدا ہوتا ہے اور اسی خصوصیت کے لئے سب سے لڑتا جھگڑتا اور مناظرے کا ایک نیا لٹریچر پیدا کرتا ہے۔ ان حالات میں جتنی ایسی نئی خصوصیتیں پیدا ہوتی جائیں گی۔ اتنا ہی اصل مسائل دین سے بُعد بڑھتا جائے گا۔ اس لئے اس زمانے میں جو اتحاد و قومیت کی روح مسلمانوں میں پیدا ہوئی ہے۔ اس کا مقصد و طریق عمل یہ ہے کہ سب مختلف فرقے اپنی اپنی فرقہ وارانہ خصوصیتوں سے قطع نظر کر کے دین کے اہم مسائل کو جو سب میں مشترک ہیں اور اسلام کی بنیاد ہیں مضبوط کریں۔ اس کا عملی نتیجہ تمام دنیائے اسلام میں یہ نظر آ رہا ہے کہ جس قدر توجہ ہر فرقے کو زمانۂ قدیم میں خاص اپنی فقہ کی طرف تھی۔ اس میں بہت کمی آ گئی ہے اور لوگوں نے اس امر کو زیادہ اہم سمجھا کہ بجائے فقہ کے اس کے اس ماخذ کی طرف رجوع کیا جائے جس سے وہ فقہ مستنبط ہوئی ہے۔ چنانچہ اول اس خیال نے فقہ کی بجائے لوگوں کی توجہ حدیث کی طرف زیادہ منعطف کر دی۔ جس کے غائر مطالعہ سے ظاہر ہوا کہ حدیث اصلاً قرآن مجید کی تفسیر و تفصیل ہی ہے۔ یعنی مطالب قرآنی کو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے اقوال و افعال سے واضح کیا گیا ہے۔ چنانچہ قرآن مجید کے مسلسل اور بالاستیعاب مطالعہ کا خیال پیدا ہوا۔ بڑے بڑے سیاست دانوں کی جن میں متعدد مستند علمائے دین بھی داخل ہیں۔ یہ رائے ہے کہ چونکہ صرف قرآن مجید ہی سب اسلامی فرقوں کا مشترک فیہ اور معتمد علیہ حصہ ہے۔ اس لئے اگر جماعت اسلامی کو بحیثیت قوم ترقی دی جا سکتی ہے تو وہ اس کی طرف زیادہ توجہ کرنے سے دی جا سکتی ہے۔ ان حالات میں اس زمانے میں قرآن مجید کے مطالعہ کی شدید ضرورت محسوس ہو رہی ہے۔

قرآن مجید کے مطالعہ سے ایک اور فائدہ بھی متصور ہے۔ قرآن مجید کے اکثر مقامات میں اللہ تعالیٰ نے مسلم قوم کو شرف خطاب سے

مشرف فرمایا ہے اور قومی انحطاط کے بواعث اور ترقی کے وسائل کی طرف بار بار توجہ دلائی ہے۔ اس مخصوص طرز تخاطب سے مخاطبین جوش عمل سے معمور ہو جاتے ہیں اور ان کی قوت عمل المضاعف ہو جاتی ہے۔ ولولۂ عمل پیدا کرنے والا یہ انداز تخاطب کتب حدیث میں نسبتاً کم اور کتب فقہ میں بالکل ناپید ہے۔

اوپر کی تقریر سے یہ ظاہر ہے کہ جن لوگوں کو برسائے سیاسیات اس مطالعہ کی ضرورت ہے۔ وہ صرف اسی نظر سے اس کا مطالعہ نہیں کرنا چاہتے کہ وہ کوئی عبادت ہے اور اس سے انہیں کچھ ثواب حاصل ہوگا۔ بلکہ وہ قوم میں اتحاد اسلامی پیدا کرنے کی غرض سے قوم کے لئے ایک ایسا مجموعہ آداب مِلّی مرتب کرنا چاہتے ہیں۔ جس کی بناء سراسر قرآن پر ہو، جس کے منجانب اللہ ہونے میں کسی فرقۂ اسلام کو کلام نہیں۔ لیکن جو ماہرین سیاسیات قرآن مجید کے مطالعہ کے خواہش مند ہیں وہ بے حد مصروف بے انتہا عدیم الفرصت اور رات دن سیاسیات یا معاشیات میں منہمک ہیں۔ ایسی حالت میں وہ صرف ایسی کتابوں کا مطالعہ کر سکتے ہیں۔ جن میں سب مضامین زمانہ حال کی کتابوں کی طرح مرتب ہوں۔ اور اول وآخر میں فہرست مضامین اور مفصل انڈکس ملحق ہوں تا کہ وہ جو مضمون پڑھنا چاہیں صفحہ معلوم کر کے بہت تھوڑے وقت میں پورا کا پورا ایک جگہ پڑھ لیں۔ میں نے اس مقصد کے حصول کے لئے بہت کوشش سے تمام آیات قرآنی کو مضمون وار ایک ترتیب خاص سے ایک ایک جگہ جمع کر دیا ہے۔ جس سے ایک حد تک اب یہ ممکن ہوگیا ہے کہ جس موضوع یا حکم یا مسئلہ پر قرآن مجید کی تعلیم معلوم کرنی ہو۔ وہ پوری کی پوری ایک جگہ نہایت آسانی سے بہت جلد مل جائے۔

جو کام میں نے سرانجام دیا ہے۔ وہ ایسا نہ تھا جس کی ضرورت سب سے پہلے مجھے ہی محسوس ہوئی ہو۔ نہیں مجھ سے پہلے کئی بزرگ خادمان دین نے اس راہ میں قدم رکھا۔ اور گو مجھے معلوم نہیں کہ کسی نے بالکل اسی نوع کی خدمت قرآن کی ہو جیسی میں نے کی ہے لیکن یہ بزرگ کچھ نہ کچھ ضرور کر گئے ہیں۔ چنانچہ جن کتابوں کے دیکھنے کا اتفاق ہوا اور جن میں سے بعض سے میں نے مدد بھی لی۔ ان میں سے بعض کے نام یہ ہیں۔

۱۔ جواہر القرآن۔ حضرت امام غزالی رحمتہ اللہ علیہ۔

۲۔ فتح الرحمٰن۔ لطلب آیات القرآن۔ ترتیب علمی زادہ فیض اللہ الحسینی مقدسی۔ اس کی مدد سے قرآن مجید کی جو آیت نکالنی مطلوب ہو فوراً نکالی جا سکتی ہے۔ یہ کتاب میرے کام کے سرانجام دہی میں سب سے زیادہ مفید ثابت ہوئی ہے۔

۳۔ مفتاح کنوز القرآن۔ یہ کتاب ایک ترک عالم کی تصنیف ہے اور قازان ملک روس میں شائع ہوئی ہے۔ جب نواب عماد الملک سید حسین بلگرامی مرحوم حیدر آباد کو میرے اس کام کی خبر ہوئی تو انہوں نے از راہ عنایت یہ کتاب تحفتہً مجھے ارسال فرمائی۔ یہ کتاب فتح الرحمٰن کی مانند ہے۔

۴۔ تبویب القرآن۔ تصنیف مولانا حافظ وحید الزمان صاحب محدث حیدر آباد دکن۔

۵۔ اقتباس الانوار من کلام الغفار تصنیف مولوی عبید اللہ صاحب مرحوم لاہور۔

۶۔ الجواہر الصمدیہ۔ لاہور۔

۷۔ ولیل الحیر ان فی الکشف عن آیات القرآن۔ طبع مصر۔

۸۔ سبیکتہ الابریز۔ فی فہرس الکتاب العزیز۔

۹۔ نجوم الفرقان۔ مطبوعہ جرمنی

۱۰۔ مفتاح القرآن۔ مرزا قلیچ بیگ لڑکانہ

۱۱۔ آئینہ قرآن۔ پادری دیری صاحب۔

۱۲۔ تنقید القرآن۔ پادری عماد الدین۔

ان کتابوں میں سے حضرت امام غزالی کا رسالہ جواہر القرآن ایسی کتاب ہے جس کی ترتیب اصولاً کچھ میری کتاب سے ملتی جلتی سی ہے۔ مگر وہ نہایت ہی مختصر رسالہ ہے جس میں صرف اللہ کی ذات وصفات وافعال وغیرہ کے متعلق آیات جمع کی گئی ہیں۔ اس سے زیادہ بہتر اور بہت زیادہ ضخیم مولانا وحید الزمان صاحب کی تبویب القرآن ہے۔ گو اس میں بھی وہ تفصیل واستیعاب نہیں۔ جو مجھے مطلوب تھا۔

مولانا حافظ نذیر احمد صاحب مرحوم کی فہرست مضامین بھی جو ان کے ترجمتہ القرآن کے شروع میں لگی ہوئی ہے۔ اسی قسم کی کتابوں میں شمار ہوسکتی ہے۔ مگر اول تو وہ بے انتہا مختصر ومجمل وناکافی ہے۔ دوئم اس میں صرف مضامین کے حوالے دینے پر اکتفا کیا گیا ہے آیات نقل نہیں کی گئیں۔

اختصار واجمال کے علاوہ ان سب کتابوں میں ایک مشترک بات پائی جاتی ہے۔ وہ یہ کہ کتب مذکورہ میں سے ہر ایک کتاب درحقیقت کسی خاص مقصد کو مدنظر رکھ کر لکھی گئی ہے اور اثنائے تالیف میں اسی مقصد کی طرف دھیان رکھا گیا۔ یا یوں کہنا چاہئے کہ ان مصنفین نے کسی خاص نقطہ نظر کو ملحوظ رکھ کر صرف انہی آیات قرآنی کا تذکرہ کیا ہے۔ جن کی انہیں ضرورت تھی۔ مثلاً کتاب آئینہ قرآن جو اہل اسلام اور عیسائیوں کے مناظرہ میں کام آنے والی کتاب ہے۔ اس کے مصنف نے زیادہ اہتمام انہی آیات کے حوالے دینے کا کیا ہے جن کی ضرورت بیشتر اثنائے مناظرہ میں پڑتی ہے۔ دوسری آیات کی طرف بہت کم توجہ کی ہے۔

اسی طرح اقتباس الانوار ایسے غیر مسلم لوگوں کے مقابلہ میں لکھی گئی ہے جن کا دعویٰ تھا کہ قرآن مجید میں روحانی تعلیم نہیں ہے۔ اس لئے مصنف نے اسی موضوع کی طرف زیادہ خیال رکھا ہے۔ یہاں تک کہ جو آیات معاملات داد وستد کے متعلق ہیں۔ ان کو قطعاً چھوڑ دیا ہے۔

لیکن میں نے ارادہ کیا کہ قرآن مجید کے جملہ مضامین پر نظر کر کے ہر مضمون کی تمام آیات کو ایک مخصوص عنوان کے ماتحت مرتب کر دیا جائے۔ چنانچہ میں نے قرآن مجید کو اوّل سے پڑھنا شروع کیا اور ہر آیت کی نسبت یہ سوچا کہ یہ آیت کس کس موضوع کے تحت میں آسکتی ہے جس جس موضوع کے ماتحت آنی مناسب پائی گئی۔ اس اس کے تحت میں لکھ دی۔ میں نے کام شروع کرنے کے لئے چند بہت مشہور موضوع اپنے سامنے رکھ لئے تھے لیکن جب کوئی آیت ایسی آتی تھی جو ان موضوعوں کے تحت میں نہیں آسکتی تھی۔ تو اس کے لئے ایک نیا موضوع یعنی عنوان قائم کرلیا جاتا تھا اور وہ آیت اس کے ذیل میں لکھ دی جاتی تھی۔ اس طرح یہ عمل انتخاب قرآن مجید کی ہر آیت کے متعلق کیا گیا۔ یہاں تک کہ جملہ آیات مضمون وار مرتب ہوگئیں۔ اس مجموعہ کی ضخامت قرآن مجید سے زیادہ ہوگئی۔ یہ اس لئے کہ ایک ایک دفعہ تو ہر آیت یوں لی گئی جس سے اس میں پورا قرآن مجید آگیا مگر بہت سی آیات کے کئی کئی پہلو نکلتے تھے۔ وہ دوبارہ سہ بارہ مختلف عنوانوں کے تحت میں لانی پڑیں۔

یہ کام دنوں یا مہینوں کا نہیں تھا۔ بلکہ برسوں کا تھا اور میں نے اپنی عمر کا بہت بڑا حصہ قرآن مجید کی اس خدمت میں صرف کیا۔
یہ کام ایسا آسان بھی نہ تھا۔ جیسا یہاں چند سطروں میں بیان کرنے سے معلوم ہوتا ہے۔ بلکہ اس میں طرح طرح کی دقتیں درپیش آئیں۔ اول یہ کام اس قسم کا تو تھا نہیں کہ میں دوسروں سے مدد لئے بغیر اول سے آخر تک خود سرانجام دے لیتا۔ بلکہ مجھے اس کام کے لئے متعدد مددگار رکھنے پڑے اور ان سے کام لینا پڑا۔ مگر افسوس مجھے ان مددگاروں سے سوا اس کے اور کچھ مدد نہ ملی، کہ جن جن آیات پر نشان کردوں۔ وہ ان کو نقل کر دیں۔ مگر میرا کام محض نقل کرانا ہی نہ تھا۔ نقل کرانا اس صورت میں تو مفید ہوسکتا تھا۔ جب عنوان یا موضوع متعین ہوتے۔ مثلاً کسی آیت میں صبر یا توکل یا توبہ کی تعریف کی گئی ہو۔ تو اس عنوان اور اس کے نیچے آیت کا نقل کر لینا کچھ مشکل نہیں لیکن جب آیت میں ظاہراً کوئی عنوان بیان نہ کیا گیا ہو تو اس کا تعین بعض حالتوں میں مشکل ہو جاتا ہے۔ مثلاً سورہ ہُود میں اس بات کا ذکر ہے کہ حضرت ابراہیمؑ کے پاس اللہ کے رسول آئے۔ تو وہ جلد گھر میں گئے اور اُن کے لئے بھُنی ہوئی بچھڑے کی ران لے آئے اور جب انہوں نے کھانے سے انکار کیا تو ابراہیمؑ نے پوچھا کہ آپ کھاتے کیوں نہیں اور کھانا آگے بڑھایا۔ میں نے ان آیات کا عنوان مہمانداری قرار دیا ہے اور کھانے کے انکار پر جو پوچھا ہے کہ کیوں نہیں کھاتے۔ تو اس آیت سے یہ نکالا ہے۔ کہ مہمان کے ساتھ کچھ تکلف بھی ہونا چاہئے اور اسی ذیل میں حضرت لوطؑ کے قصّے کی وہ آیات نقل کی ہیں جہاں حضرت لوطؑ نے بدکردار لوگوں سے کہا تھا۔ کہ مجھے مہمانوں کے باب میں رسوا نہ کرو۔ اس سے یہ نکالا ہے کہ مہمان کی عزت کرنی چاہئے اور اس کی رسوائی کو اپنی رسوائی سمجھنا چاہئے۔ پھر جس آیت میں فرمایا گیا ہے کہ ہم نے ان بدمعاشوں کو اندھا کر دیا۔ اس سے یہ نکالا ہے کہ مہمان کے ساتھ بدسلوکی کرنے سے اللہ بھی ناخوش ہوتا ہے۔

اس زمانے میں حُبُّ الوطنی کا بہت جوش ہے اور اتحادِ قومی کے لئے اس کی بہت ضرورت ہے۔ اس کا ذکر صراحتاً اس نام سے گو قرآن مجید میں نہیں۔ مگر جن آیات میں لوگوں کو جہاد کے لئے اُبھارا گیا ہے۔ وہاں انہیں اِس بات کی غیرت دلائی ہے کہ تم ان لوگوں سے کیوں نہیں لڑتے جنہوں نے تمہیں تمہارے ملک اور تمہارے گھروں سے نکالا۔ اس قسم کی آیات کے لئے میں نے جہاد کے علاوہ حُبّ الوطن کا عنوان بھی تجویز کیا ہے۔

جن آیات میں سیم وزر کے جمع کرنے اور اسے سینت سینت کر رکھنے کی مذمت بیان کی گئی ہے۔ اس کو ہمارے علماء بخل یا حرص کے تحت میں لکھتے آئے ہیں۔ میں نے بھی ان کو ان عنوانوں کے تحت میں لکھا لیکن ان کے علاوہ سیاسیات کے ضمن میں میں نے ان آیات کو سرمایہ داری کے عنوان کے تحت میں بھی لیا ہے۔

ہم مسلمانوں کو قومی قوت حاصل کرنے کی سخت ضرورت ہے۔ میں نے قرآن مجید میں سے ڈھونڈھ ڈھونڈھ کر ایسی تمام آیات جمع کی ہیں۔ جن میں قوت کی مدح کا کوئی نہ کوئی پہلو نکلتا تھا۔ غرض تعین عنوانات بہت مشکل کام اور کتاب کی جان تھا اور افسوس اس میں مجھے اپنے مددگاروں سے نشان شدہ آیات کو نقل کرنے کے سوا اور کچھ مدد نہ ملی اور اس باب میں مجھے اپنی ذات پر ہی بھروسہ کرنا پڑا اور جب کبھی یہ کام مددگاروں کی رائے پر چھوڑا گیا تو پڑتال کے وقت وہ بالکل ناقابل اطمینان پایا گیا اور ردّ کرنا پڑا۔

ترجمہ کی وجہ سے بھی ایک مشکل پیش آئی۔ ابتداء میں میرا ارادہ آیات کے ساتھ ترجمہ شائع کرنے کا نہ تھا اور یہ خیال تھا کہ شاید یہ تالیف

عوام الناس کے لئے چنداں کارآمد نہ ہو اور صرف علماء ہی اس سے فائدہ اٹھا سکیں۔ اس لئے ترجمہ کی ضرورت نہیں لیکن بعد میں بعض احباب کے اصرار سے ترجمہ چھاپنا مناسب قرار پایا۔ اگر ارادہ پہلے سے ہوتا۔ تو آسانی سے انجام پا سکتا کہ جس قرآن مجید سے آیات نقل کی جاتی تھیں۔ ان کے ساتھ ہی ان کا ترجمہ بھی نقل کر لیا جاتا لیکن اس مجموعے کے تیار ہونے کے بعد اس کام کے لئے دوبارہ اتنی ہی ورق گردانی کی محنت اٹھانا اور ہر ایک آیت اور آیت کے ٹکڑوں کو پھر ڈھونڈھ ڈھونڈھ کر نکالنا اور اس کا ترجمہ نقل کرنا بہت محنت کا کام تھا۔ مگر میں اپنے مرحوم دوست مولوی نجم الدین سہواردی سابق مدرس عربی گورنمنٹ ہائی سکول قصور کا بے انتہا شکر گزار ہوں کہ انہوں نے ترجمے کا کام اپنے ذمے لے لیا۔ مگر افسوس وہ ابھی آدھا ترجمہ بھی نہ کرنے پائے تھے کہ انہوں نے انتقال فرمایا۔ اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ۔ اگر اس تالیف میں ان کی یہ مدد نہ ہوتی۔ تو شاید یہ تالیف بے ترجمہ ہی رہتی۔

میری دائمی دماغی علالت کی وجہ سے بارہا کام رُکا۔ اور بارہا شروع کیا گیا۔ ۱۹۶۸ء میں میں ایک اور مرض صعب میں مبتلا ہو گیا اور مجھے شفاخانے میں داخل ہونا پڑا۔ اور عمل جراحی کی نوبت پہنچی۔ تب تو میں زیست سے ناامید ہو گیا۔ اس وقت مجھے اپنی زندگی کے بہت سے کاموں کے ادھورے رہ جانے پر افسوس اور رنج تھا۔ سب سے زیادہ اس قرآنی خدمت کے غیر مکمل رہنے کا صدمہ تھا اور یہ کام صرف غیر مکمل ہی نہ تھا بلکہ ایسی حالت میں تھا کہ میرے مسودے کی ترتیب مجوزہ کو کوئی نہیں سمجھ سکتا تھا اور میں یہ سوچ کر بے حد کُڑھتا تھا کہ یہ سب کیا کرایا کام میرے بعد برباد ہو جائے گا اور میری برسوں کی محنت اکارت جائیگی۔ مجھے اس حالت میں جو مجھے اپنی زندگی کا کنارہ معلوم ہوتا تھا۔ یہ خیالات بہت اذیت دیتے تھے اور میری آنکھوں میں آنسو آ جاتے تھے۔ ایک رات جبکہ میری آنکھوں سے نیند بالکل اُڑ گئی تھی۔ بڑے اضطرار کی حالت میں میں نے اللہ تعالیٰ سے دعا کی اور عہد کیا کہ اگر میں اس مرض صعب سے جانبر ہو جاؤں اور مجھ میں لکھنے کی طاقت و ہمت آ جائے۔ تو میں اپنا تمام وقت اس خدمت قرآنی میں صرف کروں گا اور جب تک اسے ختم نہ کر لوں گا اور کسی کام کی طرف توجہ نہ کروں گا۔ اللہ تعالیٰ نے اپنے فضل سے یہ دعا قبول فرمائی اور میں شفایابی کے وقت سے برابر اس کام میں لگا رہا اور جس قدر مسودہ تیار ہوتا گیا۔ کاتب کو دیتا اور اسے چھپواتا رہا۔ خدا کا شکر ہے کہ چھ حصوں میں سے چار حصے چھپ کر تیار ہو گئے۔ صرف دو باقی رہ گئے۔ وہ بھی بفضل خداء انشاء اللہ جلد تیار ہو جائیں گے۔ یہ چار حصے حسب ذیل ہیں:-

۱- **کتاب العقائد:** اس کے دو حصے ہیں۔ پہلے حصے میں اللہ تعالیٰ کی ذات و صفات و افعال کا بیان ہے اور وہ سب استدلالات بیان کئے گئے ہیں جن سے اللہ تعالیٰ کا وجود ثابت ہوتا ہے اور دوسرا حصہ ان آیات پر مشتمل ہے جو بدء الخلق سے تعلق رکھتی ہیں۔

۲- **کتاب الاحکام:** اس کے بھی دو حصے ہیں۔ پہلے حصے میں جملہ احکام فقہی جمع کئے گئے ہیں اور دوسرا حصہ جس کا نام کتاب الاخلاق ہے۔ آیات متعلقہ اخلاق پر مشتمل ہے۔

۳- **کتاب الرسالتہ:** اس میں یہ بیان ہے کہ قرآن مجید کب اور کس طرح نازل ہوا اور اس پر کافروں کے کیا کیا شبہات و اعتراضات تھے اور اللہ تعالیٰ کی طرف سے ان اعتراضات کے کیا کیا جواب دیئے گئے۔

۴- **کتاب المعاد:** یعنی قیامت کو جو واقعات پیش آنے والے ہیں۔ ان کا مفصل بیان موت کے وقت سے بہشت یا دوزخ میں داخل

ہونے تک۔

اس کتاب میں ہر موضوع کس طریق سے بیان کیا گیا ہے۔ تھوڑی سی اس کی تفصیل بھی ضروری ہے۔

سب سے اول ہر موضوع بطور عنوان اوپر لکھا گیا ہے۔ پھر اس کے تحت میں متعدد ضمنی سُرخیاں یا عنوان حاشیہ میں قائم کئے گئے ہیں۔ پھر ضمنی عنوان کے بعد حوالہ اس طرح دیا گیا ہے کہ ایک خط عرضی ڈال کر اس کے نیچے سورت کا نمبر دیا ہے اور اوپر آیت کا مثلاً 20/7۔ اس سے یہ مطلب ہے کہ ساتویں سورت کی بیسویں آیت۔

میں نے اس کتاب میں صرف حوالہ کے بیان پر اکتفا نہیں کیا۔ بلکہ حوالہ دے کر سب آیات محولہ بھی ہر حوالہ کے ساتھ تحریر کر دی ہیں۔ میں نے اس مطلب کے لئے سیپارہ اور رکوع کا حوالہ دینا پسند نہیں کیا۔ جیسا کہ ایسے حوالے دینے میں عام دستور ہے۔

افسوس ہے اس طرح کے قرآن مجید نسبتاً کمیاب ہیں۔ کیونکہ عام طور پر قرآن مجید ایسے نہیں چھاپے جاتے۔ جن میں آیات پر ہند سے لگے ہوں۔ پھر بھی تھوڑا بہت رواج اس کا ہو رہا ہے اور ذرا سی کوشش سے ایسے قرآن مجید نہایت ارزاں ہدیے پر بآسانی مل سکتے ہیں۔ مجھے رکوعوں کا حوالہ اس لئے پسند نہیں کہ ایک آیت کی تلاش میں رکوع کی تمام آیات پڑھنی پڑتی ہیں لیکن سورت و آیات کے نمبر کا حوالہ دینے سے وہ آیت براہ راست فوراً مل جاتی ہے۔

شاید قرآن مجید کے مختلف چھاپوں کے نسخوں میں شمار آیات میں کہیں کچھ اختلاف ہو۔ مگر اس اختلاف کی وجہ سے شمار آیات میں ایک یا دو سے زیادہ کا فرق کبھی نہیں پڑتا۔ جو صاحب اس کتاب کے حوالہ کے بموجب کوئی آیت تلاش کریں اور اتفاقاً وہ نہ ملے تو حوالہ مندرجہ سے پہلے اور پیچھے کی دو دو تین تین آیتیں پڑھیں۔ تو یقیناً آیت مطلوبہ بآسانی مل جائے گی۔

اس کتاب میں درحقیقت آیات مضمون وار مرتب کرنا اس قدر مشکل کام نہیں تھا۔ جس قدر ان موضوعوں کے عنوان قائم کرنا۔ جن کی زمانہ حال میں ضرورت ہے اور جن کے متعلق صراحتاً نہیں تو اشارتاً یا دلالتاً قرآن مجید میں کچھ نہ کچھ کہا گیا ہے جیسا کہ قبل ازیں بیان کیا گیا۔ مجھ سے جہاں تک ہوسکا ہے۔ میں نے ایسے مضامین کے نکالنے اور ان کے عنوان قائم کرنے میں بہت کوشش کی ہے۔ مثلاً اولوالعزمی، ثابت قدمی، پابندیٔ اوقات، حفظ صحت، قوت وغیرہ۔ مگر یہ ایسا کام ہے جس پر ایک سے زیادہ کام کرنے والوں کی کوشش کی ضرورت ہے۔ اس لئے میں اس اپنی حقیر خدمت کو کوئی کام نہیں بلکہ کام کی صرف داغ بیل ڈالنے کا درجہ دیتا ہوں۔ آگے سڑکیں نکالنا اور انہیں پختہ بنانا مجھ سے زیادہ قابل اصحاب کا کام ہے۔

فہرست مضامین جو ہر جلد کے ساتھ جُدا جُدا لگی ہے۔ وہ بہت مفصل ہے اور اس خیال سے کہ کسی موضوع کی تلاش میں مطلوبہ موضوع کا خدا جانے کونسا پہلو تلاش کرنے والے کے ذہن میں آئے۔ فہرست میں ہر موضوع کے متعدد پہلوؤں کو درج کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔ مثلاً نماز سفر میں قصر کا حکم تلاش کرنا ہو۔ تو وہ سفر کے عنوان کے تحت میں بھی ملے گا۔ قصر کے بھی اور نماز کے بھی۔ افسوس جس استقصاء و استیعاب سے میں یہ کام انجام دینا چاہتا تھا۔ ویسا نہ ہوسکا۔ مگر اللہ کا شکر کس زبان سے ادا کروں کہ اس نے اپنے فضل و کرم سے مجھے اتنا کام کرنے کی توفیق بخشی۔ اگر توفیق الٰہی شامل حال رہی تو باقی حصے بھی جن کا مسودہ تقریباً تیار ہے جلد شائع ہونگے۔ مجھے بخوبی معلوم ہے کہ اس کام میں بہت

سے سقم رہ گئے ہیں۔ اصولی بھی اور فروعی بھی۔ کوئی شخص مجھ سے زیادہ ان نقصوں سے آگاہ نہیں لیکن اگر یہ نسخے جلد نکل گئے تو دوسری بار چھاپنے کے وقت انشاء اللہ تعالیٰ بہت سی اصلاحیں ہوسکیں گی اور احباب اور بزرگان دین مجھے جو بھی مشورہ دیں گے۔ ان پر شکریہ کے ساتھ کاربند ہو کر خاطر خواہ درستی کرسکوں گا۔

دیباچہ کو ختم کرنے سے پہلے مجھے اپنے ان دوستوں کا شکریہ ادا کرنا لازمی ہے۔ جن سے مجھے اس کام میں بیش بہا مدد ملی ہے سب سے مقدم مولوی نجم الدین صاحب سہواردی مرحوم ہیں۔ جن کا ذکر اوپر گذرا۔ افسوس وہ اس تالیف کے شائع ہونے سے پہلے انتقال کر گئے۔

میں اپنے فاضل دوست مولانا حافظ سید طلحہ صاحب حسنی ایم اے۔ پروفیسر اورنٹیل کالج لاہور کا بھی نہایت شکر گزار ہوں کہ وہ بھی اس کام میں دلچسپی لیتے اور وقتاً فوقتاً اپنے مفید مشوروں سے مجھے مدد دیتے رہے۔ چنانچہ اس کتاب کی کتاب الاخلاق میں ''خلقت انسان ازروئے قرآن'' کے ضمن میں جو عنوان ''جذبات انسان'' قائم کیا گیا ہے اور نیز عنوان سیاسیات آپ کے مشورے ہی سے قائم کئے گئے ہیں۔ سب سے آخر میں میرے ذمے اپنے دوست حافظ سلطان احمد صاحب کا شکریہ ہے جنہوں نے اس کتاب کے مسودے کا بہت سا حصّہ کئی بار نقل کیا اور کاپیوں اور پروفوں کی تصحیح بھی انہوں نے ہی کی۔ ان کے حافظ اور مصحح ہونے اور اردو عربی کتابت میں خوش قلم ہونے کی وجہ سے مجھے اس کام میں بہت ہی مدد ملی۔

اب آخر میں دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ میری اس ناچیز خدمت کو قبول فرمائے اور اِسے میرے لئے باقیات صالحات میں سے ٹھیرائے اور ناظرین باتمکین سے التجا ہے کہ وہ ازراہِ مہربانی اس عاصی کے حق میں دعائے خیر فرمائیں۔

غرض نقشے ست کزما یا دماند — کہ ہستی را نمے بینم بقائے
مگر صاحبدلے روزے برحمت — کند درکارِ ایں مسکیں دعائے

خاکسار سید ممتاز علی لاہور

مورخہ یکم رمضان المبارک ۱۳۴۹ھ

ترتیب

کتاب العقائد

وجود باری تعالیٰ پر دنیا کی مختلف چیزوں سے استدلال

دلائل توحید وعدم اشتراک در ذات وصفات حق تعالیٰ

توحید باری عز اسمہ

تنزیہ باری تعالیٰ شانہ

آیات تحمید

اللہ کی بے نیازی

اسماء صفات و اسماء حسنیٰ مثبت علم

علم غیب باری تعالیٰ شانہٗ

حکومت باری تعالیٰ شانہٗ

رحمت و رأفت

صفت احیاء قدرت باری عزاسمہٗ

ملکیت باری عزاسمہٗ

رزاقیت

اجر و ثواب

انعام اور نعمتیں

مشیت باری تعالیٰ شانہٗ

برکت جلال وعلوِ شان

سطوت وجبروت

ہر چیز کا اللہ کے مطیع ہونا

احاطہ

خیر وشر اللہ کی طرف سے

اللہ کا بندوں کو سمجھانا

آزمائش

اللہ تعالیٰ آسمان میں عرش پر

اعضائے انسانی کی نسبت اللہ کی طرف

تقدیر (جبر و اختیار)

کتاب الاحکام

تزکیۂ نفس

مایتعلق بالجبر و القدر و اختیار العباد فی افعالھم

اسلام

دعوت اسلام، تبلیغ

اللہ اور رسول کی اطاعت کا حکم

تقویٰ

دین کو جھٹلانا

شرک

کفر

موالاتِ با کفار

ارتداد

عبادت

کتاب العبادات الصلوٰۃ نماز

انبیائے سابقین کو نماز پڑھنے کا حکم

تمام نبی نماز پڑھا کرتے تھے

نماز اسلام

نماز جنازہ

استعاذہ

استغفار

ذکر

توبہ

رجوع الی اللہ

اعمال موجب مغفرت وفلاح آخرت

زکوٰۃ

صدقات

روزہ

لیلتہ القدر

حج

کعبہ

احکام المساجد

ہجرت

جہاد

نکاح

طلاق

رجعت

ایلاء

لعان

ظہار

رضاع

معاشرت النساء

پردہ

وصیت

میراث

قرض و رہن

سود

کتمان حق

شہادت

قصاص و دیت

الکبائر گناہ کبیرہ

(الف، قتل)

(ب۔زنا)

حدود، حدِّ زنا

لوٹ، مار، ڈکیتی

چوری کی سزا

حدقذف

ماپ تول میں کمی

شراب خوری وقمار بازی

دوسرے گناہ

امانت

خیانت

ظلم

فساد

امر بالمعروف والنہی عن المنکر

کتاب الرسالت

نزول قرآن

مقاصد نزولِ قرآن

اوصافِ قرآن

قرآن مجید کے منجانب اللہ ہونے کے دلائل

مواعظ القرآن، مناظرات

زہد کی ترغیب

متفرق نصائح

خلقت و فطرات انسانی از روئے قرآن

قرآن کے متعلق کافروں کے اقوال

آدب تلاوت قرآن

تورات

انجیل

صفات رُسل

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی رسالت کے دلائل

قرآن میں پیشین گوئیاں

آپ کی رسالت پر کافروں کے اعتراضات اور ان کے جواب

آپؐ کے وہ اوصاف جو دوسرے انبیاء کے ساتھ مشترک ہیں

آپؐ کے مخصوص اوصاف

رسولؐ اور آپؐ کے اصحاب کے ساتھ کفار کی بدسلوکیاں

تکلیف شرعی سے آزادی نہ آپؐ کو اور نہ آپؐ کے عزیز و اقارب کو

ازواج مطہرات

اصحابؓ

کتاب المعاد

دارِ آخرت

کتابت اعمال

اعمال ضائع نہیں جاتے

جزائے اعمال

موت

موت کے بعد

حشر

قیامت

قیامت کی نشانیاں

نفخ صور

کائنات میں تبدیلیاں

اجرام سماوی میں انقلاب

نفخ صور دوبارہ

حساب

میزان

شفاعت

حساب کے بعد فیصلہ

دوزخ

دوزخ میں کون جائیں گے؟

دوزخیوں کی گفتگو اللہ تعالیٰ سے اور معبودان باطل کی اپنے پرستاروں سے

قیامت میں نیکی کا بدلہ

الاعراف

جنت

جنت میں کون لوگ داخل ہوں گے

جنت میں لذایذ روحانی

دیدار الٰہی سب سے بڑی نعمت

شرف حضوری

كِتابُ العَقائِد

وجودِ باری تعالیٰ پر دنیا کی مختلف چیزوں سے استدلال

۱۔ استدلال آسمان وزمین کی پیدائش اور ان کی اندرونی چیزوں سے

۱۔وہ (اللہ) وہ ہے جس نے تمہارے لئے وہ سب کچھ پیدا کیا جو زمین میں ہے۔ پھر آسمان کی طرف قصد کیا تو ان کو سات آسمان بنا دیا۔

۔البقرۃ ۲:۲۹۔

۲۔(وہ) آسمان اور زمین کا پیدا کرنے والا ہے۔

۔البقرۃ ۲:۱۱۷۔

۳۔بے شک آسمانوں اور زمین کی پیدائش اور رات دن کے ادل بدل میں اور کشتیوں میں جو سمندر میں لوگوں کے نفع کے لئے چلتی ہیں اور اس میں کہ اللہ نے آسمان سے پانی اتارا پھر اس سے زمین کو اس کے مرے پیچھے زندہ کیا اور آسمان اور زمین کے درمیان ہر قسم کے جانوروں کو پھیلا دیا اور ہواؤں کے ادھر سے ادھر پھرانے میں اور بادل میں جو آسمان اور زمین کے درمیان مسخر ہے ان لوگوں کے لئے جو سمجھ رکھتے ہیں (قدرت کی) نشانیاں ہیں۔

۔البقرۃ ۲:۱۶۴۔العمران ۳:۱۹۰۔العمران ۳:۱۹۱

۴۔بیشک آسمانوں اور زمین کی پیدائش اور رات اور دن کے بدل بدل کر آنے جانے میں عقل والوں کے لئے نشانیاں ہیں۔ جو کھڑے اور بیٹھے اور لیٹے (ہر حال میں) خدا کو یاد کرتے اور آسمانوں اور زمین کی پیدائش میں غور

۱۔ هُوَ الَّذِي خَلَقَ لَكُم مَّا فِي الْأَرْضِ جَمِيعًا ثُمَّ اسْتَوَىٰ إِلَى السَّمَاءِ فَسَوَّاهُنَّ سَبْعَ سَمَاوَاتٍ

۲۔ بَدِيعُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ

۳۔ إِنَّ فِي خَلْقِ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَاخْتِلَافِ اللَّيْلِ وَالنَّهَارِ وَالْفُلْكِ الَّتِي تَجْرِي فِي الْبَحْرِ بِمَا يَنفَعُ النَّاسَ وَمَا أَنزَلَ اللَّهُ مِنَ السَّمَاءِ مِن مَّاءٍ فَأَحْيَا بِهِ الْأَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا وَبَثَّ فِيهَا مِن كُلِّ دَابَّةٍ وَتَصْرِيفِ الرِّيَاحِ وَالسَّحَابِ الْمُسَخَّرِ بَيْنَ السَّمَاءِ وَالْأَرْضِ لَآيَاتٍ لِّقَوْمٍ يَعْقِلُونَ ۝

۴۔ إِنَّ فِي خَلْقِ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَاخْتِلَافِ اللَّيْلِ وَالنَّهَارِ لَآيَاتٍ لِّأُولِي الْأَلْبَابِ ۝ الَّذِينَ يَذْكُرُونَ اللَّهَ قِيَامًا وَقُعُودًا وَعَلَىٰ جُنُوبِهِمْ وَيَتَفَكَّرُونَ فِي خَلْقِ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ رَبَّنَا مَا خَلَقْتَ هَٰذَا بَاطِلًا سُبْحَانَكَ فَقِنَا عَذَابَ النَّارِ ۝

۵۔ وَهُوَ الَّذِي خَلَقَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ بِالْحَقِّ وَيَوْمَ يَقُولُ كُن فَيَكُونُ

۶۔ أَوَلَمْ يَنظُرُوا فِي مَلَكُوتِ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَمَا خَلَقَ اللَّهُ مِن شَيْءٍ وَأَنْ عَسَىٰ أَن يَكُونَ قَدِ اقْتَرَبَ أَجَلُهُمْ فَبِأَيِّ حَدِيثٍ بَعْدَهُ يُؤْمِنُونَ ۝

کرتے (اور کہتے) ہیں کہ اے پروردگار تو نے اس (مخلوق) کو بے فائدہ نہیں پیدا کیا۔ تو پاک ہے تو (قیامت کے دن) ہمیں دوزخ کے عذاب سے بچائیو۔

۔آل عمران ۳:۱۹۰ ۔ ۱۹۱۔

۵۔اور وہ (اللہ) وہ ہے جس نے آسمانوں اور زمین کو حق کے ساتھ پیدا کیا۔ اور جس دن وہ کہتا ہے کہ ہو جا تو ہو جاتا ہے۔

۔الانعام ۶:۷۳۔

۶۔کیا انہوں نے آسمانوں اور زمین کی بادشاہت پر اور جو چیز اللہ نے پیدا کی ہے اس پر اور نیز اس بات پر کہ ان کی میعاد قریب ہی آ گئی ہو، نظر نہیں ڈالی؟ تو اس کے بعد وہ اور کونسی بات پر ایمان لائیں گے۔

۔الاعراف ۷:۱۸۵۔

۷۔ وَهُوَ الَّذِيْٓ اَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً ۚ فَاَخْرَجْنَا بِهٖ نَبَاتَ كُلِّ شَيْءٍ فَاَخْرَجْنَا مِنْهُ خَضِرًا نُّخْرِجُ مِنْهُ حَبًّا مُّتَرَاكِبًا ۚ وَمِنَ النَّخْلِ مِنْ طَلْعِهَا قِنْوَانٌ دَانِيَةٌ وَّجَنّٰتٍ مِّنْ اَعْنَابٍ وَّالزَّيْتُوْنَ وَالرُّمَّانَ مُشْتَبِهًا وَّغَيْرَ مُتَشَابِهٍ ۗ اُنْظُرُوْٓا اِلٰى ثَمَرِهٖٓ اِذَآ اَثْمَرَ وَيَنْعِهٖ ۗ اِنَّ فِيْ ذٰلِكُمْ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ۝

۸۔ قَالَتْ رُسُلُهُمْ اَفِي اللّٰهِ شَكٌّ فَاطِرِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ

۹۔ اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ بِالْحَقِّ ۭ

۱۰۔ اَللّٰهُ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ

۱۱۔ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ بِالْحَقِّ ۭ تَعٰلٰى عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ۝

۱۲۔ اَوَلَمْ يَتَفَكَّرُوْا فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ ۣ مَا خَلَقَ اللّٰهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَآ اِلَّا بِالْحَقِّ وَاَجَلٍ مُّسَمًّى ۭ وَاِنَّ كَثِيْرًا مِّنَ النَّاسِ بِلِقَاۗئِ رَبِّهِمْ لَكٰفِرُوْنَ ۝

۱۳۔ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ بِالْحَقِّ ۭ

۱۴۔ وَخَلَقَ اللّٰهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ بِالْحَقِّ وَلِتُجْزٰى كُلُّ نَفْسٍۢ بِمَا كَسَبَتْ وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ ۝

۱۵۔ مَا خَلَقْنَا السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَآ اِلَّا بِالْحَقِّ وَاَجَلٍ مُّسَمًّى ۭ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا عَمَّآ اُنْذِرُوْا مُعْرِضُوْنَ ۝

۷۔ اور وہ (اللہ) وہ ہے جس نے آسمان سے پانی اتارا پھر ہم نے اس کے ذریعے ہر قسم کی روئیدگی (زمین سے) نکالی پھر ہم نے اس سے (لہلہاتا) سبزہ نکالا۔ اس (سبزے) سے ہم تہ بر تہ چڑھے ہوئے دانے نکالتے ہیں اور کھجور میں سے اس کے گابھے سے (زمین کی طرف) جھکے ہوئے خوشے اور انگوروں کے باغ اور زیتون اور انار باہم ملتے جلتے اور مختلف۔ جب (اس پر) پھل آئے تو تم اس کے پھل اور اس کے پکنے کی طرف دیکھو۔ بے شک اس میں ان لوگوں کے لیے جو ایمان لاتے ہیں (قدرت کی) نشانیاں ہیں۔

۔الانعام ۶: ۹۹۔

۸۔ ان کے رسولوں نے کہا کیا (تمہیں) آسمانوں اور زمین کے پیدا کرنے والے اللہ (کے ہونے) میں شک ہے۔

۔ ابراہیم ۱۴: ۱۰۔

۲۔ زمین وآسمان مصلحت سے پیدا کئے

۹۔ (اے نبی ﷺ) کیا تو نے اس پر نظر نہیں کی کہ اللہ نے آسمانوں اور زمین کو حق کے ساتھ پیدا کیا۔

۔ ابراہیم ۱۴: ۱۹۔

۱۰۔ اللہ وہ ذات ہے جس نے آسمانوں اور زمین کو پیدا کیا۔

۔ابراہیم ۱۴: ۳۲۔

۱۱۔ اس نے آسمان اور زمین کو حق کے ساتھ پیدا کیا۔ تو اللہ تعالیٰ بہت بلند ہے اس شرک سے جو وہ کرتے ہیں۔

۔ النحل ۱۶: ۳۔

۱۲۔ کیا انہوں نے اپنے دل میں اس بات پر غور نہیں کیا کہ اللہ تعالیٰ نے آسمانوں اور زمین کو کسی حکمت سے اور ایک مقررہ میعاد کے لیے پیدا کیا ہے اور بے شک اکثر آدمی اپنے پروردگار سے ملنے کا انکار کرتے ہیں۔

۔الروم ۳۰: ۸۔

۱۳۔ اس نے آسمانوں اور زمین کو حق کے ساتھ پیدا کیا۔

۔ النحل ۱۶: ۳۔

۱۴۔ اور اللہ نے آسمانوں اور زمین کو حق کے ساتھ پیدا کیا اور اس لیے پیدا کیا کہ ہر شخص کو اس کے کئے کا بدلہ دیا جائے اور ان پر ظلم نہیں کیا جائے گا۔

۔الجاثیة ۴۵: ۲۲۔

۱۵۔ ہم نے تو آسمانوں اور زمین اور ان کے اندر کی چیزوں کو کسی حکمت سے ایک مقررہ میعاد کے لیے پیدا کیا ہے۔ اور جو منکر ہیں وہ ان باتوں سے جن سے انہیں ڈرایا جاتا ہے، منہ پھیر لیتے ہیں۔

۔ الاحقاف ۴۶: ۳۔

۱۶۔ بے شک آسمانوں اور زمین میں ایمان والوں کے لیے قدرت کی نشانیاں ہیں۔

۔ الجاثیة ۴۵: ۳۔

۱۷۔ اور زمین میں یقین کرنے والوں کے لیے (قدرت کی) نشانیاں ہیں۔

۔ الذّٰریٰت ۵۱: ۲۰۔

۱۸۔ اور آسمان کو ہم نے (اپنے) ہاتھوں سے بنایا اور بے شک ہم سمائی والے ہیں اور ہم ہی نے زمین کو بچھایا۔ تو ہم کیا اچھا بچھانے والے ہیں

۔ الذّٰریٰت ۵۱: ۴۷، ۴۸۔

۳۔ سات آسمانوں کی طرح زمینیں

۱۹۔ اللہ وہ ہے جس نے سات آسمان پیدا کئے اور ان ہی کی طرح زمین پیدا کی ان کے درمیان (ہمارا) حکم اترتا ہے۔

۔ الطلاق ۶۵: ۱۲۔

۴۔ آسمان و زمین اور دنیا کو چھ روز میں پیدا کرنے سے استدلال

۲۰۔ بے شک تمہارا پروردگار اللہ ہے جس نے آسمانوں اور زمین کو چھ دن میں پیدا کیا پھر عرش پر قرار پکڑا۔ وہ رات کو دن کا پردہ پوش بناتا ہے، رات اس کو تیزی سے ڈھونڈتی ہے۔

۔ الاعراف ۷: ۵۴۔

۲۱۔ بے شک تمہارا پروردگار اللہ ہے جس نے آسمان اور زمین کو چھ دن میں پیدا کیا پھر عرش پر قرار پکڑا۔ وہ کام کا انتظام کرتا ہے کوئی (کسی کا) سفارشی نہیں ہے مگر ہاں اس کی اجازت کے بعد۔ یہ اللہ ہے تمہارا پروردگار۔ تو تم اسی

۱۶۔ إِنَّ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ لَآيٰتٍ لِّلْمُؤْمِنِينَ ۝
۱۷۔ وَفِي الْأَرْضِ اٰيٰتٌ لِّلْمُوقِنِينَ ۝
۱۸۔ وَالسَّمَآءَ بَنَيْنٰهَا بِأَيْيدٍ وَّإِنَّا لَمُوسِعُونَ ۝ وَالْأَرْضَ فَرَشْنٰهَا فَنِعْمَ الْمٰهِدُونَ ۝
۱۹۔ اَللّٰهُ الَّذِي خَلَقَ سَبْعَ سَمٰوٰتٍ وَّمِنَ الْأَرْضِ مِثْلَهُنَّ ۚ يَتَنَزَّلُ الْأَمْرُ بَيْنَهُنَّ
۲۰۔ إِنَّ رَبَّكُمُ اللّٰهُ الَّذِي خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضَ فِي سِتَّةِ أَيَّامٍ ثُمَّ اسْتَوٰى عَلَى الْعَرْشِ ۚ يُغْشِي الَّيْلَ النَّهَارَ يَطْلُبُهُ حَثِيثًا
۲۱۔ إِنَّ رَبَّكُمُ اللّٰهُ الَّذِي خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضَ فِي سِتَّةِ أَيَّامٍ ثُمَّ اسْتَوٰى عَلَى الْعَرْشِ يُدَبِّرُ الْأَمْرَ ۚ مَا مِنْ شَفِيعٍ إِلَّا مِنْ بَعْدِ إِذْنِهِ ۚ ذٰلِكُمُ اللّٰهُ رَبُّكُمْ فَاعْبُدُوهُ ۚ أَفَلَا تَذَكَّرُونَ ۝
۲۲۔ وَهُوَ الَّذِي خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضَ فِي سِتَّةِ أَيَّامٍ وَّكَانَ عَرْشُهُ عَلَى الْمَآءِ لِيَبْلُوَكُمْ أَيُّكُمْ أَحْسَنُ عَمَلًا ۚ
۲۳۔ الَّذِي خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَا فِي سِتَّةِ أَيَّامٍ ثُمَّ اسْتَوٰى عَلَى الْعَرْشِ ۚ الرَّحْمٰنُ فَسْئَلْ بِهِ خَبِيرًا ۝
۲۴۔ اَللّٰهُ الَّذِي خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَا فِي سِتَّةِ أَيَّامٍ ثُمَّ اسْتَوٰى

کو پوجو۔ کیا تم سوچتے نہیں؟

۔ یونس ۱۰: ۳۔

۲۲۔ اور وہ وہ ہے جس نے آسمانوں اور زمین کو چھ دن میں پیدا کیا۔ اور (اس وقت) اس کا تخت پانی پر تھا تاکہ وہ تمہیں آزمائے کہ تم میں کون سب سے اچھے عمل کرنے والا ہے۔

۔ ھود ۱۱: ۷۔

۲۳۔ وہ جس نے آسمانوں اور زمین اور ان کے اندر کی چیزوں کو چھ دن میں پیدا کیا۔ پھر عرش پر قرار پکڑا وہ رحمٰن ہے۔ تو اس کو تو کسی خبردار سے پوچھ۔

۔ الفرقان ۲۵: ۵۹۔

۲۴۔ اللہ وہ ہے جس نے آسمانوں اور زمین اور ان کے اندر کی چیزوں کو چھ دن میں پیدا کیا۔ پھر عرش پر قرار پکڑا۔ اس کے سوا نہ تمہارا کوئی

دوست ہے اور نہ کوئی سفارش کرنے والا۔ تو کیا تم نصیحت نہیں پکڑتے؟

۔ السجدۃ ۳۲:۴۔

۵۔ زمین دو دن میں

۲۵۔ (اے نبی ﷺ) کہہ کہ کیا تم اس کا انکار کرتے ہو جس نے زمین کو دو دن میں پیدا کیا۔ اور تم اس کے لیے شریک ٹھہراتے ہو۔ یہ جہانوں کا پروردگار ہے۔

۔ حٰمٓ السجدۃ۔ ۴۱:۹۔

۶۔ پہاڑ وغیرہ چار دن میں

۲۶۔ اور اس نے اس زمین میں اس کے اوپر پہاڑ کھڑے کیے۔ اور اس میں برکت رکھی اور اس میں اس کی پیداوار مقرر کی۔ (کل) چار دن میں۔ پوچھنے والوں کے لیے پورا جواب ہے۔

۔ حٰمٓ السجدۃ۔ ۴۱:۱۰۔

۷۔ سات آسمان دو دن میں

۲۷۔ پھر اس نے آسمان کی طرف قصد کیا اور وہ ایک دھواں سا تھا پھر اس سے اور زمین سے فرمایا کہ تم دونوں خوشی سے یا ناخوشی سے حاضر ہو۔ انہوں نے کہا کہ ہم خوشی سے حاضر ہوئے۔ پھر دو دن میں ان کو سات آسمان بنا دیا اور ہر آسمان میں اس کا کام القا کر دیا اور قریب کے آسمان کو ہم نے (ستاروں کے) چراغوں سے سجایا اور (اس کی) حفاظت کی۔ یہ عزت والے جاننے والے کی ٹھہرائی بات ہے۔

۔ حٰمٓ السجدۃ ۴۱:۱۱۔۱۲۔

۲۸۔ اور بے شک ہم نے آسمانوں اور زمین اور ان کے اندر کی چیزوں کو چھ دن میں پیدا کیا اور تھکن نے ہمیں چھوا تک بھی نہیں۔

۔ قٓ۔ ۵۰:۳۸۔

عَلَى الْعَرْشِ ۖ مَا لَكُمْ مِّنْ دُوْنِهٖ مِنْ وَّلِيٍّ وَّلَا شَفِيْعٍ ۚ اَفَلَا تَتَذَكَّرُوْنَ۝

۲۵۔ قُلْ اَئِنَّكُمْ لَتَكْفُرُوْنَ بِالَّذِيْ خَلَقَ الْاَرْضَ فِيْ يَوْمَيْنِ وَتَجْعَلُوْنَ لَهٗٓ اَنْدَادًا ۚ ذٰلِكَ رَبُّ الْعٰلَمِيْنَ۝

۲۶۔ وَجَعَلَ فِيْهَا رَوَاسِيَ مِنْ فَوْقِهَا وَبٰرَكَ فِيْهَا وَقَدَّرَ فِيْهَآ اَقْوَاتَهَا فِيْٓ اَرْبَعَةِ اَيَّامٍ ۭ سَوَاۗءً لِّلسَّاۗىِٕلِيْنَ۝

۲۷۔ ثُمَّ اسْتَوٰٓى اِلَى السَّمَاۗءِ وَهِيَ دُخَانٌ فَقَالَ لَهَا وَلِلْاَرْضِ ائْتِيَا طَوْعًا اَوْ كَرْهًا ۭ قَالَتَآ اَتَيْنَا طَاۗىِٕعِيْنَ۝ فَقَضٰىهُنَّ سَبْعَ سَمٰوَاتٍ فِيْ يَوْمَيْنِ وَاَوْحٰى فِيْ كُلِّ سَمَاۗءٍ اَمْرَهَا ۭ وَزَيَّنَّا السَّمَاۗءَ الدُّنْيَا بِمَصَابِيْحَ ڰ وَحِفْظًا ۭ ذٰلِكَ تَقْدِيْرُ الْعَزِيْزِ الْعَلِيْمِ۝

۱۵۶۔اور ایک نشانی ان کے لیے یہ ہے کہ ہم نے ان کی نسل کو (نوح علیہ السلام کی) بھری ہوئی کشتی میں سوار کیا۔ اور ان کے لیے ہم نے اسی کی مانند اور سواریاں پیدا کیں جن پر وہ سوار ہوتے ہیں۔

-یٰسٓ-۳۶:۴۱-۴۲-

۱۵۷۔اور اس کی (قدرت کی) نشانیوں میں سے سمندر میں (چلنے والی) پہاڑوں کی مانند کشتیاں ہیں اگر وہ چاہے تو ہوا کو بند کر دے تو وہ اپنی پیٹھ پر کھڑی (کی کھڑی) رہ جائیں۔ بے شک اس میں ہر ایک صابر شکر گزار کے لیے (اس کی قدرت کی) نشانیاں ہیں یا وہ (اگر چاہے) تو ان کشتیوں کو ان بداعمالیوں کی سزا میں جو انہوں نے کی ہیں، تباہ کر دے اور بہتوں کو معاف کرے۔

-الشوریٰ-۴۲:۳۲-۳۴-

۱۵۸۔اور اسی کے لیے چلنے والی کشتیاں ہیں جو سمندر

كَانَ بِكُمْ رَحِيمًا ﴿٦٦﴾ وَإِذَا مَسَّكُمُ الضُّرُّ فِي الْبَحْرِ ضَلَّ مَن تَدْعُونَ إِلَّا إِيَّاهُ ۖ فَلَمَّا نَجَّاكُمْ إِلَى الْبَرِّ أَعْرَضْتُمْ ۚ وَكَانَ الْإِنسَانُ كَفُورًا ﴿٦٧﴾

۱۵۴۔وَعَلَيْهَا وَعَلَى الْفُلْكِ تُحْمَلُونَ ﴿٢٢﴾

۱۵۵۔أَلَمْ تَرَ أَنَّ الْفُلْكَ تَجْرِي فِي الْبَحْرِ بِنِعْمَتِ اللَّهِ لِيُرِيَكُم مِّنْ آيَاتِهِ ۚ إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَاتٍ لِّكُلِّ صَبَّارٍ شَكُورٍ ﴿٣١﴾

۱۵۶۔وَآيَةٌ لَّهُمْ أَنَّا حَمَلْنَا ذُرِّيَّتَهُمْ فِي الْفُلْكِ الْمَشْحُونِ ﴿٤١﴾ وَخَلَقْنَا لَهُم مِّن مِّثْلِهِ مَا يَرْكَبُونَ ﴿٤٢﴾

۱۵۷۔وَمِنْ آيَاتِهِ الْجَوَارِ فِي الْبَحْرِ كَالْأَعْلَامِ ﴿٣٢﴾ إِن يَشَأْ يُسْكِنِ الرِّيحَ فَيَظْلَلْنَ رَوَاكِدَ عَلَىٰ ظَهْرِهِ ۚ إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَاتٍ لِّكُلِّ صَبَّارٍ شَكُورٍ ﴿٣٣﴾ أَوْ يُوبِقْهُنَّ بِمَا كَسَبُوا وَيَعْفُ عَن كَثِيرٍ ﴿٣٤﴾

۱۵۸۔وَلَهُ الْجَوَارِ الْمُنشَآتُ فِي الْبَحْرِ كَالْأَعْلَامِ ﴿٢٤﴾

۱۵۹۔وَهُوَ الَّذِي مَرَجَ الْبَحْرَيْنِ هَٰذَا عَذْبٌ فُرَاتٌ وَهَٰذَا مِلْحٌ أُجَاجٌ وَجَعَلَ بَيْنَهُمَا بَرْزَخًا وَحِجْرًا مَّحْجُورًا ﴿٥٣﴾

۱۶۰۔مَرَجَ الْبَحْرَيْنِ يَلْتَقِيَانِ ﴿١٩﴾ بَيْنَهُمَا بَرْزَخٌ لَّا يَبْغِيَانِ ﴿٢٠﴾

۱۶۱۔يَخْرُجُ مِنْهُمَا اللُّؤْلُؤُ وَالْمَرْجَانُ ﴿٢٢﴾

میں پہاڑوں کی طرح کھڑی ہوئی ہوتی ہیں۔

-الرحمٰن ۵۵:۲۴-

۳۱۔ دو دریاؤں کے باہم چلنے اور ایک دوسرے کا پانی نہ ملنے سے استدلال

۱۵۹۔اور وہ (اللہ) وہ ہے جس نے دو سمندر باہم ملائے یہ ایک میٹھا ہے، پیاس بجھانے والا۔ اور یہ دوسرا کھاری ہے، کڑوا اور ان دونوں کے درمیان ایک آڑ اور مضبوط روک پیدا کر دی ہے۔

-الفرقان ۲۵:۵۳-

۱۶۰۔اس نے دو دریاؤں کو ملایا اور ایک دوسرے سے ملے ہوئے چلتے ہیں ان کے درمیان ایک آڑ ہے کہ ایک دوسرے پر زیادتی نہیں کرتے۔

-الرحمٰن ۵۵:۱۹-۲۰-

۳۲۔ دریا سے موتی اور مونگا نکالنے سے استدلال

۱۶۱۔ان دونوں سے موتی اور مونگے نکلتے ہیں۔

-الرحمٰن ۵۵:۲۲-

۳۳۔ شہابِ ثاقب سے استدلال

۱۶۲۔(اے جنو اور آدمیو!) اگر تم آسمان کی طرف چڑھنا چاہو تو تم پر آگ کے شعلے اور دھواں چھوڑا جائے اور تم بدلہ نہ لے سکو۔

-الرحمٰن-۵۵:۳۵-

۳۴۔ پہاڑوں سے استدلال

۱۶۳۔اور (اللہ نے) پہاڑوں کو میخ بنایا۔

-النباء۷۸:۷-

۱۶۴۔اور (کیا وہ) پہاڑوں کی طرف (نہیں دیکھتے؟) کہ وہ کیسے گاڑے گئے ہیں۔

-الغاشیۃ۸۸:۱۹-

۳۵۔ آگ کے درخت سے استدلال

۱۶۵۔بھلا تم نے اس آگ کو بھی دیکھا جو تم جلاتے ہو۔ تم نے اس کا درخت پیدا کیا ہے یا ہم (اس کے) پیدا کرنے والے ہیں۔ ہم نے ان کو مسافروں کے لیے نصیحت اور فائدہ بنایا ہے۔

-الواقعۃ ۵۶:۷۱-۷۳-

۳۶۔ زمین میں جان داروں کے پھیلانے سے استدلال

۱۶۶۔بے شک آسمانوں اور زمین کی پیدائش اور رات دن کے ادل بدل میں اور کشتیوں میں جو سمندر میں لوگوں کے نفع کے لیے چلتی ہیں اور اس میں کہ اللہ نے آسمان سے پانی اتارا پھر اس سے زمین کو اس کے مرے پیچھے زندہ کیا اور آسمان اور زمین کے درمیان ہر قسم کے جانوروں کو پھیلا دیا اور ہواؤں کے ادھر سے ادھر پھرانے میں اور بادل میں جو آسمان اور زمین کے درمیان مسخر ہے، ان لوگوں کے لیے جو سمجھ رکھتے ہیں (قدرت کی) نشانیاں ہیں۔

-البقرۃ۲:۱۶۴-

۱۶۷۔اور تمہاری پیدائش میں اور جو جان دار وہ (زمین میں) پھیلاتا ہے ان میں، ان لوگوں کے لیے جو یقین

۱۶۲۔يُرْسَلُ عَلَيْكُمَا شُوَاظٌ مِّن نَّارٍ ۙ وَّنُحَاسٌ فَلَا تَنتَصِرَانِ ﴿۳۵﴾

۱۶۳۔وَّالْجِبَالَ أَوْتَادًا ﴿۷﴾

۱۶۴۔وَإِلَى الْجِبَالِ كَيْفَ نُصِبَتْ ﴿۱۹﴾

۱۶۵۔أَفَرَأَيْتُمُ النَّارَ الَّتِي تُورُونَ ﴿۷۱﴾ أَأَنتُمْ أَنشَأْتُمْ شَجَرَتَهَا أَمْ نَحْنُ الْمُنشِئُونَ ﴿۷۲﴾ نَحْنُ جَعَلْنَاهَا تَذْكِرَةً وَمَتَاعًا لِّلْمُقْوِينَ ﴿۷۳﴾

۱۶۶۔إِنَّ فِي خَلْقِ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَاخْتِلَافِ اللَّيْلِ وَالنَّهَارِ وَالْفُلْكِ الَّتِي تَجْرِي فِي الْبَحْرِ بِمَا يَنفَعُ النَّاسَ وَمَا أَنزَلَ اللَّهُ مِنَ السَّمَاءِ مِن مَّاءٍ فَأَحْيَا بِهِ الْأَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا وَبَثَّ فِيهَا مِن كُلِّ دَابَّةٍ وَتَصْرِيفِ الرِّيَاحِ وَالسَّحَابِ الْمُسَخَّرِ بَيْنَ السَّمَاءِ وَالْأَرْضِ لَآيَاتٍ لِّقَوْمٍ يَعْقِلُونَ ﴿۱۶۴﴾

۱۶۷۔وَفِي خَلْقِكُمْ وَمَا يَبُثُّ مِن دَابَّةٍ آيَاتٌ لِّقَوْمٍ يُوقِنُونَ ﴿۴﴾

۱۶۸۔وَالْأَنْعَامَ خَلَقَهَا ۗ لَكُمْ فِيهَا دِفْءٌ وَمَنَافِعُ وَمِنْهَا تَأْكُلُونَ ﴿۵﴾ وَلَكُمْ فِيهَا جَمَالٌ حِينَ تُرِيحُونَ وَحِينَ تَسْرَحُونَ ﴿۶﴾ وَتَحْمِلُ أَثْقَالَكُمْ إِلَىٰ بَلَدٍ لَّمْ تَكُونُوا بَالِغِيهِ إِلَّا بِشِقِّ الْأَنفُسِ ۚ إِنَّ رَبَّكُمْ لَرَءُوفٌ رَّحِيمٌ ﴿۷﴾ وَالْخَيْلَ وَالْبِغَالَ وَالْحَمِيرَ لِتَرْكَبُوهَا وَزِينَةً ۚ وَيَخْلُقُ مَا لَا تَعْلَمُونَ ﴿۸﴾

لاتے ہیں، (اس کی قدرت کی) نشانیاں ہیں۔

-الجاثیۃ-۴۵:۴-

۳۷۔ قسم قسم کے جانوروں اور پرندوں اور ان کے فوائد وغیرہ سے استدلال

۱۶۸۔اور چوپاؤں کو تمہارے لیے پیدا کیا۔ ان (کی کھالوں اور بالوں) میں گرمی ہے اور بہت سے نفع اور ان میں سے بعض کو تم کھاتے ہو۔ اور ان میں تمہارے لیے جمال ہے جب تم شام کو چرا کر لاتے ہو اور جب صبح کو چرانے لے جاتے ہو۔ اور ان شہروں تک تمہارے بوجھ اٹھا کر لے جاتے ہیں جن تک تم بغیر ادھ مرا ہوئے نہیں پہنچ سکتے تھے۔ بے شک تمہارا پروردگار شفیق، مہربان ہے۔ اور (ہم نے) گھوڑے اور خچر اور گدھے پیدا کیے تا کہ تم ان پر سواری کرو اور وہ تمہارے لیے زینت ہوں اور وہ، وہ چیزیں پیدا کرتا ہے جنہیں تم نہیں جانتے۔

-النحل ۱۶:۵-۸-

۱۶۹۔ وَإِنَّ لَكُمْ فِي الْأَنْعَامِ لَعِبْرَةً ۖ نُسْقِيكُمْ مِمَّا فِي بُطُونِهِ مِنْ بَيْنِ فَرْثٍ وَدَمٍ لَبَنًا خَالِصًا سَائِغًا لِلشَّارِبِينَ ﴿٦٦﴾ وَمِنْ ثَمَرَاتِ النَّخِيلِ وَالْأَعْنَابِ تَتَّخِذُونَ مِنْهُ سَكَرًا وَرِزْقًا حَسَنًا ۗ إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَةً لِقَوْمٍ يَعْقِلُونَ ﴿٦٧﴾ وَأَوْحَىٰ رَبُّكَ إِلَى النَّحْلِ أَنِ اتَّخِذِي مِنَ الْجِبَالِ بُيُوتًا وَمِنَ الشَّجَرِ وَمِمَّا يَعْرِشُونَ ﴿٦٨﴾ ثُمَّ كُلِي مِنْ كُلِّ الثَّمَرَاتِ فَاسْلُكِي سُبُلَ رَبِّكِ ذُلُلًا ۚ يَخْرُجُ مِنْ بُطُونِهَا شَرَابٌ مُخْتَلِفٌ أَلْوَانُهُ فِيهِ شِفَاءٌ لِلنَّاسِ ۗ إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَةً لِقَوْمٍ يَتَفَكَّرُونَ ﴿٦٩﴾

۱۶۹۔ اور بے شک تمہارے لیے چوپایوں میں عبرت پکڑنے کی جگہ ہے ہم تم کو اس چیز میں سے جو ان کے پیٹوں میں بھرا ہے، گوبر اور خون کے درمیان سے خالص دودھ نکال کر پلاتے ہیں جو پینے والوں کے حلق سے آسانی سے اتر جاتا ہے اور کھجوروں کے پھلوں اور انگوروں سے (عبرت حاصل کرو) اور اس سے تم نشہ اور اچھی خوراک حاصل کرتے ہو۔ بے شک اس میں ان لوگوں کے لیے جو عقل سے کام لیتے ہیں (قدرت کی) نشانی ہے۔ اور (اے نبی ﷺ) تیرے پروردگار نے شہد کی مکھی کے دل میں ڈال دیا کہ تو پہاڑوں پر اور درختوں پر اور ان (بیلوں) پر جنہیں لوگ ٹٹیوں پر چڑھاتے ہیں گھر بنا۔ پھر ہر قسم کے پھل کھا اور اپنے پروردگار کی راہوں میں جو آسان ہیں چل۔ ان کے پیٹوں سے مختلف رنگوں کا شربت نکلتا ہے جس میں لوگوں کے لیے شفا ہے۔ بے شک اس میں ان لوگوں کے لیے جو سوچتے ہیں (قدرت کی) نشانی ہے۔

۔النحل ۱۶: ۶۶۔۶۹۔

۱۷۰۔ أَلَمْ يَرَوْا إِلَى الطَّيْرِ مُسَخَّرَاتٍ فِي جَوِّ السَّمَاءِ مَا يُمْسِكُهُنَّ إِلَّا اللَّهُ ۗ إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَاتٍ لِقَوْمٍ يُؤْمِنُونَ ﴿٧٩﴾ وَاللَّهُ جَعَلَ لَكُمْ مِنْ بُيُوتِكُمْ سَكَنًا وَجَعَلَ لَكُمْ مِنْ جُلُودِ الْأَنْعَامِ بُيُوتًا تَسْتَخِفُّونَهَا يَوْمَ ظَعْنِكُمْ وَيَوْمَ إِقَامَتِكُمْ ۙ وَمِنْ أَصْوَافِهَا وَأَوْبَارِهَا وَأَشْعَارِهَا أَثَاثًا وَمَتَاعًا إِلَىٰ حِينٍ ﴿٨٠﴾ وَاللَّهُ جَعَلَ لَكُمْ مِمَّا خَلَقَ ظِلَالًا وَجَعَلَ لَكُمْ مِنَ الْجِبَالِ أَكْنَانًا وَجَعَلَ لَكُمْ سَرَابِيلَ تَقِيكُمُ الْحَرَّ وَسَرَابِيلَ تَقِيكُمْ بَأْسَكُمْ ۚ كَذَٰلِكَ يُتِمُّ نِعْمَتَهُ عَلَيْكُمْ لَعَلَّكُمْ تُسْلِمُونَ ﴿٨١﴾

۱۷۰۔ کیا وہ پرندوں کی طرف نہیں دیکھتے جو آسمان کے آدھ میں مسخر ہیں، انہیں اللہ کے سوا کوئی تھامے ہوئے نہیں ہے۔ بے شک اس میں ان لوگوں کے لیے جو ایمان لاتے ہیں نشانیاں ہیں اور اللہ نے تمہارے گھروں سے رہنے کی جگہ بنائی اور چوپایوں کی کھالوں سے تمہارے لیے گھر بنائے جنہیں تم اپنے سفر کے دن اور اپنے ٹھہرنے کے دن ہلکا پاتے ہو۔ اور ان کی اونوں اور ان کی پشموں اور ان کے بالوں سے ایک مدت تک کے لیے (تمہارے) اسباب اور فائدے کی چیزیں بنائیں اور اللہ نے منجملہ اپنی پیدائش کی ہوئی چیزوں کے تمہارے لیے سائے پیدا کئے اور تمہارے لیے پہاڑوں سے چھپنے کی جگہ بنائی اور تمہارے لیے وہ کُرتے بنائے جو تمہیں گرمی سے بچاتے ہیں اور (نیز) وہ کرتے جو تمہیں تمہاری لڑائی سے بچاتے ہیں۔ یوں وہ تم پر اپنی نعمت پوری کرتا ہے تا کہ تم اطاعت کرو۔

۔النحل ۱۶: ۷۹۔ ۸۱۔

۱۷۱۔ وَإِنَّ لَكُمْ فِي الْأَنْعَامِ لَعِبْرَةً ۖ نُسْقِيكُمْ مِمَّا فِي بُطُونِهَا وَلَكُمْ فِيهَا مَنَافِعُ كَثِيرَةٌ وَمِنْهَا تَأْكُلُونَ ﴿٢١﴾

۱۷۱۔ اور بے شک تمہارے لیے چوپایوں میں عبرت کی جگہ ہے کہ ہم تمہیں اس چیز سے جو ان کے پیٹوں میں ہے (دودھ) پلاتے ہیں اور ان میں تمہارے لیے اور بہت سے نفع ہیں اور ان میں سے بعض کو تم کھاتے ہو۔

۔المؤمنون ۲۳: ۲۱۔

۱۷۲۔اور اللہ نے ہر ایک جان دار کو پانی سے پیدا کیا تو کوئی ان میں وہ ہے جو اپنے پیٹ کے بل چلتا ہے۔اور کوئی ان میں وہ ہے جو دو پاؤں پر چلتا ہے اور کوئی ان میں وہ ہے جو چار (پاؤں) پر چلتا ہے۔ اللہ جو چاہتا ہے پیدا کرتا ہے۔ بے شک اللہ ہر چیز پر قادر ہے۔

-النور ۲۴:۴۵-

۱۷۳۔اور آدمیوں اور جانوروں اور چارپایوں میں سے جن کے رنگ مختلف ہیں اسی طرح (پیدا کئے)۔ بات یہ ہے کہ اللہ سے تو اس کے بندوں میں سے صرف عالم ہی ڈرتے ہیں۔ بے شک اللہ غالب ہے، بخشنے والا۔

-فاطر ۳۵:۲۸-

۱۷۴۔کیا وہ یہ نہیں دیکھتے کہ ہم نے ان کے لیے منجملہ ان چیزوں کے جو ہمارے ہاتھوں نے بنائیں، چوپائے پیدا کئے کہ وہ ان کے مالک بنے ہوئے ہیں اور انہیں ہم نے ان کا مطیع کر دیا کہ بعض ان میں سے ان کی سواری ہیں اور ان میں سے بعض کو وہ کھاتے ہیں اور ان میں ان کے لیے بہت سے نفعے اور پینے کی چیزیں ہیں، تو کیا وہ شکر نہیں کرتے؟

-یٰسٓ ۳۶:۷۱-۷۳-

۱۷۵۔اور (اللہ ہی نے) تمہارے چوپایوں میں سے آٹھ جوڑے اتارے۔

-الزمر ۳۹:۶-

۱۷۶۔اللہ وہ ہے جس نے تمہارے لیے چوپائے پیدا کئے تا کہ تم ان میں سے بعض پر سوار ہو اور ان میں سے بعض کو تم کھاتے ہو اور تمہارے لیے ان میں اور بھی

۱۷۲۔ وَاللّٰهُ خَلَقَ كُلَّ دَآبَّةٍ مِّنْ مَّآءٍ ۚ فَمِنْهُمْ مَّنْ يَّمْشِيْ عَلٰى بَطْنِهٖ ۚ وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّمْشِيْ عَلٰى رِجْلَيْنِ ۚ وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّمْشِيْ عَلٰٓى اَرْبَعٍ ؕ يَخْلُقُ اللّٰهُ مَا يَشَآءُ ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝

۱۷۳۔ وَمِنَ النَّاسِ وَالدَّوَآبِّ وَالْاَنْعَامِ مُخْتَلِفٌ اَلْوَانُهٗ كَذٰلِكَ ؕ اِنَّمَا يَخْشَى اللّٰهَ مِنْ عِبَادِهِ الْعُلَمٰٓؤُا ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ غَفُوْرٌ ۝

۱۷۴۔ اَوَلَمْ يَرَوْا اَنَّا خَلَقْنَا لَهُمْ مِّمَّا عَمِلَتْ اَيْدِيْنَآ اَنْعَامًا فَهُمْ لَهَا مٰلِكُوْنَ ۝ وَذَلَّلْنٰهَا لَهُمْ فَمِنْهَا رَكُوْبُهُمْ وَمِنْهَا يَاْكُلُوْنَ ۝ وَلَهُمْ فِيْهَا مَنَافِعُ وَمَشَارِبُ ؕ اَفَلَا يَشْكُرُوْنَ ۝

۱۷۵۔ وَاَنْزَلَ لَكُمْ مِّنَ الْاَنْعَامِ ثَمٰنِيَةَ اَزْوَاجٍ ؕ

۱۷۶۔ اَللّٰهُ الَّذِيْ جَعَلَ لَكُمُ الْاَنْعَامَ لِتَرْكَبُوْا مِنْهَا وَمِنْهَا تَاْكُلُوْنَ ۝ وَلَكُمْ فِيْهَا مَنَافِعُ وَلِتَبْلُغُوْا عَلَيْهَا حَاجَةً فِيْ صُدُوْرِكُمْ وَعَلَيْهَا وَعَلَى الْفُلْكِ تُحْمَلُوْنَ ۝ وَيُرِيْكُمْ اٰيٰتِهٖ ۖ فَاَيَّ اٰيٰتِ اللّٰهِ تُنْكِرُوْنَ ۝

۱۷۷۔ وَالَّذِيْ خَلَقَ الْاَزْوَاجَ كُلَّهَا وَجَعَلَ لَكُمْ مِّنَ الْفُلْكِ وَالْاَنْعَامِ مَا تَرْكَبُوْنَ ۝ لِتَسْتَوٗا عَلٰى ظُهُوْرِهٖ ثُمَّ تَذْكُرُوْا نِعْمَةَ رَبِّكُمْ اِذَا اسْتَوَيْتُمْ عَلَيْهِ وَتَقُوْلُوْا سُبْحٰنَ الَّذِيْ سَخَّرَ لَنَا هٰذَا وَمَا كُنَّا لَهٗ مُقْرِنِيْنَ ۝ وَاِنَّآ اِلٰى رَبِّنَا لَمُنْقَلِبُوْنَ ۝

نفعے ہیں اور (یہ اس لیے ہے) تا کہ تم ان پر (سوار ہو کر) اپنے دل کی مراد کو پہنچو۔ اور ان پر اور کشتیوں پر تم سوار کئے جاتے ہو۔ اور وہ تمہیں اپنی (قدرت کی) نشانیاں دکھلاتا ہے تو تم اللہ کی کونسی نشانیوں کا انکار کرتے ہو۔

-المؤمن ۴۰:۷۹-۸۱-

۱۷۷۔اور (اللہ وہ ہے) جس نے تمام قسموں کو پیدا کیا اور تمہارے لیے کشتیوں اور چوپایوں سے وہ چیز پیدا کر دی جس پر تم سوار ہوتے ہو تا کہ تم ان کی پیٹھوں پر سوار ہو۔ پھر جب تم ان پر سوار ہو جاؤ، اپنے پروردگار کی نعمت کو یاد کرو اور کہو کہ پاک ہے وہ جس نے اس کو ہمارے بس میں کیا۔ اور ہم اس کو بس میں کرنے والے نہ تھے اور بے شک ہم اپنے پروردگار کی طرف لوٹ کر جانے والے ہیں۔

-الزخرف ۴۳:۱۲-۱۴-

۱۷۸۔کیا انہوں نے اپنے اوپر کی طرف پرندوں کو نہیں دیکھا کہ پر کھولے ہوئے ہیں اور سمیٹ لیتے ہیں۔ انہیں رحمٰن کے سوا کوئی تھامے ہوئے نہیں ہے۔ بے شک وہ ہر شے کا دیکھنے والا ہے۔

۔الملک ۶۷ :۱۹ ۔

۱۷۹۔تو کیا وہ اونٹ کی طرف نہیں دیکھتے کہ کیسا (عجیب اور نافع) پیدا کیا گیا ہے۔

۔الغاشیۃ ۸۸ :۱۷ ۔

۳۸۔ ہر شے کے جوڑا جوڑا پیدا کرنے سے استدلال

۱۸۰۔اور اللہ نے تمہیں مٹی سے پیدا کیا پھر نطفے سے پھر تمہیں نر و مادہ بنایا۔

۔فاطر ۳۵ :۱۱ ۔

۱۸۱۔اور اس نے تمہارے لیے چوپایوں میں سے آٹھ جوڑے اتارے۔

۔الزمر ۳۹ :۶ ۔

۱۸۲۔اور (اللہ وہ ہے) جس نے تمام قسمیں پیدا کیں اور تمہارے لیے کشتیوں اور چوپایوں سے وہ چیز بنائی جس پر تم سوار ہوتے ہو۔

۔الزخرف ۴۳ :۱۲ ۔

۱۸۳۔اور ہم نے ہر چیز سے جوڑا جوڑا پیدا کیا تاکہ تم نصیحت پکڑو۔

۔الذٰریٰت ۵۱ :۴۹ ۔

۱۸۴۔اور ہم نے تمہیں نر و مادہ پیدا کیا۔

۔النبأ ۷۸ :۸ ۔

۳۹۔ انسان کی پیدائش، اس کے خاص کمالات اور اس کی مختلف حالتوں سے استدلال

۱۸۵۔وہ (اللہ) وہ ہے جو رحموں میں جس طرح چاہتا

۱۷۸۔اَوَلَمْ یَرَوْا اِلَی الطَّیْرِ فَوْقَهُمْ صٰٓفّٰتٍ وَّیَقْبِضْنَ ؔ مَا یُمْسِكُهُنَّ اِلَّا الرَّحْمٰنُ ؕ اِنَّهٗ بِكُلِّ شَیْءٍۭ بَصِیْرٌ ۝

۱۷۹۔اَفَلَا یَنْظُرُوْنَ اِلَی الْاِبِلِ كَیْفَ خُلِقَتْ ۝

۱۸۰۔وَاللّٰهُ خَلَقَكُمْ مِّنْ تُرَابٍ ثُمَّ مِنْ نُّطْفَةٍ ثُمَّ جَعَلَكُمْ اَزْوَاجًا ؕ

۱۸۱۔وَاَنْزَلَ لَكُمْ مِّنَ الْاَنْعَامِ ثَمٰنِیَةَ اَزْوَاجٍ ؕ

۱۸۲۔وَالَّذِیْ خَلَقَ الْاَزْوَاجَ كُلَّهَا وَجَعَلَ لَكُمْ مِّنَ الْفُلْكِ وَالْاَنْعَامِ مَا تَرْكَبُوْنَ ۝

۱۸۳۔وَمِنْ كُلِّ شَیْءٍ خَلَقْنَا زَوْجَیْنِ لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُوْنَ ۝

۱۸۴۔وَّخَلَقْنٰكُمْ اَزْوَاجًا ۝

۱۸۵۔هُوَ الَّذِیْ یُصَوِّرُكُمْ فِی الْاَرْحَامِ كَیْفَ یَشَآءُ ؕ

۱۸۶۔یٰٓاَیُّهَا النَّاسُ اتَّقُوْا رَبَّكُمُ الَّذِیْ خَلَقَكُمْ مِّنْ نَّفْسٍ وَّاحِدَةٍ وَّخَلَقَ مِنْهَا زَوْجَهَا وَبَثَّ مِنْهُمَا رِجَالًا كَثِیْرًا وَّنِسَآءً ۚ

۱۸۷۔هُوَ الَّذِیْ خَلَقَكُمْ مِّنْ طِیْنٍ ثُمَّ قَضٰۤی اَجَلًا ؕ وَاَجَلٌ مُّسَمًّی عِنْدَهٗ ثُمَّ اَنْتُمْ تَمْتَرُوْنَ ۝

۱۸۸۔وَهُوَ الَّذِیْۤ اَنْشَاَكُمْ مِّنْ نَّفْسٍ وَّاحِدَةٍ فَمُسْتَقَرٌّ وَّمُسْتَوْدَعٌ ؕ قَدْ

ہے، تمہاری صورتیں بناتا ہے۔

۔آل عمران ۳ :۶ ۔

۱۸۶۔لوگو! اپنے پروردگار سے ڈرو جس نے تمہیں ایک جان سے پیدا کیا اور اسی جان سے اس کا جوڑا پیدا کیا اور ان دونوں سے بہت سے مردوں اور عورتوں کو (زمین) پر پھیلا دیا۔

۔النساء ۴ :۱ ۔

۱۸۷۔وہ (اللہ) وہ ہے جس نے تمہیں (گیلی) مٹی سے پیدا کیا پھر تمہاری میعاد مقرر کی اور ایک میعاد اس کے ہاں مقرر ہے پھر بھی تم (اس میعاد میں) شک کرتے ہو۔

۔الانعام ۶ :۲ ۔

۱۸۸۔اور وہ (اللہ) وہ ہے جس نے تمہیں ایک جان سے پیدا کیا پھر (تمہارے لیے) ایک جگہ ٹھہرنے کی ہے اور ایک جگہ سونپے جانے کی۔ بے شک ہم نے ان لوگوں کے لیے جو سمجھ رکھتے ہیں

(اپنی قدرت کی) نشانیاں تفصیل سے بیان کردیں۔

-الانعام ۶: ۹۸-

۱۸۹۔وہ (اللہ) وہ ہے جس نے تمہیں ایک جان سے پیدا کیا اور اسی سے اس کا جوڑا بنایا تا کہ وہ اس کی طرف آرام پکڑے۔ پھر جب اس مرد نے اس عورت کو ڈھانپ لیا تو وہ ایک ہلکے بوجھ سے بوجھل ہوگئی اور اس کو لے کر چلی پھری۔

-الاعراف ۷: ۱۸۹-

۱۹۰۔اور بے شک ہم نے انسان کو بجتی ہوئی مٹی سے جو سڑے ہوئے گارے سے بنی تھی پیدا کیا اور جو جن ہیں انہیں ہم نے اس سے پہلے لو کی آگ سے پیدا کیا۔

-الحجر ۱۵: ۲۶-۲۷-

۱۹۱۔(اللہ نے) انسان کو نطفے سے پیدا کیا تو اسی دم وہ کھلا جھگڑالو بن گیا۔

-النحل ۱۶: ۴-

۱۹۲۔اور اللہ نے تمہیں پیدا کیا پھر وہ تمہیں مارے گا اور کوئی تم میں وہ ہے جو ذلیل ترین عمر کی طرف لوٹایا جاتا ہے تا کہ جاننے کے بعد کچھ بھی نہ جانے بے شک اللہ علم والا، قدرت والا ہے۔

-النحل ۱۶: ۷۰-

۱۹۳۔اور اللہ ہی نے تم میں سے بعض کو بعض پر روزی میں فضیلت دی۔ تو جو لوگ فضیلت دیے گئے وہ اپنی روزی ان (لونڈی) غلاموں پر لوٹانے والے نہیں ہیں جو ان کے ہاتھ کا مال ہیں کہ وہ سب اس میں برابر ہو جائیں۔ تو کیا وہ اللہ کی نعمت کا انکار کرتے ہیں؟

-النحل ۱۶: ۷۱-

فَصَّلْنَا الْاٰیٰتِ لِقَوْمٍ یَّفْقَهُوْنَ ۝

۱۸۹۔هُوَ الَّذِیْ خَلَقَكُمْ مِّنْ نَّفْسٍ وَّاحِدَةٍ وَّجَعَلَ مِنْهَا زَوْجَهَا لِیَسْكُنَ اِلَیْهَا ۚ فَلَمَّا تَغَشّٰىهَا حَمَلَتْ حَمْلًا خَفِیْفًا فَمَرَّتْ بِهٖ ۚ

۱۹۰۔وَلَقَدْ خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ مِنْ صَلْصَالٍ مِّنْ حَمَاٍ مَّسْنُوْنٍ ۝ وَالْجَآنَّ خَلَقْنٰهُ مِنْ قَبْلُ مِنْ نَّارِ السَّمُوْمِ ۝

۱۹۱۔خَلَقَ الْاِنْسَانَ مِنْ نُّطْفَةٍ فَاِذَا هُوَ خَصِیْمٌ مُّبِیْنٌ ۝

۱۹۲۔وَاللّٰهُ خَلَقَكُمْ ثُمَّ یَتَوَفّٰىكُمْ ۙ وَمِنْكُمْ مَّنْ یُّرَدُّ اِلٰۤى اَرْذَلِ الْعُمُرِ لِكَیْ لَا یَعْلَمَ بَعْدَ عِلْمٍ شَیْـًٔا ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَلِیْمٌ قَدِیْرٌ ۝

۱۹۳۔وَاللّٰهُ فَضَّلَ بَعْضَكُمْ عَلٰى بَعْضٍ فِی الرِّزْقِ ۚ فَمَا الَّذِیْنَ فُضِّلُوْا بِرَآدِّیْ رِزْقِهِمْ عَلٰى مَا مَلَكَتْ اَیْمَانُهُمْ فَهُمْ فِیْهِ سَوَآءٌ ؕ اَفَبِنِعْمَةِ اللّٰهِ یَجْحَدُوْنَ ۝

۱۹۴۔وَاللّٰهُ جَعَلَ لَكُمْ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ اَزْوَاجًا وَّجَعَلَ لَكُمْ مِّنْ اَزْوَاجِكُمْ بَنِیْنَ وَحَفَدَةً وَّرَزَقَكُمْ مِّنَ الطَّیِّبٰتِ ؕ اَفَبِالْبَاطِلِ یُؤْمِنُوْنَ وَبِنِعْمَتِ اللّٰهِ هُمْ یَكْفُرُوْنَ ۝

۱۹۵۔وَلَقَدْ كَرَّمْنَا بَنِیْۤ اٰدَمَ وَحَمَلْنٰهُمْ فِی الْبَرِّ وَالْبَحْرِ وَرَزَقْنٰهُمْ مِّنَ الطَّیِّبٰتِ وَفَضَّلْنٰهُمْ عَلٰى كَثِیْرٍ مِّمَّنْ خَلَقْنَا تَفْضِیْلًا ۝

۱۹۶۔مِنْهَا خَلَقْنٰكُمْ وَفِیْهَا نُعِیْدُكُمْ وَمِنْهَا نُخْرِجُكُمْ تَارَةً اُخْرٰى ۝

۱۹۴۔اور اللہ نے تمہارے لیے تمہاری ہی جنس سے جوڑے بنائے اور تمہارے جوڑوں سے تمہارے بیٹے اور پوتے پیدا کئے اور پاکیزہ چیزوں سے تمہیں روزی دی۔ تو کیا وہ باطل پر ایمان لاتے ہیں اور وہ اللہ کی نعمت کا انکار کرتے ہیں؟

-النحل ۱۶: ۷۲-

۱۹۵۔اور کچھ شک نہیں کہ ہم نے اولادِ آدم کو بزرگی دی اور انہیں خشکی اور سمندر میں (سواریوں پر) سوار کیا، اور پاکیزہ چیزوں سے انہیں روزی دی۔ جو مخلوق ہم نے پیدا کی ہے ان میں سے بہتوں پر انہیں بزرگی دی۔

-بنی اسرائیل ۱۷: ۷۰-

۱۹۶۔اسی زمین سے ہم نے تمہیں پیدا کیا اور اسی میں ہم تمہیں پھر لوٹائیں گے اور اسی سے تمہیں دوسری بار نکالیں گے۔

-طٰہٰ ۲۰: ۵۵-

۱۹۷۔اور بے شک ہم نے انسان کو مٹی کے ست سے پیدا کیا۔ پھر ہم نے اس کو نطفہ کی شکل میں ایک مضبوط قرارگاہ میں رکھا۔ پھر نطفے کو ہم نے خونِ منجمد بنایا پھر خونِ منجمد کو ہم نے گوشت کا لوتھڑا بنایا۔ پھر گوشت کے لوتھڑے کو ہم نے ہڈیاں بنایا۔ پھر ہڈیوں پر ہم نے گوشت چڑھایا پھر ہم نے اس کو ایک اور طرح کی پیدائش میں پیدا کیا۔ تو برکت والا ہے اللہ، جو سب سے اچھا پیدا کرنے والا ہے۔

۔المؤمنون:۲۳:۱۲۔۱۴۔

۱۹۸۔اور وہ (اللہ) وہ ہے جس نے تمہیں زمین میں پھیلایا اور اسی کی طرف تم اکٹھے کیے جاؤ گے۔

۔المؤمنون۔۲۳:۷۹۔

۱۹۹۔اور وہ (اللہ) وہ ہے جس نے آدمی کو پانی سے پیدا کیا پھر اس کے لیے رشتہ اور سسرال مقرر کی اور تیرا پروردگار قدرت والا ہے۔

۔الفرقان ۲۵:۵۴۔

۲۰۰۔اور اس کی (قدرت کی) نشانیوں میں سے (ایک) یہ ہے کہ اس نے تمہیں مٹی سے پیدا کیا پھر اسی دم تم بشر ہو گئے کہ پھیلے ہوئے ہو۔

۔الروم ۳۰:۲۰۔

۲۰۱۔اور اس کی (قدرت کی) نشانیوں میں سے (ایک) یہ ہے کہ اس نے تمہارے تم ہی میں سے جوڑے پیدا کیے تاکہ تم ان کی طرف آرام پکڑو۔ اور تمہارے درمیان محبت اور شفقت پیدا کی۔ بے شک اس میں ان لوگوں کے لیے جو سوچتے ہیں، (اس کی قدرت کی) نشانیاں ہیں۔

۔الروم ۳۰:۲۱۔

۱۹۷۔وَلَقَدْ خَلَقْنَا الْإِنسَانَ مِن سُلَالَةٍ مِّن طِينٍ ۝ ثُمَّ جَعَلْنَاهُ نُطْفَةً فِي قَرَارٍ مَّكِينٍ ۝ ثُمَّ خَلَقْنَا النُّطْفَةَ عَلَقَةً فَخَلَقْنَا الْعَلَقَةَ مُضْغَةً فَخَلَقْنَا الْمُضْغَةَ عِظَامًا فَكَسَوْنَا الْعِظَامَ لَحْمًا ثُمَّ أَنشَأْنَاهُ خَلْقًا آخَرَ ۚ فَتَبَارَكَ اللَّهُ أَحْسَنُ الْخَالِقِينَ ۝

۱۹۸۔وَهُوَ الَّذِي ذَرَأَكُمْ فِي الْأَرْضِ وَإِلَيْهِ تُحْشَرُونَ ۝

۱۹۹۔وَهُوَ الَّذِي خَلَقَ مِنَ الْمَاءِ بَشَرًا فَجَعَلَهُ نَسَبًا وَصِهْرًا ۗ وَكَانَ رَبُّكَ قَدِيرًا ۝

۲۰۰۔وَمِنْ آيَاتِهِ أَنْ خَلَقَكُم مِّن تُرَابٍ ثُمَّ إِذَا أَنتُم بَشَرٌ تَنتَشِرُونَ ۝

۲۰۱۔وَمِنْ آيَاتِهِ أَنْ خَلَقَ لَكُم مِّنْ أَنفُسِكُمْ أَزْوَاجًا لِّتَسْكُنُوا إِلَيْهَا وَجَعَلَ بَيْنَكُم مَّوَدَّةً وَرَحْمَةً ۚ إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَاتٍ لِّقَوْمٍ يَتَفَكَّرُونَ ۝

۲۰۲۔اللَّهُ الَّذِي خَلَقَكُم مِّن ضَعْفٍ ثُمَّ جَعَلَ مِن بَعْدِ ضَعْفٍ قُوَّةً ثُمَّ جَعَلَ مِن بَعْدِ قُوَّةٍ ضَعْفًا وَشَيْبَةً ۚ يَخْلُقُ مَا يَشَاءُ ۖ وَهُوَ الْعَلِيمُ الْقَدِيرُ ۝

۲۰۳۔الَّذِي أَحْسَنَ كُلَّ شَيْءٍ خَلَقَهُ ۖ وَبَدَأَ خَلْقَ الْإِنسَانِ مِن طِينٍ ۝ ثُمَّ جَعَلَ نَسْلَهُ مِن سُلَالَةٍ مِّن مَّاءٍ مَّهِينٍ ۝

۲۰۴۔وَاللَّهُ خَلَقَكُم مِّن تُرَابٍ ثُمَّ مِن نُّطْفَةٍ ثُمَّ جَعَلَكُمْ أَزْوَاجًا ۚ وَمَا تَحْمِلُ مِنْ أُنثَىٰ وَلَا تَضَعُ إِلَّا بِعِلْمِهِ ۚ وَمَا يُعَمَّرُ مِن مُّعَمَّرٍ وَلَا

۲۰۲۔اللہ وہ ہے جس نے تمہیں ناتواں پیدا کیا پھر ناتوانی کے بعد قوت دی پھر قوت کے بعد (پھر) ناتوانی اور بڑھاپا دیا۔ وہ جو چاہتا ہے پیدا کرتا ہے۔ اور وہ جاننے والا، قدرت والا ہے۔

۔الروم ۳۰:۵۴۔

۲۰۳۔وہ جس نے ہر چیز کو جو اس نے پیدا کی ہے، اچھا بنایا۔ اور انسان کی پیدائش مٹی سے شروع کی پھر اس کی نسل حقیر پانی کے خلاصے (منی) سے بنائی۔

۔السجدۃ ۳۲:۷۔۸۔

۲۰۴۔اور اللہ نے تمہیں مٹی سے پیدا کیا پھر نطفے سے پھر تمہیں نر و مادہ بنایا اور بغیر اس کے علم کے نہ کوئی عورت حاملہ ہوتی ہے اور نہ جنتی ہے اور نہ کوئی بڑی عمر والا عمر دیا جاتا ہے اور نہ اس کی عمر سے

کچھ کم کیا جاتا ہے مگر سب کچھ ایک کتاب میں (لکھا) ہے۔ بے شک یہ بات 'اللہ پر آسان ہے۔

۔فاطر ۳۵: ۱۱۔

۲۰۵۔وہ (اللہ) وہ ہے جس نے تمہیں زمین میں (اگلوں کا) جانشین کیا۔

۔فاطر ۳۵: ۳۹۔

۲۰۶۔اور جسے ہم بڑی عمر دیتے ہیں اسے ہم پیدائش میں (کمزوری کی طرف) الٹ دیتے ہیں تو کیا وہ (اس بات کو) سمجھتے نہیں۔

۔یٰسٓ ۳۶: ۶۸۔

۲۰۷۔کیا انسان نے یہ نہیں دیکھا کہ ہم نے اسے نطفے سے پیدا کیا۔تو پیدا ہوتے ہی وہ کھلا جھگڑالو ہو گیا۔

۔یٰسٓ ۳۶: ۷۷۔

۲۰۸۔اس نے تمہیں ایک جان سے پیدا کیا پھر اسی سے اس کا جوڑا بنایا اور تمہارے لیے چوپایوں کے آٹھ جوڑے پیدا کیے۔وہ تمہیں تمہاری ماؤں کے پیٹوں میں تین تاریکیوں میں ایک پیدائش کے بعد دوسری طرح کی پیدائش میں پیدا کرتا رہتا ہے۔یہی اللہ ہے تمہارا پروردگار جس کی بادشاہت ہے اس کے سوا کوئی معبود نہیں پھر تم کہاں سے پھیرے جاتے ہو؟

۔الزمر ۳۹: ۶۔

۲۰۹۔وہ (اللہ) وہ ہے جس نے تمہیں مٹی سے پیدا کیا پھر نطفے سے پھر جمے ہوئے خون سے پھر وہ تمہیں بچہ بنا کر نکالتا ہے۔پھر تمہیں پالتا ہے تا کہ تم اپنی جوانی کو پہنچو۔پھر تمہاری قوت کو گھٹاتا ہے تا کہ تم بوڑھے ہو جاؤ اور کوئی تم میں وہ ہے جو (بڑھاپے) سے پہلے ہی مر جاتا ہے اور (یہ اس لیے ہے) تا کہ تم ایک مقرر میعاد کو پہنچو۔اور تا کہ تم سمجھو۔

۔المؤمن ۴۰: ۶۷۔

يُنْقَصُ مِنْ عُمُرِهٖٓ اِلَّا فِيْ كِتٰبٍ ۭ اِنَّ ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ يَسِيْرٌ ۝

۲۰۵۔ هُوَ الَّذِيْ جَعَلَكُمْ خَلٰۗىِٕفَ فِي الْاَرْضِ ۭ

۲۰۶۔ وَمَنْ نُّعَمِّرْهُ نُنَكِّسْهُ فِي الْخَلْقِ ۭ اَفَلَا يَعْقِلُوْنَ ۝

۲۰۷۔ اَوَلَمْ يَرَ الْاِنْسَانُ اَنَّا خَلَقْنٰهُ مِنْ نُّطْفَةٍ فَاِذَا هُوَ خَصِيْمٌ مُّبِيْنٌ ۝

۲۰۸۔ خَلَقَكُمْ مِّنْ نَّفْسٍ وَّاحِدَةٍ ثُمَّ جَعَلَ مِنْهَا زَوْجَهَا وَاَنْزَلَ لَكُمْ مِّنَ الْاَنْعَامِ ثَمٰنِيَةَ اَزْوَاجٍ ۭ يَخْلُقُكُمْ فِيْ بُطُوْنِ اُمَّهٰتِكُمْ خَلْقًا مِّنْۢ بَعْدِ خَلْقٍ فِيْ ظُلُمٰتٍ ثَلٰثٍ ۭ ذٰلِكُمُ اللّٰهُ رَبُّكُمْ لَهُ الْمُلْكُ ۭ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ فَاَنّٰى تُصْرَفُوْنَ ۝

۲۰۹۔ هُوَ الَّذِيْ خَلَقَكُمْ مِّنْ تُرَابٍ ثُمَّ مِنْ نُّطْفَةٍ ثُمَّ مِنْ عَلَقَةٍ ثُمَّ يُخْرِجُكُمْ طِفْلًا ثُمَّ لِتَبْلُغُوْٓا اَشُدَّكُمْ ثُمَّ لِتَكُوْنُوْا شُيُوْخًا ۚ وَمِنْكُمْ مَّنْ يُّتَوَفّٰى مِنْ قَبْلُ وَلِتَبْلُغُوْٓا اَجَلًا مُّسَمًّى وَّلَعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ ۝

۲۱۰۔ وَفِيْ خَلْقِكُمْ وَمَا يَبُثُّ مِنْ دَاۗبَّةٍ اٰيٰتٌ لِّقَوْمٍ يُّوْقِنُوْنَ ۝

۲۱۱۔ اَلرَّحْمٰنُ ۝ عَلَّمَ الْقُرْاٰنَ ۝ خَلَقَ الْاِنْسَانَ ۝ عَلَّمَهُ الْبَيَانَ ۝

۲۱۲۔ خَلَقَ الْاِنْسَانَ مِنْ صَلْصَالٍ كَالْفَخَّارِ ۝ وَخَلَقَ الْجَاۗنَّ مِنْ مَّارِجٍ مِّنْ نَّارٍ ۝ فَبِاَيِّ اٰلَاۗءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ۝

۲۱۳۔ نَحْنُ خَلَقْنٰكُمْ فَلَوْلَا تُصَدِّقُوْنَ ۝ اَفَرَءَيْتُمْ مَّا تُمْنُوْنَ ۝ ءَاَنْتُمْ تَخْلُقُوْنَهٗٓ اَمْ نَحْنُ الْخٰلِقُوْنَ ۝

۲۱۰۔اور (لوگو!) تمہاری پیدائش میں اور جو جان دار وہ (زمین میں) پھیلاتا ہے ان میں، ان لوگوں کے لیے جو یقین لاتے ہیں (قدرت کی) نشانیاں ہیں۔

۔الجاثیہ ۴۵: ۴۔

۲۱۱۔رحمٰن نے انسان پیدا کیا۔اس کو بولنا سکھایا۔

۔الرحمٰن۔۵۵: ۱۔۴۔

۲۱۲۔انسان کو ٹھیکرے کی مانند کھنکھناتی مٹی سے پیدا کیا۔اور جنوں کو ڈیک مارنے والی آگ سے پیدا کیا۔تو تم دونوں اپنے پروردگار کی کون کونسی نعمت کو جھٹلاتے ہو؟

۔الرحمٰن ۵۵: ۱۴۔۱۶۔

۲۱۳۔ہم نے تمہیں پیدا کیا تو تم تصدیق کیوں نہیں کرتے؟ بھلا بتاؤ تو تم جو منی ٹپکاتے ہو تم اسے پیدا کرتے ہو یا ہم (اس کے) پیدا کرنے والے ہیں۔

۔الواقعۃ ۵۶: ۵۷۔۵۹۔

۲۱۴۔ وہ (اللہ) وہ ہے جس نے تمہیں پیدا کیا۔ پھر کوئی تم میں کافر ہے اور کوئی تم میں مومن اور اللہ ان اعمال کو جو تم کر رہے ہو دیکھتا ہے۔

۔التغابن ۶۴:۔۲۔

۲۱۵۔ (اے نبی ﷺ) کہہ دے وہ (اللہ) وہ ہے جس نے تمہیں زمین میں پھیلایا اور اسی کی طرف تم اکٹھے کیے جاؤ گے۔

۔الملک ۶۷:۲۴۔

۲۱۶۔ تمہیں کیا ہوا کہ تم اللہ کی بزرگی کا اعتقاد نہیں کرتے اور حالانکہ اس نے تمہیں کئی طرح کی تبدیلیوں سے پیدا کیا۔

۔نوح ۷۱:۱۳۔۱۴۔

۲۱۷۔ اور اللہ نے تمہیں زمین سے ایک طرح کا اگانا اگایا پھر وہ اسی میں تمہیں لوٹائے گا اور ایک بار (پھر تمہیں) نکالے گا۔

۔نوح ۷۱:۱۷۔۱۸۔

۲۱۸۔ بلکہ انسان اپنے اوپر آپ ہی حجت ہے۔ اگرچہ وہ عذر کیا کرے۔

۔القیٰمۃ ۷۵:۱۴۔۱۵۔

۲۱۹۔ بے شک انسان پر زمانے میں سے ایک ایسا وقت بھی گزرا ہے کہ وہ کوئی چیز قابلِ تذکرہ نہ تھا۔ ہم نے انسان کو (مرد اور عورت کے) مخلوط نطفے سے پیدا کیا تاکہ ہم اسے آزمائیں سو ہم نے اسے سننے والا، دیکھنے والا بنایا۔ ہم نے اسے راہ دکھلا دی اب یا وہ شکر گزار رہے اور یا ناشکرا۔

۔الدھر ۷۶:۱۔۳۔

۲۲۰۔ کیا ہم نے تمہیں (منی کے) بے قدر پانی سے نہیں پیدا کیا۔ پھر ہم نے اسے ایک مضبوط قرار گاہ میں

۲۱۴۔ هُوَ الَّذِي خَلَقَكُمْ فَمِنكُمْ كَافِرٌ وَمِنكُم مُّؤْمِنٌ ۚ وَاللَّهُ بِمَا تَعْمَلُونَ بَصِيرٌ ﴿٢﴾

۲۱۵۔ قُلْ هُوَ الَّذِي ذَرَأَكُمْ فِي الْأَرْضِ وَإِلَيْهِ تُحْشَرُونَ ﴿٢٤﴾

۲۱۶۔ مَّا لَكُمْ لَا تَرْجُونَ لِلَّهِ وَقَارًا ﴿١٣﴾ وَقَدْ خَلَقَكُمْ أَطْوَارًا ﴿١٤﴾

۲۱۷۔ وَاللَّهُ أَنبَتَكُم مِّنَ الْأَرْضِ نَبَاتًا ﴿١٧﴾ ثُمَّ يُعِيدُكُمْ فِيهَا وَيُخْرِجُكُمْ إِخْرَاجًا ﴿١٨﴾

۲۱۸۔ بَلِ الْإِنسَانُ عَلَىٰ نَفْسِهِ بَصِيرَةٌ ﴿١٤﴾ وَلَوْ أَلْقَىٰ مَعَاذِيرَهُ ﴿١٥﴾

۲۱۹۔ هَلْ أَتَىٰ عَلَى الْإِنسَانِ حِينٌ مِّنَ الدَّهْرِ لَمْ يَكُن شَيْئًا مَّذْكُورًا ﴿١﴾ إِنَّا خَلَقْنَا الْإِنسَانَ مِن نُّطْفَةٍ أَمْشَاجٍ نَّبْتَلِيهِ فَجَعَلْنَاهُ سَمِيعًا بَصِيرًا ﴿٢﴾ إِنَّا هَدَيْنَاهُ السَّبِيلَ إِمَّا شَاكِرًا وَإِمَّا كَفُورًا ﴿٣﴾

۲۲۰۔ أَلَمْ نَخْلُقكُّم مِّن مَّاءٍ مَّهِينٍ ﴿٢٠﴾ فَجَعَلْنَاهُ فِي قَرَارٍ مَّكِينٍ ﴿٢١﴾ إِلَىٰ قَدَرٍ مَّعْلُومٍ ﴿٢٢﴾ فَقَدَرْنَا فَنِعْمَ الْقَادِرُونَ ﴿٢٣﴾

۲۲۱۔ وَخَلَقْنَاكُمْ أَزْوَاجًا ﴿٨﴾

۲۲۲۔ اقْرَأْ بِاسْمِ رَبِّكَ الَّذِي خَلَقَ ﴿١﴾ خَلَقَ الْإِنسَانَ مِنْ عَلَقٍ ﴿٢﴾

۲۲۳۔ وَهُوَ الَّذِي أَنشَأَ لَكُمُ السَّمْعَ وَالْأَبْصَارَ وَالْأَفْئِدَةَ ۚ قَلِيلًا مَّا تَشْكُرُونَ ﴿٧٨﴾

۲۲۴۔ ثُمَّ سَوَّاهُ وَنَفَخَ فِيهِ مِن رُّوحِهِ ۖ وَجَعَلَ لَكُمُ السَّمْعَ وَالْأَبْصَارَ

رکھا، ایک وقت مقرر تک۔ پھر ہم نے اندازہ کیا سو ہم اچھا اندازہ کرنے والے ہیں۔

۔المرسلت ۷۷: ۲۰ ۔ ۲۳ ۔

۲۲۱۔ اور ہم نے تمہیں نر و مادہ پیدا کیا۔

۔النباء ۷۸:۸۔

۲۲۲۔ (اے نبی ﷺ!) اپنے پروردگار کا نام لے کر پڑھ جس نے پیدا کیا۔ اس نے انسان کو جمے ہوئے خون سے پیدا کیا۔

۔العلق ۹۶:۱۔۲۔

۴۰۔ پیدائشِ سمع و بصر اور قلوب سے استدلال

۲۲۳۔ اور وہ (اللہ) وہ ہے جس نے تمہارے لیے کان اور آنکھیں اور دل پیدا کیے۔ تم بہت ہی کم شکر کرتے ہو۔

۔المؤمنون ۲۳:۷۸۔

۲۲۴۔ پھر اس نے اس (انسان) کو ٹھیک کیا اور اس میں اپنی روح

پھونک دی اور تمہارے لیے کان اور آنکھیں اور دل پیدا کیے۔ تم بہت ہی کم شکر کرتے ہو۔

۔السجدۃ ۳۲۔۹۔

۲۲۵۔(اے نبی ﷺ!) کہہ دے وہ (اللہ) وہ ہے جس نے تمہیں پیدا کیا اور تمہارے کان اور آنکھیں اور دل بنائے تم بہت ہی کم شکر کرتے ہو۔

۔الملک ۶۷: ۲۳۔

۴۱۔ نیند سے بیدار ہونے سے استدلال

۲۲۶۔اور وہ (اللہ) وہ ہے جو رات کو تمہیں (سلا کر) مار دیتا ہے۔ اور جو کمائی تم دن میں کرتے ہو، وہ جانتا ہے۔ پھر وہ تمہیں دن میں (نیند سے) اٹھاتا ہے تاکہ مقررہ وقت پورا کیا جائے پھر اسی کی طرف تمہیں لوٹ کر جانا ہے۔ پھر وہ تمہیں تمہارے اعمال جتلا دے گا جو تم (دنیا میں) کرتے تھے۔

۔الانعام ۶: ۶۰۔

۴۲۔ انسان کو سختیوں اور تکالیف کے بچانے سے استدلال

۲۲۷۔(اے نبی ﷺ!) پوچھ کہ تم کو خشکی اور سمندر کی تاریکیوں سے کون نجات دیتا ہے جسے تم گڑگڑا گڑگڑا کر اور چپکے چپکے پکارتے ہو کہ اگر اس نے ہمیں اس مصیبت سے نجات دی تو ضرور شکر گزاروں سے ہوں گے۔ (اے نبی ﷺ!) کہہ دے کہ اللہ ہی تمہیں اس سے اور ہر سختی سے نجات دیتا ہے پھر بھی تم شرک کرتے ہو۔

۔الانعام ۶: ۶۳۔۶۴۔

۴۳۔ لباس سے استدلال

۲۲۸۔اے بنی آدم! کچھ شک نہیں کہ ہم نے تم پر لباس اتارا جو تمہاری شرم گاہوں کو ڈھانپتا ہے اور زینت کا لباس اتارا اور پرہیز گاری کا جو لباس ہے وہ بہتر ہے۔ یہ (سب) اللہ کی نشانیوں میں سے ہے تاکہ وہ نصیحت پکڑیں۔

۔الاعراف ۷: ۲۶۔

وَالْاَفْـِٕدَةَ ۭ قَلِيْلًا مَّا تَشْكُرُوْنَ ۝

۲۲۵۔ قُلْ هُوَ الَّذِيْٓ اَنْشَاَكُمْ وَجَعَلَ لَكُمُ السَّمْعَ وَالْاَبْصَارَ وَالْاَفْـِٕدَةَ ۭ قَلِيْلًا مَّا تَشْكُرُوْنَ ۝

۲۲۶۔ وَهُوَ الَّذِيْ يَتَوَفّٰىكُمْ بِالَّيْلِ وَيَعْلَمُ مَا جَرَحْتُمْ بِالنَّهَارِ ثُمَّ يَبْعَثُكُمْ فِيْهِ لِيُقْضٰٓى اَجَلٌ مُّسَمًّى ۚ ثُمَّ اِلَيْهِ مَرْجِعُكُمْ ثُمَّ يُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ۝

۲۲۷۔ قُلْ مَنْ يُّنَجِّيْكُمْ مِّنْ ظُلُمٰتِ الْبَرِّ وَالْبَحْرِ تَدْعُوْنَهٗ تَضَرُّعًا وَّخُفْيَةً ۚ لَىِٕنْ اَنْجٰىنَا مِنْ هٰذِهٖ لَنَكُوْنَنَّ مِنَ الشّٰكِرِيْنَ ۝ قُلِ اللّٰهُ يُنَجِّيْكُمْ مِّنْهَا وَمِنْ كُلِّ كَرْبٍ ثُمَّ اَنْتُمْ تُشْرِكُوْنَ ۝

۲۲۸۔ يٰبَنِيْٓ اٰدَمَ قَدْ اَنْزَلْنَا عَلَيْكُمْ لِبَاسًا يُّوَارِيْ سَوْاٰتِكُمْ وَرِيْشًا ۭ وَلِبَاسُ التَّقْوٰى ۙ ذٰلِكَ خَيْرٌ ۭ ذٰلِكَ مِنْ اٰيٰتِ اللّٰهِ لَعَلَّهُمْ يَذَّكَّرُوْنَ ۝

۲۲۹۔ وَفِي السَّمَاۗءِ رِزْقُكُمْ وَمَا تُوْعَدُوْنَ ۝

۲۳۰۔ وَفِيْٓ اَنْفُسِكُمْ ۭ اَفَلَا تُبْصِرُوْنَ ۝

۲۳۱۔ وَمِنْ اٰيٰتِهٖ خَلْقُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَاخْتِلَافُ اَلْسِنَتِكُمْ وَاَلْوَانِكُمْ ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّلْعٰلِمِيْنَ ۝

۴۴۔ آسمان میں روزی ہونے سے استدلال

۲۲۹۔اور آسمان میں تمہارا رزق ہے اور وہ بات جس کا تمہیں وعدہ دیا جاتا ہے۔

۔الذّٰریٰت۔ ۵۱۔ ۲۲۔

۴۵۔ نفوسِ انسانی سے استدلال

۲۳۰۔اور خود تمہاری جانوں میں (نشانیاں ہیں) تو کیا تم دیکھتے نہیں۔

۔الذّٰریٰت۔ ۵۱: ۲۱۔

۴۶۔ رنگوں کے اختلاف سے استدلال

۲۳۱۔اور اس کی (قدرت) کی نشانیوں میں سے آسمانوں اور زمین کی پیدائش اور تمہاری بولیوں اور رنگتوں کا اختلاف ہے۔ بے شک اس میں جہان والوں کے لیے (قدرت کی) نشانیاں ہیں۔

۔الروم ۳۰: ۲۲۔

۲۳۲۔ وَمَا ذَرَاَ لَكُمْ فِي الْاَرْضِ مُخْتَلِفًا اَلْوَانُهٗ ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لِّقَوْمٍ يَّذَّكَّرُوْنَ ﴿۱۳﴾

۲۳۳۔ كَيْفَ تَكْفُرُوْنَ بِاللّٰهِ وَكُنْتُمْ اَمْوَاتًا فَاَحْيَاكُمْ ۚ ثُمَّ يُمِيْتُكُمْ ثُمَّ يُحْيِيْكُمْ ثُمَّ اِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ﴿۲۸﴾

۲۳۴۔ يُخْرِجُ الْحَيَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَمُخْرِجُ الْمَيِّتِ مِنَ الْحَيِّ ۭ

۲۳۵۔ وَاِنَّا لَنَحْنُ نُحْيٖ وَنُمِيْتُ وَنَحْنُ الْوٰرِثُوْنَ ﴿۲۳﴾

۲۳۶۔ وَجَعَلْنَا مِنَ الْمَاۗءِ كُلَّ شَيْءٍ حَيٍّ ۭ اَفَلَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿۳۰﴾

۲۳۷۔ وَهُوَ الَّذِيْٓ اَحْيَاكُمْ ۡ ثُمَّ يُمِيْتُكُمْ ثُمَّ يُحْيِيْكُمْ ۭ اِنَّ الْاِنْسَانَ لَكَفُوْرٌ ﴿۶۶﴾

۲۳۸۔ وَهُوَ الَّذِيْ يُحْيٖ وَيُمِيْتُ

۲۳۹۔ يُخْرِجُ الْحَيَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَيُخْرِجُ الْمَيِّتَ مِنَ الْحَيِّ وَيُحْيِ الْاَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا ۭ وَكَذٰلِكَ تُخْرَجُوْنَ ﴿۱۹﴾

۲۴۰۔ اَفَبِهٰذَا الْحَدِيْثِ اَنْتُمْ مُّدْهِنُوْنَ ﴿۸۱﴾ وَتَجْعَلُوْنَ رِزْقَكُمْ اَنَّكُمْ تُكَذِّبُوْنَ ﴿۸۲﴾ فَلَوْلَآ اِذَا بَلَغَتِ الْحُلْقُوْمَ ﴿۸۳﴾ وَاَنْتُمْ حِيْنَىِٕذٍ تَنْظُرُوْنَ ﴿۸۴﴾ وَنَحْنُ اَقْرَبُ اِلَيْهِ مِنْكُمْ وَلٰكِنْ لَّا تُبْصِرُوْنَ ﴿۸۵﴾ فَلَوْلَآ اِنْ كُنْتُمْ غَيْرَ مَدِيْنِيْنَ ﴿۸۶﴾ تَرْجِعُوْنَهَآ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿۸۷﴾

۲۴۱۔ نَحْنُ قَدَّرْنَا بَيْنَكُمُ الْمَوْتَ وَمَا نَحْنُ بِمَسْبُوْقِيْنَ ﴿۶۰﴾ عَلٰٓي اَنْ نُّبَدِّلَ

۲۳۲۔ اور جو کچھ اس نے تمہارے لیے زمین میں پھیلایا کہ اس کے رنگ مختلف ہیں۔ بے شک اس میں ان لوگوں کے لیے جو نصیحت پکڑتے ہیں (قدرت کی) نشانی ہے۔

۔النحل ۱۶:۱۳۔

۴۷۔ موت اور حیات سے استدلال

۲۳۳۔ تم اللہ کا کس طرح انکار کرتے ہو حالانکہ تم مردہ تھے اس نے تمہیں زندہ کیا پھر وہ تمہیں مارے گا پھر (دوبارہ) تمہیں زندہ کرے گا۔ پھر تم اسی کی طرف لوٹائے جاؤ گے۔

۔البقرۃ ۲:۲۸۔

۲۳۴۔ اور وہ زندہ کو مردے سے نکالتا ہے اور مردے کا زندے سے نکالنے والا ہے۔

۔الانعام ۶:۹۶۔

۲۳۵۔ اور بے شک ہم ہی زندہ رکھتے اور مارتے ہیں اور ہم ہی (سب کے) وارث ہیں۔

۔الحجر ۱۵:۲۳۔

۲۳۶۔ اور ہم نے پانی سے ہر ایک زندہ چیز کو پیدا کیا تو کیا وہ (اس پر) ایمان نہیں لاتے؟

۔الانبیاء ۲۱:۳۰۔

۲۳۷۔ اور وہ (اللہ) وہ ہے جس نے تمہیں زندہ کیا پھر وہ تمہیں مارے گا پھر تمہیں زندہ کرے گا۔ بے شک انسان ناشکرا ہے۔

۔الحج ۲۲:۶۶۔

۲۳۸۔ اور وہ (اللہ) وہ ہے جو جلاتا ہے اور مارتا ہے۔

۔المؤمنون ۲۳:۸۰۔

۲۳۹۔ وہ زندے کو مردے سے نکالتا ہے اور مردے کو زندے سے نکالتا ہے اور زمین کو اس کے مرے پیچھے زندہ کرتا ہے اور اسی طرح (قبروں سے) نکالے جاؤ گے۔

۔الروم ۳۰:۱۹۔

۲۴۰۔ تو کیا تم اس بات کے قبول کرنے میں ڈھیلے پڑتے ہو؟ اور اپنا حصہ تم یہ ٹھہراتے ہو کہ تم (اس کو) جھٹلاتے ہو۔ پس کیوں نہیں (اس وقت) جب جان حلق میں آ پہنچتی ہے اور تم اس وقت (کیفیت) دیکھتے ہو اور تمہاری بہ نسبت ہم اس جان کے زیادہ قریب ہیں لیکن تم دیکھتے نہیں۔ پس اگر تم کسی کے زیر حکم نہیں ہو تو کیوں نہیں اس کو لوٹا لیتے اگر تم (اپنے دعوے میں) سچے ہو۔

۔الواقعۃ ۵۶:۸۱۔۸۷۔

۲۴۱۔ ہم نے تمہارے درمیان موت مقدر کی اور ہم عاجز نہیں ہیں اس بات سے کہ تمہیں تمہاری مثل سے بدل دیں اور تمہیں اس جہان

میں پیدا کریں جسے تم نہیں جانتے۔ اور کچھ شک نہیں کہ تم پہلی (دفعہ کی) پیدائش کو جانتے ہو تو تم نصیحت کیوں نہیں پکڑتے۔

۔الواقعۃ ۵۶: ۶۰۔ ۶۲۔

۲۴۲۔ برکت والا ہے وہ جس کے ہاتھ میں بادشاہت ہے اور وہ ہر چیز پر قادر ہے جس نے موت اور حیات کو پیدا کیا تاکہ وہ تمہیں آزمائے کہ تم میں کون سب سے اچھے عمل کرنے والا ہے اور وہی غالب ہے بخشنے والا۔

۔الملک ۶۷: ۱۔ ۲۔

۴۸۔ غزوۂ بدر کی فتح سے استدلال

۲۴۳۔ (مسلمانو!) بے شک تمہارے لیے ان دو جماعتوں میں (قدرت کی) نشانی تھی، جو بدر کے دن آپس میں بھڑ پڑی تھیں۔ ایک جماعت تو اللہ کی راہ میں لڑ رہی تھی، دوسری کافر تھی۔ وہ ان کو دیکھتی آنکھوں اپنے سے دو چند دیکھ رہے تھے اور اللہ اپنی مدد سے جسے چاہے قوت دے۔ بے شک اس میں آنکھوں والوں کے لیے عبرت ہے۔

۔آل عمران ۳: ۱۳۔

دلائلِ توحید و عدمِ اشتراک در ذات وصفاتِ حق سبحانہٗ تعالیٰ

۱۔ (اے نبی ﷺ!) پوچھ کہ تم کو خشکی اور سمندر کی تاریکیوں سے کون نجات دیتا ہے جسے تم گڑگڑا گڑگڑا کر اور چپکے چپکے پکارتے ہو کہ اگر اس نے ہمیں اس مصیبت سے نجات دی تو ضرور شکر گزاروں سے ہوں

اَمْثَالَكُمْ وَنُنْشِئَكُمْ فِي مَا لَا تَعْلَمُونَ ۝ وَلَقَدْ عَلِمْتُمُ النَّشْأَةَ الْأُولَىٰ فَلَوْلَا تَذَكَّرُونَ ۝

۲۴۲۔ تَبَارَكَ الَّذِي بِيَدِهِ الْمُلْكُ وَهُوَ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ ۝ الَّذِي خَلَقَ الْمَوْتَ وَالْحَيَاةَ لِيَبْلُوَكُمْ أَيُّكُمْ أَحْسَنُ عَمَلًا ۚ وَهُوَ الْعَزِيزُ الْغَفُورُ ۝

۲۴۳۔ قَدْ كَانَ لَكُمْ آيَةٌ فِي فِئَتَيْنِ الْتَقَتَا ۖ فِئَةٌ تُقَاتِلُ فِي سَبِيلِ اللَّهِ وَأُخْرَىٰ كَافِرَةٌ يَرَوْنَهُمْ مِثْلَيْهِمْ رَأْيَ الْعَيْنِ ۚ وَاللَّهُ يُؤَيِّدُ بِنَصْرِهِ مَنْ يَشَاءُ ۗ إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَعِبْرَةً لِأُولِي الْأَبْصَارِ ۝

۱۔ قُلْ مَنْ يُنَجِّيكُمْ مِنْ ظُلُمَاتِ الْبَرِّ وَالْبَحْرِ تَدْعُونَهُ تَضَرُّعًا وَخُفْيَةً لَئِنْ أَنْجَانَا مِنْ هَٰذِهِ لَنَكُونَنَّ مِنَ الشَّاكِرِينَ ۝ قُلِ اللَّهُ يُنَجِّيكُمْ مِنْهَا وَمِنْ كُلِّ كَرْبٍ ثُمَّ أَنْتُمْ تُشْرِكُونَ ۝

۲۔ قُلْ مَنْ يَرْزُقُكُمْ مِنَ السَّمَاءِ وَالْأَرْضِ أَمَّنْ يَمْلِكُ السَّمْعَ وَالْأَبْصَارَ وَمَنْ يُخْرِجُ الْحَيَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَيُخْرِجُ الْمَيِّتَ مِنَ الْحَيِّ وَمَنْ يُدَبِّرُ الْأَمْرَ ۚ فَسَيَقُولُونَ اللَّهُ ۚ فَقُلْ أَفَلَا تَتَّقُونَ ۝ فَذَٰلِكُمُ اللَّهُ رَبُّكُمُ الْحَقُّ ۖ فَمَاذَا بَعْدَ الْحَقِّ إِلَّا الضَّلَالُ ۖ فَأَنَّىٰ تُصْرَفُونَ ۝ كَذَٰلِكَ حَقَّتْ كَلِمَتُ رَبِّكَ عَلَى

گے۔ (اے نبی ﷺ!) کہہ دے کہ اللہ ہی تمہیں اس سے اور ہر سختی سے نجات دیتا ہے پھر بھی تم شرک کرتے ہو۔

۔الانعام ۶: ۶۳۔ ۶۴۔

۲۔ اے نبی ﷺ! پوچھ کہ تمہیں آسمان اور زمین سے روزی کون پہنچاتا ہے یا کان اور آنکھوں کا کون مالک ہے اور کون زندے کو مردے سے نکالتا ہے اور مردے کو زندے سے نکالتا ہے اور کون کام کا انتظام کرتا ہے؟ وہ کہیں گے کہ اللہ۔ تو کہہ کیا تم (اس سے) ڈرتے نہیں؟ پس یہی اللہ ہے تمہارا سچا پروردگار۔ سو حق کے بعد سوائے گمراہی کے اور کیا ہے۔ تو تم کہاں سے پھیر دیے جاتے ہو؟ یوں تیرے پروردگار کی بات ان لوگوں پر جو نافرمانی کرتے ہیں، پوری ہوئی کہ وہ ایمان نہیں لاتے۔ پوچھ کہ کیا کوئی تمہارے (ٹھہرائے ہوئے) شریکوں میں ایسا ہے جو پہلے پیدا کرے پھر اس کو دوبارہ کرے۔ کہہ دے کہ اللہ ہی پہلی بار پیدا کرتا ہے پھر اسے

دوبارہ کرے گا تو تم کہاں سے پھیر دیے جاتے ہو۔ پوچھ کیا کوئی تمہارے (ٹھہرائے ہوئے) شریکوں میں ایسا ہے جو حق کی طرف رہنمائی کرے۔ کہہ دے کہ اللہ ہی حق کی طرف رہنمائی کرتا ہے تو کیا جو حق کی طرف رہنمائی کرتا ہے وہ اس بات کا زیادہ حق دار ہے کہ اس کا حکم مانا جائے یا وہ جو بغیر اس کے کہ اس کو رستہ بتلایا جائے خود بھی رستہ نہیں پاتا۔ سو تمہیں کیا ہو گیا تم کیسا فیصلہ کرتے ہو اور ان میں سے اکثر تو محض اٹکل پر چلتے ہیں کچھ شک نہیں کہ اٹکل حق کے مقابلے میں کچھ کام نہیں آتی۔ بے شک اللہ جانتا ہے جو وہ کرتے ہیں۔

-یونس ۱۰: ۳۱-۳۶-

۳-اور اللہ نے زمین میں پہاڑ ڈال دیے کہ وہ تمہیں لے کر ہل نہ جائے اور نہریں اور راہیں پیدا کیں تا کہ تم راہ پاؤ۔ اور راہ کی نشانیاں پیدا کیں اور وہ ستاروں سے راہ پاتے ہیں۔ تو کیا وہ جو پیدا کرتا ہے اس کے برابر ہے جو کچھ پیدا نہیں کرتا؟ تو کیا تم نصیحت نہیں پکڑتے؟

-النحل ۱۶: ۱۵-۱۷-

۴-تو کیا تمہارے پروردگار نے تمہیں لڑکوں کے لیے انتخاب کیا اور خود فرشتوں سے بیٹیاں اختیار کیں۔ بے شک تم بڑی (بھاری) بات کہتے ہو۔ اور بے شک ہم نے اس قرآن میں بار بار سمجھایا تا کہ وہ نصیحت پکڑیں۔ اور وہ ان کی نفرت ہی بڑھاتا ہے۔ (اے نبی ﷺ!) کہہ دے کہ اگر اس کے ساتھ جیسا کہ وہ کہتے ہیں اور معبود

الَّذِيْنَ فَسَقُوْٓا اَنَّهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ۝ قُلْ هَلْ مِنْ شُرَكَاۗىِٕكُمْ مَّنْ يَّبْدَؤُا الْخَلْقَ ثُمَّ يُعِيْدُهٗ ۭ قُلِ اللّٰهُ يَبْدَؤُا الْخَلْقَ ثُمَّ يُعِيْدُهٗ فَاَنّٰى تُؤْفَكُوْنَ ۝ قُلْ هَلْ مِنْ شُرَكَاۗىِٕكُمْ مَّنْ يَّهْدِيْٓ اِلَى الْحَقِّ ۭ قُلِ اللّٰهُ يَهْدِيْ لِلْحَقِّ ۭ اَفَمَنْ يَّهْدِيْٓ اِلَى الْحَقِّ اَحَقُّ اَنْ يُّتَّبَعَ اَمَّنْ لَّا يَهِدِّيْٓ اِلَّآ اَنْ يُّهْدٰى ۚ فَمَا لَكُمْ ۣ كَيْفَ تَحْكُمُوْنَ ۝ وَمَا يَتَّبِعُ اَكْثَرُھُمْ اِلَّا ظَنًّا ۭ اِنَّ الظَّنَّ لَا يُغْنِيْ مِنَ الْحَقِّ شَـيْـــًٔـا ۭ اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌۢ بِمَا يَفْعَلُوْنَ ۝

۳-وَاَلْقٰى فِي الْاَرْضِ رَوَاسِيَ اَنْ تَمِيْدَ بِكُمْ وَاَنْهٰرًا وَّسُبُلًا لَّعَلَّكُمْ تَهْتَدُوْنَ ۝ وَعَلٰمٰتٍ ۭ وَبِالنَّجْمِ هُمْ يَهْتَدُوْنَ ۝ اَفَمَنْ يَّخْلُقُ كَمَنْ لَّا يَخْلُقُ ۭ اَفَلَا تَذَكَّرُوْنَ ۝

۴-اَفَاَصْفٰىكُمْ رَبُّكُمْ بِالْبَنِيْنَ وَاتَّخَذَ مِنَ الْمَلٰۗىِٕكَةِ اِنَاثًا ۭ اِنَّكُمْ لَتَقُوْلُوْنَ قَوْلًا عَظِيْمًا ۝ وَلَقَدْ صَرَّفْنَا فِيْ هٰذَا الْقُرْاٰنِ لِيَذَّكَّرُوْا ۭ وَمَا يَزِيْدُهُمْ اِلَّا نُفُوْرًا ۝ قُلْ لَّوْ كَانَ مَعَهٗٓ اٰلِـهَةٌ كَمَا يَقُوْلُوْنَ اِذًا لَّابْتَغَوْا اِلٰى ذِي الْعَرْشِ سَبِيْلًا ۝

۵-اَمِ اتَّخَذُوْٓا اٰلِهَةً مِّنَ الْاَرْضِ هُمْ يُنْشِرُوْنَ ۝ لَوْ كَانَ فِيْهِمَآ اٰلِهَةٌ اِلَّا اللّٰهُ لَفَسَدَتَا ۚ فَسُبْحٰنَ اللّٰهِ رَبِّ الْعَرْشِ عَمَّا يَصِفُوْنَ ۝

۶-مَا اتَّخَذَ اللّٰهُ مِنْ وَّلَدٍ وَّمَا كَانَ مَعَهٗ مِنْ اِلٰهٍ اِذًا لَّذَهَبَ كُلُّ اِلٰهٍۢ بِمَا

ہوتے تو اس صورت میں وہ ضرور صاحبِ عرش پر (چڑھائی) کی راہ ڈھونڈ لیتے۔

-بنی اسرائیل ۱۷: ۴۰-۴۲-

۵-کیا انہوں نے ایسے معبود اختیار کیے ہیں جنہیں وہ زمین سے بنا کر کھڑا کرتے ہیں۔ اگر آسمان اور زمین میں اللہ کے سوا اور معبود ہوتے تو وہ دونوں ضرور تباہ ہو جاتے۔ تو اللہ، عرش کا مالک ان باتوں سے پاک ہے جو وہ بیان کرتے ہیں۔

-الانبیاء ۲۱: ۲۱-۲۲-

۶-اللہ نے کوئی بیٹا بیٹی اختیار نہیں کیا اور اس کے ساتھ کوئی معبود نہیں

ہے۔ اگر ایسا ہوتا تو ہر معبود اپنی پیدا کی ہوئی مخلوق کو الگ لے بیٹھتا اور ضرور ایک دوسرے پر چڑھائی کرتا۔ اللہ ان باتوں سے پاک ہے جو وہ بیان کرتے ہیں۔

۔المؤمنون ۲۳: ۹۱۔

۷۔ بھلا آسمانوں اور زمین کو کس نے پیدا کیا اور کس نے تمہارے لیے آسمان سے پانی اتارا؟ ہم ہی نے اس کو اتار کر اس سے بارونق باغ اگائے۔ تمہاری طاقت نہیں کہ تم ان کے درخت اگاؤ۔ کیا اللہ کے ساتھ اور کوئی معبود ہے؟ (کوئی نہیں) بلکہ وہ ایسے لوگ ہیں جو راہِ حق سے انحراف کرتے ہیں۔ بھلا وہ کون ہے جس نے زمین کو قرار گاہ بنایا اور اس کے درمیان نہریں جاری کیں اور اس میں پہاڑ پیدا کیے اور دو دریاؤں کے درمیان آڑ پیدا کی؟ کیا اللہ کے ساتھ اور کوئی معبود ہے؟ (کوئی بھی نہیں) بلکہ ان میں سے اکثر علم نہیں رکھتے۔ بھلا وہ کون ہے جو بے قرار کی دعا جب وہ اس سے دعا مانگتا ہے قبول کرتا ہے اور تکلیف کو ہٹا دیتا ہے اور تمہیں زمین میں جانشین کرتا ہے؟ کیا اللہ کے ساتھ اور کوئی معبود ہے؟ تم بہت ہی کم نصیحت پکڑتے ہو۔ بھلا وہ کون ہے جو تمہیں خشکی اور سمندر کی تاریکیوں میں راہ دکھلاتا ہے اور اپنی رحمت (یعنی بارش) کے آگے آگے بشارت دینے والی ہوائیں بھیجتا ہے۔ کیا اللہ کے ساتھ اور کوئی معبود ہے؟ اللہ تو ان کے شرک سے بالاتر ہے۔ بھلا وہ کون ہے جو پہلی بار مخلوق کو پیدا کرتا ہے پھر اسے دوبارہ کرے گا اور کون تمہیں آسمان اور زمین سے روزی پہنچاتا ہے؟ کیا اللہ کے ساتھ اور کوئی معبود ہے؟ (اے نبی ﷺ!) کہہ دے کہ اگر تم سچے ہو تو اپنی سند لاؤ۔

۔النحل۔ ۲۷: ۶۰۔ ۶۴۔

خَلَقَ وَلَعَلَا بَعْضُهُمْ عَلٰى بَعْضٍ ۭ سُبْحٰنَ اللّٰهِ عَمَّا يَصِفُوْنَ ۝۹۱

۷۔ اَمَّنْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَاَنْزَلَ لَكُمْ مِّنَ السَّمَاۗءِ مَاۗءً ۚ فَاَنْۢبَتْنَا بِهٖ حَدَاۗىِٕقَ ذَاتَ بَهْجَةٍ ۚ مَا كَانَ لَكُمْ اَنْ تُنْۢبِتُوْا شَجَرَهَا ۭ ءَاِلٰهٌ مَّعَ اللّٰهِ ۭ بَلْ هُمْ قَوْمٌ يَّعْدِلُوْنَ ۝۶۰ اَمَّنْ جَعَلَ الْاَرْضَ قَرَارًا وَّجَعَلَ خِلٰلَهَآ اَنْهٰرًا وَّجَعَلَ لَهَا رَوَاسِيَ وَجَعَلَ بَيْنَ الْبَحْرَيْنِ حَاجِزًا ۭ ءَاِلٰهٌ مَّعَ اللّٰهِ ۭ بَلْ اَكْثَرُهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ۝۶۱ اَمَّنْ يُّجِيْبُ الْمُضْطَرَّ اِذَا دَعَاهُ وَيَكْشِفُ السُّوْۗءَ وَيَجْعَلُكُمْ خُلَفَاۗءَ الْاَرْضِ ۭ ءَاِلٰهٌ مَّعَ اللّٰهِ ۭ قَلِيْلًا مَّا تَذَكَّرُوْنَ ۝۶۲ اَمَّنْ يَّهْدِيْكُمْ فِيْ ظُلُمٰتِ الْبَرِّ وَالْبَحْرِ وَمَنْ يُّرْسِلُ الرِّيٰحَ بُشْرًۢا بَيْنَ يَدَيْ رَحْمَتِهٖ ۭ ءَاِلٰهٌ مَّعَ اللّٰهِ ۭ تَعٰلَى اللّٰهُ عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ۝۶۳ اَمَّنْ يَّبْدَؤُا الْخَلْقَ ثُمَّ يُعِيْدُهٗ وَمَنْ يَّرْزُقُكُمْ مِّنَ السَّمَاۗءِ وَالْاَرْضِ ۭ ءَاِلٰهٌ مَّعَ اللّٰهِ ۭ قُلْ هَاتُوْا بُرْهَانَكُمْ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ۝۶۴

۸۔ قُلْ اَرَءَيْتُمْ اِنْ جَعَلَ اللّٰهُ عَلَيْكُمُ الَّيْلَ سَرْمَدًا اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ مَنْ اِلٰهٌ غَيْرُ اللّٰهِ يَاْتِيْكُمْ بِضِيَاۗءٍ ۭ اَفَلَا تَسْمَعُوْنَ ۝۷۱ قُلْ اَرَءَيْتُمْ اِنْ جَعَلَ اللّٰهُ عَلَيْكُمُ النَّهَارَ سَرْمَدًا اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ مَنْ اِلٰهٌ غَيْرُ اللّٰهِ يَاْتِيْكُمْ بِلَيْلٍ تَسْكُنُوْنَ فِيْهِ ۭ اَفَلَا تُبْصِرُوْنَ ۝۷۲

۹۔ وَلَىِٕنْ سَاَلْتَهُمْ مَّنْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَسَخَّرَ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ لَيَقُوْلُنَّ اللّٰهُ ۚ فَاَنّٰى يُؤْفَكُوْنَ ۝۶۱

۸۔ (اے نبی ﷺ!) کہہ دے کہ بھلا یہ تو بتلاؤ کہ اگر اللہ قیامت کے دن تک ہمیشہ تم پر رات ہی رکھے تو اللہ کے سوا ایسا کونسا معبود ہے جو تمہیں (دن کی) روشنی لادے تو کیا تم سنتے نہیں؟ (اے نبی ﷺ!) کہہ کہ بھلا بتلاؤ تو اگر اللہ قیامت کے دن تک ہمیشہ تم پر دن ہی رکھے تو اللہ کے سوا ایسا کونسا معبود ہے جو تمہیں رات لادے جس میں آرام کرو، تو کیا تم دیکھتے نہیں؟

۔القصص ۲۸: ۷۱۔ ۷۲۔

۹۔ اور (اے نبی ﷺ!) اگر تو ان سے پوچھے کہ کس نے آسمانوں اور زمین کو پیدا کیا اور سورج اور چاند کو کام میں لگایا تو وہ ضرور یہی کہیں گے کہ اللہ نے۔ پھر وہ کہاں سے (حق سے) پھیر دیے جاتے ہیں؟

۔العنکبوت ۲۹: ۶۱۔

۱۰۔ وَلَئِنْ سَأَلْتَهُمْ مَنْ نَزَّلَ مِنَ السَّمَاءِ مَاءً فَأَحْيَا بِهِ الْأَرْضَ مِنْ بَعْدِ مَوْتِهَا لَيَقُولُنَّ اللَّهُ ۚ قُلِ الْحَمْدُ لِلَّهِ ۚ بَلْ أَكْثَرُهُمْ لَا يَعْقِلُونَ ۝

۱۱۔ اللَّهُ الَّذِي خَلَقَكُمْ ثُمَّ رَزَقَكُمْ ثُمَّ يُمِيتُكُمْ ثُمَّ يُحْيِيكُمْ ۖ هَلْ مِنْ شُرَكَائِكُمْ مَنْ يَفْعَلُ مِنْ ذَٰلِكُمْ مِنْ شَيْءٍ ۚ سُبْحَانَهُ وَتَعَالَىٰ عَمَّا يُشْرِكُونَ ۝

۱۲۔ خَلَقَ السَّمَاوَاتِ بِغَيْرِ عَمَدٍ تَرَوْنَهَا ۖ وَأَلْقَىٰ فِي الْأَرْضِ رَوَاسِيَ أَنْ تَمِيدَ بِكُمْ وَبَثَّ فِيهَا مِنْ كُلِّ دَابَّةٍ ۚ وَأَنْزَلْنَا مِنَ السَّمَاءِ مَاءً فَأَنْبَتْنَا فِيهَا مِنْ كُلِّ زَوْجٍ كَرِيمٍ ۝

۱۳۔ هَٰذَا خَلْقُ اللَّهِ فَأَرُونِي مَاذَا خَلَقَ الَّذِينَ مِنْ دُونِهِ ۚ بَلِ الظَّالِمُونَ فِي ضَلَالٍ مُبِينٍ ۝

۱۴۔ أَلَمْ تَرَوْا أَنَّ اللَّهَ سَخَّرَ لَكُمْ مَا فِي السَّمَاوَاتِ وَمَا فِي الْأَرْضِ وَأَسْبَغَ عَلَيْكُمْ نِعَمَهُ ظَاهِرَةً وَبَاطِنَةً ۗ وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يُجَادِلُ فِي اللَّهِ بِغَيْرِ عِلْمٍ وَلَا هُدًى وَلَا كِتَابٍ مُنِيرٍ ۝

۱۵۔ وَلَئِنْ سَأَلْتَهُمْ مَنْ خَلَقَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ لَيَقُولُنَّ اللَّهُ ۚ قُلِ الْحَمْدُ لِلَّهِ ۚ بَلْ أَكْثَرُهُمْ لَا يَعْلَمُونَ ۝

۱۶۔ أَلَمْ تَرَ أَنَّ اللَّهَ يُولِجُ اللَّيْلَ فِي النَّهَارِ وَيُولِجُ النَّهَارَ فِي اللَّيْلِ وَسَخَّرَ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ كُلٌّ يَجْرِي إِلَىٰ أَجَلٍ مُسَمًّى وَأَنَّ اللَّهَ بِمَا تَعْمَلُونَ خَبِيرٌ ۝

۱۰۔ اور اگر تو ان سے پوچھے کہ کس نے آسمان سے پانی اتارا پھر اس سے زمین کو اس کے مرے پیچھے زندہ کیا تو وہ ضرور یہی کہیں گے کہ اللہ نے۔ تو کہنا کہ اللہ کا شکر ہے لیکن اکثر ان میں سے سمجھتے نہیں۔

۔العنکبوت ۲۹:۶۳۔

۱۱۔ اللہ وہ ہے جس نے تمہیں پیدا کیا۔ پھر تمہیں رزق دیا پھر وہ تمہیں مارے گا پھر تمہیں زندہ کرے گا۔ کیا تمہارے (ٹھہرائے ہوئے) شریکوں میں بھی کوئی ایسا ہے جو ان باتوں میں سے کوئی بات کر سکے؟ وہ ان کے شرک سے پاک اور بالاتر ہے۔

۔الروم ۳۰:۴۰۔

۱۲۔ اس نے آسمانوں کو بغیر ستون جسے تم دیکھتے ہو، پیدا کیا اور زمین میں پہاڑ ڈال دیے کہ وہ تمہیں لے کر ہل نہ جائے اور اس میں ہر ایک جان دار کو پھیلا دیا اور ہم نے آسمان سے پانی اتارا پھر ہم نے اس میں ہر قسم کی نفیس چیزیں اگائیں۔

۔لقمٰن ۳۱:۱۰۔

۱۳۔ یہ اللہ کی پیدائش ہے اب تم مجھے دکھلاؤ کہ انہوں نے کیا پیدا کیا جو اس کے سوا ہیں۔ کچھ بھی نہیں، ظالم کھلی گمراہی میں ہیں۔

۔لقمٰن ۳۱:۱۱۔

۱۴۔ کیا تم نے اس پر نظر نہیں کی کہ جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے، اللہ نے سب تمہارے بس میں کر دیا اور تم پر اپنی ظاہری اور باطنی نعمتیں کامل کر دیں اور لوگوں میں کوئی وہ بھی ہے جو اللہ کے بارے میں بغیر علم اور بغیر ہدایت اور بغیر روشن کتاب کے جھگڑتا ہے۔

۔لقمٰن ۳۱:۲۰۔

۱۵۔ اور (اے نبی صلی اللہ علیہ وسلم!) اگر تو ان سے پوچھے کہ آسمانوں اور زمین کو کس نے پیدا کیا تو وہ ضرور یہی کہیں گے کہ اللہ نے۔ تو کہہ کہ اللہ کا شکر ہے مگر ان میں سے اکثر علم نہیں رکھتے۔

۔لقمٰن ۳۱:۲۵

۱۶۔ (اے مخاطب!) کیا تو نے یہ نہیں دیکھا کہ اللہ رات کو دن میں داخل کرتا ہے اور دن کو رات میں داخل کرتا ہے اور اس نے سورج اور چاند کو کام میں لگایا ہر ایک مقرر وقت تک چلتا ہے۔ اور یہ کہ جو عمل تم کرتے ہو اللہ ان سے خبردار ہے۔

۔لقمٰن ۳۱:۲۹۔

۱۷۔ یہ اس لیے ہے کہ اللہ ہی (معبود) برحق ہے اور جس کو وہ اس کے سوا پکارتے ہیں باطل ہے اور اللہ ہی بلند مرتبہ، عالی قدر ہے۔

۔لقمٰن۔ ۳۱۔ ۳۰۔

۱۸۔ وہ رات کو دن میں داخل کرتا ہے اور دن کو رات میں داخل کرتا ہے اور اس نے سورج اور چاند کو کام میں لگا یا ہر ایک ایک مقرر وقت تک چلتا ہے۔ یہی اللہ ہے تمہارا پروردگار، اسی کی بادشاہت ہے اور جنہیں تم اس کے سوا پکارتے ہو، تس بھر بھی اختیار نہیں رکھتے۔ اگر تم انہیں پکارو تو وہ تمہاری پکار نہ سنیں اور اگر سنیں تو تمہاری بات قبول نہ کریں اور قیامت کے دن تمہارے شرک کے منکر ہوں گے اور (اے نبی ﷺ!) خبردار کی مانند تجھے نہ بتلائے گا۔

۔فاطر ۳۵:۱۳۔ ۱۴۔

۱۹۔ (اے نبی ﷺ!) کہہ دے کہ بھلا تم نے اپنے ان شریکوں (کے حال) پر نظر ڈالی، جنہیں تم اللہ کے سوا پکارتے ہو۔ مجھے بھی تو دکھلاؤ کہ انہوں نے کونسی زمین پیدا کی یا آسمانوں میں ان کا ساجھا ہے یا ہم نے انہیں کوئی کتاب دی ہے کہ وہ اس (کتاب) سے کسی کھلی دلیل پر ہیں۔ کوئی نہیں بلکہ ظالم بعض بعض کو نرے دھوکے ہی کے وعدے دیتے رہتے ہیں۔ بے شک اللہ آسمانوں اور زمین کو اس بات سے روکے ہوئے ہے کہ وہ (اپنی جگہ سے) ٹل جائیں اور اگر وہ ٹل جائیں تو اس کے بعد کوئی انہیں نہ تھام سکے۔ بے شک وہ بردبار ہے،

۱۷۔ ذٰلِكَ بِأَنَّ اللّٰهَ هُوَ الْحَقُّ وَأَنَّ مَا يَدْعُونَ مِنْ دُونِهِ الْبَاطِلُ وَأَنَّ اللّٰهَ هُوَ الْعَلِيُّ الْكَبِيرُ ۝

۱۸ يُولِجُ اللَّيْلَ فِي النَّهَارِ وَيُولِجُ النَّهَارَ فِي اللَّيْلِ وَسَخَّرَ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ كُلٌّ يَجْرِي لِأَجَلٍ مُسَمًّى ذٰلِكُمُ اللّٰهُ رَبُّكُمْ لَهُ الْمُلْكُ وَالَّذِينَ تَدْعُونَ مِنْ دُونِهِ مَا يَمْلِكُونَ مِنْ قِطْمِيرٍ ۝ إِنْ تَدْعُوهُمْ لَا يَسْمَعُوا دُعَاءَكُمْ وَلَوْ سَمِعُوا مَا اسْتَجَابُوا لَكُمْ وَيَوْمَ الْقِيَامَةِ يَكْفُرُونَ بِشِرْكِكُمْ وَلَا يُنَبِّئُكَ مِثْلُ خَبِيرٍ ۝

۱۹۔ قُلْ أَرَأَيْتُمْ شُرَكَاءَكُمُ الَّذِينَ تَدْعُونَ مِنْ دُونِ اللّٰهِ أَرُونِي مَاذَا خَلَقُوا مِنَ الْأَرْضِ أَمْ لَهُمْ شِرْكٌ فِي السَّمٰوٰتِ أَمْ آتَيْنٰهُمْ كِتٰبًا فَهُمْ عَلٰى بَيِّنَتٍ مِنْهُ بَلْ إِنْ يَعِدُ الظّٰلِمُونَ بَعْضُهُمْ بَعْضًا إِلَّا غُرُورًا ۝ إِنَّ اللّٰهَ يُمْسِكُ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضَ أَنْ تَزُولَا وَلَئِنْ زَالَتَا إِنْ أَمْسَكَهُمَا مِنْ أَحَدٍ مِنْ بَعْدِهِ إِنَّهُ كَانَ حَلِيمًا غَفُورًا ۝

۲۰۔ وَلَئِنْ سَأَلْتَهُمْ مَنْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضَ لَيَقُولُنَّ اللّٰهُ قُلْ أَفَرَأَيْتُمْ مَا تَدْعُونَ مِنْ دُونِ اللّٰهِ إِنْ أَرَادَنِيَ اللّٰهُ بِضُرٍّ هَلْ هُنَّ كٰشِفٰتُ ضُرِّهِ أَوْ أَرَادَنِي بِرَحْمَةٍ هَلْ هُنَّ مُمْسِكٰتُ رَحْمَتِهِ قُلْ حَسْبِيَ اللّٰهُ عَلَيْهِ يَتَوَكَّلُ الْمُتَوَكِّلُونَ ۝

بخشنے والا۔

۔فاطر ۳۵:۴۰۔ ۴۱۔

۲۰۔ اور (اے نبی ﷺ!) اگر تو ان سے پوچھے کہ آسمانوں اور زمین کو کس نے پیدا کیا تو وہ ضرور یہی کہیں گے کہ اللہ نے۔ تو کہہ تم مجھے یہ تو بتلاؤ کہ جنہیں تم اللہ کے سوا پکارتے ہو اگر اللہ مجھے کوئی تکلیف پہنچانا چاہے تو کیا وہ اس کی بھیجی ہوئی تکلیف ہٹا سکتے ہیں یا اگر وہ مجھ پر رحمت کرنے کا ارادہ کرے تو کیا وہ اس کی رحمت کو روک سکتے ہیں؟ تو کہہ کہ مجھے اللہ کافی ہے۔ بھروسا کرنے والے اسی پر بھروسا کرتے ہیں۔

۔الزمر ۳۹:۳۸۔

۲۱۔کیا انہوں نے اللہ کے سوا اور سفارشی پکڑے ہیں (اے نبی ﷺ!) کہہ کہ اگر چہ وہ کسی چیز کا نہ اختیار رکھتے ہوں اور نہ سمجھتے ہوں۔تو کہہ ساری سفارش اللہ ہی کے لیے ہے۔ اسی کے لیے آسمانوں اور زمین کی بادشاہت ہے۔پھر تم اسی کی طرف لوٹائے جاؤ گے۔

۔الزمر ۳۹:۴۳۔۴۴۔

۲۲۔اور (اے نبی ﷺ!) اگر تو ان سے پوچھے کہ آسمان اور زمین کو کس نے پیدا کیا؟ تو ضرور یہی کہیں گے کہ ان کو غالب، جاننے والے نے پیدا کیا ہے۔

۔الزخرف ۴۳:۹۔

۲۳۔اور اگر تو ان سے پوچھے کہ خود انہیں کس نے پیدا کیا؟ تو وہ ضرور کہیں گے اللہ نے۔پھر وہ کہاں سے پھیر دیے جاتے ہیں؟

۔الزخرف ۴۳:۸۷۔

۲۴۔کیا انہوں نے اپنے اوپر پرندوں کی طرف نظر نہیں ڈالی کہ پر پھیلائے ہوئے ہیں اور سمیٹ لیتے ہیں اور انہیں سوائے رحمٰن کے اور کوئی روکے ہوئے نہیں۔ بے شک وہ ہر چیز کو دیکھ رہا ہے۔ بھلا وہ کون ہے جو تمہارے لیے لشکر ہے کہ رحمٰن کے مقابلے میں تمہاری مدد کرے؟ کافر تو نرے دھوکے میں ہیں۔ بھلا وہ کون ہے کہ اگر اللہ اپنی روزی روک لے تو تمہیں روزی دے۔کوئی نہیں، بلکہ وہ لوگ سرکشی اور نفرت میں بڑھتے جاتے ہیں۔تو کیا جو شخص اوندھا اپنے منہ کے بل چلتا ہے وہ ہدایت پر ہے یا وہ جو سیدھا راہ پر سیدھا چلتا ہے؟

۔الملک ۶۷:۱۹۔۲۲۔

۲۱۔ أَمِ اتَّخَذُوا مِن دُونِ اللَّهِ شُفَعَاءَ ۚ قُلْ أَوَلَوْ كَانُوا لَا يَمْلِكُونَ شَيْئًا وَلَا يَعْقِلُونَ ۝ قُل لِّلَّهِ الشَّفَاعَةُ جَمِيعًا ۖ لَّهُ مُلْكُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ ۖ ثُمَّ إِلَيْهِ تُرْجَعُونَ ۝

۲۲۔ وَلَئِن سَأَلْتَهُم مَّنْ خَلَقَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ لَيَقُولُنَّ خَلَقَهُنَّ الْعَزِيزُ الْعَلِيمُ ۝

۲۳۔ وَلَئِن سَأَلْتَهُم مَّنْ خَلَقَهُمْ لَيَقُولُنَّ اللَّهُ ۖ فَأَنَّىٰ يُؤْفَكُونَ ۝

۲۴۔ أَوَلَمْ يَرَوْا إِلَى الطَّيْرِ فَوْقَهُمْ صَافَّاتٍ وَيَقْبِضْنَ ۚ مَا يُمْسِكُهُنَّ إِلَّا الرَّحْمَٰنُ ۚ إِنَّهُ بِكُلِّ شَيْءٍ بَصِيرٌ ۝ أَمَّنْ هَٰذَا الَّذِي هُوَ جُندٌ لَّكُمْ يَنصُرُكُم مِّن دُونِ الرَّحْمَٰنِ ۚ إِنِ الْكَافِرُونَ إِلَّا فِي غُرُورٍ ۝ أَمَّنْ هَٰذَا الَّذِي يَرْزُقُكُمْ إِنْ أَمْسَكَ رِزْقَهُ ۚ بَل لَّجُّوا فِي عُتُوٍّ وَنُفُورٍ ۝ أَفَمَن يَمْشِي مُكِبًّا عَلَىٰ وَجْهِهِ أَهْدَىٰ أَمَّن يَمْشِي سَوِيًّا عَلَىٰ صِرَاطٍ مُّسْتَقِيمٍ ۝

۲۵۔ لَقَدْ كَفَرَ الَّذِينَ قَالُوا إِنَّ اللَّهَ هُوَ الْمَسِيحُ ابْنُ مَرْيَمَ ۚ قُلْ فَمَن يَمْلِكُ مِنَ اللَّهِ شَيْئًا إِنْ أَرَادَ أَن يُهْلِكَ الْمَسِيحَ ابْنَ مَرْيَمَ وَأُمَّهُ وَمَن فِي الْأَرْضِ جَمِيعًا ۗ وَلِلَّهِ مُلْكُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا ۚ يَخْلُقُ مَا يَشَاءُ ۚ وَاللَّهُ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ ۝

۱۔ دلیلِ ابطالِ الوہیتِ مسیح علیہ السلام

۲۵۔ بے شک وہ لوگ کافر ہوئے جنہوں نے کہا کہ اللہ ہی مریم کا بیٹا مسیح ہے۔(اے نبی ﷺ!) پوچھ کہ بھلا وہ کون ہے جو اللہ کے ہاں سے کچھ اختیار رکھتا ہو۔اگر اللہ یہ چاہے کہ مریم کے بیٹے مسیح اور اس کی ماں کو اور ان سب کو جو زمین میں ہیں، ہلاک کر دے اور اللہ ہی کے لیے آسمانوں اور زمین کی اور جو کچھ ان کے درمیان ہے اس کی بادشاہت ہے۔ جو وہ چاہتا ہے پیدا کرتا ہے اور اللہ ہر شے پر قادر ہے۔

۔المائدۃ ۵:۱۷۔

۲۶۔ مریم کا بیٹا مسیح تو محض ایک رسول ہے۔ اس سے پہلے بھی رسول گزر چکے ہیں اور اس کی ماں صدیقہ ہے وہ دونوں کھانا کھایا کرتے تھے (اے نبی ﷺ!) ہم ان کے لیے کس طرح (اپنی وحدانیت کی) نشانیاں بیان کرتے ہیں۔ پھر دیکھ کہ کہاں سے (حق سے) پھیر دیے جاتے ہیں۔ (اے نبی ﷺ) پوچھ کہ کیا تم اللہ کے سوا ایسی چیز کو پوجتے ہو جو نہ تمہیں نقصان ہی پہنچا سکے اور نہ نفع ہی۔ اور اللہ جو ہے وہی سننے والا، جاننے والا ہے۔

۔المائدۃ ۵: ۷۵۔۷۶۔

۲۔ اللہ تعالیٰ کے مستحقِ عبادت ہونے کی دلیل

۲۷۔ اور مجھے کیا ہوا جو میں اس کی عبادت نہ کروں جس نے مجھے پیدا کیا اور تم اسی کی طرف لوٹائے جاؤ گے۔

۔یٰس ۳۶: ۲۲۔

۲۸۔ اے انسان! تجھے کس چیز نے تیرے کرم کرنے والے پروردگار کے بارے میں فریب دیا۔ جس نے تجھے پیدا کیا پھر تجھے ٹھیک کیا۔ پھر تجھے ہموار کیا۔ جس صورت میں چاہا تجھے ترکیب دیا۔ (فریب تو کسی نے) ہرگز نہیں دیا بلکہ تم قیامت کو جھٹلاتے ہو۔

۔الانفطار ۸۲: ۶۔۹۔

۲۹۔ (یہ جو کچھ ہوا محض) قریش کو الفت دلانے کے لیے انہیں جاڑوں اور گرمیوں کے سفر کی الفت دلانے کے لیے تو انہیں چاہیے کہ وہ بھی اس گھر کے پروردگار کی عبادت کریں جس نے بھوک میں انہیں کھانا دیا اور انہیں خوف سے امن دیا۔

۔قریش ۱۰۶: ۱۔۴۔

۲۲۹۔لیکن جو لوگ ایمان لائے وہ جانتے ہیں کہ وہ (مثال) ان کے پروردگار کی طرف سے ٹھیک ہے۔

۔البقرۃ ۲: ۲۶۔

۲۳۰۔اور لوگوں میں کوئی ایسے بھی ہیں جو اللہ کے سوا شریک ٹھہراتے ہیں وہ ان سے اللہ کی محبت کی مانند محبت رکھتے ہیں اور جو لوگ ایمان لائے ہیں وہ اللہ سے اس سے بہت زیادہ محبت رکھتے ہیں۔

۔البقرۃ ۲: ۱۶۵۔

۲۳۱۔رسول ایمان لایا جو اس کے پروردگار کی طرف سے اس پر اتارا گیا ہے اور مومن بھی۔ ہر ایک اللہ اور اس کے فرشتوں اور اس کی کتابوں اور اس کے رسولوں پر ایمان لایا۔ وہ کہتے ہیں کہ ہم نے سنا اور حکم مانا۔ اے ہمارے پروردگار! ہم تیری معافی چاہتے ہیں اور تیری ہی طرف لوٹ کر جانا ہے۔

۔البقرۃ ۲: ۲۸۵۔

۲۳۲۔مومن تو بس وہی ہیں کہ جب اللہ کا ذکر کیا جاتا ہے تو ان کے دل کانپ جاتے ہیں اور جب ان پر اس کی آیتیں پڑھی جاتی ہیں تو وہ ان کا ایمان اور بڑھا دیتی ہیں اور وہ اپنے پروردگار پر بھروسا رکھتے ہیں۔ جو لوگ نماز کو قائم رکھتے ہیں اور اس مال میں سے جو ہم نے انہیں دیا ہے خرچ کرتے ہیں۔ وہی سچے مومن ہیں۔ ان کے لیے ان کے پروردگار کے ہاں درجے ہیں اور مغفرت اور عزت کی روزی ہے۔

۔الانفال ۸: ۲۔۴۔

۲۳۳۔اور جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے ہجرت کی

۲۲۹۔فَاَمَّا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا فَیَعْلَمُوْنَ اَنَّهُ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّهِمْ

۲۳۰۔وَمِنَ النَّاسِ مَنْ یَّتَّخِذُ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اَنْدَادًا یُّحِبُّوْنَهُمْ كَحُبِّ اللّٰهِ ؕ وَالَّذِیْنَ اٰمَنُوْۤا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰهِ ؕ

۲۳۱۔اٰمَنَ الرَّسُوْلُ بِمَاۤ اُنْزِلَ اِلَیْهِ مِنْ رَّبِّهٖ وَالْمُؤْمِنُوْنَ ؕ كُلٌّ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَمَلٰٓئِكَتِهٖ وَكُتُبِهٖ وَرُسُلِهٖ ۟ لَا نُفَرِّقُ بَیْنَ اَحَدٍ مِّنْ رُّسُلِهٖ ۟ وَقَالُوْا سَمِعْنَا وَاَطَعْنَا ۗ غُفْرَانَكَ رَبَّنَا وَاِلَیْكَ الْمَصِیْرُ ۝

۲۳۲۔اِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ الَّذِیْنَ اِذَا ذُكِرَ اللّٰهُ وَجِلَتْ قُلُوْبُهُمْ وَاِذَا تُلِیَتْ عَلَیْهِمْ اٰیٰتُهٗ زَادَتْهُمْ اِیْمَانًا وَّعَلٰى رَبِّهِمْ یَتَوَكَّلُوْنَ ۝ الَّذِیْنَ یُقِیْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ یُنْفِقُوْنَ ۝ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُؤْمِنُوْنَ حَقًّا ؕ لَهُمْ دَرَجٰتٌ عِنْدَ رَبِّهِمْ وَمَغْفِرَةٌ وَّرِزْقٌ كَرِیْمٌ ۝

۲۳۳۔وَالَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَهَاجَرُوْا وَجٰهَدُوْا فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ وَالَّذِیْنَ اٰوَوْا وَّنَصَرُوْۤا اُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُؤْمِنُوْنَ حَقًّا ؕ لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّرِزْقٌ كَرِیْمٌ ۝

۲۳۴۔وَاِذَا مَاۤ اُنْزِلَتْ سُوْرَةٌ فَمِنْهُمْ مَّنْ یَّقُوْلُ اَیُّكُمْ زَادَتْهُ هٰذِهٖۤ اِیْمَانًا ۚ فَاَمَّا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا فَزَادَتْهُمْ اِیْمَانًا وَّهُمْ یَسْتَبْشِرُوْنَ ۝

۲۳۵۔اِنَّمَا كَانَ قَوْلَ الْمُؤْمِنِیْنَ اِذَا دُعُوْۤا اِلَى اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ لِیَحْكُمَ بَیْنَهُمْ اَنْ یَّقُوْلُوْا سَمِعْنَا وَاَطَعْنَا ؕ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ۝

اور اللہ کی راہ میں جہاد کیا اور جنہوں نے (مسلمانوں کو) جگہ دی اور ان کی مدد کی، وہی سچے مومن ہیں۔ ان کے لیے مغفرت اور عزت کی روزی ہے۔

۔الانفال ۸: ۷۴۔

۲۳۴۔اور جب کوئی سورت نازل کی جاتی ہے تو کوئی ان میں سے کہتا ہے کہ اس سورت نے تم میں سے کس کا ایمان بڑھایا۔ سو جو لوگ ایمان لائے ہیں ان کا ایمان اس نے بڑھا دیا اور وہ خوشی کرتے ہیں۔

۔التوبۃ ۹: ۱۲۴۔

۲۳۵۔مومنوں کا تو بس یہی قول ہے کہ جب وہ اللہ اور اس کے رسول کی طرف بلائے جاتے ہیں تا کہ وہ ان کے درمیان فیصلہ کرے تو کہہ دیتے ہیں کہ ہم نے سنا اور مانا اور یہی لوگ فلاح پانے والے ہیں۔

۔النور ۲۴: ۵۱۔

۲۳۶۔ إِنَّمَا الْمُؤْمِنُونَ الَّذِينَ آمَنُوا بِاللَّهِ وَرَسُولِهِ وَإِذَا كَانُوا مَعَهُ عَلَىٰ أَمْرٍ جَامِعٍ لَّمْ يَذْهَبُوا حَتَّىٰ يَسْتَأْذِنُوهُ ۚ إِنَّ الَّذِينَ يَسْتَأْذِنُونَكَ أُولَٰئِكَ الَّذِينَ يُؤْمِنُونَ بِاللَّهِ وَرَسُولِهِ ۚ فَإِذَا اسْتَأْذَنُوكَ لِبَعْضِ شَأْنِهِمْ فَأْذَن لِّمَن شِئْتَ مِنْهُمْ وَاسْتَغْفِرْ لَهُمُ اللَّهَ ۚ إِنَّ اللَّهَ غَفُورٌ رَّحِيمٌ

۲۳۷۔ الَّذِينَ يُقِيمُونَ الصَّلَاةَ وَيُؤْتُونَ الزَّكَاةَ وَهُم بِالْآخِرَةِ هُمْ يُوقِنُونَ أُولَٰئِكَ عَلَىٰ هُدًى مِّن رَّبِّهِمْ ۖ وَأُولَٰئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُونَ

۲۳۸۔ إِنَّمَا يُؤْمِنُ بِآيَاتِنَا الَّذِينَ إِذَا ذُكِّرُوا بِهَا خَرُّوا سُجَّدًا وَسَبَّحُوا بِحَمْدِ رَبِّهِمْ وَهُمْ لَا يَسْتَكْبِرُونَ ۩ تَتَجَافَىٰ جُنُوبُهُمْ عَنِ الْمَضَاجِعِ يَدْعُونَ رَبَّهُمْ خَوْفًا وَطَمَعًا وَمِمَّا رَزَقْنَاهُمْ يُنفِقُونَ

۲۳۹۔ إِنَّمَا الْمُؤْمِنُونَ الَّذِينَ آمَنُوا بِاللَّهِ وَرَسُولِهِ ثُمَّ لَمْ يَرْتَابُوا وَجَاهَدُوا بِأَمْوَالِهِمْ وَأَنفُسِهِمْ فِي سَبِيلِ اللَّهِ ۚ أُولَٰئِكَ هُمُ الصَّادِقُونَ

۲۴۰۔ لَّا تَجِدُ قَوْمًا يُؤْمِنُونَ بِاللَّهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ يُوَادُّونَ مَنْ حَادَّ اللَّهَ وَرَسُولَهُ وَلَوْ كَانُوا آبَاءَهُمْ أَوْ أَبْنَاءَهُمْ أَوْ إِخْوَانَهُمْ أَوْ عَشِيرَتَهُمْ ۚ أُولَٰئِكَ كَتَبَ فِي قُلُوبِهِمُ الْإِيمَانَ وَأَيَّدَهُم بِرُوحٍ مِّنْهُ ۖ وَيُدْخِلُهُمْ جَنَّاتٍ تَجْرِي مِن تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ خَالِدِينَ فِيهَا ۚ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمْ وَرَضُوا عَنْهُ ۚ أُولَٰئِكَ حِزْبُ اللَّهِ ۚ أَلَا إِنَّ حِزْبَ اللَّهِ هُمُ الْمُفْلِحُونَ

۲۳۶۔ مومن تو بس وہی ہیں جو اللہ اور اس کے رسول پر ایمان لائے اور جب وہ اس کے ساتھ کسی ایسی بات کے لیے جمع ہوتے ہیں، جن میں جمع ہونے کی ضرورت ہے تو جب تک اس سے اجازت نہ لے لیں نہیں جاتے۔ کچھ شک نہیں کہ جو لوگ تجھ سے اجازت مانگتے ہیں، وہی اللہ اور اس کے رسول پر ایمان رکھتے ہیں۔ سو جب وہ تجھ سے اپنے کسی ضروری کام کے لیے اجازت مانگیں تو جس کو تو چاہے ان میں سے اجازت دے دے اور اللہ سے ان کے لیے معافی مانگ۔ بے شک اللہ بخشنے والا، مہربان ہے۔

۔النور ۲۴: ۶۲۔

۲۳۷۔ جو لوگ نماز کو قائم رکھتے ہیں اور زکوۃ دیتے ہیں اور آخرت پر یقین رکھتے ہیں۔ وہی اپنے پروردگار کی طرف سے ہدایت پر ہیں اور وہی فلاح پانے والے ہیں۔

۔لقمٰن ۳۱: ۴۔۵۔

۲۳۸۔ ہماری آیتوں پر تو بس وہی ایمان لاتے ہیں کہ جب انہیں ان آیتوں سے نصیحت کی جاتی ہیں تو وہ سجدے میں گر پڑتے ہیں اور اپنے پروردگار کی تعریف کے ساتھ (اس کی) پاکی بیان کرتے ہیں اور وہ غرور نہیں کرتے۔ خواب گاہوں سے ان کے پہلو علیحدہ ہو جاتے ہیں اپنے پروردگار کو ڈر اور لالچ سے پکارتے ہیں اور جو ہم نے انہیں دیا ہے اس میں سے خرچ کرتے ہیں۔

۔السجدۃ ۳۲: ۱۵۔۱۶۔

۲۳۹۔ مومن تو بس وہی ہیں جو اللہ اور اس کے رسول پر ایمان لائے پھر انہوں نے اس میں کچھ شک نہیں کیا اور اللہ کی راہ میں اپنی جان و مال سے جہاد کیا۔ وہی (اپنے ایمان میں) سچے ہیں۔

۔الحجرات ۴۹: ۱۵۔

۲۴۰۔ (اے نبی ﷺ!) تو ان لوگوں کو جو اللہ اور قیامت پر ایمان رکھتے ہیں، ایسا نہیں پائے گا کہ اس شخص سے محبت رکھیں جو اللہ اور اس کے رسول کا مخالف ہے اگرچہ وہ ان کے باپ ہوں یا ان کے بیٹے یا ان کے بھائی یا ان کے کنبے والے۔ یہی لوگ ہیں جن کے دلوں میں اللہ نے ایمان لکھ دیا اور اپنی تائید سے ان کو قوت دی اور وہ انہیں ایسے باغوں میں داخل کرے گا جن کے (درختوں کے) نیچے نہریں جاری ہیں، وہ ہمیشہ انہیں میں رہیں گے۔ اللہ ان سے راضی ہوا اور وہ اس سے راضی ہوئے۔ یہی لوگ اللہ کی جماعت ہیں۔ سن لو کہ اللہ کی جو جماعت ہے، وہی فلاح پانے والی ہے۔

۔المجادلۃ ۵۸: ۲۲۔

تزکیۂ نفس

۱۔ اپنے آپ کو پاک نہ کہو

۱۔ وہ تم کو خوب جانتا ہے جب اس نے تم کو زمین سے پیدا کیا اور جب تم اپنی ماؤں کے پیٹوں میں چھپے تھے۔ تو اپنے آپ کو پاک نہ کہو۔ وہ خوب جانتا ہے جو متقی ہے۔

۔النجم ۵۳:۳۲۔

۲۔ تزکیۂ نفس کرنے والوں کو فلاح

۲۔ قسم ہے سورج اور اس کی روشنی کی اور چاند کی جب وہ اس کے پیچھے آئے اور دن کی جب وہ اس کو روشن کرے اور رات کی جب وہ اس پر چھا جائے اور آسمان اور اس کے بنانے کی اور زمین اور اس کے پھیلانے کی اور جان اور اس کے درست بنانے کی۔ پھر اس نے اس کو سمجھ دی اس کی بدکاری اور پرہیزگاری کی۔ بے شک وہ مراد کو پہنچا جس نے اس کو سنوار لیا۔

۔الشمس ۹۱:۱۔۹۔

۳۔ تزکیۂ نفس نہ کرنے والوں کی نامرادی

۳۔ اور نامراد ہوا جس نے اس کو خاک میں دبا دیا۔

۔الشمس ۹۱:۱۰۔

ماتعلق بالجبر والقدر واختیار العباد فی افعالھم

۱۔ اللہ کے ہاں ہر شے کا اندازہ مقرر ہے

۱۔ اور کوئی شے ایسی نہیں ہے جس کے ہمارے پاس خزانے موجود نہ ہوں اور ہم اس کو مقررہ اندازے کے ساتھ اتارتے ہیں۔

۔الحجر ۱۵:۲۱۔

۱۔ هُوَ اَعْلَمُ بِكُمْ اِذْ اَنْشَاَكُمْ مِّنَ الْاَرْضِ وَاِذْ اَنْتُمْ اَجِنَّةٌ فِيْ بُطُوْنِ اُمَّهٰتِكُمْ ۚ فَلَا تُزَكُّوْٓا اَنْفُسَكُمْ ۭ هُوَ اَعْلَمُ بِمَنِ اتَّقٰى ۝

۲۔ وَالشَّمْسِ وَضُحٰىهَا ۝ وَالْقَمَرِ اِذَا تَلٰىهَا ۝ وَالنَّهَارِ اِذَا جَلّٰىهَا ۝ وَالَّيْلِ اِذَا يَغْشٰىهَا ۝ وَالسَّمَاۗءِ وَمَا بَنٰىهَا ۝ وَالْاَرْضِ وَمَا طَحٰىهَا ۝ وَنَفْسٍ وَّمَا سَوّٰىهَا ۝ فَاَلْهَمَهَا فُجُوْرَهَا وَتَقْوٰىهَا ۝ قَدْ اَفْلَحَ مَنْ زَكّٰىهَا ۝

۳۔ وَقَدْ خَابَ مَنْ دَسّٰىهَا ۝

۱۔ وَاِنْ مِّنْ شَيْءٍ اِلَّا عِنْدَنَا خَزَاۗىِٕنُهٗ ۡ وَمَا نُنَزِّلُهٗٓ اِلَّا بِقَدَرٍ مَّعْلُوْمٍ ۝

۲۔ اِنَّا كُلَّ شَيْءٍ خَلَقْنٰهُ بِقَدَرٍ ۝

۳۔ قَدْ جَعَلَ اللّٰهُ لِكُلِّ شَيْءٍ قَدْرًا ۝

۴۔ وَالَّذِيْ قَدَّرَ فَهَدٰى ۝

۵۔ وَمَآ اَهْلَكْنَا مِنْ قَرْيَةٍ اِلَّا وَلَهَا كِتَابٌ مَّعْلُوْمٌ ۝

۶۔ اِنَّ ذٰلِكَ فِيْ كِتٰبٍ ۭ

۷۔ وَمَا تَحْمِلُ مِنْ اُنْثٰى وَلَا تَضَعُ اِلَّا بِعِلْمِهٖ ۭ وَمَا يُعَمَّرُ مِنْ مُّعَمَّرٍ وَّلَا يُنْقَصُ مِنْ عُمُرِهٖٓ اِلَّا فِيْ كِتٰبٍ ۭ

۲۔ بے شک ہم نے ہر شے کو ایک اندازے کے ساتھ پیدا کیا ہے۔

۔القمر ۵۴:۴۹۔

۳۔ بے شک اللہ نے ہر چیز کا ایک اندازہ مقرر کیا ہے۔

۔الطلاق ۶۵:۳۔

۴۔ اور وہ جس نے اندازہ کیا پھر راہ بتائی۔

۔الاعلیٰ ۸۷:۳۔

۲۔ ہر ایک بات کتاب میں لکھی ہوئی ہے

۵۔ اور ہم نے جس بستی کو بھی ہلاک کیا اس کے لیے معلوم نوشتہ تھا۔

۔الحجر ۱۵:۴۔

۶۔ بے شک یہ کتاب میں ہے۔

۔الحج ۲۲:۷۰۔

۷۔ اور کوئی عورت نہ پیٹ میں رکھتی ہے اور نہ جنتی ہے مگر اللہ کے علم سے اور نہ کوئی دراز عمر عمر دیا جاتا ہے اور نہ اس کی عمر سے کچھ کم کیا جاتا ہے مگر کتاب میں لکھا ہوا ہے۔

۔فاطر ۳۵:۱۱۔

۸۔اور ہر بات جو انہوں نے کی ہے کتاب میں موجود ہے اور چھوٹا بڑا کام لکھا ہوا ہے۔

۔القمر ۵۴: ۵۲۔۵۳۔

۹۔کوئی مصیبت زمین میں نہیں پہنچتی اور نہ تمہاری جانوں میں جو اس سے پہلے کتاب میں لکھی ہوئی نہ ہو کہ ہم اس مصیبت کو پیدا کریں۔ بے شک یہ (کام) اللہ پر آسان ہے۔ تاکہ جو شے تم سے جاتی رہے اس پر تم غم نہ کرو اور جو اس نے تم کو دیا ہے اس سے خوش نہ ہو اور اللہ ہر بڑائی مارنے والے، شیخی خورے کو دوست نہیں رکھتا۔

۔الحدید ۵۷: ۲۲۔۲۳۔

۳۔ اللہ کے پاس حق بولتی کتاب ہے

۱۰۔اور ہم کسی جی کو اس کی طاقت سے زیادہ تکلیف نہیں دیتے اور ہمارے پاس ایک کتاب ہے جو سچ سچ کہہ دیتی ہے اور ان پر ظلم نہیں کیا جائے گا۔

۔المومنون ۲۳: ۶۲۔

۴۔ کتاب المحو والاثبات

۱۱۔اللہ جو چاہتا ہے مٹاتا ہے اور (جو چاہتا ہے) قائم رکھتا ہے اور اس کے پاس اصل کتاب ہے۔

۔الرعد ۱۳: ۳۹۔

۵۔ کل کام آسمان سے اترتے ہیں

۱۲۔آسمان سے زمین کی طرف اتار کر کام کی تدبیر کرتا ہے پھر وہ کام اس کی طرف اوپر چڑھ جاتا ہے اس دن میں جس کی مقدار ہزار سال ہے ان سالوں سے جو تم گنتے ہو۔

۔السجدۃ ۳۲: ۵۔

۶۔ اللہ کی مرضی کے بغیر انسان کچھ نہیں کر سکتا

۱۳۔سو تم نے ان کو قتل نہیں کیا لیکن اللہ نے ان کو قتل کیا اور (اے پیغمبر ﷺ!) جب تو نے (ان کی طرف) پھینکا تھا تو

۸۔ وَكُلُّ شَيْءٍ فَعَلُوهُ فِي الزُّبُرِ ﴿٥٢﴾ وَكُلُّ صَغِيرٍ وَكَبِيرٍ مُّسْتَطَرٌ ﴿٥٣﴾

۹۔ مَا أَصَابَ مِن مُّصِيبَةٍ فِي الْأَرْضِ وَلَا فِي أَنفُسِكُمْ إِلَّا فِي كِتَابٍ مِّن قَبْلِ أَن نَّبْرَأَهَا ۚ إِنَّ ذَٰلِكَ عَلَى اللَّهِ يَسِيرٌ ﴿٢٢﴾ لِّكَيْلَا تَأْسَوْا عَلَىٰ مَا فَاتَكُمْ وَلَا تَفْرَحُوا بِمَا آتَاكُمْ ۗ وَاللَّهُ لَا يُحِبُّ كُلَّ مُخْتَالٍ فَخُورٍ ﴿٢٣﴾

۱۰۔ وَلَا نُكَلِّفُ نَفْسًا إِلَّا وُسْعَهَا ۖ وَلَدَيْنَا كِتَابٌ يَنطِقُ بِالْحَقِّ ۚ وَهُمْ لَا يُظْلَمُونَ ﴿٦٢﴾

۱۱۔ يَمْحُو اللَّهُ مَا يَشَاءُ وَيُثْبِتُ ۖ وَعِندَهُ أُمُّ الْكِتَابِ ﴿٣٩﴾

۱۲۔ يُدَبِّرُ الْأَمْرَ مِنَ السَّمَاءِ إِلَى الْأَرْضِ ثُمَّ يَعْرُجُ إِلَيْهِ فِي يَوْمٍ كَانَ مِقْدَارُهُ أَلْفَ سَنَةٍ مِّمَّا تَعُدُّونَ ﴿٥﴾

۱۳۔ فَلَمْ تَقْتُلُوهُمْ وَلَٰكِنَّ اللَّهَ قَتَلَهُمْ ۚ وَمَا رَمَيْتَ إِذْ رَمَيْتَ وَلَٰكِنَّ اللَّهَ رَمَىٰ ۚ وَلِيُبْلِيَ الْمُؤْمِنِينَ مِنْهُ بَلَاءً حَسَنًا ۚ إِنَّ اللَّهَ سَمِيعٌ عَلِيمٌ ۝

۱۴۔ قُلْ كُلٌّ مِّنْ عِندِ اللَّهِ ۖ

۱۵۔ مَا أَصَابَ مِن مُّصِيبَةٍ إِلَّا بِإِذْنِ اللَّهِ ۗ

۱۶۔ وَمَا كَانَ النَّاسُ إِلَّا أُمَّةً وَاحِدَةً فَاخْتَلَفُوا ۚ وَلَوْلَا كَلِمَةٌ سَبَقَتْ

(حقیقت میں) تو نے نہیں پھینکا تھا لیکن اللہ نے پھینکا تھا، تاکہ مومنوں کی طرف سے اچھی طرح آزمائش کرے۔ بے شک اللہ سننے والا، جاننے والا ہے۔

۔الانفال ۸: ۱۷۔

۷۔ سب کچھ اللہ کی طرف سے ہے

۱۴۔کہہ دے کہ (راحت و تکلیف) سب اللہ کی طرف سے ہے۔

۔النساء ۴: ۷۸۔

۱۵۔کوئی مصیبت بھی اللہ کے حکم کے بغیر نہیں پہنچتی۔

۔التغابن ۶۴: ۱۱۔

۸۔ لوگوں کا اختلاف اللہ کی طرف سے ہے

۱۶۔اور سب آدمی ایک ہی جماعت تھے پھر وہ مختلف ہو گئے اور اگر ایک بات نہ ہوتی جو تیرے پروردگار کی طرف سے پہلے ہی مقرر ہو چکی ہے تو ان

کے درمیان ان باتوں میں جن میں وہ باہم اختلاف کرتے ہیں کبھی کا فیصلہ ہو چکا ہوتا۔

-یونس ۱۰:۱۹-

۱۷۔اور اگر تیرا پروردگار چاہتا تو سب لوگوں کو ایک ہی جماعت بنا دیتا اور وہ ہمیشہ اختلاف کرتے رہیں گے مگر وہ جس پر تیرا پروردگار رحم کرے اور اس نے اسی (اختلاف) کے لیے ان کو پیدا کیا ہے اور تیرے پروردگار کی بات پوری ہوگئی کہ میں ضرور دوزخ کو جنوں اور آدمیوں سے سب سے ہی بھر دوں گا۔

-ہود ۱۱:۱۱۸-۱۱۹-

۹۔ لوگوں کا ایمان لانا اللہ کے حکم پر موقوف ہے

۱۸۔بے شک جن لوگوں پر تیرے پروردگار کی بات پوری ہوگئی وہ ایمان نہیں لائیں گے اگرچہ ان کے پاس ہر ایک نشانی آجائے یہاں تک کہ وہ دردناک عذاب دیکھ لیں۔

-یونس ۱۰:۹۶-۹۷-

۱۹۔اور اگر تیرا پروردگار چاہتا تو وہ سب جو زمین میں ہیں ایک ساتھ ہی ایمان لے آتے۔تو کیا تو لوگوں کو مجبور کرے گا کہ وہ ایمان لے آئیں۔اور کسی جان کا کام نہیں کہ اللہ کے حکم کے بغیر ایمان لے آئے اور اللہ ان پر جو عقل نہیں رکھتے پلیدی ڈالتا ہے۔

-یونس ۱۰:۹۹-۱۰۰-

۱۰۔ انسان کا دل اللہ کے اختیار میں ہے

۲۰۔اور جان لو کہ اللہ آدمی اور اس کے دل کے درمیان حائل ہو جاتا ہے۔

-الانفال ۸:۲۴-

مِن رَّبِّكَ لَقُضِيَ بَيْنَهُمْ فِيمَا فِيهِ يَخْتَلِفُونَ ۝

۱۷۔ وَلَوْ شَآءَ رَبُّكَ لَجَعَلَ النَّاسَ أُمَّةً وَّاحِدَةً وَّلَا يَزَالُونَ مُخْتَلِفِينَ ۝ إِلَّا مَن رَّحِمَ رَبُّكَ ۚ وَلِذَٰلِكَ خَلَقَهُمْ ۗ وَتَمَّتْ كَلِمَةُ رَبِّكَ لَأَمْلَأَنَّ جَهَنَّمَ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ أَجْمَعِينَ ۝

۱۸۔ إِنَّ الَّذِينَ حَقَّتْ عَلَيْهِمْ كَلِمَتُ رَبِّكَ لَا يُؤْمِنُونَ ۝ وَلَوْ جَآءَتْهُمْ كُلُّ آيَةٍ حَتَّىٰ يَرَوُا الْعَذَابَ الْأَلِيمَ ۝

۱۹۔ وَلَوْ شَآءَ رَبُّكَ لَآمَنَ مَن فِي الْأَرْضِ كُلُّهُمْ جَمِيعًا ۚ أَفَأَنتَ تُكْرِهُ النَّاسَ حَتَّىٰ يَكُونُوا مُؤْمِنِينَ ۝ وَمَا كَانَ لِنَفْسٍ أَن تُؤْمِنَ إِلَّا بِإِذْنِ اللَّهِ ۚ وَيَجْعَلُ الرِّجْسَ عَلَى الَّذِينَ لَا يَعْقِلُونَ ۝

۲۰۔ وَاعْلَمُوا أَنَّ اللَّهَ يَحُولُ بَيْنَ الْمَرْءِ وَقَلْبِهِ

۲۱۔ قُل لَّن يُصِيبَنَا إِلَّا مَا كَتَبَ اللَّهُ لَنَا ۚ هُوَ مَوْلَانَا ۚ وَعَلَى اللَّهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُونَ ۝

۲۲۔ الٓرٰ ۚ تِلْكَ آيَاتُ الْكِتَابِ وَقُرْآنٍ مُّبِينٍ ۝ رُّبَمَا يَوَدُّ الَّذِينَ كَفَرُوا لَوْ كَانُوا مُسْلِمِينَ ۝ ذَرْهُمْ يَأْكُلُوا وَيَتَمَتَّعُوا وَيُلْهِهِمُ الْأَمَلُ ۖ فَسَوْفَ يَعْلَمُونَ ۝ وَمَا أَهْلَكْنَا مِن قَرْيَةٍ إِلَّا وَلَهَا كِتَابٌ مَّعْلُومٌ ۝ مَّا تَسْبِقُ مِنْ أُمَّةٍ أَجَلَهَا وَمَا يَسْتَأْخِرُونَ ۝

۱۱۔ اللہ کا لکھا ہوا انسان کو پہنچتا ہے

۲۱۔کہہ دے کہ ہم کو ہرگز مصیبت نہیں پہنچے گی مگر اتنی ہی جو اللہ نے ہمارے لیے لکھ دی ہے۔وہی ہمارا مالک ہے اور مومنوں کو اللہ ہی پر بھروسا رکھنا چاہیے۔

-التوبۃ ۹:۵۱-

۱۲۔ کوئی شے مقررہ وقت سے آگے پیچھے نہیں ہٹ سکتی

۲۲۔یہ کتاب اور بیان کرنے والے قرآن کی آیتیں ہیں۔بہت ہوگا کہ وہ لوگ جو کافر ہیں، چاہیں گے کہ کاش وہ مسلمان ہوتے۔انہیں چھوڑ کہ کھائیں اور فائدہ اٹھائیں اور اُمید اُن کو غفلت میں رکھے۔عنقریب ہی وہ معلوم کرلیں گے اور ہم نے کوئی بستی ہلاک نہیں کی جس کے لیے معلوم نوشتہ نہ ہو۔کوئی اُمت نہ اپنی معیاد سے آگے جاتی ہے اور نہ پیچھے رہتی ہے۔

-الحجر ۱۵:۱-۵-

۲۳۔ اور ہر ایک اُمت کے لیے ایک میعاد ہے جب آ جاتی ہے تو نہ ایک ساعت پیچھے رہتے ہیں اور نہ آگے جاتے ہیں۔

۔الاعراف ۷: ۳۴۔

۲۴۔ ہر امت کے لیے ایک میعاد ہے پھر جب ان کی میعاد آ جاتی ہے تو نہ ایک ساعت پیچھے رہتے ہیں اور نہ آگے جاتے ہیں۔

۔یونس ۱۰: ۴۹۔

۲۵۔ پھر جب ان کی میعاد آ جاتی ہے تو نہ ایک ساعت پیچھے رہتے ہیں اور نہ آگے جاتے ہیں۔

۔النحل ۱۶: ۶۱۔

۲۶۔ کہہ دے کہ تمہارے لیے ایک دن مقرر ہے۔ اس سے نہ تم ایک ساعت پیچھے رہو گے اور نہ آگے بڑھو گے۔

۔سبا ۳۴: ۳۰۔

۱۳۔ اللہ کسی کو اس کی گنجائش سے زیادہ تکلیف نہیں دیتا

۲۷۔ کسی جان کو اس کی گنجائش سے زیادہ تکلیف نہیں دی جاتی۔

۔البقرۃ ۲: ۲۳۳۔

۲۸۔ اللہ کسی جان کو اس کی گنجائش سے زیادہ تکلیف نہیں دیتا۔

۔البقرۃ ۲: ۲۸۶۔

۲۹۔ اور ہم کسی جان کو اس کی گنجائش سے زیادہ تکلیف نہیں دیتے۔

۔المومنون ۲۳: ۶۲۔

۳۰۔ ہم کسی جان کو اُس کی گنجائش سے زیادہ تکلیف نہیں دیتے۔

۔الانعام ۶: ۱۵۲ و الاعراف ۷: ۴۲۔

۳۱۔ اللہ کسی جان کو اُس سے زیادہ تکلیف نہیں دیتا جس قدر اُس نے اسے دیا ہے۔

۔الطلاق ۶۵: ۷۔

۲۳۔ وَلِكُلِّ أُمَّةٍ أَجَلٌ ۖ فَإِذَا جَاءَ أَجَلُهُمْ لَا يَسْتَأْخِرُونَ سَاعَةً ۖ وَلَا يَسْتَقْدِمُونَ ﴿۳۴﴾

۲۴۔ لِكُلِّ أُمَّةٍ أَجَلٌ ۚ إِذَا جَاءَ أَجَلُهُمْ فَلَا يَسْتَأْخِرُونَ سَاعَةً ۖ وَلَا يَسْتَقْدِمُونَ ﴿۴۹﴾

۲۵۔ فَإِذَا جَاءَ أَجَلُهُمْ لَا يَسْتَأْخِرُونَ سَاعَةً ۖ وَلَا يَسْتَقْدِمُونَ ﴿۶۱﴾

۲۶۔ قُلْ لَكُمْ مِيعَادُ يَوْمٍ لَا تَسْتَأْخِرُونَ عَنْهُ سَاعَةً وَلَا تَسْتَقْدِمُونَ ﴿۳۰﴾

۲۷۔ لَا تُكَلَّفُ نَفْسٌ إِلَّا وُسْعَهَا ۚ

۲۸۔ لَا يُكَلِّفُ اللَّهُ نَفْسًا إِلَّا وُسْعَهَا ۚ

۲۹۔ وَلَا نُكَلِّفُ نَفْسًا إِلَّا وُسْعَهَا

۳۰۔ لَا نُكَلِّفُ نَفْسًا إِلَّا وُسْعَهَا ۖ

۳۱۔ لَا يُكَلِّفُ اللَّهُ نَفْسًا إِلَّا مَا آتَاهَا ۚ

۳۲۔ فَأَمَّا مَنْ أَعْطَىٰ وَاتَّقَىٰ ﴿۵﴾ وَصَدَّقَ بِالْحُسْنَىٰ ﴿۶﴾ فَسَنُيَسِّرُهُ لِلْيُسْرَىٰ ﴿۷﴾ وَأَمَّا مَنْ بَخِلَ وَاسْتَغْنَىٰ ﴿۸﴾ وَكَذَّبَ بِالْحُسْنَىٰ ﴿۹﴾ فَسَنُيَسِّرُهُ لِلْعُسْرَىٰ ﴿۱۰﴾ وَمَا يُغْنِي عَنْهُ مَالُهُ إِذَا تَرَدَّىٰ ﴿۱۱﴾

۳۳۔ فَأَلْهَمَهَا فُجُورَهَا وَتَقْوَاهَا ﴿۸﴾

۳۴۔ مَا أَصَابَكَ مِنْ حَسَنَةٍ فَمِنَ اللَّهِ ۖ وَمَا أَصَابَكَ مِنْ سَيِّئَةٍ فَمِنْ نَفْسِكَ ۚ

۱۴۔ اللہ نیکوں کو نیکی کی توفیق دیتا ہے اور بدوں کو بدی کی

۳۲۔ سو جس نے (اللہ کی راہ میں) دیا اور ڈرا اور اچھی بات کو سچ جانا ہم اس کو نیکی کی توفیق دیں گے۔ لیکن جس نے بخل کیا اور بے پروائی کی اور اچھی بات کو جھوٹ جانا، ہم اسے بدی کی توفیق دیں گے۔ اور اس کا مال کچھ کام نہ آئے گا جب وہ اوندھا گرے گا۔

اللیل ۹۲: ۵۔۱۱

۱۵۔ انسان کو اللہ نے نیک و بد دونوں رستے دکھلا دیے ہیں

۳۳۔ پھر اللہ نے اس کے دل میں اس کی بدکاری اور اس کی پرہیزگاری ڈالی۔

۔الشمس ۹۱: ۸۔

۱۶۔ نیکی اللہ کی طرف سے اور بدی انسان کی طرف سے

۳۴۔ جو بھلائی تجھے پہنچی وہ اللہ کی طرف سے ہے اور جو تکلیف تجھے پہنچی وہ تیرے نفس کی طرف سے ہے۔

۔النساء ۴: ۷۹۔

۱۷۔ انسان کی مرضی پوری نہیں ہوسکتی

۳۵۔کہیں انسان کو من مانی مراد بھی ملی ہے۔سو آخرت اور دنیا سب کچھ اللہ کے اختیار میں ہے۔

-النجم ۵۳-۲۴-۲۵

اسلام

۱۔ اسلام لانے کا حکم

۱۔ کہہ دے کیا ہم اللہ کے سوا اس کو پکاریں جو نہ ہم کو نفع پہنچا سکے اور نہ ہمیں نقصان پہنچا سکے اور کیا ہم اس کے بعد کہ اللہ نے ہم کو ہدایت پر لگا دیا ہے اس شخص کی طرح اپنی ایڑیوں پر (کفر کی طرف) لوٹ جائیں جس کو جنوں نے جنگل میں حیران چھوڑ دیا ہے، اس کے کچھ دوست ہیں جو اس کو ہدایت کی طرف بلاتے ہیں کہ ہمارے پاس آ۔ کہہ دے اللہ ہی کی ہدایت اصلی ہدایت ہے اور ہمیں تو یہ حکم دیا گیا ہے کہ جہانوں کے پروردگار کے فرماں بردار رہیں۔

-الانعام ۶: ۷۱-

۲۔سو تم اسی کا حکم مانو اور (اے نبی ﷺ) تو نیکوں کو بشارت دے۔

-الحج ۲۲: ۳۴-

۳۔اور مجھے حکم دیا گیا ہے کہ میں فرماں برداروں میں رہوں۔

-النحل ۲۷: ۹۱-

۴۔تو تو ایک خدا کا ہو کر دین کی طرف منہ اپنا قائم رکھ۔یہ خدا کی بنائی ہوئی سرشت ہے۔جس پر اس نے لوگوں کو پیدا کیا ہے۔اللہ کی پیدائش میں تبدیلی نہیں ہے۔یہی دین

۳۵۔اَمْ لِلْاِنْسَانِ مَا تَمَنّٰی ۞ فَلِلّٰهِ الْاٰخِرَةُ وَالْاُوْلٰی ۞

۱۔قُلْ اَنَدْعُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَا لَا يَنْفَعُنَا وَلَا يَضُرُّنَا وَنُرَدُّ عَلٰٓى اَعْقَابِنَا بَعْدَ اِذْ هَدٰىنَا اللّٰهُ كَالَّذِى اسْتَهْوَتْهُ الشَّيٰطِيْنُ فِى الْاَرْضِ حَيْرَانَ لَهٗٓ اَصْحٰبٌ يَّدْعُوْنَهٗٓ اِلَى الْهُدَى ائْتِنَا ؕ قُلْ اِنَّ هُدَى اللّٰهِ هُوَ الْهُدٰى ؕ وَاُمِرْنَا لِنُسْلِمَ لِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۞

۲۔فَلَهٗٓ اَسْلِمُوْا ؕ وَبَشِّرِ الْمُخْبِتِيْنَ ۞

۳۔وَاُمِرْتُ اَنْ اَكُوْنَ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ ۞

۴۔فَاَقِمْ وَجْهَكَ لِلدِّيْنِ حَنِيْفًا ؕ فِطْرَتَ اللّٰهِ الَّتِىْ فَطَرَ النَّاسَ عَلَيْهَا ؕ لَا تَبْدِيْلَ لِخَلْقِ اللّٰهِ ؕ ذٰلِكَ الدِّيْنُ الْقَيِّمُ ۙ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ ۞

۵۔فَاَقِمْ وَجْهَكَ لِلدِّيْنِ الْقَيِّمِ مِنْ قَبْلِ اَنْ يَّاْتِىَ يَوْمٌ لَّا مَرَدَّ لَهٗ مِنَ اللّٰهِ يَوْمَئِذٍ يَّصَّدَّعُوْنَ ۞

۶۔وَاُمِرْتُ لِاَنْ اَكُوْنَ اَوَّلَ الْمُسْلِمِيْنَ ۞

۷۔يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا ادْخُلُوْا فِى السِّلْمِ كَآفَّةً ۠

۸۔وَاَنِيْبُوْٓا اِلٰى رَبِّكُمْ وَاَسْلِمُوْا لَهٗ مِنْ قَبْلِ اَنْ يَّاْتِيَكُمُ الْعَذَابُ ثُمَّ

سیدھا ہے۔لیکن اکثر آدمی اس بات کو نہیں جانتے۔

-الروم ۳۰: ۳۰-

۵۔تو تو سیدھے دین کی طرف اپنا رخ قائم رکھ اس سے پہلے کہ وہ دن آ موجود ہو جسے اللہ کی طرف سے ٹلنا نہیں ہے۔اُس دن وہ (مومن اور کافر) ایک دوسرے سے جدا ہو جائیں گے۔

-الروم ۳۰: ۴۳-

۶۔اور مجھے حکم دیا گیا ہے کہ میں سب سے پہلا مسلمان ہوں۔

-الزمر ۳۹: ۱۲-

۲۔ اسلام میں پورے طور پر داخل ہو

۷۔مسلمانو! اسلام میں پورے پورے داخل ہو۔

-البقرہ ۲-۲۰۸-

۸۔اور اپنے پروردگار کی طرف رجوع کرو اور اس کے فرماں بردار بنو

اس سے پہلے کہ تم پر عذاب آ جائے (اور) پھر تمہاری مدد نہ کی جائے۔

الزمر ۳۹: ۵۴

لَا تُنْصَرُوْنَ ۝

۹۔ اور مجھے حکم دیا گیا ہے کہ میں جہانوں کے پروردگار کا فرماں بردار بنوں۔

۹۔ وَاُمِرْتُ اَنْ اُسْلِمَ لِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝

-المؤمن ۴۰: ۶۶-

۳۔ دین اسلام پر قائم رہو

۱۰۔ پس تو جیسا تجھے حکم دیا گیا ہے قائم رہ اور وہ بھی جنہوں نے تیرے ساتھ اللہ کی طرف رجوع کیا ہے اور سرکشی نہ کرو۔ بے شک اللہ جو تم کرتے ہو دیکھتا ہے۔

۱۰۔ فَاسْتَقِمْ كَمَآ اُمِرْتَ وَمَنْ تَابَ مَعَكَ وَلَا تَطْغَوْا ۭ اِنَّهٗ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ۝

-ھود ۱۱: ۱۱۲-

۱۱۔ اور ان کی طرف نہ جھکو جنہوں نے ظلم کیا ہے کہ تمہیں آگ پکڑ لے اور تمہارا اللہ کے سوا کوئی دوست نہیں اور پھر تمہاری مدد بھی نہیں کی جاتی ہے۔

۱۱۔ وَلَا تَرْكَنُوْٓا اِلَى الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا فَتَمَسَّكُمُ النَّارُ ۙ وَمَا لَكُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ مِنْ اَوْلِيَاۗءَ ثُمَّ لَا تُنْصَرُوْنَ ۝

-ھود ۱۱: ۱۱۳-

۱۲۔ پس تو اسی کی طرف بلا اور جس طرح تجھے حکم دیا گیا ہے قائم رہ اور ان کی خواہشوں پر نہ چل اور کہہ کہ میں اس کتاب پر جو اللہ نے اتاری ہے ایمان لایا اور مجھے حکم دیا گیا ہے کہ میں تمہارے درمیان انصاف کروں۔ اللہ ہمارا پروردگار ہے اور تمہارا پروردگار بھی۔ ہمارے لیے ہمارے اعمال اور تمہارے لیے تمہارے اعمال۔ ہمارے درمیان اور تمہارے درمیان کچھ جھگڑا نہیں ہے۔

۱۲۔ فَلِذٰلِكَ فَادْعُ ۚ وَاسْتَقِمْ كَمَآ اُمِرْتَ ۚ وَلَا تَتَّبِعْ اَهْوَاۗءَهُمْ ۚ وَقُلْ اٰمَنْتُ بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ مِنْ كِتٰبٍ ۚ وَاُمِرْتُ لِاَعْدِلَ بَيْنَكُمْ ۭ اَللّٰهُ رَبُّنَا وَرَبُّكُمْ ۭ لَنَآ اَعْمَالُنَا وَلَكُمْ اَعْمَالُكُمْ ۭ لَا حُجَّةَ بَيْنَنَا وَبَيْنَكُمْ ۭ اَللّٰهُ يَجْمَعُ بَيْنَنَا ۚ وَاِلَيْهِ الْمَصِيْرُ ۝

-الشوریٰ ۴۲: ۱۵-

۱۳۔ پھر ہم نے تجھے دین کی ایک راہ پر لگا دیا ہے تو تو اسی پر چل اور ان لوگوں کی خواہشوں پر نہ چل جو کچھ نہیں جانتے۔ وہ اللہ کے مقابلے میں تیرے کچھ کام نہ آئیں گے اور بے شک ظالم ایک دوسرے کے دوست ہیں اور اللہ متقیوں کا دوست ہے۔

۱۳۔ ثُمَّ جَعَلْنٰكَ عَلٰي شَرِيْعَةٍ مِّنَ الْاَمْرِ فَاتَّبِعْهَا وَلَا تَتَّبِعْ اَهْوَاۗءَ الَّذِيْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ ۝ اِنَّهُمْ لَنْ يُّغْنُوْا عَنْكَ مِنَ اللّٰهِ شَـيْـــًٔا ۭ وَاِنَّ الظّٰلِمِيْنَ بَعْضُهُمْ اَوْلِيَاۗءُ بَعْضٍ ۚ وَاللّٰهُ وَلِيُّ الْمُتَّقِيْنَ ۝

-الجاثیۃ ۴۵: ۱۸-۱۹-

۴۔ اسلام لانے سے کسی پر احسان نہیں بلکہ خود اسلام لانے والے پر اللہ کا احسان ہے

۱۴۔ کہہ دے کیا تم اللہ کو اپنی دین داری جتلاتے ہو حالانکہ اللہ جانتا ہے جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے اور اللہ ہر شے کو جانتا ہے۔ وہ تجھ پر یہ احسان رکھتے ہیں کہ وہ اسلام لائے۔ تو کہہ دے کہ مجھ پر اپنے اسلام کا احسان نہ دھرو بلکہ اللہ تم پر احسان رکھتا ہے کہ اس نے تم کو ایمان کی طرف لگا دیا اگر تم سچے ہو۔

۱۴۔ قُلْ اَتُعَلِّمُوْنَ اللّٰهَ بِدِيْنِكُمْ ۭ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ۭ وَاللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ۝ يَمُنُّوْنَ عَلَيْكَ اَنْ اَسْلَمُوْا ۭ قُلْ لَّا تَمُنُّوْا عَلَيَّ اِسْلَامَكُمْ ۚ بَلِ اللّٰهُ يَمُنُّ عَلَيْكُمْ اَنْ هَدٰىكُمْ لِلْاِيْمَانِ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ۝

-الحجرات ۴۹: ۱۶-۱۷-

۵۔ اسلام ہی پر مرو

۱۵۔ پس تم مسلمان ہی ہو کر مرو۔

۔البقرۃ ۲: ۱۳۲۔

۶۔ اللہ کے دین کی مدد کرو

۱۶۔ مسلمانو! اللہ کے (دین کے) مددگار بن جاؤ۔

الصف ۶۱: ۱۴۔

۷۔ دین تو اللہ کے نزدیک صرف اسلام ہی ہے

۱۷۔ بے شک دین اللہ کے نزدیک اسلام ہی ہے۔

۔آل عمران ۳: ۱۹۔

۱۸۔ پھر اگر وہ بھی تمہاری طرح ایمان لے آئیں تو بے شک انہوں نے ہدایت پائی اور اگر وہ منہ موڑیں تو بے شک وہ اختلاف میں ہیں۔ سو تجھے اللہ ان کے شر سے کافی ہے اور وہی سننے والا، جاننے والا ہے۔

۔البقرۃ ۲: ۱۳۷۔

۸۔ ہدایت صرف اسلام ہی میں منحصر ہے

۱۹۔ پھر اگر وہ تجھ سے جھگڑا کریں تو کہہ دے کہ میں نے اپنا رخ اللہ کے تابع کر دیا اور انہوں نے بھی جنہوں نے میرا اتباع کیا ہے اور ان لوگوں سے جن کو کتاب دی گئی ہے اور عرب کے ان پڑھوں سے پوچھ کہ تم بھی اسلام لے آئے۔ پھر اگر وہ اسلام لے آئیں تو بے شک وہ ہدایت پر ہو گئے اور اگر وہ منہ موڑیں تو تیرا ذمہ صرف پیغام پہنچا دینا ہے اور اللہ بندوں کو دیکھتا ہے۔

۔آل عمران ۳: ۲۰۔

۲۰۔ سو جو اسلام لایا تو ایسے ہی لوگ ہیں جنہوں نے راہ راست کا قصد کیا۔

۔الجن ۷۲: ۱۴۔

۹۔ اسلام کے سوا کوئی دین مقبول نہیں

۲۱۔ اور جو شخص اسلام کے سوا اور کوئی دین تلاش کرے گا تو وہ

۱۵۔ فَلَا تَمُوتُنَّ اِلَّا وَاَنْتُمْ مُّسْلِمُوْنَ ﴿۱۳۲﴾

۱۶۔ یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا كُوْنُوْۤا اَنْصَارَ اللّٰهِ

۱۷۔ اِنَّ الدِّیْنَ عِنْدَ اللّٰهِ الْاِسْلَامُ

۱۸۔ فَاِنْ اٰمَنُوْا بِمِثْلِ مَاۤ اٰمَنْتُمْ بِهٖ فَقَدِ اهْتَدَوْا ۚ وَ اِنْ تَوَلَّوْا فَاِنَّمَا هُمْ فِیْ شِقَاقٍ ۚ فَسَیَكْفِیْكَهُمُ اللّٰهُ ۚ وَ هُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ ﴿۱۳۷﴾

۱۹۔ فَاِنْ حَآجُّوْكَ فَقُلْ اَسْلَمْتُ وَجْهِیَ لِلّٰهِ وَ مَنِ اتَّبَعَنِ ؕ وَ قُلْ لِّلَّذِیْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ وَ الْاُمِّیّٖنَ ءَاَسْلَمْتُمْ ؕ فَاِنْ اَسْلَمُوْا فَقَدِ اهْتَدَوْا ۚ وَ اِنْ تَوَلَّوْا فَاِنَّمَا عَلَیْكَ الْبَلٰغُ ؕ وَ اللّٰهُ بَصِیْرٌۢ بِالْعِبَادِ ﴿۲۰﴾

۲۰۔ فَمَنْ اَسْلَمَ فَاُولٰٓئِكَ تَحَرَّوْا رَشَدًا ﴿۱۴﴾

۲۱۔ وَ مَنْ یَّبْتَغِ غَیْرَ الْاِسْلَامِ دِیْنًا فَلَنْ یُّقْبَلَ مِنْهُ ۚ وَ هُوَ فِی الْاٰخِرَةِ مِنَ الْخٰسِرِیْنَ ﴿۸۵﴾

۲۲۔ فَاِنْ اٰمَنُوْا بِمِثْلِ مَاۤ اٰمَنْتُمْ بِهٖ فَقَدِ اهْتَدَوْا ۚ وَ اِنْ تَوَلَّوْا فَاِنَّمَا هُمْ فِیْ شِقَاقٍ ۚ فَسَیَكْفِیْكَهُمُ اللّٰهُ ۚ وَ هُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ ﴿۱۳۷﴾

۲۳۔ وَ هٰذَا صِرَاطُ رَبِّكَ مُسْتَقِیْمًا ؕ قَدْ فَصَّلْنَا الْاٰیٰتِ لِقَوْمٍ یَّذَّكَّرُوْنَ ﴿۱۲۶﴾

۲۴۔ قُلْ تَعَالَوْا اَتْلُ مَا حَرَّمَ رَبُّكُمْ عَلَیْكُمْ اَلَّا تُشْرِكُوْا بِهٖ شَیْـًٔا وَّ بِالْوَالِدَیْنِ اِحْسَانًا ۚ وَ لَا تَقْتُلُوْۤا اَوْلَادَكُمْ مِّنْ اِمْلَاقٍ ؕ نَحْنُ

دین اس سے ہرگز قبول نہیں کیا جائے گا اور آخرت میں وہ گھاٹا اٹھانے والوں میں ہوگا۔

۔آل عمران ۳: ۸۵۔

۲۲۔ پھر اگر وہ بھی تمہاری طرح ایمان لے آئیں تو بے شک انہوں نے ہدایت پائی اور اگر وہ منہ موڑیں تو بے شک وہ اختلاف میں ہیں۔ سو تجھے اللہ ان کے شر سے کافی ہے اور وہی سننے والا، جاننے والا ہے۔

۔البقرۃ ۲: ۱۳۷۔

۱۰۔ دین اسلام اللہ کا سیدھا رستہ ہے

۲۳۔ اور یہ تیرے پروردگار کی سیدھی راہ ہے۔ ہم نے ان لوگوں کے لیے تفصیل سے نشانیاں بیان کر دی ہیں جو نصیحت پکڑتے ہیں۔

۔الانعام ۶: ۱۲۶۔

۲۴۔ کہہ دے آؤ میں پڑھ کر سناؤں جو تمہارے پروردگار نے تم پر حرام کیا ہے۔ حکم دیا ہے کہ اس کے ساتھ کسی چیز کو شریک نہ کرو اور

ماں باپ کے ساتھ احسان کرو اور محتاجی کی وجہ سے اپنی اولاد کو قتل نہ کرو ہم تم کو روزی دیتے ہیں اور ان کو بھی اور بے حیائی کی باتوں کے قریب بھی نہ جاؤ جو اُن میں ظاہر ہیں، اس کے بھی اور جو چھپی ہیں اس کے بھی۔ اور اس جان کو ناحق نہ مارو جس کا اللہ نے احترام کیا ہے۔ یہ ہے جس کے ساتھ اس نے تم کو وصیت کی ہے شاید تم سمجھو اور یتیم کے مال کے پاس بھی نہ جاؤ مگر ایسے طریق پر کہ وہ بہت ہی اچھا ہو یہاں تک کہ وہ اپنی جوانی کو پہنچ جائے اور ماپ اور تول کو انصاف کے ساتھ پورا رکھو۔ ہم کسی جان کو اس کی گنجایش سے زیادہ تکلیف نہیں دیتے۔ اور جب تم بات کہو تو انصاف کو مدنظر رکھو اگرچہ کوئی رشتہ دار ہی ہو اور اللہ کے عہد کو پورا کرو۔ یہ ہے جس کی اس نے تمہیں وصیت کی ہے تاکہ تم نصیحت پکڑو۔ اور یہ کہ یہ میرا رستہ ہے سیدھا۔ تو تم اسی پر چلو اور دوسرے رستوں پر نہ چلو کہ وہ رستے تمہیں اس کے رستے سے جدا کر دیں۔ یہ ہے جس کی اس نے تمہیں وصیت کی ہے تاکہ تم پرہیزگار ہو جاؤ۔

-الانعام ۶: ۱۵۱-۱۵۳-

۲۵- اور اس سے اچھا کس کا دین جس نے اپنے رُخ کو اللہ کا فرماں بردار بنایا اور وہ نیکوکار ہے اور اس نے ایک خدا کا ہو کر دینِ ابراہیم کی پیروی کی ہے؟

-النساء ۴: ۱۲۵-

۱۱- دینِ اسلام سے بہتر کوئی دین نہیں

۲۶- اور اس سے اچھا کس کا قول جس نے (لوگوں کو) اللہ کی طرف بلایا اور نیک کام کیے اور کہا کہ میں فرماں

نَرْزُقُكُمْ وَإِيَّاهُمْ ۚ وَلَا تَقْرَبُوا الْفَوَاحِشَ مَا ظَهَرَ مِنْهَا وَمَا بَطَنَ ۚ وَلَا تَقْتُلُوا النَّفْسَ الَّتِي حَرَّمَ اللَّهُ إِلَّا بِالْحَقِّ ۚ ذَٰلِكُمْ وَصَّاكُمْ بِهِ لَعَلَّكُمْ تَعْقِلُونَ ﴿١٥١﴾ وَلَا تَقْرَبُوا مَالَ الْيَتِيمِ إِلَّا بِالَّتِي هِيَ أَحْسَنُ حَتَّىٰ يَبْلُغَ أَشُدَّهُ ۖ وَأَوْفُوا الْكَيْلَ وَالْمِيزَانَ بِالْقِسْطِ ۖ لَا نُكَلِّفُ نَفْسًا إِلَّا وُسْعَهَا ۖ وَإِذَا قُلْتُمْ فَاعْدِلُوا وَلَوْ كَانَ ذَا قُرْبَىٰ ۖ وَبِعَهْدِ اللَّهِ أَوْفُوا ۚ ذَٰلِكُمْ وَصَّاكُمْ بِهِ لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُونَ ﴿١٥٢﴾ وَأَنَّ هَٰذَا صِرَاطِي مُسْتَقِيمًا فَاتَّبِعُوهُ ۖ وَلَا تَتَّبِعُوا السُّبُلَ فَتَفَرَّقَ بِكُمْ عَنْ سَبِيلِهِ ۚ ذَٰلِكُمْ وَصَّاكُمْ بِهِ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُونَ ﴿١٥٣﴾

۲۵- وَمَنْ أَحْسَنُ دِينًا مِمَّنْ أَسْلَمَ وَجْهَهُ لِلَّهِ وَهُوَ مُحْسِنٌ وَاتَّبَعَ مِلَّةَ إِبْرَاهِيمَ حَنِيفًا ۗ

۲۶- وَمَنْ أَحْسَنُ قَوْلًا مِمَّنْ دَعَا إِلَى اللَّهِ وَعَمِلَ صَالِحًا وَقَالَ إِنَّنِي مِنَ الْمُسْلِمِينَ ﴿٣٣﴾

۲۷- يُرِيدُ اللَّهُ بِكُمُ الْيُسْرَ وَلَا يُرِيدُ بِكُمُ الْعُسْرَ

۲۸- مَا يُرِيدُ اللَّهُ لِيَجْعَلَ عَلَيْكُمْ مِنْ حَرَجٍ وَلَٰكِنْ يُرِيدُ لِيُطَهِّرَكُمْ وَلِيُتِمَّ نِعْمَتَهُ عَلَيْكُمْ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُونَ ﴿٦﴾

۲۹- وَجَاهِدُوا فِي اللَّهِ حَقَّ جِهَادِهِ ۚ هُوَ اجْتَبَاكُمْ وَمَا جَعَلَ عَلَيْكُمْ فِي

برداروں میں ہوں؟

-حٰم السجدۃ ۴۱: ۳۳-

۱۲- دینِ اسلام میں اللہ نے آسانی رکھی ہے سختی نہیں رکھی

۲۷- اللہ تم پر آسانی کرنا چاہتا ہے اور وہ تم پر سختی کرنا نہیں چاہتا۔

-البقرۃ ۲: ۱۸۵-

۲۸- اللہ نہیں چاہتا کہ تم پر تنگی ڈالے لیکن وہ چاہتا ہے کہ تم کو پاک کرے اور تم پر اپنی نعمت پوری کرے تاکہ تم شکر کرو۔

-المائدۃ ۵: ۶-

۲۹- اور اللہ کی راہ میں جہاد کرو جیسا کہ اس کی راہ میں جہاد کرنے کا حق ہے۔ اسی نے تم کو برگزیدہ کیا اور دین میں تم پر کچھ تنگی نہیں رکھی۔ تمہارے باپ ابراہیم کا دین مشروع کیا۔ اسی نے تمہارا مسلمان نام

رکھا ہے۔

۔الحج ۲۲:۷۸۔

۱۳۔ اللہ کسی کو اس کی طاقت سے زیادہ تکلیف نہیں دیتا

۳۰۔اللہ کسی جان کو اس کی طاقت سے زیادہ تکلیف نہیں دیتا۔اس کے نفع کے لیے ہے جو اس نے اچھا کیا اور اس پر وبال ہے جو اس نے بُرا کیا۔

۔البقرۃ ۲:۲۸۶۔

۳۱۔اور کسی جان کو اس سے زیادہ تکلیف نہیں دیتا جو اس نے اس کو دیا ہے۔

۔الطلاق ۶۵:۷۔

۳۲۔ہم کسی جان کو اس کی گنجائش سے زیادہ تکلیف نہیں دیتے۔

۔الانعام ۶:۱۵۲ و الاعراف ۷:۴۲ و المومنون ۲۳:۶۲۔

۱۴۔ ضعیفوں، لنگڑوں، اندھوں اور مریضوں وغیرہ معذورین پر جمعہ جماعات اور جہاد وغیرہ کی تکلیف نہیں ہے

۳۳۔نہیں ہے کمزوروں پر اور نہ بیماروں پر اور نہ ان پر جو شے نہیں پاتے جس کو وہ خرچ کریں، کوئی گناہ۔جب اللہ اور اس کے رسول کی خیر خواہی کریں، نیکو کاروں پر کوئی الزام نہیں ہے اور اللہ بخشنے والا، مہربان ہے۔اور نہ ان پر گناہ ہے کہ جب وہ تیرے پاس آتے ہیں کہ تو ان کو سوار کردے تو تو کہتا کہ میں وہ (سواری) نہیں پاتا جس پر میں تم کو سوار کردوں۔تب وہ واپس ہوتے ہیں اور اُن کی آنکھوں سے آنسو بہتے ہیں اس غم میں کہ وہ نہیں پاتے جو

الدِّينِ مِنْ حَرَجٍ ۚ مِلَّةَ أَبِيكُمْ إِبْرَاهِيمَ ۚ هُوَ سَمَّاكُمُ الْمُسْلِمِينَ

۳۰۔ لَا يُكَلِّفُ اللَّهُ نَفْسًا إِلَّا وُسْعَهَا ۚ لَهَا مَا كَسَبَتْ وَعَلَيْهَا مَا اكْتَسَبَتْ

۳۱۔ لَا يُكَلِّفُ اللَّهُ نَفْسًا إِلَّا مَا آتَاهَا

۳۲۔ لَا يُكَلِّفُ اللَّهُ نَفْسًا إِلَّا وُسْعَهَا

۳۳۔ لَيْسَ عَلَى الضُّعَفَاءِ وَلَا عَلَى الْمَرْضَىٰ وَلَا عَلَى الَّذِينَ لَا يَجِدُونَ مَا يُنْفِقُونَ حَرَجٌ إِذَا نَصَحُوا لِلَّهِ وَرَسُولِهِ ۚ مَا عَلَى الْمُحْسِنِينَ مِنْ سَبِيلٍ ۚ وَاللَّهُ غَفُورٌ رَحِيمٌ ۝ وَلَا عَلَى الَّذِينَ إِذَا مَا أَتَوْكَ لِتَحْمِلَهُمْ قُلْتَ لَا أَجِدُ مَا أَحْمِلُكُمْ عَلَيْهِ تَوَلَّوْا وَأَعْيُنُهُمْ تَفِيضُ مِنَ الدَّمْعِ حَزَنًا أَلَّا يَجِدُوا مَا يُنْفِقُونَ ۝

۳۴۔ لَيْسَ عَلَى الْأَعْمَىٰ حَرَجٌ وَلَا عَلَى الْأَعْرَجِ حَرَجٌ وَلَا عَلَى الْمَرِيضِ حَرَجٌ

۳۵۔ وَمَنْ يُسْلِمْ وَجْهَهُ إِلَى اللَّهِ وَهُوَ مُحْسِنٌ فَقَدِ اسْتَمْسَكَ بِالْعُرْوَةِ الْوُثْقَىٰ ۗ وَإِلَى اللَّهِ عَاقِبَةُ الْأُمُورِ ۝

۳۶۔ الْيَوْمَ يَئِسَ الَّذِينَ كَفَرُوا مِنْ دِينِكُمْ فَلَا تَخْشَوْهُمْ وَاخْشَوْنِ ۚ الْيَوْمَ أَكْمَلْتُ لَكُمْ دِينَكُمْ وَأَتْمَمْتُ عَلَيْكُمْ نِعْمَتِي وَرَضِيتُ لَكُمُ

وہ خرچ کریں۔

۔التوبۃ ۹:۹۱۔۹۲۔

۳۴۔نہ اندھے پر گناہ ہے اور نہ لنگڑے پر گناہ ہے اور نہ بیمار پر گناہ ہے۔

۔النور ۲۴:۶۱ و الفتح ۴۸:۱۷۔

۱۵۔ اسلام بڑا محکم کڑا ہے

۳۵۔اور جو اپنے رخ کو اللہ کا فرماں بردار بنادے اور وہ نیکو کار ہو اس نے بے شک مضبوط دستے کو پکڑ لیا اور سب کاموں کا انجام اللہ ہی کی طرف ہے۔

۔لقمٰن ۳۱:۲۲۔

۱۶۔ اللہ دینِ اسلام سے راضی ہے

۳۶۔آج کافر تمہارے دین سے مایوس ہو گئے تو تم اُن سے نہ ڈرو اور مجھ سے ڈرو۔آج میں نے تمہارے لیے تمہارے دین کو کامل کردیا اور

تم پر اپنی نعمت تمام کر دی اور تمہارے لیے دین اسلام سے راضی ہوا۔

-المائدۃ۵:۳-

۱۷۔ دینِ اسلام نوح، ابراہیم، موسیٰ، عیسیٰ علیہم السلام وغیرہ کا ایک ہی ہے

۳۷۔ (اے نبی ﷺ! وہ وقت یاد کر) جب ابراہیم سے اس کے پروردگار نے کہا کہ اسلام لا۔ تو اس نے کہا کہ میں جہانوں کے پروردگار کے لیے اسلام لایا۔ اور اسی کی وصیت ابراہیم اور یعقوب نے اپنے اپنے بیٹوں کو کی کہ بیٹو اللہ نے تمہارے لیے یہ دین منتخب کیا ہے، تو تم مسلمان ہی مرنا۔ (منکرو!) کیا تم اس وقت موجود تھے جب یعقوب کو موت آئی تھی۔ جب اس نے اپنے بیٹوں سے کہا تھا کہ تم میرے بعد کس کو پوجو گے؟ تو انہوں نے کہا کہ ہم تیرے معبود اور تیرے باپ دادوں ابراہیم اور اسماعیل اور اسحاق کے معبود کو (یعنی) ایک ہی معبود کو پوجیں گے اور اسی کے نافرماں بردار ہیں۔

-البقرۃ۲: ۱۳۱-۱۳۳-

۳۸۔ اللہ نے تمہارے لیے وہ دین جاری کیا ہے جس کی اُس نے نوح کو وصیت کی تھی اور جس کی ہم نے تیری طرف وحی کی اور جس کی ہم نے ابراہیم اور موسیٰ اور عیسیٰ کو وصیت کی تھی۔ یہ کہ دین کو قائم رکھو اور اس میں تفرقہ نہ ڈالو۔ مشرکین کو وہ دین ناگوار ہے جس کی طرف تو انہیں بلاتا ہے۔

-الشوریٰ۴۲: ۱۳-

۳۹۔ اور ان کو بجز اس کے اور کچھ حکم نہیں دیا کہ ایک طرف کے ہو کر خالص اللہ ہی کی فرماں برداری کرتے ہوئے اللہ کی عبادت کریں اور نماز کو قائم رکھیں اور زکوٰۃ دیتے رہیں اور یہی سیدھا دین ہے۔

-البینۃ۹۸: ۵-

الْاِسْلَامَ دِيْنًا

۳۷۔ اِذْ قَالَ لَهٗ رَبُّهٗٓ اَسْلِمْ ۙ قَالَ اَسْلَمْتُ لِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۳۱﴾ وَوَصّٰى بِهَآ اِبْرٰهٖمُ بَنِيْهِ وَيَعْقُوْبُ ۭ يٰبَنِىَّ اِنَّ اللّٰهَ اصْطَفٰى لَكُمُ الدِّيْنَ فَلَا تَمُوْتُنَّ اِلَّا وَاَنْتُمْ مُّسْلِمُوْنَ ﴿۱۳۲﴾ اَمْ كُنْتُمْ شُهَدَاۗءَ اِذْ حَضَرَ يَعْقُوْبَ الْمَوْتُ ۙ اِذْ قَالَ لِبَنِيْهِ مَا تَعْبُدُوْنَ مِنْۢ بَعْدِيْ ۭ قَالُوْا نَعْبُدُ اِلٰهَكَ وَاِلٰهَ اٰبَاۗىِٕكَ اِبْرٰهٖمَ وَاِسْمٰعِيْلَ وَاِسْحٰقَ اِلٰهًا وَّاحِدًا ښ وَّنَحْنُ لَهٗ مُسْلِمُوْنَ ﴿۱۳۳﴾

۳۸۔ شَرَعَ لَكُمْ مِّنَ الدِّيْنِ مَا وَصّٰى بِهٖ نُوْحًا وَّالَّذِيْٓ اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ وَمَا وَصَّيْنَا بِهٖٓ اِبْرٰهِيْمَ وَمُوْسٰى وَعِيْسٰٓى اَنْ اَقِيْمُوا الدِّيْنَ وَلَا تَتَفَرَّقُوْا فِيْهِ ۭ كَبُرَ عَلَي الْمُشْرِكِيْنَ مَا تَدْعُوْهُمْ اِلَيْهِ ۭ

۳۹۔ وَمَآ اُمِرُوْٓا اِلَّا لِيَعْبُدُوا اللّٰهَ مُخْلِصِيْنَ لَهُ الدِّيْنَ ڏ حُنَفَاۗءَ وَيُقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَيُؤْتُوا الزَّكٰوةَ وَذٰلِكَ دِيْنُ الْقَيِّمَةِ ۝۵

۴۰۔ فَاِنْ زَلَلْتُمْ مِّنْۢ بَعْدِ مَا جَاۗءَتْكُمُ الْبَيِّنٰتُ فَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ﴿۲۰۹﴾

۴۱۔ هَلْ يَنْظُرُوْنَ اِلَّآ اَنْ يَّاْتِيَهُمُ اللّٰهُ فِيْ ظُلَلٍ مِّنَ الْغَمَامِ وَالْمَلٰۗىِٕكَةُ وَقُضِيَ الْاَمْرُ ۭ وَاِلَى اللّٰهِ تُرْجَعُ الْاُمُوْرُ ﴿۲۱۰﴾

۴۲۔ وَقُلْ جَاۗءَ الْحَقُّ وَزَهَقَ الْبَاطِلُ ۭ اِنَّ الْبَاطِلَ كَانَ زَهُوْقًا ﴿۸۱﴾

۱۸۔ اسلام سے لغزش کی ممانعت

۴۰۔ پھر اگر تم اس کے بعد بھی کہ تمہارے پاس کھلی دلیلیں آ چکی ہیں ڈگمگا گئے تو جان لو کہ بے شک اللہ غالب، حکمت والا ہے۔

-البقرۃ۲: ۲۰۹-

۴۱۔ کیا یہ (کافر) اسی کے منتظر ہیں کہ اُن کے پاس بادلوں کے سائبانوں میں خدا اور فرشتے آ موجود ہوں اور معاملہ طے ہو جائے اور سب کام اللہ ہی کی طرف لوٹائے جائیں گے۔

-البقرۃ۲: ۲۱۰-

۱۹۔ غلبۂ اسلام کی پیش گوئیاں

۴۲۔ اور (اے نبی ﷺ!) کہہ دے کہ حق آ گیا اور باطل پاش پاش ہو گیا۔ بے شک باطل پاش پاش ہونے والا ہی تھا۔

-بنی اسرائیل۱۷: ۸۱-

۴۳۔قُلْ مَنْ يَّكْلَؤُكُمْ بِالَّيْلِ وَالنَّهَارِ مِنَ الرَّحْمٰنِ ؕ بَلْ هُمْ عَنْ ذِكْرِ رَبِّهِمْ مُّعْرِضُوْنَ ﴿۴۲﴾ اَمْ لَهُمْ اٰلِهَةٌ تَمْنَعُهُمْ مِّنْ دُوْنِنَا ؕ لَا يَسْتَطِيْعُوْنَ نَصْرَ اَنْفُسِهِمْ وَلَا هُمْ مِّنَّا يُصْحَبُوْنَ ﴿۴۳﴾ بَلْ مَتَّعْنَا هٰٓؤُلَآءِ وَاٰبَآءَهُمْ حَتّٰى طَالَ عَلَيْهِمُ الْعُمُرُ ؕ اَفَلَا يَرَوْنَ اَنَّا نَاْتِي الْاَرْضَ نَنْقُصُهَا مِنْ اَطْرَافِهَا ؕ اَفَهُمُ الْغٰلِبُوْنَ ﴿۴۴﴾

۴۴۔قُلْ اِنَّ رَبِّيْ يَقْذِفُ بِالْحَقِّ ۚ عَلَّامُ الْغُيُوْبِ ﴿۴۸﴾ قُلْ جَآءَ الْحَقُّ وَمَا يُبْدِئُ الْبَاطِلُ وَمَا يُعِيْدُ ﴿۴۹﴾

۴۵۔اِلَيْهِ يَصْعَدُ الْكَلِمُ الطَّيِّبُ وَالْعَمَلُ الصَّالِحُ يَرْفَعُهٗ ؕ وَالَّذِيْنَ يَمْكُرُوْنَ السَّيِّاٰتِ لَهُمْ عَذَابٌ شَدِيْدٌ ؕ وَمَكْرُ اُولٰٓئِكَ هُوَ يَبُوْرُ ﴿۱۰﴾

۴۶۔يُرِيْدُوْنَ لِيُطْفِـُٔوْا نُوْرَ اللّٰهِ بِاَفْوَاهِهِمْ وَاللّٰهُ مُتِمُّ نُوْرِهٖ وَلَوْ كَرِهَ الْكٰفِرُوْنَ ﴿۸﴾ هُوَ الَّذِيْٓ اَرْسَلَ رَسُوْلَهٗ بِالْهُدٰى وَدِيْنِ الْحَقِّ لِيُظْهِرَهٗ عَلَى الدِّيْنِ كُلِّهٖ وَلَوْ كَرِهَ الْمُشْرِكُوْنَ ﴿۹﴾

۴۷۔بَلٰى ۚ مَنْ اَسْلَمَ وَجْهَهٗ لِلّٰهِ وَهُوَ مُحْسِنٌ فَلَهٗٓ اَجْرُهٗ عِنْدَ رَبِّهٖ ۠ وَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ﴿۱۱۲﴾

۴۸۔مِلَّةَ اَبِيْكُمْ اِبْرٰهِيْمَ ؕ هُوَ سَمّٰىكُمُ الْمُسْلِمِيْنَ ۬

۴۹۔صِبْغَةَ اللّٰهِ ۚ وَمَنْ اَحْسَنُ مِنَ اللّٰهِ صِبْغَةً ۫ وَّنَحْنُ لَهٗ عٰبِدُوْنَ ﴿۱۳۸﴾

۴۳۔(اے نبی ﷺ!) کہہ دے کہ رات اور دن میں رحمٰن سے تمہاری حفاظت کون کرتا ہے؟ (کوئی نہیں) بلکہ وہ اپنے پروردگار کی یاد سے منہ پھیرے ہوئے ہیں۔کیا ان کے ایسے معبود ہیں جو ہمارے سوا ان کو بچا سکیں؟ وہ نہ خود اپنی ہی مدد کر سکتے ہیں اور نہ ہمارے مقابلے میں کوئی اُن کا ساتھی ہے۔ بلکہ ہم نے اُن کو اور اُن کے باپ دادوں کو دنیا میں برومند کیا۔ یہاں تک کہ ان پر عمریں طویل ہوگئیں۔تو کیا یہ لوگ یہ نہیں دیکھتے کہ ہم زمین (کفر) کو اس کی چاروں طرف سے گھٹاتے چلے آتے ہیں، تو کیا وہ غالب آئیں گے؟

۔الانبیاء ۲۱:۴۲۔۴۴۔

۴۴۔(اے نبی ﷺ!) کہہ دے کہ میرا پروردگار چھپی باتوں کا جاننے والا حق کو پھیلا رہا ہے۔ کہہ دے کہ حق آگیا اور (آئندہ) باطل نہ ابتدا کرے گا اور نہ لوٹ کر آئے گا۔

۔سبا ۳۴:۴۸۔۴۹۔

۴۵۔اس کی طرف پاکیزہ کلام چڑھتے ہیں اور نیک کاموں کو وہ اپنی طرف اٹھالیتا ہے اور جو لوگ بُری بُری تجویزیں سوچتے رہتے ہیں ان کے لیے سخت عذاب ہے اور ان لوگوں کا فریب تباہ ہوگا۔

۔فاطر ۳۵:۱۰۔

۴۶۔کافر چاہتے ہیں کہ اللہ کے نور (دین اسلام) کو اپنے مونہوں سے (پھونک مار کر) بجھا دیں اور اللہ اپنے نور کو پورا کرنے والا ہے۔وہ (خدا) وہی ہے جس نے اپنا رسول ہدایت اور دین حق کے ساتھ بھیجا تا کہ وہ اس دین کو تمام دینوں پر غالب کرے اگر چہ مشرکوں کو برا معلوم ہو۔

۔الصف ۶۱:۸۔۹

۲۰۔ مسلمان نیکوکار بے خوف و بے غم ہیں

۴۷۔ہاں جس نے اپنا رخ اللہ کے سپرد کر دیا اور وہ نیکوکار رہے، اس کے لیے اُس کے پروردگار کے ہاں اس کا ثواب ہے اور نہ اُن پر کچھ خوف ہی ہے اور وہ غمگین ہی ہوں گے۔

۔البقرۃ ۲:۱۱۲۔

۲۱۔ مسلمان نام ابراہیم علیہ السلام نے رکھا ہے

۴۸۔(اسلام) تمہارے باپ ابراہیم کا دین (ہے) اُسی نے تمہارا نام مسلمان رکھا ہے۔

۔الحج ۲۲:۷۸۔

۲۲۔ مسلمان اللہ کے رنگ میں رنگے ہوئے ہیں

۴۹۔(مسلمانو! کہو کہ) ہم اللہ کے رنگ میں رنگ گئے اور اللہ سے اچھا رنگنے والا کون ہے اور ہم صرف اِسی کو پوجتے ہیں۔

۔البقرۃ ۲:۱۳۸۔

۲۳۔ مسلمانوں کا اللہ کارساز ہے

۵۰۔ ان کے لیے پروردگار کے ہاں سلامتی کا گھر ہے اور وہی اُن کا کارساز ہے، بدلہ اس کا جو وہ کرتے تھے۔

۔الانعام ۶: ۱۲۷۔

۲۴۔ مسلمانوں کی سلطنت کی نسبت زبور کی پیش گوئی

۵۱۔ اور کچھ شک نہیں کہ ہم نے تورات کے بعد زبور میں لکھ دیا تھا کہ ملک (شام) کے وارث میرے نیک بندے ہوں گے۔ بے شک اس میں عبادت گزار لوگوں کے لیے پیغام پہنچا دینا ہے۔

۔الانبیاء ۲۱: ۱۰۵۔

۲۵۔ مسلمان اللہ کے نور پر ہیں

۵۲۔ تو کیا وہ شخص جس کا سینہ اللہ نے اسلام کے لیے کھول دیا ہے اور وہ اپنے پروردگار کی طرف سے روشنی پر ہے (کافروں جیسا ہو سکتا ہے؟)۔

۔الزمر ۳۹: ۲۲۔

۲۶۔ مسلمانوں پر فرشتوں کا نزول جنت کی بشارت کے ساتھ

۵۳۔ بے شک جنہوں نے کہا اللہ ہمارا پروردگار ہے پھر وہ اس پر قائم رہے، اُن پر فرشتے اترتے ہیں کہ تم نہ خوف کرو اور نہ غم کرو۔ اور اُس جنت کی بشارت پاؤ جس کا تم سے وعدہ کیا جاتا ہے۔

۔حٰمٓ السجدۃ ۴۱: ۳۰۔

۵۴۔ ہم تمہارے دنیا کی زندگی اور آخرت میں کارساز ہیں اور تمہارے لیے اس (جنت) میں وہ چیز ہے جس کو تمہارا جی چاہے گا اور (نیز) تمہارے لیے اس میں وہ چیز ہے جو تم مانگو گے۔ بخشنے والے، مہربان کی طرف سے مہمانی ہے۔

۔حٰمٓ السجدۃ ۴۱: ۳۱۔۳۲

۵۰۔ لَهُمْ دَارُ السَّلٰمِ عِنْدَ رَبِّهِمْ وَهُوَ وَلِيُّهُمْ بِمَا كَانُوا يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۲۷﴾

۵۱۔ وَلَقَدْ كَتَبْنَا فِي الزَّبُوْرِ مِنْ بَعْدِ الذِّكْرِ أَنَّ الْأَرْضَ يَرِثُهَا عِبَادِيَ الصّٰلِحُوْنَ ﴿۱۰۵﴾ إِنَّ فِيْ هٰذَا لَبَلٰغًا لِّقَوْمٍ عٰبِدِيْنَ ﴿۱۰۶﴾

۵۲۔ أَفَمَنْ شَرَحَ اللّٰهُ صَدْرَهُ لِلْإِسْلَامِ فَهُوَ عَلٰى نُوْرٍ مِّنْ رَّبِّهِ

۵۳۔ إِنَّ الَّذِيْنَ قَالُوْا رَبُّنَا اللّٰهُ ثُمَّ اسْتَقَامُوْا تَتَنَزَّلُ عَلَيْهِمُ الْمَلٰٓئِكَةُ أَلَّا تَخَافُوْا وَلَا تَحْزَنُوْا وَأَبْشِرُوْا بِالْجَنَّةِ الَّتِيْ كُنْتُمْ تُوْعَدُوْنَ ﴿۳۰﴾

۵۴۔ نَحْنُ أَوْلِيٰٓؤُكُمْ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَفِي الْآخِرَةِ وَلَكُمْ فِيْهَا مَا تَشْتَهِيْٓ أَنْفُسُكُمْ وَلَكُمْ فِيْهَا مَا تَدَّعُوْنَ ﴿۳۱﴾ نُزُلًا مِّنْ غَفُوْرٍ رَّحِيْمٍ ﴿۳۲﴾

۵۵۔ أَفَنَجْعَلُ الْمُسْلِمِيْنَ كَالْمُجْرِمِيْنَ ﴿۳۵﴾ مَا لَكُمْ كَيْفَ تَحْكُمُوْنَ ﴿۳۶﴾ أَمْ لَكُمْ كِتٰبٌ فِيْهِ تَدْرُسُوْنَ ﴿۳۷﴾ إِنَّ لَكُمْ فِيْهِ لَمَا تَخَيَّرُوْنَ ﴿۳۸﴾ أَمْ لَكُمْ أَيْمَانٌ عَلَيْنَا بَالِغَةٌ إِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ إِنَّ لَكُمْ لَمَا تَحْكُمُوْنَ ﴿۳۹﴾ سَلْهُمْ أَيُّهُمْ بِذٰلِكَ زَعِيْمٌ ﴿۴۰﴾ أَمْ لَهُمْ شُرَكَآءُ فَلْيَأْتُوْا بِشُرَكَآئِهِمْ إِنْ كَانُوْا صٰدِقِيْنَ ﴿۴۱﴾

۱۔ يٰٓأَيُّهَا الرَّسُوْلُ بَلِّغْ مَآ أُنْزِلَ إِلَيْكَ مِنْ رَّبِّكَ وَإِنْ لَّمْ تَفْعَلْ فَمَا

۲۷۔ مسلمان اور مجرم برابر نہیں ہیں

۵۵۔ تو کیا ہم مسلمانوں کو گنہگاروں کی برابر کر دیں گے۔ تمہیں کیا ہوا کیسا فیصلہ کرتے ہو؟ کیا تمہارے پاس کوئی کتاب ہے جس میں تم پڑھتے ہو؟ کیا تمہارے لیے اس میں وہ چیز ہے جو تم پسند کرو یا تمہارے لیے ہم پر قسمیں ہیں جو قیامت کے دن تک پہنچنے والی ہیں کہ تمہارے لیے وہ ہے جو تم حکم لگاؤ؟ (اے نبی ﷺ!) ان سے پوچھ کہ اس بات کا ان میں سے کون ٹھیکے دار ہے۔ یا ان کے لیے شریک ہیں؟ اگر وہ سچے ہیں تو اپنے شریکوں کو لائیں۔

۔القلم ۶۸: ۳۵۔۴۱۔

دعوتِ اسلام، تبلیغ

۱۔ تبلیغ کا حکم

۱۔ اے رسول! اُس پیغام کو (لوگوں تک) پہنچا دے جو تیرے

پروردگار کی طرف سے تجھ پر اتارا گیا ہے اور اگر تو نے ایسا نہ کیا تو تو نے اس کا پیغام نہیں پہنچایا۔

۔المائدۃ ۵:۶۷۔

۲۔پس جو تجھے حکم دیا جاتا ہے ظاہر کر اور مشرکوں سے کنارہ کشی اختیار کر۔

۔الحجر ۱۵:۹۴۔

۳۔اپنے پروردگار کے رستے کی طرف حکمت اور عمدہ نصیحت کے ساتھ بلا اور اُن سے ایسے طور پر جھگڑا کر کہ وہ بہت ہی اچھا ہو۔ بے شک تیرا پروردگار خوب جانتا ہے جو اُس کی راہ سے پھرا ہوا ہے اور وہی ان کو بھی خوب جانتا ہے جو ہدایت پر ہیں۔

۔النحل۔۱۶:۱۲۵۔

۴۔سو وہ اس بارے میں تجھ سے جھگڑا نہ کریں اور تو (اُن کو) اپنے پروردگار کی طرف بلا بے شک تو سیدھے رستے پر ہے۔

۔الحج ۲۲:۶۷۔

۵۔اور اپنے پروردگار کی طرف بلا اور مشرکوں میں مت ہو۔

۔القصص ۲۸:۸۷۔

۶۔پس تو اسی کے لیے بلا اور (اس پر) قائم رہ جیسا کہ تجھے حکم دیا گیا ہے اور ان کی خواہشوں پر نہ چل۔

۔الشوریٰ ۴۲:۱۵۔

۲۔ لوگوں کو سمجھانے کا حکم

۷۔اور جو لوگ (اللہ سے) ڈرتے ہیں ان پر کافروں کے متعلق کوئی مؤاخذہ نہیں لیکن (اُن کا فرض) نصیحت کرنا ہے۔شاید وہ ڈریں اور (اے پیغمبر ﷺ!) اُن کو چھوڑ جنھوں نے اپنا دین کھیل اور ٹھٹھا بنا رکھا ہے اور دنیا کی زندگی نے اُن کو دھوکا دے رکھا ہے اور تو اس قرآن سے نصیحت کر۔کہیں کوئی جان اپنے کیئے کی وجہ سے مبتلائے مصیبت نہ ہو جائے۔

۔الانعام ۶:۶۹۔۷۰۔

بَلَّغْتَ رِسَالَتَهُ

۲۔فَاصْدَعْ بِمَا تُؤْمَرُ وَأَعْرِضْ عَنِ الْمُشْرِكِينَ ﴿۹۴﴾

۳۔ ادْعُ إِلَىٰ سَبِيلِ رَبِّكَ بِالْحِكْمَةِ وَالْمَوْعِظَةِ الْحَسَنَةِ وَجَادِلْهُم بِالَّتِي هِيَ أَحْسَنُ إِنَّ رَبَّكَ هُوَ أَعْلَمُ بِمَن ضَلَّ عَن سَبِيلِهِ وَهُوَ أَعْلَمُ بِالْمُهْتَدِينَ ﴿۱۲۵﴾

۴۔فَلَا يُنَازِعُنَّكَ فِي الْأَمْرِ وَادْعُ إِلَىٰ رَبِّكَ إِنَّكَ لَعَلَىٰ هُدًى مُّسْتَقِيمٍ ﴿۶۷﴾

۵۔وَادْعُ إِلَىٰ رَبِّكَ وَلَا تَكُونَنَّ مِنَ الْمُشْرِكِينَ ﴿۸۷﴾

۶۔فَلِذَٰلِكَ فَادْعُ وَاسْتَقِمْ كَمَا أُمِرْتَ وَلَا تَتَّبِعْ أَهْوَاءَهُمْ

۷۔وَمَا عَلَى الَّذِينَ يَتَّقُونَ مِنْ حِسَابِهِم مِّن شَيْءٍ وَلَٰكِن ذِكْرَىٰ لَعَلَّهُمْ يَتَّقُونَ ﴿۶۹﴾ وَذَرِ الَّذِينَ اتَّخَذُوا دِينَهُمْ لَعِبًا وَلَهْوًا وَغَرَّتْهُمُ الْحَيَاةُ الدُّنْيَا وَذَكِّرْ بِهِ أَن تُبْسَلَ نَفْسٌ بِمَا كَسَبَتْ

۸۔فَذَكِّرْ بِالْقُرْآنِ مَن يَخَافُ وَعِيدِ ﴿۴۵﴾

۹۔وَذَكِّرْ فَإِنَّ الذِّكْرَىٰ تَنفَعُ الْمُؤْمِنِينَ ﴿۵۵﴾

۱۰۔فَذَكِّرْ فَمَا أَنتَ بِنِعْمَتِ رَبِّكَ بِكَاهِنٍ وَلَا مَجْنُونٍ ﴿۲۹﴾

۱۱۔فَذَكِّرْ إِن نَّفَعَتِ الذِّكْرَىٰ ﴿۹﴾ سَيَذَّكَّرُ مَن يَخْشَىٰ ﴿۱۰﴾

۱۲۔فَذَكِّرْ إِنَّمَا أَنتَ مُذَكِّرٌ ﴿۲۱﴾

۸۔پس قرآن سے اس کو سمجھا جو میرے ڈرانے سے ڈرتا ہے۔

۔قٓ۔۵۰:۴۵۔

۹۔اور نصیحت کر۔بے شک نصیحت مومنوں کو نفع دیتی ہے۔

۔الذّٰریٰت۔۵۱:۵۵

۱۰۔پس تو نصیحت کر۔تو اپنے پروردگار کے فضل سے نہ جنوں (کو تابع کرنے) والا ہے اور نہ دیوانہ۔

۔الطور ۵۲:۲۹۔

۱۱۔پس تو نصیحت نہ کر اگر نصیحت نفع دے۔ جو ڈرتا ہے وہ نصیحت پکڑے گا۔

۔الاعلیٰ ۸۷:۹۔۱۰۔

۱۲۔پس تو نصیحت کر۔تو تو نصیحت ہی کرنے والا ہے۔

۔الغاشیۃ ۸۸:۲۱۔

۳۔ اللہ کے بندے نصیحت کو بغور سنتے ہیں

۱۳۔اور وہ (اللہ کے بندے ہیں) کہ جب اُن کو اُن کے پروردگار کی آیتوں سے نصیحت کی جاتی ہے تو وہ ان پر بہرے اور اندھے ہو کر نہیں گرتے۔

-الشعراء ۲۵:۷۳-

۴۔ اچھی باتوں کی حمایت کرنا اور بری باتوں سے منع مسلمانوں کا فرض ہے

۱۴۔اور تم میں ایک جماعت ہو جو لوگوں کو خیر کی طرف بلائے اور اچھی بات کا حکم دے اور بری بات سے روکے اور ایسے ہی لوگ فلاح پانے والے ہیں۔

-آل عمران ۳:۱۰۴-

۱۵۔(مسلمانو!) تم بہتر اُمت ہو جو لوگوں کے (سمجھانے کے) لیے نکالی گئی ہے تم اچھی بات کا حکم دیتے ہو اور بری بات سے روکتے ہو اور اللہ پر ایمان رکھتے ہو۔

-آل عمران ۳:۱۱۰-

۱۶۔(مسلمان) اللہ اور قیامت پر ایمان رکھتے ہیں اور اچھی بات کا حکم دیتے ہیں اور بری بات سے روکتے ہیں اور نیکی کے کاموں کی طرف جلدی کرتے ہیں اور وہی نیک بختوں میں ہیں۔

-آل عمران ۳:۱۱۴-

۱۷۔ان کی اکثر سرگوشیوں میں خیر نہیں ہے مگر (اس کی) جس نے خیرات کا حکم دیا یا کسی نیک کام کا یا لوگوں میں اصلاح کا اور جو یہ کام اللہ کی رضا مندی چاہنے کے لیے کرے گا ہم عنقریب ہی اُس کو بڑا ثواب دیں گے۔

-النساء ۴:۱۱۴-

۱۸۔(پیغمبر ﷺ) اُن کو اچھی باتوں کا حکم دیتا ہے اور ان کو بری باتوں سے روکتا ہے۔

-الاعراف ۷:۱۵۷-

۱۹۔(اے پیغمبر ﷺ!) معافی کو لازم پکڑ اور نیک بات کا حکم دے اور جاہلوں سے کنارہ کش رہ

-الاعراف ۷:۱۹۹-

۲۰۔اور مسلمان مرد اور مسلمان عورتیں ایک دوسرے کے رفیق ہیں وہ اچھی باتوں کا حکم دیتے ہیں اور بری باتوں سے روکتے ہیں۔

-التوبۃ ۹:۷۱-

۲۱۔اور اچھی بات کا حکم دے اور بری بات سے منع کر۔

-لقمٰن ۳۱:۱۷-

۱۳۔وَالَّذِیْنَ اِذَا ذُکِّرُوْا بِاٰیٰتِ رَبِّهِمْ لَمْ یَخِرُّوْا عَلَیْهَا صُمًّا وَّ عُمْیَانًا ۝
۱۴ وَلْتَكُنْ مِّنْكُمْ اُمَّةٌ یَّدْعُوْنَ اِلَى الْخَیْرِ وَیَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَیَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ ؕ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ۝
۱۵۔ كُنْتُمْ خَیْرَ اُمَّةٍ اُخْرِجَتْ لِلنَّاسِ تَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَتَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَتُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ ؕ
۱۶۔یُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَالْیَوْمِ الْاٰخِرِ وَیَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَیَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَیُسَارِعُوْنَ فِی الْخَیْرٰتِ ؕ وَاُولٰٓئِكَ مِنَ الصّٰلِحِیْنَ ۝
۱۷۔لَا خَیْرَ فِیْ كَثِیْرٍ مِّنْ نَّجْوٰىهُمْ اِلَّا مَنْ اَمَرَ بِصَدَقَةٍ اَوْ مَعْرُوْفٍ اَوْ اِصْلَاحٍۭ بَیْنَ النَّاسِ ؕ وَمَنْ یَّفْعَلْ ذٰلِكَ ابْتِغَآءَ مَرْضَاتِ اللّٰهِ فَسَوْفَ نُؤْتِیْهِ اَجْرًا عَظِیْمًا ۝
۱۸۔یَاْمُرُهُمْ بِالْمَعْرُوْفِ وَیَنْهٰىهُمْ عَنِ الْمُنْكَرِ
۱۹۔خُذِ الْعَفْوَ وَاْمُرْ بِالْعُرْفِ وَاَعْرِضْ عَنِ الْجٰهِلِیْنَ ۝
۲۰۔وَالْمُؤْمِنُوْنَ وَالْمُؤْمِنٰتُ بَعْضُهُمْ اَوْلِیَآءُ بَعْضٍ ۘ یَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَیَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ
۲۱۔وَاْمُرْ بِالْمَعْرُوْفِ وَانْهَ عَنِ الْمُنْكَرِ

۵۔ بنی اسرائیل لوگوں کو برے کاموں سے منع نہ کرنے پر داوٗد اور عیسیٰ علیہما السلام کی زبانی ملعون قرار دیے گئے

۲۲۔ لُعِنَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ عَلٰي لِسَانِ دَاوٗدَ وَعِيْسَى ابْنِ مَرْيَمَ ۭ ذٰلِكَ بِمَا عَصَوْا وَّكَانُوْا يَعْتَدُوْنَ ۝ كَانُوْا لَا يَتَنَاهَوْنَ عَنْ مُّنْكَرٍ فَعَلُوْهُ ۭ لَبِئْسَ مَا كَانُوْا يَفْعَلُوْنَ ۝

۲۲۔ بنی اسرائیل میں سے جنہوں نے کفر اختیار کیا وہ داوٗد اور عیسیٰ بن مریم کی زبان پر ملعون قرار دیے گئے۔ یہ اس لیے کہ انہوں نے نافرمانی کی اور حد سے باہر نکل جاتے تھے۔ بری بات سے جو وہ کیا کرتے تھے، کسی کو نہیں روکتے تھے البتہ بُرا کام ہے جو وہ کرتے تھے۔

۔المائدۃ ۵: ۷۸۔۷۹۔

۶۔ اپنی اصلاح کے بعد کسی کی گمراہی سے ضرر نہیں

۲۳۔ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا عَلَيْكُمْ اَنْفُسَكُمْ ۚ لَا يَضُرُّكُمْ مَّنْ ضَلَّ اِذَا اهْتَدَيْتُمْ ۭ

۲۳۔ مسلمانو! اپنے اوپر اپنی جانوں کی اصلاح لازم پکڑو۔ جب تم خود ہدایت پر ہو گئے تو جو گمراہ ہوگا اس کا گمراہ ہونا تمہیں کچھ نقصان نہیں پہنچائے گا۔

۔المائدۃ ۵: ۱۰۵۔

۷۔ لوگوں کو عذاب سے ڈراؤ

۲۴۔ وَاَنْذِرْ بِهِ الَّذِيْنَ يَخَافُوْنَ اَنْ يُّحْشَرُوْٓا اِلٰى رَبِّهِمْ لَيْسَ لَهُمْ مِّنْ دُوْنِهٖ وَلِيٌّ وَّلَا شَفِيْعٌ

۲۴۔ اور اس قرآن کے ذریعے ان لوگوں کو ڈرا جو اس سے ڈرتے ہیں کہ وہ اپنے پروردگار کے ہاں اکٹھے کیے جائیں گے۔ اُن کے لیے اس کے سوا نہ کوئی دوست ہے اور نہ کوئی سفارش کرنے والا۔

۔الانعام ۶: ۵۱۔

۲۵۔ اَكَانَ لِلنَّاسِ عَجَبًا اَنْ اَوْحَيْنَآ اِلٰى رَجُلٍ مِّنْهُمْ اَنْ اَنْذِرِ النَّاسَ وَبَشِّرِ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَنَّ لَهُمْ قَدَمَ صِدْقٍ عِنْدَ رَبِّهِمْ ۭ

۲۵۔ کیا لوگوں کو اس بات سے تعجب ہوا کہ ہم نے اُن ہی میں سے ایک شخص کی طرف وحی بھیجی کہ لوگوں کو (عذاب سے) ڈرا اور مسلمانوں کو بشارت دے کہ ان کے لیے راستی کا قدم (بلند مرتبہ) ہے۔

۔یونس ۱۰: ۲۔

۲۶۔ وَاَنْذِرِ النَّاسَ يَوْمَ يَاْتِيْهِمُ الْعَذَابُ

۲۶۔ اور لوگوں کو اس دن سے ڈرا جس دن ان پر عذاب آئے گا۔

۔ابراہیم ۱۴: ۴۴۔

۲۷۔ يُنَزِّلُ الْمَلٰۗىِٕكَةَ بِالرُّوْحِ مِنْ اَمْرِهٖ عَلٰي مَنْ يَّشَاۗءُ مِنْ عِبَادِهٖٓ اَنْ اَنْذِرُوْٓا اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنَا فَاتَّقُوْنِ ۝

۲۷۔ خدا فرشتوں کو وحی کے ساتھ اپنے حکم سے اپنے بندوں میں سے جس پر چاہتا ہے اتارتا ہے کہ لوگوں کو اس بات سے ڈراؤ کہ میرے سوا کوئی معبود نہیں ہے، تو مجھی سے ڈرو۔

۔النحل ۱۶: ۲۔

۲۸۔ وَاَنْذِرْهُمْ يَوْمَ الْحَسْرَةِ اِذْ قُضِيَ الْاَمْرُ

۲۸۔ اور ان کو حسرت کے دن سے ڈرا جب (ہر بات کا) فیصلہ کیا جائے گا۔

۔مریم ۱۹: ۳۹۔

۲۹۔اور اپنے قریبی رشتہ داروں کو ڈرا۔

-الشعراء ۲۶:۲۱۴-

۳۰۔اور اُن کو قیامت کے دن سے ڈرا جب دل (مارے خوف کے) حلق کے قریب ہوں گے، غم سے بھرے ہوئے۔

-المؤمن ۴۰:۱۸-

۳۱۔ہم نے نوح کو اس کی قوم کی طرف بھیجا کہ اپنی قوم کو ڈرا اس سے پہلے کہ ان پر دردناک عذاب آ جائے۔

نوح ۷۱:۱

۳۲۔اے جھرمٹ مارنے والے، اُٹھ اور ڈرا۔

-المدثر ۷۴:۱-۲

اللہ اور رسول کی اطاعت کا حکم

۱۔ رسول اس غرض سے بھیجے گئے ہیں کہ لوگ ان کی اطاعت کریں

۱۔اور ہم نے جو رسول بھی بھیجا وہ اسی لیے بھیجا کہ اللہ کے حکم سے اس کی اطاعت کی جائے۔

-النساء ۴:۶۴-

۲۔ رسولوں کے آنے سے اعمالِ بد کی سزا ملتی ہے

۲۔اور ہر ایک اُمت کے لیے رسول ہوتا ہے پھر جب ان کا رسول آ جاتا ہے تو ان کے درمیان انصاف سے فیصلہ کر دیا جاتا ہے اور ان پر ظلم نہیں کیا جاتا۔

-یونس ۱۰:۴۷-

۳۔اور ہم (کسی کو) عذاب دینے والے نہیں جب تک

۲۹۔ وَأَنذِرْ عَشِيرَتَكَ الْأَقْرَبِينَ ﴿٢١٤﴾

۳۰۔ وَأَنذِرْهُمْ يَوْمَ الْآزِفَةِ إِذِ الْقُلُوبُ لَدَى الْحَنَاجِرِ كَاظِمِينَ

۳۱۔ إِنَّا أَرْسَلْنَا نُوحًا إِلَىٰ قَوْمِهِ أَنْ أَنذِرْ قَوْمَكَ مِن قَبْلِ أَن يَأْتِيَهُمْ عَذَابٌ أَلِيمٌ ﴿١﴾

۳۲۔ يَا أَيُّهَا الْمُدَّثِّرُ ﴿١﴾ قُمْ فَأَنذِرْ ﴿٢﴾

۱۔ وَمَا أَرْسَلْنَا مِن رَّسُولٍ إِلَّا لِيُطَاعَ بِإِذْنِ اللَّهِ

۲۔ وَلِكُلِّ أُمَّةٍ رَّسُولٌ فَإِذَا جَاءَ رَسُولُهُمْ قُضِيَ بَيْنَهُم بِالْقِسْطِ وَهُمْ لَا يُظْلَمُونَ ﴿٤٧﴾

۳۔ وَمَا كُنَّا مُعَذِّبِينَ حَتَّىٰ نَبْعَثَ رَسُولًا ﴿١٥﴾

۴۔ وَالَّذِينَ كَذَّبُوا بِآيَاتِنَا سَنَسْتَدْرِجُهُم مِّنْ حَيْثُ لَا يَعْلَمُونَ ﴿١٨٢﴾ وَأُمْلِي لَهُمْ ۚ إِنَّ كَيْدِي مَتِينٌ ﴿١٨٣﴾

۵۔ وَالَّذِينَ كَذَّبُوا بِآيَاتِنَا وَلِقَاءِ الْآخِرَةِ حَبِطَتْ أَعْمَالُهُمْ ۚ هَلْ يُجْزَوْنَ إِلَّا مَا كَانُوا يَعْمَلُونَ ﴿١٤٧﴾

کہ ایک رسول نہ بھیج دیں۔

-بنی اسرائیل ۱۷:۱۵-

۳۔ رسولوں کے جھٹلانے والوں کو اللہ ڈھیل دیتا ہے

۴۔اور جنہوں نے ہماری آیتوں کو جھٹلایا انہیں ہم درجہ بدرجہ (گمراہی میں) کھینچیں گے ایسی طرح کہ انہیں خبر بھی نہ ہو گی اور میں انہیں ڈھیل دوں گا۔ بے شک میرا داؤ مضبوط ہے۔

-الاعراف ۷:۱۸۲-۱۸۳-

۴۔ رسولوں کے جھٹلانے والوں کے اعمال اکارت ہیں

۵۔اور جنہوں نے ہماری آیتوں اور آخرت کی ملاقات کو جھٹلایا اُن کے عمل اکارت گئے۔ انہیں صرف اسی طرح کا بدلہ دیا جائے گا جو وہ (دنیا میں) کیا کرتے تھے۔

-الاعراف ۷:۱۴۷-

۵۔ رسولوں کے جھٹلانے والے دوزخی ہیں

٦۔ وَالَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا وَاسْتَكْبَرُوْا عَنْهَآ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ النَّارِ ۚ هُمْ فِيْهَا
خٰلِدُوْنَ ﴿۳۶﴾ فَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا اَوْ كَذَّبَ بِاٰيٰتِهٖ ۭ
اُولٰٓئِكَ يَنَالُهُمْ نَصِيْبُهُمْ مِّنَ الْكِتٰبِ ۭ حَتّٰٓى اِذَا جَاۗءَتْهُمْ رُسُلُنَا
يَتَوَفَّوْنَهُمْ ۙ قَالُوْٓا اَيْنَ مَا كُنْتُمْ تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ۭ قَالُوْا ضَلُّوْا عَنَّا
وَشَهِدُوْا عَلٰٓي اَنْفُسِهِمْ اَنَّهُمْ كَانُوْا كٰفِرِيْنَ ﴿۳۷﴾ قَالَ ادْخُلُوْا فِيْٓ اُمَمٍ قَدْ
خَلَتْ مِنْ قَبْلِكُمْ مِّنَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ فِي النَّارِ ۭ كُلَّمَا دَخَلَتْ اُمَّةٌ
لَّعَنَتْ اُخْتَهَا ۭ حَتّٰٓي اِذَا ادَّارَكُوْا فِيْهَا جَمِيْعًا ۙ قَالَتْ اُخْرٰىهُمْ لِاُوْلٰىهُمْ
رَبَّنَا هٰٓؤُلَاۗءِ اَضَلُّوْنَا فَاٰتِهِمْ عَذَابًا ضِعْفًا مِّنَ النَّارِ ڛ قَالَ لِكُلٍّ ضِعْفٌ وَّ
لٰكِنْ لَّا تَعْلَمُوْنَ ﴿۳۸﴾ وَقَالَتْ اُوْلٰىهُمْ لِاُخْرٰىهُمْ فَمَا كَانَ لَكُمْ عَلَيْنَا مِنْ
۱۔وَمَنْ يَّرْتَدِدْ مِنْكُمْ عَنْ دِيْنِهٖ فَيَمُتْ وَھُوَ كَافِرٌ فَاُولٰۗىِٕكَ حَبِطَتْ اَعْمَالُهُمْ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ۚ

۲۔وَمَنْ يَّكْفُرْ بِالْاِيْمَانِ فَقَدْ حَبِطَ عَمَلُهٗ ۡ وَهُوَ فِي الْاٰخِرَةِ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ ۝

۳۔اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ثُمَّ كَفَرُوْا ثُمَّ اٰمَنُوْا ثُمَّ كَفَرُوْا ثُمَّ ازْدَادُوْا كُفْرًا لَّمْ يَكُنِ اللّٰهُ لِيَغْفِرَ لَھُمْ وَلَا لِيَهْدِيَھُمْ سَبِيْلًا ۝

۴۔اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بَعْدَ اِيْمَانِهِمْ ثُمَّ ازْدَادُوْا كُفْرًا لَّنْ تُقْبَلَ تَوْبَتُھُمْ ۚ وَاُولٰۗىِٕكَ ھُمُ الضَّاۗلُّوْنَ ۝

۵۔وَاُولٰۗىِٕكَ اَصْحٰبُ النَّارِ ۚ ھُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ۝

۶۔وَمَنْ يَّكْفُرْ بِالْاِيْمَانِ فَقَدْ حَبِطَ عَمَلُهٗ ۡ وَهُوَ فِي الْاٰخِرَةِ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ ۝

۱۔يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اعْبُدُوْا رَبَّكُمُ الَّذِىْ خَلَقَكُمْ وَالَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِكُمْ لَعَلَّكُمْ

۴۔ مرتد ہمیشہ دوزخ میں رہیں گے

۵۔اور وہی لوگ دوزخی ہیں وہ ہمیشہ اسی میں رہیں گے۔

-البقرۃ ۲: ۲۱۷-

۵۔ مرتد آخرت میں زیاں کار ہیں

۶۔اور جو شخص بھی ایمان کا انکار کر دے گا اس کے اعمال اکارت جائیں گے اور آخرت میں وہ گھاٹا اٹھانے والوں میں ہوگا۔

-المائدۃ ۵: ۵-

عبادت

۱۔ ایک اللہ کی عبادت کا حکم

۱۔لوگو اپنے پروردگار کی عبادت کرو جس نے تم کو پیدا کیا اور (نیز) ان

کو جو تم سے پہلے گزرے ہیں تا کہ تم پرہیز گار بن جاؤ۔

-البقرۃ۲: ۲۱-

تَتَّقُوْنَ ۝

۲۔اور اللہ کی عبادت کرو اس کے ساتھ کسی چیز کو شریک نہ کرو۔

-النساء۴: ۳۶-

۲۔وَاعْبُدُوا اللّٰهَ وَلَا تُشْرِكُوْا بِهٖ شَيْـًٔا

۳۔پس اسی کی عبادت کرو۔

-الانعام۶: ۱۰۲-

۳۔ فَاعْبُدُوْهُ

۴۔اپنے پروردگار کو گڑگڑا گڑگڑا کر اور دل ہی دل میں پکارو۔

-الاعراف۷: ۵۵-

۴۔اُدْعُوْا رَبَّكُمْ تَضَرُّعًا وَّخُفْيَةً

۵۔یہ اللہ ہے تمہارا پروردگار۔پس تم اسی کی عبادت کرو۔

-یونس۱۰: ۳-

۵۔ذٰلِكُمُ اللّٰهُ رَبُّكُمْ فَاعْبُدُوْهُ

۶۔پس تو اسی کی عبادت کر اور اسی پر بھروسہ رکھ۔

-ھود۱۱: ۱۲۳-

۶۔فَاعْبُدْهُ وَتَوَكَّلْ عَلَيْهِ

۷۔پس تو اپنے پروردگار کی تعریف کے ساتھ اس کی پاکی بیان کر اور سجدہ کرنے والوں میں ہو، اور اپنے پروردگار کی عبادت کر یہاں تک کہ تجھ کو موت آجائے۔

-الحجر۱۵: ۹۹-

۷۔ فَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ وَكُنْ مِّنَ السّٰجِدِيْنَ ۝ وَاعْبُدْ رَبَّكَ حَتّٰى يَاْتِيَكَ الْيَقِيْنُ ۝

۸۔اور بے شک ہم نے ہر امت میں ایک پیغمبر بھیجا کہ اللہ کی عبادت کرو اور بتوں سے بچو۔

-النحل۱۶: ۳۶-

۸۔وَلَقَدْ بَعَثْنَا فِيْ كُلِّ اُمَّةٍ رَّسُوْلًا اَنِ اعْبُدُوا اللّٰهَ وَاجْتَنِبُوا الطَّاغُوْتَ

۹۔اور تیرے پروردگار نے فیصلہ کر دیا ہے کہ اس کے سوا کسی کو نہ پوجو۔

-بنی اسرائیل۱۷: ۲۳-

۹۔وَقَضٰى رَبُّكَ اَلَّا تَعْبُدُوْا اِلَّا اِيَّاهُ

۱۰۔بے شک اللہ ہی میرا پروردگار اور تمہارا پروردگار ہے سو تم اسی کو پوجو۔یہی سیدھا راستہ ہے۔

-آل عمران۳: ۵۱ و مریم۱۹: ۳۶-

۱۰۔اِنَّ اللّٰهَ رَبِّيْ وَرَبُّكُمْ فَاعْبُدُوْهُ ۭ هٰذَا صِرَاطٌ مُّسْتَقِيْمٌ ۝

۱۱۔رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا فَاعْبُدْهُ وَاصْطَبِرْ لِعِبَادَتِهٖ

۱۱۔(وہ) آسمانوں اور زمین کا اور جو ان کے درمیان ہے، کا پروردگار ہے۔پس تو اسی کو پوج اور اسی کی عبادت پر جما رہ۔

-مریم۱۹: ۶۵-

۱۲۔فَاعْبُدْنِيْ

۱۲۔پس تو میری ہی عبادت کر۔

-طٰہٰ۲۰: ۱۴-

۱۳۔وَمَآ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ مِنْ رَّسُوْلٍ اِلَّا نُوْحِيْٓ اِلَيْهِ اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنَا فَاعْبُدُوْنِ ۝

۱۳۔اور (اے نبی ﷺ!) ہم نے تجھ سے پہلے جو رسول بھی بھیجا اسی کی طرف ہم یہ پیغام بھیجتے رہے کہ میرے سوا کوئی معبود نہیں تو تم میری ہی عبادت کرو۔

-الانبیاء۲۱: ۲۵-

۱۴۔اِنَّ هٰذِهٖٓ اُمَّتُكُمْ اُمَّةً وَّاحِدَةً ڮ وَّاَنَا رَبُّكُمْ فَاعْبُدُوْنِ ۝

۱۴۔بے شک یہ تمہاری جماعت ہے۔تم اور وہ ایک ہی جماعت میں ہو اور میں تمہارا پروردگار ہوں۔پس تم میری ہی عبادت کرو۔

-الانبیاء۲۱: ۹۲-

۱۵۔ مسلمانو! رکوع کرو اور سجدہ کرو اور اپنے پروردگار کی عبادت کرو اور نیک کام کرو تا کہ تم فلاح پاؤ۔

۔الحج ۲۲:۷۷۔

۱٦۔ مجھے تو بس یہی حکم دیا گیا ہے کہ میں اس شہر (مکے) کے پروردگار کی، جس نے اسے حرمت دی ہے، عبادت کروں اور ہر چیز اسی کی ہے اور مجھے حکم دیا گیا ہے کہ میں فرماں برداروں میں رہوں۔

۔النمل ۲۷:۹۱۔

۱۷۔ اللہ کی عبادت کرو۔

۔العنکبوت ۲۹:۱٦، ۳٦۔

۱۸۔ اور اسی کی عبادت کرو۔

۔العنکبوت ۲۹:۱۷۔

۱۹۔ اے میرے مسلمان بندو! کچھ شک نہیں کہ میری زمین فراخ ہے، تو میری ہی عبادت کرو۔

۔العنکبوت ۲۹:۵٦۔

۲۰۔ اور یہ کہ میری ہی عبادت کرو یہ ہی سیدھا راستہ ہے۔

۔یٰس ۳٦:٦۱۔

۲۱۔ پس تو اللہ کو خالص اسی کی اطاعت کرتا ہوا پوج۔ سن لو کہ خالص اطاعت اللہ ہی کے لیے ہے۔

۔الزمر ۳۹:۲۔۳

۲۲۔ کہہ دے کہ مجھے حکم دیا گیا ہے کہ میں اللہ کو خالص اسی کی اطاعت کرتے ہوئے پوجوں۔

۔الزمر ۳۹:۱۱۔

۲۳۔ کہہ دے کہ میں اللہ کو خالص اسی کی اطاعت کرتا ہوا پوجتا ہوں۔

۔الزمر ۳۹:۱۴۔

۱۵۔ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا ارْكَعُوا وَاسْجُدُوا وَاعْبُدُوا رَبَّكُمْ وَافْعَلُوا الْخَيْرَ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُونَ ۝

۱٦۔ إِنَّمَا أُمِرْتُ أَنْ أَعْبُدَ رَبَّ هَٰذِهِ الْبَلْدَةِ الَّذِي حَرَّمَهَا وَلَهُ كُلُّ شَيْءٍ ۖ وَأُمِرْتُ أَنْ أَكُونَ مِنَ الْمُسْلِمِينَ ۝

۱۷۔ اعْبُدُوا اللَّهَ

۱۸۔ وَاعْبُدُوهُ

۱۹۔ يَا عِبَادِيَ الَّذِينَ آمَنُوا إِنَّ أَرْضِي وَاسِعَةٌ فَإِيَّايَ فَاعْبُدُونِ ۝

۲۰۔ وَأَنِ اعْبُدُونِي ۚ هَٰذَا صِرَاطٌ مُسْتَقِيمٌ ۝

۲۱۔ فَاعْبُدِ اللَّهَ مُخْلِصًا لَهُ الدِّينَ ۝ أَلَا لِلَّهِ الدِّينُ الْخَالِصُ ۚ

۲۲۔ قُلْ إِنِّي أُمِرْتُ أَنْ أَعْبُدَ اللَّهَ مُخْلِصًا لَهُ الدِّينَ ۝

۲۳۔ قُلِ اللَّهَ أَعْبُدُ مُخْلِصًا لَهُ دِينِي ۝

۲۴۔ بَلِ اللَّهَ فَاعْبُدْ وَكُنْ مِنَ الشَّاكِرِينَ ۝

۲۵۔ فَادْعُوا اللَّهَ مُخْلِصِينَ لَهُ الدِّينَ وَلَوْ كَرِهَ الْكَافِرُونَ ۝

۲٦۔ هُوَ الْحَيُّ لَا إِلَٰهَ إِلَّا هُوَ فَادْعُوهُ مُخْلِصِينَ لَهُ الدِّينَ ۗ الْحَمْدُ لِلَّهِ رَبِّ الْعَالَمِينَ ۝

۲۷۔ فَاعْبُدُوهُ ۚ

۲۴۔ بلکہ تو اللہ ہی کی عبادت کر اور شکر گزاروں میں ہو۔

۔الزمر ۳۹:٦٦۔

۲۵۔ پس تم اللہ کو خالص اسی کی اطاعت کرتے ہوئے پکارو اگرچہ کافر برا مانیں۔

۔المؤمن ۴۰:۱۴۔

۲٦۔ وہ زندہ ہے اس کے سوا کوئی معبود نہیں پس تم اسی کو خاص اسی کی اطاعت کرتے ہوئے پکارو۔ سب تعریف اللہ کے لیے ہے جو سارے جہانوں کا پروردگار ہے۔

۔المؤمن ۴۰:٦۵۔

۲۷۔ پس اسی کی عبادت کرو۔

۔الزخرف ۴۳:٦۴۔

۲۸۔ پس اللہ ہی کو سجدہ کرو اور اسی کو پوجو۔

۔النجم ۵۳: ۶۲۔

۲۹۔ یہ (حکم ہے) کہ تم اللہ ہی کی عبادت کرو۔

۔نوح ۷۱: ۳۔

۳۰۔ پس ان کو چاہیے کہ اس گھر (کعبہ) کے پروردگار کی عبادت کریں جس نے ان کو بھوک میں کھانا دیا۔

۔قریش ۱۰۶: ۳۔۴۔

۲۔ غیر اللہ کی عبادت کی ممانعت

۳۱۔ (اے نبی ﷺ!) کہہ دے کہ مجھے اس بات کی ممانعت کی گئی ہے کہ میں ان کو پوجوں جنہیں تم اللہ کے سوا پکارتے ہو۔ کہہ دے کہ میں تمہاری خواہشوں پر نہیں چلتا۔ بے شک ایسا کرنے کی صورت میں گمراہ ہو جاؤں گا اور میں ہدایت پانے والوں میں نہ رہوں گا۔

۔الانعام ۶: ۵۶۔

۳۲۔ یہ کہ سوائے اللہ کے کسی کی عبادت نہ کرو۔ بے شک میں تمہیں اس کی طرف سے ڈرانے والا اور بشارت دینے والا ہوں۔

۔ھود ۱۱: ۲۔

۳۳۔ اس نے حکم دیا ہے کہ اس کے سوا کسی کو نہ پوجو یہ سیدھا دین ہے لیکن اکثر آدمی اس بات کو نہیں جانتے۔

۔یوسف ۱۲: ۴۰۔

۳۴۔ اے اولاد آدم! کیا میں نے تم سے یہ عہد نہ لیا تھا کہ شیطان کو نہ پوجنا۔ بے شک وہ تمہارا کھلا دشمن ہے۔

۔یٰسٓ ۳۶: ۶۰۔

۳۵۔ (اے نبی ﷺ!) کہہ دے کہ اے جاہلو، کیا تم مجھے

۲۸۔ فَاسْجُدُوْا لِلّٰهِ وَاعْبُدُوْا ۩
۲۹۔ اَنِ اعْبُدُوا اللّٰهَ
۳۰۔ فَلْيَعْبُدُوْا رَبَّ هٰذَا الْبَيْتِ ۝ الَّذِیْٓ اَطْعَمَهُمْ مِّنْ جُوْعٍ
۳۱۔ قُلْ اِنِّیْ نُهِيْتُ اَنْ اَعْبُدَ الَّذِيْنَ تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ۭ قُلْ لَّآ اَتَّبِعُ اَهْوَآءَكُمْ ۙ قَدْ ضَلَلْتُ اِذًا وَّمَآ اَنَا مِنَ الْمُهْتَدِيْنَ ۝
۳۲۔ اَلَّا تَعْبُدُوْٓا اِلَّا اللّٰهَ ۭ اِنَّنِیْ لَكُمْ مِّنْهُ نَذِيْرٌ وَّبَشِيْرٌ ۝
۳۳۔ اَمَرَ اَلَّا تَعْبُدُوْٓا اِلَّآ اِيَّاهُ ۭ ذٰلِكَ الدِّيْنُ الْقَيِّمُ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ ۝
۳۴۔ اَلَمْ اَعْهَدْ اِلَيْكُمْ يٰبَنِیْٓ اٰدَمَ اَنْ لَّا تَعْبُدُوا الشَّيْطٰنَ ۚ اِنَّهٗ لَكُمْ عَدُوٌّ مُّبِيْنٌ ۝
۳۵۔ قُلْ اَفَغَيْرَ اللّٰهِ تَاْمُرُوْٓنِّیْٓ اَعْبُدُ اَيُّهَا الْجٰهِلُوْنَ ۝
۳۶۔ لَا جَرَمَ اَنَّمَا تَدْعُوْنَنِیْٓ اِلَيْهِ لَيْسَ لَهٗ دَعْوَةٌ فِی الدُّنْيَا وَلَا فِی الْاٰخِرَةِ
۳۷۔ قُلْ اِنِّیْ نُهِيْتُ اَنْ اَعْبُدَ الَّذِيْنَ تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ لَمَّا جَآءَنِیَ الْبَيِّنٰتُ مِنْ رَّبِّیْ وَاُمِرْتُ اَنْ اُسْلِمَ لِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝
۳۸۔ لَا تَسْجُدُوْا لِلشَّمْسِ وَلَا لِلْقَمَرِ وَاسْجُدُوْا لِلّٰهِ الَّذِیْ خَلَقَهُنَّ اِنْ كُنْتُمْ اِيَّاهُ تَعْبُدُوْنَ ۩

یہ حکم دیتے ہو کہ میں غیر اللہ کی عبادت کروں۔

۔الزمر ۳۹: ۶۴۔

۳۶۔ ضرور ہے کہ جس چیز کی (عبادت کی) طرف تم مجھے بلاتے ہو اس کو پکارنا نہ دنیا میں (صحیح) ہے اور نہ آخرت میں۔

۔المؤمن ۴۰: ۴۳۔

۳۷۔ کہہ دے کہ بے شک مجھے اس کی ممانعت کی گئی ہے کہ میں ان کو پوجوں جن کو اللہ کے سوا تم پکارتے ہو۔ جبکہ میرے پروردگار کی طرف سے میرے پاس اس بات کی کھلی دلیلیں بھی آ چکی ہیں کہ میں جہانوں کے پروردگار کا فرماں بردار رہوں۔

۔المؤمن ۴۰: ۶۶۔

۳۸۔ نہ سورج کو سجدہ کرو اور نہ چاند کو اور اللہ کو سجدہ کرو جس نے ان کو پیدا کیا ہے اگر تم اسی کو پوجتے ہو۔

۔حٰمٓ السجدۃ ۴۱: ۳۷۔

۳۹۔ وَلَا تَجْعَلُوْا مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ ۭ اِنِّىْ لَكُمْ مِّنْهُ نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ ۝

۴۰۔ وَّاَنَّ الْمَسٰجِدَ لِلّٰهِ فَلَا تَدْعُوْا مَعَ اللّٰهِ اَحَدًا ۝

۴۱۔ مَا كَانَ لِبَشَرٍ اَنْ يُّؤْتِيَهُ اللّٰهُ الْكِتٰبَ وَالْحُكْمَ وَالنُّبُوَّةَ ثُمَّ يَقُوْلَ لِلنَّاسِ كُوْنُوْا عِبَادًا لِّيْ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَلٰكِنْ كُوْنُوْا رَبّٰنِيّٖنَ بِمَا كُنْتُمْ تُعَلِّمُوْنَ الْكِتٰبَ وَبِمَا كُنْتُمْ تَدْرُسُوْنَ ۝ وَلَا يَاْمُرَكُمْ اَنْ تَتَّخِذُوا الْمَلٰۗىِٕكَةَ وَالنَّبِيّٖنَ اَرْبَابًا ۭ اَيَاْمُرُكُمْ بِالْكُفْرِ بَعْدَ اِذْ اَنْتُمْ مُّسْلِمُوْنَ ۝

۴۲۔ اِنَّ الَّذِيْنَ عِنْدَ رَبِّكَ لَا يَسْتَكْبِرُوْنَ عَنْ عِبَادَتِهٖ وَيُسَبِّحُوْنَهٗ وَلَهٗ يَسْجُدُوْنَ ۝

۴۳۔ وَلَهٗ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ وَمَنْ عِنْدَهٗ لَا يَسْتَكْبِرُوْنَ عَنْ عِبَادَتِهٖ وَلَا يَسْتَحْسِرُوْنَ ۝ يُسَبِّحُوْنَ الَّيْلَ وَالنَّهَارَ لَا يَفْتُرُوْنَ ۝

۴۴۔ وَقَالُوا اتَّخَذَ الرَّحْمٰنُ وَلَدًا سُبْحٰنَهٗ ۭ بَلْ عِبَادٌ مُّكْرَمُوْنَ ۝ لَا يَسْبِقُوْنَهٗ بِالْقَوْلِ وَهُمْ بِاَمْرِهٖ يَعْمَلُوْنَ ۝

۴۵۔ وَقَالَ رَبُّكُمُ ادْعُوْنِيْٓ اَسْتَجِبْ لَكُمْ ۭ اِنَّ الَّذِيْنَ يَسْتَكْبِرُوْنَ عَنْ عِبَادَتِيْ سَيَدْخُلُوْنَ جَهَنَّمَ دٰخِرِيْنَ ۝

۳۹۔ اور اللہ کے ساتھ دوسرا معبود نہ ٹھہراؤ۔ بے شک میں تمہیں اس کی طرف سے کھول کر ڈرانے والا ہوں۔

۔الذّٰریٰت ۵۱: ۵۱۔

۴۰۔ اور یہ کہ مسجدیں اللہ کی ہیں تو تو اللہ کے ساتھ کسی کو نہ پکار۔

۔الجن ۷۲: ۱۸۔

۳۔ کسی نبی کا حق نہیں کہ وہ اپنی یا فرشتوں کی عبادت کا حکم دے

۴۱۔ کسی بشر کو لائق نہیں کہ اللہ اس کو کتاب اور دانائی اور نبوت دے۔ پھر وہ بشر لوگوں سے کہے کہ اللہ کو چھوڑ کر میرے بندے بنو لیکن وہ کہے گا کہ اللہ والے بن جاؤ اس لیے کہ تم کتاب لوگوں کو پڑھاتے ہو اور اس لیے کہ تم خود پڑھتے ہو اور وہ تمہیں یہ حکم نہیں دے گا کہ تم فرشتوں اور پیغمبروں کو رب بنا لو۔ کیا وہ تمہیں اس کے بعد کہ تم مسلمان ہو، کفر کا حکم دے گا؟

۔آل عمران ۳: ۷۹۔۸۰۔

۴۔ اللہ کے پاس والے اس کی عبادت سے تکبر نہیں کرتے

۴۲۔ بے شک جو (فرشتے) تیرے پروردگار کے پاس ہیں، وہ اس کی عبادت سے غرور نہیں کرتے اور اس کی پاکی بیان کرتے ہیں اور اسی کو سجدہ کرتے ہیں۔

۔الاعراف ۷: ۲۰۶۔

۴۳۔ اور اسی کے لیے ہے جو کوئی آسمانوں اور زمین میں ہے اور جو (فرشتے) اس کے پاس ہیں وہ اس کی عبادت سے نہ غرور کرتے ہیں اور نہ تھکتے ہیں۔ رات اور دن تسبیح کرتے ہیں اور سستی نہیں کرتے۔

۔الانبیاء ۲۱: ۱۹۔۲۰۔

۴۴۔ اور انہوں نے کہا کہ رحمٰن نے اولاد اختیار کی ہے تو وہ تو پاک ہے بلکہ وہ معزز بندے ہیں۔ بات کرنے میں ان سے سبقت نہیں کرتے اور وہ اس کے حکم کے مطابق کام کرتے ہیں۔

۔الانبیاء ۲۱: ۲۶۔۲۷۔

۵۔ اللہ کی عبادت سے تکبر کرنے والے ذلیل ہو کر جہنم میں داخل ہوں گے

۴۵۔ اور تمہارے پروردگار نے کہا کہ مجھے پکارو میں تمہیں جواب دوں گا۔ بے شک جو لوگ میری عبادت سے غرور کرتے ہیں وہ ذلیل و خوار دوزخ میں داخل ہوں گے۔

۔المؤمن ۴۰: ۶۰۔

۶۔ خلقت کی پیدائش سے مقصود صرف عبادت کرانا ہے

۴۶۔اور میں نے جنوں اور انسانوں کو صرف اسی لیے پیدا کیا ہے کہ وہ میری عبادت کریں۔ میں نہ ان سے روزی چاہتا ہوں اور نہ یہ چاہتا ہوں کہ وہ مجھے کھانا کھلائیں۔

۔الذّٰریٰت ۵۱:۵۶۔۵۷۔

۴۶۔وَمَا خَلَقْتُ الْجِنَّ وَالْإِنْسَ إِلَّا لِيَعْبُدُونِ ﴿۵۶﴾ مَا أُرِيدُ مِنْهُمْ مِنْ رِزْقٍ وَمَا أُرِيدُ أَنْ يُطْعِمُونِ ﴿۵۷﴾

کتاب العبادات

الصلوٰۃ۔ نماز

انبیائے سابقین کو نماز پڑھنے کا حکم تمام انبیاء علیھم السلام نماز پڑھا کرتے تھے

۱۔ زکریا علیہ السلام

۱۔ پس فرشتوں نے اس کو پکارا اور وہ (مسجد کی) محراب میں کھڑا ہوا نماز پڑھ رہا تھا۔

۔آل عمران ۳: ۳۹۔

۲۔ موسیٰ وہارون علیھما السلام

۲۔ اور ہم نے موسیٰ اور اس کے بھائی کی طرف وحی کی کہ نماز کو قائم رکھو اور مومنوں کو بشارت دو۔

۔یونس ۱۰: ۸۷۔

۳۔ میں ہی اللہ ہوں میرے سوا کوئی معبود نہیں تو (اے موسیٰ علیہ السلام) میری ہی عبادت کر اور میری یاد کے لیے نماز کو قائم رکھ۔

۔طٰہٰ ۲۰: ۱۴۔

۳۔ شعیب علیہ السلام

۴۔ انہوں نے کہا اے شعیب کیا تجھے تیری نماز یہ حکم دیتی ہے کہ ہم ان (معبودوں) کو چھوڑ دیں جن کو ہمارے باپ دادا پوجتے چلے آتے ہیں۔

۔ھود ۱۱: ۸۷۔

۴۔ ابراہیم علیہ السلام

۵۔ اور وہ وقت یاد کر جب ہم نے خانہ کعبہ کو لوگوں کا مرجع اور امن کی جگہ بنایا اور تم لوگ مقامِ ابراہیم کو نماز کی جگہ بناؤ اور ہم نے ابراہیم اور اسمٰعیل سے عہد لیا کہ میرے گھر کو طواف کرنے والوں اور مجاوروں اور رکوع سجدہ کرنے والوں کے لیے پاک رکھو۔

۔البقرۃ ۲: ۱۲۵۔

۱۔ فَنَادَتْهُ الْمَلٰٓئِكَةُ وَهُوَ قَآئِمٌ يُّصَلِّيْ فِي الْمِحْرَابِ

۲۔ وَاَوْحَيْنَآ اِلٰى مُوْسٰى وَاَخِيْهِ ...... وَّاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ ؕ وَبَشِّرِ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۸۷﴾

۳۔ اِنَّنِيْٓ اَنَا اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنَا فَاعْبُدْنِيْ ۙ وَاَقِمِ الصَّلٰوةَ لِذِكْرِيْ ﴿۱۴﴾

۴۔ قَالُوْا يٰشُعَيْبُ اَصَلٰوتُكَ تَاْمُرُكَ اَنْ نَّتْرُكَ مَا يَعْبُدُ اٰبَآؤُنَآ

۵۔ وَاِذْ جَعَلْنَا الْبَيْتَ مَثَابَةً لِّلنَّاسِ وَاَمْنًا ؕ وَاتَّخِذُوْا مِنْ مَّقَامِ اِبْرٰهٖمَ مُصَلًّى ؕ وَعَهِدْنَآ اِلٰٓى اِبْرٰهٖمَ وَاِسْمٰعِيْلَ اَنْ طَهِّرَا بَيْتِيَ لِلطَّآئِفِيْنَ وَالْعٰكِفِيْنَ وَالرُّكَّعِ السُّجُوْدِ ﴿۱۲۵﴾

۶۔ رَبَّنَآ اِنِّيْٓ اَسْكَنْتُ مِنْ ذُرِّيَّتِيْ بِوَادٍ غَيْرِ ذِيْ زَرْعٍ عِنْدَ بَيْتِكَ الْمُحَرَّمِ ۙ رَبَّنَا لِيُقِيْمُوا الصَّلٰوةَ

۷۔ رَبِّ اجْعَلْنِيْ مُقِيْمَ الصَّلٰوةِ وَمِنْ ذُرِّيَّتِيْ ۖ رَبَّنَا وَتَقَبَّلْ دُعَآءِ ﴿۴۰﴾ رَبَّنَا اغْفِرْ لِيْ وَلِوَالِدَيَّ وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ يَوْمَ يَقُوْمُ الْحِسَابُ ﴿۴۱﴾

۸۔ وَاذْكُرْ فِي الْكِتٰبِ اِسْمٰعِيْلَ ؗ اِنَّهٗ كَانَ صَادِقَ الْوَعْدِ وَكَانَ رَسُوْلًا نَّبِيًّا ﴿۵۴﴾ وَكَانَ يَاْمُرُ اَهْلَهٗ بِالصَّلٰوةِ وَالزَّكٰوةِ ۪ وَكَانَ عِنْدَ رَبِّهٖ مَرْضِيًّا ﴿۵۵﴾

۶۔ اے ہمارے پروردگار! میں نے اپنی اولاد کو تیرے حرمت والے گھر کے پاس اس جنگل میں بسایا ہے جس میں کھیتی نہیں۔ اے پروردگار! یہ اس لیے ہے کہ وہ نماز پڑھتے رہیں۔

۔ابراہیم ۱۴: ۳۷۔

۷۔ اے ہمارے پروردگار! مجھے نماز پر قائم رکھ اور میری اولاد میں سے بھی اور میری دعا قبول فرما۔ اے ہمارے پروردگار! مجھے اور میرے ماں باپ اور مومنوں کو جس دن حساب قائم ہو بخش دینا۔

۔ابراہیم ۱۴: ۴۰۔ ۴۱۔

۵۔ اسمٰعیل علیہ السلام

۸۔ اور کتاب میں اسماعیل کو یاد کر۔ بے شک وہ وعدہ کا سچا اور رسول نبی تھا۔ اور اپنے گھر والوں کو نماز اور زکوٰۃ کا حکم دیتا تھا اور اپنے پروردگار کے ہاں پسندیدہ تھا۔

۔مریم ۱۹: ۵۴: ۵۵۔

۶۔ ابراہیم، اسحٰق، یعقوب اور لوط علیہم السلام کی طرف نماز پڑھنے اور زکوٰۃ دینے کی وحی

۹۔اور ہم نے ان کو پیشوا بنایا کہ ہمارے حکم سے (لوگوں کو) ہدایت کرتے تھے اور ہم نے ان کی طرف وحی کی نیکی کے کام کرنے اور نماز کے قائم رکھنے اور زکوٰۃ دینے کی اور وہ ہماری عبادت کرتے تھے۔

-الانبیاء ۲۱:۷۳-

۷۔ عیسیٰ علیہ السلام

۱۰۔میں اللہ کا بندہ ہوں۔اس نے مجھے کتاب دی اور مجھے نبی بنایا اور مجھے برکت والا بنایا جہاں کہیں بھی رہوں اور جب تک میں زندہ ہوں مجھے نماز اور زکوٰۃ کا حکم دیا۔

-مریم ۱۹:۳۰-۳۱-

۸۔ ادریس علیہ السلام کے بعد لوگوں نے نماز چھوڑ دی

۱۱۔پھر ان کے بعد ایسے جانشین ہوئے جنہوں نے نماز کو کھو دیا اور اپنی خواہشوں کے پیچھے پڑ گئے تو عنقریب وہ گمراہی (کی سزا) سے ملیں گے۔

-مریم ۱۹:۵۹-

۹۔ لقمان

۱۲۔بیٹا نماز کو قائم رکھ اور نیکی کا حکم دے اور برے کاموں سے منع کر اور جو تکلیف (اس بارہ میں) تجھے پہنچے، اس پر صبر کر۔بے شک یہ بڑی ہمت کا کام ہے۔

-لقمٰن ۳۱:۱۷-

۱۰۔ بنی اسرائیل کو نماز کا حکم دیا گیا تھا

۱۳۔اور وہ وقت یاد کر جب ہم نے بنی اسرائیل سے عہد لیا کہ اللہ کے سوا کسی کو نہ پوجنا......اور لوگوں سے اچھی بات

۹۔وَجَعَلْنٰهُمْ اَئِمَّةً يَّهْدُوْنَ بِاَمْرِنَا وَاَوْحَيْنَآ اِلَيْهِمْ فِعْلَ الْخَيْرٰتِ وَاِقَامَ الصَّلٰوةِ وَاِيْتَآءَ الزَّكٰوةِ ۚ وَكَانُوْا لَنَا عٰبِدِيْنَ ۝

۱۰۔اِنِّىْ عَبْدُ اللّٰهِ ۗ اٰتٰنِىَ الْكِتٰبَ وَجَعَلَنِىْ نَبِيًّا ۝ وَّجَعَلَنِىْ مُبٰرَكًا اَيْنَ مَا كُنْتُ ۖ وَاَوْصٰنِىْ بِالصَّلٰوةِ وَالزَّكٰوةِ مَا دُمْتُ حَيًّا ۝

۱۱۔فَخَلَفَ مِنْۢ بَعْدِهِمْ خَلْفٌ اَضَاعُوا الصَّلٰوةَ وَاتَّبَعُوا الشَّهَوٰتِ فَسَوْفَ يَلْقَوْنَ غَيًّا ۝

۱۲۔يٰبُنَىَّ اَقِمِ الصَّلٰوةَ وَاْمُرْ بِالْمَعْرُوْفِ وَانْهَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَاصْبِرْ عَلٰى مَآ اَصَابَكَ ۗ اِنَّ ذٰلِكَ مِنْ عَزْمِ الْاُمُوْرِ ۝

۱۳۔وَاِذْ اَخَذْنَا مِيْثَاقَ بَنِىْٓ اِسْرَآءِيْلَ لَا تَعْبُدُوْنَ اِلَّا اللّٰهَ ...... وَقُوْلُوْا لِلنَّاسِ حُسْنًا وَّاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ ۗ

۱۴۔وَمَآ اُمِرُوْٓا اِلَّا لِيَعْبُدُوا اللّٰهَ مُخْلِصِيْنَ لَهُ الدِّيْنَ ۙ حُنَفَآءَ وَيُقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَيُؤْتُوا الزَّكٰوةَ وَذٰلِكَ دِيْنُ الْقَيِّمَةِ ۝

۱۵۔وَلَقَدْ اَخَذَ اللّٰهُ مِيْثَاقَ بَنِىْٓ اِسْرَآءِيْلَ ۚ وَبَعَثْنَا مِنْهُمُ اثْنَىْ عَشَرَ نَقِيْبًا ۗ وَقَالَ اللّٰهُ اِنِّىْ مَعَكُمْ ۗ لَئِنْ اَقَمْتُمُ الصَّلٰوةَ وَاٰتَيْتُمُ الزَّكٰوةَ وَاٰمَنْتُمْ بِرُسُلِىْ وَعَزَّرْتُمُوْهُمْ وَاَقْرَضْتُمُ اللّٰهَ قَرْضًا حَسَنًا لَّاُكَفِّرَنَّ عَنْكُمْ سَيِّاٰتِكُمْ وَلَاُدْخِلَنَّكُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِىْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ۚ

کہنا اور نماز کو قائم رکھنا اور زکوٰۃ دیتے رہنا۔

-البقرۃ ۲:۸۳-

۱۴۔اور ان کو ان کے سوا اور کچھ حکم نہیں دیا گیا تھا کہ اللہ ہی کی عبادت کریں خالص اسی کی اطاعت کرتے ہوئے، توحید پر قائم رہ کر اور نماز پڑھتے اور زکوٰۃ دیتے رہیں اور یہی درست دین ہے۔

-البینۃ ۹۸:۵-

۱۱۔ بنی اسرائیل سے نماز کا عہد

۱۵۔اور اللہ نے بنی اسرائیل سے عہد لیا اور ہم نے ان میں بارہ سردار کھڑے کیے اور اللہ نے فرمایا میں تمہارے ساتھ ہوں اگر تم نے نماز کو قائم رکھا اور زکوٰۃ دیتے رہے اور میرے رسولوں پر ایمان لائے اور ان کی مدد کی اور اللہ کو قرضِ حسنہ دیتے رہے تو میں ضرور تمہارے گناہ دور کر دوں گا اور تمہیں ایسے باغوں میں داخل کروں گا جن کے نیچے نہریں جاری ہیں۔

-المائدۃ ۵:۱۲-

۱۲۔ اصحابِ رسول اللہ نماز پڑھتے تھے

۱۶۔ یہ وہ ہیں کہ اگر ہم ملک میں ان کے پاؤں جما دیں تو وہ نماز پڑھیں اور زکوٰۃ دیں اور لوگوں کو نیکی کا حکم دیں اور برے کاموں سے روکیں۔

۔الحج ۲۲: ۴۱۔

نمازِ اسلام

۱۔ طہارتِ جامہ

۱۔اور اپنے کپڑوں کو پاک رکھ۔

۔المدثر ۷۴: ۴۔

۲۔ وضو

۲۔مسلمانو! جب تم نماز کی (ادائیگی کی) طرف کھڑے ہو، تو اپنے منہ اور اپنے دونوں ہاتھ کہنیوں تک دھولیا کرو اور اپنے سروں پر مسح کرلیا کرو اور اپنے پاؤں ٹخنوں تک دھولیا کرو۔

۔المائدۃ ۵: ۶۔

۳۔ غسل وتیمم

۳۔مسلمانو! جب تم نشے میں ہو تو نماز کے قریب نہ جاؤ یہاں تک کہ تم اس کو سمجھنے لگو جو تم کہتے ہو اور نہ ناپاکی کی حالت میں جاؤ مگر رستہ چلتے ہوئے (مسجد سے گزر جاؤ تو مضائقہ نہیں) یہاں تک کہ تم غسل کر لو، اور اگر تم بیمار ہو یا مسافر یا کوئی تم میں سے جائے ضرور سے آیا ہو یا تم نے عورتوں کو چھوا ہو پھر تم پانی نہ پاؤ تو پاک مٹی کا قصد کرو۔ پس اپنے مونہوں اور اپنے ہاتھوں پر مسح کر لو۔ بے شک اللہ معاف

۱۶۔ اَلَّذِيْنَ اِنْ مَّكَّنّٰهُمْ فِي الْاَرْضِ اَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتَوُا الزَّكٰوةَ وَاَمَرُوْا بِالْمَعْرُوْفِ وَنَهَوْا عَنِ الْمُنْكَرِ

۱۔ وَثِيَابَكَ فَطَهِّرْ ۝

۲۔ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اِذَا قُمْتُمْ اِلَى الصَّلٰوةِ فَاغْسِلُوْا وُجُوْهَكُمْ وَاَيْدِيَكُمْ اِلَى الْمَرَافِقِ وَامْسَحُوْا بِرُءُوْسِكُمْ وَاَرْجُلَكُمْ اِلَى الْكَعْبَيْنِ

۳۔ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَقْرَبُوا الصَّلٰوةَ وَاَنْتُمْ سُكٰرٰى حَتّٰى تَعْلَمُوْا مَا تَقُوْلُوْنَ وَلَا جُنُبًا اِلَّا عَابِرِيْ سَبِيْلٍ حَتّٰى تَغْتَسِلُوْا وَاِنْ كُنْتُمْ مَّرْضٰۤى اَوْ عَلٰى سَفَرٍ اَوْ جَآءَ اَحَدٌ مِّنْكُمْ مِّنَ الْغَآئِطِ اَوْ لٰمَسْتُمُ النِّسَآءَ فَلَمْ تَجِدُوْا مَآءً فَتَيَمَّمُوْا صَعِيْدًا طَيِّبًا فَامْسَحُوْا بِوُجُوْهِكُمْ وَاَيْدِيْكُمْ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَفُوًّا غَفُوْرًا ۝

۴۔ وَاِنْ كُنْتُمْ جُنُبًا فَاطَّهَّرُوْا وَاِنْ كُنْتُمْ مَّرْضٰۤى اَوْ عَلٰى سَفَرٍ اَوْ جَآءَ اَحَدٌ مِّنْكُمْ مِّنَ الْغَآئِطِ اَوْ لٰمَسْتُمُ النِّسَآءَ فَلَمْ تَجِدُوْا مَآءً فَتَيَمَّمُوْا صَعِيْدًا طَيِّبًا فَامْسَحُوْا بِوُجُوْهِكُمْ وَاَيْدِيْكُمْ مِّنْهُ مَا يُرِيْدُ اللّٰهُ لِيَجْعَلَ عَلَيْكُمْ مِّنْ حَرَجٍ وَّلٰكِنْ يُّرِيْدُ لِيُطَهِّرَكُمْ وَلِيُتِمَّ نِعْمَتَهٗ عَلَيْكُمْ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ۝

۵۔ وَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ وَارْكَعُوْا مَعَ الرّٰكِعِيْنَ ۝

کرنے والا، بخشنے والا ہے۔

۔النساء ۴: ۴۳۔

۴۔اور اگر تم ناپاک ہو تو خوب پاک ہو جاؤ۔ اور اگر تم بیمار ہو یا مسافر ہو یا تم میں سے کوئی جائے ضرور سے آیا ہو، یا تم نے عورتوں کو چھوا ہو، پھر تم پانی نہ پاؤ تو پاک مٹی کا قصد کرو۔ بس اس سے اپنے مونہوں اور اپنی ہاتھوں پر مسح کرلو۔ اللہ نہیں چاہتا کہ تم پر تنگی ڈالے لیکن وہ یہ چاہتا ہے کہ تم کو خوب پاک کرے اور تم پر اپنی نعمت پوری کرے تاکہ تم شکر کرو۔

۔المائدۃ ۵: ۶۔

۴۔ نماز کا حکم

۵۔اور نماز کو قائم رکھو اور زکوٰۃ دیتے رہو اور رکوع کرنے والوں کے ساتھ رکوع کرو۔

۔البقرۃ ۲: ۴۳۔

۶۔ اور مدد مانگو صبر اور نماز کے ذریعے سے۔

۔البقرۃ ۲:۴۵۔

۷۔ اور نماز کو قائم کرو اور زکوٰۃ دیتے رہو اور اپنے لیے جو بھلائی تم آگے بھیجو گے اس کو اللہ کے ہاں پاؤ گے۔ بے شک اللہ جو تم کرتے ہو دیکھتا ہے۔

۔البقرۃ ۲:۱۱۰۔

۸۔ مسلمانو! نماز اور صبر کے ذریعے سے مدد مانگو۔ بے شک اللہ صابروں کے ساتھ ہے۔

۔البقرۃ ۲:۱۵۳۔

۹۔ اور یہ کہ نماز کو قائم رکھو اور اس سے ڈرتے رہو اور اسی کی طرف تم اکٹھے کیے جاؤ گے۔

۔الانعام ۶:۷۲۔

۱۰۔ میرے بندوں سے جو ایمان لائے ہیں کہہ دے کہ نماز کو قائم رکھیں اور اس مال میں سے خرچ کرتے رہیں جو ہم نے ان کو دیا ہے چھپا کر اور علانیہ۔ اس سے پہلے کہ وہ دن آجائے جس میں نہ خرید و فروخت ہوگی نہ دوستی۔

۔ابراہیم ۱۴:۳۱۔

۱۱۔ پس تو اپنے پروردگار کی تعریف کے ساتھ اس کی پاکی بیان کر اور سجدہ کرنے والوں میں سے ہو۔

۔الحجر ۱۵:۹۸۔

۱۲۔ اور اپنے گھر والوں کو نماز کا حکم دے اور اس کا بوجھ اٹھا۔ ہم تجھ سے روزی نہیں مانگتے ہم تجھ کو روزی دیتے ہیں اور انجام نیک پرہیز گاری کا ہے۔

۔طٰہٰ ۲۰:۱۳۲۔

۱۳۔ مسلمانو! رکوع کرو اور سجدہ کرو اور اپنے پروردگار کی

۶۔ وَاسْتَعِيْنُوْا بِالصَّبْرِ وَالصَّلٰوةِ

۷۔ وَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ ؕ وَمَا تُقَدِّمُوْا لِاَنْفُسِكُمْ مِّنْ خَيْرٍ تَجِدُوْهُ عِنْدَ اللّٰهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ

۸۔ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اسْتَعِيْنُوْا بِالصَّبْرِ وَالصَّلٰوةِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ مَعَ الصّٰبِرِيْنَ

۹۔ وَاَنْ اَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاتَّقُوْهُ ؕ وَهُوَ الَّذِيْٓ اِلَيْهِ تُحْشَرُوْنَ

۱۰۔ قُلْ لِّعِبَادِيَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا يُقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَيُنْفِقُوْا مِمَّا رَزَقْنٰهُمْ سِرًّا وَّعَلَانِيَةً مِّنْ قَبْلِ اَنْ يَّاْتِيَ يَوْمٌ لَّا بَيْعٌ فِيْهِ وَلَا خِلٰلٌ

۱۱۔ فَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ وَكُنْ مِّنَ السّٰجِدِيْنَ

۱۲۔ وَاْمُرْ اَهْلَكَ بِالصَّلٰوةِ وَاصْطَبِرْ عَلَيْهَا ؕ لَا نَسْـَٔلُكَ رِزْقًا ؕ نَحْنُ نَرْزُقُكَ ؕ وَالْعَاقِبَةُ لِلتَّقْوٰى

۱۳۔ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا ارْكَعُوْا وَاسْجُدُوْا وَاعْبُدُوْا رَبَّكُمْ وَافْعَلُوا الْخَيْرَ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ

۱۴۔ فَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ وَاعْتَصِمُوْا بِاللّٰهِ ؕ هُوَ مَوْلٰىكُمْ ۚ فَنِعْمَ الْمَوْلٰى وَنِعْمَ النَّصِيْرُ

۱۵۔ وَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ وَاَطِيْعُوا الرَّسُوْلَ لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ

۱۶۔ اُتْلُ مَآ اُوْحِيَ اِلَيْكَ مِنَ الْكِتٰبِ وَاَقِمِ الصَّلٰوةَ

عبادت کرتے رہو اور نیک کام کرو تا کہ تم فلاح پاؤ۔

۔الحج ۲۲:۷۷۔

۱۴۔ تو نماز کو قائم رکھو اور زکوٰۃ دیتے رہو اور اللہ کو مضبوط پکڑے رہو۔ وہ تمہارا آقا ہے سو کیا ہی اچھا آقا ہے اور کیا ہی اچھا مددگار۔

۔الحج ۲۲:۷۸۔

۱۵۔ اور نماز قائم رکھو اور زکوٰۃ دیتے رہو اور حکم مانو رسول کا تا کہ تم پر رحم کیا جائے۔

۔النور ۲۴:۵۶۔

۱۶۔ اس کتاب کو پڑھتا رہ جو تیری طرف وحی کی گئی ہے اور نماز کو قائم رکھ۔

۔العنکبوت ۲۹:۴۵۔

۱۷۔ فَاَقِمْ وَجْهَكَ لِلدِّيْنِ حَنِيْفًا ...... مُنِيْبِيْنَ اِلَيْهِ وَاتَّقُوْهُ وَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَلَا تَكُوْنُوْا مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ﴿۳۱﴾ مِنَ الَّذِيْنَ فَرَّقُوْا دِيْنَهُمْ وَكَانُوْا شِيَعًا ؕ كُلُّ حِزْبٍۢ بِمَا لَدَيْهِمْ فَرِحُوْنَ ﴿۳۲﴾

۱۸۔ وَاَقِمْنَ الصَّلٰوةَ وَاٰتِيْنَ الزَّكٰوةَ وَاَطِعْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ ؕ

۱۹۔ ءَاَشْفَقْتُمْ اَنْ تُقَدِّمُوْا بَيْنَ يَدَيْ نَجْوٰىكُمْ صَدَقٰتٍ ؕ فَاِذْ لَمْ تَفْعَلُوْا وَتَابَ اللّٰهُ عَلَيْكُمْ فَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ وَاَطِيْعُوا اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ ؕ وَاللّٰهُ خَبِيْرٌۢ بِمَا تَعْمَلُوْنَ ﴿۱۳﴾

۲۰۔ وَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ وَاَقْرِضُوا اللّٰهَ قَرْضًا حَسَنًا ؕ

۲۱۔ اِنَّ الصَّلٰوةَ كَانَتْ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ كِتٰبًا مَّوْقُوْتًا ﴿۱۰۳﴾

۲۲۔ وَاَقِمِ الصَّلٰوةَ طَرَفَيِ النَّهَارِ وَزُلَفًا مِّنَ الَّيْلِ ؕ اِنَّ الْحَسَنٰتِ يُذْهِبْنَ السَّيِّاٰتِ ؕ ذٰلِكَ ذِكْرٰى لِلذّٰكِرِيْنَ ﴿۱۱۴﴾

۲۳۔ اَقِمِ الصَّلٰوةَ لِدُلُوْكِ الشَّمْسِ اِلٰى غَسَقِ الَّيْلِ وَقُرْاٰنَ الْفَجْرِ ؕ اِنَّ قُرْاٰنَ الْفَجْرِ كَانَ مَشْهُوْدًا ﴿۷۸﴾

۲۴۔ فَاصْبِرْ عَلٰى مَا يَقُوْلُوْنَ وَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ قَبْلَ طُلُوْعِ الشَّمْسِ وَقَبْلَ غُرُوْبِهَا ۚ وَمِنْ اٰنَآئِ الَّيْلِ فَسَبِّحْ وَاَطْرَافَ النَّهَارِ لَعَلَّكَ تَرْضٰى ﴿۱۳۰﴾

۲۵۔ فَسُبْحٰنَ اللّٰهِ حِيْنَ تُمْسُوْنَ وَحِيْنَ تُصْبِحُوْنَ ﴿۱۷﴾

۱۷۔ تو (ایک اللہ کا ہو کر) اپنا منہ دین پر قائم رکھ...... اسی کی طرف رجوع ہوتے ہوئے اور اس سے ڈرتے رہو اور نماز کو قائم رکھو اور مشرکوں میں (داخل) نہ ہو۔ (یعنی) ان لوگوں میں (داخل) نہ ہو جنھوں نے اپنے دین کو ٹکڑے ٹکڑے کر دیا اور گروہ گروہ بن گئے ہر گروہ اپنے ہی خیالات سے خوش ہے۔

۔الروم ۳۰: ۳۱۔۳۲۔

۱۸۔ اور (اے پیغمبر کی بی بیو!) نماز کو قائم رکھو اور زکوٰۃ دیتی رہو اور اللہ اور اس کے رسول کی اطاعت کرو۔

۔الاحزاب ۳۳: ۳۳۔

۱۹۔ کیا تم اس بات سے ڈر گئے کہ اپنی سرگوشیوں سے پہلے خیرات کیا کرو۔ پس جب تم نے یہ کام نہیں کیا اور اللہ تم پر مہربان ہو گیا تو نماز کو قائم رکھو اور زکوٰۃ دیتے رہو اور اللہ اور اس کے رسول کی اطاعت کرو اور تمہارے عملوں سے خبردار ہے۔

۔المجادلۃ ۵۸: ۱۳۔

۲۰۔ اور نماز کو قائم رکھو اور زکوٰۃ دیتے رہو اور اللہ کو خوش دلی سے قرض دو۔

۔المزمل ۷۳: ۲۰۔

۵۔ نماز بقیدِ اوقات

۲۱۔ بے شک نماز مومنوں پر مقررہ وقتوں پر فرض کی گئی ہے۔

۔النساء ۴: ۱۰۳۔

۲۲۔ اور دن کی دونوں طرف نماز کو قائم رکھ اور رات کے ٹکڑوں میں بھی۔ بے شک نیکیاں بدیوں کو دور کر دیتی ہیں۔ یہ یاد کرنے والوں کے لیے (میری) یاد ہے۔

۔ہود ۱۱: ۱۱۴۔

۲۳۔ سورج ڈھلتے وقت نماز کو قائم رکھ رات کی تاریکی کے چھا جانے تک اور فجر کی قرأت بھی۔ بے شک فجر کی قرأت کے وقت فرشتے حاضر ہوتے ہیں۔

۔بنی اسرائیل ۱۷: ۷۸۔

۲۴۔ تو جو وہ کہتے ہیں اس پر صبر کر اور سورج کے طلوع اور اس کے غروب سے پہلے اور رات کے حصوں میں اپنے پروردگار کی تعریف کے ساتھ اس کی پاکی بیان کر اور دن کی طرفوں میں بھی پاکی بیان کرتا کہ تو راضی ہو جائے۔

۔طٰہٰ ۲۰: ۱۳۰۔

۲۵۔ تو اللہ کی پاکی بیان کرو جب تم شام کرو اور جب تم صبح کرو۔

۔الروم ۳۰: ۱۷۔

۲٦۔ وَلَهُ الْحَمْدُ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَعَشِيًّا وَّحِيْنَ تُظْهِرُوْنَ ﴿۱۸﴾

۲۷۔ وَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ قَبْلَ طُلُوْعِ الشَّمْسِ وَقَبْلَ الْغُرُوْبِ ﴿۳۹﴾

۲۸۔ وَمِنَ الَّيْلِ فَسَبِّحْهُ وَاَدْبَارَ السُّجُوْدِ ﴿۴۰﴾

۲۹۔ وَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ حِيْنَ تَقُوْمُ ﴿۴۸﴾ وَمِنَ الَّيْلِ فَسَبِّحْهُ وَاِدْبَارَ النُّجُوْمِ ﴿۴۹﴾

۳۰۔ وَاذْكُرِ اسْمَ رَبِّكَ بُكْرَةً وَّاَصِيْلًا ﴿۲۵﴾

۳۱۔ حٰفِظُوْا عَلَى الصَّلَوٰتِ وَالصَّلٰوةِ الْوُسْطٰى ۚ وَقُوْمُوْا لِلّٰهِ قٰنِتِيْنَ ﴿۲۳۸﴾

۳۲۔ وَاَقِيْمُوْا وُجُوْهَكُمْ عِنْدَ كُلِّ مَسْجِدٍ وَّادْعُوْهُ مُخْلِصِيْنَ لَهُ الدِّيْنَ ۬ كَمَا بَدَاَكُمْ تَعُوْدُوْنَ ﴿۲۹﴾ فَرِيْقًا هَدٰى وَفَرِيْقًا حَقَّ عَلَيْهِمُ الضَّلٰلَةُ ؕ

۳۳۔ يٰبَنِيْٓ اٰدَمَ خُذُوْا زِيْنَتَكُمْ عِنْدَ كُلِّ مَسْجِدٍ وَّكُلُوْا وَاشْرَبُوْا وَلَا تُسْرِفُوْا ۚ اِنَّهٗ لَا يُحِبُّ الْمُسْرِفِيْنَ ﴿۳۱﴾

۳۴۔ قُلْ مَنْ حَرَّمَ زِيْنَةَ اللّٰهِ الَّتِيْٓ اَخْرَجَ لِعِبَادِهٖ وَالطَّيِّبٰتِ مِنَ الرِّزْقِ ؕ قُلْ هِيَ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا خَالِصَةً يَّوْمَ الْقِيٰمَةِ ؕ كَذٰلِكَ نُفَصِّلُ الْاٰيٰتِ لِقَوْمٍ يَّعْلَمُوْنَ ﴿۳۲﴾

۳۵۔ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَقْرَبُوا الصَّلٰوةَ وَاَنْتُمْ سُكٰرٰى

۲٦۔ اور اسی کے لیے تعریف ہے آسمانوں اور زمین میں اور عصر کے وقت بھی پاکی بیان کرو اور جب تم ظہر کرو۔

۔الروم ۱۸:۳۰۔

۲۷۔ اور سورج کے طلوع اور غروب سے پہلے اپنے پروردگار کی تعریف کے ساتھ اس کی پاکی بیان کر۔

۔ق ۳۹:۵۰۔

۲۸۔ اور رات میں بھی اس کی پاکی بیان کرو اور سجدے (نماز) کے بعد بھی۔

۔ق ۴۰:۵۰۔

۲۹۔ اور اپنے پروردگار کی پاکی بیان کر جب تو اٹھے اور رات میں بھی اس کی پاکی بیان کر اور ستاروں کے ڈوبنے کے وقت بھی۔

۔الطور ۴۸:۵۲۔۴۹۔

۳۰۔ اور صبح اور شام اپنے پروردگار کا نام لے۔

۔الدھر ۲۵:۷٦۔

٦۔ درمیانی نماز کی پابندی

۳۱۔ تمام نمازوں کی حفاظت کرو اور (خاص کر) بیچ کی نماز (یعنی عصر) کی اور اللہ کے لیے خاموش کھڑے رہا کرو۔

۔البقرۃ ۲۳۸:۲۔

۷۔ نماز مسجد میں

۳۲۔ اور ہر ایک مسجد کے پاس اپنے مونہوں کو سیدھا رکھو اور خالص اسی کی اطاعت کرتے ہوئے اس کو پکارو جیسا تم کو ابتدا میں پیدا کیا ہے ویسا ہی تم لوٹو گے۔ اس نے ایک فریق کو راہِ راست پر لگا دیا اور ایک فریق پر گمراہی ثابت ہوگئی۔

۔الاعراف ۲۹:۷۔۳۰۔

۸۔ نماز زینت کے ساتھ

۳۳۔ اے بنی آدم ہر مسجد (نماز) کے وقت اپنی زینت اپنے ساتھ رکھو اور کھاؤ اور پیو اور فضول خرچی نہ کرو۔ بے شک وہ فضول خرچوں کو پسند نہیں کرتا۔

۔الاعراف ۳۱:۷۔

۹۔ زینت کو کس نے حرام کیا

۳۴۔ کہہ دے کہ کس نے حرام کیا اللہ کی زینت کو جو اس نے اپنے بندوں کے لیے نکالی اور ستھری روزیوں کو، کہہ دے کہ وہ دنیا کی زندگی میں اُن کے لیے ہے جو ایمان لائے ہیں قیامت کے دن خالص اُن ہی کے لیے۔ یوں ہم ان لوگوں کے لیے جو علم رکھتے ہیں تفصیل سے نشانیاں بیان کرتے ہیں۔

۔الاعراف ۳۲:۷۔

۱۰۔ نماز نشہ کی حالت میں منع ہے

۳۵۔ مسلمانو! جب تم نشے میں ہو تو نماز کے قریب نہ جاؤ۔

۔النساء ۴۳:۴۔

۱۱۔ قرأتِ نماز متوسط آواز میں

۳۶۔ اور تو اپنی نماز بہت اونچی آواز سے نہ پڑھ اور نہ اس کو بہت ہلکی آواز سے پڑھ اور اس کے درمیان راستہ ڈھونڈ لے۔

۔بنی اسرائیل ۱۷:۱۱۰۔

۱۲۔ حاجت مندوں کو تھوڑی قرأت

۳۷۔ خدا نے معلوم کر لیا کہ کچھ تم میں مریض ہوں گے اور دوسرے اللہ کے فضل (روزی) کی تلاش میں ملک میں سفر کرتے ہوں گے اور کچھ لوگ اللہ کی راہ میں جہاد کر رہے ہوں گے تو اس میں سے جس قدر تمہیں آسان معلوم ہو پڑھو اور نماز کو قائم رکھو اور زکوٰۃ دیتے رہو۔ اور اللہ کو قرضِ حسنہ دو اور جو (نیکی) تم اپنے نفسوں کے لیے آگے بھیجو گے اس کو اللہ کے ہاں پاؤ گے وہ بہتر اور بڑا ثواب ہے اور اللہ سے (اپنے گناہوں کی) معافی مانگو۔ بے شک اللہ بخشنے والا، مہربان ہے۔

۔المزمل ۷۳:۲۰۔

۱۳۔ نمازِ جمعہ

۳۸۔ مسلمانو! جمعہ کے دن جب نماز کے لیے اذان دی جائے تو اللہ کی یاد کے لیے دوڑو اور خرید و فروخت چھوڑ دو یہ تمہارے لیے بہتر ہے اگر تم سمجھو۔ پھر جب نماز ختم کر دی جائے تو زمین میں پھیل جاؤ اور اللہ کا فضل (روزی) تلاش کرو اور اللہ کو کثرت سے یاد کرو تاکہ تم فلاح پاؤ۔

۔الجمعۃ ۶۲:۹۔۱۰۔

۱۴۔ نمازِ خوف و سفر

۳۹۔ اور اللہ کے لیے (نمازِ سفر میں) خاموش کھڑے رہو۔

۔البقرۃ ۲:۲۳۸۔

۳۶۔ وَلَا تَجْهَرْ بِصَلَاتِكَ وَلَا تُخَافِتْ بِهَا وَابْتَغِ بَيْنَ ذٰلِكَ سَبِيلًا ﴿۱۱۰﴾

۳۷۔ عَلِمَ أَنْ سَيَكُونُ مِنْكُمْ مَرْضٰى ۙ وَآخَرُونَ يَضْرِبُونَ فِي الْأَرْضِ يَبْتَغُونَ مِنْ فَضْلِ اللّٰهِ ۙ وَآخَرُونَ يُقَاتِلُونَ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ ۖ فَاقْرَءُوا مَا تَيَسَّرَ مِنْهُ ۚ وَأَقِيمُوا الصَّلٰوةَ وَآتُوا الزَّكٰوةَ وَأَقْرِضُوا اللّٰهَ قَرْضًا حَسَنًا ۚ وَمَا تُقَدِّمُوا لِأَنْفُسِكُمْ مِنْ خَيْرٍ تَجِدُوهُ عِنْدَ اللّٰهِ هُوَ خَيْرًا وَأَعْظَمَ أَجْرًا ۚ وَاسْتَغْفِرُوا اللّٰهَ ۖ إِنَّ اللّٰهَ غَفُورٌ رَحِيمٌ ﴿۲۰﴾

۳۸۔ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا إِذَا نُودِيَ لِلصَّلٰوةِ مِنْ يَوْمِ الْجُمُعَةِ فَاسْعَوْا إِلٰى ذِكْرِ اللّٰهِ وَذَرُوا الْبَيْعَ ۚ ذٰلِكُمْ خَيْرٌ لَكُمْ إِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُونَ ﴿۹﴾ فَإِذَا قُضِيَتِ الصَّلٰوةُ فَانْتَشِرُوا فِي الْأَرْضِ وَابْتَغُوا مِنْ فَضْلِ اللّٰهِ وَاذْكُرُوا اللّٰهَ كَثِيرًا لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُونَ ﴿۱۰﴾

۳۹۔ وَقُومُوا لِلّٰهِ قٰنِتِينَ ﴿۲۳۸﴾

۴۰۔ فَإِنْ خِفْتُمْ فَرِجَالًا أَوْ رُكْبَانًا ۖ فَإِذَا أَمِنْتُمْ فَاذْكُرُوا اللّٰهَ كَمَا عَلَّمَكُمْ مَا لَمْ تَكُونُوا تَعْلَمُونَ ﴿۲۳۹﴾

۴۱۔ وَإِذَا ضَرَبْتُمْ فِي الْأَرْضِ فَلَيْسَ عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ أَنْ تَقْصُرُوا مِنَ الصَّلٰوةِ ۖ إِنْ خِفْتُمْ أَنْ يَفْتِنَكُمُ الَّذِينَ كَفَرُوا ۚ

۱۵۔ نمازِ خوف پیادہ پڑھو یا سوار

۴۰۔ پھر اگر تمہیں خوف ہو تو پیدل راہ چلتے چلتے یا سواری کی حالت میں (نماز پڑھو) پھر جب تم امن میں ہو جاؤ تو اللہ کو اس طرح یاد کرو جیسا اس نے تم کو تعلیم کیا ہے جو تم (پہلے) نہیں جانتے تھے۔

۔البقرۃ ۲:۲۳۹۔

۱۶۔ نمازِ سفر میں قصر

۴۱۔ اور جب تم ملک میں سفر کرو تو تم پر گناہ نہیں کہ نماز میں سے کچھ کم کر دو (یعنی چار رکعت کی بجائے دو) اگر تمہیں یہ خوف ہو، کہ کافر تمہیں مصیبت میں ڈال دیں گے۔

۔النساء ۴:۱۰۱۔

۱۷۔ نمازِ خوف میں جماعت باری باری

۱۸۔ نمازِ خوف میں ہتھیار ساتھ رہیں

۱۹۔ حالتِ عذر میں ہتھیار اتار رکھو مگر اپنا بچاؤ اپنے ساتھ رکھو

۴۲۔ اور (اے نبی ﷺ!) جب تو ان کے درمیان ہو اور انہیں نماز پڑھانے لگے، تو ان میں سے ایک فریق تیرے ساتھ (نماز میں) کھڑا ہو جائے۔ اور وہ اپنے ہتھیار اپنے ساتھ لیے رہیں۔ پھر جب وہ سجدہ (ایک رکعت پوری) کر چکیں تو تمہارے پیچھے ہٹ جائیں اور دوسرا فریق جس نے نماز نہیں پڑھی آ جائے اور وہ تیرے ساتھ نماز پڑھیں اور اپنا بچاؤ اور اپنے ہتھیار اپنے ساتھ لیے رہیں۔ کافر چاہتے ہیں کہ تم اپنے ہتھیاروں اور اپنے (لڑائی کے) اسباب سے غافل ہو جاؤ پھر وہ تم پر ایک دفعہ ہی ٹوٹ پڑیں اور تم پر گناہ نہیں اگر تمہیں بارش کی تکلیف ہو یا تم بیمار ہو کہ تم اپنے ہتھیار اتار رکھو۔ اور اپنا بچاؤ اپنے ساتھ رکھو۔ بے شک اللہ نے کافروں کے لیے ذلت کا عذاب تیار کیا ہے۔

۔النساء ۴:۱۰۲۔

۲۰۔ نمازِ خوف کے بعد کھڑے، بیٹھے، لیٹے جیسی حالت ہو اللہ کو یاد کرو

۴۳۔ پھر جب تم نماز ادا کر چکو تو کھڑے اور بیٹھے اور اپنے کروٹوں پر (لیٹے جیسی حالت ہو) اللہ کو یاد کرو۔ پھر جب تم اطمینان کی حالت میں ہو جاؤ تو نماز کو قائم رکھو۔ بے شک نماز مسلمانوں پر بقیدِ اوقات فرض ہے۔

۔النساء ۴:۱۰۳۔

۴۲۔ وَإِذَا كُنتَ فِيهِمْ فَأَقَمْتَ لَهُمُ الصَّلَاةَ فَلْتَقُمْ طَائِفَةٌ مِّنْهُم مَّعَكَ وَلْيَأْخُذُوا أَسْلِحَتَهُمْ فَإِذَا سَجَدُوا فَلْيَكُونُوا مِن وَرَائِكُمْ وَلْتَأْتِ طَائِفَةٌ أُخْرَىٰ لَمْ يُصَلُّوا فَلْيُصَلُّوا مَعَكَ وَلْيَأْخُذُوا حِذْرَهُمْ وَأَسْلِحَتَهُمْ ۗ وَدَّ الَّذِينَ كَفَرُوا لَوْ تَغْفُلُونَ عَنْ أَسْلِحَتِكُمْ وَأَمْتِعَتِكُمْ فَيَمِيلُونَ عَلَيْكُم مَّيْلَةً وَاحِدَةً ۚ وَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ إِن كَانَ بِكُمْ أَذًى مِّن مَّطَرٍ أَوْ كُنتُم مَّرْضَىٰ أَن تَضَعُوا أَسْلِحَتَكُمْ ۖ وَخُذُوا حِذْرَكُمْ ۗ إِنَّ اللَّهَ أَعَدَّ لِلْكَافِرِينَ عَذَابًا مُّهِينًا ﴿۱۰۲﴾

۴۳۔ فَإِذَا قَضَيْتُمُ الصَّلَاةَ فَاذْكُرُوا اللَّهَ قِيَامًا وَقُعُودًا وَعَلَىٰ جُنُوبِكُمْ ۚ فَإِذَا اطْمَأْنَنتُمْ فَأَقِيمُوا الصَّلَاةَ ۚ إِنَّ الصَّلَاةَ كَانَتْ عَلَى الْمُؤْمِنِينَ كِتَابًا مَّوْقُوتًا ﴿۱۰۳﴾

۴۴۔ يَا أَيُّهَا الْمُزَّمِّلُ ﴿۱﴾ قُمِ اللَّيْلَ إِلَّا قَلِيلًا ﴿۲﴾ نِّصْفَهُ أَوِ انقُصْ مِنْهُ قَلِيلًا ﴿۳﴾ أَوْ زِدْ عَلَيْهِ وَرَتِّلِ الْقُرْآنَ تَرْتِيلًا ﴿۴﴾ إِنَّا سَنُلْقِي عَلَيْكَ قَوْلًا ثَقِيلًا ﴿۵﴾ إِنَّ نَاشِئَةَ اللَّيْلِ هِيَ أَشَدُّ وَطْئًا وَأَقْوَمُ قِيلًا ﴿۶﴾ إِنَّ لَكَ فِي النَّهَارِ سَبْحًا طَوِيلًا ﴿۷﴾ وَاذْكُرِ اسْمَ رَبِّكَ وَتَبَتَّلْ إِلَيْهِ تَبْتِيلًا ﴿۸﴾

۴۵۔ وَمِنَ اللَّيْلِ فَاسْجُدْ لَهُ وَسَبِّحْهُ لَيْلًا طَوِيلًا ﴿۲۶﴾

۲۱۔ نمازِ تہجد

۴۴۔ اے کپڑے میں لپٹنے والے رات کو (نماز کے لیے) اُٹھ مگر تھوڑا۔ آدھی رات نماز پڑھ یا تھوڑا اس سے کم کر دے یا اس پر کچھ زیادہ کر اور قرآن کا پڑھنا واضح طور پر پڑھ۔ بے شک ہم تجھ پر بھاری بات ڈالیں گے۔ بے شک رات کا قیام نفس کے پامال کرنے کے لیے زیادہ سخت اور قول کو بہت سیدھا کرنے والا ہے۔ بے شک تیرے لیے دن میں بڑا لمبا شغل ہے اور اپنے پروردگار کا نام یاد کر اور اُس کی طرف متوجہ ہو کر سب سے علیحدہ ہو جا۔

۔المزمل ۷۳:۱۔۸

۴۵۔ اور رات میں اس کو سجدہ کر اور رات میں بہت دیر تک اس کی پاکی بیان کر۔

۔الدھر ۷۶:۲۶۔

۲۲۔ تہجد میں جس قدر ہو سکے اسی قدر قرأتِ قرآن کافی ہے

۴۶۔ بے شک تیرا پروردگار جانتا ہے کہ تو دو تہائی رات کے قریب اور آدھی رات اور تہائی رات اٹھتا ہے اور ایک جماعت ان میں سے بھی جو تیرے ساتھ ہے، اٹھتی ہے اور اللہ رات اور دن کا اندازہ کرتا ہے۔ اس نے جان لیا کہ تم اس کو نہ نباہ سکو گے، پس وہ تم پر مہربان ہوا تو جتنا قرآن سے آسان ہو پڑھ لیا کرو۔

۔المزمل ۷۳: ۲۰۔

۲۳۔ ابتداءً مسلمانوں کو صرف نماز اور زکوٰۃ ادا کرنے کا حکم تھا

۴۷۔ (اے نبی ﷺ) کیا تو نے ان لوگوں کے حال پر نظر نہیں کی جن سے کہا گیا کہ (ابھی) اپنے ہاتھ روکے رکھو اور نماز کو قائم رکھو اور زکوٰۃ دیتے رہو پھر جب ان پر جہاد فرض کیا گیا تو اسی دم ان میں سے ایک فریق لوگوں سے ایسا ڈرنے لگا جیسا اللہ سے ڈرنا چاہیے یا اس سے بھی زیادہ ڈرنے لگا، اور انہوں نے کہا کہ اے ہمارے پروردگار! تو نے ہم پر جہاد کیوں فرض کیا۔ تو نے ہم کو ایک قریب مدت تک اور مہلت کیوں نہیں دی۔

۔النساء ۴: ۷۷۔

۲۴۔ شیطان اللہ کی یاد اور نماز سے روکنا چاہتا ہے

۴۸۔ اور (شیطان) چاہتا ہے کہ تم کو اللہ کی یاد سے اور نماز سے روک دے۔

۔المائدۃ ۵: ۹۱۔

۲۵۔ اہلِ کتاب نماز کی ہنسی اڑاتے ہیں

۴۹۔ اور جب تم نماز کے لیے بلاتے ہو تو یہ لوگ نماز کو کھیل اور ہنسی میں اڑاتے ہیں کہ یہ بے عقل ہیں۔

۔المائدۃ ۵: ۵۸۔

۴۶۔ إِنَّ رَبَّكَ يَعْلَمُ أَنَّكَ تَقُومُ أَدْنَىٰ مِن ثُلُثَيِ اللَّيْلِ وَنِصْفَهُ وَثُلُثَهُ وَطَائِفَةٌ مِّنَ الَّذِينَ مَعَكَ ۚ وَاللَّهُ يُقَدِّرُ اللَّيْلَ وَالنَّهَارَ ۚ عَلِمَ أَن لَّن تُحْصُوهُ فَتَابَ عَلَيْكُمْ ۖ فَاقْرَءُوا مَا تَيَسَّرَ مِنَ الْقُرْآنِ ۚ

۴۷۔ أَلَمْ تَرَ إِلَى الَّذِينَ قِيلَ لَهُمْ كُفُّوا أَيْدِيَكُمْ وَأَقِيمُوا الصَّلَاةَ وَآتُوا الزَّكَاةَ فَلَمَّا كُتِبَ عَلَيْهِمُ الْقِتَالُ إِذَا فَرِيقٌ مِّنْهُمْ يَخْشَوْنَ النَّاسَ كَخَشْيَةِ اللَّهِ أَوْ أَشَدَّ خَشْيَةً ۚ وَقَالُوا رَبَّنَا لِمَ كَتَبْتَ عَلَيْنَا الْقِتَالَ ۚ لَوْلَا أَخَّرْتَنَا إِلَىٰ أَجَلٍ قَرِيبٍ

۴۸۔ وَيَصُدَّكُمْ عَن ذِكْرِ اللَّهِ وَعَنِ الصَّلَاةِ ۖ

۴۹۔ وَإِذَا نَادَيْتُمْ إِلَى الصَّلَاةِ اتَّخَذُوهَا هُزُوًا وَلَعِبًا ۚ ذَٰلِكَ بِأَنَّهُمْ قَوْمٌ لَّا يَعْقِلُونَ ﴿۵۸﴾

۵۰۔ وَإِنَّهَا لَكَبِيرَةٌ إِلَّا عَلَى الْخَاشِعِينَ ﴿۴۵﴾ الَّذِينَ يَظُنُّونَ أَنَّهُم مُّلَاقُو رَبِّهِمْ وَأَنَّهُمْ إِلَيْهِ رَاجِعُونَ ﴿۴۶﴾

۵۱۔ إِنَّ الْمُنَافِقِينَ يُخَادِعُونَ اللَّهَ وَهُوَ خَادِعُهُمْ ۚ وَإِذَا قَامُوا إِلَى الصَّلَاةِ قَامُوا كُسَالَىٰ يُرَاءُونَ النَّاسَ وَلَا يَذْكُرُونَ اللَّهَ إِلَّا قَلِيلًا ﴿۱۴۲﴾

۵۲۔ إِنَّ الصَّلَاةَ تَنْهَىٰ عَنِ الْفَحْشَاءِ وَالْمُنكَرِ ۗ

۲۶۔ نماز اللہ سے ڈرنے والوں کے سوا سب پر بھاری ہے

۵۰۔ اور بے شک نماز بھاری ہے مگر ان فروتنی کرنے والوں پر نہیں جو یہ یقین رکھتے ہیں کہ وہ اپنے پروردگار سے ملنے والے ہیں اور یہ کہ وہ اسی کی طرف جانے والے ہیں۔

۔البقرۃ ۲: ۴۵-۴۶۔

۲۷۔ سستی، کاہلی اور ریاکاری سے نماز پڑھنا منافقوں کا کام ہے

۵۱۔ بے شک منافق اللہ کو دھوکا دیتے ہیں اور (قیامت کو) وہ ان کو دھوکا دینے والا ہے اور جب وہ نماز کو اٹھتے ہیں تو سست اٹھتے ہیں لوگوں کو دکھلاتے ہیں اور اللہ کو یاد نہیں کرتے مگر تھوڑا۔

۔النساء ۴: ۱۴۲۔

۲۸۔ نماز گناہوں سے روکتی ہے

۵۲۔ بے شک نماز بے حیائیوں اور گناہوں سے روک دیتی ہے۔

۔العنکبوت ۲۹: ۴۵۔

٢٩۔ نماز منجملہ نیکی کے ہے

۵۳۔ یہ کچھ نیکی نہیں ہے کہ تم اپنے منہ مشرق یا مغرب کی طرف پھیر لو لیکن نیکی اس کی ہے جو اللہ اور قیامت اور فرشتوں اور کتاب اور نبیوں پر ایمان لایا اور اس نے مال کو باوجود اس کی محبت کے (یا اللہ کی محبت میں) رشتہ داروں اور یتیموں اور محتاجوں اور مسافروں اور منگتوں کو اور گردنوں کے چھڑانے میں دیا اور نماز کو قائم رکھا اور زکوٰۃ دیتا رہا۔

۔البقرۃ ۲:۱۷۷۔

۳۰۔ مسلمانوں کے رفیق صرف وہی مسلمان ہیں جو نماز پڑھتے ہیں

۵۴۔ تمہارا دوست تو بس اللہ اور اس کا رسول اور وہ مسلمان ہیں جو نماز کو قائم رکھتے اور زکوٰۃ دیتے ہیں اور وہ رکوع کرتے ہیں۔

۔المائدۃ ۵:۵۵۔

۳۱۔ نمازیوں سے لڑنا درست نہیں

۵۵۔ پھر اگر وہ توبہ کرلیں اور نماز کو قائم رکھیں اور زکوٰۃ دیں تو تم ان کی راہ چھوڑ دو۔

۔التوبۃ ۹:۵۔

۵۶۔ پھر اگر وہ توبہ کرلیں اور نماز کو قائم رکھیں اور زکوٰۃ دیں تو وہ دین میں تمہارے بھائی ہیں۔

۔التوبۃ ۹:۱۱۔

۳۲۔ مومنوں کی صفت نماز پڑھنا ہے

۵۷۔ اور مسلمان مرد اور مسلمان عورتیں بعض بعض کے دوست ہیں۔ وہ اچھی بات کا حکم دیتے ہیں اور بری بات سے روکتے ہیں اور نماز کو قائم رکھتے اور زکوٰۃ دیتے اور

۵۳۔ لَيْسَ الْبِرَّ اَنْ تُوَلُّوْا وُجُوْهَكُمْ قِبَلَ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ وَلٰكِنَّ الْبِرَّ مَنْ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَالْمَلٰٓئِكَةِ وَالْكِتٰبِ وَالنَّبِيّٖنَ ۚ وَاٰتَى الْمَالَ عَلٰى حُبِّهٖ ذَوِي الْقُرْبٰى وَالْيَتٰمٰى وَالْمَسٰكِيْنَ وَابْنَ السَّبِيْلِ ۙ وَالسَّآئِلِيْنَ وَفِي الرِّقَابِ ۚ وَاَقَامَ الصَّلٰوةَ وَاٰتَى الزَّكٰوةَ ۚ

۵۴۔ اِنَّمَا وَلِيُّكُمُ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوا الَّذِيْنَ يُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَيُؤْتُوْنَ الزَّكٰوةَ وَهُمْ رٰكِعُوْنَ ﴿۵۵﴾

۵۵۔ فَاِنْ تَابُوْا وَاَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتَوُا الزَّكٰوةَ فَخَلُّوْا سَبِيْلَهُمْ ؕ

۵۶۔ فَاِنْ تَابُوْا وَاَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتَوُا الزَّكٰوةَ فَاِخْوَانُكُمْ فِي الدِّيْنِ ؕ

۵۷۔ وَالْمُؤْمِنُوْنَ وَالْمُؤْمِنٰتُ بَعْضُهُمْ اَوْلِيَآءُ بَعْضٍ ۘ يَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَيَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَيُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَيُؤْتُوْنَ الزَّكٰوةَ وَيُطِيْعُوْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ ؕ اُولٰٓئِكَ سَيَرْحَمُهُمُ اللّٰهُ ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ﴿۷۱﴾

۵۸۔ وَالَّذِيْنَ صَبَرُوا ابْتِغَآءَ وَجْهِ رَبِّهِمْ وَاَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَاَنْفَقُوْا مِمَّا رَزَقْنٰهُمْ سِرًّا وَّعَلَانِيَةً وَّيَدْرَءُوْنَ بِالْحَسَنَةِ السَّيِّئَةَ اُولٰٓئِكَ لَهُمْ عُقْبَى الدَّارِ ﴿۲۲﴾

۵۹۔ وَالَّذِيْنَ هُمْ عَلٰى صَلَوٰتِهِمْ يُحَافِظُوْنَ ﴿۹﴾ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْوٰرِثُوْنَ ﴿۱۰﴾ الَّذِيْنَ يَرِثُوْنَ الْفِرْدَوْسَ ؕ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿۱۱﴾

اللہ اور اس کے رسول کی اطاعت کرتے ہیں۔ یہی ہیں جن پر اللہ رحم کرے گا۔ بے شک اللہ غالب ہے، حکمت والا۔

۔التوبۃ ۹:۷۱۔

۳۳۔ نمازیوں کے لیے دارِ آخرت

۵۸۔ اور وہ جنہوں نے اپنے پروردگار کی ذات چاہنے کے لیے صبر کیا اور نماز کو قائم رکھا اور اس مال میں سے جو ہم نے ان کو دیا ہے پوشیدہ اور علانیہ طور پر خرچ کیا اور وہ نیکی کے ساتھ بدی کو دفع کرتے ہیں، انہیں کے لیے آخرت کا گھر ہے۔

۔الرعد ۱۳:۲۲۔

۳۴۔ نمازیوں کے لیے بہشت

۵۹۔ اور وہ جو اپنی نمازوں پر حفاظت رکھتے ہیں، وہی وارث ہیں جو بہشت کے وارث ہوں گے۔ وہ ہمیشہ اسی میں رہنے والے ہیں۔

۔المؤمنون ۲۳:۹۔۱۱۔

۶۰۔اور رحمٰن کے بندے وہ ہیں جو زمین پر دھیمے چلتے ہیں اور جب جاہل اُن سے ہم کلام ہوتے ہیں تو کہتے ہیں کہ سلام ہے اور جو اپنے پروردگار کے لیے اپنے گھروں میں سجدے اور قیام میں رات گزارتے ہیں اور جو کہتے ہیں کہ اے ہمارے پروردگار! ہم سے دوزخ کے عذاب کو ہٹا، بے شک اس کا عذاب جھلسنے والا ہے۔ بے شک وہ بری قرار گاہ اور بُری قیام گاہ ہے......اور جو کہتے ہیں کہ اے ہمارے پروردگار! ہم کو ہماری بیبیوں اور ہماری اولاد کی طرف سے آنکھوں کی ٹھنڈک عطا فرما اور ہم کو متقیوں کا پیشوا بنا۔ یہی لوگ ہیں جن کو ان کے صبر کے بدلے (بہشت میں) بالا خانے دیے جائیں گے اور ان میں ان پر دعائے حیات اور سلام ڈالا جائے گا وہ اُن میں ہمیشہ رہنے والے ہوں گے۔ وہ اچھی قرار گاہ اور اچھی قیام گاہ ہے۔

-الفرقان ۲۵:۶۳-۶۶......۷۴-۷۶-

۶۱۔ہماری آیتوں پر تو بس وہی ایمان لاتے ہیں کہ جب ان کو ان آیتوں کے ساتھ نصیحت کی جاتی ہے تو وہ سجدے میں گر پڑتے ہیں اور اپنے پروردگار کی پاکی بیان کرتے ہیں۔ اور وہ غرور نہیں کرتے، اُن کے پہلو خواب گاہوں سے دور رہتے ہیں، اپنے پروردگار کو ڈر کر اور لالچ سے پکارتے ہیں اور جو ہم نے اُن کو دیا ہے اس میں سے خرچ کرتے ہیں۔

-السجدۃ ۳۲:۱۵-۱۶-

۶۰۔ وَعِبَادُ الرَّحْمٰنِ الَّذِيْنَ يَمْشُوْنَ عَلَى الْاَرْضِ هَوْنًا وَّاِذَا خَاطَبَهُمُ الْجٰهِلُوْنَ قَالُوْا سَلٰمًا ﴿۶۳﴾ وَالَّذِيْنَ يَبِيْتُوْنَ لِرَبِّهِمْ سُجَّدًا وَّقِيَامًا ﴿۶۴﴾ وَالَّذِيْنَ يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَا اصْرِفْ عَنَّا عَذَابَ جَهَنَّمَ ۖ اِنَّ عَذَابَهَا كَانَ غَرَامًا ﴿۶۵﴾ اِنَّهَا سَآءَتْ مُسْتَقَرًّا وَّمُقَامًا ﴿۶۶﴾ ...... وَالَّذِيْنَ يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَا هَبْ لَنَا مِنْ اَزْوَاجِنَا وَذُرِّيّٰتِنَا قُرَّةَ اَعْيُنٍ وَّاجْعَلْنَا لِلْمُتَّقِيْنَ اِمَامًا ﴿۷۴﴾ اُولٰٓئِكَ يُجْزَوْنَ الْغُرْفَةَ بِمَا صَبَرُوْا وَيُلَقَّوْنَ فِيْهَا تَحِيَّةً وَّسَلٰمًا ﴿۷۵﴾ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ۭ حَسُنَتْ مُسْتَقَرًّا وَّمُقَامًا ﴿۷۶﴾

۶۱۔ اِنَّمَا يُؤْمِنُ بِاٰيٰتِنَا الَّذِيْنَ اِذَا ذُكِّرُوْا بِهَا خَرُّوْا سُجَّدًا وَّسَبَّحُوْا بِحَمْدِ رَبِّهِمْ وَهُمْ لَا يَسْتَكْبِرُوْنَ ﴿۱۵﴾ تَتَجَافٰى جُنُوْبُهُمْ عَنِ الْمَضَاجِعِ يَدْعُوْنَ رَبَّهُمْ خَوْفًا وَّطَمَعًا ۡ وَّمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ ﴿۱۶﴾

۶۲۔ فَلَا تَعْلَمُ نَفْسٌ مَّآ اُخْفِيَ لَهُمْ مِّنْ قُرَّةِ اَعْيُنٍ ۚ جَزَآءًۢ بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۷﴾

۶۳۔ وَالَّذِيْنَ اسْتَجَابُوْا لِرَبِّهِمْ وَاَقَامُوا الصَّلٰوةَ ۠ وَاَمْرُهُمْ شُوْرٰى بَيْنَهُمْ ۠ وَمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ ﴿۳۸﴾

۶۴۔ اِنَّ الْمُتَّقِيْنَ فِيْ جَنّٰتٍ وَّعُيُوْنٍ ﴿۱۵﴾ اٰخِذِيْنَ مَآ اٰتٰىهُمْ رَبُّهُمْ ۭ اِنَّهُمْ كَانُوْا قَبْلَ ذٰلِكَ مُحْسِنِيْنَ ﴿۱۶﴾ كَانُوْا قَلِيْلًا مِّنَ الَّيْلِ مَا يَهْجَعُوْنَ ﴿۱۷﴾

۶۲۔سو کوئی شخص نہیں جانتا کہ اُن کے لیے آنکھوں کی ٹھنڈک سے کیا چیز چھپا کر رکھی گئی ہے، اُس کے عوض جو وہ کرتے تھے۔

-السجدۃ ۳۲:۱۷-

۶۳۔اور جنہوں نے اپنے پروردگار کی بات مانی اور نماز کو قائم رکھا اور ان کا کام اُن کے درمیان مشورہ سے ہوتا رہا اور وہ اُس میں سے جو ہم نے ان کو دیا ہے، خرچ کرتے ہیں۔

-الشوریٰ ۴۲:۳۸-

۶۴۔بے شک متقی باغوں اور چشموں میں ہیں اُس نعمت کے لیے جو ان کے پروردگار نے ان کو دی ہے۔ بے شک وہ اس سے پہلے (دنیا

میں) نیکوکار تھے۔ رات کے کم تر حصہ میں سوتے تھے اور وہ صبح کے وقتوں میں معافی مانگتے ہیں۔

۔الذّریٰت ۵۱: ۱۵-۱۸۔

۶۵۔ مگر نمازی جو اپنی نمازوں پر ہمیشگی رکھتے ہیں۔

۔المعارج ۷۰: ۲۲-۲۳

۶۶۔ اور جو لوگ اپنی نمازوں پر حفاظت رکھتے ہیں، وہی باغوں میں عزت کیے جائیں گے۔

۔المعارج ۷۰: ۳۴-۳۵۔

۶۷۔ اور جو پروردگار کی خوشنودی حاصل کرنے کے لیے (مصائب پر) صبر کرتے ہیں اور نماز پڑھتے ہیں اور جو (مال) ہم نے ان کو دیا ہے اس میں سے پوشیدہ اور ظاہر خرچ کرتے ہیں اور نیکی سے برائی کو دور کرتے ہیں، یہی لوگ ہیں جن کے لیے عاقبت کا گھر ہے۔

۔الرعد ۱۳: ۲۲۔

۳۴۔ نماز کا اجر ضائع نہیں ہے

۶۸۔ اور جو کتاب کو مضبوطی سے پکڑتے ہیں اور اُنہوں نے نماز کو قائم رکھا تو ہم اصلاح کے کام کرنے والوں کا اجر ضائع نہیں کرتے۔

۔الاعراف ۷: ۱۷۰۔

۳۵۔ نمازیوں کے لیے فلاحِ آخرت

۶۹۔ یہ کتاب ہے، اس میں شک نہیں ہے۔ ہدایت ہے متقیوں کے لیے جو بن دیکھے ایمان لاتے ہیں اور نماز کو قائم رکھتے ہیں اور اُس (مال) میں سے جو ہم نے ان کو دیا ہے خرچ کرتے ہیں...... یہی لوگ اپنے پروردگار کی طرف سے ہدایت پر ہیں اور یہی فلاح پانے والے

وَبِالْاَسْحَارِ هُمْ يَسْتَغْفِرُوْنَ ۝

۶۵۔ اِلَّا الْمُصَلِّيْنَ ۝ الَّذِيْنَ هُمْ عَلٰى صَلَاتِهِمْ دَآئِمُوْنَ ۝

۶۶۔ وَالَّذِيْنَ هُمْ عَلٰى صَلَاتِهِمْ يُحَافِظُوْنَ ۝ اُولٰٓئِكَ فِيْ جَنّٰتٍ مُّكْرَمُوْنَ ۝

۶۷۔ وَالَّذِيْنَ صَبَرُوا ابْتِغَآءَ وَجْهِ رَبِّهِمْ وَاَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَاَنْفَقُوْا مِمَّا رَزَقْنٰهُمْ سِرًّا وَّعَلَانِيَةً وَّيَدْرَءُوْنَ بِالْحَسَنَةِ السَّيِّئَةَ اُولٰٓئِكَ لَهُمْ عُقْبَى الدَّارِ ۝

۶۸۔ وَالَّذِيْنَ يُمَسِّكُوْنَ بِالْكِتٰبِ وَاَقَامُوا الصَّلٰوةَ ؕ اِنَّا لَا نُضِيْعُ اَجْرَ الْمُصْلِحِيْنَ ۝

۶۹۔ الٓمّٓ ۝ ذٰلِكَ الْكِتٰبُ لَا رَيْبَ ۛ فِيْهِ ۛ هُدًى لِّلْمُتَّقِيْنَ ۝ الَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِالْغَيْبِ وَيُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ ۝ اُولٰٓئِكَ عَلٰى هُدًى مِّنْ رَّبِّهِمْ ۗ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ۝

۷۰۔ قَدْ اَفْلَحَ الْمُؤْمِنُوْنَ ۝ الَّذِيْنَ هُمْ فِيْ صَلَاتِهِمْ خٰشِعُوْنَ ۝

۷۱۔ وَالَّذِيْنَ هُمْ عَلٰى صَلَوٰتِهِمْ يُحَافِظُوْنَ ۝ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْوٰرِثُوْنَ ۝ الَّذِيْنَ يَرِثُوْنَ الْفِرْدَوْسَ ؕ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ۝

۷۲۔ الٓمّٓ ۝ تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ الْحَكِيْمِ ۝ هُدًى وَّرَحْمَةً لِّلْمُحْسِنِيْنَ ۝ الَّذِيْنَ يُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَيُؤْتُوْنَ الزَّكٰوةَ وَهُمْ بِالْاٰخِرَةِ هُمْ

ہیں۔

۔البقرۃ ۲: ۱-۳، ۵۔

۷۰۔ بے شک مومنوں نے فلاح پائی جو اپنی نماز میں فروتنی کرتے ہیں۔

۔المؤمنون ۲۳: ۱-۲۔

۷۱۔ اور وہ جو اپنی نمازوں کی حفاظت رکھتے ہیں وہی (اصلی) وارث ہیں جو بہشت کے وارث ہوں گے وہ ہمیشہ اُسی میں رہنے والے ہیں۔

۔المؤمنون ۲۳: ۹-۱۱۔

۷۲۔ یہ حکمت والی کتاب کی آیتیں ہیں۔ نیکوکاروں کے لیے ہدایت ورحمت، جو نماز قائم رکھتے اور زکوٰۃ دیتے ہیں اور وہ آخرت پر بھی یقین رکھتے ہیں۔ وہی اپنے پروردگار کی طرف سے ہدایت پر ہیں اور

ہی فلاح پانے والے ہیں۔

-لقمٰن ۳۱: ۱-۵-

۷۳-بے شک اُس نے فلاح پائی جو پاک ہوا اور جس نے اپنے پروردگار کا نام لیا پھر نماز پڑھی۔

-الاعلیٰ ۸۷: ۱۴-۱۵-

۳۶-نمازیوں کو ہدایت

۷۴-اللہ کی مسجدوں کو تو بس وہی شخص آباد کرتا ہے جو اللہ اور قیامت کے دن پر ایمان لایا اور اُس نے نماز کو قائم رکھا اور زکوٰۃ دیتا رہا اور وہ سوائے اللہ کے کسی سے نہ ڈرا۔ تو اُمید ہے کہ ایسے ہی لوگ ہدایت پانے والوں میں ہوں۔

-التوبۃ ۹: ۱۸-

۷۵-وہ جو بن دیکھے ایمان لاتے ہیں اور نماز کو قائم رکھتے ہیں اور اس مال میں سے جو ہم نے ان کو دیا ہے...... یہی لوگ اپنے رب کی طرف سے ہدایت پر ہیں۔

-البقرۃ ۲: ۳......۵

۷۶-وہ جو نماز قائم رکھے ہیں اور زکوٰۃ دیتے ہیں اور آخرت پر یقین رکھتے ہیں۔ وہی اپنے پروردگار کی طرف سے ہدایت پر ہیں۔

-لقمٰن ۳۱: ۴-۵

۷۷-یہ قرآن اور کھول کر بیان کرنے والی کتاب کی آیتیں ہیں۔ مومنوں کے لیے ہدایت اور خوش خبری ہے، جو نماز کو قائم رکھتے ہیں اور زکوٰۃ دیتے ہیں اور وہ آخرت پر بھی یقین رکھتے ہیں۔

-النمل ۲۷: ۱-۳

يُوقِنُونَ ﴿٤﴾ أُولَٰئِكَ عَلَىٰ هُدًى مِّن رَّبِّهِمْ وَأُولَٰئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُونَ ﴿٥﴾

۷۳-قَدْ أَفْلَحَ مَن تَزَكَّىٰ ﴿١٤﴾ وَذَكَرَ اسْمَ رَبِّهِ فَصَلَّىٰ ﴿١٥﴾

۷۴-إِنَّمَا يَعْمُرُ مَسَاجِدَ اللَّهِ مَنْ آمَنَ بِاللَّهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ وَأَقَامَ الصَّلَاةَ وَآتَى الزَّكَاةَ وَلَمْ يَخْشَ إِلَّا اللَّهَ فَعَسَىٰ أُولَٰئِكَ أَن يَكُونُوا مِنَ الْمُهْتَدِينَ ﴿١٨﴾

۷۵-الَّذِينَ يُؤْمِنُونَ بِالْغَيْبِ وَيُقِيمُونَ الصَّلَاةَ وَمِمَّا رَزَقْنَاهُمْ يُنفِقُونَ ﴿٣﴾ ...... أُولَٰئِكَ عَلَىٰ هُدًى مِّن رَّبِّهِمْ

۷۶-الَّذِينَ يُقِيمُونَ الصَّلَاةَ وَيُؤْتُونَ الزَّكَاةَ وَهُم بِالْآخِرَةِ هُمْ يُوقِنُونَ ﴿٤﴾ أُولَٰئِكَ عَلَىٰ هُدًى مِّن رَّبِّهِمْ

۷۷-طس تِلْكَ آيَاتُ الْقُرْآنِ وَكِتَابٍ مُّبِينٍ ﴿١﴾ هُدًى وَبُشْرَىٰ لِلْمُؤْمِنِينَ ﴿٢﴾ الَّذِينَ يُقِيمُونَ الصَّلَاةَ وَيُؤْتُونَ الزَّكَاةَ وَهُم بِالْآخِرَةِ هُمْ يُوقِنُونَ ﴿٣﴾

۷۸-وَبَشِّرِ الْمُخْبِتِينَ ﴿٣٤﴾ الَّذِينَ إِذَا ذُكِرَ اللَّهُ وَجِلَتْ قُلُوبُهُمْ وَالصَّابِرِينَ عَلَىٰ مَا أَصَابَهُمْ وَالْمُقِيمِي الصَّلَاةِ وَمِمَّا رَزَقْنَاهُمْ يُنفِقُونَ ﴿٣٥﴾

۷۹-رِجَالٌ لَّا تُلْهِيهِمْ تِجَارَةٌ وَلَا بَيْعٌ عَن ذِكْرِ اللَّهِ وَإِقَامِ الصَّلَاةِ وَإِيتَاءِ الزَّكَاةِ يَخَافُونَ يَوْمًا تَتَقَلَّبُ فِيهِ الْقُلُوبُ وَالْأَبْصَارُ ﴿٣٧﴾ لِيَجْزِيَهُمُ اللَّهُ أَحْسَنَ مَا عَمِلُوا وَيَزِيدَهُم مِّن فَضْلِهِ

۳۷-نمازیوں کو بشارت

۷۸-اور اُن فروتنی کرنے والوں کو بشارت دے کہ جب اللہ کا ذکر کیا جاتا ہے تو اُن کے دل کانپ اُٹھتے ہیں اور (نیز) ان تکلیفوں میں صبر کرنے والوں کو جو انہیں پہنچتی ہیں اور نماز کے قائم رکھنے والوں کو اور اُن کو جو اُس مال میں سے جو ہم نے انہیں دیا ہے خرچ کرتے ہیں۔

-الحج ۲۲: ۳۴-۳۵-

۷۹-ایسے مرد کہ اُنہیں اللہ کی یاد سے اور نماز کے قائم رکھنے اور زکوٰۃ دینے سے نہ تجارت غافل کرتی ہے اور نہ بیع۔ وہ اُس دن سے ڈرتے ہیں جس میں دل اور آنکھیں اُلٹ جائیں گی۔ تا کہ اللہ اُن کو اُن کے اچھے عملوں کا بدلہ دے اور اپنے فضل سے اُن کو اور زیادہ دے۔

-النور ۲۴: ۳۷-۳۸-

۸۰۔ بے شک جو لوگ اللہ کی کتاب پڑھتے رہتے ہیں اور اُنہوں نے نماز کو قائم رکھا اور اُس مال میں سے جو ہم نے اُن کو دیا ہے چھپا کر اور علانیہ طور پر خرچ کیا، وہ ایسی تجارت کی اُمید رکھتے ہیں جس میں گھاٹا نہیں ہے، تاکہ اللہ اُن کو اُن کے پورے اجر دے اور اپنے فضل سے اُن کو اور زیادہ دے۔ بے شک وہ بخشنے والا، قدردان ہے۔

۔فاطر ۳۵: ۲۹۔ ۳۰۔

۸۱۔ مومنوں کے لیے ہدایت اور بشارت ہے۔ وہ جو نماز پڑھتے اور زکوٰۃ دیتے اور آخرت کا یقین رکھتے ہیں۔

۔النمل ۲۷: ۲۔ ۳۔

۳۸۔ نمازی بےخوف و بےغم ہیں

۸۲۔ بے شک جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے نیک عمل کیے اور نماز کو قائم رکھا اور زکوٰۃ دیتے رہے اُن کے لیے اُن کا اجر اُن کے پروردگار کے ہاں موجود ہے اور نہ اُن پر خوف ہے اور نہ ہی وہ غمگین ہوں گے۔

۔البقرۃ ۲: ۲۷۷۔

۳۹۔ نمازیوں کو اجرِ عظیم

۸۳۔ لیکن اُن میں سے جو لوگ علم میں پکے ہیں اور مومن اُس پر ایمان لاتے ہیں جو تیری طرف اُتارا گیا ہے اور جو تجھ سے پہلے اُتارا گیا ہے اور نمازیں پڑھتے ہیں اور زکوٰۃ دیتے ہیں اور اللہ اور روزِ آخرت کا یقین رکھتے ہیں۔ وہی ہیں جن کو ہم عنقریب ہی بڑا ثواب دیں گے۔

۔النساء ۴: ۱۶۲۔

۴۰۔ نمازی اور بےنماز برابر نہیں ہو سکتے

۸۴۔ (بھلا ناشکرا مشرک بہتر ہے) یا وہ شخص جو رات

۸۰۔ اِنَّ الَّذِيْنَ يَتْلُوْنَ كِتٰبَ اللّٰهِ وَاَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَاَنْفَقُوْا مِمَّا رَزَقْنٰهُمْ سِرًّا وَّعَلَانِيَةً يَّرْجُوْنَ تِجَارَةً لَّنْ تَبُوْرَ ﴿۲۹﴾ لِيُوَفِّيَهُمْ اُجُوْرَهُمْ وَيَزِيْدَهُمْ مِّنْ فَضْلِهٖ ؕ اِنَّهٗ غَفُوْرٌ شَكُوْرٌ ﴿۳۰﴾

۸۱۔ هُدًى وَّبُشْرٰى لِلْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۲﴾ الَّذِيْنَ يُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَيُؤْتُوْنَ الزَّكٰوةَ وَهُمْ بِالْاٰخِرَةِ هُمْ يُوْقِنُوْنَ ﴿۳﴾

۸۲۔ اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَاَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتَوُا الزَّكٰوةَ لَهُمْ اَجْرُهُمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ ۚ وَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ﴿۲۷۷﴾

۸۳۔ لٰكِنِ الرّٰسِخُوْنَ فِي الْعِلْمِ مِنْهُمْ وَالْمُؤْمِنُوْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِمَآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ وَمَآ اُنْزِلَ مِنْ قَبْلِكَ وَالْمُقِيْمِيْنَ الصَّلٰوةَ وَالْمُؤْتُوْنَ الزَّكٰوةَ وَالْمُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ ؕ اُولٰٓئِكَ سَنُؤْتِيْهِمْ اَجْرًا عَظِيْمًا ﴿۱۶۲﴾

۸۴۔ اَمَّنْ هُوَ قَانِتٌ اٰنَآءَ الَّيْلِ سَاجِدًا وَّقَآئِمًا يَّحْذَرُ الْاٰخِرَةَ وَيَرْجُوْا رَحْمَةَ رَبِّهٖ ؕ قُلْ هَلْ يَسْتَوِي الَّذِيْنَ يَعْلَمُوْنَ وَالَّذِيْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ ؕ اِنَّمَا يَتَذَكَّرُ اُولُوا الْاَلْبَابِ ﴿۹﴾

۸۵۔ مَا سَلَكَكُمْ فِيْ سَقَرَ ﴿۴۲﴾ قَالُوْا لَمْ نَكُ مِنَ الْمُصَلِّيْنَ ﴿۴۳﴾ وَلَمْ نَكُ نُطْعِمُ الْمِسْكِيْنَ ﴿۴۴﴾ وَكُنَّا نَخُوْضُ مَعَ الْخَآئِضِيْنَ ﴿۴۵﴾ وَكُنَّا نُكَذِّبُ بِيَوْمِ الدِّيْنِ ﴿۴۶﴾ حَتّٰى اَتٰىنَا الْيَقِيْنُ ﴿۴۷﴾

کے وقتوں سجدہ میں پڑا اور کھڑا عبادت کرتا ہے، آخرت سے ڈرتا ہے، پروردگار کی رحمت کا اُمیدوار ہے۔ کہہ دے کیا وہ لوگ برابر ہیں جو علم رکھتے ہیں اور وہ جو علم نہیں رکھتے۔ بات یہ ہے کہ نصیحت تو بس عقل مند ہی پکڑتے ہیں۔

۔الزمر ۳۹: ۹۔

۴۱۔ بےنمازوں کے لیے دوزخ

۸۵۔ (پوچھا جائے گا کہ) تمہیں دوزخ میں کس چیز نے ڈالا؟ وہ کہیں گے کہ ہم نمازیوں میں نہ تھے اور مسکین کو کھانا نہیں دیتے تھے اور بکواس کرنے والوں کے ساتھ بکواس کیا کرتے تھے اور انصاف کے دن کو جھوٹ جانتے تھے یہاں تک کہ ہم کو موت آ گئی۔

۔المدثر ۷۴: ۴۲۔ ۴۷۔

۴۲۔ بے نمازوں کا اللہ کے حضور حاضر کیا جانا

۸۶۔اس دن اپنے پروردگار کی طرف چلنا ہوگا۔تو نے نہ کلام اللہ کی تصدیق کی، نہ نماز ہی پڑھی بلکہ اُلٹا جھٹلایا اور منہ موڑا۔

۔القیامۃ ۷۵: ۳۰۔۳۲۔

۴۳۔ غفلت اور ریا سے نماز پڑھنے والوں کے لیے ویل

۸۷۔سو خرابی ہے اُن نمازیوں کے لیے جو اپنی نماز سے غافل ہیں (اخیر وقت میں پڑھتے ہیں) جو (لوگوں کو) دکھلاتے ہیں اور برتنے کی چیز مانگی نہیں دیتے۔

۔الماعون ۱۰۷: ۴۔۷۔

نمازِ جنازہ

۱۔ منافق اور کافر کے جنازے پر نماز نہ پڑھی جائے

۱۔اور اُن (منافقوں) میں سے کسی پر جو مر جائے نہ کبھی نماز پڑھ اور نہ (دعا کے لیے) اُس کی قبر پر کھڑا ہو۔ انہوں نے اللہ اور اس کے رسول کا انکار کیا اور وہ بدکردار مرے۔

۔التوبۃ ۹: ۸۴۔

استعاذہ

۱۔ شیطان سے اللہ کی پناہ مانگنے کا حکم

۱۔پس تو اللہ کی پناہ مانگ۔

۔المؤمن ۴۰: ۵۶۔

۲۔اور اگر شیطان کی طرف سے تیرے دل میں گدگدی پیدا ہو تو اللہ کی پناہ مانگ۔ بے شک وہی سننے والا، جاننے والا ہے۔

۔حٰمٓ السجدۃ ۴۱: ۳۶۔

۳۔تو کہہ میں پناہ میں آیا صبح کے پروردگار کی ہر چیز کی بدی سے جو اس نے پیدا کی اور بدی سے اندھیرے کی جب وہ چھا جائے اور بدی سے عورتوں کی جو گرہوں میں پھونک ماریں اور بدی سے حاسد کی جب وہ حسد کرے۔

۔الفلق ۱۱۳: ۱۔۵۔

۴۔تو کہہ میں پناہ میں آیا لوگوں کے پروردگار کی، لوگوں کے بادشاہ کی، لوگوں کے معبود کی، بدی سے چھپ جانے والے (شیطان) کے وسوسے کی جو لوگوں کے دلوں میں وسوسہ ڈالتا ہے۔ جنوں اور آدمیوں سے۔

۔الناس ۱۱۴: ۱۔۶۔

۸۶۔ اِلٰى رَبِّكَ يَوْمَئِذِ ۣ الْمَسَاقُ ۝۳۰ فَلَا صَدَّقَ وَلَا صَلّٰى ۝۳۱ وَلٰكِنْ كَذَّبَ وَتَوَلّٰى ۝۳۲

۸۷۔ فَوَيْلٌ لِّلْمُصَلِّيْنَ ۝۴ الَّذِيْنَ هُمْ عَنْ صَلَاتِهِمْ سَاهُوْنَ ۝۵ الَّذِيْنَ هُمْ يُرَاۗءُوْنَ ۝۶ وَيَمْنَعُوْنَ الْمَاعُوْنَ ۝۷

۱۔ وَلَا تُصَلِّ عَلٰٓي اَحَدٍ مِّنْهُمْ مَّاتَ اَبَدًا وَّلَا تَقُمْ عَلٰي قَبْرِهٖ ۭ اِنَّهُمْ كَفَرُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَمَاتُوْا وَهُمْ فٰسِقُوْنَ ۝۸۴

۱۔ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ ۭ

۲۔ وَاِمَّا يَنْزَغَنَّكَ مِنَ الشَّيْطٰنِ نَزْغٌ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ ۭ اِنَّهٗ هُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ۝۳۶

۳۔ قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ۝۱ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ ۝۲ وَمِنْ شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ ۝۳ وَمِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِي الْعُقَدِ ۝۴ وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ ۝۵

۴۔ قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ۝۱ مَلِكِ النَّاسِ ۝۲ اِلٰهِ النَّاسِ ۝۳ مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ ڏ الْخَنَّاسِ ۝۴ الَّذِيْ يُوَسْوِسُ فِيْ صُدُوْرِ النَّاسِ ۝۵ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ ۝۶

استغفار

۱۔ استغفار کا حکم

۱۔اور اللہ سے معافی مانگو۔

۔البقرۃ ۲:۱۹۹۔

۲۔اور اللہ سے معافی مانگو۔

۔النساء ۴:۱۰۶۔

۳۔اور یہ کہ تم اپنے پروردگار سے معافی مانگو۔

۔ھود ۱۱:۳۔

۴۔اور کہہ کہ اے میرے پروردگار! معاف فرما اور رحم کر اور تو ہی سب رحم کرنے والوں سے بڑھ کر رحم کرنے والا ہے۔

۔المؤمنون ۲۳:۱۱۸۔

۵۔پس صبر کر۔ بے شک اللہ کا وعدہ سچا ہے اور اپنے گناہ کی معافی مانگ اور اپنے پروردگار کی تعریف کے ساتھ صبح وشام اُس کی پاکی بیان کر۔

۔المؤمن ۴۰:۵۵۔

۶۔پس اُس کی طرف جھکے رہو اور اُس سے معافی مانگو۔

۔حٰمٓ السجدۃ ۴۱:۶۔

۷۔اور اپنے گناہ کی معافی مانگ اور مسلمان مردوں اور مسلمان عورتوں کے لیے بھی۔

۔محمد ۴۷:۱۹۔

۸۔اور اللہ سے معافی مانگو۔ بے شک اللہ بخشنے والا، مہربان ہے۔

۔المزمل ۷۳:۲۰۔

۹۔اور اُس سے معافی مانگ۔ بے شک وہ مہربان ہے۔

۔النصر ۱۱۰:۳۔

۲۔ استغفار مقبول ہے

۱۰۔اور جو برا کام کرے یا اپنی جان پر ظلم کرے پھر

۱۔وَاسْتَغْفِرُوا اللّٰهَ ؕ
۲۔وَّاسْتَغْفِرِ اللّٰهَ ؕ
۳۔وَّاَنِ اسْتَغْفِرُوْا رَبَّكُمْ
۴۔وَقُلْ رَّبِّ اغْفِرْ وَارْحَمْ وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰحِمِيْنَ ﴿۱۱۸﴾
۵۔فَاصْبِرْ اِنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ وَّاسْتَغْفِرْ لِذَنْۢبِكَ وَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ بِالْعَشِيِّ وَالْاِبْكَارِ ﴿۵۵﴾
۶۔فَاسْتَقِيْمُوْۤا اِلَيْهِ وَاسْتَغْفِرُوْهُ ؕ
۷۔وَاسْتَغْفِرْ لِذَنْۢبِكَ وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ ؕ
۸۔وَاسْتَغْفِرُوا اللّٰهَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۲۰﴾
۹۔وَاسْتَغْفِرْهُ ؕ اِنَّهٗ كَانَ تَوَّابًا ﴿۳﴾
۱۰۔وَمَنْ يَّعْمَلْ سُوْٓءًا اَوْ يَظْلِمْ نَفْسَهٗ ثُمَّ يَسْتَغْفِرِ اللّٰهَ يَجِدِ اللّٰهَ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ﴿۱۱۰﴾
۱۱۔وَمَا كَانَ اللّٰهُ مُعَذِّبَهُمْ وَهُمْ يَسْتَغْفِرُوْنَ ﴿۳۳﴾
۱۲۔سَابِقُوْٓا اِلٰى مَغْفِرَةٍ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَجَنَّةٍ عَرْضُهَا كَعَرْضِ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ ۙ اُعِدَّتْ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِاللّٰهِ وَرُسُلِهٖ ؕ ذٰلِكَ فَضْلُ اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ ﴿۲۱﴾

اللہ سے معافی مانگے تو وہ اللہ کو بخشنے والا، مہربان پائے گا۔

۔النساء ۴:۱۱۰۔

۳۔ استغفار کرنے والوں کو عذاب سے امن

۱۱۔اور اللہ اُن کو عذاب دینے والا نہیں ہے جبکہ وہ معافی مانگتے ہوں۔

۔الانفال ۸:۳۳۔

۴۔ اللہ کی معافی کے ذریعے پیدا کرنے میں جلدی کرو

۱۲۔اپنے پروردگار کی بخشش کی طرف دوڑو اور (نیز) جنت کی طرف جس کی چوڑائی آسمان اور زمین کی چوڑائی کے برابر ہے۔ وہ اُن کے لیے تیار کی گئی ہے جو اللہ اور اُس کے رسول پر ایمان لائے۔ یہ اللہ کا فضل ہے جسے چاہے دے اور اللہ بڑے فضل والا ہے۔

۔الحدید ۵۷:۲۱۔

۱۳۔اور اپنے پروردگار کی بخشش کی طرف دوڑو اور جنت کی طرف جس کی چوڑائی آسمان اور زمین کے برابر ہے۔

۔آل عمران ۳:۱۳۳۔

تکبیر

۱۔اور تا کہ تم گنتی کو پورا کرو اور اللہ کی بڑائی کرو اس پر کہ اُس نے تم کو ہدایت کی اور تا کہ تم شکر کرو۔

۔البقرۃ ۲:۱۸۵۔

۲۔اور (اے نبی ﷺ!) کہہ کہ سب تعریف اللہ ہی کے لیے ہے جس نے نہ اولاد رکھی اور نہ بادشاہت میں کوئی اس کا شریک ہوا اور نہ عجز کی وجہ سے کوئی اس کا کوئی حمایتی ہوا اور اس کی بڑائی کر۔

۔بنی اسرائیل ۱۷:۱۱۱۔

۳۔اللہ کو نہ اُن (قربانیوں) کے گوشت پہنچتے ہیں، اور نہ اُن کے خون لیکن اس کو تمہاری طرف سے پرہیزگاری پہنچتی ہے۔اسی طرح اس نے ان (مویشیوں) کو تمہارا مطیع بنا دیا تا کہ تم اللہ کی بڑائی کرو اس بنا پر کہ اُس نے تم کو ہدایت کی اور (اے نبی ﷺ!) نیکوکاروں کو بشارت دے۔

۔الحج ۲۲:۳۷۔

۴۔اور اپنے پروردگار کی بڑائی کر۔

۔المدثر ۷۴:۳۔

تسبیح

۱۔اور اُس کی تعریف کے ساتھ اُس کی پاکی بیان کر۔

۔الفرقان ۲۵:۵۸۔

۱۳۔وَسَارِعُوٓا اِلٰى مَغْفِرَةٍ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَجَنَّةٍ عَرْضُهَا السَّمٰوٰتُ وَالْاَرْضُ

۱۔وَلِتُكْمِلُوا الْعِدَّةَ وَلِتُكَبِّرُوا اللّٰهَ عَلٰى مَا هَدٰىكُمْ وَلَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ۝۱۸۵

۲۔وَقُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ لَمْ يَتَّخِذْ وَلَدًا وَّلَمْ يَكُنْ لَّهٗ شَرِيْكٌ فِي الْمُلْكِ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ وَلِيٌّ مِّنَ الذُّلِّ وَكَبِّرْهُ تَكْبِيْرًا ۝۱۱۱

۳۔لَنْ يَّنَالَ اللّٰهَ لُحُوْمُهَا وَلَا دِمَآؤُهَا وَلٰكِنْ يَّنَالُهُ التَّقْوٰى مِنْكُمْ كَذٰلِكَ سَخَّرَهَا لَكُمْ لِتُكَبِّرُوا اللّٰهَ عَلٰى مَا هَدٰىكُمْ وَبَشِّرِ الْمُحْسِنِيْنَ ۝۳۷

۴۔وَرَبَّكَ فَكَبِّرْ ۝۳

۱۔وَسَبِّحْ بِحَمْدِهٖ

۲۔وَّسَبِّحُوْهُ بُكْرَةً وَّاَصِيْلًا ۝۴۲

۳۔وَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ بِالْعَشِيِّ وَالْاِبْكَارِ ۝۵۵

۴۔وَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ حِيْنَ تَقُوْمُ ۝۴۸

۵۔لِّتُؤْمِنُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَتُعَزِّرُوْهُ وَتُوَقِّرُوْهُ وَتُسَبِّحُوْهُ بُكْرَةً وَّاَصِيْلًا ۝۹

۲۔اور صبح اور شام اُس کی پاکی بیان کرو۔

۔الاحزاب ۳۳:۴۲۔

۳۔اور صبح اور شام اپنے پروردگار کی تعریف کے ساتھ اُس کی پاکی بیان کر۔

۔المؤمن ۴۰:۵۵۔

۴۔جب تو (رات کو) اٹھے تو اپنے پروردگار کی تعریف کے ساتھ اس کی پاکی بیان کر۔

۔الطور ۵۲:۴۸۔

۵۔(یہ حکم اس لیے ہے) کہ تم اللہ اور اس کے رسول پر ایمان لاؤ اور اُس کی مدد کرو اور اُس کی تعظیم کرو اور صبح اور شام اُس کی پاکی بیان کرو۔

۔الفتح ۴۸:۹۔

۶۔اور سورج کے نکلنے سے پہلے اور چھپنے سے پہلے اپنے پروردگار کی تعریف کے ساتھ اُس کی پاکی بیان کر۔

۔ق ۵۰:۳۹۔

۷۔اور رات کی بعض گھڑیوں میں اُس کی پاکی بیان کر اور نماز کے بعد بھی۔

۔ق ۵۰:۴۰۔

۸۔اور اپنے پروردگار کے حکم کا انتظار کر۔ کچھ شک نہیں کہ تو ہمارے سامنے ہے اور جب تو (رات کو) اُٹھے تو اپنے پروردگار کی تعریف کے ساتھ اس کی پاکی بیان کر اور رات کے بعض وقتوں میں اُس کی پاکی بیان کر اور ستاروں کے چھپ جانے کے بعد بھی۔

۔الطور ۵۲:۴۸۔۴۹۔

۹۔تو تو اپنے عظمت والے پروردگار کے نام کی پاکی بیان کر۔

۔الواقعہ ۵۶:۷۴،۹۶ والحاقۃ۔۶۹:۵۲۔

۱۰۔اور رات کی بعض گھڑیوں میں اس کو سجدہ کر اور رات کو دیر تک اس کی پاکی بیان کرتا رہ۔

۔الدھر ۷۶:۲۶۔

۱۱۔اپنے اعلیٰ پروردگار کے نام کی پاکی بیان کر جس نے پیدا کیا پھر درست کیا اور جس نے اندازہ کیا پھر رستہ دکھلایا اور جس نے تازہ گھاس نکالی پھر اس کو سیاہ چورا کر دیا۔

۔الاعلیٰ ۸۷:۱۔۵۔

۱۲۔پس تو اپنے پروردگار کی تعریف کے ساتھ اس کی پاکی بیان کر اور اُس سے معافی مانگ۔

۔النصر ۱۱۰:۳۔

۶۔ وَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ قَبْلَ طُلُوعِ الشَّمْسِ وَقَبْلَ الْغُرُوبِ ﴿۳۹﴾

۷۔ وَمِنَ اللَّيْلِ فَسَبِّحْهُ وَأَدْبَارَ السُّجُودِ ﴿۴۰﴾

۸۔ وَاصْبِرْ لِحُكْمِ رَبِّكَ فَإِنَّكَ بِأَعْيُنِنَا وَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ حِينَ تَقُومُ ﴿۴۸﴾ وَمِنَ اللَّيْلِ فَسَبِّحْهُ وَإِدْبَارَ النُّجُومِ ﴿۴۹﴾

۹۔ فَسَبِّحْ بِاسْمِ رَبِّكَ الْعَظِيمِ ﴿۵۲﴾

۱۰۔ وَمِنَ اللَّيْلِ فَاسْجُدْ لَهُ وَسَبِّحْهُ لَيْلًا طَوِيلًا ﴿۲۶﴾

۱۱۔ سَبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ الْأَعْلَى ﴿۱﴾ الَّذِي خَلَقَ فَسَوَّى ﴿۲﴾ وَالَّذِي قَدَّرَ فَهَدَى ﴿۳﴾ وَالَّذِي أَخْرَجَ الْمَرْعَى ﴿۴﴾ فَجَعَلَهُ غُثَاءً أَحْوَى ﴿۵﴾

۱۲۔ فَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ وَاسْتَغْفِرْهُ إِنَّهُ كَانَ تَوَّابًا ﴿۳﴾

۱۔ قُلِ الْحَمْدُ لِلَّهِ وَسَلَامٌ عَلَى عِبَادِهِ الَّذِينَ اصْطَفَى آللَّهُ خَيْرٌ أَمَّا يُشْرِكُونَ ﴿۵۹﴾

۲۔ وَتَوَكَّلْ عَلَى الْحَيِّ الَّذِي لَا يَمُوتُ وَسَبِّحْ بِحَمْدِهِ وَكَفَى بِهِ بِذُنُوبِ عِبَادِهِ خَبِيرًا ﴿۵۸﴾

۳۔ فَاصْبِرْ إِنَّ وَعْدَ اللَّهِ حَقٌّ وَاسْتَغْفِرْ لِذَنْبِكَ وَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ بِالْعَشِيِّ وَالْإِبْكَارِ ﴿۵۵﴾

تحمید

۱۔(اے نبی ﷺ!) کہہ دے کہ سب تعریف اللہ کے لیے ہے اور اس کے بندوں پر جن کو اُس نے منتخب کیا ہے سلام ہے۔ بھلا اللہ بہتر ہے یا وہ شے جسے وہ اس کے ساتھ شریک ٹھہراتے ہیں۔

۔النمل ۲۷:۵۹۔

۲۔اور اُس زندہ ذات پر بھروسہ رکھو جو (کبھی) نہیں مرے گا اور اس کی تعریف کے ساتھ تسبیح کرتے رہو۔ اور وہ اپنے بندوں کے گناہوں سے خبر رکھنے کو کافی ہے۔

۔الفرقان ۲۵:۵۸

۳۔تو صبر کرو بے شک اللہ کا وعدہ سچا ہے اور اپنے گناہوں کی معافی مانگو اور صبح وشام اپنے پروردگار کی تعریف کے ساتھ تسبیح کرتے رہو۔

۔المؤمن ۴۰:۵۵۔

۴۔اور تم اپنے پروردگار کے حکم کے انتظار میں صبر کیے رہو۔تم تو ہماری آنکھوں کے سامنے ہو اور جب اُٹھا کرو تو اپنے پروردگار کی تعریف کے ساتھ تسبیح کیا کرو۔

۔الطور ۵۲:۴۸۔

۵۔تو جو کچھ یہ (کفار) بکتے ہیں اس پر صبر کرو اور آفتاب کے طلوع ہونے سے پہلے اور اس کے غروب ہونے سے پہلے اپنے پروردگار کی تعریف کے ساتھ تسبیح کرتے رہو۔

۔ق ۵۰:۳۹۔

۶۔تو اپنے پروردگار کی تعریف کے ساتھ تسبیح کرو اور اس سے مغفرت مانگو۔بیشک وہ معاف کرنے والا ہے۔

۔النصر ۱۱۰:۳۔

۴۔وَاصْبِرْ لِحُكْمِ رَبِّكَ فَإِنَّكَ بِأَعْيُنِنَا وَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ حِينَ تَقُومُ ﴿٤٨﴾

۵۔فَاصْبِرْ عَلَىٰ مَا يَقُولُونَ وَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ قَبْلَ طُلُوعِ الشَّمْسِ وَقَبْلَ الْغُرُوبِ ﴿٣٩﴾

۶۔فَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ وَاسْتَغْفِرْهُ ۚ إِنَّهُ كَانَ تَوَّابًا ﴿٣﴾

ذکر

۱۔ اللہ کا ذکر بڑی چیز ہے

۱۔اور اللہ کا ذکر سب سے بڑی چیز ہے اور اللہ جانتا ہے جو تم کرتے ہو۔

۔العنکبوت ۲۹:۴۵۔

۲۔ ذکر کرنے کا حکم

۲۔مجھے یاد کرو میں تمہیں یاد رکھوں گا اور میرا شکر کرو اور میرا انکار نہ کرو۔

۔البقرۃ ۲:۱۵۲۔

۳۔اور جب تو بھول جائے تو اپنے پروردگار کو یاد کر اور کہہ اُمید ہے کہ میرا پروردگار مجھے اس سے بھی زیادہ راہ کی بات بتلا دے۔

۔الکہف ۱۸:۲۴۔

۱۔وَلَذِكْرُ اللَّهِ أَكْبَرُ ۗ وَاللَّهُ يَعْلَمُ مَا تَصْنَعُونَ ﴿٤٥﴾

۲۔فَاذْكُرُونِي أَذْكُرْكُمْ وَاشْكُرُوا لِي وَلَا تَكْفُرُونِ ﴿١٥٢﴾

۳۔وَاذْكُر رَّبَّكَ إِذَا نَسِيتَ وَقُلْ عَسَىٰ أَن يَهْدِيَنِ رَبِّي لِأَقْرَبَ مِنْ هَٰذَا رَشَدًا ﴿٢٤﴾

۴۔يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا إِذَا لَقِيتُمْ فِئَةً فَاثْبُتُوا وَاذْكُرُوا اللَّهَ كَثِيرًا لَّعَلَّكُمْ تُفْلِحُونَ ﴿٤٥﴾

۵۔يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا اذْكُرُوا اللَّهَ ذِكْرًا كَثِيرًا ﴿٤١﴾

۶۔وَاذْكُرُوا اللَّهَ كَثِيرًا لَّعَلَّكُمْ تُفْلِحُونَ ﴿١٠﴾

۷۔وَاذْكُرِ اسْمَ رَبِّكَ وَتَبَتَّلْ إِلَيْهِ تَبْتِيلًا ﴿٨﴾

۸۔وَاذْكُرِ اسْمَ رَبِّكَ بُكْرَةً وَأَصِيلًا ﴿٢٥﴾

۳۔ اللہ کو کثرت سے یاد کرو

۴۔مسلمانو! جب تم (کافروں کی) جماعت کے مقابل ہو تو جمے رہو اور اللہ کو کثرت سے یاد کرو تاکہ تم فلاح پاؤ۔

۔الانفال ۸:۴۵۔

۵۔مسلمانو! اللہ کو کثرت سے یاد کرو۔

۔الاحزاب ۳۳:۴۱۔

۶۔اور اللہ کو کثرت سے یاد کرو تاکہ تم فلاح پاؤ۔

۔الجمعۃ ۶۲:۱۰۔

۷۔اور اپنے پروردگار کا نام لے کر اور اس کی طرف (سب سے علیحدہ ہو کر) رجوع ہو۔

۔المزمل ۷۳:۸۔

۸۔اور اپنے پروردگار کا نام لے کر صبح و شام اُس کو یاد کر۔

۔الدھر ۷۶:۲۵۔

۴۔ اللہ کو مشعر الحرام کے پاس یاد کرو

۹۔ پھر جب تم عرفات سے لوٹو تو اللہ کو مشعر الحرام کے پاس یاد کرو اور جیسا کہ اُس نے تم کو ہدایت کی ہے اُس کو یاد کرو اگرچہ اس سے پہلے تم گمراہوں میں تھے۔

۔البقرۃ ۲: ۱۹۸۔

۵۔ حج سے فارغ ہونے کے بعد اللہ کو اپنے باپ دادوں کی طرح بلکہ اس سے بھی زیادہ یاد کرو

۱۰۔ پھر جب تم اپنے حج کے احکام پورے کر چکو تو اللہ کو اپنے باپ دادوں کی طرح یاد کرو یا اُس سے بھی زیادہ یاد کرو۔ پھر لوگوں میں سے کوئی ایسا ہے جو کہتا ہے کہ اے ہمارے پروردگار! ہم کو دنیا میں دے اور آخرت میں اُس کا حصہ نہیں ہے اور کوئی اُن میں سے وہ ہے جو کہتا ہے اے ہمارے پروردگار! ہم کو دنیا میں بھی بھلائی دے اور آخرت میں بھی بھلائی اور ہم کو آگ کے عذاب سے بچا۔ یہی لوگ ہیں جن کے لیے اُن کی کمائی میں سے حصہ ہے اور اللہ جلد حساب لینے والا ہے اور اللہ کو گنتی کے دنوں میں یاد کرو۔

۔البقرۃ ۲: ۲۰۰۔۲۰۳۔

۶۔ امن میں اللہ کو یاد کرو

۱۱۔ پھر جب تم امن میں ہو جاؤ تو اللہ کو یاد کرو جیسا کہ اُس نے تم کو بتلایا ہے جو تم نہیں جانتے تھے۔

۔البقرۃ ۲: ۲۳۹۔

۷۔ اللہ کو گڑگڑا گڑگڑا کر اور ڈر کر صبح و شام آہستہ سے یاد کرو

۱۲۔ اور اپنے دل میں اپنے پروردگار کو گڑگڑا کر اور چپکے سے

۹۔ فَإِذَآ أَفَضْتُم مِّنْ عَرَفَٰتٍ فَٱذْكُرُوا ٱللَّهَ عِندَ ٱلْمَشْعَرِ ٱلْحَرَامِ ۖ وَٱذْكُرُوهُ كَمَا هَدَىٰكُمْ وَإِن كُنتُم مِّن قَبْلِهِۦ لَمِنَ ٱلضَّآلِّينَ ﴿١٩٨﴾

۱۰۔ فَإِذَا قَضَيْتُم مَّنَاسِكَكُمْ فَٱذْكُرُوا ٱللَّهَ كَذِكْرِكُمْ ءَابَآءَكُمْ أَوْ أَشَدَّ ذِكْرًا ۗ فَمِنَ ٱلنَّاسِ مَن يَقُولُ رَبَّنَآ ءَاتِنَا فِى ٱلدُّنْيَا وَمَا لَهُۥ فِى ٱلْءَاخِرَةِ مِنْ خَلَٰقٍ ﴿٢٠٠﴾ وَمِنْهُم مَّن يَقُولُ رَبَّنَآ ءَاتِنَا فِى ٱلدُّنْيَا حَسَنَةً وَفِى ٱلْءَاخِرَةِ حَسَنَةً وَقِنَا عَذَابَ ٱلنَّارِ ﴿٢٠١﴾ أُو۟لَٰٓئِكَ لَهُمْ نَصِيبٌ مِّمَّا كَسَبُوا ۚ وَٱللَّهُ سَرِيعُ ٱلْحِسَابِ ﴿٢٠٢﴾ وَٱذْكُرُوا ٱللَّهَ فِىٓ أَيَّامٍ مَّعْدُودَٰتٍ ۚ

۱۱۔ فَإِذَآ أَمِنتُمْ فَٱذْكُرُوا ٱللَّهَ كَمَا عَلَّمَكُم مَّا لَمْ تَكُونُوا تَعْلَمُونَ ﴿٢٣٩﴾

۱۲۔ وَٱذْكُر رَّبَّكَ فِى نَفْسِكَ تَضَرُّعًا وَخِيفَةً وَدُونَ ٱلْجَهْرِ مِنَ ٱلْقَوْلِ بِٱلْغُدُوِّ وَٱلْءَاصَالِ وَلَا تَكُن مِّنَ ٱلْغَٰفِلِينَ ﴿٢٠٥﴾

۱۳۔ أَلَمْ يَأْنِ لِلَّذِينَ ءَامَنُوٓا أَن تَخْشَعَ قُلُوبُهُمْ لِذِكْرِ ٱللَّهِ وَمَا نَزَلَ مِنَ ٱلْحَقِّ وَلَا يَكُونُوا كَٱلَّذِينَ أُوتُوا ٱلْكِتَٰبَ مِن قَبْلُ فَطَالَ عَلَيْهِمُ ٱلْأَمَدُ فَقَسَتْ قُلُوبُهُمْ ۖ وَكَثِيرٌ مِّنْهُمْ فَٰسِقُونَ ﴿١٦﴾

۱۴۔ وَٱذْكُرُوا نِعْمَتَ ٱللَّهِ عَلَيْكُمْ

۱۵۔ قُلْ إِنَّ ٱللَّهَ يُضِلُّ مَن يَشَآءُ وَيَهْدِىٓ إِلَيْهِ مَنْ أَنَابَ ﴿٢٧﴾ ٱلَّذِينَ

اور بغیر آواز بلند کئے صبح اور شام یاد کر اور غافلوں میں نہ ہو۔

۔الاعراف ۷: ۲۰۵۔

۱۳۔ کیا ان کے لیے جو ایمان لائے ہیں وقت نہیں آیا کہ اللہ کی یاد سے اُن کے دل کانپ جائیں اور اُس حق سے جو نازل ہوا ہے اور ان کی مانند نہ ہوں جن کو پہلے کتاب دی گئی پھر اُن پر مدتِ دراز گزر گئی تو اُن کے دل سخت ہو گئے اور اکثر اُن میں بدکار ہیں۔

۔الحدید ۵۷: ۱۶۔

۸۔ اللہ کی نعمت یاد کرو

۱۴۔ اور اللہ کی نعمت جو تم پر ہے یاد کرو۔

۔آل عمران ۳: ۱۰۳۔

۹۔ اللہ کی یاد سے دل تسلی پاتے ہیں

۱۵۔ کہہ دے بے شک اللہ جس کو چاہتا ہے گمراہ کرتا ہے اور جو رجوع

ہوتا ہے اُس کو اپنی طرف راہ دکھاتا ہے اور جو ایمان لائے اور اللہ کی یاد سے اُن کے دل تسلی پاتے ہیں۔ سن لو کہ اللہ کی یاد سے دل تسلی پاتے ہیں۔

-الرعد ۱۳: ۲۷-۲۸-

۱۰۔ تجارت اور بیع اللہ کی یاد اور دیگر عبادات سے مانع نہیں ہے

۱۶۔ مرد ہیں اُن کو اللہ کی یاد اور نماز پڑھنے اور زکوٰۃ دینے سے نہ تجارت غافل کرتی ہے اور نہ بیع۔ وہ اُس دن سے ڈرتے ہیں جس دن دل اور آنکھیں اُلٹ جائیں گی۔

-النور ۲۴: ۳۷-

۱۱۔ اللہ کی یاد سے جن کے دل سخت ہیں ان کو ویل

۱۷۔ سو اُن کے لیے ویل ہے جن کے دل اللہ کی یاد سے سخت ہیں۔ یہی لوگ کھلی گمراہی میں ہیں۔

-الزمر ۳۹: ۲۲-

۱۲۔ اللہ کی یاد سے غافلوں پر شیطان کا تسلط

۱۸۔ اور جو کوئی رحمٰن کی یاد سے غافل ہوگا ہم اس پر شیطان مقرر کردیں گے۔ پس وہی اس کا ساتھی ہے۔

-الزخرف ۴۳: ۳۶-

۱۳۔ اللہ کو بھولنے والے بدکار ہیں

۱۹۔ اور اُن لوگوں کی مانند نہ ہو جو اللہ کو بھول گئے سو اللہ نے اُن کو اُن کی جانوں کی تدبیر سے بھلا دیا۔ وہی لوگ بدکار ہیں۔

-الحشر ۵۹: ۱۹-

۱۴۔ اللہ کی یاد سے غافل ٹوٹے میں ہیں

۲۰۔ مسلمانو! کہیں تمہارے مال اور تمہاری اولاد تم کو اللہ کی یاد سے غافل نہ کردے اور جو یہ کرے گا تو وہی لوگ گھاٹا اُٹھانے والے ہیں۔

-المنافقون ۶۳: ۹-

اٰمَنُوْا وَتَطْمَىِٕنُّ قُلُوْبُهُمْ بِذِكْرِ اللّٰهِ ۭ اَلَا بِذِكْرِ اللّٰهِ تَطْمَىِٕنُّ الْقُلُوْبُ ۝۲۸

۱۶۔ رِجَالٌ ۙ لَّا تُلْهِيْهِمْ تِجَارَةٌ وَّلَا بَيْعٌ عَنْ ذِكْرِ اللّٰهِ وَاِقَامِ الصَّلٰوةِ وَاِيْتَاۗءِ الزَّكٰوةِ ڽ يَخَافُوْنَ يَوْمًا تَتَقَلَّبُ فِيْهِ الْقُلُوْبُ وَالْاَبْصَارُ ۝۳۷

۱۷۔ فَوَيْلٌ لِّلْقٰسِيَةِ قُلُوْبُهُمْ مِّنْ ذِكْرِ اللّٰهِ ۭ اُولٰۗىِٕكَ فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ۝۲۲

۱۸۔ وَمَنْ يَّعْشُ عَنْ ذِكْرِ الرَّحْمٰنِ نُقَيِّضْ لَهٗ شَيْطٰنًا فَهُوَ لَهٗ قَرِيْنٌ ۝۳۶

۱۹۔ وَلَا تَكُوْنُوْا كَالَّذِيْنَ نَسُوا اللّٰهَ فَاَنْسٰىهُمْ اَنْفُسَهُمْ ۭ اُولٰۗىِٕكَ هُمُ الْفٰسِقُوْنَ ۝۱۹

۲۰۔ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تُلْهِكُمْ اَمْوَالُكُمْ وَلَآ اَوْلَادُكُمْ عَنْ ذِكْرِ اللّٰهِ ۚ وَمَنْ يَّفْعَلْ ذٰلِكَ فَاُولٰۗىِٕكَ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ ۝۹

۲۱۔ وَمَنْ يُّعْرِضْ عَنْ ذِكْرِ رَبِّهٖ يَسْلُكْهُ عَذَابًا صَعَدًا ۝۱۷

۱۔ وَّاَنِ اسْتَغْفِرُوْا رَبَّكُمْ ثُمَّ تُوْبُوْٓا اِلَيْهِ يُمَتِّعْكُمْ مَّتَاعًا حَسَنًا اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى وَّيُؤْتِ كُلَّ ذِيْ فَضْلٍ فَضْلَهٗ ۭ وَاِنْ تَوَلَّوْا فَاِنِّىْٓ اَخَافُ عَلَيْكُمْ عَذَابَ يَوْمٍ كَبِيْرٍ ۝۳

۲۔ وَتُوْبُوْٓا اِلَى اللّٰهِ جَمِيْعًا اَيُّهَ الْمُؤْمِنُوْنَ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ۝۳۱

۱۵۔ اللہ کی یاد سے روگردانی کرنے میں عذاب

۲۱۔ اور جو اپنے پروردگار کی یاد سے روگردانی کرے گا اللہ اُس کو سخت عذاب میں داخل کرے گا۔

-الجن ۷۲: ۱۷-

توبہ

۱۔ توبہ کرنے کا حکم

۱۔ اور یہ کہ اپنے پروردگار سے معافی مانگو پھر اُس کی طرف توبہ کرو تاکہ وہ تم کو اچھا فائدہ ایک وقتِ مقرر تک دے اور ہر بڑائی والے کو اُس کی بڑائی دے اور اگر تم روگردانی کرو تو میں تم کو ایک بڑے دن کے عذاب سے ڈراتا ہوں۔

-ھود ۱۱: ۳-

۲۔ اور مسلمانو! تم سب اللہ کی طرف رجوع ہوتا کہ تم فلاح پاؤ۔

-النور ۲۴: ۳۱-

۲۔ توبہ کے ساتھ عمل صالح بھی شرط ہے

۳۔ مسلمانو! اللہ کی طرف توبہ کرو خالص توبہ۔

۔التحریم ۶۶:۸۔

۳۔ اللہ توبہ قبول فرماتا ہے

۴۔ مگر جنہوں نے توبہ کی اور اصلاح پر آ گئے اور (صحیح صحیح) بیان کر دیا تو یہی وہ لوگ ہیں جن کی توبہ میں قبول کرتا ہوں اور میں توبہ قبول کرنے والا، مہربان ہوں۔

۔البقرۃ ۲:۱۶۰۔

۵۔ مگر جنہوں نے اس کے بعد توبہ کر لی اور صلاح پر آ گئے تو بے شک اللہ بخشنے والا، مہربان ہے۔

۔آل عمران ۳:۸۹۔

۶۔ مگر جنہوں نے توبہ کر لی اور اصلاح پر آ گئے اور اللہ کو مضبوط پکڑا اور اپنا دین خالص اللہ کے لیے کیا تو یہی لوگ مومنوں کے ساتھ ہیں اور اللہ مومنوں کو عنقریب بڑا ثواب دے گا۔

۔النساء ۴:۱۴۶۔

۷۔ اور جنہوں نے برے کام کیے پھر اُس کے بعد توبہ کی اور ایمان لائے تو بے شک تیرا پروردگار اُس کے بعد بخشنے والا، مہربان ہے۔

۔الاعراف ۷:۱۵۳۔

۸۔ کیا انہوں نے یہ معلوم نہیں کیا کہ اللہ جو ہے وہ اپنے بندوں کی توبہ قبول کرتا ہے اور خیرات منظور فرماتا ہے اور یہ کہ اللہ جو ہے وہی توبہ قبول کرنے والا، مہربان ہے۔

۔التوبۃ ۹:۱۰۴۔

۹۔ مگر جس نے توبہ کر لی اور ایمان لایا اور نیک عمل کیے تو

۳۔ يَٰٓأَيُّهَا ٱلَّذِينَ ءَامَنُوا۟ تُوبُوٓا۟ إِلَى ٱللَّهِ تَوْبَةً نَّصُوحًا

۴۔ إِلَّا ٱلَّذِينَ تَابُوا۟ وَأَصْلَحُوا۟ وَبَيَّنُوا۟ فَأُو۟لَٰٓئِكَ أَتُوبُ عَلَيْهِمْ ۚ وَأَنَا ٱلتَّوَّابُ ٱلرَّحِيمُ ﴿١٦٠﴾

۵۔ إِلَّا ٱلَّذِينَ تَابُوا۟ مِنۢ بَعْدِ ذَٰلِكَ وَأَصْلَحُوا۟ فَإِنَّ ٱللَّهَ غَفُورٌ رَّحِيمٌ ﴿٨٩﴾

۶۔ إِلَّا ٱلَّذِينَ تَابُوا۟ وَأَصْلَحُوا۟ وَٱعْتَصَمُوا۟ بِٱللَّهِ وَأَخْلَصُوا۟ دِينَهُمْ لِلَّهِ فَأُو۟لَٰٓئِكَ مَعَ ٱلْمُؤْمِنِينَ ۖ وَسَوْفَ يُؤْتِ ٱللَّهُ ٱلْمُؤْمِنِينَ أَجْرًا عَظِيمًا ﴿١٤٦﴾

۷۔ وَٱلَّذِينَ عَمِلُوا۟ ٱلسَّيِّـَٔاتِ ثُمَّ تَابُوا۟ مِنۢ بَعْدِهَا وَءَامَنُوٓا۟ إِنَّ رَبَّكَ مِنۢ بَعْدِهَا لَغَفُورٌ رَّحِيمٌ ﴿١٥٣﴾

۸۔ أَلَمْ يَعْلَمُوٓا۟ أَنَّ ٱللَّهَ هُوَ يَقْبَلُ ٱلتَّوْبَةَ عَنْ عِبَادِهِۦ وَيَأْخُذُ ٱلصَّدَقَٰتِ وَأَنَّ ٱللَّهَ هُوَ ٱلتَّوَّابُ ٱلرَّحِيمُ ﴿١٠٤﴾

۹۔ إِلَّا مَن تَابَ وَءَامَنَ وَعَمِلَ صَٰلِحًا فَأُو۟لَٰٓئِكَ يَدْخُلُونَ ٱلْجَنَّةَ وَلَا يُظْلَمُونَ شَيْـًٔا ﴿٦٠﴾

۱۰۔ وَمَن تَابَ وَعَمِلَ صَٰلِحًا فَإِنَّهُۥ يَتُوبُ إِلَى ٱللَّهِ مَتَابًا ﴿٧١﴾

۱۱۔ وَهُوَ ٱلَّذِى يَقْبَلُ ٱلتَّوْبَةَ عَنْ عِبَادِهِۦ وَيَعْفُوا۟ عَنِ ٱلسَّيِّـَٔاتِ وَيَعْلَمُ مَا تَفْعَلُونَ ﴿٢٥﴾

۱۲۔ إِلَّا مَن تَابَ وَءَامَنَ وَعَمِلَ عَمَلًا صَٰلِحًا فَأُو۟لَٰٓئِكَ يُبَدِّلُ ٱللَّهُ

یہی ہیں جو جنت میں داخل ہوں گے اور اُن پر کچھ ظلم نہیں کیا جائے گا۔

۔مریم ۱۹:۶۰۔

۱۰۔ اور جس نے توبہ کی اور نیک عمل کیے تو وہ بے شک اللہ کی طرف رجوع ہوتا ہے۔

۔الفرقان ۲۵:۷۱۔

۱۱۔ اور وہ وہی ہے جو اپنے بندوں کی توبہ قبول فرماتا ہے اور خطائیں معاف کرتا ہے اور جانتا ہے جو تم کرتے ہو۔

۔الشوریٰ ۴۲:۲۵۔

۴۔ توبہ کرنے والوں کے گناہ نیکیوں سے بدل جاتے ہیں بشرطیکہ عمل صالح ساتھ ہو

۱۲۔ اور جس نے توبہ کی اور ایمان لایا اور نیک کام کیے تو یہی ہیں جن

کے گناہوں کو اللہ نیکیوں سے بدل دے گا اور اللہ بخشنے والا، مہربان ہے۔

-الفرقان ۲۵: ۷۰-

۵۔ توبہ کرنے والوں کے لیے فرشتے مغفرت کی دعا کرتے ہیں

۱۳۔ جو (فرشتے) عرش کو اُٹھاتے ہیں اور جو اُس کے اردگرد ہیں وہ اپنے پروردگار کی تعریف کے ساتھ اُس کی پاکی بیان کرتے ہیں اور اُس پر ایمان رکھتے ہیں اور ان لوگوں کے لیے جو ایمان لائے ہیں دعائے مغفرت کرتے ہیں کہ اے ہمارے پروردگار! تو نے رحمت اور علم کے ساتھ ہر چیز کو گھیر لیا ہے۔ سو تو ان لوگوں کو بخش دے جنہوں نے توبہ کی اور تیری راہ پر چلے اور انہیں دوزخ کے عذاب سے بچا۔ اور ہمارے پروردگار! ان کو ہمیشہ رہنے والے باغوں میں داخل کر جن کا تو نے ان سے وعدہ کیا ہے اور ان کو بھی جو اُن کے باپوں اور اُن کی بیویوں اور اُن کی اولاد میں سے لائق ہوں۔ بے شک تو ہی غالب، حکمت والا ہے اور اُن کو بدیوں سے بچا اور جس کو تو نے اُس دن بدیوں سے بچایا اُس پر تو نے بے شک رحم کیا اور یہی بڑی کامیابی ہے۔

-المؤمن ۴۰: ۷-۹-

۶۔ توبہ کرنے والوں سے اللہ محبت کرتا ہے

۱۴۔ بے شک اللہ محبت رکھتا ہے توبہ کرنے والوں سے اور محبت رکھتا ہے پاک رہنے والوں سے۔

-البقرۃ ۲: ۲۲۲-

۷۔ توبہ صرف بھول چوک کے گناہ سے ہوتی ہے

۱۵۔ اس کے سوا کچھ نہیں کہ اللہ کے ذمے اُن لوگوں کی توبہ

سَيِّاٰتِهِمْ حَسَنٰتٍ ۭ وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ۝

۱۳۔ اَلَّذِيْنَ يَحْمِلُوْنَ الْعَرْشَ وَمَنْ حَوْلَهٗ يُسَبِّحُوْنَ بِحَمْدِ رَبِّهِمْ وَيُؤْمِنُوْنَ بِهٖ وَيَسْتَغْفِرُوْنَ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ۚ رَبَّنَا وَسِعْتَ كُلَّ شَيْءٍ رَّحْمَةً وَّعِلْمًا فَاغْفِرْ لِلَّذِيْنَ تَابُوْا وَاتَّبَعُوْا سَبِيْلَكَ وَقِهِمْ عَذَابَ الْجَحِيْمِ ۝ رَبَّنَا وَاَدْخِلْهُمْ جَنّٰتِ عَدْنِ ِالَّتِيْ وَعَدْتَّهُمْ وَمَنْ صَلَحَ مِنْ اٰبَاۗىِٕهِمْ وَاَزْوَاجِهِمْ وَذُرِّيّٰتِهِمْ ۭ اِنَّكَ اَنْتَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۝ وَقِهِمُ السَّيِّاٰتِ ۭ وَمَنْ تَقِ السَّيِّاٰتِ يَوْمَىِٕذٍ فَقَدْ رَحِمْتَهٗ ۭ وَذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ۝

۱۴۔ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ التَّوَّابِيْنَ وَيُحِبُّ الْمُتَطَهِّرِيْنَ ۝

۱۵۔ اِنَّمَا التَّوْبَةُ عَلَي اللّٰهِ لِلَّذِيْنَ يَعْمَلُوْنَ السُّوْۗءَ بِجَهَالَةٍ ثُمَّ يَتُوْبُوْنَ مِنْ قَرِيْبٍ فَاُولٰۗىِٕكَ يَتُوْبُ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ ۭ وَكَانَ اللّٰهُ عَلِيْمًا حَكِيْمًا ۝

۱۶۔ وَاِذَا جَاۗءَكَ الَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِاٰيٰتِنَا فَقُلْ سَلٰمٌ عَلَيْكُمْ كَتَبَ رَبُّكُمْ عَلٰي نَفْسِهِ الرَّحْمَةَ ۙ اَنَّهٗ مَنْ عَمِلَ مِنْكُمْ سُوْۗءًۢا بِجَهَالَةٍ ثُمَّ تَابَ مِنْۢ بَعْدِهٖ وَاَصْلَحَ فَاَنَّهٗ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝

۱۷۔ ثُمَّ اِنَّ رَبَّكَ لِلَّذِيْنَ عَمِلُوا السُّوْۗءَ بِجَهَالَةٍ ثُمَّ تَابُوْا مِنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ

قبول کرنا ہے جو نادانی سے گناہ کرتے ہیں پھر جلدی ہی توبہ کر لیتے ہیں۔ تو یہی لوگ ہیں جن کی توبہ اللہ قبول کرتا ہے اور اللہ جاننے والا، حکمت والا ہے۔

-النساء ۴: ۱۷-

۱۶۔ اور (اے نبی ﷺ!) جب تیرے پاس وہ لوگ آئیں جو ہماری آیتوں پر ایمان لاتے ہیں تو تو اُن سے کہہ کہ تم پر سلامتی ہے۔ تمہارے پروردگار نے اپنے اوپر رحمت لازم ٹھہرا لی ہے کہ جس نے تم میں سے براہِ نادانی کوئی برا کام کیا پھر اُس کے بعد توبہ کر لی اور راہ پر آ گیا تو بے شک وہ بخشنے والا، مہربان ہے۔

-الانعام ۶: ۵۴-

۱۷۔ پھر بے شک تیرا پروردگار اُن لوگوں کے لیے جنہوں نے نادانی سے گناہ کیا پھر اس کے بعد توبہ کر لی اور اصلاح پر آ گئے۔ بے شک تیرا

پروردگار اُس کے بعد بخشنے والا، مہربان ہے۔

۔النحل ۱۶: ۱۱۹۔

۸۔ موت کے وقت کی توبہ قبول نہیں

۱۸۔اور اُن کے لیے توبہ نہیں ہے جو بدیاں کرتے رہیں۔یہاں تک کہ جب اُن میں سے کسی کے پاس موت آ موجود ہو تو کہنے لگے کہ اب میں نے توبہ کی اور نہ اُن کے لیے ہے جو کفر ہی کی حالت میں مرجائیں۔یہی تو ہیں جن کے لیے ہم نے دردناک عذاب تیار کر رکھا ہے۔

۔النساء ۴: ۱۸۔

۹۔ مجرم اگر پکڑے جانے سے پہلے توبہ کرلیں تو جرم معاف ہے

۱۹۔مگر جو لوگ اس سے پہلے ہی توبہ کرلیں کہ تم اُن پر قابو پاؤ تو جان لو کہ اللہ بخشنے والا، مہربان ہے۔

۔المائدۃ ۵: ۳۴۔

۱۰۔ چوری سے توبہ

۲۰۔پھر جس نے اپنے ظلم کے بعد توبہ کی اور اصلاح پر آ گیا تو بے شک اللہ اس کی توبہ قبول فرماتا ہے۔بے شک اللہ بخشنے والا، مہربان ہے۔

۔المائدۃ ۵: ۳۹۔

۱۱۔ توبہ شرک سے

۲۱۔لیکن جس نے توبہ کی اور ایمان لایا اور نیک کام کئے تو اُمید ہے کہ وہ لوگ فلاح پانے والوں میں سے ہوں۔

۔القصص ۲۸: ۶۷۔

وَاَصْلَحُوْٓا ۙ اِنَّ رَبَّكَ مِنْۢ بَعْدِهَا لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ⑲

۱۸۔وَلَيْسَتِ التَّوْبَةُ لِلَّذِيْنَ يَعْمَلُوْنَ السَّيِّاٰتِ ۚ حَتّٰٓى اِذَا حَضَرَ اَحَدَهُمُ الْمَوْتُ قَالَ اِنِّىْ تُبْتُ الْـٰٔنَ وَلَا الَّذِيْنَ يَمُوْتُوْنَ وَهُمْ كُفَّارٌ ۭ اُولٰۗىِٕكَ اَعْتَدْنَا لَهُمْ عَذَابًا اَلِيْمًا ⑱

۱۹۔اِلَّا الَّذِيْنَ تَابُوْا مِنْ قَبْلِ اَنْ تَقْدِرُوْا عَلَيْهِمْ ۚ فَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ㉞

۲۰۔فَمَنْ تَابَ مِنْۢ بَعْدِ ظُلْمِهٖ وَاَصْلَحَ فَاِنَّ اللّٰهَ يَتُوْبُ عَلَيْهِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ㊴

۲۱۔فَاَمَّا مَنْ تَابَ وَاٰمَنَ وَعَمِلَ صَالِحًا فَعَسٰٓى اَنْ يَّكُوْنَ مِنَ الْمُفْلِحِيْنَ ㊼

۲۲۔وَهُوَ الَّذِيْ يَقْبَلُ التَّوْبَةَ عَنْ عِبَادِهٖ وَيَعْفُوْا عَنِ السَّيِّاٰتِ وَيَعْلَمُ مَا تَفْعَلُوْنَ ㉕

۲۳۔وَمَنْ لَّمْ يَتُبْ فَاُولٰۗىِٕكَ هُمُ الظّٰلِمُوْنَ ⑪

۲۴۔اِلَّا الَّذِيْنَ تَابُوْا مِنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ وَاَصْلَحُوْا ۣ فَاِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ㊈ اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بَعْدَ اِيْمَانِهِمْ ثُمَّ ازْدَادُوْا كُفْرًا لَّنْ تُقْبَلَ تَوْبَتُهُمْ ۚ وَاُولٰۗىِٕكَ هُمُ الضَّاۗلُّوْنَ ㊉

۲۲۔اور وہ وہی ہے جو اپنے بندوں کی توبہ قبول فرماتا ہے اور خطائیں معاف کرتا ہے اور جانتا ہے جو تم کرتے ہو۔

۔الشوریٰ ۴۲: ۲۵۔

۱۲۔ توبہ نہ کرنے والے ظالم ہیں

۲۳۔اور جس نے توبہ نہ کی تو وہی لوگ ظالم ہیں۔

۔الحجرات ۴۹: ۱۱۔

۱۳۔ مرتدوں کی توبہ قبول نہیں

۲۴۔مگر جنہوں نے اس کے بعد توبہ کرلی اور اصلاح پر آ گئے تو بے شک اللہ بخشنے والا، مہربان ہے۔جو لوگ ایمان لانے کے بعد کافر ہو گئے پھر کفر میں بڑھتے گئے ایسوں کی توبہ ہرگز قبول نہیں ہوگی اور یہ لوگ گمراہ ہیں۔

۔آل عمران ۳: ۸۹-۹۰۔

رجوع اِلیٰ اللہ

۱۔ اللہ کی طرف دوڑو

۱۔پس اللہ کی طرف بھاگو۔ بے شک میں تمہیں اُس کی طرف سے کھول کر ڈرانے والا ہوں۔

۔الذّٰریٰت ۵۱:۵۰۔

۲۔اور اپنے پروردگار کا نام یاد کر اور اُس کی طرف متوجہ ہو کر سب سے علیحدہ ہو۔

۔المزمل ۷۳:۸۔

۳۔اور اپنے پروردگار کی طرف راغب ہو۔

۔الانشراح ۹۴:۸۔

اعمالِ موجبِ مغفرت وفلاحِ آخرت

۱۔ اللہ کا خوف، ایمان، نیک کام، صبر، عبادت، پاک بازی

۱۔بے شک وہ لوگ جو اپنے پروردگار کے خوف سے لرزتے ہیں اور وہ جو اپنے پروردگار کی آیتوں پر ایمان لاتے ہیں اور وہ جو اپنے پروردگار کے ساتھ شریک نہیں ٹھہراتے اور وہ جو دیتے ہیں جو کچھ بھی دیتے ہیں اور اُن کے دل اس سے ڈرتے ہیں کہ وہ اپنے پروردگار کی طرف لوٹنے والے ہیں، یہی لوگ ہیں جو نیکیوں (کے حصول) میں جلدی کرتے ہیں اور وہ اُن کے لیے آگے بڑھ جاتے ہیں۔

۔المؤمنون ۲۳:۵۷۔۶۱۔

۲۔بے شک مسلمان مرد اور مسلمان عورتیں اور ایمان دار مرد اور ایمان دار عورتیں اور مطیع مرد اور مطیع عورتیں اور

۱۔ فَفِرُّوْٓا اِلَى اللّٰهِ ۭ اِنِّىْ لَكُمْ مِّنْهُ نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ ۝۵۰

۲۔ وَاذْكُرِ اسْمَ رَبِّكَ وَتَبَتَّلْ اِلَيْهِ تَبْتِيْلًا ۝۸

۳۔ وَاِلٰى رَبِّكَ فَارْغَبْ ۝۸

۱۔ اِنَّ الَّذِيْنَ هُمْ مِّنْ خَشْيَةِ رَبِّهِمْ مُّشْفِقُوْنَ ۝۵۷ وَالَّذِيْنَ هُمْ بِاٰيٰتِ رَبِّهِمْ يُؤْمِنُوْنَ ۝۵۸ وَالَّذِيْنَ هُمْ بِرَبِّهِمْ لَا يُشْرِكُوْنَ ۝۵۹ وَالَّذِيْنَ يُؤْتُوْنَ مَآ اٰتَوْا وَّقُلُوْبُهُمْ وَجِلَةٌ اَنَّهُمْ اِلٰى رَبِّهِمْ رٰجِعُوْنَ ۝۶۰ اُولٰۗىِٕكَ يُسٰرِعُوْنَ فِي الْخَيْرٰتِ وَهُمْ لَهَا سٰبِقُوْنَ ۝۶۱

۲۔ اِنَّ الْمُسْلِمِيْنَ وَالْمُسْلِمٰتِ وَالْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ وَالْقٰنِتِيْنَ وَالْقٰنِتٰتِ وَالصّٰدِقِيْنَ وَالصّٰدِقٰتِ وَالصّٰبِرِيْنَ وَالصّٰبِرٰتِ وَالْخٰشِعِيْنَ وَالْخٰشِعٰتِ وَالْمُتَصَدِّقِيْنَ وَالْمُتَصَدِّقٰتِ وَالصَّاۗىِٕمِيْنَ وَالصّٰۗىِٕمٰتِ وَالْحٰفِظِيْنَ فُرُوْجَهُمْ وَالْحٰفِظٰتِ وَالذّٰكِرِيْنَ اللّٰهَ كَثِيْرًا وَّالذّٰكِرٰتِ ۙ اَعَدَّ اللّٰهُ لَهُمْ مَّغْفِرَةً وَّاَجْرًا عَظِيْمًا ۝۳۵

۳۔ وَالَّذِيْنَ يُصَدِّقُوْنَ بِيَوْمِ الدِّيْنِ ۝۲۶ وَالَّذِيْنَ هُمْ مِّنْ عَذَابِ رَبِّهِمْ مُّشْفِقُوْنَ ۝۲۷ اِنَّ عَذَابَ رَبِّهِمْ غَيْرُ مَاْمُوْنٍ ۝۲۸ وَالَّذِيْنَ

سچے مرد اور سچی عورتیں اور صابر مرد اور صابر عورتیں اور عاجزی کرنے والے مرد اور عاجزی کرنے والی عورتیں اور خیرات کرنے والے مرد اور خیرات کرنے والی عورتیں اور روزہ دار مرد اور روزہ دار عورتیں اور اپنی شرم گاہوں کو محفوظ رکھنے والے مرد اور محفوظ رکھنے والی عورتیں، اور اللہ کو کثرت سے یاد کرنے والے مرد اور یاد کرنے والی عورتیں، اللہ نے ان کے لیے مغفرت اور اجرِ عظیم تیار کیا ہے۔

۔الاحزاب ۳۳:۳۵۔

۳۔اور جو لوگ قیامت کے دن کی تصدیق کرتے ہیں اور جو لوگ اپنے پروردگار کے عذاب سے ڈرتے ہیں، بے شک ان کے پروردگار کا عذاب نڈر ہونے کی چیز نہیں ہے اور جو لوگ اپنی شرم گاہوں کی حفاظت کرتے ہیں مگر اپنی بیویوں پر یا ان پر جن کے مالک اُن کے ہاتھ ہو گئے ہیں سو یہ لوگ ملامت کے قابل نہیں ہیں اور جس نے اس

کے سوا چاہا تو وہی ہیں جو حد سے گزر جانے والے ہیں۔

-المعارج ۷۰: ۲۹-۳۱۔

۴۔قسم ہے عصر کی۔ بے شک انسان گھاٹے میں ہے سوائے اُن کے جو ایمان لائے اور اُنہوں نے نیک کام کئے اور ایک دوسرے کو حق کی وصیت کرتے رہے اور ایک دوسرے کو صبر کی وصیت کرتے رہے۔

-العصر ۱۰۳: ۱-۳۔

زکوٰۃ

انبیائے سابقین علیہم السلام اور اُمم سابقہ کو زکوٰۃ کا حکم دیا گیا تھا

۱۔ انبیائے سابقین علیہم السلام کو زکوٰۃ کا حکم

۱۔اور اُن کو پیشوا بنایا کہ ہمارے حکم سے ہدایت کرتے تھے اور اُن کو نیک کام کرنے اور نماز پڑھنے اور زکوٰۃ دینے کا حکم بھیجا اور وہ ہماری عبادت کیا کرتے تھے۔

-الانبیاء ۲۱: ۷۳۔

۲۔ اسمٰعیل علیہ السلام

۲۔اور کتاب میں اسمٰعیل کا بھی ذکر کرو وہ وعدے کے سچے اور (ہمارے) بھیجے ہوئے نبی تھے۔اور اپنے گھر والوں کو نماز اور زکوٰۃ کا حکم دیتا تھا اور اپنے پروردگار کے ہاں پسندیدہ تھا۔

-مریم ۱۹: ۵۴-۵۵

۳۔ عیسیٰ علیہ السلام

۳۔(عیسیٰ علیہ السلام نے) کہا کہ میں اللہ کا بندہ ہوں اُس نے مجھے کتاب دی اور مجھے نبی کیا اور مجھے برکت

هُمْ لِفُرُوجِهِمْ حٰفِظُونَ ۝ إِلَّا عَلٰٓى أَزْوَاجِهِمْ أَوْ مَا مَلَكَتْ أَيْمَانُهُمْ فَإِنَّهُمْ غَيْرُ مَلُومِينَ ۝ فَمَنِ ابْتَغٰى وَرَآءَ ذٰلِكَ فَأُولٰٓئِكَ هُمُ الْعٰدُونَ ۝

۴۔ وَالْعَصْرِ ۝ إِنَّ الْإِنسَانَ لَفِي خُسْرٍ ۝ إِلَّا الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَتَوَاصَوْا بِالْحَقِّ وَتَوَاصَوْا بِالصَّبْرِ ۝

۱۔ وَجَعَلْنٰهُمْ أَئِمَّةً يَهْدُونَ بِأَمْرِنَا وَأَوْحَيْنَآ إِلَيْهِمْ فِعْلَ الْخَيْرٰتِ وَإِقَامَ الصَّلٰوةِ وَإِيتَآءَ الزَّكٰوةِ وَكَانُوا لَنَا عٰبِدِينَ ۝

۲۔ وَاذْكُرْ فِي الْكِتٰبِ إِسْمٰعِيلَ إِنَّهُ كَانَ صَادِقَ الْوَعْدِ وَكَانَ رَسُولًا نَّبِيًّا ۝ وَكَانَ يَأْمُرُ أَهْلَهُ بِالصَّلٰوةِ وَالزَّكٰوةِ وَكَانَ عِندَ رَبِّهِ مَرْضِيًّا ۝

۳۔ قَالَ إِنِّي عَبْدُ اللّٰهِ آتٰنِيَ الْكِتٰبَ وَجَعَلَنِي نَبِيًّا ۝ وَجَعَلَنِي مُبٰرَكًا أَيْنَ مَا كُنتُ وَأَوْصٰنِي بِالصَّلٰوةِ وَالزَّكٰوةِ

۴۔ أَفَغَيْرَ دِينِ اللّٰهِ يَبْغُونَ وَلَهُ أَسْلَمَ مَن فِي السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ طَوْعًا وَكَرْهًا وَإِلَيْهِ يُرْجَعُونَ ۝

۵۔ وَلَقَدْ أَخَذَ اللّٰهُ مِيثَاقَ بَنِي إِسْرَآءِيلَ وَبَعَثْنَا مِنْهُمُ اثْنَيْ عَشَرَ نَقِيبًا وَقَالَ اللّٰهُ إِنِّي مَعَكُمْ لَئِنْ أَقَمْتُمُ الصَّلٰوةَ وَآتَيْتُمُ الزَّكٰوةَ

والا بنایا جہاں کہیں بھی میں رہوں اور مجھے نماز اور زکوٰۃ کا حکم دیا۔

-مریم ۱۹: ۳۰-۳۱۔

۴۔ بنی اسرائیل سے نماز اور زکوٰۃ کا عہد

۴۔کیا یہ (کافر) اللہ کے دین کے سوا کسی اور دین کے طالب ہیں حالانکہ اہلِ آسمان وزمین خوشی یا زبردستی سے خدا کے فرمانبردار ہیں اور اسی کی طرف لوٹ کر جانے والے ہیں۔

-البقرۃ ۲: ۸۳

۵۔اور اللہ نے بنی اسرائیل سے اقرار لیا اور ان میں ہم نے بارہ سردار مقرر کیے۔ پھر اللہ نے فرمایا کہ میں تمہارے ساتھ ہوں۔ اگر تم نماز پڑھتے اور زکوٰۃ دیتے رہو گے اور میرے پیغمبروں پر ایمان لاؤ گے اور ان کی مدد کرو گے اور اللہ کو قرض حسنہ دو گے تو میں تم سے

تمہارے گناہ دور کر دوں گا اور تم کو بہشتوں میں داخل کروں گا جن کے نیچے نہریں بہ رہی ہیں۔ پھر جس نے اس کے بعد تم میں سے کفر کیا وہ سیدھے رستے سے بھٹک گیا۔

-المائدۃ-۵:۱۲-

۵۔ اہل کتاب

۶۔اور نماز قائم کرو اور زکوٰۃ ادا کرو اور یہی نہایت صحیح و درست دین ہے۔

-البینۃ ۹۸:۵-

۶۔ اصحابِ رسول اللہ زکوٰۃ دیتے تھے

۷۔ یہ وہ لوگ ہیں کہ اگر ہم ان کو ملک میں دسترس دیں تو نماز پڑھیں اور زکوٰۃ ادا کریں اور نیک کام کرنے کا حکم دیں اور برے کاموں سے منع کریں۔ اور سب کاموں کا انجام اللہ ہی کے اختیار میں ہے۔

-الحج ۲۲:۴۱-

۷۔ زکوٰۃ دینے کا حکم

۸۔اور زکوٰۃ دیا کرو۔

-البقرۃ ۲:۴۳، ۸۳، ۱۱۰ والحج ۲۲-۷۸ والنور ۲۴:۵۶
والمجادلۃ ۵۸:۱۳ والمزمل ۷۳:۲۰-

۹۔(پیغمبر ﷺ کی بیبیو!) زکوٰۃ دو۔

-الاحزاب ۳۳-۳۳-

۸۔ زکوٰۃ دینے والوں پر اللہ کی رحمت

۱۰۔اور میری رحمت ہر شے پر حاوی ہے تو میں اُن کو اُن لوگوں کے لیے لکھ لوں گا جو اللہ سے ڈرتے اور زکوٰۃ دیتے ہیں اور جو ہماری آیتوں پر ایمان رکھتے ہیں۔

-الاعراف ۷:۱۵۶-

وَآمَنتُم بِرُسُلِي وَعَزَّرْتُمُوهُمْ وَأَقْرَضْتُمُ اللَّهَ قَرْضًا حَسَنًا لَّأُكَفِّرَنَّ عَنكُمْ سَيِّئَاتِكُمْ وَلَأُدْخِلَنَّكُمْ جَنَّاتٍ تَجْرِي مِن تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ ۚ فَمَن كَفَرَ بَعْدَ ذَٰلِكَ مِنكُمْ فَقَدْ ضَلَّ سَوَاءَ السَّبِيلِ ﴿١٢﴾

۶۔ وَيُقِيمُوا الصَّلَاةَ وَيُؤْتُوا الزَّكَاةَ ۚ وَذَٰلِكَ دِينُ الْقَيِّمَةِ ﴿٥﴾

۷۔ الَّذِينَ إِن مَّكَّنَّاهُمْ فِي الْأَرْضِ أَقَامُوا الصَّلَاةَ وَآتَوُا الزَّكَاةَ وَأَمَرُوا بِالْمَعْرُوفِ وَنَهَوْا عَنِ الْمُنكَرِ ۗ وَلِلَّهِ عَاقِبَةُ الْأُمُورِ ﴿٤١﴾

۸۔ وَآتُوا الزَّكَاةَ

۹۔ وَآتِينَ الزَّكَاةَ

۱۰۔ وَرَحْمَتِي وَسِعَتْ كُلَّ شَيْءٍ ۚ فَسَأَكْتُبُهَا لِلَّذِينَ يَتَّقُونَ وَيُؤْتُونَ الزَّكَاةَ وَالَّذِينَ هُم بِآيَاتِنَا يُؤْمِنُونَ ﴿١٥٦﴾

۱۱۔ أَلَمْ تَرَ إِلَى الَّذِينَ قِيلَ لَهُمْ كُفُّوا أَيْدِيَكُمْ وَأَقِيمُوا الصَّلَاةَ وَآتُوا الزَّكَاةَ فَلَمَّا كُتِبَ عَلَيْهِمُ الْقِتَالُ إِذَا فَرِيقٌ مِّنْهُمْ يَخْشَوْنَ النَّاسَ كَخَشْيَةِ اللَّهِ أَوْ أَشَدَّ خَشْيَةً ۚ وَقَالُوا رَبَّنَا لِمَ كَتَبْتَ عَلَيْنَا الْقِتَالَ لَوْلَا أَخَّرْتَنَا إِلَىٰ أَجَلٍ قَرِيبٍ ۗ قُلْ مَتَاعُ الدُّنْيَا قَلِيلٌ وَالْآخِرَةُ خَيْرٌ لِّمَنِ اتَّقَىٰ وَلَا تُظْلَمُونَ فَتِيلًا ﴿٧٧﴾

۱۲۔ إِنَّمَا يَعْمُرُ مَسَاجِدَ اللَّهِ مَنْ آمَنَ بِاللَّهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ وَأَقَامَ الصَّلَاةَ وَآتَى

۹۔ ابتدا میں صرف نماز اور زکوٰۃ ہی کا حکم تھا

۱۱۔ بھلا تم نے ان لوگوں کو نہیں دیکھا جن کو (پہلے یہ) حکم دیا گیا تھا کہ اپنے ہاتھوں کو (جنگ سے) روکے رہو اور نماز پڑھتے اور زکوٰۃ دیتے رہو۔ پھر جب اُن پر جہاد فرض کر دیا گیا تو بعض لوگ ان میں سے لوگوں سے یوں ڈرنے لگے جیسے اللہ سے ڈرا کرتے ہیں بلکہ اس سے بھی زیادہ اور بڑبڑانے لگے کہ اے اللہ تو نے ہم پر جہاد (جلد) کیوں فرض کر دیا۔ تھوڑی مدت اور ہمیں کیوں مہلت نہ دی۔ (اے پیغمبر ان سے) کہہ دو کہ دنیا کا فائدہ بہت تھوڑا ہے۔ اور بہت اچھی چیز تو پرہیز گار کے لیے (نجاتِ) آخرت ہے اور تم پر دھاگے برابر بھی ظلم نہیں کیا جائے گا۔

-النساء ۴:۷۷-

۱۰۔ زکوٰۃ دینے والے ہدایت پر ہیں

۱۲۔ اللہ کی مسجدوں کو تو وہ لوگ آباد کرتے ہیں جو اللہ پر اور روزِ

قیامت پر ایمان لاتے اور نماز پڑھتے اور زکوٰۃ دیتے ہیں اور اللہ کے سوا کسی سے نہیں ڈرتے یہی لوگ اُمید ہے کہ ہدایت یافتہ لوگوں میں (داخل) ہوں۔

-التوبۃ ۹: ۱۸-

۱۳۔ وہ جو نماز پڑھتے اور زکوٰۃ دیتے اور آخرت کا یقین رکھتے ہیں۔

-النمل ۲۷: ۳ و لقمٰن ۳۱: ۴

۱۱۔ زکوٰۃ دینا منجملہ نیکی کے ہے

۱۴۔ نیکی یہی نہیں کہ تم مشرق و مغرب (کو قبلہ سمجھ کر اُن) کی طرف منہ کر لو بلکہ نیکی یہ ہے کہ لوگ اللہ پر اور یومِ آخرت پر اور فرشتوں پر اور (اللہ کی) کتاب پر اور پیغمبروں پر ایمان لائیں۔ اور مال باوجود عزیز رکھنے کے رشتہ داروں اور یتیموں اور محتاجوں اور مسافروں اور مانگنے والوں کو دیں اور گردنوں (کے چھڑانے) میں (خرچ کریں) اور نماز پڑھیں اور زکوٰۃ دیں اور جب عہد کر لیں تو اس کو پورا کریں اور سختی اور تکلیف میں اور (معرکۂ) کارزار کے وقت ثابت قدم رہیں۔ یہی لوگ ہیں جو (ایمان میں) سچے ہیں اور یہی ہیں جو (اللہ سے) ڈرنے والے ہیں۔

-البقرۃ ۲: ۱۷۷-

۱۲۔ مسلمانوں کے رفیق وہ جو زکوٰۃ دیں

۱۵۔ تمہارے دوست تو خدا اور اس کے پیغمبر اور مومن لوگ ہی ہیں جو نماز پڑھتے اور زکوٰۃ دیتے اور (اللہ کے آگے) جھکتے ہیں۔

-المائدۃ ۵: ۵۵-

الزَّكٰوةَ وَلَمْ يَخْشَ اِلَّا اللّٰهَ فَعَسٰٓى اُولٰٓئِكَ اَنْ يَّكُوْنُوْا مِنَ الْمُهْتَدِيْنَ ﴿۱۸﴾

۱۳۔ اَلَّذِيْنَ يُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَيُؤْتُوْنَ الزَّكٰوةَ وَهُمْ بِالْاٰخِرَةِ هُمْ يُوْقِنُوْنَ ﴿۳﴾

۱۴۔ لَيْسَ الْبِرَّ اَنْ تُوَلُّوْا وُجُوْهَكُمْ قِبَلَ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ وَلٰكِنَّ الْبِرَّ مَنْ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَالْمَلٰٓئِكَةِ وَالْكِتٰبِ وَالنَّبِيّٖنَ ۚ وَاٰتَى الْمَالَ عَلٰى حُبِّهٖ ذَوِى الْقُرْبٰى وَالْيَتٰمٰى وَالْمَسٰكِيْنَ وَابْنَ السَّبِيْلِ ۙ وَالسَّآئِلِيْنَ وَفِى الرِّقَابِ ۚ وَاَقَامَ الصَّلٰوةَ وَاٰتَى الزَّكٰوةَ ۚ وَالْمُوْفُوْنَ بِعَهْدِهِمْ اِذَا عٰهَدُوْا ۚ وَالصّٰبِرِيْنَ فِى الْبَاْسَآءِ وَالضَّرَّآءِ وَحِيْنَ الْبَاْسِ ؕ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ صَدَقُوْا ؕ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُتَّقُوْنَ ﴿۱۷۷﴾

۱۵۔ اِنَّمَا وَلِيُّكُمُ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوا الَّذِيْنَ يُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَيُؤْتُوْنَ الزَّكٰوةَ وَهُمْ رٰكِعُوْنَ ﴿۵۵﴾

۱۶۔ وَالْمُؤْمِنُوْنَ وَالْمُؤْمِنٰتُ بَعْضُهُمْ اَوْلِيَآءُ بَعْضٍ ۘ يَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَيَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَيُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَيُؤْتُوْنَ الزَّكٰوةَ وَيُطِيْعُوْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ ؕ اُولٰٓئِكَ سَيَرْحَمُهُمُ اللّٰهُ ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ﴿۷۱﴾

۱۷۔ فَاِذَا انْسَلَخَ الْاَشْهُرُ الْحُرُمُ فَاقْتُلُوا الْمُشْرِكِيْنَ حَيْثُ وَجَدْتُّمُوْهُمْ وَخُذُوْهُمْ وَاحْصُرُوْهُمْ وَاقْعُدُوْا لَهُمْ كُلَّ مَرْصَدٍ ۚ فَاِنْ تَابُوْا وَاَقَامُوا

۱۳۔ مومنوں کی صفت زکوٰۃ دینا ہے

۱۶۔ اور مومن مرد اور مومن عورتیں ایک دوسرے کے دوست ہیں۔ اچھے کام کرنے کو کہتے اور بری باتوں سے منع کرتے اور نماز پڑھتے اور زکوٰۃ دیتے اور اللہ اور اس کے پیغمبر کی اطاعت کرتے ہیں۔ یہی لوگ ہیں جن پر اللہ رحم کرے گا۔ بیشک اللہ غالب (اور) حکمت والا ہے۔

-التوبۃ ۹: ۷۱-

۱۴۔ زکوٰۃ دینے والوں سے لڑنا درست نہیں

۱۷۔ جب عزت کے مہینے گزر جائیں تو مشرکوں کو جہاں پاؤ قتل کر دو اور پکڑ لو اور گھیر لو اور ہر گھات کی جگہ اُن کی تاک میں بیٹھے رہو۔ پھر اگر وہ توبہ کر لیں اور نماز پڑھنے اور زکوٰۃ دینے لگیں تو اُن

کی راہ چھوڑ دو۔ بے شک اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔

-التوبۃ ۹: ۵، ۱۱-

۱۸۔ اگر یہ توبہ کرلیں اور نماز پڑھنے اور زکوٰۃ دینے لگیں تو دین میں تمہارے بھائی ہیں۔ اور سمجھنے والے لوگوں کے لیے ہم اپنی آیتیں کھول کھول کر بیان کرتے ہیں۔

-التوبۃ ۹: ۱۱-

۱۵۔ زکوٰۃ نہ دینا مشرکوں کی صفت ہے

۱۹۔ اور خرابی ہے مشرکوں کی جو زکوٰۃ نہیں دیتے اور وہ آخرت کے (بھی) منکر ہیں۔

-حٰمٓ السجدۃ ۴۱: ۶-۷

۱۶۔ زکوٰۃ اللہ لیتا ہے

۲۰۔ کیا انہوں نے یہ معلوم نہیں کیا کہ اللہ اپنے بندوں کی توبہ قبول کرتا ہے اور خیرات لیتا ہے اور یہ کہ اللہ ہی توبہ قبول کرنے والا، مہربان ہے۔

-التوبۃ ۹: ۱۰۴-

۱۷۔ زکوٰۃ دینے والوں کا مال دگنا ہوتا ہے

۲۱۔ اور جو زکوٰۃ تم اللہ کی ذات حاصل کرنے کے لیے دیتے ہو تو ایسے ہی لوگ (اپنے مال کو) دگنا کرنے والے ہیں۔

-الروم ۳۰: ۳۹-

۱۸۔ زکوٰۃ دینے والوں کو فلاحِ آخرت

۲۲۔ بے شک مومنوں نے فلاح پائی جو اپنی نماز میں عاجزی کرتے ہیں اور جو بیہودہ بات سے منہ پھیرتے ہیں اور جو زکوٰۃ دیتے ہیں۔

-المؤمنون ۲۳: ۱-۴-

۲۳۔ الٓمٓ یہ حکمت کی (بھری ہوئی) کتاب کی آیتیں ہیں۔ نیکوکاروں کے لیے ہدایت اور رحمت۔ جو نماز کی پابندی کرتے اور زکوٰۃ دیتے اور آخرت کا یقین رکھتے ہیں۔

-لقمٰن ۳۱: ۱-۴-

۲۰۔ زکوٰۃ دینے والوں کے لیے بہشت

۲۴۔ یہی لوگ وارث ہیں جو بہشت کے وارث ہوں گے وہ اُسی میں ہمیشہ رہیں گے۔

-المؤمنون ۲۳: ۱۰-۱۱-

۲۱۔ زکوٰۃ دینے میں اصل سے زیادہ ملے گا

۲۵۔ (یعنی ایسے) لوگ جن کو اللہ کے ذکر اور نماز پڑھنے اور زکوٰۃ دینے سے نہ سوداگری غافل کرتی ہے نہ خرید و فروخت۔ وہ اُس دن سے جب دل (خوف اور گھبراہٹ کے سبب) اُلٹ جائیں گے اور آنکھیں (اوپر چڑھ جائیں گی) ڈرتے ہیں۔ تاکہ اللہ ان کو ان

الصَّلٰوةَ وَاٰتَوُا الزَّكٰوةَ فَخَلُّوْا سَبِيْلَهُمْ ۚ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝

۱۸۔ فَاِنْ تَابُوْا وَاَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتَوُا الزَّكٰوةَ فَاِخْوَانُكُمْ فِي الدِّيْنِ ۚ وَنُفَصِّلُ الْاٰيٰتِ لِقَوْمٍ يَّعْلَمُوْنَ ۝

۱۹۔ وَوَيْلٌ لِّلْمُشْرِكِيْنَ ۝ الَّذِيْنَ لَا يُؤْتُوْنَ الزَّكٰوةَ وَهُمْ بِالْاٰخِرَةِ هُمْ كٰفِرُوْنَ ۝

۲۰۔ اَلَمْ يَعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ هُوَ يَقْبَلُ التَّوْبَةَ عَنْ عِبَادِهٖ وَيَاْخُذُ الصَّدَقٰتِ وَاَنَّ اللّٰهَ هُوَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ ۝

۲۱۔ وَمَآ اٰتَيْتُمْ مِّنْ زَكٰوةٍ تُرِيْدُوْنَ وَجْهَ اللّٰهِ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُضْعِفُوْنَ ۝

۲۲۔ قَدْ اَفْلَحَ الْمُؤْمِنُوْنَ ۝ الَّذِيْنَ هُمْ فِيْ صَلَاتِهِمْ خٰشِعُوْنَ ۝ وَالَّذِيْنَ هُمْ عَنِ اللَّغْوِ مُعْرِضُوْنَ ۝ وَالَّذِيْنَ هُمْ لِلزَّكٰوةِ فٰعِلُوْنَ ۝

۲۳۔ الٓمّٓ ۝ تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ الْحَكِيْمِ ۝ هُدًى وَّرَحْمَةً لِّلْمُحْسِنِيْنَ ۝ الَّذِيْنَ يُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَيُؤْتُوْنَ الزَّكٰوةَ وَهُمْ بِالْاٰخِرَةِ هُمْ يُوْقِنُوْنَ ۝

۲۴۔ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْوٰرِثُوْنَ ۝ الَّذِيْنَ يَرِثُوْنَ الْفِرْدَوْسَ ۚ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ۝

۲۵۔ رِجَالٌ ۙ لَّا تُلْهِيْهِمْ تِجَارَةٌ وَّلَا بَيْعٌ عَنْ ذِكْرِ اللّٰهِ وَاِقَامِ الصَّلٰوةِ وَاِيْتَآءِ الزَّكٰوةِ ۙ يَخَافُوْنَ يَوْمًا تَتَقَلَّبُ فِيْهِ الْقُلُوْبُ وَالْاَبْصَارُ ۝

کے عملوں کا بہت اچھا بدلہ دے اور اپنے فضل سے زیادہ بھی عطا کرے۔ اور اللہ جس کو چاہتا ہے بے شمار رزق دیتا ہے۔

-النور ۲۴: ۳۷-۳۸

لِيَجْزِيَهُمُ اللّٰهُ اَحْسَنَ مَا عَمِلُوْا وَيَزِيْدَهُمْ مِّنْ فَضْلِهٖ ؕ وَاللّٰهُ يَرْزُقُ مَنْ يَّشَآءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ ۝

۲۶۔ جو لوگ اللہ کی کتاب پڑھتے اور نماز کی پابندی کرتے ہیں اور جو کچھ ہم نے ان کو دیا ہے اس میں سے پوشیدہ اور ظاہر خرچ کرتے ہیں وہ اُس تجارت (کے فائدے) کے امیدوار ہیں جو کبھی تباہ نہیں ہوگی۔ کیونکہ اللہ اُن کو پورا پورا بدلہ دے گا اور اپنے فضل سے کچھ زیادہ بھی دے گا۔ وہ تو بخشنے والا (اور) قدردان ہے۔

-فاطر ۳۵: ۲۹-۳۰

۲۶۔ اِنَّ الَّذِيْنَ يَتْلُوْنَ كِتٰبَ اللّٰهِ وَاَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَاَنْفَقُوْا مِمَّا رَزَقْنٰهُمْ سِرًّا وَّعَلَانِيَةً يَّرْجُوْنَ تِجَارَةً لَّنْ تَبُوْرَ ۝ لِيُوَفِّيَهُمْ اُجُوْرَهُمْ وَيَزِيْدَهُمْ مِّنْ فَضْلِهٖ ؕ اِنَّهٗ غَفُوْرٌ شَكُوْرٌ ۝

۲۲۔ زکوٰۃ دینے والوں کو اجرِ عظیم

۲۷۔ مگر جو لوگ ان میں سے علم میں پکے ہیں اور جو مومن ہیں وہ اس (کتاب) پر جو تم پر نازل ہوئی اور جو (کتابیں) تم سے پہلے نازل ہوئیں (سب پر) ایمان رکھتے ہیں اور نماز پڑھتے ہیں اور زکوٰۃ دیتے ہیں اور اللہ اور روزِ آخرت کو مانتے ہیں۔ ان کو ہم عنقریب اجرِ عظیم دیں گے۔

-النساء ۴: ۱۶۲

۲۷۔ لٰكِنِ الرّٰسِخُوْنَ فِى الْعِلْمِ مِنْهُمْ وَالْمُؤْمِنُوْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِمَاۤ اُنْزِلَ اِلَيْكَ وَمَاۤ اُنْزِلَ مِنْ قَبْلِكَ وَالْمُقِيْمِيْنَ الصَّلٰوةَ وَالْمُؤْتُوْنَ الزَّكٰوةَ وَالْمُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ ؕ اُولٰۤئِكَ سَنُؤْتِيْهِمْ اَجْرًا عَظِيْمًا ۝

۲۳۔ زکوٰۃ دینے والے بے خوف و بے غم ہیں

۲۸۔ جو لوگ اپنا مال رات اور دن اور پوشیدہ اور ظاہر (اللہ کی راہ میں) خرچ کرتے رہتے ہیں ان کا صلہ پروردگار کے پاس ہے اور ان کو (قیامت کے دن) نہ کسی طرح کا خوف ہوگا اور نہ غم۔

-البقرہ ۲: ۲۷۴

۲۸۔ اَلَّذِيْنَ يُنْفِقُوْنَ اَمْوَالَهُمْ بِالَّيْلِ وَالنَّهَارِ سِرًّا وَّعَلَانِيَةً فَلَهُمْ اَجْرُهُمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ ۚ وَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ۝

۲۹۔ خُذْ مِنْ اَمْوَالِهِمْ صَدَقَةً تُطَهِّرُهُمْ وَتُزَكِّيْهِمْ بِهَا وَصَلِّ عَلَيْهِمْ ؕ اِنَّ صَلٰوتَكَ سَكَنٌ لَّهُمْ ؕ

۲۴۔ زکوٰۃ دینے والوں کے لیے آنحضرت ﷺ کو دعا دینے کا حکم

۲۹۔ ان کے مالوں سے خیرات لے کہ وہ ان کو پاک و صاف کرے اور اُن کے لیے دعا کر کہ تیری دعا ان کے لیے تسلی کا باعث ہے۔

-التوبہ ۹: ۱۰۳

۳۰۔ يَسْئَلُوْنَكَ مَاذَا يُنْفِقُوْنَ ؕ قُلْ مَاۤ اَنْفَقْتُمْ مِّنْ خَيْرٍ فَلِلْوَالِدَيْنِ وَالْاَقْرَبِيْنَ وَالْيَتٰمٰى وَالْمَسٰكِيْنِ وَابْنِ السَّبِيْلِ ؕ

۲۵۔ زکوٰۃ کن لوگوں کا حق ہے

۳۰۔ تجھ سے پوچھتے ہیں کہ کیا خرچ کریں کہہ دے کہ جو مال بھی تم خرچ کرو تو ماں باپ کے لیے اور رشتہ داروں کے لیے اور یتیموں اور مسکینوں اور مسافروں کے لیے۔

-البقرہ ۲: ۲۱۵

۳۱۔ لِلْفُقَرَآءِ الَّذِيْنَ اُحْصِرُوْا فِىْ سَبِيْلِ اللّٰهِ لَا يَسْتَطِيْعُوْنَ ضَرْبًا فِى الْاَرْضِ يَحْسَبُهُمُ الْجَاهِلُ اَغْنِيَآءَ مِنَ التَّعَفُّفِ ۚ تَعْرِفُهُمْ

۳۱۔ زکوٰۃ ان فقیروں کا حق ہے جو اللہ کی راہ میں رک گئے ہیں، ملک

میں چل پھر نہیں سکتے، سوال سے بچنے کی وجہ سے انجان انہیں مال دار خیال کرتے ہیں تو انہیں ان کی علامت سے پہچان لیتا ہے وہ چمٹ کر لوگوں سے نہیں مانگتے۔

-البقرۃ ۲: ۲۷۳-

۳۲-خیرات تو بس فقیروں کا حق ہے اور مسکینوں کا اور اُن کا جو اس کے وصول کرنے والے ہیں اور اُن کا جن کے دل پرچائے گئے ہیں اور گردنوں کے چھڑانے میں خرچ کی جائے اور جن پر قرض ہو اور اللہ کی راہ میں (جہاد) میں اور مسافروں کا حق ہے۔ یہ اللہ کی طرف سے ٹھہرایا ہوا ہے اور اللہ علم و حکمت والا ہے۔

-التوبۃ ۹: ۶۰-

۲۶- زکوٰۃ پر کفار کا اعتراض

۳۳-اللہ نے ان کا قول سن لیا جنہوں نے کہا کہ اللہ محتاج ہے اور ہم مال دار ہیں۔ تو جو انہوں نے کہا ہم اُس کو لکھ لیتے ہیں اور اُن کے نبیوں کو ناحق قتل کرنے کو بھی اور ہم کہیں گے کہ جلن کا عذاب چکھو۔ یہ اُس کے عوض ہے جو تمہارے ہاتھوں نے آگے بھیجا ہے۔

-آل عمران ۳: ۱۸۱-۱۸۲-

۲۷- زکوٰۃ کے بارے میں منافقوں کا آنحضرت ﷺ کو عیب لگانا

۳۴-اور اُن میں سے بعض تجھ پر خیرات کے بارے میں عیب لگاتے ہیں اگر اُنہیں دے دیا جاتا ہے تو راضی ہو جاتے ہیں اگر اُن میں سے اُنہیں نہیں دیا جاتا تو فوراً ہی بگڑ بیٹھتے ہیں اور اگر وہ اس پر راضی ہو جاتے جو اللہ اور اُس کے رسول نے انہیں دیا تھا اور کہتے کہ اللہ ہم کو کافی ہے اور ہمیں اللہ اپنے فضل سے اور اُس کا رسول پھر دے گا ہم تو اللہ کی طرف راغب ہیں (تو اُن کے حق میں بہتر ہوتا)۔

-التوبۃ ۹: ۵۸-۵۹-

بِسِيْمٰهُمْ ۚ لَا يَسْـَٔلُوْنَ النَّاسَ اِلْحَافًا ؕ

۳۲- اِنَّمَا الصَّدَقٰتُ لِلْفُقَرَآءِ وَالْمَسٰكِيْنِ وَالْعٰمِلِيْنَ عَلَيْهَا وَالْمُؤَلَّفَةِ قُلُوْبُهُمْ وَفِي الرِّقَابِ وَالْغٰرِمِيْنَ وَفِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَابْنِ السَّبِيْلِ ؕ فَرِيْضَةً مِّنَ اللّٰهِ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ۝

۳۳- لَقَدْ سَمِعَ اللّٰهُ قَوْلَ الَّذِيْنَ قَالُوْٓا اِنَّ اللّٰهَ فَقِيْرٌ وَّنَحْنُ اَغْنِيَآءُ ۘ سَنَكْتُبُ مَا قَالُوْا وَقَتْلَهُمُ الْاَنْۢبِيَآءَ بِغَيْرِ حَقٍّ ۙ وَّنَقُوْلُ ذُوْقُوْا عَذَابَ الْحَرِيْقِ ۝ ذٰلِكَ بِمَا قَدَّمَتْ اَيْدِيْكُمْ

۳۴- وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّلْمِزُكَ فِي الصَّدَقٰتِ ۚ فَاِنْ اُعْطُوْا مِنْهَا رَضُوْا وَاِنْ لَّمْ يُعْطَوْا مِنْهَآ اِذَا هُمْ يَسْخَطُوْنَ ۝ وَلَوْ اَنَّهُمْ رَضُوْا مَآ اٰتٰىهُمُ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ ۙ وَقَالُوْا حَسْبُنَا اللّٰهُ سَيُؤْتِيْنَا اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ وَرَسُوْلُهٗٓ ۙ اِنَّآ اِلَى اللّٰهِ رٰغِبُوْنَ ۝

۱- قَوْلٌ مَّعْرُوْفٌ وَّمَغْفِرَةٌ خَيْرٌ مِّنْ صَدَقَةٍ يَّتْبَعُهَآ اَذًى ؕ

۲- يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تُبْطِلُوْا صَدَقٰتِكُمْ بِالْمَنِّ وَالْاَذٰى ۙ كَالَّذِيْ يُنْفِقُ مَالَهٗ رِئَآءَ النَّاسِ وَلَا يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ ؕ

صدقات

۱- صدقہ دے کر احسان جتانا نہیں چاہیے

۱-پسندیدہ بات کہنا اور معاف کر دینا اُس خیرات سے بہتر ہے جس کے پیچھے ایذا رسانی ہو۔

-البقرۃ ۲: ۲۶۳-

۲- احسان جتا کر صدقات کا اجر باطل نہ کرو

۲-مسلمانو اپنی خیرات کو (مسکینوں پر) احسان رکھ اور (اُن کو) تکلیف دے کر اکارت نہ کرو اُس شخص کی طرح جو اپنا مال لوگوں کو دکھلانے کے لیے خرچ کرتا ہے اور اللہ اور قیامت پر ایمان نہیں لاتا۔

-البقرۃ ۲: ۲۶۴-

۳۔ صدقہ دینا بہتر ہے

۳۔اور یہ بات کہ تم خیرات کرو تمہارے حق میں بہتر ہے اگر تم جانتے ہو۔

-البقرۃ ۲: ۲۸۰-

۴۔ صدقہ ظاہر کر کے اور چھپا کر دونوں طرح دینا اچھا ہے

۴۔اگر تم خیرات ظاہر کر کے دو تو اچھی بات ہے۔ اور اگر تم اس کو چھپاؤ اور فقیروں کو دو تو وہ بھی تمہارے حق میں اور بھی بہتر ہے اور اللہ تم سے تمہارے گناہ دور کر دے گا۔

-البقرۃ ۲: ۲۷۱-

۵۔ صدقہ دینے والوں کو اللہ جزا دے گا

۵۔بے شک اللہ خیرات کرنے والوں کو جزا دیتا ہے۔

-یوسف ۱۲: ۸۸-

۶۔ صدقہ دینے والوں کو عزت کا اجر ملے گا

۶۔بے شک خیرات کرانے والے مرد اور خیرات کرنے والی عورتیں اور جنہوں نے قرضِ حسنہ دیا اُن کو دونا دیا جائے گا اور اُن کے لیے عزت کا اجر ہے۔

-الحدید ۵۷: ۱۸-

۷۔ صدقاتِ نافلہ کے مستحقین

۷۔اور اُس نے مال کو باوجود اُس کی محبت کے رشتہ داروں اور یتیموں اور محتاجوں اور مسافروں اور مانگنے والوں کو اور (نیز) گردنوں کے چھڑانے میں دیا۔

-البقرۃ ۲: ۱۷۷-

۸۔پس تو رشتہ دار کو اُس کا حق دے اور محتاج اور مسافر کو بھی یہ اُن لوگوں کے حق میں بہتر ہے جو اللہ کی ذات چاہتے ہیں اور وہی لوگ فلاح پانے والے ہیں۔

-الروم ۳۰: ۳۸-

۳۔وَاَنْ تَصَدَّقُوْا خَيْرٌ لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿۲۸۰﴾

۴۔اِنْ تُبْدُوا الصَّدَقٰتِ فَنِعِمَّا هِيَ ۚ وَاِنْ تُخْفُوْهَا وَتُؤْتُوْهَا الْفُقَرَآءَ فَهُوَ خَيْرٌ لَّكُمْ ۭ وَيُكَفِّرُ عَنْكُمْ مِّنْ سَيِّاٰتِكُمْ ۭ

۵۔اِنَّ اللّٰهَ يَجْزِي الْمُتَصَدِّقِيْنَ ﴿۸۸﴾

۶۔اِنَّ الْمُصَّدِّقِيْنَ وَالْمُصَّدِّقٰتِ وَاَقْرَضُوا اللّٰهَ قَرْضًا حَسَنًا يُّضٰعَفُ لَهُمْ وَلَهُمْ اَجْرٌ كَرِيْمٌ ﴿۱۸﴾

۷۔وَاٰتَى الْمَالَ عَلٰي حُبِّهٖ ذَوِي الْقُرْبٰى وَالْيَتٰمٰى وَالْمَسٰكِيْنَ وَابْنَ السَّبِيْلِ ۙ وَالسَّاۗىِٕلِيْنَ وَفِي الرِّقَابِ ۚ

۸۔فَاٰتِ ذَا الْقُرْبٰى حَقَّهٗ وَالْمِسْكِيْنَ وَابْنَ السَّبِيْلِ ۭ ذٰلِكَ خَيْرٌ لِّلَّذِيْنَ يُرِيْدُوْنَ وَجْهَ اللّٰهِ ۡ وَاُولٰۗىِٕكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ﴿۳۸﴾

۹۔وَفِيْٓ اَمْوَالِهِمْ حَقٌّ لِّلسَّاۗىِٕلِ وَالْمَحْرُوْمِ ﴿۱۹﴾

۱۰۔لِّلسَّاۗىِٕلِ وَالْمَحْرُوْمِ ﴿۲۵﴾

۱۱۔وَاَنْفِقُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَلَا تُلْقُوْا بِاَيْدِيْكُمْ اِلَى التَّهْلُكَةِ ۚ

۱۲۔وَاَنْفِقُوْا مِمَّا جَعَلَكُمْ مُّسْتَخْلَفِيْنَ فِيْهِ ۭ

۱۳۔وَمَا لَكُمْ اَلَّا تُنْفِقُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَلِلّٰهِ مِيْرَاثُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ

۹۔اور اُن کے مالوں میں مانگنے والوں اور تنگ دستوں کا حق ہے۔

-الذّریٰت ۵۱: ۱۹-

۱۰۔مانگنے والے اور تنگ دست کا (اُن کے مالوں میں حق ہے)

-المعارج ۷۰: ۲۵-

۸۔ اللہ کی راہ میں خرچ کرنے کا حکم

۱۱۔اور اللہ کی راہ میں خرچ کرو اور اپنے ہاتھوں (سے اپنے آپ) کو ہلاکت میں نہ ڈالو۔

-البقرۃ ۲: ۱۹۵-

۱۲۔اور اُس (مال) میں سے خرچ کرو جس میں اُس نے تم کو جانشین کیا ہے۔

-الحدید ۵۷: ۷-

۱۳۔اور تمہارا کیا عذر ہے کہ تم اللہ کی راہ میں خرچ نہ کرو حالانکہ آسمانوں اور زمین کی میراث اللہ ہی کے لیے ہے۔تم میں وہ جس نے

فتح (مکہ) سے پہلے خرچ کیا اور (اللہ کی راہ میں) لڑا، برابر نہیں ہو سکتا (بلکہ) ایسے لوگ درجے میں ان لوگوں سے بہت بڑھ کر ہیں جنہوں نے (فتح کے) بعد میں خرچ کیا اور لڑے اور بھلائی کا وعدہ تو اللہ نے ہر ایک سے کیا ہے۔

-الحدید ۵۷:۱۰-

۱۴-اور خرچ کرو تمہارے لیے بہتر ہوگا۔

-التغابن ۶۴:۱۶-

۹- خرچ کرو موت سے پہلے

۱۵-مسلمانو! جو (مال) ہم نے تم کو دیا ہے اُس میں سے اس سے پہلے ہی خرچ کر لو کہ وہ دن آموجود ہو جس میں نہ بیع ہوگی اور نہ دوستی اور نہ شفاعت۔

-البقرۃ ۲:۲۵۴-

۱۰- خرچ کرو قیامت سے پہلے

۱۶-اور جو ہم نے تم کو دیا ہے اس میں سے اس سے پہلے ہی خرچ کر لو کہ تم سے کسی کے پاس موت آموجود ہو۔ پھر وہ کہنے لگے کہ اے میرے پروردگار! مجھے اور تھوڑی مدت تک مہلت کیوں نہیں دی کہ میں خیرات کرتا اور نیک بختوں میں ہوتا۔

-المنافقون ۶۳-۱۰-

۱۱- خرچ کرو حاجت سے زائد

۱۷-اور (اے نبی ﷺ! لوگ) تجھ سے پوچھتے ہیں کہ وہ کیا خرچ کریں کہہ دے کہ جو حاجت سے زائد ہو۔

-البقرۃ ۲:۲۱۹-

۱۲- اللہ کی راہ میں اپنی پاک کمائی میں سے خرچ کرو، ناپاک اور ناکارہ نہیں

۱۸-مسلمانو! ان پاک چیزوں سے جو تم نے کمائی ہیں اور اُن میں سے جو ہم نے تمہارے لیے زمین سے نکالی ہیں، خرچ کرو اور ناکارہ چیز کا ارادہ نہ کرو کہ اُس میں سے خرچ کرو حالانکہ تم خود اُس کے لینے والے نہیں ہو مگر یہ کہ تم اُس میں چشم پوشی کرو اور جان لو کہ اللہ بے پرواہ ہے، قابلِ تعریف۔

-البقرۃ ۲:۲۶۷-

۱۳- اللہ کی راہ میں خرچ کرنے والے ہدایت پر ہیں

۱۹-یہ کتاب ہے اس میں شک نہیں۔ ہدایت ہے متقیوں کے لیے جو بن دیکھے ایمان لاتے ہیں اور نماز کو قائم رکھتے ہیں اور جو ہم نے ان کو دیا ہے اس میں سے خرچ کرتے ہیں...... وہی اپنے پروردگار کی طرف سے ہدایت پر ہیں اور وہی (آخرت میں) فلاح پانے والے ہیں۔

-البقرۃ ۲:۲-۳-۵-

لَا يَسْتَوِي مِنْكُمْ مَنْ أَنْفَقَ مِنْ قَبْلِ الْفَتْحِ وَقَاتَلَ ۚ أُولَٰئِكَ أَعْظَمُ دَرَجَةً مِنَ الَّذِينَ أَنْفَقُوا مِنْ بَعْدُ وَقَاتَلُوا ۚ وَكُلًّا وَعَدَ اللَّهُ الْحُسْنَىٰ ۚ

۱۴-وَأَنْفِقُوا خَيْرًا لِأَنْفُسِكُمْ ۗ

۱۵-يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا أَنْفِقُوا مِمَّا رَزَقْنَاكُمْ مِنْ قَبْلِ أَنْ يَأْتِيَ يَوْمٌ لَا بَيْعٌ فِيهِ وَلَا خُلَّةٌ وَلَا شَفَاعَةٌ ۗ

۱۶-وَأَنْفِقُوا مِنْ مَا رَزَقْنَاكُمْ مِنْ قَبْلِ أَنْ يَأْتِيَ أَحَدَكُمُ الْمَوْتُ فَيَقُولَ رَبِّ لَوْلَا أَخَّرْتَنِي إِلَىٰ أَجَلٍ قَرِيبٍ فَأَصَّدَّقَ وَأَكُنْ مِنَ الصَّالِحِينَ ۝

۱۷-وَيَسْأَلُونَكَ مَاذَا يُنْفِقُونَ ۖ قُلِ الْعَفْوَ ۗ

۱۸-يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا أَنْفِقُوا مِنْ طَيِّبَاتِ مَا كَسَبْتُمْ وَمِمَّا أَخْرَجْنَا لَكُمْ مِنَ الْأَرْضِ ۖ وَلَا تَيَمَّمُوا الْخَبِيثَ مِنْهُ تُنْفِقُونَ وَلَسْتُمْ بِآخِذِيهِ إِلَّا أَنْ تُغْمِضُوا فِيهِ ۚ وَاعْلَمُوا أَنَّ اللَّهَ غَنِيٌّ حَمِيدٌ ۝

۱۹-ذَٰلِكَ الْكِتَابُ لَا رَيْبَ ۛ فِيهِ ۛ هُدًى لِلْمُتَّقِينَ ۝ الَّذِينَ يُؤْمِنُونَ بِالْغَيْبِ وَيُقِيمُونَ الصَّلَاةَ وَمِمَّا رَزَقْنَاهُمْ يُنْفِقُونَ ۝ ...... أُولَٰئِكَ عَلَىٰ هُدًى مِنْ رَبِّهِمْ ۖ وَأُولَٰئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُونَ ۝

۸۔ ان لوگوں سے لڑو جو نہ اللہ پر ایمان رکھتے ہیں اور

۳۔ يَا أَيُّهَا النَّبِيُّ حَرِّضِ الْمُؤْمِنِينَ عَلَى الْقِتَالِ ۚ إِن يَكُن مِّنكُمْ عِشْرُونَ صَابِرُونَ يَغْلِبُوا مِائَتَيْنِ ۚ وَإِن يَكُن مِّنكُم مِّائَةٌ يَغْلِبُوا أَلْفًا مِّنَ الَّذِينَ كَفَرُوا بِأَنَّهُمْ قَوْمٌ لَّا يَفْقَهُونَ ﴿٦٥﴾ الْآنَ خَفَّفَ اللَّهُ عَنكُمْ وَعَلِمَ أَنَّ فِيكُمْ ضَعْفًا ۚ فَإِن يَكُن مِّنكُم مِّائَةٌ صَابِرَةٌ يَغْلِبُوا مِائَتَيْنِ ۚ وَإِن يَكُن مِّنكُمْ أَلْفٌ يَغْلِبُوا أَلْفَيْنِ بِإِذْنِ اللَّهِ ۗ وَاللَّهُ مَعَ الصَّابِرِينَ ﴿٦٦﴾

۴۔ يَا أَيُّهَا النَّبِيُّ جَاهِدِ الْكُفَّارَ وَالْمُنَافِقِينَ وَاغْلُظْ عَلَيْهِمْ ۚ وَمَأْوَاهُمْ جَهَنَّمُ ۖ وَبِئْسَ الْمَصِيرُ ﴿٧٣﴾

۵۔ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا قَاتِلُوا الَّذِينَ يَلُونَكُم مِّنَ الْكُفَّارِ وَلْيَجِدُوا فِيكُمْ غِلْظَةً ۚ وَاعْلَمُوا أَنَّ اللَّهَ مَعَ الْمُتَّقِينَ ﴿١٢٣﴾

۶۔ فَلَا تُطِعِ الْكَافِرِينَ وَجَاهِدْهُم بِهِ جِهَادًا كَبِيرًا ﴿٥٢﴾

۷۔ فَإِذَا لَقِيتُمُ الَّذِينَ كَفَرُوا فَضَرْبَ الرِّقَابِ

۸۔ قَاتِلُوا الَّذِينَ لَا يُؤْمِنُونَ بِاللَّهِ وَلَا بِالْيَوْمِ الْآخِرِ وَلَا يُحَرِّمُونَ مَا حَرَّمَ اللَّهُ وَرَسُولُهُ وَلَا يَدِينُونَ دِينَ الْحَقِّ مِنَ الَّذِينَ أُوتُوا الْكِتَابَ حَتَّىٰ يُعْطُوا الْجِزْيَةَ عَن يَدٍ وَهُمْ صَاغِرُونَ ﴿٢٩﴾

۹۔ فَلْيُقَاتِلْ فِي سَبِيلِ اللَّهِ الَّذِينَ يَشْرُونَ الْحَيَاةَ الدُّنْيَا بِالْآخِرَةِ ۚ وَمَن يُقَاتِلْ فِي سَبِيلِ اللَّهِ فَيُقْتَلْ أَوْ يَغْلِبْ فَسَوْفَ نُؤْتِيهِ أَجْرًا

نہ قیامت پر اور نہ ان باتوں کو حرام جانتے ہیں جو اللہ اور اس کے رسول نے حرام کی ہیں اور نہ دینِ حق کو مانتے ہیں (اور وہ) اہلِ کتاب میں سے (ہیں) یہاں تک کہ وہ (اپنے) ہاتھ سے جزیہ دیں اور وہ ذلیل ہوں۔

۔التوبہ ۹: ۲۹۔

۴۔ جب کافر مسلمان کے بچوں اور عورتوں کو دکھ پہنچائیں تو ان سے لڑنا چاہیے

۹۔ پس وہ لوگ اللہ کی راہ میں لڑیں جو دنیا کی زندگی آخرت کے بدلے بیچتے ہیں اور جو اللہ کی راہ میں لڑے گا پھر وہ مارا جائے یا غالب آئے تو ہم اس کو بڑا (بھاری) ثواب دیں گے اور تمہیں کیا ہوا کہ تم نہیں لڑتے اللہ کی راہ میں اور کمزور مردوں اور عورتوں اور

بچوں کی حمایت میں جو کہہ رہے ہیں کہ اے ہمارے پروردگار! ہم کو اس بستی سے نکال جس کے باشندے ظالم ہیں اور ہمارے لیے اپنی طرف سے کوئی حمایتی پیدا کر اور ہمارے لیے اپنی طرف سے کوئی مددگار پیدا کر۔ جو لوگ ایمان لائے ہیں اللہ کی راہ میں لڑتے ہیں اور جنہوں نے کفر کیا وہ شیطان کی راہ میں لڑتے ہیں۔ پس تم شیطان کے دوستوں سے لڑو۔ بے شک شیطان کا داؤ کمزور ہے۔

۔النساء ۴: ۷۴۔۷۶۔

۵۔ کافروں کا خوف دور کرنے کو لڑنا

۱۰۔ پس اللہ کی راہ میں لڑ۔ تجھ کو صرف تیری جان ہی کی تکلیف دی جاتی ہے اور مسلمانوں کو اُبھار۔ امید ہے کہ اللہ کافروں کی لڑائی بند کر دے اور اللہ بہت سخت ہے لڑائی میں اور بہت سخت ہے عذاب دینے میں۔

۔النساء ۴: ۸۴۔

۶۔ عہد شکن اور دغاباز لوگوں سے لڑنے کا حکم

۱۱۔ وہ لوگ جن سے تو نے عہد کیا ہے پھر وہ ہر دفعہ اپنا عہد توڑ دیتے ہیں اور وہ ڈرتے نہیں۔ پس اگر تو اُن کو لڑائی میں پائے تو ان کو مار کر ان لوگوں کو متفرق کر دے جو ان کے پیچھے ہیں تاکہ وہ نصیحت پکڑیں۔

۔الانفال ۸: ۵۶۔۵۷۔

عَظِيمًا ﴿٧٤﴾ وَمَا لَكُمْ لَا تُقَاتِلُونَ فِي سَبِيلِ اللَّهِ وَالْمُسْتَضْعَفِينَ مِنَ الرِّجَالِ وَالنِّسَاءِ وَالْوِلْدَانِ الَّذِينَ يَقُولُونَ رَبَّنَا أَخْرِجْنَا مِنْ هَٰذِهِ الْقَرْيَةِ الظَّالِمِ أَهْلُهَا وَاجْعَلْ لَنَا مِنْ لَدُنْكَ وَلِيًّا وَاجْعَلْ لَنَا مِنْ لَدُنْكَ نَصِيرًا ﴿٧٥﴾ الَّذِينَ آمَنُوا يُقَاتِلُونَ فِي سَبِيلِ اللَّهِ ۖ وَالَّذِينَ كَفَرُوا يُقَاتِلُونَ فِي سَبِيلِ الطَّاغُوتِ فَقَاتِلُوا أَوْلِيَاءَ الشَّيْطَانِ ۖ إِنَّ كَيْدَ الشَّيْطَانِ كَانَ ضَعِيفًا ﴿٧٦﴾

۱۰۔ فَقَاتِلْ فِي سَبِيلِ اللَّهِ لَا تُكَلَّفُ إِلَّا نَفْسَكَ ۚ وَحَرِّضِ الْمُؤْمِنِينَ ۖ عَسَى اللَّهُ أَنْ يَكُفَّ بَأْسَ الَّذِينَ كَفَرُوا ۚ وَاللَّهُ أَشَدُّ بَأْسًا وَأَشَدُّ تَنْكِيلًا ﴿٨٤﴾

۱۱۔ الَّذِينَ عَاهَدْتَ مِنْهُمْ ثُمَّ يَنْقُضُونَ عَهْدَهُمْ فِي كُلِّ مَرَّةٍ وَهُمْ لَا يَتَّقُونَ ﴿٥٦﴾ فَإِمَّا تَثْقَفَنَّهُمْ فِي الْحَرْبِ فَشَرِّدْ بِهِمْ مَنْ خَلْفَهُمْ لَعَلَّهُمْ يَذَّكَّرُونَ ﴿٥٧﴾

۱۲۔ بَرَاءَةٌ مِنَ اللَّهِ وَرَسُولِهِ إِلَى الَّذِينَ عَاهَدْتُمْ مِنَ الْمُشْرِكِينَ ﴿١﴾

۱۳۔ فَسِيحُوا فِي الْأَرْضِ أَرْبَعَةَ أَشْهُرٍ وَاعْلَمُوا أَنَّكُمْ غَيْرُ مُعْجِزِي اللَّهِ ۙ وَأَنَّ اللَّهَ مُخْزِي الْكَافِرِينَ ﴿٢﴾ وَأَذَانٌ مِنَ اللَّهِ وَرَسُولِهِ إِلَى النَّاسِ يَوْمَ الْحَجِّ الْأَكْبَرِ أَنَّ اللَّهَ بَرِيءٌ مِنَ الْمُشْرِكِينَ ۙ وَرَسُولُهُ ۚ فَإِنْ تُبْتُمْ فَهُوَ خَيْرٌ لَكُمْ ۖ وَإِنْ تَوَلَّيْتُمْ فَاعْلَمُوا أَنَّكُمْ غَيْرُ مُعْجِزِي اللَّهِ ۗ وَبَشِّرِ الَّذِينَ

۱۲۔ اللہ اور اس کے رسول کی طرف سے بیزاری (کا اعلان) ہے ان مشرکوں کی طرف جن سے تم نے عہد کیا ہے۔

۔التوبۃ ۹: ۱۔

۱۳۔ سو (اے مشرکو!) ملک میں چار مہینے تک (امن سے) پھرو اور جان لو کہ تم اللہ کو عاجز کرنے والے نہیں ہو اور اللہ کافروں کو خوار کرنے والا ہے۔ اور اللہ اور اس کے رسول کی طرف سے حج اکبر کے دن لوگوں کی طرف اعلان ہے کہ اللہ اور اس کا رسول مشرکوں سے بیزار ہے۔ پس اگر تم توبہ کرو تو وہ تمہارے حق میں بہتر ہے اور اگر تم

روگردانی کروتو جان لو کہ تم اللہ کو عاجز کرنے والے
نہیں ہو۔ اور جنہوں نے کفر کیا اُن کو دردناک عذاب کی
بشارت ہے۔ مگر جن مشرکوں سے تم نے عہد کیا تھا پھر
انہوں نے تم سے (عہد نباہنے میں) کچھ کمی نہیں اور
تمہارے مقابلے میں کسی کی مدد نہیں کی، ان سے ان کی
مدت تک ان کا عہد پورا کرو۔ بے شک اللہ پرہیزگاروں
کو دوست رکھتا ہے۔ پھر جب حرمت کے مہینے ختم ہو
جائیں تو مشرکوں کو جہاں پاؤ قتل کرو۔ اور ان کو پکڑو اور
ان کا محاصرہ کرو اور ان کے لیے ہر ایک گھات کی جگہ میں
بیٹھو۔ پھر اگر وہ توبہ کریں اور نماز پڑھیں اور زکوٰۃ دیں تو
ان کی راہ چھوڑ دو۔ بے شک اللہ بخشنے والا، مہربان ہے۔
اور اگر مشرکوں میں سے کوئی تجھ سے پناہ مانگے تو اسے پناہ
دے یہاں تک کہ وہ اللہ کا کلام سن لے پھر اسے اس کے
امن کی جگہ پہنچا دے۔ یہ اس لیے کہ وہ ایسے لوگ ہیں جو
جانتے نہیں۔ اللہ کے نزدیک اور اس کے رسول کے
نزدیک مشرکین کے لیے عہد کیونکر ہوسکتا ہے سوائے ان
کے جن سے تم نے مسجد الحرام کے پاس عہد کیا تھا۔ تو
جب تک وہ تمہارے لیے اپنے عہد پر قائم رہیں تم اُن
کے لیے قائم رہو۔ بے شک اللہ پرہیزگاروں کو دوست
رکھتا ہے۔ مشرکوں کے لیے عہد کیونکر ہو حالانکہ اگر وہ تم پر
غالب آئیں تو تمہارے حق میں نہ رشتے کا لحاظ کریں اور
نہ عہد کا۔ تم کو اپنے منہ کی باتوں سے خوش کرتے ہیں، اور
ان کے دل قبول نہیں کرتے اور اکثر ان میں بدکار ہیں۔
انہوں نے اللہ کی آیتوں کے بدلے تھوڑی قیمت مول لی
پھر (لوگوں کو) اس کی راہ سے روکا۔ بے شک وہ کام برا
ہے جو وہ کرتے ہیں۔ کسی مسلمان کے حق میں نہ رشتے کا
لحاظ رکھتے ہیں اور نہ عہد کا اور وہی حد سے باہر نکلنے والے

كَفَرُوْا بِعَذَابٍ اَلِيْمٍ ۙ﴿۳﴾ اِلَّا الَّذِيْنَ عٰهَدْتُّمْ مِّنَ الْمُشْرِكِيْنَ ثُمَّ لَمْ
يَنْقُصُوْكُمْ شَيْـًٔا وَّلَمْ يُظَاهِرُوْا عَلَيْكُمْ اَحَدًا فَاَتِمُّوْٓا اِلَيْهِمْ عَهْدَهُمْ اِلٰى
مُدَّتِهِمْ ۭ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُتَّقِيْنَ ﴿۴﴾ فَاِذَا انْسَلَخَ الْاَشْهُرُ الْحُرُمُ فَاقْتُلُوا
الْمُشْرِكِيْنَ حَيْثُ وَجَدْتُّمُوْهُمْ وَخُذُوْهُمْ وَاحْصُرُوْهُمْ وَاقْعُدُوْا لَهُمْ
كُلَّ مَرْصَدٍ ۚ فَاِنْ تَابُوْا وَاَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتَوُا الزَّكٰوةَ فَخَلُّوْا سَبِيْلَهُمْ ۭ
اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۵﴾ وَاِنْ اَحَدٌ مِّنَ الْمُشْرِكِيْنَ اسْتَجَارَكَ فَاَجِرْهُ
حَتّٰى يَسْمَعَ كَلٰمَ اللّٰهِ ثُمَّ اَبْلِغْهُ مَاْمَنَهٗ ۭ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ قَوْمٌ لَّا يَعْلَمُوْنَ ﴿۶﴾
كَيْفَ يَكُوْنُ لِلْمُشْرِكِيْنَ عَهْدٌ عِنْدَ اللّٰهِ وَعِنْدَ رَسُوْلِهٖٓ اِلَّا الَّذِيْنَ
عٰهَدْتُّمْ عِنْدَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ ۚ فَمَا اسْتَقَامُوْا لَكُمْ فَاسْتَقِيْمُوْا لَهُمْ ۭ اِنَّ اللّٰهَ
يُحِبُّ الْمُتَّقِيْنَ ﴿۷﴾ كَيْفَ وَاِنْ يَّظْهَرُوْا عَلَيْكُمْ لَا يَرْقُبُوْا فِيْكُمْ اِلًّا وَّلَا
ذِمَّةً ۭ يُرْضُوْنَكُمْ بِاَفْوَاهِهِمْ وَتَاْبٰى قُلُوْبُهُمْ ۚ وَاَكْثَرُهُمْ فٰسِقُوْنَ ﴿۸﴾
اِشْتَرَوْا بِاٰيٰتِ اللّٰهِ ثَمَنًا قَلِيْلًا فَصَدُّوْا عَنْ سَبِيْلِهٖ ۭ اِنَّهُمْ سَاۗءَ مَا كَانُوْا
يَعْمَلُوْنَ ﴿۹﴾ لَا يَرْقُبُوْنَ فِيْ مُؤْمِنٍ اِلًّا وَّلَا ذِمَّةً ۭ وَاُولٰۗىِٕكَ هُمُ
الْمُعْتَدُوْنَ ﴿۱۰﴾ فَاِنْ تَابُوْا وَاَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتَوُا الزَّكٰوةَ فَاِخْوَانُكُمْ فِي
الدِّيْنِ ۭ وَنُفَصِّلُ الْاٰيٰتِ لِقَوْمٍ يَّعْلَمُوْنَ ﴿۱۱﴾ وَاِنْ نَّكَثُوْٓا اَيْمَانَهُمْ مِّنْۢ
بَعْدِ عَهْدِهِمْ وَطَعَنُوْا فِيْ دِيْنِكُمْ فَقَاتِلُوْٓا اَىِٕمَّةَ الْكُفْرِ ۙ اِنَّهُمْ لَآ اَيْمَانَ لَهُمْ

ہیں۔ سو اگر وہ توبہ کریں اور نماز پڑھیں اور زکوٰۃ دیں تو وہ دین میں
تمہارے بھائی ہیں اور ہم ان لوگوں کے لیے جو جانتے ہیں، مفصل
نشانیاں بیان کرتے ہیں۔ اور اگر وہ اپنے عہد کرنے کے بعد اپنی
قسموں کو توڑ ڈالیں اور تمہارے دین میں طعن کریں تو (اُن) کفر کے
پیشواؤں کو قتل کرو۔ بے شک ان کی قسمیں کچھ نہیں۔ شاید کہ وہ باز
رہیں۔ کیا تم ان لوگوں سے نہیں لڑو گے جنہوں نے اپنی قسمیں توڑ
ڈالیں اور رسول کے نکالنے کا قصد کیا اور انہیں نے تم سے پہلے (عہد
توڑنے کی) ابتدا کی۔ کیا تم ان سے ڈرتے ہو؟ سو اللہ کا زیادہ حق ہے
کہ تم اس سے ڈرو اگر تم ایمان دار ہو۔ ان سے لڑو اللہ تمہارے
ہاتھوں ان کو سزا دے گا اور ان کو ذلیل کرے گا اور ان پر تم کو فتح دے گا
اور مسلمانوں کے دلوں کو شفا دے گا اور ان کے دلوں کے غصّے کو دور کر
دے گا اور اللہ جس کی چاہے توبہ قبول کرے اور اللہ جاننے والا، حکمت

لَعَلَّهُمْ يَنْتَهُونَ ﴿١٢﴾ أَلَا تُقَاتِلُونَ قَوْمًا نَكَثُوا أَيْمَانَهُمْ وَهَمُّوا بِإِخْرَاجِ الرَّسُولِ وَهُمْ بَدَءُوكُمْ أَوَّلَ مَرَّةٍ ۚ أَتَخْشَوْنَهُمْ ۚ فَاللَّهُ أَحَقُّ أَنْ تَخْشَوْهُ إِنْ كُنْتُمْ مُؤْمِنِينَ ﴿١٣﴾ قَاتِلُوهُمْ يُعَذِّبْهُمُ اللَّهُ بِأَيْدِيكُمْ وَيُخْزِهِمْ وَيَنْصُرْكُمْ عَلَيْهِمْ وَيَشْفِ صُدُورَ قَوْمٍ مُؤْمِنِينَ ﴿١٤﴾ وَيُذْهِبْ غَيْظَ قُلُوبِهِمْ ۗ وَيَتُوبُ اللَّهُ عَلَىٰ مَنْ يَشَاءُ ۗ وَاللَّهُ عَلِيمٌ حَكِيمٌ ﴿١٥﴾ أَمْ حَسِبْتُمْ أَنْ تُتْرَكُوا وَلَمَّا يَعْلَمِ اللَّهُ الَّذِينَ جَاهَدُوا مِنْكُمْ وَلَمْ يَتَّخِذُوا مِنْ دُونِ اللَّهِ وَلَا رَسُولِهِ وَلَا الْمُؤْمِنِينَ وَلِيجَةً ۚ وَاللَّهُ خَبِيرٌ بِمَا تَعْمَلُونَ ﴿١٦﴾

۱۴۔ إِنَّ عِدَّةَ الشُّهُورِ عِنْدَ اللَّهِ اثْنَا عَشَرَ شَهْرًا فِي كِتَابِ اللَّهِ يَوْمَ خَلَقَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ مِنْهَا أَرْبَعَةٌ حُرُمٌ ۚ ذَٰلِكَ الدِّينُ الْقَيِّمُ ۚ فَلَا تَظْلِمُوا فِيهِنَّ أَنْفُسَكُمْ ۚ وَقَاتِلُوا الْمُشْرِكِينَ كَافَّةً كَمَا يُقَاتِلُونَكُمْ كَافَّةً ۚ وَاعْلَمُوا أَنَّ اللَّهَ مَعَ الْمُتَّقِينَ ﴿٣٦﴾

۱۵۔ يَسْأَلُونَكَ عَنِ الشَّهْرِ الْحَرَامِ قِتَالٍ فِيهِ ۖ قُلْ قِتَالٌ فِيهِ كَبِيرٌ ۖ وَصَدٌّ عَنْ سَبِيلِ اللَّهِ وَكُفْرٌ بِهِ وَالْمَسْجِدِ الْحَرَامِ وَإِخْرَاجُ أَهْلِهِ مِنْهُ أَكْبَرُ عِنْدَ اللَّهِ ۚ وَالْفِتْنَةُ أَكْبَرُ مِنَ الْقَتْلِ ۗ وَلَا يَزَالُونَ يُقَاتِلُونَكُمْ حَتَّىٰ يَرُدُّوكُمْ عَنْ دِينِكُمْ إِنِ اسْتَطَاعُوا ۚ

۱۶۔ وَقَاتِلُوا فِي سَبِيلِ اللَّهِ الَّذِينَ يُقَاتِلُونَكُمْ وَلَا تَعْتَدُوا ۚ إِنَّ اللَّهَ لَا

والا ہے۔ کیا تم نے یہ خیال کر رکھا ہے کہ تم یوں ہی چھوڑ دیے جاؤ گے؟ حالانکہ ابھی اللہ نے ان لوگوں کو متمیز نہیں کیا جنہوں نے تم میں سے جہاد کیا اور سوائے اللہ اور اس کے رسول اور مومنوں کے اور کسی کو اپنا راز دار دوست نہیں بنایا اور اللہ اس سے خبر دار ہے جو تم کرتے ہو۔

-التوبہ ۹: ۱۲-۱۶-

۱۴۔ بے شک مہینوں کی تعداد اللہ کے نزدیک اللہ کی کتاب میں جس دن اُس نے آسمانوں اور زمین کو پیدا کیا، بارہ مہینے قرار پا چکی ہے۔ ان میں سے چار مہینے حرمت کے ہیں۔ یہ صحیح دین ہے، تو تم ان (مہینوں) میں اپنی جانوں پر ظلم نہ کرو اور سب مشرکوں سے لڑو جیسا کہ وہ تم سب سے لڑتے ہیں اور جان لو کہ اللہ پرہیز گاروں کے ساتھ ہے۔

-التوبہ ۹: ۳۶-

۷۔ حرمت کے مہینوں میں لڑنا بڑا گناہ مگر فتنہ پھیلانا قتل سے بڑھ کر گناہ ہے

۱۵۔ (اے نبی ﷺ!) لوگ تجھ سے حرمت کے مہینوں میں لڑنے کی بابت پوچھتے ہیں۔ کہہ دے کہ ان میں لڑنا بڑا گناہ ہے، اور لوگوں کو اللہ کے رستے سے روکنا اور اس کا انکار کرنا اور مسجد الحرام سے روکنا اور اس کے لوگوں کو اس سے نکال دینا اللہ کے نزدیک اس سے بھی بڑا گناہ ہے اور فتنہ قتل سے بھی بڑھ کر (گناہ) ہے اور (مسلمانو!) وہ تو تم سے برابر لڑتے رہیں گے یہاں تک کہ اگر ان سے ہو سکے تو تم کو تمہارے دین سے پھیر دیں۔

-البقرۃ ۲: ۲۱۷-

۸۔ جو تم سے لڑیں تم ان سے لڑو۔ خود ابتدا نہ کرو

۱۶۔ اور اللہ کی راہ میں اُن سے لڑو جو تم سے لڑتے ہیں اور (اپنی طرف سے) زیادتی نہ کرو۔ بے شک اللہ حد سے باہر نکلنے والوں کو دوست

نہیں رکھتا۔

-البقرۃ ۲: ۱۹۰-

۹۔ لڑائی میں برابری ملحوظ رکھو اور جب تک فتنہ فرو نہ ہو برابر لڑتے رہو

۱۷۔اور ان کو جہاں پاؤ قتل کرو اور جہاں سے انہوں نے تم کو نکالا ہے تم ان کو نکالو اور فتنہ قتل سے بھی زیادہ سخت ہے اور ان سے مسجد الحرام کے پاس نہ لڑو جب تک وہ تم سے اس میں نہ لڑیں۔ پھر اگر وہ تم سے لڑیں تو انہیں قتل کرو۔ یہی کافروں کی سزا ہے اور اگر وہ باز رہیں تو بے شک اللہ بخشنے والا، مہربان ہے اور ان سے لڑتے رہو یہاں تک کہ فتنہ باقی نہ رہے اور دین اللہ کے لیے ہو جائے۔ پھر اگر وہ (لڑائی سے) باز رہیں تو زیادتی سوائے ظالموں کے کسی پر نہیں چاہیے۔ حرمت کا مہینہ حرمت کے مہینے کے بدلے ہے اور سب حرمت والی چیزیں ادلے کا بدلہ۔ سو جو تم پر زیادتی کرے تم بھی اس پر اس قدر زیادتی کرو جتنی زیادتی اس نے تم پر کی ہے اور اللہ سے ڈرو اور جان لو کہ اللہ پرہیز گاروں کے ساتھ ہے اور اللہ کی راہ میں خرچ کرو اور اپنے ہاتھوں ہلاکت میں نہ پڑو اور نیکوکاری کرو۔ بے شک اللہ نیکوکاروں کو دوست رکھتا ہے۔

-البقرۃ ۲: ۱۹۱-۱۹۵-

۱۸۔ اور ان سے لڑتے رہو یہاں تک کہ فتنہ باقی نہ رہے اور دین سارا اللہ کے لیے ہو جائے پھر اگر وہ باز آ جائیں تو بے شک اللہ ان کاموں کو جو وہ کرتے ہیں دیکھ رہا ہے۔ اور اگر وہ منہ موڑیں تو جان لو کہ اللہ تمہارا دوست ہے۔ وہ اچھا دوست ہے اور اچھا مددگار۔

-الانفال ۸: ۳۹-۴۰-

۱۰۔ لڑائی میں اپنا بچاؤ اپنے ساتھ

۱۹۔مسلمانو! اپنا بچاؤ اپنے ساتھ لیے رہو۔ پھر اللہ راہ میں دستے دستے کوچ کرو یا ایک ساتھ کوچ کرو۔

-النساء ۴: ۷۱-

۱۱۔ جہاد میں ثابت قدم رہو

۲۰۔مسلمانو! جب تم جماعت (کفار) کے مقابل ہو تو جمے رہو اور اللہ کو کثرت سے یاد کرو تا کہ تم فلاح پاؤ۔

-الانفال ۸: ۴۵-

يُحِبُّ الْمُعْتَدِيْنَ ۝

۱۷۔ وَاقْتُلُوْهُمْ حَيْثُ ثَقِفْتُمُوْهُمْ وَاَخْرِجُوْهُمْ مِّنْ حَيْثُ اَخْرَجُوْكُمْ وَالْفِتْنَةُ اَشَدُّ مِنَ الْقَتْلِ ۚ وَلَا تُقٰتِلُوْهُمْ عِنْدَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ حَتّٰى يُقٰتِلُوْكُمْ فِيْهِ ۚ فَاِنْ قٰتَلُوْكُمْ فَاقْتُلُوْهُمْ ۭ كَذٰلِكَ جَزَاۗءُ الْكٰفِرِيْنَ ۝ فَاِنِ انْتَهَوْا فَاِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝ وَقٰتِلُوْهُمْ حَتّٰى لَا تَكُوْنَ فِتْنَةٌ وَّيَكُوْنَ الدِّيْنُ لِلّٰهِ ۭ فَاِنِ انْتَهَوْا فَلَا عُدْوَانَ اِلَّا عَلَي الظّٰلِمِيْنَ ۝ اَلشَّهْرُ الْحَرَامُ بِالشَّهْرِ الْحَرَامِ وَالْحُرُمٰتُ قِصَاصٌ ۭ فَمَنِ اعْتَدٰى عَلَيْكُمْ فَاعْتَدُوْا عَلَيْهِ بِمِثْلِ مَا اعْتَدٰى عَلَيْكُمْ ۠ وَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ مَعَ الْمُتَّقِيْنَ ۝ وَاَنْفِقُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَلَا تُلْقُوْا بِاَيْدِيْكُمْ اِلَى التَّهْلُكَةِ ۛ وَاَحْسِنُوْا ۛ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُحْسِنِيْنَ ۝

۱۸۔ وَقَاتِلُوْهُمْ حَتّٰى لَا تَكُوْنَ فِتْنَةٌ وَّيَكُوْنَ الدِّيْنُ كُلُّهٗ لِلّٰهِ ۚ فَاِنِ انْتَهَوْا فَاِنَّ اللّٰهَ بِمَا يَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ۝ وَاِنْ تَوَلَّوْا فَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ مَوْلٰىكُمْ ۭ نِعْمَ الْمَوْلٰى وَنِعْمَ النَّصِيْرُ ۝

۱۹۔ يٰٓاَيُّھَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا خُذُوْا حِذْرَكُمْ فَانْفِرُوْا ثُبَاتٍ اَوِ انْفِرُوْا جَمِيْعًا ۝

۲۰۔ يٰٓاَيُّھَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِذَا لَقِيْتُمْ فِئَةً فَاثْبُتُوْا وَاذْكُرُوا اللّٰهَ كَثِيْرًا لَّعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ۝

۲۱۔ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِنْ تَنْصُرُوا اللّٰهَ يَنْصُرْكُمْ وَيُثَبِّتْ اَقْدَامَكُمْ ⑦
۲۲۔ فَلَا تَهِنُوْا وَتَدْعُوْٓا اِلَى السَّلْمِ ۖ وَاَنْتُمُ الْاَعْلَوْنَ ۖ وَاللّٰهُ مَعَكُمْ وَلَنْ يَّتِرَكُمْ اَعْمَالَكُمْ ㉟
۲۳۔ اِنَّمَا الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا لَعِبٌ وَّلَهْوٌ ۭ وَاِنْ تُؤْمِنُوْا وَتَتَّقُوْا يُؤْتِكُمْ اُجُوْرَكُمْ وَلَا يَسْــَٔـلْكُمْ اَمْوَالَكُمْ ㊱ اِنْ يَّسْــَٔـلْكُمُوْهَا فَيُحْفِكُمْ تَبْخَلُوْا وَيُخْرِجْ اَضْغَانَكُمْ ㊲ هٰٓاَنْتُمْ هٰٓؤُلَاۗءِ تُدْعَوْنَ لِتُنْفِقُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۚ فَمِنْكُمْ مَّنْ يَّبْخَلُ ۚ وَمَنْ يَّبْخَلْ فَاِنَّمَا يَبْخَلُ عَنْ نَّفْسِهٖ ۭ وَاللّٰهُ الْغَنِيُّ وَاَنْتُمُ الْفُقَرَاۗءُ ۚ وَاِنْ تَتَوَلَّوْا يَسْتَبْدِلْ قَوْمًا غَيْرَكُمْ ۙ ثُمَّ لَا يَكُوْنُوْٓا اَمْثَالَكُمْ ㊳
۲۴۔ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِذَا لَقِيْتُمُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا زَحْفًا فَلَا تُوَلُّوْهُمُ الْاَدْبَارَ ⑮
۲۵۔ وَمَنْ يُّوَلِّهِمْ يَوْمَىِٕذٍ دُبُرَهٗٓ اِلَّا مُتَحَرِّفًا لِّقِتَالٍ اَوْ مُتَحَيِّزًا اِلٰى فِئَةٍ فَقَدْ بَاۗءَ بِغَضَبٍ مِّنَ اللّٰهِ وَمَاْوٰىهُ جَهَنَّمُ ۭ وَبِئْسَ الْمَصِيْرُ ⑯
۲۶۔ وَاِنْ تَتَوَلَّوْا كَمَا تَوَلَّيْتُمْ مِّنْ قَبْلُ يُعَذِّبْكُمْ عَذَابًا اَلِيْمًا ⑯ ...... وَمَنْ يَّتَوَلَّ يُعَذِّبْهُ عَذَابًا اَلِيْمًا ⑰
۲۷۔ وَاَعِدُّوْا لَهُمْ مَّا اسْتَطَعْتُمْ مِّنْ قُوَّةٍ وَّمِنْ رِّبَاطِ الْخَيْلِ

۲۱۔ مسلمانو! اگر تم اللہ کی مدد کرو گے تو وہ تمہاری مدد کرے گا اور تمہارے پاؤں جمائے رکھے گا۔

۔محمد ۴۷:۷۔

۲۲۔ پس بودے نہ بنو اور صلح کی طرف نہ بلاؤ۔ تم ہی غالب رہو گے اور اللہ تمہارے ساتھ ہے اور وہ تمہارے عملوں کو ہرگز کم نہیں کرے گا۔

۔محمد ۴۷:۳۵۔

۱۲۔ جہاد میں خرچ کرنے کا حکم

۲۳۔ دنیا کی زندگی تو بس نرا کھیل اور دل بہلاؤ ہے اور اگر تم ایمان لاؤ اور ڈرو تو وہ تمہیں تمہارے اجر دے گا اور تم سے تمہارے مال نہیں مانگے گا۔ اور اگر وہ تم سے تمہارے مال مانگے پھر تم سے مبالغہ کرے تو تم بخل کرو اور وہ بخل تمہارے کینے ظاہر کر دے۔ لوگو! آگاہ ہو تم وہ لوگ ہو کہ اس لیے بلائے جاتے ہو کہ اللہ کی راہ میں خرچ کرو۔ سو کوئی تم میں بخل کرتا ہے اور جو بخل کرتا ہے وہ اپنی جان سے بخل کرتا ہے۔ اور اللہ غنی ہے اور تم محتاج اور اگر تم روگردانی کرو تو وہ تمہارے بدلے دوسرے لوگ لا موجود کرے گا پھر وہ لوگ تمہاری مانند نہ ہوں گے۔

۔محمد ۴۷:۳۶۔۳۸۔

۱۳۔ لڑائی سے مت بھاگو

۲۴۔ مسلمانو! جب تم گھمسان کی لڑائی میں کافروں کے مقابل ہو تو ان کو پیٹھ نہ دو۔

۔الانفال ۸:۱۵۔

۱۴۔ لڑائی سے بھاگنے والوں پر اللہ کی مار

۲۵۔ اور جو کوئی اس روز ان کو اپنی پیٹھ دے گا سوائے اس کے جو لڑائی کے لیے لڑنے والا ہو یا پناہ ڈھونڈنے والا ہو اپنی جماعت کی طرف، وہ اللہ کے غضب کی طرف لوٹا اور اس کا ٹھکانا دوزخ ہے اور وہ بری جگہ ہے۔

۔الانفال ۸:۱۶۔

۱۵۔ لڑائی سے بھاگنے والوں کو عذاب

۲۶۔ اور اگر تم روگردانی کرو گے جیسا کہ تم نے پہلے روگردانی کی تو وہ تم کو دردناک عذاب دے گا...... اور جو روگردانی کرے گا اُس کو وہ دردناک عذاب دے گا۔

۔الفتح ۴۸:۱۶......۱۷۔

۱۶۔ لڑائی کا سامان تیار رکھو

۲۷۔ اور جہاں تک تم سے ہو سکے ان کے لیے قوت تیار رکھو اور گھوڑوں کو سرحد پر باندھے رکھو۔ اس سے تم اللہ کے دشمنوں اور اپنے

دشمنوں کو ڈراتے رہو گے اور ان کے سوا دوسرے لوگوں کو بھی جن کو تم نہیں جانتے، اللہ ہی جانتا ہے اور اللہ کی راہ میں جو چیز بھی تم خرچ کرو گے وہ تمہیں اجر کی صورت میں پوری دی جائے گی اور تم پر ظلم نہیں کیا جائے گا۔

-الانفال ۸: ۶۰-

تُرْهِبُوْنَ بِهٖ عَدُوَّ اللّٰهِ وَعَدُوَّكُمْ وَاٰخَرِيْنَ مِنْ دُوْنِهِمْ ۚ لَا تَعْلَمُوْنَهُمْ ۚ اَللّٰهُ يَعْلَمُهُمْ ۭ وَمَا تُنْفِقُوْا مِنْ شَيْءٍ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ يُوَفَّ اِلَيْكُمْ وَاَنْتُمْ لَا تُظْلَمُوْنَ ۝۶۰

۱۷۔ کافروں کی طرف سے خیانت کا اندیشہ ہو تو ان کو آگاہ کر کے عہد توڑ دو

۲۸۔اور تجھے کسی قوم کی طرف سے خیانت کا اندیشہ ہو تو برابری کی حالت میں ان کی طرف ان کے عہد کو پھینک دو۔ بے شک اللہ خیانت کرنے والوں کو دوست نہیں رکھتا۔اور کافر یہ گمان ہرگز نہ کریں کہ وہ آگے نکل گئے ہیں، وہ ہمیں عاجز نہیں کر سکیں گے۔

-الانفال ۸: ۵۸-۵۹-

۲۸۔وَاِمَّا تَخَافَنَّ مِنْ قَوْمٍ خِيَانَةً فَانْۢبِذْ اِلَيْهِمْ عَلٰي سَوَاۗءٍ ۭ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ الْخَاۗىِٕنِيْنَ ۝۵۸ وَلَا يَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا سَبَقُوْا ۭ اِنَّهُمْ لَا يُعْجِزُوْنَ ۝۵۹

۱۸۔ مجاہد اور غیر مجاہد برابر نہیں

۲۹۔سوائے معذوروں کے جنگ سے بیٹھ رہنے والے مسلمان اور اپنی جان و مال سے اللہ کی راہ میں لڑنے والے برابر نہیں ہیں۔اللہ نے اپنی جان و مال سے لڑنے والوں کو بیٹھ رہنے والوں پر درجہ میں فضیلت دی ہے اور نیکی کا وعدہ اللہ نے ہر ایک سے کیا ہے اور اللہ نے مجاہدین کو بیٹھ رہنے والوں پر اجرِ عظیم میں برتری دی ہے (یعنی) اپنی طرف سے درجوں اور مغفرت اور رحمت میں اور اللہ بخشنے والا، مہربان ہے۔

-النساء ۴: ۹۵-۹۶-

۲۹۔لَا يَسْتَوِي الْقٰعِدُوْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ غَيْرُ اُولِي الضَّرَرِ وَالْمُجٰهِدُوْنَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ بِاَمْوَالِهِمْ وَاَنْفُسِهِمْ ۭ فَضَّلَ اللّٰهُ الْمُجٰهِدِيْنَ بِاَمْوَالِهِمْ وَاَنْفُسِهِمْ عَلَي الْقٰعِدِيْنَ دَرَجَةً ۭ وَكُلًّا وَّعَدَ اللّٰهُ الْحُسْنٰي ۭ وَفَضَّلَ اللّٰهُ الْمُجٰهِدِيْنَ عَلَي الْقٰعِدِيْنَ اَجْرًا عَظِيْمًا ۝۹۵ دَرَجٰتٍ مِّنْهُ وَمَغْفِرَةً وَّرَحْمَةً ۭ وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ۝۹۶

۳۰۔مَا كَانَ لِاَهْلِ الْمَدِيْنَةِ وَمَنْ حَوْلَهُمْ مِّنَ الْاَعْرَابِ اَنْ يَّتَخَلَّفُوْا عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ وَلَا يَرْغَبُوْا بِاَنْفُسِهِمْ عَنْ نَّفْسِهٖ ۭ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ لَا يُصِيْبُهُمْ ظَمَاٌ وَّلَا نَصَبٌ وَّلَا مَخْمَصَةٌ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَلَا يَطَـُٔوْنَ مَوْطِئًا يَّغِيْظُ الْكُفَّارَ وَلَا يَنَالُوْنَ مِنْ عَدُوٍّ نَّيْلًا اِلَّا كُتِبَ لَهُمْ بِهٖ عَمَلٌ صَالِحٌ ۭ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُضِيْعُ اَجْرَ الْمُحْسِنِيْنَ ۝۱۲۰ وَلَا يُنْفِقُوْنَ

۱۹۔ رسول ﷺ کے ساتھ ہو کر جہاد

۳۰۔مدینے والوں اور ان کے گردونواح کے دیہاتیوں کو لائق نہیں تھا کہ وہ رسول اللہ سے پیچھے رہ جائیں اور نہ یہ کہ اُس کی جان کو چھوڑ کر اپنی جانوں کی حفاظت کی طرف راغب ہوں۔یہ اس لیے کہ ان کو اللہ کی راہ میں نہ پیاس پہنچتی ہے اور نہ تکلیف اور نہ بھوک اور وہ کسی ایسی جگہ نہیں چلتے جو کافروں کو غصہ دلائے اور نہ دشمن سے کوئی چیز حاصل کرتے ہیں مگر اس سب کے باعث ان کے لیے نیک عمل لکھا جاتا ہے۔بے شک اللہ نیکوکاروں کا اجر ضائع نہیں کرتا اور وہ کوئی خرچ نہیں کرتے نہ تھوڑا اور نہ بہت اور نہ کسی میدان کو طے کرتے ہیں مگر وہ کام ان سے لکھا جاتا ہے تاکہ اللہ ان کو اس نیکوترین کام کا بدلہ دے جو وہ کرتے تھے۔اور مسلمانوں سے یہ ہو نہیں سکتا تھا کہ سب کے سب نکل کھڑے ہوتے۔پس کیوں ان کی ہر ایک جماعت میں سے چند

آدمی نہ نکلے تاکہ دین میں سمجھ حاصل کریں اور اپنی قوم کو جب ان کی طرف لوٹ کر جائیں، ڈرائیں شاید وہ ڈریں۔

-التوبہ ۹: ۱۲۰-۱۲۲-

۲۰- اللہ کی راہ میں مرنے والوں کو ہدایت

۳۱- اور جو لوگ اللہ کی راہ میں مارے گئے وہ ہرگز ان کے اعمال اکارت نہیں کرے گا۔ ان کو ہدایت کرے گا اور ان کے دل کو درست کرے گا۔

-محمد ۴۷: ۴-۵-

۲۱- اللہ کی راہ میں لڑنے والوں کو عذابِ الیم سے نجات

۳۲- مسلمانو! کہو تو میں تمہیں ایسی تجارت بتلاؤں جو تم کو دردناک عذاب سے نجات دے۔ اللہ اور اس کے رسول پر ایمان لاؤ اور اپنی جان و مال سے اللہ کی راہ میں جہاد کرو یہ تمہارے لیے بہتر ہے اگر تم جانتے ہو۔

-الصف ۶۱: ۱۰-۱۱-

۲۲- اللہ کی راہ میں لڑنے والوں کی مغفرت

۳۳- اس کی طرف سے درجے اور مغفرت اور رحمت ہے اور اللہ بخشنے والا، مہربان ہے۔

-النساء ۴: ۹۶-

۳۴- تمہیں تمہارے گناہ بخش دے گا اور تمہیں ایسے باغوں میں داخل کرے گا جن کے (درختوں کے) نیچے نہریں جاری ہیں اور پاکیزہ گھروں کے رہنے کے باغوں میں، یہی بڑی کامیابی ہے اور ایک اور چیز دے گا جسے تم

نَفَقَةً صَغِيرَةً وَّلَا كَبِيرَةً وَّلَا يَقْطَعُونَ وَادِيًا إِلَّا كُتِبَ لَهُمْ لِيَجْزِيَهُمُ اللّٰهُ أَحْسَنَ مَا كَانُوا يَعْمَلُونَ ﴿۱۲۱﴾ وَمَا كَانَ الْمُؤْمِنُونَ لِيَنفِرُوا كَافَّةً ۚ فَلَوْلَا نَفَرَ مِن كُلِّ فِرْقَةٍ مِّنْهُمْ طَائِفَةٌ لِّيَتَفَقَّهُوا فِي الدِّينِ وَلِيُنذِرُوا قَوْمَهُمْ إِذَا رَجَعُوا إِلَيْهِمْ لَعَلَّهُمْ يَحْذَرُونَ ﴿۱۲۲﴾

۳۱- وَالَّذِينَ قُتِلُوا فِي سَبِيلِ اللّٰهِ فَلَن يُضِلَّ أَعْمَالَهُمْ ﴿۴﴾ سَيَهْدِيهِمْ وَيُصْلِحُ بَالَهُمْ ﴿۵﴾

۳۲- يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا هَلْ أَدُلُّكُمْ عَلَىٰ تِجَارَةٍ تُنجِيكُم مِّنْ عَذَابٍ أَلِيمٍ ﴿۱۰﴾ تُؤْمِنُونَ بِاللّٰهِ وَرَسُولِهِ وَتُجَاهِدُونَ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ بِأَمْوَالِكُمْ وَأَنفُسِكُمْ ۚ ذَٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ إِن كُنتُمْ تَعْلَمُونَ ﴿۱۱﴾

۳۳- دَرَجَاتٍ مِّنْهُ وَمَغْفِرَةً وَرَحْمَةً ۚ وَكَانَ اللّٰهُ غَفُورًا رَّحِيمًا ﴿۹۶﴾

۳۴- يَغْفِرْ لَكُمْ ذُنُوبَكُمْ وَيُدْخِلْكُمْ جَنَّاتٍ تَجْرِي مِن تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ وَمَسَاكِنَ طَيِّبَةً فِي جَنَّاتِ عَدْنٍ ۚ ذَٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيمُ ﴿۱۲﴾ وَأُخْرَىٰ تُحِبُّونَهَا ۖ نَصْرٌ مِّنَ اللّٰهِ وَفَتْحٌ قَرِيبٌ ۗ وَبَشِّرِ الْمُؤْمِنِينَ ﴿۱۳﴾

۳۵- وَيُدْخِلُهُمُ الْجَنَّةَ عَرَّفَهَا لَهُمْ ﴿۶﴾

۳۶- أَجَعَلْتُمْ سِقَايَةَ الْحَاجِّ وَعِمَارَةَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ كَمَنْ آمَنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ وَجَاهَدَ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ ۚ لَا يَسْتَوُونَ عِندَ اللّٰهِ ۗ وَاللّٰهُ لَا يَهْدِي

چاہتے ہو۔ اللہ کی طرف سے مدد اور جلدی فتح اور (اے پیغمبر ﷺ!) مومنوں کو بشارت دے۔

-الصف ۶۱: ۱۲-۱۳-

۲۳- اللہ کی راہ میں لڑنے والوں کے لیے بہشت اور ان کے لیے اجرِ عظیم

۳۵- اور بہشت میں داخل کرے گا جس کا اس نے ان سے بیان کر دیا ہے۔

-محمد ۴۷: ۶-

۳۶- کیا تم نے حاجیوں کو پانی پلانے اور مسجدِ حرام کے آباد کرنے کو ان لوگوں کے کام کے برابر ٹھیرایا ہے جو اللہ اور یوم آخر پر ایمان لائے اور اللہ کی راہ میں لڑے؟ اللہ کے نزدیک یہ دونوں برابر نہیں

ہے۔ اللہ ظالم لوگوں کو ہدایت نہیں دیتا۔ جو لوگ ایمان لائے، جنہوں نے حق کی خاطر گھر بار چھوڑا اور اللہ کی راہ میں جان و مال سے لڑے ان کا درجہ اللہ کے نزدیک زیادہ بڑا ہے، اور وہی لوگ ہیں جو حقیقت میں کامیاب ہیں۔

-التوبہ ۹: ۱۹-۲۰-

۳۷- تمہیں تمہارے گناہ بخش دے گا اور تمہیں ایسے باغوں میں داخل کرے گا جن کے (درختوں کے) نیچے نہریں جاری ہیں اور پاکیزہ گھروں کے رہنے کے باغوں میں، یہی بڑی کامیابی ہے اور ایک اور چیز دے گا جسے تم چاہتے ہو۔ اللہ کی طرف سے مدد اور جلدی فتح اور (اے پیغمبر ﷺ!) مومنوں کو بشارت دے۔

-الصف ۶۱: ۱۲-۱۳-

۳۸- پس چاہیے کہ اللہ کی راہ میں وہ لوگ لڑیں جو دنیا کی زندگی کو آخرت کے بدلے بیچتے ہیں اور جو اللہ کی راہ میں لڑے پھر قتل کیا جائے یا غالب آئے اس کو ہم عنقریب بڑا ثواب دیں گے۔

-النساء ۴: ۷۴-

۳۹- اور اللہ نے مجاہدین کو بیٹھ رہنے والوں پر اجرِ عظیم میں فضیلت دی ہے۔

-النساء ۴: ۹۵-

۲۴- اللہ کی راہ میں مرنے اور مارے جانے والوں کی مغفرت

۴۰- اور اگر تم اللہ کی راہ میں مارے گئے یا (خود) مر گئے تو اللہ کی طرف سے مغفرت اور رحمت اس (مال) سے بہتر ہے جو وہ جمع کرتے ہیں۔

-آل عمران ۳: ۱۵۷-

۲۵- اللہ کی راہ میں جم کر لڑنے والوں سے اللہ کی محبت

الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۱۹﴾ اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَهَاجَرُوْا وَجٰهَدُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ بِاَمْوَالِهِمْ وَاَنْفُسِهِمْ ۙ اَعْظَمُ دَرَجَةً عِنْدَ اللّٰهِ ؕ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْفَآئِزُوْنَ ﴿۲۰﴾

۳۷- يَغْفِرْ لَكُمْ ذُنُوْبَكُمْ وَيُدْخِلْكُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ وَمَسٰكِنَ طَيِّبَةً فِيْ جَنّٰتِ عَدْنٍ ؕ ذٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ﴿۱۲﴾ وَاُخْرٰى تُحِبُّوْنَهَا ؕ نَصْرٌ مِّنَ اللّٰهِ وَفَتْحٌ قَرِيْبٌ ؕ وَبَشِّرِ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۱۳﴾

۳۸- فَلْيُقَاتِلْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ الَّذِيْنَ يَشْرُوْنَ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا بِالْاٰخِرَةِ ؕ وَمَنْ يُّقَاتِلْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَيُقْتَلْ اَوْ يَغْلِبْ فَسَوْفَ نُؤْتِيْهِ اَجْرًا عَظِيْمًا ﴿۷۴﴾

۳۹- وَفَضَّلَ اللّٰهُ الْمُجٰهِدِيْنَ عَلَى الْقٰعِدِيْنَ اَجْرًا عَظِيْمًا ﴿۹۵﴾

۴۰- وَلَئِنْ قُتِلْتُمْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اَوْ مُتُّمْ لَمَغْفِرَةٌ مِّنَ اللّٰهِ وَرَحْمَةٌ خَيْرٌ مِّمَّا يَجْمَعُوْنَ ﴿۱۵۷﴾

۴۱- اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الَّذِيْنَ يُقَاتِلُوْنَ فِيْ سَبِيْلِهٖ صَفًّا كَاَنَّهُمْ بُنْيَانٌ مَّرْصُوْصٌ ﴿۴﴾

۴۲- وَلَا تَقُوْلُوْا لِمَنْ يُّقْتَلُ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اَمْوَاتٌ ؕ بَلْ اَحْيَآءٌ وَّلٰكِنْ لَّا تَشْعُرُوْنَ ﴿۱۵۴﴾

۴۳- وَلَا تَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ قُتِلُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اَمْوَاتًا ؕ بَلْ اَحْيَآءٌ عِنْدَ رَبِّهِمْ يُرْزَقُوْنَ ﴿۱۶۹﴾ فَرِحِيْنَ بِمَآ اٰتٰهُمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ ۙ وَ

۴۱- بے شک اللہ ان لوگوں سے محبت رکھتا ہے جو اس کی راہ میں صف میں کھڑے ہو کر لڑتے ہیں گویا کہ وہ لوگ ایک سیسہ پلائی ہوئی دیوار ہیں۔

-الصف ۶۱: ۴-

۲۶- شہید مرتے نہیں زندہ رہتے ہیں۔ اللہ کے ہاں سے روزی کھاتے اور خوش و خرم بے خوف و بے غم زندگی گزارتے ہیں

۴۲- اور جو لوگ اللہ کی راہ میں مارے جاتے ہیں ان کو یہ نہ کہو کہ وہ مردہ ہیں بلکہ وہ زندہ ہیں لیکن تمہیں خبر نہیں۔

-البقرۃ ۲: ۱۵۴-

۴۳- اور جو لوگ اللہ کی راہ میں مارے گئے انہیں تو مردہ خیال نہ کر بلکہ وہ اپنے پروردگار کے نزدیک زندہ ہیں، روزی پہنچائے جاتے ہیں۔ اس میں مگن ہیں جو اللہ نے اپنے

يَسْتَبْشِرُوْنَ بِالَّذِيْنَ لَمْ يَلْحَقُوْا بِهِمْ مِّنْ خَلْفِهِمْ ۙ اَلَّا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ﴿۱۷۰﴾ يَسْتَبْشِرُوْنَ بِنِعْمَةٍ مِّنَ اللّٰهِ وَفَضْلٍ ۙ وَّاَنَّ اللّٰهَ لَا يُضِيْعُ اَجْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۱۷۱﴾

۴۴۔ لَيْسَ عَلَى الضُّعَفَآءِ وَلَا عَلَى الْمَرْضٰى وَلَا عَلَى الَّذِيْنَ لَا يَجِدُوْنَ مَا يُنْفِقُوْنَ حَرَجٌ اِذَا نَصَحُوْا لِلّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ ؕ مَا عَلَى الْمُحْسِنِيْنَ مِنْ سَبِيْلٍ ؕ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۹۱﴾ وَّلَا عَلَى الَّذِيْنَ اِذَا مَاۤ اَتَوْكَ لِتَحْمِلَهُمْ قُلْتَ لَاۤ اَجِدُ مَاۤ اَحْمِلُكُمْ عَلَيْهِ ۪ تَوَلَّوْا وَّاَعْيُنُهُمْ تَفِيْضُ مِنَ الدَّمْعِ حَزَنًا اَلَّا يَجِدُوْا مَا يُنْفِقُوْنَ ﴿۹۲﴾ اِنَّمَا السَّبِيْلُ عَلَى الَّذِيْنَ يَسْتَاْذِنُوْنَكَ وَهُمْ اَغْنِيَآءُ ۚ رَضُوْا بِاَنْ يَّكُوْنُوْا مَعَ الْخَوَالِفِ ۙ وَطَبَعَ اللّٰهُ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ فَهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۹۳﴾

۴۵۔ وَاتَّقُوْا فِتْنَةً لَّا تُصِيْبَنَّ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا مِنْكُمْ خَآصَّةً ۚ وَاعْلَمُوْۤا اَنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعِقَابِ ﴿۲۵﴾

۴۶۔ اِنَّ اللّٰهَ يُدٰفِعُ عَنِ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ كُلَّ خَوَّانٍ كَفُوْرٍ ﴿۳۸﴾ اُذِنَ لِلَّذِيْنَ يُقٰتَلُوْنَ بِاَنَّهُمْ ظُلِمُوْا ؕ وَاِنَّ اللّٰهَ عَلٰى نَصْرِهِمْ لَقَدِيْرُ ﴿۳۹﴾ ۙ الَّذِيْنَ اُخْرِجُوْا مِنْ دِيَارِهِمْ بِغَيْرِ حَقٍّ اِلَّاۤ اَنْ يَّقُوْلُوْا رَبُّنَا اللّٰهُ ؕ وَلَوْلَا دَفْعُ اللّٰهِ النَّاسَ بَعْضَهُمْ بِبَعْضٍ لَّهُدِّمَتْ صَوَامِعُ وَبِيَعٌ وَّصَلَوٰتٌ وَّمَسٰجِدُ يُذْكَرُ فِيْهَا اسْمُ اللّٰهِ كَثِيْرًا ؕ وَلَيَنْصُرَنَّ اللّٰهُ

فضل سے ان کو دیا ہے اور ان لوگوں کی وجہ سے خوش ہیں جو ان کے پیچھے والوں میں سے ابھی ان سے نہیں ملے کہ نہ ان پر خوف ہی ہے اور نہ وہ غمگین ہی ہوں گے۔ اللہ کی نعمت اور فضل سے خوش ہیں اور اس بات سے کہ اللہ مومنوں کا اجر ضائع نہیں کرتا۔

۔آل عمران ۳: ۱۷۰۔ ۱۷۱۔

۲۷۔ معذوروں سے جہاد ساقط ہے

۴۴۔ کمزوروں پر حرج نہیں اور نہ مریضوں پر اور نہ ان پر جو خرچ کرنے کے لیے مال نہیں پاتے، جب وہ اللہ اور اس کے رسول کی خیر خواہی کریں۔ نیکو کاروں پر کوئی الزام نہیں اور اللہ بخشنے والا، مہربان ہے اور نہ ان پر کہ جب وہ تیرے پاس اس غرض سے آتے ہیں کہ تو اُن کو (سواری پر) سوار کر دے تو تو کہتا ہے کہ میں وہ (سواری) نہیں پاتا جس پر تم کو سوار کر دوں۔ اُس وقت وہ واپس ہو جاتے ہیں اور ان کی آنکھوں سے آنسو بہتے ہیں اس غم میں کہ وہ وہ چیز نہیں پاتے جس کو وہ خرچ کریں۔ الزام تو بس انہیں پر ہے جو تجھ سے (پیچھے رہ جانے کی) اجازت مانگتے ہیں اور وہ ہیں مال دار۔ وہ اس بات سے خوش ہوئے کہ پیچھے رہنے والوں کے ساتھ رہیں اور اللہ نے ان کے دلوں پر مہر کر دی ہے سو وہ جانتے ہیں۔

۔التوبة ۹: ۹۱۔ ۹۳۔

۲۸۔ جہاد کی مصلحتیں

۴۵۔ اور اس فتنے سے ڈرو جو خاص انہیں کو نہیں پہنچے گا جنھوں نے تم میں سے ظلم کیا ہے اور جان لو کہ اللہ سخت عذاب والا ہے۔

۔الانفال ۸: ۲۵۔

۴۶۔ بے شک اللہ (مخالفوں کے حملوں کو) ان لوگوں سے دفع کرتا رہتا ہے جو ایمان لائے ہیں۔ بے شک اللہ کسی خیانت کرنے والے ناشکرے کو پسند نہیں کرتا۔ جن لوگوں سے (ناحق) لڑائی کی جاتی ہے ان کو اس بنا پر (مدافعت کی) اجازت دی گئی کہ ان پر ظلم کیا گیا ہے اور بے شک اللہ ان کی مدد کرنے پر قادر ہے۔ ان کو جو ناحق اپنے گھروں سے نکالے گئے، صرف اس قصور پر کہ وہ کہتے تھے کہ ہمارا پروردگار اللہ ہے اور اگر اللہ کا لوگوں کو بعض کو بعض کے ذریعے سے دفع کرنا نہ ہوتا تو ضرور درویشوں کے خلوت خانے اور گرجے اور یہودیوں کے عبادت خانے اور مسجدیں جن میں اللہ کا کثرت سے ذکر کیا جاتا ہے گرا دیے جاتے اور اللہ ضرور اس کی مدد کرے گا جو اس کی مدد کرتا ہے۔ بے شک

اللہ قوت والا ہے، غالب۔

-الحج ۲۲: ۳۸-۴۰-

۲۹- دین میں زبردستی نہیں

۴۷- دین میں زبردستی نہیں ہے ہدایت گمراہی سے ممتاز ہو چکی ہے سو جو بتوں کا انکار کرے اور اللہ پر ایمان لائے اس نے مضبوط دستے کو پکڑ لیا جس کے لیے ٹوٹنا نہیں ہے اور اللہ سننے والا، جاننے والا ہے۔

-البقرۃ ۲: ۲۵۶-

۴۸- تم اس کے سوا جس کی چاہو عبادت کرو۔

-الزمر ۳۹: ۱۵-

۴۹- تمہارے لیے تمہارا دین اور میرے لیے میرا دین۔

-الکافرون ۱۰۹: ۶-

۳۰- اگر کافر نہ لڑیں تو ان سے لڑنا درست نہیں

۵۰- (مسلمانو) تم کچھ اور لوگوں کو پاؤ گے جو چاہتے ہیں کہ تم سے بھی امن میں رہیں اور اپنی قوم سے بھی امن میں رہیں۔ جب کبھی بھی وہ فتنہ انگیزی (لڑائی) کی طرف بلائے جاتے ہیں اس میں اوندھے گرائے جاتے ہیں۔ پس اگر وہ (لڑائی میں) تم سے علیحدہ نہ ہوں اور تمہاری طرف صلح کا پیغام نہ ڈالیں اور اپنے ہاتھ نہ روکیں تو ان کو پکڑو اور جہاں پاؤ ان کو قتل کرو اور یہی لوگ ہیں جن پر ہم نے تم کو (لڑائی کی) کھلی سند دی ہے۔

-النساء ۴: ۹۱-

مَنْ يَّنْصُرُهٗ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَقَوِيٌّ عَزِيْزٌ ۝

۴۷- لَآ اِكْرَاهَ فِي الدِّيْنِ ۣ ۙ قَدْ تَّبَيَّنَ الرُّشْدُ مِنَ الْغَيِّ ۚ فَمَنْ يَّكْفُرْ بِالطَّاغُوْتِ وَيُؤْمِنْۢ بِاللّٰهِ فَقَدِ اسْتَمْسَكَ بِالْعُرْوَةِ الْوُثْقٰى ۤ لَا انْفِصَامَ لَهَا ؕ وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ۝

۴۸- فَاعْبُدُوْا مَا شِئْتُمْ مِّنْ دُوْنِهٖ ؕ

۴۹- لَكُمْ دِيْنُكُمْ وَلِيَ دِيْنِ ۝

۵۰- سَتَجِدُوْنَ اٰخَرِيْنَ يُرِيْدُوْنَ اَنْ يَّاْمَنُوْكُمْ وَيَاْمَنُوْا قَوْمَهُمْ ؕ كُلَّمَا رُدُّوْٓا اِلَى الْفِتْنَةِ اُرْكِسُوْا فِيْهَا ۚ فَاِنْ لَّمْ يَعْتَزِلُوْكُمْ وَيُلْقُوْٓا اِلَيْكُمُ السَّلَمَ وَيَكُفُّوْٓا اَيْدِيَهُمْ فَخُذُوْهُمْ وَاقْتُلُوْهُمْ حَيْثُ ثَقِفْتُمُوْهُمْ ؕ وَاُولٰٓئِكُمْ جَعَلْنَا لَكُمْ عَلَيْهِمْ سُلْطٰنًا مُّبِيْنًا ۝

۵۱- فَاِنْ تَوَلَّوْا فَخُذُوْهُمْ وَاقْتُلُوْهُمْ حَيْثُ وَجَدْتُّمُوْهُمْ ۠ وَلَا تَتَّخِذُوْا مِنْهُمْ وَلِيًّا وَّلَا نَصِيْرًا ۝ اِلَّا الَّذِيْنَ يَصِلُوْنَ اِلٰى قَوْمٍۭ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَهُمْ مِّيْثَاقٌ اَوْ جَآءُوْكُمْ حَصِرَتْ صُدُوْرُهُمْ اَنْ يُّقَاتِلُوْكُمْ اَوْ يُقَاتِلُوْا قَوْمَهُمْ ؕ وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ لَسَلَّطَهُمْ عَلَيْكُمْ فَلَقٰتَلُوْكُمْ ۚ فَاِنِ اعْتَزَلُوْكُمْ فَلَمْ يُقَاتِلُوْكُمْ وَاَلْقَوْا اِلَيْكُمُ السَّلَمَ ۙ فَمَا جَعَلَ اللّٰهُ لَكُمْ عَلَيْهِمْ سَبِيْلًا ۝

۵۲- وَاِنْ جَنَحُوْا لِلسَّلْمِ فَاجْنَحْ لَهَا وَتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ ؕ اِنَّهٗ هُوَ السَّمِيْعُ

۵۱- پھر اگر وہ منہ نہ موڑیں تو ان کو پکڑو اور جہاں پاؤ اُن کو قتل کرو اور نہ اُن میں سے کسی کو دوست بناؤ اور نہ مددگار۔ مگر وہ لوگ جو ان لوگوں سے جا ملیں کہ تمہارے اور ان کے درمیان عہد ہے یا وہ تمہارے پاس ایسی صورت سے آئیں کہ ان کے دل اس بات سے تنگ ہوں کہ وہ تم سے لڑیں یا اپنی قوم سے لڑیں اور اگر اللہ چاہتا تو ان کو تم پر غالب کر دیتا پھر وہ ضرور تم سے لڑتے۔ سو اگر وہ تم سے کنارہ کش رہیں اور تم سے نہ لڑیں اور تمہاری طرف صلح کا پیغام ڈالیں تو اللہ نے تم کو ان پر الزام کی راہ نہیں دی۔

-النساء ۴: ۸۹-۹۰-

۳۱- صلح کا حکم

۵۲- اور اگر وہ صلح کی طرف جھکیں تو تو بھی اس کی طرف جھک اور اللہ پر بھروسا رکھو۔ بے شک وہی سننے والا، جاننے والا ہے۔ اور اگر وہ تجھے

دھوکا دینا چاہیں گے تو بے شک تجھے اللہ کافی ہے۔ وہ وہی ہے جس نے تجھے اپنی مدد اور مومنوں سے قوت دی اور ان کے دلوں میں محبت ڈالی۔ اگر تو وہ سب کچھ بھی خرچ کر ڈالتا جو زمین میں ہے تو بھی اُن کے دلوں میں محبت نہ ڈال سکتا لیکن اللہ نے ان میں محبت ڈالی۔ بے شک وہی غالب ہے، حکم والا۔ اے نبی تجھے اللہ اور مسلمان جو تیرے پیرو ہیں کافی ہیں۔

۔الانفال ۸: ۶۲-۶۴۔

۳۲۔ اسیرانِ جنگ کو احسان کر کے یا فدیہ لے کر چھوڑ دو

۵۳۔ پھر جب تم کافروں کے مقابل ہو تو گردنوں کا مارنا ہے یہاں تک کہ جب تم خوب مار دھاڑ کر چکو تو (ان کی) قید کو مضبوط کرو پھر اس کے بعد یا احسان رکھ کر چھوڑ دینا ہے اور یا فدیہ لے کر۔ یہاں تک کہ لڑائی اپنے ہتھیار (نیچے) رکھ دے۔ یہ حکم ہے اور اگر اللہ چاہے تو ان سے بدلہ لے لیکن وہ چاہتا ہے کہ تم میں سے بعض کو بعض کے ذریعے سے آزمائے اور جو لوگ اللہ کی راہ میں مارے گئے وہ ان کے اعمال اکارت نہیں کرے گا۔

۔محمد ۴۷: ۴۔

۳۳۔ مالِ غنیمت اللہ اور رسول کا ہے

۵۴۔ لوگ تجھ سے غنیمتوں کی بابت پوچھتے ہیں۔ کہہ دے کہ غنیمتیں اللہ اور رسول کے لیے ہیں۔

۔الانفال ۸: ۱۔

۳۴۔ مالِ غنیمت کے مستحق

۵۵۔ اور جان لو کہ جو شے تم (لڑائی میں دشمنوں سے)

الْعَلِيمُ ۝ وَإِن يُرِيدُوا أَن يَخْدَعُوكَ فَإِنَّ حَسْبَكَ اللَّهُ ۚ هُوَ الَّذِي أَيَّدَكَ بِنَصْرِهِ وَبِالْمُؤْمِنِينَ ۝ وَأَلَّفَ بَيْنَ قُلُوبِهِمْ ۚ لَوْ أَنفَقْتَ مَا فِي الْأَرْضِ جَمِيعًا مَّا أَلَّفْتَ بَيْنَ قُلُوبِهِمْ وَلَٰكِنَّ اللَّهَ أَلَّفَ بَيْنَهُمْ ۚ إِنَّهُ عَزِيزٌ حَكِيمٌ ۝ يَا أَيُّهَا النَّبِيُّ حَسْبُكَ اللَّهُ وَمَنِ اتَّبَعَكَ مِنَ الْمُؤْمِنِينَ ۝

۵۳۔ فَإِذَا لَقِيتُمُ الَّذِينَ كَفَرُوا فَضَرْبَ الرِّقَابِ حَتَّىٰ إِذَا أَثْخَنتُمُوهُمْ فَشُدُّوا الْوَثَاقَ فَإِمَّا مَنًّا بَعْدُ وَإِمَّا فِدَاءً حَتَّىٰ تَضَعَ الْحَرْبُ أَوْزَارَهَا ۚ ذَٰلِكَ ۛ وَلَوْ يَشَاءُ اللَّهُ لَانتَصَرَ مِنْهُمْ وَلَٰكِن لِّيَبْلُوَ بَعْضَكُم بِبَعْضٍ ۗ وَالَّذِينَ قُتِلُوا فِي سَبِيلِ اللَّهِ فَلَن يُضِلَّ أَعْمَالَهُمْ ۝

۵۴۔ يَسْأَلُونَكَ عَنِ الْأَنفَالِ ۖ قُلِ الْأَنفَالُ لِلَّهِ وَالرَّسُولِ ۖ

۵۵۔ وَاعْلَمُوا أَنَّمَا غَنِمْتُم مِّن شَيْءٍ فَأَنَّ لِلَّهِ خُمُسَهُ وَلِلرَّسُولِ وَلِذِي الْقُرْبَىٰ وَالْيَتَامَىٰ وَالْمَسَاكِينِ وَابْنِ السَّبِيلِ إِن كُنتُمْ آمَنتُم بِاللَّهِ وَمَا أَنزَلْنَا عَلَىٰ عَبْدِنَا يَوْمَ الْفُرْقَانِ يَوْمَ الْتَقَى الْجَمْعَانِ ۗ وَاللَّهُ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ ۝

۵۶۔ وَمَا أَفَاءَ اللَّهُ عَلَىٰ رَسُولِهِ مِنْهُمْ فَمَا أَوْجَفْتُمْ عَلَيْهِ مِنْ خَيْلٍ وَلَا رِكَابٍ وَلَٰكِنَّ اللَّهَ يُسَلِّطُ رُسُلَهُ عَلَىٰ مَن يَشَاءُ ۚ وَاللَّهُ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ ۝

لوٹو تو اس کا پانچواں حصہ اللہ کے لیے ہے اور رسول کے لیے اور رشتہ داروں کے لیے اور یتیموں اور محتاجوں اور مسافروں کے لیے اگر تم اللہ پر اور اس (وحی) پر ایمان لائے ہو، جو ہم نے فیصلہ کے دن اپنے بندے پر اتاری، جس دن (مسلمانوں اور کافروں کی) دو جماعتیں آپس میں بھڑ پڑی تھیں اور اللہ ہر شے پر قادر ہے۔

۔الانفال ۸: ۴۱۔

۳۵۔ مالِ فے کی تعریف

۵۶۔ اور جو (مال) اللہ نے ان سے اپنے رسول کے ہاتھ لگوا دیا، تو تم نے اس پر نہ گھوڑے دوڑائے نہ اونٹ لیکن اللہ جس پر چاہتا ہے اپنے رسولوں کو غالب کر دیتا ہے اور اللہ ہر شے پر قادر ہے۔

۔الحشر ۵۹-۶۔

۳۶۔ فے کے مصرف

۵۷۔ جو کچھ اللہ نے بستیوں والوں سے اپنے رسول کے ہاتھ لگوا دیا وہ اللہ کے لیے ہے اور رسول اور (رسول کے) رشتہ داروں، یتیموں اور محتاجوں اور مسافروں کے لیے۔ (یہ حکم اس لیے ہے) تا کہ دولت تم میں سے دولت مندوں کے درمیان دائر نہ رہے اور جو کچھ رسول تمہیں دے وہ لے لو اور جس چیز سے تمہیں روکے اس سے رُک جاؤ اور اللہ سے ڈرو۔ بے شک اللہ سخت عذاب والا ہے۔ (یہ مال) مہاجرین محتاجوں کے لیے ہے جو اپنے گھروں اور اپنے مالوں سے باہر نکال دیے گئے۔ وہ اپنے پروردگار کا فضل اور (اس کی) خوش نودی چاہتے ہیں اور اللہ اور اس کے رسول کی مدد کرتے ہیں۔ وہی لوگ (قول کے) سچے ہیں۔ اور (نیز) ان کے لیے ہے جنہوں نے ان (مہاجرین) سے پہلے دارِ ہجرت اور ایمان میں جگہ لی، جو ان کی طرف ہجرت کر کے آتا ہے اس سے محبت کرتے ہیں اور اپنے دلوں میں اس سے خلجان نہیں پاتے جو مہاجرین کو دیا جاتا ہے اور اپنے اوپر دوسروں کو ترجیح دیتے ہیں اگر چہ خود حاجت مند ہوں۔ اور جو شخص اپنے نفس کی حرص سے بچایا گیا تو ایسے ہی لوگ فلاح پانے والے ہیں اور (نیز) ان کے لیے ہے جو ان کے بعد آئے۔ کہتے ہیں کہ اے ہمارے پروردگار! ہم کو اور ہمارے ان بھائیوں کو جو ایمان میں ہم سے آگے بڑھ گئے ہیں بخش دے اور ہمارے دلوں میں ان کی طرف سے کینہ نہ رکھ جو ایمان لائے ہیں اے ہمارے پروردگار! بے شک تو ہی بڑا شفیق، مہربان ہے۔

۔الحشر ۵۹: ۷۔۱۰۔

۵۷۔ مَآ اَفَآءَ اللّٰهُ عَلٰى رَسُوْلِهٖ مِنْ اَهْلِ الْقُرٰى فَلِلّٰهِ وَلِلرَّسُوْلِ وَلِذِی الْقُرْبٰى وَالْيَتٰمٰى وَالْمَسٰكِيْنِ وَابْنِ السَّبِيْلِ كَیْ لَا يَكُوْنَ دُوْلَةًۢ بَيْنَ الْاَغْنِيَآءِ مِنْكُمْ وَمَآ اٰتٰىكُمُ الرَّسُوْلُ فَخُذُوْهُ وَمَا نَهٰىكُمْ عَنْهُ فَانْتَهُوْا وَاتَّقُوا اللّٰهَ اِنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعِقَابِ ۝ لِلْفُقَرَآءِ الْمُهٰجِرِيْنَ الَّذِيْنَ اُخْرِجُوْا مِنْ دِيَارِهِمْ وَاَمْوَالِهِمْ يَبْتَغُوْنَ فَضْلًا مِّنَ اللّٰهِ وَرِضْوَانًا وَّيَنْصُرُوْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ اُولٰٓئِكَ هُمُ الصّٰدِقُوْنَ ۝ وَالَّذِيْنَ تَبَوَّؤُ الدَّارَ وَالْاِيْمَانَ مِنْ قَبْلِهِمْ يُحِبُّوْنَ مَنْ هَاجَرَ اِلَيْهِمْ وَلَا يَجِدُوْنَ فِیْ صُدُوْرِهِمْ حَاجَةً مِّمَّآ اُوْتُوْا وَيُؤْثِرُوْنَ عَلٰٓى اَنْفُسِهِمْ وَلَوْ كَانَ بِهِمْ خَصَاصَةٌ وَمَنْ يُّوْقَ شُحَّ نَفْسِهٖ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ۝ وَالَّذِيْنَ جَآءُوْ مِنْۢ بَعْدِهِمْ يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَا اغْفِرْ لَنَا وَلِاِخْوَانِنَا الَّذِيْنَ سَبَقُوْنَا بِالْاِيْمَانِ وَلَا تَجْعَلْ فِیْ قُلُوْبِنَا غِلًّا لِّلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا رَبَّنَآ اِنَّكَ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ۝

۱۔ وَاِنْ خِفْتُمْ اَلَّا تُقْسِطُوْا فِی الْيَتٰمٰى فَانْكِحُوْا مَا طَابَ لَكُمْ مِّنَ النِّسَآءِ مَثْنٰى وَثُلٰثَ وَرُبٰعَ

۲۔ فَاِنْ خِفْتُمْ اَلَّا تَعْدِلُوْا فَوَاحِدَةً اَوْ مَا مَلَكَتْ اَيْمَانُكُمْ ذٰلِكَ اَدْنٰٓى اَلَّا

نکاح

۱۔ چار نکاح تک کی اجازت

۱۔ اور اگر تم کو یہ اندیشہ ہو کہ تم یتیم لڑکیوں کے بارے میں انصاف پر قائم نہ رہ سکو گے تو (اور) عورتوں میں سے جو تمہیں اچھی معلوم ہوں نکاح کر لو۔ دو دو اور تین تین اور چار چار۔

۔النساء ۴: ۳۔

۲۔ اگر کئی عورتوں میں انصاف نہ ہو سکنے کا اندیشہ ہو تو صرف ایک نکاح

۲۔ پھر اگر تمہیں یہ اندیشہ ہو کہ تم عدل نہیں کرو گے تو ایک ہی (نکاح کرو) یا جو (لونڈیاں) تمہارے ہاتھ کا مال ہیں۔ یہ اس کے زیادہ

قریب ہے کہ تم ظلم نہ کرو۔

۔النساء ۴:۳

۳۔ بیوہ عورتوں اور نیک بخت لونڈی کا نکاح کردو

۳۔اور اپنی بیوہ عورتوں کا نکاح کرو اور اپنے غلاموں اور لونڈیوں میں سے نیک بختوں کا۔ اگر وہ محتاج ہوں گے تو اللہ انہیں اپنے فضل سے مال دار کردے گا اور اللہ وسعت والا، علم والا ہے۔

۔النور ۲۴: ۳۲۔

۴۔ نکاح حصولِ عفت کے لیے ہو

۴۔جبکہ تم پاک دامنی حاصل کرنے والے ہو نہ مستی جھاڑنے والے۔

۔النساء ۴: ۲۴ و المائدۃ ۵: ۵۔

۵۔ جب کہ وہ پاک دامنی حاصل کرنے والی ہوں نہ مستی جھاڑنے والی۔

۔النساء ۴: ۲۵۔

۵۔ اگر آزاد عورتوں کا خرچ اٹھانے کی طاقت نہ ہو اور زنا کا اندیشہ ہو تو ایمان دار لونڈی کے ساتھ اس کے آقا کی اجازت سے نکاح کرلو

۶۔اور جو تم میں سے اس بات کا مقدور نہ رکھتا ہو کہ پاک دامن مومن عورتوں سے نکاح کر سکے تو جو تمہاری مسلمان لونڈیوں میں سے تمہارے ہاتھ کا مال ہیں (ان سے نکاح کرلو) اور اللہ تمہارے ایمان کو جانتا ہے۔تم ایک دوسرے کی جنس ہو۔تو ان کے مالکوں کی اجازت سے ان سے نکاح کرلو اور دستور کے مطابق اُن کو دو، جبکہ وہ قید میں آنے والی ہوں مستی جھاڑنے والی نہ ہوں اور نہ (چھپے طور پر) یارانہ کرنے والی...... یہ اجازت اس کے لیے ہے جو تم میں سے زنا کا خوف کرے اور یہ بات کہ تم صبر کرو، تمہارے حق میں

تَعُوْلُوْا ؕ۳

۳۔ وَ اَنْكِحُوا الْاَیَامٰى مِنْكُمْ وَ الصّٰلِحِیْنَ مِنْ عِبَادِكُمْ وَ اِمَآىٕكُمْ ؕ اِنْ یَّكُوْنُوْا فُقَرَآءَ یُغْنِهِمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ ؕ وَ اللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِیْمٌ ۳۲

۴۔ مُّحْصِنِیْنَ غَیْرَ مُسٰفِحِیْنَ ؕ

۵۔ مُحْصَنٰتٍ غَیْرَ مُسٰفِحٰتٍ

۶۔ وَ مَنْ لَّمْ یَسْتَطِعْ مِنْكُمْ طَوْلًا اَنْ یَّنْكِحَ الْمُحْصَنٰتِ الْمُؤْمِنٰتِ فَمِنْ مَّا مَلَكَتْ اَیْمَانُكُمْ مِّنْ فَتَیٰتِكُمُ الْمُؤْمِنٰتِ ؕ وَ اللّٰهُ اَعْلَمُ بِاِیْمَانِكُمْ ؕ بَعْضُكُمْ مِّنْۢ بَعْضٍ ۚ فَانْكِحُوْهُنَّ بِاِذْنِ اَهْلِهِنَّ وَ اٰتُوْهُنَّ اُجُوْرَهُنَّ بِالْمَعْرُوْفِ مُحْصَنٰتٍ غَیْرَ مُسٰفِحٰتٍ وَّ لَا مُتَّخِذٰتِ اَخْدَانٍ ۚ...... ذٰلِكَ لِمَنْ خَشِیَ الْعَنَتَ مِنْكُمْ ؕ وَ اَنْ تَصْبِرُوْا خَیْرٌ لَّكُمْ ؕ

۷۔ وَ الْمُحْصَنٰتُ مِنَ الْمُؤْمِنٰتِ وَ الْمُحْصَنٰتُ مِنَ الَّذِیْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ مِنْ قَبْلِكُمْ

۸۔ وَ لْیَسْتَعْفِفِ الَّذِیْنَ لَا یَجِدُوْنَ نِكَاحًا حَتّٰى یُغْنِیَهُمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ ؕ

۹۔ وَ لَا تَنْكِحُوا الْمُشْرِكٰتِ حَتّٰى یُؤْمِنَّ ؕ وَ لَاَمَةٌ مُّؤْمِنَةٌ خَیْرٌ مِّنْ مُّشْرِكَةٍ

بہتر ہے اور اللہ بخشنے والا، مہربان ہے۔

۔النساء ۴: ۲۵۔

۶۔ کتابیہ عورت سے نکاح درست ہے

۷۔اور مسلمان پاک دامن عورتیں اور ان میں سے پاک دامن عورتیں جن کو تم سے پہلے کتاب دی گئی ہے (نکاح کے لیے روا ہیں)۔

۔المائدۃ ۵: ۵۔

۷۔ جنہیں نکاح کا مقدور نہیں وہ بچے رہیں

۸۔اور وہ لوگ بچے رہیں جو نکاح کا مقدور نہیں رکھتے یہاں تک کہ اللہ انہیں اپنے فضل سے مال دار کردے۔

۔النور ۲۴: ۳۳۔

۸۔ مسلمان مرد کو مشرکہ سے اور مسلمان عورت کو مشرک سے نکاح جائز نہیں

۹۔اور مشرک عورتوں سے نکاح نہ کرو یہاں تک کہ وہ ایمان لے

آئیں اور بے شک مسلمان لونڈی آزاد مشرکہ سے بہتر ہے اگر چہ وہ تمہیں اچھی معلوم ہو اور مشرکوں سے نکاح نہ کرو یہاں تک کہ وہ ایمان لے آئیں اور بے شک مسلمان غلام آزاد مشرک سے بہتر ہے۔

-البقرۃ ۲: ۲۲۱-

۱۰۔ نہ وہ (مسلمان) عورتیں اُن کے لیے حلال ہیں اور نہ وہ (مشرک) مردان (عورتوں) کے لیے حلال ہیں۔

-الممتحنہ ۶۰: ۱۰-

۹۔ زنا کاروں سے نکاح جائز نہیں

۱۱۔ زانی زانیہ یا مشرکہ ہی سے نکاح کرتا ہے اور زانیہ سے سوائے زانی یا مشرک کے اور کوئی نکاح نہیں کرتا اور مومنوں پر تو یہ (نکاح) حرام کیا گیا ہے۔

-النور ۲۴: ۳-

۱۰۔ زبردستی عورتوں کے وارث نہ بنو

۱۲۔ مسلمانو! تمہارے لیے حلال نہیں کہ زبردستی عورتوں کے وارث بن جاؤ۔

-النساء ۴: ۱۹-

۱۱۔ اپنے باپ کی منکوحہ سے نکاح نہ کرو

۱۳۔ اور ان عورتوں سے نکاح نہ کرو جن سے تمہارے باپ نکاح کر چکے ہیں مگر جو ہو چکا (سو ہو چکا)۔ بے شک یہ بے حیائی اور بڑے غضب کی بات ہے اور بُری راہ ہے۔

-النساء ۴: ۲۲-

۱۲۔ جن عورتوں سے نکاح حرام ہے ان کی تفصیل

۱۴۔ حرام کی گئیں تم پر تمہاری مائیں اور تمہاری بیٹیاں اور تمہاری بہنیں اور تمہاری پھوپھیاں اور تمہاری خالائیں اور بھائی کی لڑکیاں اور بہن کی لڑکیاں اور تمہاری وہ مائیں جنہوں نے تمہیں دودھ پلایا ہے اور تمہاری دودھ شریکی بہنیں اور

وَلَوْ أَعْجَبَتْكُمْ ۗ وَلَا تُنكِحُوا الْمُشْرِكِينَ حَتَّىٰ يُؤْمِنُوا ۚ وَلَعَبْدٌ مُّؤْمِنٌ خَيْرٌ مِّن مُّشْرِكٍ

۱۰۔ لَا هُنَّ حِلٌّ لَّهُمْ وَلَا هُمْ يَحِلُّونَ لَهُنَّ ۖ

۱۱۔ اَلزَّانِي لَا يَنكِحُ إِلَّا زَانِيَةً أَوْ مُشْرِكَةً وَالزَّانِيَةُ لَا يَنكِحُهَا إِلَّا زَانٍ أَوْ مُشْرِكٌ ۚ وَحُرِّمَ ذَٰلِكَ عَلَى الْمُؤْمِنِينَ ﴿۳﴾

۱۲۔ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا يَحِلُّ لَكُمْ أَن تَرِثُوا النِّسَاءَ كَرْهًا ۖ

۱۳۔ وَلَا تَنكِحُوا مَا نَكَحَ آبَاؤُكُم مِّنَ النِّسَاءِ إِلَّا مَا قَدْ سَلَفَ ۚ إِنَّهُ كَانَ فَاحِشَةً وَمَقْتًا وَسَاءَ سَبِيلًا ﴿۲۲﴾

۱۴۔ حُرِّمَتْ عَلَيْكُمْ أُمَّهَاتُكُمْ وَبَنَاتُكُمْ وَأَخَوَاتُكُمْ وَعَمَّاتُكُمْ وَخَالَاتُكُمْ وَبَنَاتُ الْأَخِ وَبَنَاتُ الْأُخْتِ وَأُمَّهَاتُكُمُ اللَّاتِي أَرْضَعْنَكُمْ وَأَخَوَاتُكُم مِّنَ الرَّضَاعَةِ وَأُمَّهَاتُ نِسَائِكُمْ وَرَبَائِبُكُمُ اللَّاتِي فِي حُجُورِكُم مِّن نِّسَائِكُمُ اللَّاتِي دَخَلْتُم بِهِنَّ فَإِن لَّمْ تَكُونُوا دَخَلْتُم بِهِنَّ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ وَحَلَائِلُ أَبْنَائِكُمُ الَّذِينَ مِنْ أَصْلَابِكُمْ وَأَن تَجْمَعُوا بَيْنَ الْأُخْتَيْنِ إِلَّا مَا قَدْ سَلَفَ ۗ إِنَّ اللَّهَ كَانَ غَفُورًا رَّحِيمًا ﴿۲۳﴾

۱۵۔ وَالْمُحْصَنَاتُ مِنَ النِّسَاءِ إِلَّا مَا مَلَكَتْ أَيْمَانُكُمْ ۖ كِتَابَ اللَّهِ عَلَيْكُمْ ۚ

۱۶۔ وَأُحِلَّ لَكُم مَّا وَرَاءَ ذَٰلِكُمْ أَن تَبْتَغُوا بِأَمْوَالِكُم مُّحْصِنِينَ غَيْرَ

تمہاری ساسیں اور تمہاری ربیبہ لڑکیاں جو تمہاری پرورش میں ہوں تمہاری اُن عورتوں سے جن کے ساتھ تم صحبت کر چکے ہو۔ پھر اگر تم نے ان کے ساتھ صحبت نہیں کی تو تم پر کچھ گناہ نہیں اور تمہارے بیٹوں کی بیبیاں جو تمہارے صلبی بیٹے ہوں اور یہ کہ تم دو بہنوں کو (نکاح میں) جمع کرو مگر جو ہو چکا سو ہو چکا۔ بے شک اللہ بخشنے والا، مہربان ہے۔

-النساء ۴: ۲۳-

۱۳۔ خاوند والی عورتیں حرام ہیں

۱۵۔ اور خاوند والی عورتیں مگر جو تمہارے ہاتھ کا مال ہے یہ تم پر اللہ کا نوشتہ ہے۔

-النساء ۴: ۲۴-

۱۴۔ مفصلہ بالا کے سوا کل عورتوں سے نکاح جائز ہے

۱۶۔ اور تمہارے لیے حلال کی گئیں جو ان کے سوا ہیں کہ تم ان کو اپنے

مالوں کے بدلے تلاش کرو جب کہ تم قید میں رہنے والے ہونہ کہ مستی جھاڑنے والے۔

-النساء ۴: ۲۴-

۱۵۔ مہر مقرر اور ادا کرنے کا حکم

۱۷۔اور عورتوں کو ان کے مہر دو یہ تمہارا عطیہ ہے۔

-النساء ۴: ۴-

۱۸۔ یہ کہ تم اپنے مالوں کے بدلے تلاش کرو جبکہ تم قید میں رہنے والے ہونہ کہ مستی جھاڑنے والے۔ پھر ان میں جس سے تم نے نفع اُٹھالیا تو ان کو ان کے مہر دو۔ (یہ اللہ کا) مقرر کیا ہوا ہے اور دستور کے مطابق اُن کے مہر دو جبکہ وہ قید میں آنے والی ہوں نہ کہ مستی جھاڑنے والی اور نہ چھپے طور پر یارانہ کرنے والی۔

-النساء ۴: ۲۴-

۱۹۔ جب کہ تم ان کو ان کے مہر دو (اور) تم قید میں رہنے والے ہو کہ نہ مستی جھاڑنے والے اور نہ چھپے طور پر یارانہ کرنے والے۔

-المائدۃ ۵: ۵-

۲۰۔اور تم پر گناہ نہیں کہ تم ان سے نکاح کرو جب کہ تم اُن کو اُن کے مہر دو۔

-الممتحنۃ ۶۰: ۱۰-

۱۶۔ یتیم لڑکیوں سے نکاح کرنا ہو تو ان کو ان کا پورا مہر دو

۲۱۔اور لوگ تجھ سے عورتوں کے بارے میں فتوی پوچھتے ہیں۔ کہہ دے کہ اللہ تم کو ان کے بارے میں اجازت دیتا ہے اور جو تم پر کتاب میں پڑھا جاتا ہے ان یتیم لڑکیوں

مُسٰفِحِيْنَ ط

۱۷۔وَاٰتُوا النِّسَآءَ صَدُقٰتِهِنَّ نِحْلَةً ط

۱۸۔اَنْ تَبْتَغُوْا بِاَمْوَالِكُمْ مُّحْصِنِيْنَ غَيْرَ مُسٰفِحِيْنَ ط فَمَا اسْتَمْتَعْتُمْ بِهٖ مِنْهُنَّ فَاٰتُوْهُنَّ اُجُوْرَهُنَّ فَرِيْضَةً ط ...... وَاٰتُوْهُنَّ اُجُوْرَهُنَّ بِالْمَعْرُوْفِ مُحْصَنٰتٍ غَيْرَ مُسٰفِحٰتٍ وَّلَا مُتَّخِذٰتِ اَخْدَانٍ ج

۱۹۔اِذَآ اٰتَيْتُمُوْهُنَّ اُجُوْرَهُنَّ مُحْصِنِيْنَ غَيْرَ مُسٰفِحِيْنَ وَلَا مُتَّخِذِيْٓ اَخْدَانٍ ط

۲۰۔وَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ اَنْ تَنْكِحُوْهُنَّ اِذَآ اٰتَيْتُمُوْهُنَّ اُجُوْرَهُنَّ ط

۲۱۔وَيَسْتَفْتُوْنَكَ فِي النِّسَآءِ ط قُلِ اللّٰهُ يُفْتِيْكُمْ فِيْهِنَّ وَمَا يُتْلٰى عَلَيْكُمْ فِي الْكِتٰبِ فِيْ يَتٰمَى النِّسَآءِ الّٰتِيْ لَا تُؤْتُوْنَهُنَّ مَا كُتِبَ لَهُنَّ وَتَرْغَبُوْنَ اَنْ تَنْكِحُوْهُنَّ وَالْمُسْتَضْعَفِيْنَ مِنَ الْوِلْدَانِ وَاَنْ تَقُوْمُوْا لِلْيَتٰمٰى بِالْقِسْطِ ط وَمَا تَفْعَلُوْا مِنْ خَيْرٍ فَاِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِهٖ عَلِيْمًا ۝

۲۲۔فَاِنْ طِبْنَ لَكُمْ عَنْ شَيْءٍ مِّنْهُ نَفْسًا فَكُلُوْهُ هَنِيْٓـًٔا مَّرِيْٓـًٔا ۝

۲۳۔وَاِنْ اَرَدْتُّمُ اسْتِبْدَالَ زَوْجٍ مَّكَانَ زَوْجٍ وَّاٰتَيْتُمْ اِحْدٰىهُنَّ قِنْطَارًا فَلَا تَاْخُذُوْا مِنْهُ شَيْـًٔا ط اَتَاْخُذُوْنَهٗ بُهْتَانًا وَّاِثْمًا مُّبِيْنًا ۝

کے بارے میں ہے جن کو تم وہ (مہر) نہیں دیتے جو ان کے لیے لکھا گیا ہے اور تم راغب ہو کہ ان سے نکاح کرو اور کمزور بچوں کے بارے میں ہے اور یہ حکم ہے کہ تم یتیموں کے بارے میں انصاف پر قائم رہو اور جو نیکی تم کرو گے تو بے شک اللہ اس کو جانتا ہے۔

-النساء ۴: ۱۲۷-

۱۷۔ اگر عورتیں اپنی خوشی سے مہر چھوڑ دیں تو جائز ہے

۲۲۔ پھر اگر وہ (عورتیں) اپنی خوش دلی سے اس میں سے کچھ چھوڑ دیں تو اس کو کھاؤ رجھتا، پچتا۔

-النساء ۴: ۴-

۱۸۔ اگر عورت کو طلاق دینے کا ارادہ ہو تو اس سے مہر یا جو کچھ دے چکے ہو واپس لینا جائز نہیں

۲۳۔اور اگر تم ایک بیوی کی جگہ دوسری بیوی بدلنا چاہو اور ان میں سے

کسی کو تم نے ڈھیروں مال دے دیا ہو تو اس میں سے کچھ واپس نہ لو۔ کیا تم اس کو جھوٹا الزام لگا کر اور کھلا گناہ کر کے لینا چاہتے ہو اور تم اس کو کس طرح لیتے ہو حالانکہ تم آپس میں ایک دوسرے سے بے حجاب ہو چکے ہو اور وہ عورتیں تم سے پکا عہد لے چکی ہیں۔

-النساء ۴: ۲۰-۲۱

وَ كَيْفَ تَأْخُذُوْنَهٗ وَ قَدْ اَفْضٰى بَعْضُكُمْ اِلٰى بَعْضٍ وَّ اَخَذْنَ مِنْكُمْ مِّيْثَاقًا غَلِيْظًا ﴿۲۱﴾

۱۹۔ مہر مقرر ہوئے پیچھے زوجین کی رضا مندی سے اس میں کمی ہو سکتی ہے

۲۴۔ اور تم پر گناہ نہیں اس میں جس پر تم ٹھہرائے پیچھے باہم رضا مند ہو جاؤ۔ بے شک اللہ جاننے والا، حکمت والا ہے۔

-النساء ۴: ۲۴-

۲۴۔ وَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ فِيْمَا تَرٰضَيْتُمْ بِهٖ مِنْۢ بَعْدِ الْفَرِيْضَةِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلِيْمًا حَكِيْمًا ﴿۲۴﴾

طلاق

۱۔ طلاق اصلی صرف دو ہیں

۱۔ طلاق (کل) دو ہیں پھر ان کے بعد خوبی کے ساتھ روک رکھنا ہے یا خوبی کے ساتھ چھوڑ دینا۔

-البقرۃ ۲: ۲۲۹-

۱۔ اَلطَّلَاقُ مَرَّتٰنِ ۪ فَاِمْسَاكٌۢ بِمَعْرُوْفٍ اَوْ تَسْرِيْحٌۢ بِاِحْسَانٍ ؕ

۲۔ تین طلاقوں والی عورت بغیر حلالہ خاوند کے نکاح میں نہیں آسکتی

۲۔ پھر اگر اس کو تیسری بار طلاق دے دی تو اس کے بعد وہ اس کو حلال نہیں یہاں تک کہ اس کے سوا دوسرے خاوند سے نکاح کر لے۔ پھر اگر اس کو (دوسرے خاوند نے) طلاق دے دی تو ان پر گناہ نہیں کہ وہ دونوں پھر نکاح کی طرف لوٹ آئیں اگر جانیں کہ اللہ کے احکام کو قائم رکھ سکیں گے اور یہ اللہ کی حدیں ہیں۔ وہ ان کو ان لوگوں کے لیے بیان کرتا ہے جو جانتے ہیں۔

-البقرۃ ۲: ۲۳۰-

۲۔ فَاِنْ طَلَّقَهَا فَلَا تَحِلُّ لَهٗ مِنْۢ بَعْدُ حَتّٰى تَنْكِحَ زَوْجًا غَيْرَهٗ ؕ فَاِنْ طَلَّقَهَا فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِمَآ اَنْ يَّتَرَاجَعَآ اِنْ ظَنَّآ اَنْ يُّقِيْمَا حُدُوْدَ اللّٰهِ ؕ وَ تِلْكَ حُدُوْدُ اللّٰهِ يُبَيِّنُهَا لِقَوْمٍ يَّعْلَمُوْنَ ﴿۲۳۰﴾

۳۔ طلاق والی عورتوں کو خوبی کے ساتھ روک رکھو یا خوبی کے ساتھ چھوڑ دو۔ انہیں ضرر پہنچانے کے لیے نہ روکو

۳۔ اور جب تم عورتوں کو طلاق دے دو پھر وہ اپنی (عدت کی) میعاد کو پہنچ جائیں تو انہیں خوبی کے ساتھ (نکاح کر کے) روک رکھو یا خوبی کے ساتھ چھوڑ دو اور ان کو نقصان پہنچانے کے لیے نہ روکو تاکہ تم زیادتی کرو اور جو کوئی یہ کرے اس نے اپنی جان پر ظلم کیا اور اللہ کی آیتوں کو ٹھٹھا نہ بناؤ اور اللہ کی نعمت جو تم پر ہے، یاد کرو اور جو کتاب اور حکمت تم پر اُتاری گئی ہے اس کے ساتھ تم کو اللہ نصیحت کرتا ہے اور اللہ سے ڈرو اور جان لو کہ اللہ ہر شے کو جانتا ہے۔

-البقرۃ ۲: ۲۳۱-

۳۔ وَ اِذَا طَلَّقْتُمُ النِّسَآءَ فَبَلَغْنَ اَجَلَهُنَّ فَاَمْسِكُوْهُنَّ بِمَعْرُوْفٍ اَوْ سَرِّحُوْهُنَّ بِمَعْرُوْفٍ ۪ وَ لَا تُمْسِكُوْهُنَّ ضِرَارًا لِّتَعْتَدُوْا ۚ وَ مَنْ يَّفْعَلْ ذٰلِكَ فَقَدْ ظَلَمَ نَفْسَهٗ ؕ وَ لَا تَتَّخِذُوْٓا اٰيٰتِ اللّٰهِ هُزُوًا ۫ وَّ اذْكُرُوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَ مَآ اَنْزَلَ عَلَيْكُمْ مِّنَ الْكِتٰبِ وَ الْحِكْمَةِ يَعِظُكُمْ بِهٖ ؕ وَ اتَّقُوا اللّٰهَ وَ اعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ﴿۲۳۱﴾

۴۔ پھر جب وہ اپنی میعاد کو پہنچ جائیں تو انہیں خوبی کے ساتھ روک رکھو یا خوبی کے ساتھ علیحدہ کر دو۔

۔الطلاق ۶۵: ۲۔

۴۔ طلاق والی عورتوں کو نکاح سے نہ روکو

۵۔اور جب تم عورتوں کو طلاق دو پھر وہ اپنی میعاد کو پہنچ جائیں تو (اے اولیا) ان کو اس بات سے نہ روکو کہ وہ اپنے خاوندوں سے پھر نکاح کر لیں جب وہ خوش اسلوبی سے آپس میں رضامند ہو جائیں۔اس کے ساتھ اس کو نصیحت کی جاتی ہے جو تم میں سے اللہ اور قیامت پر ایمان رکھتا ہے۔ یہ بات تمہارے لیے زیادہ ستھرائی اور پاکیزگی کا باعث ہے اور اللہ جانتا ہے اور تم نہیں جانتے۔

۔البقرۃ ۲: ۲۳۲۔

۵۔ عورتوں کو ہاتھ لگانے سے پہلے طلاق دینی گناہ نہیں

۶۔تم پر کچھ گناہ نہیں اگر تم عورتوں کو طلاق دو جب کہ تم نے ان کو ہاتھ نہ لگایا ہو یا اُن کے لیے مہر مقرر نہ کیا ہو۔

۔البقرۃ ۲: ۲۳۶۔

۶۔ مطلقہ عورتوں سے نکاح کرنے کے زیادہ حق دار ان کے خاوند ہیں

۷۔اور اس بارے میں ان کے خاوند اُن کی واپسی کے زیادہ حق دار ہیں اگر وہ دونوں اصلاح چاہتے ہوں اور عورتوں کا حق اسی کے مانند ہے جو ان پر (مردوں کا) ہے، خوبی کے ساتھ اور مردوں کو ان پر بڑائی ہے اور اللہ غالب ہے، حکمت والا۔

۔البقرۃ ۲: ۲۲۸۔

۴۔ فَاِذَا بَلَغْنَ اَجَلَهُنَّ فَاَمْسِكُوْهُنَّ بِمَعْرُوْفٍ اَوْ فَارِقُوْهُنَّ بِمَعْرُوْفٍ

۵۔ وَاِذَا طَلَّقْتُمُ النِّسَآءَ فَبَلَغْنَ اَجَلَهُنَّ فَلَا تَعْضُلُوْهُنَّ اَنْ يَّنْكِحْنَ اَزْوَاجَهُنَّ اِذَا تَرَاضَوْا بَيْنَهُمْ بِالْمَعْرُوْفِ ؕ ذٰلِكَ يُوْعَظُ بِهٖ مَنْ كَانَ مِنْكُمْ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ ؕ ذٰلِكُمْ اَزْكٰى لَكُمْ وَاَطْهَرُ ؕ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ وَاَنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿۲۳۲﴾

۶۔ لَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ اِنْ طَلَّقْتُمُ النِّسَآءَ مَا لَمْ تَمَسُّوْهُنَّ اَوْ تَفْرِضُوْا لَهُنَّ فَرِيْضَةً ۚۖ

۷۔ وَبُعُوْلَتُهُنَّ اَحَقُّ بِرَدِّهِنَّ فِيْ ذٰلِكَ اِنْ اَرَادُوْٓا اِصْلَاحًا ؕ وَلَهُنَّ مِثْلُ الَّذِيْ عَلَيْهِنَّ بِالْمَعْرُوْفِ ۪ وَلِلرِّجَالِ عَلَيْهِنَّ دَرَجَةٌ ؕ وَاللّٰهُ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ﴿۲۲۸﴾

۸۔ يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ اِذَا طَلَّقْتُمُ النِّسَآءَ فَطَلِّقُوْهُنَّ لِعِدَّتِهِنَّ وَاَحْصُوا الْعِدَّةَ ۚ

۹۔ وَّمَتِّعُوْهُنَّ ۚ عَلَى الْمُوْسِعِ قَدَرُهٗ وَعَلَى الْمُقْتِرِ قَدَرُهٗ ۚ مَتَاعًا بِالْمَعْرُوْفِ ۚ حَقًّا عَلَى الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۲۳۶﴾

۱۰۔ وَلِلْمُطَلَّقٰتِ مَتَاعٌ بِالْمَعْرُوْفِ ؕ حَقًّا عَلَى الْمُتَّقِيْنَ ﴿۲۴۱﴾

۷۔ طلاق دینی ہو تو زمانہ عدت یعنی پاکی کے دنوں میں دو

۸۔اے نبی جب تم عورتوں کو طلاق دو تو ان کی عدت کے دنوں (یعنی پاکی کے دنوں) میں دو اور عدت کو گنتے رہو۔

۔الطلاق ۶۵: ۱۔

۸۔ طلاق والی عورتیں کو اپنی وسعت کے مطابق خرچ دو

۹۔اور ان کو خرچ دو وسعت والے پر اس کی وسعت کے مطابق ہے اور تنگ دست پر اس کے مطابق۔عمدگی سے خرچ کر دینا یہ نیکوکاروں پر حق ہے۔

۔البقرۃ ۲: ۲۳۶۔

۱۰۔اور طلاق والیوں کے لیے خوبی کے ساتھ خرچ دینا ہے یہ متقیوں پر حق ہے۔

۔البقرۃ ۲: ۲۴۱۔

۹۔ بغیر ہاتھ لگائے طلاق دینے کی صورت میں آدھا مہر ہے

۱۱۔اور اگر تم ان کو اس سے پہلے ہی طلاق دے دو کہ تم نے ان کو ہاتھ لگایا ہو اور تم ان کا مہر مقرر کر چکے ہو تو جو تم نے مقرر کیا اس کا آدھا دو مگر یہ کہ وہ عورتیں معاف کر دیں یا وہ شخص جس کے ہاتھ میں نکاح کی گرہ ہے، معاف کر دے (پورا مہر دے دے) اور یہ کہ تم مرد معاف کرو (پورے دو) پرہیز گاری کے زیادہ قریب ہے اور اپنے درمیان بڑائی کو نہ بھولو۔

۔البقرۃ ۲: ۲۳۷۔

۱۰۔ بغیر ہاتھ لگائے طلاق دینے کی صورت میں مطلقہ کو خرچ بھی دینا چاہیے

۱۲۔مسلمانو! جب تم مسلمان عورتوں سے نکاح کرو پھر تم ان کو ہاتھ لگانے سے پہلے ہی طلاق دے دو تو تمہارے لیے اُن پر عدت نہیں ہے کہ تم اس کی گنتی پوری کرواؤ۔ پس ان کو خرچ (کپڑوں کا جوڑا) دو اور خوبی سے ان کو چھوڑ دو۔

۔الاحزاب ۳۳: ۴۹۔

خلع

۱۔ زوجین کی رضامندی سے خلع میں گناہ نہیں

۱۔اور تمہارے لیے حلال نہیں ہے کہ جو تم ان عورتوں کو دے چکے ہو اس میں سے کچھ واپس لے لو مگر یہ کہ وہ دونوں اس بات سے ڈریں کہ وہ اللہ کی حدوں پر قائم نہ رہ سکیں گے سو اگر تم اس بات سے ڈرو کہ وہ دونوں اللہ کی حدوں پر قائم نہ رہ سکیں گے تو ان پر اس میں کچھ گناہ نہیں جو وہ عورت اپنا عوض دے یہ اللہ کی حدیں ہیں اُن سے آگے نہ بڑھو اور جو اللہ کی حدوں سے آگے بڑھے گا تو ایسے ہی لوگ ظالم ہیں۔

۔البقرۃ ۲: ۲۲۹۔

۱۱۔ وَاِنْ طَلَّقْتُمُوْهُنَّ مِنْ قَبْلِ اَنْ تَمَسُّوْهُنَّ وَقَدْ فَرَضْتُمْ لَهُنَّ فَرِيْضَةً فَنِصْفُ مَا فَرَضْتُمْ اِلَّآ اَنْ يَّعْفُوْنَ اَوْ يَعْفُوَا الَّذِيْ بِيَدِهٖ عُقْدَةُ النِّكَاحِ ۭ وَاَنْ تَعْفُوْٓا اَقْرَبُ لِلتَّقْوٰى ۭ وَلَا تَنْسَوُا الْفَضْلَ بَيْنَكُمْ ۭ

۱۲۔ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِذَا نَكَحْتُمُ الْمُؤْمِنٰتِ ثُمَّ طَلَّقْتُمُوْهُنَّ مِنْ قَبْلِ اَنْ تَمَسُّوْهُنَّ فَمَا لَكُمْ عَلَيْهِنَّ مِنْ عِدَّةٍ تَعْتَدُّوْنَهَا ۚ فَمَتِّعُوْهُنَّ وَسَرِّحُوْهُنَّ سَرَاحًا جَمِيْلًا ۝

۱۔ وَلَا يَحِلُّ لَكُمْ اَنْ تَاْخُذُوْا مِمَّآ اٰتَيْتُمُوْهُنَّ شَيْـًٔا اِلَّآ اَنْ يَّخَافَآ اَلَّا يُقِيْمَا حُدُوْدَ اللّٰهِ ۭ فَاِنْ خِفْتُمْ اَلَّا يُقِيْمَا حُدُوْدَ اللّٰهِ ۙ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِمَا فِيْمَا افْتَدَتْ بِهٖ ۭ تِلْكَ حُدُوْدُ اللّٰهِ فَلَا تَعْتَدُوْهَا ۚ وَمَنْ يَّتَعَدَّ حُدُوْدَ اللّٰهِ فَاُولٰۗىِٕكَ هُمُ الظّٰلِمُوْنَ ۝

۱۔ وَالْمُطَلَّقٰتُ يَتَرَبَّصْنَ بِاَنْفُسِهِنَّ ثَلٰثَةَ قُرُوْۗءٍ ۭ

۲۔ وَالّٰۗـِٔيْ يَىِٕسْنَ مِنَ الْمَحِيْضِ مِنْ نِّسَاۗىِٕكُمْ اِنِ ارْتَبْتُمْ فَعِدَّتُهُنَّ ثَلٰثَةُ اَشْهُرٍ ۙ ...... ذٰلِكَ اَمْرُ اللّٰهِ اَنْزَلَهٗٓ اِلَيْكُمْ ۭ وَمَنْ يَّتَّقِ اللّٰهَ يُكَفِّرْ عَنْهُ سَيِّاٰتِهٖ وَيُعْظِمْ لَهٗٓ اَجْرًا ۝

عدّت

۱۔ طلاق والی عورتوں کی عدت تین حیض (یا طہر) ہیں۔

۱۔اور مطلقہ عورتیں اپنے آپ کو تین حیض (یا طہر) تک (نکاح سے) روکے رہیں۔

۔البقرۃ ۲: ۲۲۸۔

۲۔ جن کو حیض نہیں آتا ان کی عدت تین ماہ

۲۔اور تمہاری عورتوں میں سے جو حیض سے ناامید ہوں اگر تم کو شک ہو تو ان کی عدّت تین مہینے ہے...... یہ اللہ کا حکم ہے جو اس نے تمہاری طرف اتارا ہے اور جو اللہ سے ڈرے گا اس کے گناہ اُتار دے گا اور اس کو بڑا ثواب دے گا۔

۔الطلاق ۶۵: ۴......۵

۳۔ موت کی عدت چار مہینے دس روز

۳۔اور جو تم میں سے مر جائیں اور بیویاں چھوڑ مریں تو وہ بیویاں اپنے آپ کو چار مہینے دس دن تک (نکاح سے) روکے رہیں۔ پھر جب وہ اپنی میعاد کو پہنچ جائیں تو جو وہ اپنے لیے خوبی کے ساتھ کریں تم پر اس میں کچھ گناہ نہیں۔

۔البقرۃ ۲: ۲۳۴۔

۴۔ مرنے والوں کو اپنی بیویوں کو سال بھر کی نان نفقہ اور سکونت کی وصیت کرنی چاہیے

۴۔اور جو تم میں سے مر جائیں اور بیویاں چھوڑیں ان پر اپنی بیویوں کے لیے وصیّت کرنا ہے کہ سال بھر تک ان کو فائدہ دیں، گھر سے نہ نکالیں۔

۔البقرۃ ۲: ۲۴۰۔

۵۔ عدت کے دنوں کو گنتے رہو

۵۔اور عدت کے دن گنتے رہو۔

۔الطلاق ۶۵: ۱۔

۶۔ عدت شوہر کے گھر گزارے شوہر بغیر جرمِ بے حیائی اسے نہ نکالے

۶۔(اور) ان کو ان کے گھروں سے نہ نکالو اور نہ خود نکلیں مگر یہ کہ کھلی بے حیائی کریں اور یہ اللہ کی حدیں ہیں اور جو اللہ کی حدوں سے تجاوز کرے گا اس نے اپنی جان پر ظلم کیا تو نہیں جانتا شاید اللہ اس کے بعد کوئی بات پیدا کر دے۔

۔الطلاق ۶۵: ۱۔

۷۔ بغیر ہاتھ لگائے طلاق دینے کی صورت میں عدت نہیں

۷۔مسلمانو! جب تم مسلمان عورتوں سے نکاح کرو پھر اس سے پہلے ہی کہ تم اُن کو چھوؤ اُن کو طلاق دے دو تو تمہارے لیے ان پر کوئی عدّت نہیں کہ تم اس کو شمار کراؤ۔ پس ان کو فائدہ دو انہیں خوبی کے ساتھ چھوڑ دو۔

۔الاحزاب ۳۳: ۴۹۔

۸۔ عدت والی کو اور حاملہ ہو تو جننے تک مکان کے ساتھ نفقہ بھی دو

۸۔اُن کو رکھو جہاں تم رہتے ہو اپنے مقدور کے مطابق اور ان کو ایذا نہ دو کہ اُن پر تنگی کرو اور اگر وہ حمل والی ہیں تو ان پر خرچ کرو یہاں تک کہ بچہ جن لیں۔

۔الطلاق ۶۵: ۶۔

۹۔ عدت والی کو حمل کا چھپانا

۹۔اور ان کے لیے حلال نہیں ہے کہ وہ اس چیز کو چھپائیں جو اللہ نے

۳۔وَالَّذِیْنَ یُتَوَفَّوْنَ مِنْكُمْ وَیَذَرُوْنَ اَزْوَاجًا یَّتَرَبَّصْنَ بِاَنْفُسِهِنَّ اَرْبَعَةَ اَشْهُرٍ وَّعَشْرًا ۚ فَاِذَا بَلَغْنَ اَجَلَهُنَّ فَلَا جُنَاحَ عَلَیْكُمْ فِیْمَا فَعَلْنَ فِیْۤ اَنْفُسِهِنَّ بِالْمَعْرُوْفِ ؕ

۴۔وَالَّذِیْنَ یُتَوَفَّوْنَ مِنْكُمْ وَیَذَرُوْنَ اَزْوَاجًا ۖۚ وَّصِیَّةً لِّاَزْوَاجِهِمْ مَّتَاعًا اِلَی الْحَوْلِ غَیْرَ اِخْرَاجٍ ۚ

۵۔وَاَحْصُوا الْعِدَّةَ ۚ

۶۔لَا تُخْرِجُوْهُنَّ مِنْۢ بُیُوْتِهِنَّ وَلَا یَخْرُجْنَ اِلَّاۤ اَنْ یَّاْتِیْنَ بِفَاحِشَةٍ مُّبَیِّنَةٍ ؕ وَتِلْكَ حُدُوْدُ اللّٰهِ ؕ وَمَنْ یَّتَعَدَّ حُدُوْدَ اللّٰهِ فَقَدْ ظَلَمَ نَفْسَهٗ ؕ لَا تَدْرِیْ لَعَلَّ اللّٰهَ یُحْدِثُ بَعْدَ ذٰلِكَ اَمْرًا ۝

۷۔یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْۤا اِذَا نَكَحْتُمُ الْمُؤْمِنٰتِ ثُمَّ طَلَّقْتُمُوْهُنَّ مِنْ قَبْلِ اَنْ تَمَسُّوْهُنَّ فَمَا لَكُمْ عَلَیْهِنَّ مِنْ عِدَّةٍ تَعْتَدُّوْنَهَا ۚ فَمَتِّعُوْهُنَّ وَسَرِّحُوْهُنَّ سَرَاحًا جَمِیْلًا ۝

۸۔اَسْكِنُوْهُنَّ مِنْ حَیْثُ سَكَنْتُمْ مِّنْ وُّجْدِكُمْ وَلَا تُضَآرُّوْهُنَّ لِتُضَیِّقُوْا عَلَیْهِنَّ ؕ وَاِنْ كُنَّ اُولَاتِ حَمْلٍ فَاَنْفِقُوْا عَلَیْهِنَّ حَتّٰی یَضَعْنَ حَمْلَهُنَّ ۚ

۹۔وَلَا یَحِلُّ لَهُنَّ اَنْ یَّكْتُمْنَ مَا خَلَقَ اللّٰهُ فِیْۤ اَرْحَامِهِنَّ اِنْ كُنَّ یُؤْمِنَّ

ان کے رحموں میں پیدا کی ہے اگر وہ اللہ اور قیامت پر ایمان رکھتی ہیں۔

-البقرۃ ۲: ۲۲۸-

۱۰۔ عدت میں منگنی کا کنایہ کرنے میں گناہ نہیں

۱۰۔اور تم پر کچھ گناہ نہیں کہ تم (ایامِ عدت) عورتوں سے کنایۃً منگنی کا ذکر کرو یا اپنے دلوں میں چھپاؤ۔ اللہ کو معلوم ہے کہ تم ان کا ذکر تذکرہ کرو گے لیکن پوشیدہ طور پر ان سے قول نہ کرو مگر یہ کہ تم پسندیدہ بات کہو۔

-البقرۃ ۲: ۲۳۵-

۱۱۔ عدت میں نکاح نہ کرو

۱۱۔اور نکاح کی گرہ لگانے کا ارادہ نہ کرو جب تک کہ میعاد اپنے اختتام کو نہ پہنچ جائے۔

-البقرۃ ۲: ۲۳۵-

بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ

۱۰۔وَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ فِيْمَا عَرَّضْتُمْ بِهٖ مِنْ خِطْبَةِ النِّسَاۗءِ اَوْ اَكْنَنْتُمْ فِيْٓ اَنْفُسِكُمْ ۭ عَلِمَ اللّٰهُ اَنَّكُمْ سَتَذْكُرُوْنَهُنَّ وَلٰكِنْ لَّا تُوَاعِدُوْهُنَّ سِرًّا اِلَّآ اَنْ تَقُوْلُوْا قَوْلًا مَّعْرُوْفًا ڛ

۱۱۔وَلَا تَعْزِمُوْا عُقْدَةَ النِّكَاحِ حَتّٰى يَبْلُغَ الْكِتٰبُ اَجَلَهٗ ۭ

۱۲۔فَاِذَا بَلَغْنَ اَجَلَهُنَّ فَاَمْسِكُوْهُنَّ بِمَعْرُوْفٍ اَوْ فَارِقُوْهُنَّ بِمَعْرُوْفٍ وَّاَشْهِدُوْا ذَوَيْ عَدْلٍ مِّنْكُمْ وَاَقِيْمُوا الشَّهَادَةَ لِلّٰهِ ۭ ذٰلِكُمْ يُوْعَظُ بِهٖ مَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ ڛ

رجعت

۱۔ رجعت یا تفریق پر معتبر گواہ کر لینے چاہییں

۱۲۔پھر جب وہ اپنی میعاد کو پہنچ جائیں تو انہیں پسندیدہ طور پر روکے رکھو یا انہیں پسندیدہ طور پر چھوڑ دو اور اپنے لوگوں میں دو معتبر گواہ کر لو اور اللہ کے لیے درست شہادت دو۔ یہ ہے جس کے ساتھ ان کو نصیحت کی جاتی ہے جو اللہ اور قیامت پر ایمان رکھتے ہیں۔

-الطلاق ۶۵: ۲-

ایلاء

۱۔ ایلاء میں چار مہینے تک مہلت

۱۔جو لوگ اپنی عورتوں سے ایلا کرتے ہیں ان کے لیے

۱۔لِلَّذِيْنَ يُؤْلُوْنَ مِنْ نِّسَاۗىِٕهِمْ تَرَبُّصُ اَرْبَعَةِ اَشْهُرٍ ۚ

۲۔فَاِنْ فَاۗءُوْ فَاِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝

۳۔وَاِنْ عَزَمُوا الطَّلَاقَ فَاِنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ۝

چار مہینے کا انتظار کرنا ہے۔

-البقرۃ ۲: ۲۲۶-

۲۔ پھر رجوع

۲۔پھر اگر وہ رجوع کریں تو بے شک اللہ بخشنے والا، مہربان ہے۔

-البقرۃ ۲: ۲۲۶-

۳۔ یا طلاق

۳۔اور اگر وہ طلاق کا ارادہ کریں تو اللہ سننے والا، جاننے والا ہے۔

-البقرۃ ۲: ۲۲۷-

لعان

۱۔وَالَّذِيْنَ يَرْمُوْنَ اَزْوَاجَهُمْ وَلَمْ يَكُنْ لَّهُمْ شُهَدَاۗءُ اِلَّآ اَنْفُسُهُمْ فَشَهَادَةُ اَحَدِهِمْ اَرْبَعُ شَهٰدٰتٍۢ بِاللّٰهِ ۙ اِنَّهٗ لَمِنَ الصّٰدِقِيْنَ ۝ وَالْخَامِسَةُ اَنَّ

۱۔ لعان عورتوں پر الزام لگانا

۱۔اور جو لوگ اپنی عورتوں پر الزام لگاتے ہیں اور ان کے پاس گواہ نہیں

ہیں سوائے ان کی اپنی ذات کے۔ تو ان میں سے ایک کی گواہی ہے، خدا کی قسم کے ساتھ چار بار کہ بے شک وہ سچوں میں ہے اور پانچویں بار یہ کہ اس پر اللہ کی لعنت ہو اگر وہ جھوٹوں میں ہو اور اس عورت سے یہ بات سزا کو ٹال دیتی ہے کہ وہ چار بار گواہی دے، اللہ کی قسم کے ساتھ کہ بے شک وہ مرد جھوٹوں میں ہے اور پانچویں دفعہ یہ کہ اس پر (یعنی مجھ پر) اللہ کا غضب نازل ہو اگر وہ مرد سچوں میں ہو۔ اور اگر تم پر اللہ کا فضل اور اس کی رحمت اور یہ بات نہ ہوتی کہ اللہ مہربان، حکمت والا ہے تو کیا کچھ نہ ہو جاتا۔

-النور ۲۴: ۶-۱۰-

ظہار

۱۔ بیوی کو ماں کہہ دینے سے حقیقی ماں نہیں بن جاتی

۱۔ اللہ کسی مرد کے سینے میں دو دل پیدا نہیں کئے اور تمہاری ان عورتوں کو جن کو تم ماں کہہ بیٹھتے ہو تمہاری ماں نہیں بنایا اور تمہارے لے پالکوں کو تمہارا بیٹا نہیں بنایا۔ یہ تمہارے منہ کی کہن ہے اور اللہ حق کہتا ہے۔ اور وہ راہ راست دکھاتا ہے۔

-الاحزاب ۳۳: ۴-

۲۔ بیوی کو ماں کہنا گناہ ہے لیکن وہ اس کہنے سے حقیقی ماں نہیں بن جاتی، حقیقی ماں صرف وہی ہے جس سے پیدا ہوا ہے

۲۔ اللہ نے اس عورت کی بات سن لی جو اپنے خاوند کے بارے میں تجھ سے جھگڑتی اور اللہ سے شکایت کرتی ہے اور اللہ تم دونوں کی باتیں سنتا ہے۔ بے شک اللہ سننے والا، دیکھنے والا ہے۔

-المجادلة ۵۸: ۱-

لَعْنَتَ اللّٰهِ عَلَيْهِ إِنْ كَانَ مِنَ الْكٰذِبِينَ ۝ وَيَدْرَؤُا عَنْهَا الْعَذَابَ أَنْ تَشْهَدَ أَرْبَعَ شَهٰدٰتٍ بِاللّٰهِ إِنَّهُ لَمِنَ الْكٰذِبِينَ ۝ وَالْخَامِسَةَ أَنَّ غَضَبَ اللّٰهِ عَلَيْهَا إِنْ كَانَ مِنَ الصّٰدِقِينَ ۝ وَلَوْلَا فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَتُهُ وَأَنَّ اللّٰهَ تَوَّابٌ حَكِيمٌ ۝

۱- مَا جَعَلَ اللّٰهُ لِرَجُلٍ مِّنْ قَلْبَيْنِ فِي جَوْفِهِ ۚ وَمَا جَعَلَ أَزْوَاجَكُمُ الّٰئِي تُظٰهِرُونَ مِنْهُنَّ أُمَّهٰتِكُمْ ۚ وَمَا جَعَلَ أَدْعِيَاءَكُمْ أَبْنَاءَكُمْ ۚ ذٰلِكُمْ قَوْلُكُمْ بِأَفْوَاهِكُمْ ۖ وَاللّٰهُ يَقُولُ الْحَقَّ وَهُوَ يَهْدِي السَّبِيلَ ۝

۲- قَدْ سَمِعَ اللّٰهُ قَوْلَ الَّتِي تُجَادِلُكَ فِي زَوْجِهَا وَتَشْتَكِي إِلَى اللّٰهِ ۖ وَاللّٰهُ يَسْمَعُ تَحَاوُرَكُمَا ۚ إِنَّ اللّٰهَ سَمِيعٌ بَصِيرٌ ۝

۳- الَّذِينَ يُظٰهِرُونَ مِنْكُمْ مِّنْ نِّسَائِهِمْ مَّا هُنَّ أُمَّهٰتِهِمْ ۖ إِنْ أُمَّهٰتُهُمْ إِلَّا الّٰئِي وَلَدْنَهُمْ ۚ وَإِنَّهُمْ لَيَقُولُونَ مُنْكَرًا مِّنَ الْقَوْلِ وَزُورًا ۚ وَإِنَّ اللّٰهَ لَعَفُوٌّ غَفُورٌ ۝

۴- وَالَّذِينَ يُظٰهِرُونَ مِنْ نِّسَائِهِمْ ثُمَّ يَعُودُونَ لِمَا قَالُوا فَتَحْرِيرُ رَقَبَةٍ مِّنْ قَبْلِ أَنْ يَتَمَاسَّا ۚ ذٰلِكُمْ تُوعَظُونَ بِهِ ۚ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُونَ خَبِيرٌ ۝ فَمَنْ لَّمْ يَجِدْ فَصِيَامُ شَهْرَيْنِ مُتَتَابِعَيْنِ مِنْ قَبْلِ أَنْ يَتَمَاسَّا ۖ فَمَنْ لَّمْ يَسْتَطِعْ

۳۔ جو لوگ تم میں سے اپنی بیویوں کو ماں کہہ بیٹھتے ہیں، وہ ان کی مائیں نہیں ہیں۔ اُن کی مائیں صرف وہی ہیں جنہوں نے اُن کو جنا ہے اور کچھ شک نہیں کہ وہ ایک نامعقول بات اور جھوٹ کہتے ہیں اور بے شک اللہ معاف کرنے والا، بخشنے والا ہے۔

-المجادلة ۵۸: ۲-

۳۔ بیوی کو ماں کہنے پر ایک غلام آزاد کرو، اتنی مقدرت نہ ہو تو لگاتار ساٹھ روزے رکھو، اس کی بھی طاقت نہ ہو تو ساٹھ مسکینوں کو کھانا کھلاؤ، یہ سب کچھ عورت کو ہاتھ لگانے سے پیشتر ہو

۴۔ اور جو لوگ اپنی بیویوں کو ماں کہہ بیٹھتے ہیں پھر جو انہوں نے کہا ہے اس سے لوٹنا چاہتے ہیں تو اس پر ایک گردن کا آزاد کرنا ہے اس سے پہلے کہ وہ دونوں آپس میں ملیں۔ یہ تم کو نصیحت کی جاتی ہے اور اللہ جو تم کرتے ہو جانتا ہے۔ پھر جو نہ پائے تو دو مہینے کے لگاتار روزے ہیں اس

سے پہلے کہ وہ دونوں ایک دوسرے سے ملیں۔ پھر جو اُس کی طاقت نہ رکھتا ہو تو ساٹھ محتاجوں کو کھانا دینا ہے۔ یہ اس لیے کہ تم اللہ اور اس کے رسول پر ایمان لاؤ اور یہ اللہ کی حدیں ہیں اور کافروں کے لیے دردناک عذاب ہے۔

-المجادلۃ ۵۸: ۳-

فَاِطْعَامُ سِتِّیْنَ مِسْكِیْنًا ؕ ذٰلِكَ لِتُؤْمِنُوْا بِاللّٰهِ وَ رَسُوْلِهٖ ؕ وَ تِلْكَ حُدُوْدُ اللّٰهِ ؕ وَ لِلْكٰفِرِیْنَ عَذَابٌ اَلِیْمٌ ۝

رضاع

۱۔ پوری مدت رضاع (شیرخواری) دو برس ہیں

۱۔ اور مائیں اپنی اولاد کو پورے دو برس دودھ پلائیں یہ حکم اس کے لیے ہے جو چاہے کہ پورا دودھ پلوائے۔

-البقرۃ ۲: ۲۳۳-

۱۔ وَ الْوَالِدٰتُ یُرْضِعْنَ اَوْلَادَهُنَّ حَوْلَیْنِ كَامِلَیْنِ لِمَنْ اَرَادَ اَنْ یُّتِمَّ الرَّضَاعَةَ ؕ

۲۔ رضیع (شیرخوار) کے باپ پر مرضعہ کا نفقہ اور کسوت لازم ہے

۲۔ اور باپ پر ان دودھ پلانے والیوں کا نفقہ اور پوشاک ہے عمدگی کے ساتھ۔ کسی جان کو اس کی گنجایش سے زیادہ تکلیف نہیں دی جاتی۔

-البقرۃ ۲: ۲۳۳-

۲۔ وَ عَلَى الْمَوْلُوْدِ لَهٗ رِزْقُهُنَّ وَ كِسْوَتُهُنَّ بِالْمَعْرُوْفِ ؕ لَا تُكَلَّفُ نَفْسٌ اِلَّا وُسْعَهَا ۚ

۳۔ بچے کے دودھ پلانے میں اس کی ماں کو ضرر نہ دیا جائے

۳۔ نہ ماں کو اس کے بچے کے سبب سے نقصان پہنچایا جائے اور نہ باپ کو اس کے بچے کے سبب سے اور وارث پر بھی اسی کی مانند ہے۔

-البقرۃ ۲: ۲۳۳-

۳۔ لَا تُضَآرَّ وَالِدَةٌۢ بِوَلَدِهَا وَ لَا مَوْلُوْدٌ لَّهٗ بِوَلَدِهٖ ۗ وَ عَلَى الْوَارِثِ مِثْلُ ذٰلِكَ ۚ

۴۔ رضامندی سے بچے کی ماں سے دودھ چھڑانا گناہ نہیں

۴۔ پھر اگر ماں باپ آپس کی رضامندی اور مشورہ سے (دو برس سے پہلے ہی) دودھ چھڑانا چاہیں تو اُن پر کچھ گناہ نہیں۔

-البقرۃ ۲: ۲۳۳-

۴۔ فَاِنْ اَرَادَا فِصَالًا عَنْ تَرَاضٍ مِّنْهُمَا وَ تَشَاوُرٍ فَلَا جُنَاحَ عَلَیْهِمَا ؕ

۵۔ دودھ پلانے میں بچے کی ماں کو اجرت دینا

۵۔ اور اگر تم چاہو کہ اپنی اولاد کو (دایہ سے) دودھ پلواؤ تو تم پر کچھ گناہ نہیں جب تم، وہ جو تم نے ٹھہرالیا ہے عمدگی کے ساتھ دے دو۔

-البقرۃ ۲: ۲۳۳-

۵۔ وَ اِنْ اَرَدْتُّمْ اَنْ تَسْتَرْضِعُوْۤا اَوْلَادَكُمْ فَلَا جُنَاحَ عَلَیْكُمْ اِذَا سَلَّمْتُمْ مَّاۤ اٰتَیْتُمْ بِالْمَعْرُوْفِ ؕ

۶۔ پھر اگر وہ تمہارے کہنے سے دودھ پلائیں تو اُن کو اُن ہی کی اجرت دو اور عمدگی کے ساتھ آپس میں موافقت رکھو اور اگر تم مضائقہ کرو گے تو اس کے کہنے سے دوسری عورت دودھ پلا دے گی۔

-الطلاق ۶۵: ۶-

۶۔ فَاِنْ اَرْضَعْنَ لَكُمْ فَاٰتُوْهُنَّ اُجُوْرَهُنَّ ۚ وَ اْتَمِرُوْا بَیْنَكُمْ بِمَعْرُوْفٍ ۚ وَ اِنْ تَعَاسَرْتُمْ فَسَتُرْضِعُ لَهٗۤ اُخْرٰى ؕ ۝

۶۔ دودھ پلانے میں بچے کی ماں کو مقدور کے مطابق نفقہ دینا چاہیے

۷۔ چاہیے کہ وسعت والا اپنی وسعت میں سے خرچ کرے اور وہ جس پر روزی تنگ کی گئی ہے جس قدر اللہ نے اس کو دیا ہے اس میں سے

۷۔ لِیُنْفِقْ ذُوْ سَعَةٍ مِّنْ سَعَتِهٖ ؕ وَ مَنْ قُدِرَ عَلَیْهِ رِزْقُهٗ فَلْیُنْفِقْ مِمَّاۤ اٰتٰىهُ

خرچ کرے۔ اللہ کسی جان کو اس سے زیادہ تکلیف نہیں دیتا جتنا اس کو دیا ہے۔ عنقریب خدا تنگی کے بعد فراخی کر دے گا۔

۔الطلاق ۶۵:۷۔

اللّٰہُ ۚ لَا یُکَلِّفُ اللّٰہُ نَفۡسًا اِلَّا مَاۤ اٰتٰىہَا ؕ سَیَجۡعَلُ اللّٰہُ بَعۡدَ عُسۡرٍ یُّسۡرًا ۝

معاشرت النساء

۱۔ مرد عورتوں کے سردھرے ہیں

۱۔ اَلرِّجَالُ قَوّٰمُوۡنَ عَلَی النِّسَآءِ بِمَا فَضَّلَ اللّٰہُ بَعۡضَہُمۡ عَلٰی بَعۡضٍ وَّ بِمَاۤ اَنۡفَقُوۡا مِنۡ اَمۡوَالِہِمۡ ؕ فَالصّٰلِحٰتُ قٰنِتٰتٌ حٰفِظٰتٌ لِّلۡغَیۡبِ بِمَا حَفِظَ اللّٰہُ ؕ

۱۔ مرد عورتوں کے سردھرے ہیں اس لیے کہ اللہ نے ان میں سے ایک کو ایک پر بزرگی دی ہے نیز اس لیے کہ مردوں نے اپنے مال خرچ کیے پس نیک بخت عورتیں فرماں بردار ہیں۔ خاوندوں کی غیبت میں، اللہ کی حفاظت کے ساتھ حفاظت کرنے والی ہیں۔

۔النساء ۴:۳۴۔

۲۔ نافرمان عورتوں کو نصیحت اور تنبیہ کرو

۲۔ وَ الّٰتِیۡ تَخَافُوۡنَ نُشُوۡزَہُنَّ فَعِظُوۡہُنَّ وَ اہۡجُرُوۡہُنَّ فِی الۡمَضَاجِعِ وَ اضۡرِبُوۡہُنَّ ۚ

۲۔ اور جن عورتوں کی نافرمانی کا تمہیں اندیشہ ہو ان کو سمجھاؤ اور (اپنے) بستروں سے ان کو علیحدہ کردو اور ان کو مارو۔

۔النساء ۴:۳۴۔

۳۔ مطیع عورتوں پر الزام کی راہ نہ ڈھونڈو

۳۔ فَاِنۡ اَطَعۡنَکُمۡ فَلَا تَبۡغُوۡا عَلَیۡہِنَّ سَبِیۡلًا ؕ اِنَّ اللّٰہَ کَانَ عَلِیًّا کَبِیۡرًا ۝

۳۔ پس اگر وہ تمہاری اطاعت کریں تو (ان پر الزام کی) راہ تلاش نہ کرو۔ بے شک اللہ اونچی شان والا، بڑا ہے۔

۔النساء ۴:۳۴۔

۴۔ اگر میاں بیوی میں اتفاق نہ ہو تو ان کے رشتہ داران میں صلح کرادیں

۴۔ وَ اِنۡ خِفۡتُمۡ شِقَاقَ بَیۡنِہِمَا فَابۡعَثُوۡا حَکَمًا مِّنۡ اَہۡلِہٖ وَ حَکَمًا مِّنۡ اَہۡلِہَا ۚ اِنۡ یُّرِیۡدَاۤ اِصۡلَاحًا یُّوَفِّقِ اللّٰہُ بَیۡنَہُمَا ؕ اِنَّ اللّٰہَ کَانَ عَلِیۡمًا خَبِیۡرًا ۝

۴۔ اور اگر تم ان کے درمیان اختلاف سے ڈرو تو ایک پنچ مرد کے خاندان سے اور ایک پنچ عورت کے خاندان سے مقرر کردو۔ اگر وہ دونوں (پنچ) اصلاح چاہیں گے تو اللہ ان کے درمیان موافقت پیدا کردے گا۔ بے شک اللہ جاننے والا، خبردار ہے۔

۔النساء ۴:۳۵۔

۵۔ میاں بیوی میں صلح ہی بہتر ہے

۵۔ وَ اِنِ امۡرَاَۃٌ خَافَتۡ مِنۡۢ بَعۡلِہَا نُشُوۡزًا اَوۡ اِعۡرَاضًا فَلَا جُنَاحَ عَلَیۡہِمَاۤ اَنۡ یُّصۡلِحَا بَیۡنَہُمَا صُلۡحًا ؕ وَ الصُّلۡحُ خَیۡرٌ ؕ وَ اُحۡضِرَتِ الۡاَنۡفُسُ الشُّحَّ ؕ وَ اِنۡ تُحۡسِنُوۡا وَ تَتَّقُوۡا فَاِنَّ اللّٰہَ کَانَ بِمَا تَعۡمَلُوۡنَ خَبِیۡرًا ۝

۵۔ اور اگر کوئی عورت اپنے خاوند کی طرف سے لڑائی یا روگردانی کا اندیشہ کرے تو ان دونوں (میاں بیوی) پر اس بات میں کوئی گناہ نہیں کہ وہ آپس میں صلح کرلیں اور صلح ہی بہتر ہے اور جانیں بخیلی پر حاضر کی گئی ہیں اور اگر تم نیکی کرو اور (اللہ سے) ڈرو تو بے شک اللہ اس سے خبردار ہے جو تم کرتے ہو۔

۔النساء ۴:۱۲۸۔

۶۔ خاوندوں کو بالکل ایک ہی طرف جھکنا نہیں چاہیے

۶۔ وَ لَنۡ تَسۡتَطِیۡعُوۡۤا اَنۡ تَعۡدِلُوۡا بَیۡنَ النِّسَآءِ وَ لَوۡ حَرَصۡتُمۡ فَلَا تَمِیۡلُوۡا کُلَّ

۶۔ اور تم عورتوں کے درمیان ہرگز انصاف نہیں کرسکو گے اگرچہ تم (اُس پر) حریص ہو۔ پس تم پورے ایک ہی طرف کو نہ جھک جاؤ کہ تم

اُن کو اُدھر میں لٹکا ہوا چھوڑ دو۔ اور اگر تم اصلاح کرو اور (اللہ سے) ڈرو تو بے شک اللہ بخشنے والا، مہربان ہے۔ اور اگر وہ دونوں ایک دوسرے سے جدا ہو جائیں تو اللہ اپنی کشائش سے ہر ایک کو (ایک دوسرے سے) بے پروا کر دے گا اور اللہ وسعت والا، حکمت والا ہے۔

۔النساء ۴: ۱۲۹۔۱۳۰۔

۷۔ تمہاری بیویاں تمہاری کھیتی ہیں

۷۔ تمہاری عورتیں تمہاری کھیتی ہیں تو تم اپنی کھیتی میں جس طرح چاہو آؤ اور اپنی جانوں کے لیے اعمال صالحہ آگے بھیجو اور اللہ سے ڈرو اور جان لو کہ تم اس سے ملنے والے ہو اور (اے نبی ﷺ!) مومنوں کو بشارت دے۔

۔البقرۃ ۲: ۲۲۳۔

۸۔ حیض کیا ہے؟

۸۔ اور لوگ تجھ سے حیض کی بابت پوچھتے ہیں۔ تو کہہ وہ ناپاکی ہے، تو حیض کے دنوں میں عورتوں سے الگ رہو اور ان کے قریب نہ جاؤ جب تک وہ پاک نہ ہولیں۔ پھر جب وہ پاک ہو جائیں تو ان کے پاس آؤ جہاں سے اللہ نے تم کو حکم دیا ہے۔ بے شک اللہ توبہ کرنے والوں کو دوست رکھتا ہے اور پاک لوگوں کو دوست رکھتا ہے۔

۔البقرۃ ۲: ۲۲۲۔

۹۔ عورتیں مردوں کا اور مرد عورتوں کا لباس ہیں

۹۔ وہ (عورتیں) تمہارا لباس ہیں اور تم ان کا لباس ہو۔

۔البقرۃ ۲: ۱۸۷۔

۱۰۔ عورتوں سے نیک برتاؤ کرو

۱۰۔ اور ان کے ساتھ پسندیدہ طور پر رہو سہو۔ پھر اگر تم ان سے نفرت کرو تو شاید کہ تم ایک شے سے نفرت کرو اور اللہ

الْمَيْلِ فَتَذَرُوْهَا كَالْمُعَلَّقَةِ ۭ وَاِنْ تُصْلِحُوْا وَتَتَّقُوْا فَاِنَّ اللّٰهَ كَانَ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ۝ وَاِنْ يَّتَفَرَّقَا يُغْنِ اللّٰهُ كُلًّا مِّنْ سَعَتِهٖ ۭ وَكَانَ اللّٰهُ وَاسِعًا حَكِيْمًا ۝

۷۔ نِسَاۗؤُكُمْ حَرْثٌ لَّكُمْ ۠ فَاْتُوْا حَرْثَكُمْ اَنّٰى شِئْتُمْ ۡ وَقَدِّمُوْا لِاَنْفُسِكُمْ ۭ وَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّكُمْ مُّلٰقُوْهُ ۭ وَبَشِّرِ الْمُؤْمِنِيْنَ ۝

۸۔ وَيَسْــَٔلُوْنَكَ عَنِ الْمَحِيْضِ ۭ قُلْ هُوَ اَذًى ۙ فَاعْتَزِلُوا النِّسَاۗءَ فِي الْمَحِيْضِ ۙ وَلَا تَقْرَبُوْھُنَّ حَتّٰى يَطْهُرْنَ ۚ فَاِذَا تَطَهَّرْنَ فَاْتُوْھُنَّ مِنْ حَيْثُ اَمَرَكُمُ اللّٰهُ ۭ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ التَّـوَّابِيْنَ وَيُحِبُّ الْمُتَطَهِّرِيْنَ ۝

۹۔ هُنَّ لِبَاسٌ لَّكُمْ وَاَنْتُمْ لِبَاسٌ لَّهُنَّ ۭ

۱۰۔ وَعَاشِرُوْھُنَّ بِالْمَعْرُوْفِ ۚ فَاِنْ كَرِھْتُمُوْھُنَّ فَعَسٰٓى اَنْ تَكْرَهُوْا شَـيْـــًٔـا وَّيَجْعَلَ اللّٰهُ فِيْهِ خَيْرًا كَثِيْرًا ۝

۱۱۔ وَلَا تُضَاۗرُّوْھُنَّ لِتُضَيِّقُوْا عَلَيْهِنَّ ۭ

۱۔ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَدْخُلُوْا بُيُوْتًا غَيْرَ بُيُوْتِكُمْ حَتّٰى تَسْتَاْنِسُوْا وَتُسَلِّمُوْا عَلٰٓي اَهْلِهَا ۭ ذٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُوْنَ ۝ فَاِنْ لَّمْ

اس میں بہت سی خوبی پیدا کر دے۔

۔النساء ۴: ۱۹۔

۱۱۔ عورتوں کو کسی قسم کی ایذا نہ دو

۱۱۔ اور ان کو ضرر نہ پہنچاؤ کہ تم ان کو تنگ کرو۔

۔الطلاق ۶۵: ۶۔

پردہ

۱۔ کسی کے گھر میں بغیر اجازت مانگے داخل ہونا جائز نہیں

۱۔ مسلمانو اپنے گھروں کے سوا دوسرے گھروں میں داخل نہ ہوا کرو یہاں تک کہ تم اجازت مانگ لو اور سلام کرلو ان کے رہنے والوں پر۔ یہ تمہارے حق میں بہتر ہے شاید کہ تم نصیحت پکڑو۔ پھر اگر تم ان میں کسی کو نہ پاؤ تو تاوقتیکہ تم کو اجازت نہ دی جائے اُن میں داخل نہ ہو اور اگر تم سے

کہا جائے کہ لوٹ جاؤ تو لوٹ جاؤ۔ یہ تمہارے لیے زیادہ ستھرائی کا باعث ہے اور اللہ جو تم کرتے ہو جانتا ہے۔

-النور ۲۴: ۲۷-۲۸-

۲۔ مکانِ غیر مسکونہ میں ضرورت کی وجہ سے داخل ہونا جائز ہے

۲۔ تم پر کچھ گناہ نہیں کہ تم ان گھروں میں جن میں کوئی نہیں رہتا اور ان میں تمہارا اسباب ہے (بغیر پوچھے) داخل ہو جاؤ اور اللہ جانتا ہے جو تم ظاہر کرتے ہو اور جو تم چھپاتے ہو۔

-النور ۲۴: ۲۹-

۳۔ مرد اور عورتیں نیچی نگاہ رکھیں، کھلے حصے کے سوا اپنی زینت ظاہر نہ کریں، کن کن کے سامنے اپنی زینت کا اظہار جائز ہے؟

۳۔ مومنوں سے کہہ دے کہ اپنی آنکھیں نیچی رکھیں اور اپنی شرم گاہوں کی حفاظت کریں یہ ان کے لیے زیادہ پاکیزگی کا باعث ہے۔ بے شک اللہ خبردار ہے جو وہ کرتے ہیں۔ اور مسلمانوں عورتوں سے کہہ دے کہ اپنی آنکھیں نیچی رکھیں اور اپنی شرم گاہوں کی حفاظت کریں اور اپنی زینت کو ظاہر نہ کریں مگر جو اس میں سے ظاہر ہے اور اپنی اوڑھنیاں اپنے گریبانوں پر ڈالے رکھیں اور اپنی زینت ظاہر نہ کریں مگر اپنے خاوندوں پر یا اپنے باپوں پر یا اپنے خاوندوں کے باپوں پر یا اپنے باپوں پر یا اپنے بیٹوں پر یا اپنے خاوندوں کے بیٹوں پر یا اپنے بھائیوں پر یا اپنے بھتیجوں پر یا اپنے بھانجوں پر یا اپنی عورتوں پر یا ان (لونڈی غلاموں) پر جو ان کے ہاتھ کا مال ہیں یا ساتھ رہنے والے مردوں پر جن کو (عورتوں کی) حاجت نہیں یا ان لڑکوں پر جو ابھی تک عورتوں کی شرم گاہوں سے واقف نہیں اور زمین

تَجِدُوْا فِيْهَآ اَحَدًا فَلَا تَدْخُلُوْهَا حَتّٰى يُؤْذَنَ لَكُمْ ۚ وَاِنْ قِيْلَ لَكُمُ ارْجِعُوْا فَارْجِعُوْا هُوَ اَزْكٰى لَكُمْ ۭ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ عَلِيْمٌ ﴿۲۸﴾

۲۔ لَيْسَ عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ اَنْ تَدْخُلُوْا بُيُوْتًا غَيْرَ مَسْكُوْنَةٍ فِيْهَا مَتَاعٌ لَّكُمْ ۭ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ مَا تُبْدُوْنَ وَمَا تَكْتُمُوْنَ ﴿۲۹﴾

۳۔ قُلْ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ يَغُضُّوْا مِنْ اَبْصَارِهِمْ وَيَحْفَظُوْا فُرُوْجَهُمْ ۭ ذٰلِكَ اَزْكٰى لَهُمْ ۭ اِنَّ اللّٰهَ خَبِيْرٌۢ بِمَا يَصْنَعُوْنَ ﴿۳۰﴾ وَقُلْ لِّلْمُؤْمِنٰتِ يَغْضُضْنَ مِنْ اَبْصَارِهِنَّ وَيَحْفَظْنَ فُرُوْجَهُنَّ وَلَا يُبْدِيْنَ زِيْنَتَهُنَّ اِلَّا مَا ظَهَرَ مِنْهَا وَلْيَضْرِبْنَ بِخُمُرِهِنَّ عَلٰي جُيُوْبِهِنَّ ۠ وَلَا يُبْدِيْنَ زِيْنَتَهُنَّ اِلَّا لِبُعُوْلَتِهِنَّ اَوْ اٰبَاۗىِٕهِنَّ اَوْ اٰبَاۗءِ بُعُوْلَتِهِنَّ اَوْ اَبْنَاۗىِٕهِنَّ اَوْ اَبْنَاۗءِ بُعُوْلَتِهِنَّ اَوْ اِخْوَانِهِنَّ اَوْ بَنِيْٓ اِخْوَانِهِنَّ اَوْ بَنِيْٓ اَخَوٰتِهِنَّ اَوْ نِسَاۗىِٕهِنَّ اَوْ مَا مَلَكَتْ اَيْمَانُهُنَّ اَوِ التّٰبِعِيْنَ غَيْرِ اُولِي الْاِرْبَةِ مِنَ الرِّجَالِ اَوِ الطِّفْلِ الَّذِيْنَ لَمْ يَظْهَرُوْا عَلٰي عَوْرٰتِ النِّسَاۗءِ ۠ وَلَا يَضْرِبْنَ بِاَرْجُلِهِنَّ لِيُعْلَمَ مَا يُخْفِيْنَ مِنْ زِيْنَتِهِنَّ ۭ وَتُوْبُوْٓا اِلَى اللّٰهِ جَمِيْعًا اَيُّهَ الْمُؤْمِنُوْنَ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ﴿۳۱﴾

۴۔ وَقَرْنَ فِيْ بُيُوْتِكُنَّ وَلَا تَبَرَّجْنَ تَبَرُّجَ الْجَاهِلِيَّةِ الْاُوْلٰى

۵۔ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لِيَسْتَاْذِنْكُمُ الَّذِيْنَ مَلَكَتْ اَيْمَانُكُمْ وَالَّذِيْنَ لَمْ

پر اپنے پاؤں نہ ماریں تا کہ اپنی جو زینت وہ چھپاتی ہیں معلوم ہو جائے اور مسلمانو! سب ایک ساتھ اللہ کی طرف رجوع ہو تا کہ تم فلاح پاؤ۔

-النور ۲۴: ۳۰-۳۱-

۴۔ ازواج نبی ﷺ کو گھر میں رہنے کا حکم

۴۔ اور (اے نبی ﷺ کی بیویو!) اپنے گھروں میں بیٹھی رہو اور پہلے زمانۂ جاہلیت کی طرح بناؤ ظاہر کرتی نہ پھرو۔

-الاحزاب ۳۳: ۳۳-

۵۔ باندی، غلاموں اور نابالغوں کو صبح اور عشا اور دوپہر کے وقت اپنے مالکوں کے گھروں میں بغیر اجازت داخل ہونا جائز نہیں، باقی وقتوں میں اجازت کی ضرورت نہیں

۵۔ مسلمانو! تمہارے باندی غلام اور وہ جو حدِ بلوغت کو نہیں پہنچے تین

وقت اندر آنے کی تم سے اجازت لیا کریں۔ فجر کی نماز سے پہلے اور جب تم دوپہر کو اپنے کپڑے اتار رکھتے ہو اور عشا کی نماز کے بعد۔ یہ تین وقت تمہارے پردے کے ہیں۔ اُن وقتوں کے بعد نہ تم پر گناہ ہے اور نہ ان پر کہ وہ تم پر آنے والے ہیں تم میں سے بعض بعض پر۔ یوں اللہ تم سے نشانیاں بیان کرتا ہے اور اللہ جاننے والا، حکمت والا ہے۔

-النور ۲۴: ۵۸-

۶۔ بالغوں کو کسی وقت بھی گھر میں بلا اجازت داخل ہونا نہیں چاہیے

۶۔ اور جب تم میں سے لڑکے حدِ بلوغت کو پہنچ جائیں تو وہ اجازت لیں جیسا کہ وہ اجازت لیتے تھے جو ان سے پہلے تھے۔ یوں اللہ تم سے اپنی نشانیاں بیان کرتا ہے اور اللہ جاننے والا، حکمت والا ہے۔

-النور ۲۴: ۵۹-

۷۔ بوڑھی عورتوں کو لباس کی کم تاکید مگر سنگھار بنا کر باہر پھرنا کہیں بھی درست نہیں

۷۔ اور بوڑھی عورتیں جو نکاح کی اُمید نہیں رکھتیں ان پر گناہ نہیں کہ اپنے کپڑے اُتار رکھیں۔ بشرطیکہ وہ زینت ظاہر کرنے والی نہ ہوں اور اگر وہ اس سے بچیں تو ان کے لیے بہتر ہے اور اللہ سننے والا، جاننے والا ہے۔

-النور ۲۴: ۶۰-

۸۔ عورتوں سے کوئی چیز مانگنی ہو تو پردے کی اوٹ سے مانگ لو

۸۔ مسلمانو! نبی کے گھروں میں داخل نہ ہو مگر یہ کہ تم کو

يَبْلُغُوا الْحُلُمَ مِنْكُمْ ثَلٰثَ مَرّٰتٍ ؕ مِنْ قَبْلِ صَلٰوةِ الْفَجْرِ وَحِيْنَ تَضَعُوْنَ ثِيَابَكُمْ مِّنَ الظَّهِيْرَةِ وَمِنْۢ بَعْدِ صَلٰوةِ الْعِشَآءِ ؕ ثَلٰثُ عَوْرٰتٍ لَّكُمْ ؕ لَيْسَ عَلَيْكُمْ وَلَا عَلَيْهِمْ جُنَاحٌۢ بَعْدَهُنَّ ؕ طَوّٰفُوْنَ عَلَيْكُمْ بَعْضُكُمْ عَلٰى بَعْضٍ ؕ كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمُ الْاٰيٰتِ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ﴿۵۸﴾

۶۔ وَاِذَا بَلَغَ الْاَطْفَالُ مِنْكُمُ الْحُلُمَ فَلْيَسْتَاْذِنُوْا كَمَا اسْتَاْذَنَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ؕ كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمْ اٰيٰتِهٖ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ﴿۵۹﴾

۷۔ وَالْقَوَاعِدُ مِنَ النِّسَآءِ الّٰتِيْ لَا يَرْجُوْنَ نِكَاحًا فَلَيْسَ عَلَيْهِنَّ جُنَاحٌ اَنْ يَّضَعْنَ ثِيَابَهُنَّ غَيْرَ مُتَبَرِّجٰتٍۭ بِزِيْنَةٍ ؕ وَاَنْ يَّسْتَعْفِفْنَ خَيْرٌ لَّهُنَّ ؕ وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ﴿۶۰﴾

۸۔ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَدْخُلُوْا بُيُوْتَ النَّبِيِّ اِلَّاۤ اَنْ يُّؤْذَنَ لَكُمْ اِلٰى طَعَامٍ غَيْرَ نٰظِرِيْنَ اِنٰىهُ ۙ وَلٰكِنْ اِذَا دُعِيْتُمْ فَادْخُلُوْا فَاِذَا طَعِمْتُمْ فَانْتَشِرُوْا وَلَا مُسْتَاْنِسِيْنَ لِحَدِيْثٍ ؕ اِنَّ ذٰلِكُمْ كَانَ يُؤْذِي النَّبِيَّ فَيَسْتَحْيٖ مِنْكُمْ ۫ وَاللّٰهُ لَا يَسْتَحْيٖ مِنَ الْحَقِّ ؕ وَاِذَا سَاَلْتُمُوْهُنَّ مَتَاعًا فَسْـَٔلُوْهُنَّ مِنْ وَّرَآءِ حِجَابٍ ؕ ذٰلِكُمْ اَطْهَرُ لِقُلُوْبِكُمْ وَقُلُوْبِهِنَّ ؕ وَمَا كَانَ لَكُمْ اَنْ تُؤْذُوْا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَلَاۤ اَنْ تَنْكِحُوْۤا اَزْوَاجَهٗ مِنْۢ بَعْدِهٖۤ اَبَدًا ؕ اِنَّ ذٰلِكُمْ كَانَ عِنْدَ اللّٰهِ عَظِيْمًا ﴿۵۳﴾

۹۔ يٰۤاَيُّهَا النَّبِيُّ قُلْ لِّاَزْوَاجِكَ وَبَنٰتِكَ وَنِسَآءِ الْمُؤْمِنِيْنَ يُدْنِيْنَ

اجازت دی جائے، کھانے کی طرف پکنے کا انتظار نہ کرتے ہوئے لیکن جب تمہیں بلایا جائے تو داخل ہو۔ پھر جب تم کھا چکو تو منتشر ہو جاؤ اور باتوں میں نہ لگ جاؤ۔ یہ بات نبی کو ایذا دیتی ہے اور وہ تم سے شرماتا ہے اور اللہ حق کے اظہار سے نہیں شرماتا اور جب تم پیغمبر کی بیویوں سے کچھ اسباب مانگو تو ان سے پردے کے پیچھے سے مانگو۔ یہ بات تمہارے دلوں اور ان کے دلوں کو پاک کرنے والی ہے اور تمہارا حق نہیں کہ تم اللہ کے رسول کو ایذا دو اور نہ یہ کہ اس کے بعد کبھی اس کی بیویوں سے نکاح کرو۔ بے شک یہ بات اللہ کے نزدیک بڑا گناہ ہے۔

-الاحزاب ۳۳: ۵۳-

۹۔ عورتوں کو سر پر چادر اوڑھنی چاہیے

۹۔ اے نبی اپنی بیبیوں اور اپنی بیٹیوں اور مسلمانوں کی عورتوں سے

کہہ دے کہ اپنے اوپر اپنی چادریں لٹکائے رہیں۔ یہ اس کے زیادہ قریب ہے کہ وہ پہچانی جائیں اور ستائی نہ جائیں اور اللہ بخشنے والا، مہربان ہے۔

-الاحزاب ۳۳:۵۹-

۱۰۔ جن لوگوں سے پردہ نہیں ہے

۱۰۔ان پر گناہ نہیں ہے کہ ان کے باپوں میں اور نہ ان کے بیٹوں میں اور نہ ان کے بھائیوں میں اور نہ ان کے بھتیجوں میں اور نہ ان کے بھانجوں میں اور نہ ان کی عورتوں میں اور نہ ان کے لونڈی غلاموں میں (کہ ان سے پردہ نہ کریں) اور اے عورتو! اللہ سے ڈرو۔ بے شک اللہ ہر شے پر موجود ہے۔

-الاحزاب ۳۳:۵۵-

وصیت

۱۔ وصیت مال چھوڑنے والوں پر فرض ہے

۱۔تم پر فرض کیا گیا ہے جب کہ تم میں سے کسی کے پاس موت آموجود ہو اگر وہ مال چھوڑے، وصیت کر جانا۔

-البقرۃ ۲:۱۸۰-

۲۔ وصیت والدین اور اقربا کے لیے

۲۔ماں باپ اور رشتہ داروں کے لیے پسندیدہ طور پر۔

-البقرۃ ۲:۱۸۰-

۳۔ وصیت متقیوں پر ایک حق ہے

۳۔یہ متقیوں پر لازم ہے۔

-البقرۃ ۲:۱۸۰-

۴۔ وصیت بدلنے والے گنہگار ہیں

۴۔پھر جو کوئی اس کو بدل دے اس کے بعد کہ اس نے اس کو سنا ہے تو اس کا گناہ انہیں پر ہے جو اس کو بدلتے

عَلَيْهِنَّ مِنْ جَلَابِيبِهِنَّ ۚ ذٰلِكَ أَدْنٰى أَنْ يُعْرَفْنَ فَلَا يُؤْذَيْنَ ۗ وَكَانَ اللّٰهُ غَفُورًا رَحِيمًا ﴿٥٩﴾

۱۰۔ لَا جُنَاحَ عَلَيْهِنَّ فِي آبَائِهِنَّ وَلَا أَبْنَائِهِنَّ وَلَا إِخْوَانِهِنَّ وَلَا أَبْنَاءِ إِخْوَانِهِنَّ وَلَا أَبْنَاءِ أَخَوَاتِهِنَّ وَلَا نِسَائِهِنَّ وَلَا مَا مَلَكَتْ أَيْمَانُهُنَّ ۚ وَاتَّقِينَ اللّٰهَ ۚ إِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ شَهِيدًا ﴿٥٥﴾

۱۔ كُتِبَ عَلَيْكُمْ إِذَا حَضَرَ أَحَدَكُمُ الْمَوْتُ إِنْ تَرَكَ خَيْرًا ۖ الْوَصِيَّةُ

۲۔ لِلْوَالِدَيْنِ وَالْأَقْرَبِينَ بِالْمَعْرُوفِ ۖ

۳۔ حَقًّا عَلَى الْمُتَّقِينَ ﴿١٨٠﴾

۴۔ فَمَنْ بَدَّلَهُ بَعْدَمَا سَمِعَهُ فَإِنَّمَا إِثْمُهُ عَلَى الَّذِينَ يُبَدِّلُونَهُ ۚ إِنَّ اللّٰهَ سَمِيعٌ عَلِيمٌ ﴿١٨١﴾

۵۔ فَمَنْ خَافَ مِنْ مُوصٍ جَنَفًا أَوْ إِثْمًا فَأَصْلَحَ بَيْنَهُمْ فَلَا إِثْمَ عَلَيْهِ ۚ إِنَّ اللّٰهَ غَفُورٌ رَحِيمٌ ﴿١٨٢﴾

۶۔ وَالَّذِينَ يُتَوَفَّوْنَ مِنْكُمْ وَيَذَرُونَ أَزْوَاجًا ۚ وَصِيَّةً لِأَزْوَاجِهِمْ مَتَاعًا إِلَى الْحَوْلِ غَيْرَ إِخْرَاجٍ ۚ فَإِنْ خَرَجْنَ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ فِي مَا

ہیں۔ بے شک اللہ سننے والا، جاننے والا ہے۔

-البقرۃ ۲:۱۸۱-

۵۔ وصیتِ ناحق کی اصلاح کرنے میں گناہ نہیں

۵۔پھر جو وصیت کرنے والے کی طرف سے ظلم یا گناہ سے ڈرا اور اس نے ان کے درمیان اصلاح کر دی تو اس پر کچھ گناہ نہیں۔ بے شک اللہ بخشنے والا، مہربان ہے۔

-البقرۃ ۲:۱۸۲-

۶۔ مرنے والوں کو اپنی جوروؤں کو ایک سال کی وصیت کرنی چاہیے

۶۔اور جو تم میں سے مر جائیں اور بیویاں چھوڑیں، وہ اپنی بیویوں کے لیے وصیت کر جائیں ایک سال تک فائدہ دینے کے، بغیر (گھر سے) نکالے۔ پھر اگر وہ خود نکل جائیں تو تم کو اس بات میں کچھ گناہ نہیں جو

وہ پسندیدہ طور پر اپنے لیے کریں اور اللہ غالب ہے، حکمت والا۔

-البقرۃ ۲: ۲۴۰-

فَعَلْنَ فِيْٓ اَنْفُسِهِنَّ مِنْ مَّعْرُوْفٍ ۭ وَاللّٰهُ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ۝

۷۔ سفر میں وصیت پر گواہ کرنے چاہیں

۷۔ مسلمانو! تمہارے درمیان گواہی کا نصاب جب تم میں سے کسی کے پاس موت آموجود ہو، وصیت کے وقت دو معتبر آدمی ہیں جو تم میں سے ہوں یا دوسرے دو تمہارے غیروں میں سے اگر تم سفر میں ہو اور تم کو موت کی مصیبت آجائے۔ تم ان دونوں گواہوں کو نماز (عصر) کے بعد روک لو۔ اگر تم شک میں ہو، وہ دونوں اللہ کی قسم کھائیں کہ ہم اس قسم کے بدلے کچھ قیمت مول نہیں لیں گے اگر چہ وہ (جس کے نفع کے لیے ہم گواہی دیتے ہیں) رشتہ دار ہی ہو اور ہم اللہ کی گواہی کو چھپائیں گے نہیں، بے شک ہم اس صورت میں گنہگار ہوں گے۔ پھر اگر یہ معلوم ہو کہ (وہ جھوٹ بول کر) گناہ کے مرتکب ہوئے تو دوسرے دو آدمی ان کی جگہ ان میں سے کھڑے ہوں، جن پر پہلوں نے جھوٹ بول کر حق ثابت کیا ہے۔ پس وہ دونوں اللہ کی قسم کھا کر کہیں کہ ہماری گواہی ان کی گواہی سے زیادہ معتبر ہے، ہم نے زیادتی نہیں کی۔ بے شک ہم اس وقت ظالموں میں سے ہوں گے۔

-المائدۃ ۵: ۱۰۶-۱۰۷-

۷۔ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا شَهَادَةُ بَيْنِكُمْ اِذَا حَضَرَ اَحَدَكُمُ الْمَوْتُ حِيْنَ الْوَصِيَّةِ اثْنٰنِ ذَوَا عَدْلٍ مِّنْكُمْ اَوْ اٰخَرٰنِ مِنْ غَيْرِكُمْ اِنْ اَنْتُمْ ضَرَبْتُمْ فِي الْاَرْضِ فَاَصَابَتْكُمْ مُّصِيْبَةُ الْمَوْتِ ۭ تَحْبِسُوْنَهُمَا مِنْۢ بَعْدِ الصَّلٰوةِ فَيُقْسِمٰنِ بِاللّٰهِ اِنِ ارْتَبْتُمْ لَا نَشْتَرِيْ بِهٖ ثَمَنًا وَّلَوْ كَانَ ذَا قُرْبٰى ۙ وَلَا نَكْتُمُ شَهَادَةَ ۙ اللّٰهِ اِنَّآ اِذًا لَّمِنَ الْاٰثِمِيْنَ ۝ فَاِنْ عُثِرَ عَلٰٓي اَنَّهُمَا اسْتَحَقَّآ اِثْمًا فَاٰخَرٰنِ يَقُوْمٰنِ مَقَامَهُمَا مِنَ الَّذِيْنَ اسْتَحَقَّ عَلَيْهِمُ الْاَوْلَيٰنِ فَيُقْسِمٰنِ بِاللّٰهِ لَشَهَادَتُنَآ اَحَقُّ مِنْ شَهَادَتِهِمَا وَمَا اعْتَدَيْنَآ ڮ اِنَّآ اِذًا لَّمِنَ الظّٰلِمِيْنَ ۝

۸۔ یہ بات اس کے زیادہ قریب ہے کہ وہ صحیح صحیح گواہی دیں یا اس بات سے ڈریں کہ ہماری قسمیں ان کی قسموں کے بعد رد کی جائیں گی اور اللہ سے ڈرو اور اس کا حکم سنو اور اللہ بدکار لوگوں کو ہدایت نہیں کرتا۔

-المائدۃ ۵: ۱۰۸-

۸۔ ذٰلِكَ اَدْنٰٓى اَنْ يَّاْتُوْا بِالشَّهَادَةِ عَلٰي وَجْهِهَآ اَوْ يَخَافُوْٓا اَنْ تُرَدَّ اَيْمَانٌۢ بَعْدَ اَيْمَانِهِمْ ۭ وَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاسْمَعُوْا ۭ وَاللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الْفٰسِقِيْنَ ۝

میراث

۱۔ والدین اور اقربا کے ترکہ میں مرد اور عورت دونوں کا حصہ

۱۔ لِلرِّجَالِ نَصِيْبٌ مِّمَّا تَرَكَ الْوَالِدٰنِ وَالْاَقْرَبُوْنَ ۠ وَلِلنِّسَاۗءِ نَصِيْبٌ مِّمَّا تَرَكَ الْوَالِدٰنِ وَالْاَقْرَبُوْنَ مِمَّا قَلَّ مِنْهُ اَوْ كَثُرَ ۭ نَصِيْبًا مَّفْرُوْضًا ۝

۱۔ مردوں کا اس (مال) میں حصہ ہے جو ماں باپ اور رشتہ دار چھوڑ مریں اور عورتوں کا (بھی) اس (مال) میں حصہ ہے جو ماں باپ اور رشتہ دار چھوڑ مریں۔ مال تھوڑا ہو یا بہت، اس میں ٹھہرایا ہوا حصہ ہے۔

-النساء ۴: ۷-

۲۔ تقسیم ترکہ پر اگر غیر حق دار یتیم، مسکین اور اقربا آموجود ہوں تو انہیں بھی کچھ دو

۲۔ وَاِذَا حَضَرَ الْقِسْمَةَ اُولُوا الْقُرْبٰى وَالْيَتٰمٰى وَالْمَسٰكِيْنُ فَارْزُقُوْھُمْ مِّنْهُ وَقُوْلُوْا لَھُمْ قَوْلًا مَّعْرُوْفًا ۝

۲۔ اور جب (ترکہ کی) تقسیم کے وقت رشتہ دار (جن کا حصہ مقرر نہیں ہے) اور یتیم اور مسکین آموجود ہوں تو اپنے طور پر ان کو اس میں سے کچھ دو اور ان سے معقول بات کہو۔

-النساء ۴: ۸-

۳۔ اور ایسے لوگ ڈریں کہ اگر وہ اپنے پیچھے کمزور اولاد چھوڑ مریں تو ان کو اس کے بارے میں اندیشہ ہو تو ان کو چاہیے کہ اللہ سے ڈریں اور راہ کی بات کہیں۔

۔النساء۔۴: ۹۔

۳۔ لڑکے کا حصہ لڑکی سے دو چند

۴۔ اللہ تم کو تمہاری اولاد کے بارے میں وصیت کرتا ہے ایک لڑکے کا حصہ دو لڑکیوں کے برابر ہے۔

۔النساء۔۴: ۱۱۔

۴۔ دو لڑکیوں سے زیادہ ہوں تو ان کا حصہ دو تہائی

۵۔ پھر اگر لڑکیاں ہی ہوں (دو یا) دو سے زیادہ، تو ان کے لیے اس کا مال دو تہائی ہے جو وہ چھوڑ امرا ہے۔

۔النساء۔۴: ۱۱۔

۵۔ ایک ہی لڑکی ہو تو اس کا آدھا ہے

۶۔ اور اگر ایک ہی ہے تو اس کے لیے آدھا (مال) ہے۔

۔النساء۔۴: ۱۱۔

۶۔ اولاد ہو تو ماں باپ میں ہر ایک کا چھٹا حصہ

۷۔ اور میت کے ماں باپ کے لیے ان دونوں میں سے ہر ایک کے لیے چھٹا حصہ ہے اس مال میں سے جو وہ چھوڑ مرا ہے اگر اس کے اولاد ہے۔

۔النساء۔۴: ۱۱۔

۷۔ اولاد نہ ہو تو ماں کا حصہ ایک تہائی

۸۔ پھر اگر اس کے اولاد نہ ہو اور اس کے وارث اس کے ماں باپ ہی ہوں تو اس کی ماں کے لیے ایک تہائی ہے۔

۔النساء۔۴: ۱۱۔

۸۔ بھائی ہوں تو ماں کا چھٹا حصہ

۹۔ پھر اگر اس کے بھائی بھی ہوں تو اس کی ماں کے لیے چھٹا حصہ ہے۔

۔النساء۔۴: ۱۱۔

۹۔ میراث وصیت اور دین کے بعد ہے

۱۰۔ وصیت کے بعد جو وہ کر جائے یا قرض کے بعد۔۔۔۔ وصیت

۳۔ وَلْيَخْشَ الَّذِينَ لَوْ تَرَكُوا مِنْ خَلْفِهِمْ ذُرِّيَّةً ضِعٰفًا خَافُوا عَلَيْهِمْ فَلْيَتَّقُوا اللّٰهَ وَلْيَقُولُوا قَوْلًا سَدِيدًا ۝

۴۔ يُوصِيكُمُ اللّٰهُ فِي أَوْلَادِكُمْ لِلذَّكَرِ مِثْلُ حَظِّ الْأُنْثَيَيْنِ

۵۔ فَإِنْ كُنَّ نِسَاءً فَوْقَ اثْنَتَيْنِ فَلَهُنَّ ثُلُثَا مَا تَرَكَ

۶۔ وَإِنْ كَانَتْ وَاحِدَةً فَلَهَا النِّصْفُ

۷۔ وَلِأَبَوَيْهِ لِكُلِّ وَاحِدٍ مِنْهُمَا السُّدُسُ مِمَّا تَرَكَ إِنْ كَانَ لَهُ وَلَدٌ

۸۔ فَإِنْ لَمْ يَكُنْ لَهُ وَلَدٌ وَوَرِثَهُ أَبَوَاهُ فَلِأُمِّهِ الثُّلُثُ

۹۔ فَإِنْ كَانَ لَهُ إِخْوَةٌ فَلِأُمِّهِ السُّدُسُ

۱۰۔ مِنْ بَعْدِ وَصِيَّةٍ يُوصِي بِهَا أَوْ دَيْنٍ ...... مِنْ بَعْدِ وَصِيَّةٍ يُوصِينَ بِهَا أَوْ دَيْنٍ

۱۱۔ مِنْ بَعْدِ وَصِيَّةٍ تُوصُونَ بِهَا أَوْ دَيْنٍ ...... مِنْ بَعْدِ وَصِيَّةٍ يُوصٰى بِهَا أَوْ دَيْنٍ

۱۲۔ آبَاؤُكُمْ وَأَبْنَاؤُكُمْ لَا تَدْرُونَ أَيُّهُمْ أَقْرَبُ لَكُمْ نَفْعًا فَرِيضَةً مِنَ اللّٰهِ إِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلِيمًا حَكِيمًا ۝

۱۳۔ وَلَكُمْ نِصْفُ مَا تَرَكَ أَزْوَاجُكُمْ إِنْ لَمْ يَكُنْ لَهُنَّ وَلَدٌ

کے بعد جو وہ عورتیں کر جائیں یا قرض کے بعد۔

۔النساء۔۴: ۱۱۔۱۲

۱۱۔ وصیت کے بعد جو تم کر جاؤ یا قرض کے بعد۔۔۔۔ وصیت کے بعد جو کی جائے یا قرض کے بعد۔

۔النساء۔۴: ۱۱۔۱۲۔

۱۰۔ میراث اللہ کی طرف سے مقرر ہے

۱۲۔ تمہارے باپ اور تمہارے بیٹے، تم نہیں جانتے کہ تمہارے لیے اُن میں سے کون نفع پہنچانے کے زیادہ قریب ہے۔ یہ اللہ کا مقرر کیا ہوا ہے۔ بے شک اللہ جاننے والا، حکمت والا ہے۔

۔النساء۔۴: ۱۱۔

۱۱۔ اولاد نہ ہو تو خاوند کا نصف

۱۳۔ اور تمہارے لیے اس (مال) کا آدھا ہے جو تمہاری بیویاں چھوڑ مریں اگر ان کے اولاد نہ ہو۔

۔النساء۔۴: ۱۲۔

۱۲۔ اولاد ہو تو چوتھائی

۱۴۔ پھر اگر ان کے اولاد ہے تو تمہارے لیے اس کا چوتھائی ہے جو وہ چھوڑ مریں۔
۔النساء ۴: ۱۲ ۔

۱۳۔ اولاد نہ ہو تو بیوی کا چوتھائی حصہ ہے

۱۵۔ اور ان کے لیے اس مال میں سے چوتھائی ہے جو تم چھوڑ مرو اگر تمہارے اولاد نہیں ہے۔
۔النساء ۔۴: ۱۲ ۔

۱۴۔ اولاد ہو تو بیوی کا آٹھواں حصہ ہے

۱۶۔ پھر اگر تمہارے اولاد ہے تو ان کے لیے اس مال میں سے آٹھواں حصہ ہے جو تم چھوڑ مرو۔
۔النساء ۔۴: ۱۲ ۔

۱۵۔ اگر میت کلالہ (اوت نبوت) ہے اور اس کے ایک بھائی یا ایک بہن ہے تو ان میں سے ہر ایک کا چھٹا حصہ ہے

۱۷۔ اور اگر مرد مردہ جس کی میراث لیتے ہیں کلالہ ہے یا مردہ عورت کلالہ ہے اور اس کے ایک بھائی یا ایک بہن ہے تو ان (بھائی بہنوں) میں سے ہر ایک کا چھٹا حصہ ہے۔
۔النساء ۔۴: ۱۲ ۔

۱۶۔ ایک سے زیادہ بہن بھائی ہوں تو وہ سب تہائی میں شریک

۱۸۔ پھر اگر وہ اس سے زیادہ ہوں تو وہ سب تہائی میں شریک ہیں وصیت کے بعد جو کی جائے یا (بعد ادائے) قرض کے۔
۔النساء ۔۴: ۱۲ ۔

۱۷۔ وصیت میں کسی کو نقصان نہ پہنچایا جائے

۱۹۔ بغیر اس کے کہ وہ (وصیت میں) کسی کو نقصان پہنچانے والا ہو۔ یہ اللہ کی طرف سے حکم ہے اور اللہ جاننے والا، بردبار ہے۔
۔النساء ۴: ۱۲ ۔

۱۴۔ فَإِنْ كَانَ لَهُنَّ وَلَدٌ فَلَكُمُ الرُّبُعُ مِمَّا تَرَكْنَ
۱۵۔ وَلَهُنَّ الرُّبُعُ مِمَّا تَرَكْتُمْ إِنْ لَمْ يَكُنْ لَكُمْ وَلَدٌ
۱۶۔ فَإِنْ كَانَ لَكُمْ وَلَدٌ فَلَهُنَّ الثُّمُنُ مِمَّا تَرَكْتُمْ
۱۷۔ وَإِنْ كَانَ رَجُلٌ يُورَثُ كَلَالَةً أَوِ امْرَأَةٌ وَلَهُ أَخٌ أَوْ أُخْتٌ فَلِكُلِّ وَاحِدٍ مِنْهُمَا السُّدُسُ
۱۸۔ فَإِنْ كَانُوا أَكْثَرَ مِنْ ذَٰلِكَ فَهُمْ شُرَكَاءُ فِي الثُّلُثِ مِنْ بَعْدِ وَصِيَّةٍ يُوصَىٰ بِهَا أَوْ دَيْنٍ
۱۹۔ غَيْرَ مُضَارٍّ وَصِيَّةً مِنَ اللَّهِ وَاللَّهُ عَلِيمٌ حَلِيمٌ
۲۰۔ يَسْتَفْتُونَكَ قُلِ اللَّهُ يُفْتِيكُمْ فِي الْكَلَالَةِ إِنِ امْرُؤٌ هَلَكَ لَيْسَ لَهُ وَلَدٌ وَلَهُ أُخْتٌ فَلَهَا نِصْفُ مَا تَرَكَ وَهُوَ يَرِثُهَا إِنْ لَمْ يَكُنْ لَهَا وَلَدٌ فَإِنْ كَانَتَا اثْنَتَيْنِ فَلَهُمَا الثُّلُثَانِ مِمَّا تَرَكَ وَإِنْ كَانُوا إِخْوَةً رِجَالًا وَنِسَاءً فَلِلذَّكَرِ مِثْلُ حَظِّ الْأُنْثَيَيْنِ يُبَيِّنُ اللَّهُ لَكُمْ أَنْ تَضِلُّوا وَاللَّهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيمٌ
۲۱۔ وَلِكُلٍّ جَعَلْنَا مَوَالِيَ مِمَّا تَرَكَ الْوَالِدَانِ وَالْأَقْرَبُونَ وَالَّذِينَ عَقَدَتْ أَيْمَانُكُمْ فَآتُوهُمْ نَصِيبَهُمْ إِنَّ اللَّهَ كَانَ عَلَىٰ كُلِّ

۱۸۔ کلالہ کے اگر صرف ایک بہن ہے تو اس کا آدھا ہے اگر وہ دو ہیں تو دونوں کا دو تہائی اور اگر بھائی بہنیں دونوں ہیں تو مرد کا حصہ عورت سے دگنا

۲۰۔ لوگ تجھ سے فتویٰ پوچھتے ہیں۔ کہہ دے کہ اللہ تم کو کلالہ کے بارہ میں فتویٰ دیتا ہے۔ اگر کوئی مرد مر جائے اور اس کے اولاد نہ ہو اور اس کے ایک بہن ہو تو اس بہن کے لیے اس مال کا نصف ہے جو وہ چھوڑ مرا اور وہ بھی اس بہن کا وارث ہے اگر اس کے اولاد نہیں ہے۔ پھر اگر دو بہنیں ہیں تو ان دونوں کے لیے اس مال کا دو تہائی ہے جو وہ چھوڑ مرے اور اگر وہ وارث جماعت ہو مرد اور عورتیں تو مرد کا حصہ دو عورتوں کے برابر ہے۔ اللہ تمہارے لیے بیان کرتا ہے کہ تم گمراہ نہ ہو اور اللہ ہر بات کو جانتا ہے۔
۔النساء ۴: ۱۷۶ ۔

۱۹۔ میراث صرف اقربا کے لیے ہے دوستوں سے زندگی میں سلوک کرو

۲۱۔ اور ہم نے اس مال میں جو ماں باپ اور رشتہ دار چھوڑ مریں ہر

ایک کے وارث ٹھہرا دیے ہیں اور جن سے تم نے (بھائی چارے کا) عہد کیا ہے ان کو (زندگی میں) ان کا حصہ دو۔ بے شک اللہ ہر شے پر حاضر ہے۔

-النساء ۴:۳۳-

شَیْءٍ شَهِیْدًا ﴿۳۳﴾

۲۰۔ منہ بولا بیٹا حقیقی بیٹا نہیں ہو جاتا

۲۲۔ اللہ نے کسی مرد کے سینے میں دو دل نہیں رکھے اور تمہاری بیویوں کو جن کو تم ماں کہہ بیٹھتے ہو تمہاری ماں نہیں بنایا اور تمہارے منہ بولے بیٹوں کو تمہارا بیٹا نہیں بنایا۔ یہ صرف تمہارے منہ کی بات ہے اور اللہ حق کہتا ہے اور وہی سیدھا رستہ دکھلاتا ہے۔ ان کو ان کے باپوں کی طرف منسوب کر کے پکارو۔ یہی اللہ کے نزدیک انصاف کی بات ہے اور اگر تم ان کے باپوں کو نہیں جانتے تو وہ دین میں تمہارے بھائی اور تمہارے آزاد کیے ہوئے ہیں اور اس میں تم پر کوئی گناہ نہیں جو تم غلطی سے کہہ چکے ہو لیکن اس میں گناہ ہے جس کا تمہارے دل قصد کریں اور اللہ بخشنے والا، مہربان ہے۔

-الاحزاب ۳۳:۴-۵-

۲۲۔ مَا جَعَلَ اللّٰهُ لِرَجُلٍ مِّنْ قَلْبَیْنِ فِیْ جَوْفِهٖ ۚ وَمَا جَعَلَ اَزْوَاجَكُمُ الّٰٓئِیْ تُظٰهِرُوْنَ مِنْهُنَّ اُمَّهٰتِكُمْ ۚ وَمَا جَعَلَ اَدْعِیَآءَكُمْ اَبْنَآءَكُمْ ؕ ذٰلِكُمْ قَوْلُكُمْ بِاَفْوَاهِكُمْ ؕ وَاللّٰهُ یَقُوْلُ الْحَقَّ وَهُوَ یَهْدِی السَّبِیْلَ ﴿۴﴾ اُدْعُوْهُمْ لِاٰبَآئِهِمْ هُوَ اَقْسَطُ عِنْدَ اللّٰهِ ۚ فَاِنْ لَّمْ تَعْلَمُوْٓا اٰبَآءَهُمْ فَاِخْوَانُكُمْ فِی الدِّیْنِ وَمَوَالِیْكُمْ ؕ وَلَیْسَ عَلَیْكُمْ جُنَاحٌ فِیْمَآ اَخْطَاْتُمْ بِهٖ ۙ وَلٰكِنْ مَّا تَعَمَّدَتْ قُلُوْبُكُمْ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِیْمًا ﴿۵﴾

قرض و رہن

۱۔ ہر ایک معاملے کو لکھنا اور اس پر گواہ کرنا

۱۔ مسلمانو! جب تم ایک مقررہ میعاد تک آپس میں قرض کا معاملہ کرلو تو اس کو لکھ لیا کرو اور چاہیے کہ تمہارے درمیان لکھنے والا انصاف سے لکھے اور لکھنے والا جیسا کہ اللہ نے اس کو سکھلایا ہے لکھنے سے انکار نہ کرے۔ پس چاہیے کہ وہ لکھے اور مضمون وہ بتلائے جس کے ذمے قرض ہے اور اپنے پروردگار خدا سے ڈرے اور اس قرض میں سے (لکھنے میں) کچھ کم نہ کرے۔ پھر اگر وہ شخص جس کے ذمے قرض ہے کم عقل یا کمزور ہے یا وہ (صحیح مضمون) لکھوا نہیں سکتا تو اس کا سرپرست انصاف سے لکھوائے اور اپنے مردوں میں سے دو گواہ کر لیا کرے۔ پھر اگر دو مرد نہ ہوں تو ایک مرد اور دو عورتیں ہوں، اُن میں سے جن کو تم گواہوں میں سے پسند کرو تا کہ اگر ایک عورت بھول جائے تو ان میں سے ایک دوسری کو یاد دلا دے اور گواہ جب وہ گواہی کے لیے بلائے جائیں تو انکار نہ کریں اور اس بات میں کاہلی نہ کرو کہ تم اس کو لکھوا لو چھوٹا معاملہ ہو یا بڑا، اس کی میعاد تک۔ یہ اللہ کے نزدیک زیادہ انصاف کی بات ہے اور گواہی کے لیے درست طریقہ اور اس کے زیادہ قریب ہے کہ تم شک نہ کرو مگر جبکہ وہ معاملہ ہاتھوں ہاتھ سوداگری ہو کہ اس کو تم اپنے درمیان دائر کرتے ہو تو تم پر کچھ گناہ نہیں کہ تم اس کو نہ لکھو اور جب تم سودا کرو تو اس پر گواہ کر لیا کرو اور نہ کاتب کو ایذا

۱۔ یٰٓاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْٓا اِذَا تَدَایَنْتُمْ بِدَیْنٍ اِلٰٓی اَجَلٍ مُّسَمًّی فَاكْتُبُوْهُ ؕ وَلْیَكْتُبْ بَّیْنَكُمْ كَاتِبٌۢ بِالْعَدْلِ ۪ وَلَا یَاْبَ كَاتِبٌ اَنْ یَّكْتُبَ كَمَا عَلَّمَهُ اللّٰهُ فَلْیَكْتُبْ ۚ وَلْیُمْلِلِ الَّذِیْ عَلَیْهِ الْحَقُّ وَلْیَتَّقِ اللّٰهَ رَبَّهٗ وَلَا یَبْخَسْ مِنْهُ شَیْـًٔا ؕ فَاِنْ كَانَ الَّذِیْ عَلَیْهِ الْحَقُّ سَفِیْهًا اَوْ ضَعِیْفًا اَوْ لَا یَسْتَطِیْعُ اَنْ یُّمِلَّ هُوَ فَلْیُمْلِلْ وَلِیُّهٗ بِالْعَدْلِ ؕ وَاسْتَشْهِدُوْا شَهِیْدَیْنِ مِنْ رِّجَالِكُمْ ۚ فَاِنْ لَّمْ یَكُوْنَا رَجُلَیْنِ فَرَجُلٌ وَّامْرَاَتٰنِ مِمَّنْ تَرْضَوْنَ مِنَ الشُّهَدَآءِ اَنْ تَضِلَّ اِحْدٰىهُمَا فَتُذَكِّرَ اِحْدٰىهُمَا الْاُخْرٰی ؕ وَلَا یَاْبَ الشُّهَدَآءُ اِذَا مَا

پہنچائی جائے اور نہ گواہ کو اور اگر تم یہ کام کرو تو یہ تمہاری گنہگاری ہے اور اللہ سے ڈرو اور اللہ تمہیں تعلیم دیتا ہے اور اللہ ہر شے کو جانتا ہے۔

-البقرۃ ۲:۲۸۲-

۲۔ سفر میں رہن

۲۔ اور اگر تم مسافر ہو اور کوئی کاتب نہ پاؤ تو رہن اپنے قبضے میں رکھ لو۔

-البقرۃ ۲:۲۸۳-

سود

۱۔ سود خوار قیامت کو شیطان کے چھوئے ہوئے شخص کی طرح مخبوط الحواس اٹھیں گے

۱۔ جو لوگ سود کھاتے ہیں وہ قبروں سے نہیں اُٹھیں گے مگر جس طرح وہ شخص اُٹھتا ہے جس کو شیطان نے آسیب پہنچا کر دیوانہ بنا دیا ہو۔ یہ اس لیے کہ انہوں نے کہا کہ بیع بھی سود ہی کی مانند ہے۔

-البقرۃ ۲:۲۷۵-

۲۔ سود کو اللہ نے حرام کیا

۲۔ اور اللہ نے بیع کو حلال کیا ہے اور سود کو حرام کیا ہے۔

-البقرۃ ۲:۲۷۵-

۳۔ ممانعت سے پہلے کا سود حلال

۳۔ سو جس کے پاس اس کے پروردگار کی طرف سے نصیحت آ گئی اور وہ اس سے باز رہا تو اس کے واسطے (حلال) ہے جو پہلے ہو چکا اور اس کا معاملہ اللہ کی طرف ہے۔

-البقرۃ ۲:۲۷۵-

۴۔ حرام ہونے کے بعد جو سود کھائے

۴۔ اور جس نے پھر سود کھایا تو ایسے ہی لوگ دوزخی ہیں وہ

دُعُوْا ۭ وَلَا تَسْـَٔـمُوْٓا اَنْ تَكْتُبُوْهُ صَغِيْرًا اَوْ كَبِيْرًا اِلٰٓى اَجَلِهٖ ۭ ذٰلِكُمْ اَقْسَطُ عِنْدَ اللّٰهِ وَاَقْوَمُ لِلشَّهَادَةِ وَاَدْنٰٓى اَلَّا تَرْتَابُوْٓا اِلَّآ اَنْ تَكُوْنَ تِجَارَةً حَاضِرَةً تُدِيْرُوْنَهَا بَيْنَكُمْ فَلَيْسَ عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ اَلَّا تَكْتُبُوْهَا ۭ وَاَشْهِدُوْٓا اِذَا تَبَايَعْتُمْ ۠ وَلَا يُضَاۗرَّ كَاتِبٌ وَّلَا شَهِيْدٌ ڛ وَاِنْ تَفْعَلُوْا فَاِنَّهٗ فُسُوْقٌۢ بِكُمْ ۭ وَاتَّقُوا اللّٰهَ ۭ وَيُعَلِّمُكُمُ اللّٰهُ ۭ وَاللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ؀

۲۔ وَاِنْ كُنْتُمْ عَلٰي سَفَرٍ وَّلَمْ تَجِدُوْا كَاتِبًا فَرِھٰنٌ مَّقْبُوْضَةٌ ۭ

۱۔ اَلَّذِيْنَ يَاْكُلُوْنَ الرِّبٰوا لَا يَقُوْمُوْنَ اِلَّا كَمَا يَقُوْمُ الَّذِيْ يَتَخَبَّطُهُ الشَّيْطٰنُ مِنَ الْمَسِّ ۭ ذٰلِكَ بِاَنَّھُمْ قَالُوْٓا اِنَّمَا الْبَيْعُ مِثْلُ الرِّبٰوا ۘ

۲۔ وَاَحَلَّ اللّٰهُ الْبَيْعَ وَحَرَّمَ الرِّبٰوا ۭ

۳۔ فَمَنْ جَاۗءَهٗ مَوْعِظَةٌ مِّنْ رَّبِّهٖ فَانْتَهٰى فَلَهٗ مَا سَلَفَ ۭ وَاَمْرُهٗٓ اِلَى اللّٰهِ ۭ

۴۔ وَمَنْ عَادَ فَاُولٰۗىِٕكَ اَصْحٰبُ النَّارِ ۚ ھُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ؁

۵۔ يَمْحَقُ اللّٰهُ الرِّبٰوا وَيُرْبِي الصَّدَقٰتِ ۭ

۶۔ وَمَآ اٰتَيْتُمْ مِّنْ رِّبًا لِّيَرْبُوَا۟ فِيْٓ اَمْوَالِ النَّاسِ فَلَا يَرْبُوْا عِنْدَ اللّٰهِ ۚ

۷۔ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَذَرُوْا مَا بَقِيَ مِنَ الرِّبٰٓوا اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ؁

ہمیشہ اسی میں رہیں گے۔

-البقرۃ ۲:۲۷۵-

۵۔ اللہ سود کو گھٹاتا ہے

۵۔ اللہ سود کو گھٹاتا ہے اور خیرات کی برکتوں کو زیادہ کرتا ہے۔

-البقرۃ ۲:۲۷۶-

۶۔ اور جو سود تم دیتے ہو تاکہ لوگوں کے مالوں میں زیادتی ہو تو وہ اللہ کے نزدیک بڑھتا نہیں۔

-الروم ۳۰:۳۹-

۶۔ باقی سود چھوڑ دو

۷۔ مسلمانو! اللہ سے ڈرو اور اگر تم ایمان دار ہو تو جو سود (لوگوں کے ذمے) باقی رہا ہے اس کو چھوڑ دو

-البقرۃ ۲:۲۷۸-

۷۔ سودخواروں کی اللہ اور رسول سے لڑائی

۸۔ پھر اگر تم ایسا نہ کرو تو اللہ اور اس کے رسول سے لڑنے کے لیے تمہیں اطلاع دی جاتی ہے اور تم توبہ کرو تو تمہارے لیے تمہارے اصل مال ہیں۔ نہ تم کسی پر ظلم کرو اور نہ تم پر ظلم کیا جائے اور اگر مقروض محتاج ہے تو اس کو فراخی تک مہلت (دینا) ہے اور یہ بات کہ تم خیرات کے طور پر چھوڑ دو تمہارے حق میں بہتر ہے اگر تم جانتے ہو اور اس دن سے ڈرو جس میں تم اللہ کی طرف لوٹائے جاؤ گے۔ پھر ہر جان کو اس کی کمائی کا پورا عوض دیا جائے گا اور ان پر ظلم نہیں کیا جائے گا۔

۔البقرۃ ۲: ۲۷۹۔۲۸۱

۸۔ دگنے پر دگنا سود نہ کھاؤ

۹۔ مسلمانو! دگنے پر دگنا سود نہ کھاؤ اور اللہ سے ڈرو تا کہ تم فلاح پاؤ۔

۔آل عمران ۳: ۱۳۰۔

کتمانِ حق

۱۔ اللہ کا حکم چھپانے والوں پر اللہ کی پھٹکار

۱۔ بے شک جو لوگ چھپاتے ہیں اس بات کو جو ہم نے روشن دلیلوں اور ہدایت کی قسم سے اُتاری ہے اس کے بعد کہ ہم اس کتاب میں لوگوں کے لیے بیان کر چکے ہیں، اُن پر اللہ بھی لعنت کرتا ہے اور تمام لعنت کرنے والے بھی لعنت کرتے ہیں۔

۔البقرۃ ۲: ۱۵۹۔

۸۔ فَإِن لَّمْ تَفْعَلُوا فَأْذَنُوا بِحَرْبٍ مِّنَ اللَّهِ وَرَسُولِهِ ۖ وَإِن تُبْتُمْ فَلَكُمْ رُءُوسُ أَمْوَالِكُمْ لَا تَظْلِمُونَ وَلَا تُظْلَمُونَ ﴿٢٧٩﴾ وَإِن كَانَ ذُو عُسْرَةٍ فَنَظِرَةٌ إِلَىٰ مَيْسَرَةٍ ۚ وَأَن تَصَدَّقُوا خَيْرٌ لَّكُمْ ۖ إِن كُنتُمْ تَعْلَمُونَ ﴿٢٨٠﴾ وَاتَّقُوا يَوْمًا تُرْجَعُونَ فِيهِ إِلَى اللَّهِ ۖ ثُمَّ تُوَفَّىٰ كُلُّ نَفْسٍ مَّا كَسَبَتْ وَهُمْ لَا يُظْلَمُونَ ﴿٢٨١﴾

۹۔ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تَأْكُلُوا الرِّبَا أَضْعَافًا مُّضَاعَفَةً ۖ وَاتَّقُوا اللَّهَ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُونَ ﴿١٣٠﴾

۱۔ إِنَّ الَّذِينَ يَكْتُمُونَ مَا أَنزَلْنَا مِنَ الْبَيِّنَاتِ وَالْهُدَىٰ مِن بَعْدِ مَا بَيَّنَّاهُ لِلنَّاسِ فِي الْكِتَابِ ۙ أُولَٰئِكَ يَلْعَنُهُمُ اللَّهُ وَيَلْعَنُهُمُ اللَّاعِنُونَ ﴿١٥٩﴾

۲۔ إِنَّ الَّذِينَ يَكْتُمُونَ مَا أَنزَلَ اللَّهُ مِنَ الْكِتَابِ وَيَشْتَرُونَ بِهِ ثَمَنًا قَلِيلًا ۙ أُولَٰئِكَ مَا يَأْكُلُونَ فِي بُطُونِهِمْ إِلَّا النَّارَ وَلَا يُكَلِّمُهُمُ اللَّهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَلَا يُزَكِّيهِمْ وَلَهُمْ عَذَابٌ أَلِيمٌ ﴿١٧٤﴾ أُولَٰئِكَ الَّذِينَ اشْتَرَوُا الضَّلَالَةَ بِالْهُدَىٰ وَالْعَذَابَ بِالْمَغْفِرَةِ ۚ فَمَا أَصْبَرَهُمْ عَلَى النَّارِ ﴿١٧٥﴾ ذَٰلِكَ بِأَنَّ اللَّهَ نَزَّلَ الْكِتَابَ بِالْحَقِّ ۗ وَإِنَّ الَّذِينَ اخْتَلَفُوا فِي الْكِتَابِ لَفِي شِقَاقٍ بَعِيدٍ ﴿١٧٦﴾

۲۔ اللہ کا حکم چھپانے والوں کو دردناک عذاب

۲۔ بے شک وہ لوگ جو اس کو چھپاتے ہیں جو اللہ نے کتاب کی قسم سے اتارا ہے اور اس کے عوض تھوڑی قیمت مول لیتے ہیں، وہ اپنے پیٹوں میں سوائے آگ کے اور کچھ نہیں کھاتے اور قیامت کے دن اللہ ان سے کلام نہیں کرے گا اور نہ ان کو پاک کرے گا اور ان کے لیے دردناک عذاب ہے۔ وہی ہیں جنہوں نے ہدایت کے بدلے گمراہی مول لی اور مغفرت کے بدلے عذاب مول لیا۔ سو وہ آگ پر کیسے کچھ صابر ہیں۔ یہ اس لیے کہ اللہ نے سچی کتاب اتاری اور بے شک جنہوں نے کتاب میں اختلاف کیا وہ بڑے دور کے اختلاف میں ہیں۔

۔البقرۃ ۲: ۱۷۴۔۱۷۶

شہادت

۱۔ سچی گواہی دینے کا حکم

۱۔اور اللہ کے لیے درست گواہی دو۔

-الطلاق ۶۵:۲-

۲۔مسلمانو! اللہ کے لیے گواہ بن کر انصاف کے ساتھ کھڑے ہو جاؤ اگرچہ (وہ گواہی) خود تمہارے اپنے ہی خلاف ہو یا ماں باپ اور رشتہ داروں کے۔ اگر کوئی مالدار یا محتاج ہے تو ان دونوں سے اللہ زیادہ حق دار ہے۔ سو تم انصاف کے مقابلے میں خواہش کی پیروی نہ کرو اور اگر تم دبی زبان سے گواہی دو گے یا روگردانی کرو گے تو اللہ تمہارے عملوں سے خبردار ہے۔

-النساء ۴:۱۳۵-

۳۔مسلمانو! انصاف کے ساتھ گواہ بن کر اللہ کے لیے اُٹھ کھڑے ہو اور کسی قوم کی عداوت تم کو اس بات پر آمادہ نہ کرے کہ تم انصاف نہ کرو۔

-المائدۃ ۵:۸-

۲۔ گواہی نہ چھپاؤ جو چھپائے وہ گنہگار

۴۔اور گواہی نہ چھپاؤ اور جو اس کو چھپائے گا تو بے شک اس کا دل گنہگار ہے۔

-البقرۃ ۲:۲۸۳-

۳۔ گواہی چھپانے والے سے بڑھ کر ظالم کون؟

۵۔اور اس سے بڑھ کر ظالم کون جس نے اس گواہی کو چھپایا جو اللہ کی طرف سے اس پر واجب تھی؟

-البقرۃ ۲:۱۴۰-

۴۔ سچی گواہی دینے اور جھوٹی گواہی سے بچنے والوں کی مدح

۶۔اور وہ (خدا کے بندے ہیں) جو جھوٹی گواہی نہیں دیتے۔

-الفرقان ۲۵:۷۲-

۱۔وَاَقِيْمُوا الشَّهَادَةَ لِلّٰهِ ؕ

۲۔يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا كُوْنُوْا قَوّٰمِيْنَ بِالْقِسْطِ شُهَدَآءَ لِلّٰهِ وَلَوْ عَلٰۤى اَنْفُسِكُمْ اَوِ الْوَالِدَيْنِ وَالْاَقْرَبِيْنَ ۚ اِنْ يَّكُنْ غَنِيًّا اَوْ فَقِيْرًا فَاللّٰهُ اَوْلٰى بِهِمَا ۫ فَلَا تَتَّبِعُوا الْهَوٰۤى اَنْ تَعْدِلُوْا ۚ وَاِنْ تَلْوٗۤا اَوْ تُعْرِضُوْا فَاِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرًا ۝

۳۔يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا كُوْنُوْا قَوّٰمِيْنَ لِلّٰهِ شُهَدَآءَ بِالْقِسْطِ ۫ وَلَا يَجْرِمَنَّكُمْ شَنَاٰنُ قَوْمٍ عَلٰۤى اَلَّا تَعْدِلُوْا ؕ

۴۔وَلَا تَكْتُمُوا الشَّهَادَةَ ؕ وَمَنْ يَّكْتُمْهَا فَاِنَّهٗۤ اٰثِمٌ قَلْبُهٗ ؕ

۵۔وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنْ كَتَمَ شَهَادَةً عِنْدَهٗ مِنَ اللّٰهِ ؕ

۶۔وَالَّذِيْنَ لَا يَشْهَدُوْنَ الزُّوْرَ ۙ

۷۔وَالَّذِيْنَ هُمْ بِشَهٰدٰتِهِمْ قَآئِمُوْنَ ۝

۱۔يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا كُتِبَ عَلَيْكُمُ الْقِصَاصُ فِى الْقَتْلٰى ؕ

۲۔اَلْحُرُّ بِالْحُرِّ وَالْعَبْدُ بِالْعَبْدِ وَالْاُنْثٰى بِالْاُنْثٰى ؕ

۳۔فَمَنْ عُفِىَ لَهٗ مِنْ اَخِيْهِ شَىْءٌ فَاتِّبَاعٌ بِالْمَعْرُوْفِ وَاَدَآءٌ اِلَيْهِ

۷۔اور وہ جو اپنی گواہیوں پر قائم ہیں۔

-المعارج ۷۰:۳۳-

قصاص و دیت

۱۔ قصاصِ قتل مومنوں پر فرض ہے

۱۔مسلمانو! مقتولوں کا قصاص (خون کا عوض) تم پر فرض کیا گیا ہے۔

-البقرۃ ۲:۱۷۸-

۲۔ قصاص میں مساوات

۲۔آزاد بدلے آزاد کے اور غلام بدلے غلام کے اور عورت بدلے عورت کے۔

-البقرۃ ۲:۱۷۸-

۳۔ قصاص معاف ہو تو دیت (خون بہا) لازم

۳۔پھر جس کے لیے اس کے بھائی کی طرف سے کچھ (حصہ) معاف

کر دیا جائے پس اس کا حکم خوبی سے پیروی کرنا ہے اور اس کی طرف خوبی کے ساتھ (دیت) ادا کرنا ہے۔

-البقرۃ ۲:۱۷۸-

۴۔ یہ آسانی خدا کی رحمت ہے

۴۔ یہ تمہارے پروردگار کی طرف سے آسانی اور رحمت ہے۔

-البقرۃ ۲:۱۷۸-

۵۔ دیت قبول کرنے کے بعد تعدّی کرنے والے کو عذابِ الیم

۵۔ پھر جس نے اس کے بعد زیادتی کی اس کے لیے دردناک عذاب ہے۔

-البقرۃ ۲:۱۷۸-

۶۔ قصاص میں لوگوں کی زندگی ہے

۶۔ اور اے عقل مندو! قصاص میں تمہارے لیے زندگی ہے تاکہ تم (قتل سے) ڈرو۔

-البقرۃ ۲:۱۷۹-

۷۔ غلطی سے قتل ہو تو دیت اور مسلمان غلام آزاد کرنا

۷۔ اور کسی مسلمان کو سزاوار نہیں ہے کہ کسی مسلمان کو مار ڈالے مگر غلطی سے۔ اور جو کسی مسلمان کو غلطی سے مار ڈالے تو اس پر ایک مسلمان گردن کا آزاد کرنا ہے اور دیت ہے جو اس کے وارثوں کو دی جائے مگر یہ کہ وہ معاف کر دیں۔ پھر اگر مقتول تمہارے دشمنوں میں سے ہو اور وہ ہو مسلمان تو ایک مسلمان گردن کا آزاد کرنا ہے اور اگر ان لوگوں میں سے ہو جن کے درمیان تمہارے عہد و پیمان ہے تو دیت ہے جو اس کے وارثوں کو دی جائے اور ایک مسلمان گردن کا آزاد کرنا۔

-النساء ۴:۹۲-

بِإِحْسَانٍ ۗ

۴۔ ذَٰلِكَ تَخْفِيفٌ مِّن رَّبِّكُمْ وَرَحْمَةٌ ۗ

۵۔ فَمَنِ اعْتَدَىٰ بَعْدَ ذَٰلِكَ فَلَهُ عَذَابٌ أَلِيمٌ ﴿۱۷۸﴾

۶۔ وَلَكُمْ فِي الْقِصَاصِ حَيَاةٌ يَا أُولِي الْأَلْبَابِ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُونَ ﴿۱۷۹﴾

۷۔ وَمَا كَانَ لِمُؤْمِنٍ أَن يَقْتُلَ مُؤْمِنًا إِلَّا خَطَأً ۚ وَمَن قَتَلَ مُؤْمِنًا خَطَأً فَتَحْرِيرُ رَقَبَةٍ مُّؤْمِنَةٍ وَدِيَةٌ مُّسَلَّمَةٌ إِلَىٰ أَهْلِهِ إِلَّا أَن يَصَّدَّقُوا ۚ فَإِن كَانَ مِن قَوْمٍ عَدُوٍّ لَّكُمْ وَهُوَ مُؤْمِنٌ فَتَحْرِيرُ رَقَبَةٍ مُّؤْمِنَةٍ ۖ وَإِن كَانَ مِن قَوْمٍ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَهُم مِّيثَاقٌ فَدِيَةٌ مُّسَلَّمَةٌ إِلَىٰ أَهْلِهِ وَتَحْرِيرُ رَقَبَةٍ مُّؤْمِنَةٍ ۖ

۸۔ فَمَن لَّمْ يَجِدْ فَصِيَامُ شَهْرَيْنِ مُتَتَابِعَيْنِ تَوْبَةً مِّنَ اللَّهِ ۗ وَكَانَ اللَّهُ عَلِيمًا حَكِيمًا ﴿۹۲﴾

۹۔ وَكَتَبْنَا عَلَيْهِمْ فِيهَا أَنَّ النَّفْسَ بِالنَّفْسِ وَالْعَيْنَ بِالْعَيْنِ وَالْأَنفَ بِالْأَنفِ وَالْأُذُنَ بِالْأُذُنِ وَالسِّنَّ بِالسِّنِّ وَالْجُرُوحَ قِصَاصٌ ۚ فَمَن تَصَدَّقَ بِهِ فَهُوَ كَفَّارَةٌ لَّهُ ۚ وَمَن لَّمْ يَحْكُم بِمَا أَنزَلَ اللَّهُ فَأُولَٰئِكَ هُمُ الظَّالِمُونَ ﴿۴۵﴾

۸۔ جسے مسلمان غلام دستیاب نہ ہو تو لگاتار دو مہینے کے روزے رکھے

۸۔ پھر جو کوئی (مسلمان گردن یعنی بردہ) نہ پائے تو اس پر لگاتار دو مہینے کے روزے ہیں اور کفارہ اللہ کی جناب میں، توبہ قبول ہونے کے لیے ہے اور اللہ جاننے والا، حکمت والا ہے۔

-النساء ۴:۹۲-

۹۔ توریت میں قصاص فرض تھا

۹۔ اور ہم نے اُن پر اس میں لکھ دیا کہ جان کے بدلے جان اور آنکھ کے بدلے آنکھ اور ناک کے بدلے ناک اور کان کے بدلے کان اور دانت کے دانت اور سب زخم ادلے کا بدلہ۔ پھر جس نے اس کو معاف کر دیا تو وہ اس کے لیے کفارہ ہے اور جس نے اس کے مطابق فیصلہ نہ کیا جو اللہ نے اُتارا ہے تو وہی لوگ ظالم ہیں۔

-المائدۃ ۵:۴۵-

۱۰۔ مقتول کے اولیا قصاص لینے میں زیادتی نہ کریں

۱۰۔اور جو شخص ظلم سے مارا جائے تو ہم نے اس کے وارث کو غلبہ دیا ہے تو اس کو چاہیے کہ وہ قتل میں زیادتی نہ کرے، اُس کی مدد (کافی) کی گئی ہے۔

۔بنی اسرائیل ۱۷: ۳۳۔

۱۱۔یہ تو حکم ہو چکا اور جس نے اتنی ہی تکلیف پہنچائی کہ جتنی اُس کو پہنچائی گئی تھی پھر اِس پر زیادتی کی گئی تو اللہ ضرور اس کی مدد کرے گا۔ بے شک اللہ معاف کرنے والا، بخشنے والا ہے۔

۔الحج ۲۲: ۶۰۔

الکبائر

گناہِ کبیرہ

۱۔قتل

۱۔ قتل کی ممانعت

۱۔اور اپنی جانوں کو قتل نہ کرو۔

۔النساء ۴: ۲۹۔

۲۔اور جان کو جسے اللہ نے محترم کیا ہے ناحق قتل نہ کرو۔

۔الانعام ۶: ۱۵۱۔

۳۔اور جان کو جسے اللہ نے محترم کیا ہے ناحق قتل نہ کرو۔اور جو کوئی ناحق قتل کیا جائے تو ہم نے اس کے وارث کو غلبہ دیا ہے سو اس کو چاہیے کہ قتل میں (یعنی بدلہ لینے میں) زیادتی نہ کرے۔بے شک وہ مدد کیا گیا ہے۔

۔بنی اسرائیل ۱۷: ۳۳۔

۲۔ قتل اولاد کی ممانعت

۴۔اور محتاجی کے خوف سے اپنی اولاد کو قتل نہ کرو ہم تم کو

۱۰۔وَمَنْ قُتِلَ مَظْلُوْمًا فَقَدْ جَعَلْنَا لِوَلِيِّهٖ سُلْطٰنًا فَلَا يُسْرِفْ فِّي الْقَتْلِ ؕ اِنَّهٗ كَانَ مَنْصُوْرًا ﴿۳۳﴾

۱۱۔ذٰلِكَ ۚ وَمَنْ عَاقَبَ بِمِثْلِ مَا عُوْقِبَ بِهٖ ثُمَّ بُغِيَ عَلَيْهِ لَيَنْصُرَنَّهُ اللّٰهُ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَعَفُوٌّ غَفُوْرٌ ﴿۶۰﴾

۱۔وَلَا تَقْتُلُوْٓا اَنْفُسَكُمْ ؕ

۲۔وَلَا تَقْتُلُوا النَّفْسَ الَّتِيْ حَرَّمَ اللّٰهُ اِلَّا بِالْحَقِّ ؕ

۳۔وَلَا تَقْتُلُوا النَّفْسَ الَّتِيْ حَرَّمَ اللّٰهُ اِلَّا بِالْحَقِّ ؕ وَمَنْ قُتِلَ مَظْلُوْمًا فَقَدْ جَعَلْنَا لِوَلِيِّهٖ سُلْطٰنًا فَلَا يُسْرِفْ فِّي الْقَتْلِ ؕ اِنَّهٗ كَانَ مَنْصُوْرًا ﴿۳۳﴾

۴۔وَلَا تَقْتُلُوْٓا اَوْلَادَكُمْ مِّنْ اِمْلَاقٍ ؕ نَحْنُ نَرْزُقُكُمْ وَاِيَّاهُمْ ۚ

۵۔وَلَا تَقْتُلُوْٓا اَوْلَادَكُمْ خَشْيَةَ اِمْلَاقٍ ؕ نَحْنُ نَرْزُقُهُمْ وَاِيَّاكُمْ ؕ اِنَّ قَتْلَهُمْ كَانَ خِطْاً كَبِيْرًا ﴿۳۱﴾

۶۔قَدْ خَسِرَ الَّذِيْنَ قَتَلُوْٓا اَوْلَادَهُمْ سَفَهًاۢ بِغَيْرِ عِلْمٍ

۷۔وَاِذَا الْمَوْءٗدَةُ سُئِلَتْ ۙ﴿۸﴾ بِاَيِّ ذَنْۢبٍ قُتِلَتْ ۚ﴿۹﴾

بھی روزی دیتے ہیں اور ان کو بھی۔

۔الانعام ۶: ۱۵۱۔

۵۔اور اپنی اولاد کو محتاجی کے خوف سے قتل نہ کرو ہم ان کو بھی روزی دیتے ہیں اور تم کو بھی۔ بے شک ان کا قتل کرنا بڑا بھاری گناہ ہے۔

۔بنی اسرائیل ۱۷: ۳۱۔

۳۔ اولاد کے قاتل ٹوٹے میں

۶۔ بے شک وہ لوگ گھاٹے میں پڑ گئے جنھوں نے ناسمجھی سے، بغیر علم کے اپنی اولاد کو قتل کیا۔

۔الانعام ۶: ۱۴۰۔

۴۔ قیامت کو دختر کشی کی بابت باز پرس

۷۔اور (وہ وقت یاد کرو) جب اس لڑکی سے جو زندہ دفن کی گئی پوچھا جائے گا کہ وہ کس جرم میں قتل کی گئی۔

۔التکویر ۸۱: ۸۔۹۔

۵۔ قتلِ عمد کی سزا ہمیشہ کو دوزخ اور اللہ کا غضب اور لعنت اور بڑا عذاب

۸۔اور جو کسی مسلمان کو جان بوجھ کر قتل کرے گا اس کی سزا دوزخ ہے۔ وہ ہمیشہ اُسی میں رہے گا اور اللہ کا اس پر غضب ہوگا اور اس کی لعنت اور اللہ نے اس کے لیے بڑا بھاری عذاب تیار کیا ہے۔

۔النساء ۴: ۹۳۔

۶۔ قاتل کو دوہرا عذاب

۹۔اور وہ جو اللہ کے ساتھ کسی اور معبود کو نہیں پکارتے اور جس جاندار کو مار ڈالنا اللہ نے حرام کیا ہے اس کو قتل نہیں کرتے مگر جائز طریق (یعنی شریعت کے حکم) سے اور بدکاری نہیں کرتے۔ اور جو یہ کام کرے گا سخت گناہ میں مبتلا ہوگا۔ قیامت کے دن اس کو دونا عذاب ہوگا اور ذلت وخواری سے ہمیشہ اس میں رہے گا۔

۔الفرقان ۲۵: ۶۸۔۶۹۔

۷۔ قتل کی دنیوی سزائیں

۱۰۔اور کسی مومن کو شایاں نہیں کہ مومن کو مار ڈالے مگر بھول کر۔ اور جو بھول کر بھی مومن کو مار ڈالے تو (ایک تو) ایک مسلمان غلام آزاد کر دے اور (دوسرے) مقتول کے وارثوں کو خون بہا دے۔ ہاں اگر وہ معاف کر دیں (تو ان کو اختیار ہے)۔ اگر مقتول تمہارے دشمنوں کی جماعت میں سے ہو اور وہ خود مومن ہو تو صرف ایک مسلمان غلام آزاد کرنا چاہیے اور اگر مقتول ایسے لوگوں میں سے ہو جن میں اور تم میں صلح کا عہد ہو تو وارثانِ مقتول کو خون بہا دینا اور ایک مسلمان غلام آزاد کرنا چاہیے اور جس کو یہ میسر نہ ہو وہ متواتر دو مہینے کے روزے رکھے۔ یہ (کفارہ) اللہ کی طرف سے (قبولِ) توبہ (کے لیے) ہے۔ اور خدا سب کچھ جانتا (اور) بڑی حکمت والا ہے۔

۔النساء ۴: ۹۲۔

۸۔ وَمَنْ يَّقْتُلْ مُؤْمِنًا مُّتَعَمِّدًا فَجَزَآؤُهٗ جَهَنَّمُ خٰلِدًا فِيْهَا وَغَضِبَ اللّٰهُ عَلَيْهِ وَلَعَنَهٗ وَاَعَدَّ لَهٗ عَذَابًا عَظِيْمًا ﴿۹۳﴾

۹۔ وَالَّذِيْنَ لَا يَدْعُوْنَ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ وَلَا يَقْتُلُوْنَ النَّفْسَ الَّتِيْ حَرَّمَ اللّٰهُ اِلَّا بِالْحَقِّ وَلَا يَزْنُوْنَ ۚ وَمَنْ يَّفْعَلْ ذٰلِكَ يَلْقَ اَثَامًا ﴿۶۸﴾ يُّضٰعَفْ لَهُ الْعَذَابُ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَيَخْلُدْ فِيْهٖ مُهَانًا ﴿۶۹﴾

۱۰۔ وَمَا كَانَ لِمُؤْمِنٍ اَنْ يَّقْتُلَ مُؤْمِنًا اِلَّا خَطَـًٔا ۚ وَمَنْ قَتَلَ مُؤْمِنًا خَطَـًٔا فَتَحْرِيْرُ رَقَبَةٍ مُّؤْمِنَةٍ وَّدِيَةٌ مُّسَلَّمَةٌ اِلٰۤى اَهْلِهٖۤ اِلَّاۤ اَنْ يَّصَّدَّقُوْا ۭ فَاِنْ كَانَ مِنْ قَوْمٍ عَدُوٍّ لَّكُمْ وَهُوَ مُؤْمِنٌ فَتَحْرِيْرُ رَقَبَةٍ مُّؤْمِنَةٍ ۭ وَاِنْ كَانَ مِنْ قَوْمٍۢ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَهُمْ مِّيْثَاقٌ فَدِيَةٌ مُّسَلَّمَةٌ اِلٰۤى اَهْلِهٖ وَتَحْرِيْرُ رَقَبَةٍ مُّؤْمِنَةٍ ۚ فَمَنْ لَّمْ يَجِدْ فَصِيَامُ شَهْرَيْنِ مُتَتَابِعَيْنِ ۡ تَوْبَةً مِّنَ اللّٰهِ ۭ وَكَانَ اللّٰهُ عَلِيْمًا حَكِيْمًا ﴿۹۲﴾

۱۔ وَلَا تَقْرَبُوا الزِّنٰۤى اِنَّهٗ كَانَ فَاحِشَةً ۭ وَسَآءَ سَبِيْلًا ﴿۳۲﴾

۲۔ وَعِبَادُ الرَّحْمٰنِ الَّذِيْنَ يَمْشُوْنَ عَلَى الْاَرْضِ هَوْنًا وَّاِذَا خَاطَبَهُمُ الْجٰهِلُوْنَ قَالُوْا سَلٰمًا ﴿۶۳﴾ ...... وَالَّذِيْنَ لَا يَدْعُوْنَ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ وَلَا يَقْتُلُوْنَ

ب۔ زِنا

۸۔ زنا کی ممانعت

۱۔اور زنا کے قریب بھی نہ جاؤ۔ بے شک وہ بے حیائی ہے اور بری راہ۔

۔بنی اسرائیل ۱۷: ۳۲۔

۲۔ اللہ کے بندے وہ ہیں جو زنا نہیں کرتے اور زناکاروں کو قیامت کو دوہرا عذاب ہوگا

۲۔اور اللہ کے بندے وہ ہیں جو زمین پر دھیمے چلتے ہیں اور جب جاہل ان سے کلام کرتے ہیں تو کہتے ہیں کہ سلام ...... اور وہ جو اللہ کے ساتھ کسی دوسرے معبود کو نہیں پکارتے اور اس جان کو جس کا اللہ نے احترام کیا ہے ناحق قتل نہیں کرتے اور زنا نہیں کرتے اور جو ایسا کرے

گا وہ گناہ (کی سزا) سے ملے گا قیامت کے دن اسے دہرا عذاب دیا جائے گا اور وہ ہمیشہ اسی میں ذلیل پڑا رہے گا۔

-الفرقان ۲۵: ۶۸،۶۳-۶۹-

۳۔ پیغمبر صاحب کو عورتوں سے زنا اور دیگر گناہوں کے ترک پر بیعت لینے کا حکم

۳۔اے نبی جب تیرے پاس مسلمان عورتیں اس لیے آئیں کہ وہ تجھ سے اس بات پر بیعت کریں کہ اللہ کے ساتھ کسی چیز کو شریک نہیں کریں گی اور چوری نہیں کریں گی اور زنا نہیں کریں گی اور اپنی اولاد کو قتل نہیں کریں گی اور بہتان کی بات جسے وہ اپنے ہاتھوں اور پیروں کے درمیان سے اُٹھا کھڑا کر نہیں، لائیں گی اور اچھی بات میں تیری نافرمانی نہیں کریں گی تو اُن سے بیعت لے اور اللہ سے ان کے لیے مغفرت مانگ۔ بے شک اللہ بخشنے والا ،مہربان ہے۔

-الممتحنة ۶۰: ۱۲-

۴۔ زنا کی دنیوی سزا

دیکھو بیان حدود

حدِّ زِنا

۱۔ عورتیں فواحش کی مرتکب ہوں تو گواہی کے بعد انہیں مرتے دم تک گھروں میں بند رکھو

۱۔اور تمہاری عورتوں میں سے جو عورتیں بے حیائی کے کام لاتی ہیں تو ان پر اپنے درمیان سے چار گواہ کرلو۔ پس اگر وہ شہادت دیں تو ان عورتوں کو گھروں میں بند کر رکھو یہاں تک کہ ان کو موت آجائے یا اللہ ان کے لیے کوئی اور راہ نکال دے۔

-النساء ۴: ۱۵-

النَّفْسَ الَّتِي حَرَّمَ اللَّهُ إِلَّا بِالْحَقِّ وَلَا يَزْنُونَ ۚ وَمَن يَفْعَلْ ذَٰلِكَ يَلْقَ أَثَامًا ﴿٦٨﴾ يُضَاعَفْ لَهُ الْعَذَابُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَيَخْلُدْ فِيهِ مُهَانًا ﴿٦٩﴾

۳۔ يَا أَيُّهَا النَّبِيُّ إِذَا جَاءَكَ الْمُؤْمِنَاتُ يُبَايِعْنَكَ عَلَىٰ أَن لَّا يُشْرِكْنَ بِاللَّهِ شَيْئًا وَلَا يَسْرِقْنَ وَلَا يَزْنِينَ وَلَا يَقْتُلْنَ أَوْلَادَهُنَّ وَلَا يَأْتِينَ بِبُهْتَانٍ يَفْتَرِينَهُ بَيْنَ أَيْدِيهِنَّ وَأَرْجُلِهِنَّ وَلَا يَعْصِينَكَ فِي مَعْرُوفٍ فَبَايِعْهُنَّ وَاسْتَغْفِرْ لَهُنَّ اللَّهَ ۖ إِنَّ اللَّهَ غَفُورٌ رَّحِيمٌ ﴿١٢﴾

۱۔ وَاللَّاتِي يَأْتِينَ الْفَاحِشَةَ مِن نِّسَائِكُمْ فَاسْتَشْهِدُوا عَلَيْهِنَّ أَرْبَعَةً مِّنكُمْ ۖ فَإِن شَهِدُوا فَأَمْسِكُوهُنَّ فِي الْبُيُوتِ حَتَّىٰ يَتَوَفَّاهُنَّ الْمَوْتُ أَوْ يَجْعَلَ اللَّهُ لَهُنَّ سَبِيلًا ﴿١٥﴾

۲۔ وَاللَّذَانِ يَأْتِيَانِهَا مِنكُمْ فَآذُوهُمَا ۖ فَإِن تَابَا وَأَصْلَحَا فَأَعْرِضُوا عَنْهُمَا ۗ إِنَّ اللَّهَ كَانَ تَوَّابًا رَّحِيمًا ﴿١٦﴾

۳۔ الزَّانِيَةُ وَالزَّانِي فَاجْلِدُوا كُلَّ وَاحِدٍ مِّنْهُمَا مِائَةَ جَلْدَةٍ ۖ وَلَا تَأْخُذْكُم بِهِمَا رَأْفَةٌ فِي دِينِ اللَّهِ إِن كُنتُمْ تُؤْمِنُونَ بِاللَّهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ ۖ وَلْيَشْهَدْ عَذَابَهُمَا طَائِفَةٌ مِّنَ الْمُؤْمِنِينَ ﴿٢﴾

۲۔ اگر مرد ایسا کریں تو انہیں سزا دو

۲۔اور جو دو شخص تم مردوں میں سے یہ کام لائیں تو ان کو تکلیف پہنچاؤ پھر اگر وہ دونوں توبہ کرلیں اور درست ہو جائیں تو ان سے درگزر کرو۔ بے شک اللہ توبہ قبول کرنے والا ،مہربان ہے۔

-النساء ۴: ۱۶-

۳۔ زنا کی سزا سو درّے ہیں

۳۔زنا کار عورت اور زنا کار مرد، ان میں سے ہر ایک کے سو سو کوڑے لگاؤ اور اللہ کے دین کے مقابلے میں تم کو ان پر شفقت نہ آئے اگر تم اللہ اور قیامت پر ایمان رکھتے ہو اور ان کی سزا کے وقت مومنوں کی ایک جماعت موجود ہونی چاہیے۔

-النور ۲۴: ۲-

۳۔ زانی وزانیہ کا نکاح زانی یا مشرک ہی کے ساتھ ہو

۴۔زانی سوائے زانیہ یا مشرکہ کے اور کسی سے نکاح نہیں کرتا اور زانیہ سے سوائے زانی یا مشرک کے اور کوئی نکاح نہیں کرتا اور مومنوں پر تو یہ حرام کیا گیا ہے۔

۔النور ۲۴:۳۔

۴۔ الزَّانِي لَا يَنكِحُ إِلَّا زَانِيَةً أَوْ مُشْرِكَةً وَالزَّانِيَةُ لَا يَنكِحُهَا إِلَّا زَانٍ أَوْ مُشْرِكٌ ۚ وَحُرِّمَ ذَٰلِكَ عَلَى الْمُؤْمِنِينَ ۝

۴۔ لونڈیوں کو فواحش کی سزا بیبیوں سے آدھی

۵۔پھر جب وہ (لونڈیاں) نکاح میں آ جائیں اگر بدکاری کریں تو ان پر اس سے آدھی سزا ہے جو آزاد عورتوں کے لیے ہے۔

۔النساء ۴:۲۵۔

۵۔ فَإِذَا أُحْصِنَّ فَإِنْ أَتَيْنَ بِفَاحِشَةٍ فَعَلَيْهِنَّ نِصْفُ مَا عَلَى الْمُحْصَنَاتِ مِنَ الْعَذَابِ ۚ

ج۔ لُوٹ مار۔ ڈکیتی

۱۔ محاربین کی سزا

۱۔ان لوگوں کی سزا جو اللہ اور اس کے رسول سے لڑتے ہیں اور زمین میں فساد پھیلانے کے لیے دوڑے دوڑے پھرتے ہیں، بس یہی ہے کہ وہ قتل کر دیے جائیں یا سولی دیے جائیں یا ان کے ہاتھ اور پاؤں اُلٹے سیدھے کاٹ دیے جائیں (دہنا ہاتھ اور بایاں پاؤں) یا اس ملک سے نکال دیے جائیں۔ یہ ذلت ان کے لیے دنیا کی (زندگی) میں ہے اور آخرت میں ان کے لیے بڑا عذاب ہے۔

۔المائدۃ ۵:۳۳۔

۱۔ إِنَّمَا جَزَاءُ الَّذِينَ يُحَارِبُونَ اللَّهَ وَرَسُولَهُ وَيَسْعَوْنَ فِي الْأَرْضِ فَسَادًا أَن يُقَتَّلُوا أَوْ يُصَلَّبُوا أَوْ تُقَطَّعَ أَيْدِيهِمْ وَأَرْجُلُهُم مِّنْ خِلَافٍ أَوْ يُنفَوْا مِنَ الْأَرْضِ ۚ ذَٰلِكَ لَهُمْ خِزْيٌ فِي الدُّنْيَا ۖ وَلَهُمْ فِي الْآخِرَةِ عَذَابٌ عَظِيمٌ ۝

۲۔ محاربین توبہ کر چکے تو سزا معاف

۲۔مگر جو اس سے پہلے ہی کہ تم ان پر قابو پاؤ توبہ کر لیں تو جان لو کہ اللہ بخشنے والا، مہربان ہے۔

۔المائدۃ ۵:۳۴۔

۲۔ إِلَّا الَّذِينَ تَابُوا مِن قَبْلِ أَن تَقْدِرُوا عَلَيْهِمْ ۖ فَاعْلَمُوا أَنَّ اللَّهَ غَفُورٌ رَّحِيمٌ ۝

د۔ چوری کی سزا

۱۔ چور کے ہاتھ کاٹو

۱۔اور چور مرد اور چور عورت تم ان دونوں کے ہاتھ کاٹ لو بدلہ اس کا جو انہوں نے کیا ہے۔ سزا ہے اللہ کی طرف سے اور اللہ غالب ہے، حکمت والا ہے۔

۔المائدۃ ۵:۳۸۔

۱۔ وَالسَّارِقُ وَالسَّارِقَةُ فَاقْطَعُوا أَيْدِيَهُمَا جَزَاءً بِمَا كَسَبَا نَكَالًا مِّنَ اللَّهِ ۗ وَاللَّهُ عَزِيزٌ حَكِيمٌ ۝

۲۔ توبہ سے سزا معاف

۲۔پھر جس نے اپنے ظلم کے بعد توبہ کر لی اور اصلاح پر آ گیا تو بے

۲۔ فَمَن تَابَ مِن بَعْدِ ظُلْمِهِ وَأَصْلَحَ فَإِنَّ اللَّهَ يَتُوبُ عَلَيْهِ ۗ إِنَّ اللَّهَ

شک اللہ اس کی توبہ قبول کرے گا۔ بے شک اللہ بخشنے والا، مہربان ہے۔

-المائدۃ ۵: ۳۹-

ہ۔ قذف

ا۔ مومنوں کو بدنام کرنے کا عذاب

ا۔ جو لوگ یہ چاہتے ہیں کہ ان لوگوں کی نسبت بے حیائی کی بات مشہور ہو جو ایمان لائے ہیں، ان کے لیے درد ناک عذاب ہے، دنیا میں بھی اور آخرت میں بھی اور اللہ جانتا ہے اور تم نہیں جانتے۔

-النور ۲۴: ۱۹-

۲۔ بے خبر، پاک دامن مومنات پر تہمت لگانے والوں پر لعنت اور عذابِ عظیم

۲۔ بے شک جو لوگ ایمان دار، بے خبر، پاک دامن عورتوں کو متہم کرتے ہیں وہ دنیا اور آخرت میں ملعون ہیں اور ان کے لیے بڑا عذاب ہے۔

-النور ۲۴: ۲۳-

۳۔ تہمت لگانا کھلے گناہ کا بوجھ اٹھانا ہے

۳۔ اور جو لوگ مسلمان مردوں اور مسلمان عورتوں کو بغیر اس کے کہ انہوں نے (گناہ) کمایا ہو، ایذا پہنچاتے ہیں انہوں نے بے شک بہتان اور کھلے گناہ کا بوجھ اُٹھایا۔

-الاحزاب ۳۳: ۵۸-

۴۔ پاک دامن عورتوں پر بہتان لگانے کی سزا اسی کوڑے اور عدمِ قبولِ شہادت

۴۔ اور جو لوگ پاک دامن عورتوں کو تہمت لگائیں پھر (اس پر) چار گواہ نہ لائیں تو تم ان کے اسّی کوڑے لگاؤ اور کبھی اُن کی گواہی قبول نہ کرو اور وہی بدکار ہیں۔

-النور ۲۴: ۴-

۵۔ بہتان لگانے کی سزا توبہ کے بعد معاف ہے

۵۔ مگر جنہوں نے اس کے بعد توبہ کر لی اور اصلاح پر آ گئے تو بے شک اللہ بخشنے والا، مہربان ہے۔

-النور ۲۴: ۵-

غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۳۹﴾

۱۔ اِنَّ الَّذِيْنَ يُحِبُّوْنَ اَنْ تَشِيْعَ الْفَاحِشَةُ فِي الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۙ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ۭ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ وَاَنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿۱۹﴾

۲۔ اِنَّ الَّذِيْنَ يَرْمُوْنَ الْمُحْصَنٰتِ الْغٰفِلٰتِ الْمُؤْمِنٰتِ لُعِنُوْا فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ۠ وَلَهُمْ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ﴿۲۳﴾

۳۔ وَالَّذِيْنَ يُؤْذُوْنَ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ بِغَيْرِ مَا اكْتَسَبُوْا فَقَدِ احْتَمَلُوْا بُهْتَانًا وَّاِثْمًا مُّبِيْنًا ﴿۵۸﴾

۴۔ وَالَّذِيْنَ يَرْمُوْنَ الْمُحْصَنٰتِ ثُمَّ لَمْ يَاْتُوْا بِاَرْبَعَةِ شُهَدَاۗءَ فَاجْلِدُوْهُمْ ثَمٰنِيْنَ جَلْدَةً وَّلَا تَقْبَلُوْا لَهُمْ شَهَادَةً اَبَدًا ۚ وَاُولٰۗىِٕكَ هُمُ الْفٰسِقُوْنَ ۙ﴿۴﴾

۵۔ اِلَّا الَّذِيْنَ تَابُوْا مِنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ وَاَصْلَحُوْا ۚ فَاِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۵﴾

۱۔ وَاَوْفُوا الْكَيْلَ وَالْمِيْزَانَ بِالْقِسْطِ ۚ

۲۔ فَاَوْفُوا الْكَيْلَ وَالْمِيْزَانَ وَلَا تَبْخَسُوا النَّاسَ اَشْيَاۗءَهُمْ

و۔ ماپ تول میں کمی

ا۔ پورا ماپنے اور تولنے کا حکم

ا۔ اور انصاف کے ساتھ ماپ اور تول کو پورا رکھو۔

-الانعام ۶: ۱۵۲-

۲۔ سو ماپ اور تول کو پورا رکھو اور لوگوں کو ان کی چیزیں کم نہ دو۔

-الاعراف ۷: ۸۵-

۳۔اور ہم نے مدین کی طرف ان کے بھائی شعیب کو بھیجا اس نے کہا کہ بھائیو اللہ کی عبادت کرو، تمہارے لیے اس کے سوا کوئی معبود نہیں اور پیمانہ اور ترازو میں کمی نہ کرو۔ میں تمہیں اچھی حالت میں دیکھتا ہوں اور میں تم پر چھا جانے والے دن کے عذاب کا اندیشہ کرتا ہوں اور بھائیو! ماپ اور ترازو کو انصاف کے ساتھ پورا رکھو اور لوگوں کو ان کی چیزیں کم نہ دو اور زمین میں فساد پھیلاتے نہ پھرو۔

-ھود ۱۱: ۸۴-۸۵

۲۔ صحیح ترازو سے تولو

۴۔اور جب تم ناپو تو پورا ناپو اور سیدھی ترازو سے تولو۔ یہ بہتر اور انجام کے لحاظ سے اچھا ہے۔

-بنی اسرائیل ۱۷: ۳۵-

۵۔پیمانہ پورا رکھو اور کم دینے والوں میں نہ ہو۔

-الشعراء ۲۶: ۱۸۱-

۶۔اور سیدھی ترازو سے تولو۔

-الشعراء ۲۶: ۱۸۲-

۷۔اور لوگوں کو ان کی چیزیں کم نہ دو اور زمین میں فساد پھیلاتے نہ پھرو۔

-الشعراء ۲۶: ۱۸۳-

۸۔غرض یہ ہے کہ تم ترازو میں حد سے تجاوز نہ کرو۔ اور تول انصاف کے ساتھ قائم رکھو اور ترازو میں کمی نہ کرو۔

-الرحمٰن ۵۵: ۸-۹-

۹۔ہم نے اپنے رسول کھلی دلیلیں دے کر بھیجے اور ان کے ساتھ کتاب اور ترازو اتاری تاکہ لوگ انصاف پر قائم رہیں۔

۳۔وَإِلَىٰ مَدْيَنَ أَخَاهُمْ شُعَيْبًا ۚ قَالَ يَا قَوْمِ اعْبُدُوا اللَّهَ مَا لَكُم مِّنْ إِلَٰهٍ غَيْرُهُ ۖ وَلَا تَنقُصُوا الْمِكْيَالَ وَالْمِيزَانَ ۚ إِنِّي أَرَاكُم بِخَيْرٍ وَإِنِّي أَخَافُ عَلَيْكُمْ عَذَابَ يَوْمٍ مُّحِيطٍ ﴿٨٤﴾ وَيَا قَوْمِ أَوْفُوا الْمِكْيَالَ وَالْمِيزَانَ بِالْقِسْطِ ۖ وَلَا تَبْخَسُوا النَّاسَ أَشْيَاءَهُمْ وَلَا تَعْثَوْا فِي الْأَرْضِ مُفْسِدِينَ ﴿٨٥﴾

۴۔وَأَوْفُوا الْكَيْلَ إِذَا كِلْتُمْ وَزِنُوا بِالْقِسْطَاسِ الْمُسْتَقِيمِ ۚ ذَٰلِكَ خَيْرٌ وَأَحْسَنُ تَأْوِيلًا ﴿٣٥﴾

۵۔أَوْفُوا الْكَيْلَ وَلَا تَكُونُوا مِنَ الْمُخْسِرِينَ ﴿١٨١﴾

۶۔وَزِنُوا بِالْقِسْطَاسِ الْمُسْتَقِيمِ ﴿١٨٢﴾

۷۔وَلَا تَبْخَسُوا النَّاسَ أَشْيَاءَهُمْ وَلَا تَعْثَوْا فِي الْأَرْضِ مُفْسِدِينَ ﴿١٨٣﴾

۸۔أَلَّا تَطْغَوْا فِي الْمِيزَانِ ﴿٨﴾ وَأَقِيمُوا الْوَزْنَ بِالْقِسْطِ وَلَا تُخْسِرُوا الْمِيزَانَ ﴿٩﴾

۹۔لَقَدْ أَرْسَلْنَا رُسُلَنَا بِالْبَيِّنَاتِ وَأَنزَلْنَا مَعَهُمُ الْكِتَابَ وَالْمِيزَانَ لِيَقُومَ النَّاسُ بِالْقِسْطِ ۖ

۱۰۔وَيْلٌ لِّلْمُطَفِّفِينَ ﴿١﴾ الَّذِينَ إِذَا اكْتَالُوا عَلَى النَّاسِ يَسْتَوْفُونَ ﴿٢﴾ وَإِذَا كَالُوهُمْ أَو وَّزَنُوهُمْ يُخْسِرُونَ ﴿٣﴾ أَلَا يَظُنُّ أُولَٰئِكَ أَنَّهُم مَّبْعُوثُونَ ﴿٤﴾ لِيَوْمٍ عَظِيمٍ ﴿٥﴾ يَوْمَ يَقُومُ النَّاسُ لِرَبِّ الْعَالَمِينَ ﴿٦﴾

-الحدید ۵۷: ۲۵-

۳۔ کم ماپنے اور تولنے والوں کو ویل

۱۰۔خرابی ہے کم تولنے والوں کی جب وہ لوگوں سے اپنے لیے ناپ کرلیں تو پورا لیں اور جب ان کو ناپ کر یا تول کر دیں تو کم کر دیں۔ کیا یہ لوگ یہ یقین نہیں کرتے کہ وہ اُٹھائے جائیں گے ایک بڑے دن کے لیے، جس دن لوگ جہانوں کے پروردگار کے سامنے کھڑے ہوں گے۔

-المطففین ۸۳: ۱-۶-

ز۔ شراب خواری و قمار بازی

۱۔ شراب خواری اور قمار بازی کی ممانعت

۱۔(اے پیغمبر ﷺ!) لوگ تجھ سے شراب اور جوئے کا حکم پوچھتے ہیں۔ کہہ دے کہ ان میں بڑا گناہ ہے اور لوگوں کے لیے فائدے بھی ہیں اور ان کا گناہ ان کے نفع سے بہت بڑا ہے۔

۔البقرۃ ۲: ۲۱۹۔

۲۔ مسلمانو! اس کے سوا کچھ نہیں کہ شراب اور جوا اور بُت اور استخارے کے پانسے ناپاک شیطانی کام ہیں۔ تو تم ان سے بچتے رہو تا کہ تم فلاح پاؤ۔ شیطان تو بس یہی چاہتا ہے کہ شراب اور جوئے میں (تمہیں پھنسا کر) تمہارے درمیان عداوت اور نفرت ڈالے اور تم کو اللہ کی یاد اور نماز سے روک دے۔ تو کیا تم رُکنے والے ہو؟

۔المائدۃ ۵: ۹۰۔ ۹۱۔

۱۔ يَسْـَٔلُوْنَكَ عَنِ الْخَمْرِ وَالْمَيْسِرِ ؕ قُلْ فِيْهِمَاۤ اِثْمٌ كَبِيْرٌ وَّمَنَافِعُ لِلنَّاسِ ؗ وَاِثْمُهُمَاۤ اَكْبَرُ مِنْ نَّفْعِهِمَا ؕ

۲۔ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اِنَّمَا الْخَمْرُ وَالْمَيْسِرُ وَالْاَنْصَابُ وَالْاَزْلَامُ رِجْسٌ مِّنْ عَمَلِ الشَّيْطٰنِ فَاجْتَنِبُوْهُ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ۝۹۰ اِنَّمَا يُرِيْدُ الشَّيْطٰنُ اَنْ يُّوْقِعَ بَيْنَكُمُ الْعَدَاوَةَ وَالْبَغْضَآءَ فِى الْخَمْرِ وَالْمَيْسِرِ وَيَصُدَّكُمْ عَنْ ذِكْرِ اللّٰهِ وَعَنِ الصَّلٰوةِ ۚ فَهَلْ اَنْتُمْ مُّنْتَهُوْنَ ۝۹۱

دوسرے گناہ

۱۔ فواحش سے بچنے کا حکم

۱۔ اور بے حیائی کے کاموں کے، جو ان میں سے ظاہر ہیں اور جو ان میں چھپے ہیں، پاس بھی نہ جاؤ۔

۔الانعام ۶: ۱۵۱۔

۲۔ کہہ دے کہ اللہ بے حیائی کا حکم نہیں دیتا۔

۔الاعراف ۷: ۲۸۔

۳۔ کہہ دے کہ میرے پروردگار نے تو بس بے حیائی کے کاموں کو حرام کیا ہے جو ان میں ظاہر ہیں اور جو ان میں چھپے ہیں اور گناہ اور ناحق کی زیادتی کو بھی اور اس بات کو کہ تم اللہ کے ساتھ کسی ایسی چیز کو شریک کرو جس کی شرکت کی اس نے کوئی سند نہیں اُتاری اور یہ کہ تم اللہ کی نسبت وہ بات کہو جس کا تمہیں علم نہیں۔

۔الاعراف ۷: ۳۳۔

۴۔ اور اللہ بے حیائی اور بُری باتوں اور ظلم سے منع کرتا ہے وہ تم کو نصیحت کرتا ہے تا کہ تم نصیحت پکڑو۔

۔النحل ۱۶: ۹۰۔

۲۔ چھپے اور کھلے سب گناہوں کے چھوڑنے کا حکم

۵۔ اور کھلے اور چھپے (ہر ایک) گناہ کو چھوڑ دو بے شک جو لوگ گناہ کماتے ہیں اُن کو اس کی سزا دی جائے گی جو وہ کماتے ہیں۔

۔الانعام ۶: ۱۲۰۔

۱۔ وَلَا تَقْرَبُوا الْفَوَاحِشَ مَا ظَهَرَ مِنْهَا وَمَا بَطَنَ ۚ

۲۔ قُلْ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَاْمُرُ بِالْفَحْشَآءِ ؕ

۳۔ قُلْ اِنَّمَا حَرَّمَ رَبِّىَ الْفَوَاحِشَ مَا ظَهَرَ مِنْهَا وَمَا بَطَنَ وَالْاِثْمَ وَالْبَغْىَ بِغَيْرِ الْحَقِّ وَاَنْ تُشْرِكُوْا بِاللّٰهِ مَا لَمْ يُنَزِّلْ بِهٖ سُلْطٰنًا وَّاَنْ تَقُوْلُوْا عَلَى اللّٰهِ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ۝۳۳

۴۔ وَيَنْهٰى عَنِ الْفَحْشَآءِ وَالْمُنْكَرِ وَالْبَغْىِ ۚ يَعِظُكُمْ لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُوْنَ ۝۹۰

۵۔ وَذَرُوْا ظَاهِرَ الْاِثْمِ وَبَاطِنَهٗ ؕ اِنَّ الَّذِيْنَ يَكْسِبُوْنَ الْاِثْمَ سَيُجْزَوْنَ بِمَا كَانُوْا يَقْتَرِفُوْنَ ۝۱۲۰

امانت

۱۔ امانت کے ادا کرنے کا حکم

۱۔پس اگر تم میں سے بعض نے بعض کو امین جانا تو چاہیے کہ وہ شخص جس کو امین جانا گیا ہے اس کی امانت ادا کرے اور اللہ اپنے پروردگار سے ڈرے۔

۔البقرۃ ۲:۲۸۳۔

۲۔اللہ تم کو حکم دیتا ہے کہ امانتوں کو ان کے مالکوں کو ادا کردو۔

۔النساء ۴:۵۸۔

۲۔ امانت داروں کی خوبی

۳۔اور جو اپنی امانتوں اور عہد کی حفاظت کرتے ہیں۔

۔المؤمنون ۲۳:۸ والمعارج ۷۰:۳۲۔

۴۔ہم نے امانت کو آسمانوں اور زمین اور پہاڑوں پر پیش کیا تو انہوں نے اس بات سے انکار کیا کہ اس (کے بوجھ) کو اُٹھائیں اور اس سے ڈر گئے اور انسان نے اس کو اُٹھالیا۔

۔الاحزاب ۳۳:۷۲۔

۱۔فَاِنْ اَمِنَ بَعْضُكُمْ بَعْضًا فَلْيُؤَدِّ الَّذِى اؤْتُمِنَ اَمَانَتَهٗ وَلْيَتَّقِ اللّٰهَ رَبَّهٗ

۲۔اِنَّ اللّٰهَ يَاْمُرُكُمْ اَنْ تُؤَدُّوا الْاَمٰنٰتِ اِلٰٓى اَهْلِهَا

۳۔وَالَّذِيْنَ هُمْ لِاَمٰنٰتِهِمْ وَعَهْدِهِمْ رٰعُوْنَ ۝

۴۔اِنَّا عَرَضْنَا الْاَمَانَةَ عَلَى السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَالْجِبَالِ فَاَبَيْنَ اَنْ يَّحْمِلْنَهَا وَاَشْفَقْنَ مِنْهَا وَحَمَلَهَا الْاِنْسَانُ

خیانت

۱۔ نبی خائن نہیں ہوتے

۱۔اور نبی کا یہ کام نہیں کہ وہ خیانت کرے اور جو کوئی خیانت کرے گا وہ قیامت کے دن اسی کے ساتھ آئے گا جو اس نے خیانت کی ہے۔

۔آل عمران ۳:۱۶۰۔

۲۔ خیانت کرنے والوں کی طرف داری منع ہے

۲۔بے شک ہم نے تیری طرف حق کے ساتھ کتاب اتاری تاکہ لوگوں کے درمیان اس کے مطابق فیصلہ کرے جو اللہ تجھے سمجھائے اور خیانت کرنے والوں کی طرف سے جھگڑا نہ کر اور اللہ سے معافی مانگ۔ بے شک اللہ بخشنے والا، مہربان ہے۔ اور ان کی طرف سے نہ جھگڑ جو اپنے لوگوں سے خیانت کرتے ہیں۔ بے شک اللہ کسی ایسے کو دوست نہیں رکھتا جو خیانت کرنے والا، گنہگار ہو۔ لوگوں سے چھپاتے ہیں اور اللہ سے نہیں چھپا سکتے اور وہ ان کے ساتھ ہوتا ہے جبکہ وہ رات کو وہ باتیں کہتے ہیں جن کو وہ پسند نہیں کرتا اور اللہ اس چیز کو جو وہ کرتے ہیں، گھیرنے والا ہے۔ خبردار ہو جاؤ تم وہ لوگ ہو کہ تم نے دنیا کی زندگی میں ان کی طرف سے جھگڑ لیا تو قیامت کے دن ان کی طرف سے کون اللہ سے جھگڑے گا یا کون ہے جو ان کا کارساز ہوگا۔

۔النساء ۴:۱۰۵۔۱۰۹

۱۔وَمَا كَانَ لِنَبِيٍّ اَنْ يَّغُلَّ ۚ وَمَنْ يَّغْلُلْ يَاْتِ بِمَا غَلَّ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ

۲۔اِنَّآ اَنْزَلْنَآ اِلَيْكَ الْكِتٰبَ بِالْحَقِّ لِتَحْكُمَ بَيْنَ النَّاسِ بِمَآ اَرٰىكَ اللّٰهُ ۚ وَلَا تَكُنْ لِّلْخَآئِنِيْنَ خَصِيْمًا ۝ وَّاسْتَغْفِرِ اللّٰهَ ۚ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ۝ وَلَا تُجَادِلْ عَنِ الَّذِيْنَ يَخْتَانُوْنَ اَنْفُسَهُمْ ۚ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ مَنْ كَانَ خَوَّانًا اَثِيْمًا ۝ يَّسْتَخْفُوْنَ مِنَ النَّاسِ وَلَا يَسْتَخْفُوْنَ مِنَ اللّٰهِ وَهُوَ مَعَهُمْ اِذْ يُبَيِّتُوْنَ مَا لَا يَرْضٰى مِنَ الْقَوْلِ ۚ وَكَانَ اللّٰهُ بِمَا يَعْمَلُوْنَ مُحِيْطًا ۝ هٰٓاَنْتُمْ هٰٓؤُلَآءِ جٰدَلْتُمْ عَنْهُمْ فِى الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۚ فَمَنْ يُّجَادِلُ اللّٰهَ عَنْهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ اَمْ مَّنْ يَّكُوْنُ عَلَيْهِمْ وَكِيْلًا ۝

۳۔ خیانت کی ممانعت

۳۔ مسلمانو! اللہ اور رسول کی خیانت نہ کرو اور اپنی امانتوں کی خیانت بھی نہ کرو اور تم تو جانتے ہو۔ اور جان لو کہ تمہارے مال اور تمہاری اولاد محض فتنہ ہیں اور یہ کہ اللہ کے پاس بڑا ثواب ہے۔

۔الانفال ۸: ۲۷۔۲۸۔

۴۔ خیانت کرنے والوں سے اللہ محبت نہیں کرتا

۴۔ بے شک اللہ اس کو دوست نہیں رکھتا جو خیانت کرنے والا، گنہگار ہو۔

۔النساء ۴: ۱۰۷۔

۵۔ بے شک اللہ خیانت کرنے والوں کو دوست نہیں رکھتا۔

۔الانفال ۸: ۵۸۔

۶۔ بے شک اللہ دوست نہیں رکھتا ہر ایک خیانت کرنے والے، ناشکرے کو۔

۔الحج ۲۲: ۳۸۔

ظلم

۱۔ اللہ ظالموں کو ہدایت نہیں کرتا۔

۱۔ اور اللہ ظالم لوگوں کو ہدایت نہیں کرتا۔

۔البقرۃ ۲: ۲۵۸ و آل عمران ۳: ۸۶ والتوبۃ ۹: ۱۹، ۱۰۹ والصف ۶۱: ۷ والجمعۃ ۶۲: ۵۔

۲۔ بے شک اللہ ظالم لوگوں کو ہدایت نہیں کرتا۔

۔المائدۃ ۵: ۵۱ والانعام ۶: ۱۴۴
والقصص ۲۸: ۵۰ والاحقاف ۴۶: ۱۰۔

۲۔ اللہ ظالموں کو گمراہ کرتا ہے

۳۔ اور اللہ ظالموں کو گمراہ کرتا ہے اور اللہ جو چاہتا ہے کرتا ہے۔

۔ابراھیم ۱۴: ۲۷۔

۳۔ ظالم کھلی گمراہی میں ہیں

۴۔ لیکن آج ظالم کھلی گمراہی میں ہیں۔

۔مریم ۱۹: ۳۸۔

۳۔ یٰٓاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَا تَخُوْنُوا اللّٰہَ وَالرَّسُوْلَ وَتَخُوْنُوْٓا اَمٰنٰتِکُمْ وَاَنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿۲۷﴾ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّمَآ اَمْوَالُکُمْ وَاَوْلَادُکُمْ فِتْنَۃٌ وَّاَنَّ اللّٰہَ عِنْدَہٗٓ اَجْرٌ عَظِیْمٌ ﴿۲۸﴾

۴۔ اِنَّ اللّٰہَ لَا یُحِبُّ مَنْ کَانَ خَوَّانًا اَثِیْمًا ﴿۱۰۷﴾

۵۔ اِنَّ اللّٰہَ لَا یُحِبُّ الْخَآئِنِیْنَ ﴿۵۸﴾

۶۔ اِنَّ اللّٰہَ لَا یُحِبُّ کُلَّ خَوَّانٍ کَفُوْرٍ ﴿۳۸﴾

۱۔ وَاللّٰہُ لَا یَھْدِی الْقَوْمَ الظّٰلِمِیْنَ ﴿۵۸﴾

۲۔ اِنَّ اللّٰہَ لَا یَھْدِی الْقَوْمَ الظّٰلِمِیْنَ ﴿۵۱﴾

۳۔ وَیُضِلُّ اللّٰہُ الظّٰلِمِیْنَ وَیَفْعَلُ اللّٰہُ مَا یَشَآءُ ﴿۲۷﴾

۴۔ لٰکِنِ الظّٰلِمُوْنَ الْیَوْمَ فِیْ ضَلٰلٍ مُّبِیْنٍ ﴿۳۸﴾

۵۔ بَلِ الظّٰلِمُوْنَ فِیْ ضَلٰلٍ مُّبِیْنٍ ﴿۱۱﴾

۶۔ وَاِنَّ الظّٰلِمِیْنَ لَفِیْ شِقَاقٍ بَعِیْدٍ ﴿۵۳﴾

۷۔ وَلٰکِنَّ الظّٰلِمِیْنَ بِاٰیٰتِ اللّٰہِ یَجْحَدُوْنَ ﴿۳۳﴾

۸۔ وَمَا یَجْحَدُ بِاٰیٰتِنَآ اِلَّا الظّٰلِمُوْنَ ﴿۴۹﴾

۹۔ وَاِنَّ الظّٰلِمِیْنَ بَعْضُھُمْ اَوْلِیَآءُ بَعْضٍ

۵۔ بلکہ ظالم کھلی گمراہی میں ہیں۔

۔لقمٰن ۳۱: ۱۱۔

۴۔ ظالم بڑے اختلاف میں

۶۔ اور بے شک ظالم بڑے دور کے اختلاف میں ہیں۔

۔الحج ۲۲: ۵۳۔

۵۔ ظالم آیات اللہ کا انکار کرتے ہیں

۷۔ لیکن ظالم اللہ کی آیتوں کا انکار کرتے ہیں۔

۔الانعام ۶: ۳۳۔

۸۔ اور ہماری آیتوں کا انکار صرف ظالم ہی کرتے ہیں۔

۔العنکبوت ۲۹: ۴۹۔

۶۔ ظالم ایک دوسرے کے رفیق ہیں

۹۔ اور بے شک ظالم بعض بعض کے دوست ہیں۔

۔الجاثیۃ ۴۵: ۱۹۔

۷۔ ظالموں کو قرآن سے نقصان

۱۰۔اور ہم قرآن سے وہ چیز اتارتے ہیں جو مومنوں کے لیے شفا اور رحمت ہے اور ظالموں کو تو وہ گھاٹا ہی زیادہ کرتا ہے۔

۔بنی اسرائیل۱۷:۸۲۔

۸۔ اللہ کا بھلائی کا وعدہ ظالموں کے لیے نہیں

۱۱۔فرمایا میرا وعدہ ظالموں کو نہیں پہنچے گا۔

۔البقرۃ۲:۱۲۴۔

۹۔ ظالموں کو ظلم کا مزہ معلوم ہوگا

۱۲۔اور ظالم عنقریب معلوم کرلیں گے کہ وہ کس کروٹ پر لوٹائے جاتے ہیں۔

۔الشعراء۲۶:۲۲۷۔

۱۰۔ اللہ ظالموں سے محبت نہیں رکھتا

۱۳۔اور اللہ ظالموں سے محبت نہیں رکھتا۔

۔آل عمران۳:۵۷، ۱۴۰۔

۱۴۔بے شک وہ ظالموں سے محبت نہیں رکھتا۔

۔الشوریٰ۴۲:۴۰۔

۱۱۔ ظالم اللہ کی رحمت سے دور اور ان پر اللہ کی لعنت بھی

۱۵۔ظالموں پر اللہ کی پھٹکار ہے۔

۔الاعراف۷:۴۴۔

۱۶۔سن لو کہ ظالموں پر اللہ کی پھٹکار ہے۔

۔ھود۱۱:۱۸۔

۱۷۔سو ظالم لوگوں کے لیے (خدا کی رحمت سے) دوری ہے۔

۔المؤمنون۲۳:۴۱۔

۱۰۔وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ۙ وَلَا يَزِيْدُ الظّٰلِمِيْنَ اِلَّا خَسَارًا ﴿۸۲﴾

۱۱۔قَالَ لَا يَنَالُ عَهْدِي الظّٰلِمِيْنَ ﴿۱۲۴﴾

۱۲۔وَسَيَعْلَمُ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْٓا اَيَّ مُنْقَلَبٍ يَّنْقَلِبُوْنَ ﴿۲۲۷﴾

۱۳۔وَاللّٰهُ لَا يُحِبُّ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۵۷﴾

۱۴۔اِنَّهٗ لَا يُحِبُّ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۴۰﴾

۱۵۔لَعْنَةُ اللّٰهِ عَلَى الظّٰلِمِيْنَ ﴿۴۴﴾

۱۶۔اَلَا لَعْنَةُ اللّٰهِ عَلَى الظّٰلِمِيْنَ ﴿۱۸﴾

۱۷۔فَبُعْدًا لِّلْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۴۱﴾

۱۸۔وَمَا لِلظّٰلِمِيْنَ مِنْ اَنْصَارٍ ﴿۲۷۰﴾

۱۹۔وَمَا لِلظّٰلِمِيْنَ مِنْ نَّصِيْرٍ ﴿۷۱﴾

۲۰۔فَمَا لِلظّٰلِمِيْنَ مِنْ نَّصِيْرٍ ﴿۳۷﴾

۲۱۔وَمَا لَهُمْ مِّنْ نّٰصِرِيْنَ ﴿۲۹﴾

۲۲۔وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ لَجَعَلَهُمْ اُمَّةً وَّاحِدَةً وَّلٰكِنْ يُّدْخِلُ مَنْ يَّشَآءُ فِيْ رَحْمَتِهٖ ۭ وَالظّٰلِمُوْنَ مَا لَهُمْ مِّنْ وَّلِيٍّ وَّلَا نَصِيْرٍ ﴿۸﴾

۱۲۔ ظالموں کا کوئی مددگار نہیں

۱۸۔اور ظالموں کا کوئی مددگار نہیں ہے۔

۔البقرۃ۲:۲۷۰ وآل عمران۳:۱۹۲ والمائدۃ۵:۷۲۔

۱۹۔اور ظالموں کا کوئی مددگار نہیں۔

۔الحج۲۲:۷۱۔

۲۰۔پس نافرمان لوگوں کا کوئی مددگار نہیں۔

۔فاطر۳۵:۳۷۔

۲۱۔اور ایسے لوگوں کا کوئی مددگار نہیں۔

۔الروم۔۳۰:۲۹۔

۲۲۔اور اللہ چاہتا تو لوگوں کو ایک ہی امت بنا دیتا لیکن جس کو چاہتا ہے اپنی رحمت میں داخل کرتا ہے اور نافرمانوں کا نہ کوئی یار ہوگا نہ مددگار۔

۔الشوریٰ۴۲:۸۔

۱۳۔ ظالموں کی فلاح نہیں

۲۳۔اور ظالموں کی فلاح نہیں ہوتی۔

۔الانعام۶: ۲۱، ۱۳۵ و یوسف ۱۲: ۲۳
والقصص۔۲۸: ۳۷۔

۲۴۔اور جو شخص کسی طرح کا ظلم کا بوجھ لادے گا، اس کی تباہی ہے۔

۔طٰہٰ ۲۰: ۱۱۱۔

۱۴۔ قیامت کے دن ظالموں کو عذاب

۲۵۔تو کیا جو شخص قیامت کے دن اپنے منہ کو بدترین سزا کا سپر بناتا ہے، وہ ویسا ہو سکتا ہے جسے عذاب نہیں اور نافرمانوں سے کہا جائے گا جو کچھ کرتے رہے ہو اُس کا مزہ چکھو۔

۔الزمر ۳۹: ۲۴۔

۱۵۔ قیامت کو ظالموں کا عذر کام نہیں آئے گا

۲۶۔جس دن نافرمانوں کو اُن کی معذرت نفع نہ دے گی اور اُن پر لعنت ہو گی اور اُن کو بُرا گھر ملے گا۔

۔المؤمن ۴۰: ۵۲۔

۱۶۔ قیامت کو ظالم اپنی بداعمالیوں سے ڈریں گے

۲۷۔تو نافرمانوں کو دیکھے گا کہ انہوں نے جیسے جیسے عمل کئے ان کے عذاب سے ڈر رہے ہوں گے اور وہ اُن پر پڑ کر رہے گا۔

۔الشوریٰ ۴۲: ۲۲۔

۱۷۔ قیامت کو ان کی قابلِ دید حالت

۲۸۔اور کاش تو دیکھے جب ظالم اپنے پروردگار کے سامنے ٹھہرائے جائیں گے۔ایک کی بات ایک رد کر رہا ہو گا۔

۔سبا ۳۴: ۳۱۔

۱۸۔ ذلت کے ساتھ سر نیچے جھکائے ہوں گے

۲۹۔اور تو اُن لوگوں کو دیکھے گا کہ دوزخ کے روبرو لائے جائیں گے، مارے ذلت کے جھکے ہوئے کن انکھیوں سے دیکھتے

۲۳۔ اِنَّهٗ لَا يُفْلِحُ الظّٰلِمُوْنَ ﴿۲۱﴾

۲۴۔ وَقَدْ خَابَ مَنْ حَمَلَ ظُلْمًا ﴿۱۱۱﴾

۲۵۔ اَفَمَنْ يَّتَّقِيْ بِوَجْهِهٖ سُوْٓءَ الْعَذَابِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ؕ وَقِيْلَ لِلظّٰلِمِيْنَ ذُوْقُوْا مَا كُنْتُمْ تَكْسِبُوْنَ ﴿۲۴﴾

۲۶۔ يَوْمَ لَا يَنْفَعُ الظّٰلِمِيْنَ مَعْذِرَتُهُمْ وَلَهُمُ اللَّعْنَةُ وَلَهُمْ سُوْٓءُ الدَّارِ ﴿۵۲﴾

۲۷۔ تَرَى الظّٰلِمِيْنَ مُشْفِقِيْنَ مِمَّا كَسَبُوْا وَهُوَ وَاقِعٌۢ بِهِمْ ؕ

۲۸۔ وَلَوْ تَرٰٓى اِذِ الظّٰلِمُوْنَ مَوْقُوْفُوْنَ عِنْدَ رَبِّهِمْ ۚۖ يَرْجِعُ بَعْضُهُمْ اِلٰى بَعْضِ ۨالْقَوْلَ ۚ

۲۹۔ وَتَرٰىهُمْ يُعْرَضُوْنَ عَلَيْهَا خٰشِعِيْنَ مِنَ الذُّلِّ يَنْظُرُوْنَ مِنْ طَرْفٍ خَفِيٍّ ؕ وَقَالَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِنَّ الْخٰسِرِيْنَ الَّذِيْنَ خَسِرُوْٓا اَنْفُسَهُمْ وَاَهْلِيْهِمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ؕ اَلَآ اِنَّ الظّٰلِمِيْنَ فِيْ عَذَابٍ مُّقِيْمٍ ﴿۴۵﴾ وَمَا كَانَ لَهُمْ مِّنْ اَوْلِيَآءَ يَنْصُرُوْنَهُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ ؕ وَمَنْ يُّضْلِلِ اللّٰهُ فَمَا لَهٗ مِنْ سَبِيْلٍ ﴿۴۶﴾

۳۰۔ فَيَقُوْلُ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا رَبَّنَآ اَخِّرْنَآ اِلٰٓى اَجَلٍ قَرِيْبٍ ۙ نُّجِبْ دَعْوَتَكَ وَنَتَّبِعِ الرُّسُلَ ؕ اَوَلَمْ تَكُوْنُوْٓا اَقْسَمْتُمْ مِّنْ قَبْلُ مَا لَكُمْ مِّنْ زَوَالٍ ﴿۴۴﴾

۳۱۔ وَمَنْ يُّضْلِلِ اللّٰهُ فَمَا لَهٗ مِنْ وَّلِيٍّ مِّنْۢ بَعْدِهٖ ؕ وَتَرَى الظّٰلِمِيْنَ لَمَّا

ہوئے اور ایمان والے کہیں گے کہ حقیقت میں بدنصیب تو وہ ہیں جنہوں نے قیامت کے دن اپنے آپ کو اور اپنے گھر والوں کو تباہ کیا۔سن لو ظلم کرنے والے ضرور ہمیشہ کے عذاب میں رہیں گے اور اللہ کے سوا اُن کے کوئی حمایتی نہ ہوں گے کہ اُن کی مدد کریں۔اور جس کو اللہ گمراہ کرے اس کے لیے کوئی رستہ ہی نہیں۔

۔الشوریٰ۔۴۲: ۴۵-۴۶

۱۹۔ عذاب دیکھ کر دنیا میں لوٹنے کی خواہش کریں گے

۳۰۔جو لوگ نافرمانی کرتے رہے ہیں کہیں گے کہ اے ہمارے پروردگار! ہم کو تھوڑی سی مدت کی مہلت اور دے تو ہم تیرے بلانے پر اُٹھ کھڑے ہوں گے اور پیغمبروں کی پیروی کریں گے۔کیا تم وہی نہیں ہو جو پہلے قسمیں کھایا کرتے تھے کہ تم کو کسی قسم کا زوال نہیں۔

۔ابراہیم ۱۴: ۴۴۔

۳۱۔اور جسے اللہ گمراہ کرے اس کے بعد اس کا کوئی یار نہیں۔اور تو

ظالموں کو دیکھے گا کہ جب وہ عذاب کو دیکھ لیں گے تو کہیں گے بھلا پھر واپس جانے کی بھی کوئی راہ ہے؟

-الشوریٰ ۴۲: ۴۴-

۲۰۔ حسرت و ندامت سے خود اپنے ہاتھ کاٹ کاٹ کر کھائیں گے

۳۲۔اور جس دن نافرمان اپنے ہاتھ کاٹے گا۔ کہے گا، اے کاش! میں رسول کے ساتھ راہ لگتا۔ ہائے میری کم بختی کاش! میں فلاں کو دوست نہ بناتا۔

-الفرقان ۲۵: ۲۷-۲۸

۲۱۔ ظالموں کے پاس روئے زمین کا خزانہ بھی ہو تو وہ سب عذاب کے فدیہ میں دے ڈالیں

۳۳۔اور جس شخص نے نافرمانی کی ہے۔ اگر سب کچھ جو زمین میں ہے اس کے قبضہ میں ہو تو وہ ضرور اس کو فدیے میں دے دے۔ تو جب لوگ عذاب کو دیکھ لیں گے اظہارِ ندامت کریں گے اور لوگوں میں انصاف کے ساتھ فیصلہ کر دیا جائے گا۔ ان پر ظلم نہ ہوگا۔

-یونس ۱۰: ۵۴-

۳۴۔اور اگر نافرمانوں کے پاس زمین کی ساری کائنات ہو اور اس کے ساتھ اتنی ہی اور تو قیامت کے دن عذاب کی سختی کے بدلے اس کو دے ڈالیں اور ان کو اللہ کی طرف سے ایسا معاملہ پیش آئے گا جس کا اُن کو گمان بھی نہ تھا اور جیسے جیسے عملِ بد کرتے رہے ہیں، اُن کی خرابیاں اُن کو ظاہر ہو جائیں گی اور جس عذاب کی وہ ہنسی اُڑاتے رہے ہیں وہ ان پر آنازل ہوگا۔

-الزمر ۳۹: ۴۷-۴۸-

۲۲۔ ظالموں کے لیے آگ

۳۵۔میں تو یہ چاہتا ہوں کہ تو میرا اور اپنا گناہ اکٹھا سمیٹے

رَاَوُا الْعَذَابَ يَقُوْلُوْنَ هَلْ اِلٰى مَرَدٍّ مِّنْ سَبِيْلٍ ﴿۴۴﴾

۳۲۔ وَيَوْمَ يَعَضُّ الظَّالِمُ عَلٰى يَدَيْهِ يَقُوْلُ يٰلَيْتَنِي اتَّخَذْتُ مَعَ الرَّسُوْلِ سَبِيْلًا ﴿۲۷﴾ يٰوَيْلَتٰى لَيْتَنِيْ لَمْ اَتَّخِذْ فُلَانًا خَلِيْلًا ﴿۲۸﴾

۳۳۔ وَلَوْ اَنَّ لِكُلِّ نَفْسٍ ظَلَمَتْ مَا فِي الْاَرْضِ لَافْتَدَتْ بِهٖ ؕ وَاَسَرُّوا النَّدَامَةَ لَمَّا رَاَوُا الْعَذَابَ ۚ وَقُضِيَ بَيْنَهُمْ بِالْقِسْطِ وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ ﴿۵۴﴾

۳۴۔ وَلَوْ اَنَّ لِلَّذِيْنَ ظَلَمُوْا مَا فِي الْاَرْضِ جَمِيْعًا وَّمِثْلَهٗ مَعَهٗ لَافْتَدَوْا بِهٖ مِنْ سُوْٓءِ الْعَذَابِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ؕ وَبَدَا لَهُمْ مِّنَ اللّٰهِ مَا لَمْ يَكُوْنُوْا يَحْتَسِبُوْنَ ﴿۴۷﴾ وَبَدَا لَهُمْ سَيِّاٰتُ مَا كَسَبُوْا وَحَاقَ بِهِمْ مَّا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ﴿۴۸﴾

۳۵۔ اِنِّيْٓ اُرِيْدُ اَنْ تَبُوْٓاَ بِاِثْمِيْ وَاِثْمِكَ فَتَكُوْنَ مِنْ اَصْحٰبِ النَّارِ ۚ وَذٰلِكَ جَزٰٓؤُا الظّٰلِمِيْنَ ﴿۲۹﴾

۳۶۔ اِنَّآ اَعْتَدْنَا لِلظّٰلِمِيْنَ نَارًا ۙ اَحَاطَ بِهِمْ سُرَادِقُهَا ؕ وَاِنْ يَّسْتَغِيْثُوْا يُغَاثُوْا بِمَآءٍ كَالْمُهْلِ يَشْوِي الْوُجُوْهَ ؕ بِئْسَ الشَّرَابُ ؕ وَسَآءَتْ مُرْتَفَقًا ﴿۲۹﴾

۳۷۔ وَذٰلِكَ جَزٰٓؤُا الظّٰلِمِيْنَ ﴿۱۷﴾

۳۸۔ لَهُمْ مِّنْ جَهَنَّمَ مِهَادٌ وَّمِنْ فَوْقِهِمْ غَوَاشٍ ؕ وَكَذٰلِكَ نَجْزِي الظّٰلِمِيْنَ ﴿۴۱﴾

اور دوزخیوں میں ہو۔ اور ظالموں کی یہی سزا ہے۔

-المائدۃ ۵: ۲۹-

۳۶۔منکروں کے لیے ہم نے ایسی آگ تیار کر رکھی ہے جس کی قناتیں اُن کو چاروں طرف سے گھیر لیں گے اور اگر فریاد کریں گے تو جس پانی سے اُن کی فریاد رسی کی جائے گی وہ پگھلے ہوئے تانبے کی طرح ہوگا۔ مُنھوں کو بھون ڈالے گا۔ بُرا پانی ہے اور آرام کے اعتبار سے بری جگہ ہے۔

-الکہف ۱۸: ۲۹-

۳۷۔اور سرکشوں کی یہی سزا ہے۔

-الحشر ۵۹: ۱۷-

۳۸۔اُن کے لیے جہنم کا بچھونا ہوگا اور اُن کے اُوپر بالاپوش۔ اور ہم سرکشوں کو ایسی ہی سزا دیا کرتے ہیں۔

-الاعراف ۷: ۴۱-

۳۹۔ ثُمَّ نُنَجِّي الَّذِيْنَ اتَّقَوْا وَّنَذَرُ الظّٰلِمِيْنَ فِيْهَا جِثِيًّا ۝

۴۰۔ وَمَنْ يَّقُلْ مِنْهُمْ اِنِّيْٓ اِلٰهٌ مِّنْ دُوْنِهٖ فَذٰلِكَ نَجْزِيْهِ جَهَنَّمَ ۭ كَذٰلِكَ نَجْزِي الظّٰلِمِيْنَ ۝

۴۱۔ وَلَوْ تَرٰٓى اِذِ الظّٰلِمُوْنَ فِيْ غَمَرٰتِ الْمَوْتِ وَالْمَلٰۗىِٕكَةُ بَاسِطُوْٓا اَيْدِيْهِمْ ۚ اَخْرِجُوْٓا اَنْفُسَكُمْ ۭ اَلْيَوْمَ تُجْزَوْنَ عَذَابَ الْهُوْنِ

۴۲۔ قَالَ اَمَّا مَنْ ظَلَمَ فَسَوْفَ نُعَذِّبُهٗ ثُمَّ يُرَدُّ اِلٰى رَبِّهٖ فَيُعَذِّبُهٗ عَذَابًا نُّكْرًا ۝

۴۳۔ ثُمَّ قِيْلَ لِلَّذِيْنَ ظَلَمُوْا ذُوْقُوْا عَذَابَ الْخُلْدِ ۚ هَلْ تُجْزَوْنَ اِلَّا بِمَا كُنْتُمْ تَكْسِبُوْنَ ۝

۴۴۔ وَمَنْ يَّظْلِمْ مِّنْكُمْ نُذِقْهُ عَذَابًا كَبِيْرًا ۝

۴۵۔ اِنَّ الظّٰلِمِيْنَ لَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۝

۴۶۔ فَاخْتَلَفَ الْاَحْزَابُ مِنْۢ بَيْنِهِمْ ۚ فَوَيْلٌ لِّلَّذِيْنَ ظَلَمُوْا مِنْ عَذَابِ يَوْمٍ اَلِيْمٍ ۝

۴۷۔ اِنَّمَا السَّبِيْلُ عَلَي الَّذِيْنَ يَظْلِمُوْنَ النَّاسَ وَيَبْغُوْنَ فِي الْاَرْضِ بِغَيْرِ الْحَقِّ ۭ اُولٰۗىِٕكَ لَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۝

۴۸۔ وَالظّٰلِمِيْنَ اَعَدَّ لَهُمْ عَذَابًا اَلِيْمًا ۝

۴۹۔ اَلَآ اِنَّ الظّٰلِمِيْنَ فِيْ عَذَابٍ مُّقِيْمٍ ۝

۳۹۔ پھر ہم پرہیز گاروں کو بچا لیں گے اور نافرمانوں کو اسی میں گھٹنوں کے بل پڑا ہوا چھوڑ دیں گے۔

۔مریم ۱۹:۷۲۔

۴۰۔ اور جو ان میں سے یہ کہے کہ خدا نہیں میں معبود ہوں تو اس کو جہنم کی سزا دیں گے۔ سرکشوں کو ہم ایسی ہی سزا دیا کرتے ہیں۔

۔الانبیاء ۲۱:۲۹۔

۲۳۔ ظالموں کو ذلت کا عذاب

۴۱۔ کاش تو ظالموں کو اس وقت دیکھے کہ موت کی بے ہوشیوں میں پڑے ہوں اور فرشتے اپنے ہاتھ بڑھا رہے ہوں کہ اپنی جانیں نکالو۔ آج تم کو ذلّت کے عذاب کی سزا دی جائے گی۔

۔الانعام ۶:۹۳۔

۲۴۔ بری طرح کا عذاب

۴۲۔ کہا جو سرکشی کرے گا اس کو ہم سزا دیں گے کہ وہ اپنے پروردگار کے حضور میں لوٹا کر لایا جائے گا اور وہ اس کو سخت عذاب دے گا۔

۔الکہف ۱۸:۸۷۔

۲۵۔ ہمیشہ کا عذاب

۴۳۔ پھر نافرمان لوگوں کو کہا جائے گا کہ اب ہمیشہ کے لیے عذاب کا مزہ چکھو۔ یہ سزا جو تم کو دی جارہی ہے تمہارے اپنے ہی اعمال کا بدلہ ہے۔

۔یونس ۱۰-۵۲۔

۲۶۔ عذابِ کبیر

۴۴۔ اور جو تم میں سے ظلم (شرک) کرے گا۔ ہم اس کو بڑے عذاب کا مزہ چکھائیں گے۔

۔الفرقان ۲۵:۱۹۔

۲۷۔ عذابِ الیم

۴۵۔ بے شک جو لوگ نافرمان ہیں ان کو بڑا دردناک عذاب ہوگا۔

۔ابراہیم ۱۴:۲۲ والشوریٰ ۴۲:۲۱۔

۴۶۔ پھر کتنے فرقے اُن میں سے پھٹ گئے۔ سو جو لوگ ظالم ہیں ان کی درد دینے والے دن کے عذاب سے خرابی ہے۔

۔الزخرف ۴۳:۶۵۔

۴۷۔ الزام انہیں پر ہے جو لوگوں پر ظلم کرتے اور ملک میں ناحق زیادتی کرتے ہیں۔ یہی وہ لوگ ہیں جن کو عذابِ دردناک ہونے والا ہے۔

۔الشوریٰ ۴۲:۴۲۔

۴۸۔ اور سرکش لوگوں کے لیے اس نے دردناک عذاب تیار کر رکھا ہے۔

۔الدھر ۷۶:۳۱۔

۲۸۔ عذابِ مقیم

۴۹۔ سن لو ظلم کرنے والے ہمیشہ کے عذاب میں رہیں گے۔

۔الشوریٰ ۴۲:۴۵۔

۲۹۔ ظالموں کو ویل

۵۰۔ جو لوگ سرکشی کرتے ہیں قیامت کے عذابِ درد ناک کے اعتبار سے اُن پر سخت افسوس ہے۔

-الزخرف ۴۳: ۶۵۔

۳۰۔ عذاب میں تخفیف نہ ہوگی

۵۱۔ اور جن لوگوں نے سرکشیاں کی ہیں، جب عذاب کو دیکھیں گے تو نہ اُن سے عذاب ہلکا کیا جائے گا اور نہ ان کو مہلت دی جائے گی۔

-النحل ۱۶: ۸۵۔

۳۱۔ ظالموں کا کوئی دوست اور سفارشی نہیں

۵۲۔ نافرمانوں کا نہ تو کوئی دوست ہوگا اور نہ کوئی سفارشی، جس کی بات مانی جائے۔

-المؤمن ۴۰: ۱۸۔

۳۲۔ ظالموں کا ٹھکانا برا

۵۳۔ اور ظالموں کا برا ٹھکانا ہے۔

-آل عمران ۳: ۱۵۱۔

۳۳۔ ظالم سے بدلہ لینے میں گناہ نہیں

۵۴۔ اور جو ایسے ہیں کہ جب اُن پر بے جا زیادتی ہوتی ہے تو وہ بدلہ لے لیتے ہیں...... اور ہاں کسی پر ظلم ہوا ہو اور وہ اس کے بعد بدلہ لے تو اُن لوگوں پر کوئی الزام نہیں۔ الزام انہیں پر ہے جو لوگوں پر ظلم کرتے اور ملک میں ناروا زیادتی کرتے ہیں۔ یہ ہی لوگ ہیں جن کو عذابِ دردناک ہوتا ہے۔

-الشوریٰ ۴۲: ۳۹، ۴۱، ۴۲۔

فساد

۱۔ فساد پھیلانے کی ممانعت

۱۔ اور ملک میں فساد کرتے نہ پھرو۔

البقرۃ ۲: ۶۰ والاعراف ۷: ۷۴ الشعراء ۲۶: ۱۸۳ والعنکبوت ۲۹: ۳۶۔

۵۰۔ فَوَيْلٌ لِّلَّذِينَ ظَلَمُوا مِنْ عَذَابِ يَوْمٍ أَلِيمٍ ﴿۶۵﴾

۵۱۔ وَإِذَا رَأَى الَّذِينَ ظَلَمُوا الْعَذَابَ فَلَا يُخَفَّفُ عَنْهُمْ وَلَا هُمْ يُنظَرُونَ ﴿۸۵﴾

۵۲۔ مَا لِلظَّالِمِينَ مِنْ حَمِيمٍ وَلَا شَفِيعٍ يُطَاعُ ﴿۱۸﴾

۵۳۔ وَبِئْسَ مَثْوَى الظَّالِمِينَ ﴿۱۵۱﴾

۵۴۔ وَالَّذِينَ إِذَا أَصَابَهُمُ الْبَغْيُ هُمْ يَنتَصِرُونَ ﴿۳۹﴾ ...... وَلَمَنِ انتَصَرَ بَعْدَ ظُلْمِهِ فَأُولَٰئِكَ مَا عَلَيْهِم مِّن سَبِيلٍ ﴿۴۱﴾ إِنَّمَا السَّبِيلُ عَلَى الَّذِينَ يَظْلِمُونَ النَّاسَ وَيَبْغُونَ فِي الْأَرْضِ بِغَيْرِ الْحَقِّ ۚ أُولَٰئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ أَلِيمٌ ﴿۴۲﴾

۱۔ وَلَا تَعْثَوْا فِي الْأَرْضِ مُفْسِدِينَ ﴿۶۰﴾

۲۔ وَلَا تُفْسِدُوا فِي الْأَرْضِ بَعْدَ إِصْلَاحِهَا وَادْعُوهُ خَوْفًا وَطَمَعًا ۚ إِنَّ رَحْمَتَ اللَّهِ قَرِيبٌ مِّنَ الْمُحْسِنِينَ ﴿۵۶﴾

۳۔ وَلَا تُفْسِدُوا فِي الْأَرْضِ بَعْدَ إِصْلَاحِهَا ۚ

۴۔ وَلَا تَتَّبِعْ سَبِيلَ الْمُفْسِدِينَ ﴿۱۴۲﴾

۵۔ وَلَا تَبْغِ الْفَسَادَ فِي الْأَرْضِ ۖ

۶۔ وَمِنَ النَّاسِ مَن يُعْجِبُكَ قَوْلُهُ فِي الْحَيَاةِ الدُّنْيَا وَيُشْهِدُ اللَّهَ عَلَىٰ مَا فِي

۲۔ اور ملک کے درست ہوئے پیچھے ملک میں فساد نہ پھیلاؤ۔ اور اللہ کے ڈر سے اور امید پر اللہ سے دعائیں مانگتے رہو۔ اللہ کی رحمت نیکو کاروں سے قریب ہے۔

-الاعراف ۷: ۵۶۔

۳۔ ملک کے درست ہوئے پیچھے اس میں فساد نہ پھیلاؤ۔

-الاعراف ۷: ۸۵۔

۴۔ اور مفسدوں کے رستے پر نہ چلنا۔

-الاعراف ۷: ۱۴۲۔

۵۔ اور ملک میں فساد کا خواہاں نہ ہو۔

-القصص ۲۸: ۷۷۔

۲۔ اللہ فساد نہیں چاہتا

۶۔ اور بعض آدمی ایسا ہے جس کی باتیں تجھ کو دنیا کی زندگی میں بھلی معلوم ہوتی ہیں اور وہ اپنے دلی خیال پر اللہ کو گواہ ٹھہراتا ہے۔

حالانکہ وہ دشمنوں میں سخت جھگڑالو ہے اور جب وہ تمہارے پاس سے لوٹ کر جاتا ہے تو ملک کو کوندہ مارتا ہے تاکہ اس میں فساد پھیلائے اور کھیتی باڑی کو اور نسل کو تباہ کرے۔ اور جب اس سے کہا جاتا ہے کہ اللہ سے ڈر تو شیخی اس کو گناہ پر آمادہ کرتی ہے۔ پس ایسے شخص کو جہنم کافی ہے اور وہ بہت برا ٹھکانا ہے۔ اور لوگوں میں سے بعض ایسا شخص بھی ہے جو اللہ کی خوشنودی کے لیے اپنی جان تک دے ڈالتا ہے اور اللہ بندوں پر بہت ہی شفقت رکھتا ہے۔

قَلْبِهٖ وَهُوَ اَلَدُّ الْخِصَامِ ۝ وَاِذَا تَوَلّٰى سَعٰى فِى الْاَرْضِ لِيُفْسِدَ فِيْهَا وَيُهْلِكَ الْحَرْثَ وَالنَّسْلَ ۗ وَاللّٰهُ لَا يُحِبُّ الْفَسَادَ ۝ وَاِذَا قِيْلَ لَهُ اتَّقِ اللّٰهَ اَخَذَتْهُ الْعِزَّةُ بِالْاِثْمِ فَحَسْبُهٗ جَهَنَّمُ ۚ وَلَبِئْسَ الْمِهَادُ ۝ وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّشْرِىْ نَفْسَهُ ابْتِغَآءَ مَرْضَاتِ اللّٰهِ ۗ وَاللّٰهُ رَءُوْفٌ بِالْعِبَادِ ۝

-البقرۃ ۲: ۲۰۴-۲۰۷-

۳۔ اللہ مفسدوں سے محبت نہیں رکھتا

۷۔ اور اللہ فسادیوں کو دوست نہیں رکھتا۔

۷۔ وَاللّٰهُ لَا يُحِبُّ الْمُفْسِدِيْنَ ۝

-المائدۃ ۵: ۶۴-

۴۔ اللہ مفسدوں کے کام نہیں بناتا

۸۔ بے شک اللہ فسادیوں کو دوست نہیں رکھتا۔

۸۔ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ الْمُفْسِدِيْنَ ۝

-القصص ۲۸: ۷۷-

۹۔ بے شک اللہ مفسد لوگوں کا کام بننے نہیں دیا کرتا۔

۹۔ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِيْنَ ۝

-یونس ۱۰: ۸۱-

۵۔ لوگوں کو فساد سے روکنا چاہیے

۱۰۔ تو جو امتیں تم سے پہلے ہو گزری ہیں۔ ان میں خیر خواہی کرنے والے بھی کیوں نہ ہوئے کہ ملک میں فساد کرنے سے منع کرتے، سوا چند لوگوں کے جن کو ہم نے نجات دی اور جن لوگوں نے نافرمانی کی تھی سو وہ انہیں (لذتوں) کے پیچھے پڑے رہے جو اِن کو دی گئی تھیں اور یہ گنہ گار تھے۔

۱۰۔ فَلَوْلَا كَانَ مِنَ الْقُرُوْنِ مِنْ قَبْلِكُمْ اُولُوْا بَقِيَّةٍ يَّنْهَوْنَ عَنِ الْفَسَادِ فِى الْاَرْضِ اِلَّا قَلِيْلًا مِّمَّنْ اَنْجَيْنَا مِنْهُمْ ۚ وَاتَّبَعَ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا مَآ اُتْرِفُوْا فِيْهِ وَكَانُوْا مُجْرِمِيْنَ ۝

-ھود ۱۱: ۱۱۶-

امر بالمعروف والنہی عن المنکر

۱۔ اچھے کام کو کہنے اور برے کام سے روکنے کا حکم

۱۔ اور اپنی قسموں سے خدا کو پرہیز گاری اور لوگوں میں ملاپ کرانے کا مانع نہ ٹھہراؤ۔

۱۔ وَلَا تَجْعَلُوا اللّٰهَ عُرْضَةً لِّاَيْمَانِكُمْ اَنْ تَبَرُّوْا وَتَتَّقُوْا وَتُصْلِحُوْا بَيْنَ النَّاسِ ۗ

-البقرۃ ۲: ۲۲۴-

۲۔ اُن لوگوں کی اکثر سرگوشیوں میں نیکی نہیں۔ سوا اس کے جو خیرات اور نیک کام یا لوگوں میں میل ملاپ کی صلاح دے اور جو اللہ کی خوشنودی حاصل کرنے کے لیے ایسے کام کرے گا اس کو ہم بڑا ثواب عطا فرمائیں گے۔

۲۔ لَا خَيْرَ فِىْ كَثِيْرٍ مِّنْ نَّجْوٰىهُمْ اِلَّا مَنْ اَمَرَ بِصَدَقَةٍ اَوْ مَعْرُوْفٍ اَوْ اِصْلَاحٍۭ بَيْنَ النَّاسِ ۗ وَمَنْ يَّفْعَلْ ذٰلِكَ ابْتِغَآءَ مَرْضَاتِ اللّٰهِ فَسَوْفَ نُؤْتِيْهِ اَجْرًا عَظِيْمًا ۝

-النساء ۴: ۱۱۴-

۳۔ اور نیکی اور پرہیز گاری کے کاموں میں باہم مدد کیا کرو اور گناہوں اور لوگوں پر زیادتی کرنے میں باہم مدد نہ کیا کرو۔

۳۔ وَتَعَاوَنُوْا عَلَى الْبِرِّ وَالتَّقْوٰى ۖ وَلَا تَعَاوَنُوْا عَلَى الْاِثْمِ وَالْعُدْوَانِ ۖ

-المائدۃ ۵: ۲-

۴۔ خُذِ الْعَفْوَ وَأْمُرْ بِالْعُرْفِ وَأَعْرِضْ عَنِ الْجٰهِلِيْنَ ۝۱۹۹

۴۔ درگزر اختیار کرو، نیکی کرنے کو کہو۔ اور جاہلوں سے کنارہ کش رہو۔

۔الاعراف ۷: ۱۹۹۔

۵۔ فَاصْدَعْ بِمَا تُؤْمَرُ وَأَعْرِضْ عَنِ الْمُشْرِكِيْنَ ۝۹۴

۵۔ پس جو حکم تجھ کو دیا گیا ہے۔ اس کو کھول کر سنا دے اور مشرکین کی پروا نہ کر۔

۔الحجر ۱۵: ۹۴۔

۶۔ يٰبُنَيَّ أَقِمِ الصَّلٰوةَ وَأْمُرْ بِالْمَعْرُوْفِ وَانْهَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَاصْبِرْ عَلٰى مَا أَصَابَكَ ؕ إِنَّ ذٰلِكَ مِنْ عَزْمِ الْأُمُوْرِ ۝۱۷

۶۔ پیارے بیٹے نماز پڑھ اور نیکی کی ترغیب دے اور برائی سے روک اور جو مصیبت تجھے پہنچے اس پر صبر کر۔ بے شک یہ بڑی ہمت کے کام ہیں۔

۔لقمٰن ۳۱: ۱۷۔

۷۔ وَإِنْ طَآئِفَتٰنِ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ اقْتَتَلُوْا فَأَصْلِحُوْا بَيْنَهُمَا ۚ فَإِنْۢ بَغَتْ إِحْدٰىهُمَا عَلَى الْأُخْرٰى فَقَاتِلُوا الَّتِيْ تَبْغِيْ حَتّٰى تَفِيْٓءَ إِلٰٓى أَمْرِ اللّٰهِ ۚ فَإِنْ فَآءَتْ فَأَصْلِحُوْا بَيْنَهُمَا بِالْعَدْلِ وَأَقْسِطُوْا ؕ إِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُقْسِطِيْنَ ۝۹

۷۔ اور اگر مسلمانوں کے دو فرقے آپس میں لڑ پڑیں تو تم ان دونوں میں صلح کرادو۔ پھر اگر اُن میں ایک دوسرے پر زیادتی کرے تو زیادتی کرنے والوں سے لڑو یہاں تک کہ وہ اللہ کے حکم کی طرف رجوع لائے۔ پھر جب رجوع لے آئے تو فریقین میں انصاف کے ساتھ صلح کرادو اور برابری ملحوظ رکھو۔ بے شک اللہ انصاف کرنے والوں کو دوست رکھتا ہے۔

۔الحجرات ۴۹: ۹۔

۸۔ إِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ إِخْوَةٌ فَأَصْلِحُوْا بَيْنَ أَخَوَيْكُمْ وَاتَّقُوا اللّٰهَ لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ ۝۱۰

۸۔ مسلمان تو بس (بھائی) بھائی ہیں۔ تو اپنے دو بھائیوں میں میل جول کرادیا کرو۔ اور اللہ سے ڈرتے رہو تاکہ تم پر رحم کیا جائے۔

۔الحجرات ۴۹: ۱۰۔

۹۔ وَذَكِّرْ فَإِنَّ الذِّكْرٰى تَنْفَعُ الْمُؤْمِنِيْنَ ۝۵۵

۹۔ اور نصیحت کرتا رہ۔ بے شک نصیحت مسلمانوں کو فائدہ پہنچاتی ہے۔

۔الذّٰریٰت ۵۱: ۵۵۔

۱۰۔ فَذَكِّرْ إِنْ نَفَعَتِ الذِّكْرٰى ؕ ۝۹

۱۰۔ پس جہاں تک سمجھانا مفید ہے سمجھاتا رہ۔

۔الاعلیٰ ۸۷: ۹۔

۲۔ مسلمانوں میں ایک گروہ مبلغین کا ہونا چاہیے

۱۱۔ وَلْتَكُنْ مِّنْكُمْ أُمَّةٌ يَّدْعُوْنَ إِلَى الْخَيْرِ وَيَأْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَيَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ ؕ وَأُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ۝۱۰۴

۱۱۔ اور تم میں ایسے لوگ بھی ہونے چاہییں جو نیکی طرف بلائیں اور اچھے کام کرنے کو کہیں اور برے کاموں سے روکیں اور یہی لوگ مراد کو پہنچیں گے۔

۔آل عمران ۳: ۱۰۴۔

۱۲۔ كُنْتُمْ خَيْرَ أُمَّةٍ أُخْرِجَتْ لِلنَّاسِ تَأْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَتَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَتُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ ؕ

۱۲۔ لوگوں کی رہنمائی کو جتنی اُمتیں پیدا ہوئیں ان سب سے تم بہتر ہو کہ اچھے کام کرنے کو کہتے ہو اور برے سے روکتے ہو اور اللہ پر ایمان رکھتے ہو۔

۔آل عمران ۳: ۱۱۰۔

۳۔ امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کے مختلف درجات

۱۳۔ اللہ و روزِ آخرت پر ایمان رکھتے، اچھے کام کو کہتے اور برے کام سے روکتے ہیں اور نیک کاموں میں دوڑ پڑتے ہیں۔ اور یہی نیک بندوں سے ہیں۔

۔آل عمران ۳:۱۱۴۔

۱۴۔ جو رسولِ نبیٔ اُمّی کی پیروی کرتے ہیں، جس کو اپنے ہاں تورات میں لکھا ہوا پاتے ہیں اور انجیل میں (بھی)۔ وہ ان کو اچھے کام کرنے کو کہتا اور برے سے روکتا ہے اور ان پر اچھی اچھی چیزیں حلال کرتا ہے اور ناپاک چیزوں کو اُن پر حرام کرتا ہے اور وہ بوجھ جو لوگوں کے سروں پر اور پھندے جو ان پر پڑے تھے، دور کرتا ہے۔ تو جو لوگ اس پر ایمان لائے اور اس کی حمایت کی اور اس کو مدد دی اور جو نور اس کے ساتھ بھیجا گیا ہے اس کے پیچھے ہو لیے، وہی لوگ نجات پانے والے ہیں۔

۔الاعراف ۷:۱۵۷۔

۱۵۔ اور مسلمان مرد اور عورتیں ایک کے رفیق ایک کہ نیک کام کی ترغیب دیتے ہیں اور برائی سے منع کرتے ہیں، نماز پڑھتے ہیں اور زکوٰۃ دیتے رہتے ہیں۔ اور اللہ اور اس کے رسول کی فرماں برداری کرتے ہیں، ان کے حال پر اللہ عنقریب رحم کرے گا۔ بے شک اللہ زبردست، حکمت والا ہے۔

۔التوبہ ۹:۷۱۔

۱۶۔ توبہ کرنے والے، عبادت کرنے والے، تسبیح وتحمید

۱۳۔ يُؤْمِنُونَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَيَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَيَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَيُسَارِعُوْنَ فِي الْخَيْرٰتِ ۭ وَاُولٰۗىِٕكَ مِنَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿۱۱۴﴾

۱۴۔ اَلَّذِيْنَ يَتَّبِعُوْنَ الرَّسُوْلَ النَّبِيَّ الْاُمِّيَّ الَّذِيْ يَجِدُوْنَهٗ مَكْتُوْبًا عِنْدَهُمْ فِي التَّوْرٰىةِ وَالْاِنْجِيْلِ ۡ يَاْمُرُهُمْ بِالْمَعْرُوْفِ وَيَنْهٰىهُمْ عَنِ الْمُنْكَرِ وَيُحِلُّ لَهُمُ الطَّيِّبٰتِ وَيُحَرِّمُ عَلَيْهِمُ الْخَـبٰۗىِٕثَ وَيَضَعُ عَنْهُمْ اِصْرَهُمْ وَالْاَغْلٰلَ الَّتِيْ كَانَتْ عَلَيْهِمْ ۭ فَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِهٖ وَعَزَّرُوْهُ وَنَصَرُوْهُ وَاتَّبَعُوا النُّوْرَ الَّذِيْٓ اُنْزِلَ مَعَهٗٓ ۙ اُولٰۗىِٕكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ﴿۱۵۷﴾

۱۵۔ وَالْمُؤْمِنُوْنَ وَالْمُؤْمِنٰتُ بَعْضُهُمْ اَوْلِيَاۗءُ بَعْضٍ ۘ يَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَيَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَيُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَيُؤْتُوْنَ الزَّكٰوةَ وَيُطِيْعُوْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ ۭ اُولٰۗىِٕكَ سَيَرْحَمُهُمُ اللّٰهُ ۭ اِنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ﴿۷۱﴾

۱۶۔ اَلتَّاۗىِٕبُوْنَ الْعٰبِدُوْنَ الْحٰمِدُوْنَ السَّاۗىِٕحُوْنَ الرّٰكِعُوْنَ السّٰجِدُوْنَ الْاٰمِرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَالنَّاهُوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَالْحٰفِظُوْنَ لِحُدُوْدِ اللّٰهِ ۭ وَبَشِّرِ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۱۱۲﴾

۱۷۔ وَمَنْ اَحْسَنُ قَوْلًا مِّمَّنْ دَعَآ اِلَى اللّٰهِ وَعَمِلَ صَالِحًا وَّقَالَ اِنَّنِيْ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ ﴿۳۳﴾

۱۸۔ وَتَوَاصَوْا بِالصَّبْرِ وَتَوَاصَوْا بِالْمَرْحَمَةِ ﴿۱۷﴾

کرنے والے (اللہ کی راہ میں) سفر کرنے والے، رکوع کرنے والے، سجدہ کرنے والے، نیکی کی طرف رغبت دلانے والے، برائی سے باز رکھنے والے، اور اللہ نے جو حدیں باندھ رکھی ہیں ان کو نگاہ رکھنے والے! اور مومنوں کو خوش خبری سنا دے۔

۔التوبہ ۹:۱۱۲۔

۱۷۔ اور اس سے بہتر کس کی بات ہو سکتی ہے جو خدا کی طرف بلائے اور نیکوکار بھی ہو اور کہے کہ میں خدا کے فرماں بردار بندوں میں سے ہوں۔

۔حٰمٓ السجدۃ ۴۱:۳۳۔

۱۸۔ اور ایک دوسرے کو صبر کی تلقین کرتے رہے اور ایک دوسرے کو رحم کرنے کی ہدایت کرتے رہے۔

۔البلد ۹۰:۱۷۔

١٩۔ جو ایک دوسرے کو حق پر رہنے کی تاکید کرتے رہے۔ اور ایک دوسرے کو صبر کی تلقین کرتے رہے۔

۔العصر ١٠٣: ٣۔

٤۔ غریب مسلمان طاقت پکڑ جائیں تو ان میں یہ اوصاف پیدا ہو سکتے ہیں

٢٠۔ یہ لوگ اگر ہم ان کے پاؤں زمین میں جما دیں تو نمازیں پڑھیں گے، زکوٰۃ دیں گے، نیکی کی ترغیب دیں گے اور برائی سے باز رکھیں گے اور سب چیزوں کا انجام کار اللہ ہی کے اختیار میں ہے۔

۔الحج ٢٢: ٤١۔

٥۔ پرانے زمانے میں ان اوصاف کے لوگ تھے مگر تھوڑے

٢١۔ تو جو امتیں تم سے پہلے ہو گذری ہیں ان میں (ایسے) خیر خواہی کرنے والے کیوں نہ ہوئے کہ ملک میں فساد کرنے سے منع کرتے۔ تھے تو سہی مگر تھوڑے، جن کو ہم نے عذاب سے بچا لیا اور جن لوگوں نے نافرمانی کی تھی وہ تو ان (لذتوں) کے پیچھے پڑے رہے جو ان کو دی گئی تھیں اور یہ تھے ہی بدکردار۔

۔ھود ١١: ١١٦۔

٦۔ بنی اسرائیل میں بھی ہدایت کرنے والے پیدا ہوئے

٢٢۔ اور ہم نے بنی اسرائیل میں سے پیشوا بنائے تھے۔ ہمارے حکم سے ہدایت کیا کرتے تھے اور یہ منصب تب ملا جب وہ (ایذاؤں پر) صبر کئے رہے اور ہماری آیتوں کا یقین بھی رکھتے تھے۔

۔السجدۃ ٣٢: ٢٤۔

٧۔ کاش ربی و احبار یہود کو برے کاموں سے روکتے

٢٣۔ ان لوگوں کے ربی اور علما کیوں ان کو جھوٹ بولنے اور حرام مال کھانے سے منع نہیں کرتے؟ بے شک ان کی یہ کرتوتیں بری ہیں۔

۔المائدۃ ٥: ٦٣۔

٨۔ وہ برے کاموں سے باز نہیں آتے

٢٤۔ جو برائی انہوں نے کی اس سے باز ہی نہیں آتے تھے۔ بے شک جو وہ کرتے تھے بہت برا تھا۔

۔المائدۃ ٥: ٧٩۔

٩۔ کافر نہ آپ سنتے ہیں نہ دوسروں کو سننے دیتے ہیں

٢٥۔ اور یہ لوگ قرآن سننے سے دوسروں کو منع کرتے اور خود بھی اس سے بھاگتے ہیں اور یہ اپنی ہلاکت کے درپے ہیں۔ اور (لطف یہ کہ) ان کو اس کی خبر نہیں۔

۔الانعام ٦: ٢٦۔

١٠۔ پہلے یہ ہو چکا ہے کہ برائی سے روکنے والے بچے اور ظالم گرفتارِ عذاب ہوئے

٢٦۔ تو جب انہوں نے وہ نصیحتیں جو ان کی گئی تھیں بھلا دیں تو جو

١٩۔ وَتَوَاصَوْا بِالْحَقِّ ۙ وَتَوَاصَوْا بِالصَّبْرِ ۝٣

٢٠۔ اَلَّذِيْنَ اِنْ مَّكَّنّٰهُمْ فِي الْاَرْضِ اَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتَوُا الزَّكٰوةَ وَاَمَرُوْا بِالْمَعْرُوْفِ وَنَهَوْا عَنِ الْمُنْكَرِ ۭ وَلِلّٰهِ عَاقِبَةُ الْاُمُوْرِ ۝٤١

٢١۔ فَلَوْلَا كَانَ مِنَ الْقُرُوْنِ مِنْ قَبْلِكُمْ اُولُوْا بَقِيَّةٍ يَّنْهَوْنَ عَنِ الْفَسَادِ فِي الْاَرْضِ اِلَّا قَلِيْلًا مِّمَّنْ اَنْجَيْنَا مِنْهُمْ ۚ وَاتَّبَعَ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا مَآ اُتْرِفُوْا فِيْهِ وَكَانُوْا مُجْرِمِيْنَ ۝١١٦

٢٢۔ وَجَعَلْنَا مِنْهُمْ اَىِٕمَّةً يَّهْدُوْنَ بِاَمْرِنَا لَمَّا صَبَرُوْا ڛ وَكَانُوْا بِاٰيٰتِنَا يُوْقِنُوْنَ ۝٢٤

٢٣۔ لَوْلَا يَنْهٰىهُمُ الرَّبّٰنِيُّوْنَ وَالْاَحْبَارُ عَنْ قَوْلِهِمُ الْاِثْمَ وَاَكْلِهِمُ السُّحْتَ ۭ لَبِئْسَ مَا كَانُوْا يَصْنَعُوْنَ ۝٦٣

٢٤۔ كَانُوْا لَا يَتَنَاهَوْنَ عَنْ مُّنْكَرٍ فَعَلُوْهُ ۭ لَبِئْسَ مَا كَانُوْا يَفْعَلُوْنَ ۝٧٩

٢٥۔ وَهُمْ يَنْهَوْنَ عَنْهُ وَيَنْــــَٔـوْنَ عَنْهُ ۚ وَاِنْ يُّهْلِكُوْنَ اِلَّآ اَنْفُسَهُمْ وَمَا يَشْعُرُوْنَ ۝٢٦

٢٦۔ فَلَمَّا نَسُوْا مَا ذُكِّرُوْا بِهٖٓ اَنْجَيْنَا الَّذِيْنَ يَنْهَوْنَ عَنِ السُّوْۗءِ وَاَخَذْنَا

لوگ برے کاموں سے منع کرتے تھے۔ اُن کو تو ہم نے بچالیا۔ اور جو لوگ شرارت کرتے رہے۔ اُن کی نافرمانی کی پاداش میں ہم نے اُن کو سخت عذاب میں مبتلا کیا۔

-الاعراف۷:۱۶۵-

الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا بِعَذَابٍۢ بَـِٔيْسٍۭ بِمَا كَانُوْا يَفْسُقُوْنَ ﴿۱۶۵﴾

۱۱۔ منافق الٹا کام کرتے ہیں برائی کا حکم دیتے اور اچھے کام سے منع کرتے ہیں

۶۷۔ منافق مرد اور عورتیں ایک کے ہم جنس ایک برے کام کرنے کی صلاح دیتے ہیں اور نیک کام کرنے سے روکتے ہیں اور اپنی مٹھیاں (اللہ کی راہ میں خرچ کرنے سے) بھینچ بھینچ لیتے ہیں۔ اُن لوگوں نے اللہ کو بھلا دیا۔ اللہ نے ان کو بھلا دیا۔ بے شک منافق بڑے ہی سرکش ہیں۔

-التوبہ۹:۶۷-

۶۷۔ اَلْمُنٰفِقُوْنَ وَالْمُنٰفِقٰتُ بَعْضُهُمْ مِّنْۢ بَعْضٍ ۘ يَاْمُرُوْنَ بِالْمُنْكَرِ وَيَنْهَوْنَ عَنِ الْمَعْرُوْفِ وَيَقْبِضُوْنَ اَيْدِيَهُمْ ۭ نَسُوا اللّٰهَ فَنَسِيَهُمْ ۭ اِنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ هُمُ الْفٰسِقُوْنَ ﴿۶۷﴾

كِتَابُ الرِّسَالَة

کتابُ الرِّسالۃ

نزولِ قرآن

۱۔ قرآن ماہِ رمضان میں نازل ہوا

۱۔ماہِ رمضان (کے روزے فرض ہیں) جس میں قرآن اتارا گیا ہے۔

۔البقرۃ ۲:۱۸۵۔

۲۔ قرآن مبارک رات میں نازل ہوا

۲۔بے شک ہم نے اس کو بابرکت رات میں اتارا ہے۔بے شک ہم ہی ڈرانے والے ہیں۔اس (رات) میں ہر ایک حکمت والا کام فیصل کیا جاتا ہے ہماری طرف سے حکم ہو کر۔بے شک ہم (ہی فرشتوں کو) بھیجنے والے ہیں۔تیرے پروردگار کی رحمت سے۔بے شک وہی سننے والا، جاننے والا ہے۔آسمانوں اور زمین اور ان کے درمیان کی چیزوں کے پروردگار کی رحمت سے اگر تم یقین کرنے والے ہو۔

۔الدخان ۴۴:۳۔۷۔

۳۔ قرآن لیلۃ القدر میں نازل ہوا

۳۔بے شک ہم نے اس کو لیلۃ القدر میں نازل کیا ہے۔

۔القدر ۹۷:۱۔

۴۔ قرآن آنحضرت ﷺ کے دل پر نازل ہوا

۴۔(اے نبی ﷺ) کہہ دے کہ جو شخص جبریل کا دشمن ہے (ہوا کرے) اُس نے تو اس (قرآن) کو اللہ کے حکم سے تیرے دل پر اتارا ہے۔

۔البقرۃ ۲:۹۷۔

۵۔اس کو روح الامین (جبریل) نے اتارا ہے تیرے دل پر تا کہ تو ڈرانے والوں میں ہو۔

۔الشعراء ۲٦:۱۹۳۔۱۹۴

۱۔شَهْرُ رَمَضَانَ الَّذِيْٓ اُنْزِلَ فِيْهِ الْقُرْاٰنُ

۲۔اِنَّآ اَنْزَلْنٰهُ فِيْ لَيْلَةٍ مُّبٰرَكَةٍ اِنَّا كُنَّا مُنْذِرِيْنَ ۝ فِيْهَا يُفْرَقُ كُلُّ اَمْرٍ حَكِيْمٍ ۝ اَمْرًا مِّنْ عِنْدِنَا ۭ اِنَّا كُنَّا مُرْسِلِيْنَ ۝ رَحْمَةً مِّنْ رَّبِّكَ ۭ اِنَّهٗ هُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ۝ رَبِّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا ۘ اِنْ كُنْتُمْ مُّوْقِنِيْنَ ۝

۳۔اِنَّآ اَنْزَلْنٰهُ فِيْ لَيْلَةِ الْقَدْرِ ۝

۴۔قُلْ مَنْ كَانَ عَدُوًّا لِّجِبْرِيْلَ فَاِنَّهٗ نَزَّلَهٗ عَلٰي قَلْبِكَ بِاِذْنِ اللّٰهِ

۵۔نَزَلَ بِهِ الرُّوْحُ الْاَمِيْنُ ۝ عَلٰي قَلْبِكَ لِتَكُوْنَ مِنَ الْمُنْذِرِيْنَ ۝

۱۱۶۔ اِنَّآ اَنْزَلْنَآ اِلَيْكَ الْكِتٰبَ بِالْحَقِّ فَاعْبُدِ اللّٰهَ مُخْلِصًا لَّهُ الدِّيْنَ ﴿٢﴾

۱۱۷۔ اِنَّآ اَنْزَلْنَا عَلَيْكَ الْكِتٰبَ لِلنَّاسِ بِالْحَقِّ ۚ

۱۰۷۔(اے نبی ﷺ !) کہہ دے کہ لوگو! تمہارے پاس پروردگار کی طرف سے حق آ چکا ہے۔ پس جو ہدایت پر ہو گیا تو وہ اپنے ہی نفع کے لیے ہدایت پر ہوا اور جو کوئی گمراہ ہوا تو وہ اپنے ہی نقصان کے لیے گمراہ ہوتا ہے اور میں تم پر داروغہ نہیں ہوں۔

-یونس ۱۰:۱۰۸-

۱۰۸۔ بے شک وہ تیرے پروردگار کی طرف سے حق ہے لیکن (اس بات کو) اکثر آدمی نہیں جانتے۔

-ھود ۱۱:۱۷-

۱۰۹۔ اور (اے نبی ﷺ !) اس بیان میں تیرے پاس حق اور ایمان داروں کے لیے نصیحت اور خیر خواہی آچکی ہے۔

-ھود ۱۱:۱۲۰-

۱۱۰۔ یہ کتاب کی آیتیں ہیں اور جو کچھ تیری طرف تیرے پروردگار کی طرف سے اُتارا گیا ہے وہ حق ہے۔ لیکن اکثر آدمی ایمان نہیں لاتے۔

-الرعد ۱۳:۱-

۱۱۱۔ اور (اے نبی ﷺ !) ہم نے اس کو حق کے ساتھ اتارا ہے اور وہ حق ہی کے ساتھ اترا ہے۔

-بنی اسرائیل ۱۷:۱۰۵-

۱۱۲۔ اور (اے نبی ﷺ!) جنہیں علم دیا گیا ہے وہ یقین رکھتے ہیں کہ جو کچھ تیری طرف تیرے پروردگار کی طرف سے اُتارا گیا ہے وہی حق ہے۔

-سبا ۳۴:۶-

۱۱۳۔ (اے نبی ﷺ !) بے شک ہم نے تجھے دین حق کے ساتھ خوش خبری دینے والا اور ڈرانے والا بنا کر بھیجا۔

-فاطر ۳۵:۲۴-

۱۱۴۔ (اے نبی ﷺ !) جو کتاب ہم نے تیری طرف بذریعہ وحی بھیجی ہے، وہ حق ہے۔ اس کتاب کی تصدیق کرتی ہے جو اس سے پہلے ہے۔ بے شک اللہ اپنے بندوں سے خبر دار ہے، (انہیں) دیکھتا ہے۔

-فاطر ۳۵:۳۱-

۱۱۵۔ بلکہ وہ تو حق لایا ہے اور اس نے (پہلے) رسولوں کی تصدیق کی ہے۔

-الصٰفٰت ۳۷:۳۷-

۱۱۶۔ (اے نبی ﷺ !) بے شک ہم نے تیری طرف حق کے ساتھ کتاب اُتاری ہے تو تو اللہ کی عبادت خاص اسی کی اطاعت کرتا ہوا کر۔

-الزمر ۳۹:۲-

۱۱۷۔ (اے نبی ﷺ!) بے شک ہم نے تجھ پر لوگوں کے (سمجھانے کے) لیے حق کے ساتھ کتاب اُتاری ہے۔

-الزمر ۳۹:۴۱-

۱۱۸۔اللہ ہی ہے جس نے کتاب برحق اور ترازو اتاری اور تجھے کیا خبر شاید قیامت قریب ہی (آ لگی) ہو۔

۔الشوریٰ ۴۲: ۱۷۔

۱۱۹۔سو آسمان اور زمین کے پروردگار کی قسم وہ (ایسا ہی) حق ہے جیسے تم بولتے ہو۔

۔الذّریٰت ۵۱: ۲۳۔

۱۲۰۔اور (اے نبی ﷺ) بے شک وہ یقینی حق ہے۔

۔الحاقۃ ۶۹: ۵۱۔

۱۲۱۔اس میں کچھ شک نہیں کہ اس کتاب کا نازل کیا جانا تمام جہان کے پروردگار کی طرف سے ہے۔

۔السجدۃ ۳۲: ۲۔

۲۰۔ قرآن میں شک کی گنجائش نہیں

۱۲۲۔یہ کتاب ہے اس میں کچھ شک نہیں ہے۔

۔البقرۃ ۲: ۲۔

۱۲۳۔اس میں جہانوں کے پروردگار کی طرف سے ہونے میں کچھ شک نہیں ہے۔

۔یونس ۱۰: ۳۷۔

۱۲۴۔کتاب کا نازل کرنا اس میں شک نہیں کہ جہانوں کے پروردگار کی طرف سے ہے۔

۔السجدۃ ۳۲: ۲۔

۲۱۔ قرآن میں کچھ کجی نہیں

۱۲۵۔سب تعریف اللہ کے لیے ہے جس نے اپنے بندے پر کتاب اتاری اور اُس میں کسی قسم کی کجی نہیں رکھی۔

۔الکہف ۱۸: ۱۔

۱۲۶۔قرآن عربی جس میں کچھ کجی نہیں تاکہ وہ پرہیزگار بن جائیں۔

۔الزمر ۳۹: ۲۸۔

۱۱۸۔ اَللّٰهُ الَّذِيْٓ اَنْزَلَ الْكِتٰبَ بِالْحَقِّ وَالْمِيْزَانَ ۭ وَمَا يُدْرِيْكَ لَعَلَّ السَّاعَةَ قَرِيْبٌ ﴿۱۷﴾

۱۱۹۔ فَوَرَبِّ السَّمَاۗءِ وَالْاَرْضِ اِنَّهٗ لَحَقٌّ مِّثْلَ مَآ اَنَّكُمْ تَنْطِقُوْنَ ﴿۲۳﴾

۱۲۰۔ وَاِنَّهٗ لَحَقُّ الْيَقِيْنِ ﴿۵۱﴾

۱۲۱۔ تَنْزِيْلُ الْكِتٰبِ لَا رَيْبَ فِيْهِ مِنْ رَّبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۲﴾

۱۲۲۔ ذٰلِكَ الْكِتٰبُ لَا رَيْبَ ٻ فِيْهِ ڔ

۱۲۳۔ لَا رَيْبَ فِيْهِ مِنْ رَّبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۳۷﴾

۱۲۴۔ تَنْزِيْلُ الْكِتٰبِ لَا رَيْبَ فِيْهِ مِنْ رَّبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۲﴾

۱۲۵۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْٓ اَنْزَلَ عَلٰي عَبْدِهِ الْكِتٰبَ وَلَمْ يَجْعَلْ لَّهٗ عِوَجًا ﴿۱﴾

۱۲۶۔ قُرْاٰنًا عَرَبِيًّا غَيْرَ ذِيْ عِوَجٍ لَّعَلَّهُمْ يَتَّقُوْنَ ﴿۲۸﴾

۱۲۷۔ لَّا يَاْتِيْهِ الْبَاطِلُ مِنْۢ بَيْنِ يَدَيْهِ وَلَا مِنْ خَلْفِهٖ ۭ تَنْزِيْلٌ مِّنْ حَكِيْمٍ حَمِيْدٍ ﴿۴۲﴾

۱۲۸۔ قُلْ اِنَّمَآ اَتَّبِعُ مَا يُوْحٰٓى اِلَيَّ مِنْ رَّبِّيْ ۚ هٰذَا بَصَاۗىِٕرُ مِنْ رَّبِّكُمْ وَهُدًى وَّرَحْمَةٌ لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ﴿۲۰۳﴾

۱۲۹۔ هٰذَا بَصَاۗىِٕرُ لِلنَّاسِ وَهُدًى وَّرَحْمَةٌ لِّقَوْمٍ يُّوْقِنُوْنَ ﴿۲۰﴾

۲۲۔ قرآن میں باطل کا دخل نہیں

۱۲۷۔اس میں، باطل نہ اُس کے آگے سے آتا ہے اور نہ اُس کے پیچھے سے۔ حکم والے، قابلِ تعریف کا اُتارا ہوا ہے۔

۔حٰم السجدۃ ۴۱: ۴۲۔

۲۳۔ قرآن سوجھ بوجھ پیدا کرنے والا ہے

۱۲۸۔(اے نبی ﷺ!) کہہ دے کہ میں تو بس اُسی پر چلتا ہوں جو میرے پروردگار کی طرف سے میری طرف وحی کی جاتی ہے۔ یہ تمہارے پروردگار کی طرف سے سوجھ کی باتیں ہیں اور ایمان دار لوگوں کے لیے ہدایت اور رحمت۔

۔الاعراف ۷: ۲۰۳۔

۱۲۹۔یہ لوگوں کے لیے سوجھ کی باتیں ہیں اور جو لوگ یقین کرتے ہیں ان کے لیے ہدایت اور رحمت ہے۔

۔الجاثیۃ ۴۵: ۲۰۔

۲۴۔ قرآن اللہ کی طرف سے کھلی دلیل ہے

۱۳۰۔سو تمہارے پاس تمہارے پروردگار کی طرف سے کھلی دلیل اور ہدایت اور رحمت آ چکی۔

-الانعام ۶:۱۵۷-

۱۳۱۔تو کیا میں اللہ کے سوا فیصل ڈھونڈوں حال آنکہ وہ وہ ہے جس نے تمہاری طرف مفصل کتاب اُتاری۔

-الانعام ۶:۱۱۴-

۲۵۔ قرآن مفصل ہے اور اس میں ہر شے کا بیان ہے

۱۳۲۔اور بے شک ہم اُن کے پاس ایسی کتاب لائے ہیں جس کو ہم نے علم کے ساتھ مفصل بیان کیا ہے۔ایمان دار لوگوں کے لیے ہدایت اور رحمت ہے۔

-الاعراف ۷:۵۲-

۱۳۳۔اور یہ قرآن وہ نہیں کہ سوائے خدا کے گھڑ لیا جائے لیکن اُس (کتاب) کی تصدیق ہے جو اس سے پہلے ہے اور کتاب (تورات) کی تفصیل ہے۔اس میں شک نہیں ہے جہانوں کے پروردگار کی طرف سے ہے۔

-یونس ۱۰:۳۷-

۱۳۴۔بے شک ان کے قصوں میں عقل مندوں کے لیے عبرت ہے۔گھڑی ہوئی بات نہیں ہے لیکن اُس (کتاب) کی تصدیق ہے جو اس سے پہلے ہے اور ہر شے کی تفصیل ہے۔

-یوسف ۱۲:۱۱۱-

۱۳۵۔اور (اے نبی ﷺ!) ہم نے تجھ پر کتاب اتاری ہر شے کا بیان اور مسلمانوں کے لیے ہدایت اور رحمت اور بشارت ہے۔

-النحل ۱۶:۸۹-

۱۳۰۔فَقَدْ جَآءَكُمْ بَيِّنَةٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَهُدًى وَّرَحْمَةٌ

۱۳۱۔أَفَغَيْرَ اللّٰهِ أَبْتَغِي حَكَمًا وَّهُوَ الَّذِيْٓ أَنْزَلَ إِلَيْكُمُ الْكِتٰبَ مُفَصَّلًا

۱۳۲۔وَلَقَدْ جِئْنٰهُمْ بِكِتٰبٍ فَصَّلْنٰهُ عَلٰى عِلْمٍ هُدًى وَّرَحْمَةً لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ

۱۳۳۔وَمَا كَانَ هٰذَا الْقُرْاٰنُ أَنْ يُّفْتَرٰى مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَلٰكِنْ تَصْدِيْقَ الَّذِيْ بَيْنَ يَدَيْهِ وَتَفْصِيْلَ الْكِتٰبِ لَا رَيْبَ فِيْهِ مِنْ رَّبِّ الْعٰلَمِيْنَ

۱۳۴۔لَقَدْ كَانَ فِيْ قَصَصِهِمْ عِبْرَةٌ لِّأُولِي الْأَلْبَابِ مَا كَانَ حَدِيْثًا يُّفْتَرٰى وَلٰكِنْ تَصْدِيْقَ الَّذِيْ بَيْنَ يَدَيْهِ وَتَفْصِيْلَ كُلِّ شَيْءٍ

۱۳۵۔وَنَزَّلْنَا عَلَيْكَ الْكِتٰبَ تِبْيَانًا لِّكُلِّ شَيْءٍ وَّهُدًى وَّرَحْمَةً وَّبُشْرٰى لِلْمُسْلِمِيْنَ

۱۳۶۔كِتٰبٌ فُصِّلَتْ اٰيٰتُهٗ قُرْاٰنًا عَرَبِيًّا لِّقَوْمٍ يَّعْلَمُوْنَ

۱۳۷۔اَللّٰهُ نَزَّلَ أَحْسَنَ الْحَدِيْثِ كِتٰبًا مُّتَشَابِهًا مَّثَانِيَ تَقْشَعِرُّ مِنْهُ جُلُوْدُ الَّذِيْنَ يَخْشَوْنَ رَبَّهُمْ ثُمَّ تَلِيْنُ جُلُوْدُهُمْ وَقُلُوْبُهُمْ إِلٰى ذِكْرِ اللّٰهِ ذٰلِكَ هُدَى اللّٰهِ يَهْدِيْ بِهٖ مَنْ يَّشَآءُ وَمَنْ يُّضْلِلِ اللّٰهُ فَمَا لَهٗ مِنْ هَادٍ

۱۳۶۔یہ ایک کتاب ہے کہ جس کی آیتیں اُن لوگوں کے لیے جو جانتے ہیں قرآنِ عربی بنا کر تفصیل سے بیان کی گئی ہیں۔

-حٰم السجدۃ ۴۱:۳-

۲۶۔ قرآن کا اللہ سے ڈرنے والوں کے دل پر اثر ہوتا ہے

۱۳۷۔اللہ نے سب سے اچھی بات اُتاری ہے (یعنی) یکساں کتاب۔دہرائی جانے والی۔اس سے ان لوگوں کے رونگٹے کھڑے ہو جاتے ہیں جو اپنے پروردگار سے ڈرتے ہیں۔پھر اللہ کے ذکر کے لیے اُن کی کھالیں اور اُن کے دل نرم پڑ جاتے ہیں۔یہ اللہ کی ہدایت ہے جسے وہ چاہتا ہے یہ ہدایت دیتا ہے اور جسے اللہ گمراہ کرے اُسے کوئی ہدایت کرنے والا نہیں ہے۔

-الزمر ۳۹:۲۳-

٢٧۔ اہلِ کتاب قرآن سن کر روتے ہوئے سجدے میں گر پڑتے ہیں

١٣٨۔(اے نبی ﷺ!) کہہ دے کہ تم اس پر ایمان لاؤ یا ایمان نہ لاؤ، بے شک اس سے پہلے جنہیں علم دیا گیا ہے جب وہ اُن پر پڑھا جاتا ہے تو ٹھوڑیوں پر سجدہ میں گر پڑتے ہیں اور کہتے ہیں کہ ہمارا پروردگار پاک ہے۔ بے شک ہمارے پروردگار کا وعدہ پورا ہونا ہی تھا۔ اور وہ روتے ہوئے ٹھوڑیوں پر گر پڑتے ہیں اور وہ اُن کی فروتنی (اور) بڑھاتا ہے۔

-بنی اسرائیل ١٧: ١٠٧-١٠٩۔

٢٨۔ اگر قرآن کسی پہاڑ پر اترتا تو وہ اللہ کے خوف سے پھٹ جاتا

١٣٩۔اگر ہم یہ قرآن کسی پہاڑ پر اتارتے تو تو اُسے اللہ کے خوف سے دب جانے والا، پھٹ جانے والا دیکھتا اور یہ کہاوتیں ہیں جو ہم لوگوں کے لیے بیان کرتے ہیں تاکہ وہ سوچیں۔

-الحشر ٥٩: ٢١۔

٢٩۔ رسول اللہ ﷺ کا قرآن بھولنے سے محفوظ ہونا

١٤٠۔(اے نبی ﷺ) ہم تجھے پڑھائیں گے پس نہیں بھولے گا مگر جس قدر اللہ چاہے۔ وہ جانتا ہے کھلی بات کو بھی اور جو چھپا ہے (اس کو بھی) اور ہم تیرے لیے آسانی کی راہ مہیا کریں گے۔

-الاعلیٰ ٨٧: ٦-٨۔

٣٠۔ قرآن اس چھپی کتاب میں مندرج ہے جسے پاک اشخاص ہی چھوتے ہیں

١٤١۔(قرآن) چھپی کتاب میں ہے۔ اُس کو سوائے پاکوں کے کوئی نہیں چھوتا۔

-الواقعۃ ٥٦: ٧٨-٧٩۔

١٣٨۔ قُلْ اٰمِنُوْا بِهٖٓ اَوْ لَا تُؤْمِنُوْا ؕ اِنَّ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ مِنْ قَبْلِهٖٓ اِذَا يُتْلٰى عَلَيْهِمْ يَخِرُّوْنَ لِلْاَذْقَانِ سُجَّدًا ۙ وَّيَقُوْلُوْنَ سُبْحٰنَ رَبِّنَآ اِنْ كَانَ وَعْدُ رَبِّنَا لَمَفْعُوْلًا ۝ وَيَخِرُّوْنَ لِلْاَذْقَانِ يَبْكُوْنَ وَيَزِيْدُهُمْ خُشُوْعًا ۝

١٣٩۔ لَوْ اَنْزَلْنَا هٰذَا الْقُرْاٰنَ عَلٰى جَبَلٍ لَّرَاَيْتَهٗ خَاشِعًا مُّتَصَدِّعًا مِّنْ خَشْيَةِ اللّٰهِ ؕ وَتِلْكَ الْاَمْثَالُ نَضْرِبُهَا لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ يَتَفَكَّرُوْنَ ۝

١٤٠۔ سَنُقْرِئُكَ فَلَا تَنْسٰٓى ۙ اِلَّا مَا شَآءَ اللّٰهُ ؕ اِنَّهٗ يَعْلَمُ الْجَهْرَ وَمَا يَخْفٰى ؕ وَنُيَسِّرُكَ لِلْيُسْرٰى ۝

١٤١۔ فِيْ كِتٰبٍ مَّكْنُوْنٍ ۙ لَّا يَمَسُّهٗٓ اِلَّا الْمُطَهَّرُوْنَ ۝

١٤٢۔ فِيْ صُحُفٍ مُّكَرَّمَةٍ ۙ مَّرْفُوْعَةٍ مُّطَهَّرَةٍ ۙ بِاَيْدِيْ سَفَرَةٍ ۙ كِرَامٍۢ بَرَرَةٍ ۝

١٤٣۔ بَلْ هُوَ قُرْاٰنٌ مَّجِيْدٌ ۙ فِيْ لَوْحٍ مَّحْفُوْظٍ ۝

١٤٤۔ لَا تُحَرِّكْ بِهٖ لِسَانَكَ لِتَعْجَلَ بِهٖ ۝ اِنَّ عَلَيْنَا جَمْعَهٗ وَقُرْاٰنَهٗ ۝

٣١۔ قرآن پاک صحیفوں میں لکھا ہوا ہے

١٤٢۔(قرآن) عزت والے صحیفوں میں ہے۔ اونچے (اور) پاک صحیفوں میں جو لکھنے والوں کے ہاتھوں میں ہیں۔ (اور وہ لکھنے والے) بزرگ اور نیکوکار ہیں۔

-عبس ٨٠: ١٣-١٦۔

٣٢۔ قرآن لوح محفوظ میں مندرج ہے

١٤٣۔ بلکہ وہ تو قرآن بزرگ ہے لوح محفوظ میں (مندرج ہے)۔

-البروج ٨٥: ٢١-٢٢

٣٣۔ قرآن کا رسول اللہ ﷺ کو یاد کرانا اور اس کی تفسیر سمجھانا اللہ کے ذمے ہے

١٤٤۔قرآن کے ساتھ اپنی زبان کو اس لیے حرکت نہ دے کہ تو اُسے جلدی سے یاد کر لے۔ بے شک اُس کا (تیرے سینے میں) جمع

کرنا اور پڑھوا دینا ہمارا ذمہ ہے۔ پھر جب ہم (بذریعہ جبریل علیہ السلام) اس کو پڑھیں تو اُس کے بعد اُس کی قرأت تو بھی کر۔ پھر اُس کو سمجھانا بھی ہمارا ذمہ ہے۔

-القیامۃ ۷۵: ۱۶-۱۹-

۴۳۔ قرآن میں ہر قسم کی امثال ہیں

۱۴۵۔ اور بے شک ہم نے لوگوں (کے سمجھانے) کے لیے اس قرآن میں بار بار ہر قسم کی کہاوت بیان کی۔ سو اکثر لوگوں نے سوائے ناشکری کے کسی بات کو منظور نہ کیا۔

-بنی اسرائیل ۱۷: ۸۹-

۱۴۶۔ اور بے شک ہم نے اس قرآن میں لوگوں (کے سمجھانے) کے لیے بار بار ہر قسم کی کہاوت بیان کی اور انسان بڑا ہی جھگڑالو ہے۔

-الکہف ۱۸: ۵۴-

۱۴۷۔ اور بے شک ہم نے اس قرآن میں لوگوں کے (سمجھانے کے) لیے بار بار ہر قسم کی کہاوت بیان کی اور اگر تو اُن کے پاس کوئی نشانی لائے تو جو لوگ کافر ہوئے ہیں وہ ضرور یہی کہیں گے کہ تم تو محض باطل پر ہو۔

-الروم ۳۰: ۵۸-

۱۴۸۔ اور بے شک ہم نے اس قرآن میں لوگوں کے (سمجھانے کے) لیے ہر قسم کی کہاوت بیان کی تا کہ وہ نصیحت پکڑیں۔

-الزمر ۳۹: ۲۷-

قرآنِ مجید کے من جانب اللہ ہونے کی دلائل

۱۔ قرآن کے بنانے پر سوا اللہ کے کوئی قادر نہیں

۱۔ اور اگر تم اس کی طرف سے جو ہم نے اپنے بندے پر

فَإِذَا قَرَأْنَاهُ فَاتَّبِعْ قُرْآنَهُ ﴿١٨﴾ ثُمَّ إِنَّ عَلَيْنَا بَيَانَهُ ﴿١٩﴾

۱۴۵۔ وَلَقَدْ صَرَّفْنَا لِلنَّاسِ فِي هَٰذَا الْقُرْآنِ مِن كُلِّ مَثَلٍ فَأَبَىٰ أَكْثَرُ النَّاسِ إِلَّا كُفُورًا ﴿٨٩﴾

۱۴۶۔ وَلَقَدْ صَرَّفْنَا فِي هَٰذَا الْقُرْآنِ لِلنَّاسِ مِن كُلِّ مَثَلٍ ۚ وَكَانَ الْإِنسَانُ أَكْثَرَ شَيْءٍ جَدَلًا ﴿٥٤﴾

۱۴۷۔ وَلَقَدْ ضَرَبْنَا لِلنَّاسِ فِي هَٰذَا الْقُرْآنِ مِن كُلِّ مَثَلٍ ۚ وَلَئِن جِئْتَهُم بِآيَةٍ لَّيَقُولَنَّ الَّذِينَ كَفَرُوا إِنْ أَنتُمْ إِلَّا مُبْطِلُونَ ﴿٥٨﴾

۱۴۸۔ وَلَقَدْ ضَرَبْنَا لِلنَّاسِ فِي هَٰذَا الْقُرْآنِ مِن كُلِّ مَثَلٍ لَّعَلَّهُمْ يَتَذَكَّرُونَ ﴿٢٧﴾

۱۔ وَإِن كُنتُمْ فِي رَيْبٍ مِّمَّا نَزَّلْنَا عَلَىٰ عَبْدِنَا فَأْتُوا بِسُورَةٍ مِّن مِّثْلِهِ وَادْعُوا شُهَدَاءَكُم مِّن دُونِ اللَّهِ إِن كُنتُمْ صَادِقِينَ ﴿٢٣﴾ فَإِن لَّمْ تَفْعَلُوا وَلَن تَفْعَلُوا فَاتَّقُوا النَّارَ الَّتِي وَقُودُهَا النَّاسُ وَالْحِجَارَةُ ۖ أُعِدَّتْ لِلْكَافِرِينَ ﴿٢٤﴾

۲۔ أَمْ يَقُولُونَ افْتَرَاهُ ۖ قُلْ فَأْتُوا بِسُورَةٍ مِّثْلِهِ وَادْعُوا مَنِ اسْتَطَعْتُم مِّن دُونِ اللَّهِ إِن كُنتُمْ صَادِقِينَ ﴿٣٨﴾ بَلْ كَذَّبُوا بِمَا لَمْ يُحِيطُوا بِعِلْمِهِ

اتارا ہے شک میں ہو تو اسی طرح کی ایک سورت تم بھی (بنا) لاؤ اور اللہ کے سوا اپنے گواہوں کو بلا لو اگر تم (اپنے دعوے میں) سچے ہو۔ پھر اگر تم یہ نہ کر و اور تم ہرگز نہ کر سکو گے تو اس آگ سے ڈرو جس کا ایندھن آدمی اور پتھر ہیں وہ (آگ) کافروں کے لیے تیار کی گئی ہے۔

-البقرۃ ۲: ۲۳-۲۴-

۲۔ کیا وہ یہ کہتے ہیں کہ اس نے خود اُسے گھڑ لیا ہے (اے نبی ﷺ) کہہ دے کہ اسی طرح کی ایک سورت تم بھی لے آؤ اور اللہ کے سوا جسے تم بلا سکو بلا لو اگر تم (اپنے دعوے میں) سچے ہو۔ بلکہ انہوں نے اُس بات کو جس کا علم سے انہوں نے احاطہ نہیں کیا، جھٹلایا۔ حالِ آنکہ ابھی تک اُس کی اصل حقیقت اُن کے پاس نہیں آئی اسی طرح ان لوگوں نے جھٹلایا تھا جو اُن سے پہلے ہوئے ہیں۔ تو (اے نبی ﷺ!) دیکھ کہ ظالموں کا کیسا (برا) انجام ہوا۔

اور کوئی ان میں سے اُس پر ایمان لاتا ہے اور کوئی ان میں سے اُس پر ایمان نہیں لاتا اور تیرا پروردگار مفسدوں کو خوب جانتا ہے اور اگر وہ تجھے جھٹلائیں تو کہہ دے کہ میرے لیے میرے عمل اور تمہارے لیے تمہارے عمل۔ تم اُس سے بیزار ہو جو میں کرتا ہوں اور میں اُس سے بیزار ہوں جو تم کرتے ہو۔

-یونس ۱۰: ۳۸-۴۱-

۳۔ کیا وہ یہ کہتے ہیں کہ اِس نے اُسے خود گھڑ لیا ہے (اے نبی ﷺ!) کہہ دے کہ تم بھی ایسی ہی گھڑی ہوئی دس سورتیں لے آؤ اور اللہ کے سوا جس کو بلا سکو (اپنی مدد کے لیے) بلا لو۔ اگر تم (اپنے دعوے میں) سچے ہو۔ پھر اگر کچھ جواب نہ دیں تو جان لو کہ وہ اللہ کے علم سے اُتارا گیا ہے اور یہ کہ اُس کے سوا کوئی معبود نہیں تو کیا تم اسلام لانے والے ہو؟

-ھود ۱۱: ۱۳-۱۴-

۴۔ (اے نبی ﷺ!) کہہ دے کہ اگر (سارے) انسان اور جن اس بات پر جمع ہو جائیں کہ اس جیسا قرآن لے آئیں تو وہ اُس جیسا (ہرگز) نہ لائیں گے اگر چہ وہ ایک دوسرے کے مددگار رہوں۔

-بنی اسرائیل ۱۷: ۸۸-

۵۔ (اے نبی ﷺ!) کہہ دے کہ تم اللہ کے پاس سے کوئی ایسی کتاب لاؤ جو ہدایت میں ان دونوں (تورات و قرآن) سے بڑھ کر ہو۔ میں اُسی پر چلنے لگوں گا اگر تم (اپنے دعوے میں) سچے ہو۔ پھر اگر وہ تجھے کچھ جواب نہ دیں تو جان لے کہ وہ محض اپنی خواہشوں پر چلتے ہیں اور اُس سے بڑھ کر گمراہ کون جو اللہ کی ہدایت کے بغیر اپنی

وَلَمَّا يَأْتِهِمْ تَأْوِيلُهُ ۚ كَذَٰلِكَ كَذَّبَ الَّذِينَ مِن قَبْلِهِمْ ۖ فَانظُرْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الظَّالِمِينَ ﴿٣٩﴾ وَمِنْهُم مَّن يُؤْمِنُ بِهِ وَمِنْهُم مَّن لَّا يُؤْمِنُ بِهِ ۚ وَرَبُّكَ أَعْلَمُ بِالْمُفْسِدِينَ ﴿٤٠﴾ وَإِن كَذَّبُوكَ فَقُل لِّي عَمَلِي وَلَكُمْ عَمَلُكُمْ ۖ أَنتُم بَرِيئُونَ مِمَّا أَعْمَلُ وَأَنَا بَرِيءٌ مِّمَّا تَعْمَلُونَ ﴿٤١﴾

۳۔ أَمْ يَقُولُونَ افْتَرَاهُ ۖ قُلْ فَأْتُوا بِعَشْرِ سُوَرٍ مِّثْلِهِ مُفْتَرَيَاتٍ وَادْعُوا مَنِ اسْتَطَعْتُم مِّن دُونِ اللَّهِ إِن كُنتُمْ صَادِقِينَ ﴿١٣﴾ فَإِلَّمْ يَسْتَجِيبُوا لَكُمْ فَاعْلَمُوا أَنَّمَا أُنزِلَ بِعِلْمِ اللَّهِ وَأَن لَّا إِلَٰهَ إِلَّا هُوَ ۖ فَهَلْ أَنتُم مُّسْلِمُونَ ﴿١٤﴾

۴۔ قُل لَّئِنِ اجْتَمَعَتِ الْإِنسُ وَالْجِنُّ عَلَىٰ أَن يَأْتُوا بِمِثْلِ هَٰذَا الْقُرْآنِ لَا يَأْتُونَ بِمِثْلِهِ وَلَوْ كَانَ بَعْضُهُمْ لِبَعْضٍ ظَهِيرًا ﴿٨٨﴾

۵۔ قُلْ فَأْتُوا بِكِتَابٍ مِّنْ عِندِ اللَّهِ هُوَ أَهْدَىٰ مِنْهُمَا أَتَّبِعْهُ إِن كُنتُمْ صَادِقِينَ ﴿٤٩﴾ فَإِن لَّمْ يَسْتَجِيبُوا لَكَ فَاعْلَمْ أَنَّمَا يَتَّبِعُونَ أَهْوَاءَهُمْ ۚ وَمَنْ أَضَلُّ مِمَّنِ اتَّبَعَ هَوَاهُ بِغَيْرِ هُدًى مِّنَ اللَّهِ ۚ إِنَّ اللَّهَ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظَّالِمِينَ ﴿٥٠﴾

۶۔ فَلْيَأْتُوا بِحَدِيثٍ مِّثْلِهِ إِن كَانُوا صَادِقِينَ ﴿٣٤﴾

۷۔ ذَٰلِكَ مِنْ أَنبَاءِ الْغَيْبِ نُوحِيهِ إِلَيْكَ ۚ وَمَا كُنتَ لَدَيْهِمْ إِذْ يُلْقُونَ أَقْلَامَهُمْ أَيُّهُمْ يَكْفُلُ مَرْيَمَ وَمَا كُنتَ لَدَيْهِمْ إِذْ يَخْتَصِمُونَ ﴿٤٤﴾

خواہش پر چلا؟ بے شک اللہ ظالم لوگوں کو ہدایت نہیں کرتا۔

-القصص ۲۸: ۴۹-۵۰-

۶۔ پس انہیں چاہیے کہ وہ بھی ایسی ہی ایک حدیث لے آئیں اگر وہ (اپنے دعوے میں) سچے ہیں۔

-الطور ۵۲: ۳۴-

۲۔ قرآن میں غیب کی خبروں کا ہونا

۷۔ (اے نبی ﷺ!) یہ غیب کی خبروں میں سے ہے جو ہم تیری طرف وحی کرتے ہیں اور تو (اس وقت) ان کے پاس نہیں تھا جب وہ اپنے قلم (پانی میں بطور قرعہ اندازی کے) ڈال رہے تھے کہ ان میں سے کون مریم کا ذمہ لے اور تو ان کے پاس نہیں تھا جب وہ آپس میں جھگڑ رہے تھے۔

-آل عمران ۳: ۴۴-

۸۔ یہ غیب کی خبروں میں سے ہے جو ہم تیری طرف وحی کرتے ہیں اس سے پہلے نہ تو ان کو جانتا تھا اور نہ تیری قوم ہی۔ تو تو صبر کر۔ بے شک انجام (نیک) پرہیزگاروں کے لیے ہے۔

۔ھود ۱۱: ۴۹۔

۹۔ یہ غیب کی خبروں میں سے ہے جو ہم تیری طرف وحی کرتے ہیں اور تو ان کے پاس نہیں تھا جب وہ اپنے کام کو ٹھہرا رہے تھے اور وہ مکر کر رہے تھے اور اکثر آدمی اگرچہ تو حرص کرے، ایمان لانے والے نہیں ہیں۔ اور تو اس پر ان سے کچھ مزدوری نہیں مانگتا۔ وہ تو جہان والوں کے لیے ایک نصیحت ہے اور بس۔

۔یوسف ۱۲: ۱۰۲۔۱۰۴

۱۰۔ اسی طرح ہم تجھ سے وہ خبریں بیان کرتے ہیں جو پہلے ہو چکی ہیں اور بے شک ہم نے تجھے اپنے پاس سے نصیحت دی۔

۔طٰہٰ ۲۰: ۹۹۔

۱۱۔ اور (اے نبی ﷺ!) تو (طور کی) مغربی جانب میں نہ تھا جب ہم نے موسیٰ کی طرف حکم کا فیصلہ کیا تھا اور تو (اُس وقت وہاں) موجود نہ تھا۔ لیکن (بات یہ ہے کہ) ہم نے (اُس کے بعد) بہت سے قرن پیدا کیے پھر اُن کی لمبی عمریں گذر گئیں اور مدین کے رہنے والوں میں مقیم نہ تھا کہ ان پر ہماری آیتیں پڑھتا ہو لیکن (بات یہ ہے کہ) ہم (تجھے پیغمبر بنا کر) بھیجنے والے ہیں اور تو طور کے کنارے پر نہ تھا جب ہم نے (موسیٰ علیہ السلام کو) پکارا تھا لیکن (یہ تجھے) تیرے پروردگار کی رحمت سے (معلوم ہوا) تا کہ تو ان لوگوں کو ڈرائے جن کے پاس تجھ سے پہلے کوئی ڈرانے والا نہیں آیا تا کہ وہ نصیحت پکڑیں۔

۔القصص ۲۸: ۴۴۔۴۶۔

۸۔ تِلْكَ مِنْ اَنْۢبَآءِ الْغَيْبِ نُوْحِيْهَآ اِلَيْكَ ۚ مَا كُنْتَ تَعْلَمُهَآ اَنْتَ وَلَا قَوْمُكَ مِنْ قَبْلِ هٰذَا ۛ فَاصْبِرْ ۛ اِنَّ الْعَاقِبَةَ لِلْمُتَّقِيْنَ ۝

۹۔ ذٰلِكَ مِنْ اَنْۢبَآءِ الْغَيْبِ نُوْحِيْهِ اِلَيْكَ ۚ وَمَا كُنْتَ لَدَيْهِمْ اِذْ اَجْمَعُوْٓا اَمْرَهُمْ وَهُمْ يَمْكُرُوْنَ ۝ وَمَآ اَكْثَرُ النَّاسِ وَلَوْ حَرَصْتَ بِمُؤْمِنِيْنَ ۝ وَمَا تَسْـَٔلُهُمْ عَلَيْهِ مِنْ اَجْرٍ ۭ اِنْ هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ لِّلْعٰلَمِيْنَ ۝

۱۰۔ كَذٰلِكَ نَقُصُّ عَلَيْكَ مِنْ اَنْۢبَآءِ مَا قَدْ سَبَقَ ۚ وَقَدْ اٰتَيْنٰكَ مِنْ لَّدُنَّا ذِكْرًا ۝

۱۱۔ وَمَا كُنْتَ بِجَانِبِ الْغَرْبِيِّ اِذْ قَضَيْنَآ اِلٰى مُوْسَى الْاَمْرَ وَمَا كُنْتَ مِنَ الشّٰهِدِيْنَ ۝ وَلٰكِنَّآ اَنْشَاْنَا قُرُوْنًا فَتَطَاوَلَ عَلَيْهِمُ الْعُمُرُ ۚ وَمَا كُنْتَ ثَاوِيًا فِيْٓ اَهْلِ مَدْيَنَ تَتْلُوْا عَلَيْهِمْ اٰيٰتِنَا ۙ وَلٰكِنَّا كُنَّا مُرْسِلِيْنَ ۝ وَمَا كُنْتَ بِجَانِبِ الطُّوْرِ اِذْ نَادَيْنَا وَلٰكِنْ رَّحْمَةً مِّنْ رَّبِّكَ لِتُنْذِرَ قَوْمًا مَّآ اَتٰىهُمْ مِّنْ نَّذِيْرٍ مِّنْ قَبْلِكَ لَعَلَّهُمْ يَتَذَكَّرُوْنَ ۝

۱۲۔ وَيَرَى الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ الَّذِيْٓ اُنْزِلَ اِلَيْكَ مِنْ رَّبِّكَ هُوَ الْحَقَّ ۙ

۱۳۔ اَفَلَا يَتَدَبَّرُوْنَ الْقُرْاٰنَ ۭ وَلَوْ كَانَ مِنْ عِنْدِ غَيْرِ اللّٰهِ لَوَجَدُوْا فِيْهِ اخْتِلَافًا كَثِيْرًا ۝

۱۴۔ اِنَّ هٰذَا الْقُرْاٰنَ يَقُصُّ عَلٰى بَنِيْٓ اِسْرَاۗءِيْلَ اَكْثَرَ الَّذِيْ هُمْ فِيْهِ يَخْتَلِفُوْنَ ۝

۳۔ قرآن کا حق ہونا اہل علم جانتے ہیں

۱۲۔ اور جنہیں علم دیا گیا ہے انہیں یقین ہے کہ جو کچھ تیری طرف تیرے پروردگار کی جانب سے نازل کیا گیا ہے، وہی حق ہے۔

۔سبا ۳۴: ۶۔

۴۔ قرآن میں اختلاف کا نہ ہونا

۱۳۔ تو کیا وہ قرآن میں غور نہیں کرتے اور اگر وہ اللہ کے سوا کسی اَور کی طرف سے ہوتا تو بے شک وہ اُس میں بہت سا اختلاف پاتے۔

۔النساء ۴: ۸۲۔

۵۔ بنی اسرائیل کے صحیح صحیح حالات بیان کرنا

۱۴۔ بے شک یہ قران بنی اسرائیل پر اکثر وہ باتیں بیان کرتا ہے جن میں وہ اختلاف کرتے ہیں۔

۔النمل ۲۷: ۷۶۔

۶۔ انبیائے سابقین کے صحیفوں میں مذکور ہونا

۱۵۔اور بے شک وہ پہلوں کے صحیفوں میں (مذکور) ہے۔

-الشعراء۲۶:۱۹۶-

۱۶۔بے شک یہ (قرآن) پہلوں کے صحیفوں میں (مذکور) ہے(یعنی) ابراہیم اور موسیٰ کے صحیفوں میں۔

-الاعلیٰ۸۷:۱۸-۱۹-

۷۔ قرآن کی حقیقت اہلِ کتاب جانتے تھے

۱۷۔تو کیا میں اللہ کے سوا کسی اور کو فیصل تلاش کروں اور وہ وہ ہے جس نے تمہاری طرف مفصل کتاب اُتاری اور جنہیں ہم نے کتاب دی ہے وہ جانتے ہیں کہ بے شک وہ دین حق کے ساتھ تیرے پروردگار کی طرف سے اتارا گیا ہے۔تو تو ہرگز شک کرنے والوں میں نہ ہو۔

-الانعام۶:۱۱۴-

۱۸۔کیا اُن کے لیے یہ نشانی (کافی) نہیں ہے کہ بنی اسرائیل کے عالم اُس کو جانتے ہیں۔

-الشعراء۲۶:۱۹۷-

۸۔ قرآن کے من جانب اللہ ہونے پر ایک عالمِ بنی اسرائیل کی شہادت

۱۹۔(اے نبی ﷺ!) کہہ دے کہ بھلا بتلاؤ تو اگر یہ (قرآن) اللہ کی طرف سے ہو اور تم نے اس کا انکار کیا اور بنی اسرائیل میں سے ایک گواہ اس جیسے (قرآن) کی گواہی بھی دے چکا۔چنانچہ وہ ایمان لے آیا اور تم نے غرور کیا (تو اس حالت میں تمہارا کیا انجام ہوگا)۔بے شک اللہ ظالم لوگوں کو ہدایت نہیں کرتا۔

-الاحقاف۴۶:۱۰-

۱۵۔وَاِنَّهٗ لَفِيْ زُبُرِ الْاَوَّلِيْنَ ﴿۱۹۶﴾

۱۶۔اِنَّ هٰذَا لَفِي الصُّحُفِ الْاُوْلٰى ﴿۱۸﴾ صُحُفِ اِبْرٰهِيْمَ وَمُوْسٰى ﴿۱۹﴾

۱۷۔اَفَغَيْرَ اللّٰهِ اَبْتَغِيْ حَكَمًا وَّهُوَ الَّذِيْٓ اَنْزَلَ اِلَيْكُمُ الْكِتٰبَ مُفَصَّلًا ؕ وَالَّذِيْنَ اٰتَيْنٰهُمُ الْكِتٰبَ يَعْلَمُوْنَ اَنَّهٗ مُنَزَّلٌ مِّنْ رَّبِّكَ بِالْحَقِّ فَلَا تَكُوْنَنَّ مِنَ الْمُمْتَرِيْنَ ﴿۱۱۴﴾

۱۸۔اَوَلَمْ يَكُنْ لَّهُمْ اٰيَةً اَنْ يَّعْلَمَهٗ عُلَمٰٓؤُا بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ ﴿۱۹۷﴾ؕ

۱۹۔قُلْ اَرَءَيْتُمْ اِنْ كَانَ مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ وَكَفَرْتُمْ بِهٖ وَشَهِدَ شَاهِدٌ مِّنْۢ بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ عَلٰى مِثْلِهٖ فَاٰمَنَ وَاسْتَكْبَرْتُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۱۰﴾

۲۰۔وَاِذْ صَرَفْنَآ اِلَيْكَ نَفَرًا مِّنَ الْجِنِّ يَسْتَمِعُوْنَ الْقُرْاٰنَ ۚ فَلَمَّا حَضَرُوْهُ قَالُوْٓا اَنْصِتُوْا ۚ فَلَمَّا قُضِيَ وَلَّوْا اِلٰى قَوْمِهِمْ مُّنْذِرِيْنَ ﴿۲۹﴾ قَالُوْا يٰقَوْمَنَآ اِنَّا سَمِعْنَا كِتٰبًا اُنْزِلَ مِنْۢ بَعْدِ مُوْسٰى مُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ يَهْدِيْٓ اِلَى الْحَقِّ وَاِلٰى طَرِيْقٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿۳۰﴾ يٰقَوْمَنَآ اَجِيْبُوْا دَاعِيَ اللّٰهِ وَاٰمِنُوْا بِهٖ يَغْفِرْ لَكُمْ مِّنْ ذُنُوْبِكُمْ وَيُجِرْكُمْ مِّنْ عَذَابٍ اَلِيْمٍ ﴿۳۱﴾ وَمَنْ لَّا يُجِبْ دَاعِيَ اللّٰهِ فَلَيْسَ بِمُعْجِزٍ فِي الْاَرْضِ وَلَيْسَ لَهٗ مِنْ دُوْنِهٖٓ اَوْلِيَآءُ ؕ اُولٰٓئِكَ فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿۳۲﴾

۹۔ قرآن پر جنوں کا ایمان لانا

۲۰۔اور (اے نبی ﷺ!) وہ وقت یاد کر کہ جب ہم نے جنوں کے کچھ اشخاص تیری طرف پھیر دیے کہ قرآن سنیں۔سو جب وہ اُس (کی تلاوت) پر آموجود ہوئے تو بولے کہ خاموش رہو۔پھر تلاوت ختم کی گئی اور وہ ڈرانے کے لیے اپنی قوم کی طرف واپس آئے۔کہنے لگے کہ بھائیو! ہم نے ایک کتاب سُنی جو موسیٰ کے بعد اتاری گئی ہے۔وہ اس کی تصدیق کرتی ہے جو اُس سے پہلے ہے،حق کی طرف اور سیدھی راہ پر لگاتی ہے۔بھائیو! اللہ کے منادی کی بات قبول کرو اور اس پر ایمان لاؤ۔وہ تمہیں تمہارے گناہ بخش دے گا اور دردناک عذاب سے تمہیں نجات دے گا۔اور جو اللہ کے منادی کی بات قبول نہ کرے گا وہ زمین پر عاجز کرنے والا نہیں ہے اور اس کے اللہ کے سوا کوئی دوست نہیں،وہ کھلی گمراہی میں ہیں۔

-الاحقاف۴۶:۲۹-۳۲-

۲۱۔ (اے نبی ﷺ!) کہہ دے کہ میری طرف یہ وحی کی گئی ہے کہ جنوں کے کچھ اشخاص نے (قرآن) سنا تو انہوں نے کہا کہ ہم نے عجیب قرآن سنا۔ وہ ہدایت کی طرف لگاتا ہے۔ سو ہم تو اس پر ایمان لے آئے اور ہم اپنے پروردگار کے ساتھ ہرگز کسی کو شریک نہیں کریں گے۔ اور بے شک ہمارے پروردگار کی عزت بلند ہے، اس نے نہ بیوی اختیار کی نہ اولاد۔ اور بے شک ہمارے بیوقوف اللہ پر زیادتی کی باتیں کہا کرتے تھے اور ہم خیال کرتے تھے کہ انسان اور جن ہرگز اللہ پر جھوٹ نہ بولیں گے اور انسانوں میں سے کچھ اشخاص جنوں میں سے بعض اشخاص کی پناہ پکڑتے تھے تو انہوں نے ان کا غرور اور بڑھا دیا۔ اور جیسا تم نے گمان کیا انہوں نے بھی یہی گمان کیا تھا کہ اللہ کسی کو (پیغمبر بنا کر) نہیں بھیجے گا اور ہم نے آسمانوں کو ٹٹولا تو ہم نے اُن کو سخت چوکیداروں اور آگ کے شعلوں سے بھرا ہوا پایا۔ اور (پہلے) ہم اُن میں سننے کی جگہ بیٹھ جایا کرتے تھے مگر جو اب سنتا ہے تو وہ اپنے لیے آگ کا ایک شعلہ گھات میں لگا ہوا پاتا ہے اور ہم نہیں جانتے کہ ان لوگوں کے لیے جو زمین میں ہیں شر کا ارادہ کیا گیا ہے یا اُن کے لیے اُن کے پروردگار نے بھلائی کا ارادہ کیا ہے اور بے شک ہم میں سے بعض نیک ہیں اور بعض ہم میں سے اس کے برعکس ہیں۔ ہم مختلف راہوں والے ہیں اور بے شک ہمیں یقین ہو گیا کہ ہرگز ہم اللہ کو نہ زمین میں (چھپ کر) عاجز کر سکیں گے اور نہ کہیں بھاگ کر اُس کو عاجز کر سکیں اور ہم ہدایت کی بات پر جب ہم نے اُس کو سنا، ایمان لے آئے۔ سو جو اپنے پروردگار پر ایمان لائے گا وہ نہ کمی

۲۱۔ قُلْ أُوحِيَ إِلَيَّ أَنَّهُ اسْتَمَعَ نَفَرٌ مِّنَ الْجِنِّ فَقَالُوا إِنَّا سَمِعْنَا قُرْآنًا عَجَبًا ۝ يَهْدِي إِلَى الرُّشْدِ فَآمَنَّا بِهِ ۖ وَلَن نُّشْرِكَ بِرَبِّنَا أَحَدًا ۝ وَأَنَّهُ تَعَالَىٰ جَدُّ رَبِّنَا مَا اتَّخَذَ صَاحِبَةً وَلَا وَلَدًا ۝ وَأَنَّهُ كَانَ يَقُولُ سَفِيهُنَا عَلَى اللَّهِ شَطَطًا ۝ وَأَنَّا ظَنَنَّا أَن لَّن تَقُولَ الْإِنسُ وَالْجِنُّ عَلَى اللَّهِ كَذِبًا ۝ وَأَنَّهُ كَانَ رِجَالٌ مِّنَ الْإِنسِ يَعُوذُونَ بِرِجَالٍ مِّنَ الْجِنِّ فَزَادُوهُمْ رَهَقًا ۝ وَأَنَّهُمْ ظَنُّوا كَمَا ظَنَنتُمْ أَن لَّن يَبْعَثَ اللَّهُ أَحَدًا ۝ وَأَنَّا لَمَسْنَا السَّمَاءَ فَوَجَدْنَاهَا مُلِئَتْ حَرَسًا شَدِيدًا وَشُهُبًا ۝ وَأَنَّا كُنَّا نَقْعُدُ مِنْهَا مَقَاعِدَ لِلسَّمْعِ ۖ فَمَن يَسْتَمِعِ الْآنَ يَجِدْ لَهُ شِهَابًا رَّصَدًا ۝ وَأَنَّا لَا نَدْرِي أَشَرٌّ أُرِيدَ بِمَن فِي الْأَرْضِ أَمْ أَرَادَ بِهِمْ رَبُّهُمْ رَشَدًا ۝ وَأَنَّا مِنَّا الصَّالِحُونَ وَمِنَّا دُونَ ذَٰلِكَ ۖ كُنَّا طَرَائِقَ قِدَدًا ۝ وَأَنَّا ظَنَنَّا أَن لَّن نُّعْجِزَ اللَّهَ فِي الْأَرْضِ وَلَن نُّعْجِزَهُ هَرَبًا ۝ وَأَنَّا لَمَّا سَمِعْنَا الْهُدَىٰ آمَنَّا بِهِ ۖ فَمَن يُؤْمِن بِرَبِّهِ فَلَا يَخَافُ بَخْسًا وَلَا رَهَقًا ۝ وَأَنَّا مِنَّا الْمُسْلِمُونَ وَمِنَّا الْقَاسِطُونَ ۖ فَمَنْ أَسْلَمَ فَأُولَٰئِكَ تَحَرَّوْا رَشَدًا ۝ وَأَمَّا الْقَاسِطُونَ فَكَانُوا لِجَهَنَّمَ حَطَبًا ۝ وَأَن لَّوِ اسْتَقَامُوا عَلَى الطَّرِيقَةِ لَأَسْقَيْنَاهُم مَّاءً غَدَقًا ۝ لِّنَفْتِنَهُمْ فِيهِ ۚ وَمَن يُعْرِضْ عَن ذِكْرِ رَبِّهِ يَسْلُكْهُ عَذَابًا صَعَدًا ۝ وَأَنَّ الْمَسَاجِدَ لِلَّهِ فَلَا تَدْعُوا مَعَ اللَّهِ أَحَدًا ۝ وَأَنَّهُ لَمَّا قَامَ عَبْدُ اللَّهِ يَدْعُوهُ كَادُوا يَكُونُونَ عَلَيْهِ لِبَدًا ۝

سے ڈرے گا نہ زیادتی سے۔ اور بے شک ہم میں بعض مسلمان ہیں اور بعض ہم میں ناانصاف۔ پس جو اسلام لایا تو انہیں نے بھلائی کا قصد کیا اور جو ظالم ہیں وہ دوزخ کا ایندھن بنے۔ اور (میری طرف یہ وحی کی گئی ہے) کہ اگر یہ لوگ راہ پر قائم رہتے تو ہم ان کو ضرور وافر پانی پلاتے۔ تاکہ ہم اُن کو اُس میں آزمائیں۔ اور جو شخص اپنے پروردگار کی یاد سے مونہہ پھیرے گا وہ اُس کو سخت عذاب میں داخل کرے گا۔ اور یہ (وحی کی گئی ہے) کہ مسجدیں سب اللہ (کی عبادت) کے لیے ہیں تو تم اللہ کے ساتھ اور کسی کو نہ پکارو۔ اور یہ کہ جب اللہ کا بندہ (محمد ﷺ) اُس کو پکارنے کھڑا ہوا تو وہ (جن) قریب تھے کہ اُس پر ایک کے اوپر ایک گر پڑیں۔

۔الجن ۷۲: ۱۔۱۹۔

مناظرات

۱۔ (اللہ نے مویشیوں کے) آٹھ جوڑے پیدا کیے۔ بھیڑ کے دو (نر و مادہ) اور بکری کے دو۔ (اے نبی ﷺ!) پوچھ کہ اللہ نے دونروں کو حرام کیا ہے یا مادینوں کو یا اس کو جو دونوں مادینوں کے رحم کے اندر ہے؟ اگر تم سچے ہو تو مجھے علم سے بتلاؤ۔ اور اونٹ سے دو اور گائے سے دو۔ (اے نبی ﷺ!) پوچھ کہ (اللہ نے) دونروں کو حرام کیا ہے یا دو مادینوں کو۔ یا اُس کو جو دونوں مادینوں کے رحم کے اندر ہے؟ یا تم اس وقت موجود تھے جب تمہیں اللہ نے اُس کی وصیت فرمائی تھی؟ سو اس سے بڑھ کر ظالم کون؟ جس نے اللہ پر جھوٹ باندھا تاکہ بغیر علم کے لوگوں کو گمراہ کرے۔ بے شک اللہ ظالم لوگوں کو ہدایت نہیں کرتا۔

۔الانعام ۶: ۱۴۳۔۱۴۴۔

۲۔ بلکہ انہوں نے اُسی طرح کہا جس طرح (اُن سے) پہلوں نے کہا تھا۔ کہا کہ بھلا جب ہم مرگئے اور مٹی اور ہڈیاں ہوگئے تو کیا ہم پھر اٹھائے جائیں گے۔ یہ وعدہ ہم سے بھی کیا گیا اور اب سے پہلے ہمارے باپ دادوں سے بھی۔ یہ تو کچھ بھی نہیں صرف اگلوں کی کہانیاں ہیں۔ (اے نبی ﷺ!) پوچھ کہ زمین اور جو (آدمی) اُس میں ہیں۔ وہ کس کی ملک ہیں؟ اگر تم جانتے ہو تو (بتلاؤ)۔ وہ اس کا جواب دیں گے کہ اللہ کی۔ (اے نبی ﷺ!) پوچھ کہ پھر تم نصیحت کیوں نہیں پکڑتے؟ پوچھ کہ سات آسمانوں کا پروردگار اور عرشِ عظیم کا پروردگار کون ہے؟ وہ کہیں گے کہ یہ اللہ ہی کی

۱۔ ثَمٰنِيَةَ اَزْوَاجٍ ۚ مِنَ الضَّاْنِ اثْنَيْنِ وَمِنَ الْمَعْزِ اثْنَيْنِ ۗ قُلْ ءٰٓالذَّكَرَيْنِ حَرَّمَ اَمِ الْاُنْثَيَيْنِ اَمَّا اشْتَمَلَتْ عَلَيْهِ اَرْحَامُ الْاُنْثَيَيْنِ ۗ نَبِّـُٔوْنِيْ بِعِلْمٍ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ۝ وَمِنَ الْاِبِلِ اثْنَيْنِ وَمِنَ الْبَقَرِ اثْنَيْنِ ۗ قُلْ ءٰٓالذَّكَرَيْنِ حَرَّمَ اَمِ الْاُنْثَيَيْنِ اَمَّا اشْتَمَلَتْ عَلَيْهِ اَرْحَامُ الْاُنْثَيَيْنِ ۗ اَمْ كُنْتُمْ شُهَدَآءَ اِذْ وَصّٰىكُمُ اللّٰهُ بِهٰذَا ۚ فَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا لِّيُضِلَّ النَّاسَ بِغَيْرِ عِلْمٍ ۗ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ۝

۲۔ بَلْ قَالُوْا مِثْلَ مَا قَالَ الْاَوَّلُوْنَ ۝ قَالُوْٓا ءَاِذَا مِتْنَا وَكُنَّا تُرَابًا وَّعِظَامًا ءَاِنَّا لَمَبْعُوْثُوْنَ ۝ لَقَدْ وُعِدْنَا نَحْنُ وَاٰبَآؤُنَا هٰذَا مِنْ قَبْلُ اِنْ هٰذَآ اِلَّآ اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ ۝ قُلْ لِّمَنِ الْاَرْضُ وَمَنْ فِيْهَآ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ۝ سَيَقُوْلُوْنَ لِلّٰهِ ۗ قُلْ اَفَلَا تَذَكَّرُوْنَ ۝ قُلْ مَنْ رَّبُّ السَّمٰوٰتِ السَّبْعِ وَرَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ۝ سَيَقُوْلُوْنَ لِلّٰهِ ۗ قُلْ اَفَلَا تَتَّقُوْنَ ۝ قُلْ مَنْۢ بِيَدِهٖ مَلَكُوْتُ كُلِّ شَيْءٍ وَّهُوَ يُجِيْرُ وَلَا يُجَارُ عَلَيْهِ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ۝ سَيَقُوْلُوْنَ لِلّٰهِ ۗ قُلْ فَاَنّٰى تُسْحَرُوْنَ ۝ بَلْ اَتَيْنٰهُمْ بِالْحَقِّ وَاِنَّهُمْ لَكٰذِبُوْنَ ۝

۳۔ اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْ حَآجَّ اِبْرٰهٖمَ فِيْ رَبِّهٖٓ اَنْ اٰتٰىهُ اللّٰهُ الْمُلْكَ ۘ اِذْ قَالَ

ملک ہیں۔ (اے نبی ﷺ) کہہ کہ پھر تم ڈرتے نہیں؟ پوچھ کہ وہ کون ہے جس کے ہاتھ میں ہر شے کی سلطنت ہے اور وہ پناہ دیتا ہے اور اُس کے خلاف ہو کر (کسی کو) پناہ نہیں دی جاتی؟ اگر تم جانتے ہو (تو بتلاؤ)۔ وہ کہیں گے کہ یہ سب کچھ اللہ کا ہے۔ کہہ دے کہ پھر تم کو جادو کہاں سے ہو جاتا ہے؟ بلکہ ہم تو اُن کے پاس حق لائے ہیں اور بے شک وہ جھوٹے ہیں۔

۔المؤمنون ۲۳: ۸۱۔۹۰

۳۔ (اے پیغمبر ﷺ!) کیا تم نے اس شخص پر نظر نہیں کی جو ابراہیم سے اُن کے پروردگار کے بارے میں محض اس لیے حجت کرنے لگا کہ اللہ نے اُس کو سلطنت دی تھی۔ جب ابراہیم نے کہا کہ میرا پروردگار تو وہ ہے جو زندہ کرتا اور مارتا ہے۔ وہ بولا کہ میں بھی جلاتا اور مارتا ہوں۔ ابراہیم نے کہا اچھا اللہ تو آفتاب کو مشرق سے نکالتا

ہے تو اُس کو مغرب سے نکالے تو جانیں ۔ اس پر وہ کافر ہکا بکا ہو کر رہ گیا۔ اللہ ضدی لوگوں کو ہدایت نہیں دیا کرتا؟

-البقرۃ ۲: ۲۵۸۔

مواعظ القرآن

۱۔ عبرت اُمم سابقہ کے حالات سے

۱۔ (لوگو!) تم سے پہلے دستور پڑ چکے ہیں تو تم ملک میں سیر کرو اور دیکھو کہ جھٹلانے والوں کا انجام کیا (برا) ہوا۔ یہ لوگوں کے لیے بیان ہے اور متقیوں کے لیے ہدایت اور نصیحت۔

-آل عمران ۳: ۱۳۷-۱۳۸۔

۲۔ اور اُن کے پاس اُن کے پروردگار کی نشانیوں میں سے جو نشانی بھی آتی ہے اُسی کی طرف سے وہ مونہہ پھیر لیتے ہیں۔ سو بے شک وہ تو حق کو جب اُن کے پاس آیا جھٹلا چکے۔ اب عنقریب ہی اُن کے پاس اُس بات کی خبریں آئیں گی جس کی (وہ) ہنسی اڑایا کرتے تھے۔ کیا وہ یہ نہیں دیکھتے کہ اُن سے پہلے ہم نے کتنی ہی بستیاں ہلاک کر ماریں، ہم نے انہیں ملک میں وہ عروج دیا تھا جو تمہیں نہیں دیا اور ہم نے ان پر آسمان کی دھاریں چھوڑ دی تھیں۔ اور ان کے (محلوں کے) نیچے ہم نے نہریں جاری کر رکھی تھیں پھر ہم نے انہیں اُن کے گناہوں (کی سزا) میں ہلاک کر دیا اور اُن کے بعد ہم نے دوسرے لوگ پیدا کر دیے۔

-الانعام ۶: ۴-۶۔

إِبْرٰهٖمُ رَبِّيَ الَّذِيْ يُحْيٖ وَيُمِيْتُ ۙ قَالَ اَنَا اُحْيٖ وَاُمِيْتُ ۭ قَالَ إِبْرٰهٖمُ فَاِنَّ اللّٰهَ يَاْتِيْ بِالشَّمْسِ مِنَ الْمَشْرِقِ فَاْتِ بِهَا مِنَ الْمَغْرِبِ فَبُهِتَ الَّذِيْ كَفَرَ ۭ وَاللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ۝

۱۔ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِكُمْ سُنَنٌ ۙ فَسِيْرُوْا فِي الْاَرْضِ فَانْظُرُوْا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُكَذِّبِيْنَ ۝ هٰذَا بَيَانٌ لِّلنَّاسِ وَهُدًى وَّمَوْعِظَةٌ لِّلْمُتَّقِيْنَ ۝

۲۔ وَمَا تَاْتِيْهِمْ مِّنْ اٰيَةٍ مِّنْ اٰيٰتِ رَبِّهِمْ اِلَّا كَانُوْا عَنْهَا مُعْرِضِيْنَ ۝ فَقَدْ كَذَّبُوْا بِالْحَقِّ لَمَّا جَاۗءَهُمْ ۭ فَسَوْفَ يَاْتِيْهِمْ اَنْۢبٰۗؤُا مَا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ۝ اَلَمْ يَرَوْا كَمْ اَهْلَكْنَا مِنْ قَبْلِهِمْ مِّنْ قَرْنٍ مَّكَّنّٰهُمْ فِي الْاَرْضِ مَا لَمْ نُمَكِّنْ لَّكُمْ وَاَرْسَلْنَا السَّمَاۗءَ عَلَيْهِمْ مِّدْرَارًا ۠ وَّجَعَلْنَا الْاَنْهٰرَ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهِمْ فَاَهْلَكْنٰهُمْ بِذُنُوْبِهِمْ وَاَنْشَاْنَا مِنْۢ بَعْدِهِمْ قَرْنًا اٰخَرِيْنَ ۝

۳۔ وَلَقَدِ اسْتُهْزِئَ بِرُسُلٍ مِّنْ قَبْلِكَ فَحَاقَ بِالَّذِيْنَ سَخِرُوْا مِنْهُمْ مَّا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ۝

۴۔ قُلْ سِيْرُوْا فِي الْاَرْضِ ثُمَّ انْظُرُوْا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُكَذِّبِيْنَ ۝

۵۔ وَلَقَدْ اَرْسَلْنَآ اِلٰٓى اُمَمٍ مِّنْ قَبْلِكَ فَاَخَذْنٰهُمْ بِالْبَاْسَاۗءِ وَالضَّرَّاۗءِ لَعَلَّهُمْ

۳۔ اور (اے نبی ﷺ!) بے شک تجھ سے پہلے بھی رسولوں کے ساتھ ٹھٹھا کیا گیا تھا تو جو لوگ ان میں ٹھٹھا کرتے تھے اُن کو اسی عذاب نے آ گھیرا جس کی وجہ سے وہ ٹھٹھا کیا کرتے تھے۔

-الانعام ۶: ۱۰۔

۴۔ (اے نبی ﷺ!) کہہ دے کہ تم ملک کی سیر کرو پھر غور کرو کہ جھٹلانے والوں کا انجام کیسا (بُرا) ہوا۔

-الانعام ۶: ۱۱

۵۔ اور (اے نبی ﷺ!) بے شک ہم نے تجھ سے پہلی اُمتوں کی طرف بھی پیغمبر بھیجے۔ پھر ہم نے انہیں محتاجی اور تکلیفوں میں مبتلا کیا تا کہ وہ (ہمارے آگے گڑگڑائیں۔ پس جب ہمارا عذاب اُن پر آیا وہ کیوں نہ گڑگڑائے۔ بلکہ ان کے دل (اور) سخت ہو گئے اور جو (بُرے) کام وہ کیا کرتے تھے اُن کو

يَتَضَرَّعُوْنَ ﴿٤٢﴾ فَلَوْلَآ اِذْ جَآءَهُمْ بَاْسُنَا تَضَرَّعُوْا وَلٰكِنْ قَسَتْ قُلُوْبُهُمْ وَزَيَّنَ لَهُمُ الشَّيْطٰنُ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿٤٣﴾ فَلَمَّا نَسُوْا مَا ذُكِّرُوْا بِهٖ فَتَحْنَا عَلَيْهِمْ اَبْوَابَ كُلِّ شَيْءٍ حَتّٰٓى اِذَا فَرِحُوْا بِمَآ اُوْتُوْٓا اَخَذْنٰهُمْ بَغْتَةً فَاِذَا هُمْ مُّبْلِسُوْنَ ﴿٤٤﴾ فَقُطِعَ دَابِرُ الْقَوْمِ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿٤٥﴾

٦۔ وَكَمْ مِّنْ قَرْيَةٍ اَهْلَكْنٰهَا فَجَآءَهَا بَاْسُنَا بَيَاتًا اَوْ هُمْ قَآئِلُوْنَ ﴿٤﴾ فَمَا كَانَ دَعْوٰىهُمْ اِذْ جَآءَهُمْ بَاْسُنَآ اِلَّآ اَنْ قَالُوْٓا اِنَّا كُنَّا ظٰلِمِيْنَ ﴿٥﴾

٧۔ وَمَآ اَرْسَلْنَا فِيْ قَرْيَةٍ مِّنْ نَّبِيٍّ اِلَّآ اَخَذْنَآ اَهْلَهَا بِالْبَاْسَآءِ وَالضَّرَّآءِ لَعَلَّهُمْ يَضَّرَّعُوْنَ ﴿٩٤﴾ ثُمَّ بَدَّلْنَا مَكَانَ السَّيِّئَةِ الْحَسَنَةَ حَتّٰى عَفَوْا وَّقَالُوْا قَدْ مَسَّ اٰبَآءَنَا الضَّرَّآءُ وَالسَّرَّآءُ فَاَخَذْنٰهُمْ بَغْتَةً وَّهُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ ﴿٩٥﴾ وَلَوْ اَنَّ اَهْلَ الْقُرٰٓى اٰمَنُوْا وَاتَّقَوْا لَفَتَحْنَا عَلَيْهِمْ بَرَكٰتٍ مِّنَ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ وَلٰكِنْ كَذَّبُوْا فَاَخَذْنٰهُمْ بِمَا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ﴿٩٦﴾ اَفَاَمِنَ اَهْلُ الْقُرٰٓى اَنْ يَّاْتِيَهُمْ بَاْسُنَا بَيَاتًا وَّهُمْ نَآئِمُوْنَ ﴿٩٧﴾ اَوَاَمِنَ اَهْلُ الْقُرٰٓى اَنْ يَّاْتِيَهُمْ بَاْسُنَا ضُحًى وَّهُمْ يَلْعَبُوْنَ ﴿٩٨﴾ اَفَاَمِنُوْا مَكْرَ اللّٰهِ فَلَا يَاْمَنُ مَكْرَ اللّٰهِ اِلَّا الْقَوْمُ الْخٰسِرُوْنَ ﴿٩٩﴾ اَوَلَمْ يَهْدِ لِلَّذِيْنَ

شیطان نے اُن کی نظر میں اچھا کر دکھلایا۔ پس جب وہ اُس نصیحت کو بھول گئے جو انہیں کی گئی تھی تو ہم نے اُن پر ہر (آرام کی) چیز کے دروازے کھول دیے۔ یہاں تک کہ جب وہ اُس (نعمت) سے جو اُنہیں دی گئی تھی خوش ہو گئے تو اچانک اُنہیں ہم نے (عذاب میں) دھر پکڑا، تو فوراً ہی وہ ناامید تھے۔ سو اُن لوگوں کی، جو ظلم کرتے تھے جڑ کاٹ دی گئی اور سب تعریف اللہ کے لیے ہے جو سارے جہانوں کا پروردگار ہے۔

۔الانعام ٦: ٤٢۔ ٤٥۔

٦۔ اور کتنی ہی بستیاں ہیں جن کو ہم نے ہلاک کر مارا اُن پر رات کو سوتے وقت ہمارا عذاب آیا یا اُس وقت جب وہ دوپہر کو سو رہے تھے۔ سو جب اُن پر ہمارا عذاب آیا اس وقت اُن کا قول بجز اس کے اور کچھ نہ تھا کہ بے شک ہم ہی ظالم تھے۔

۔الاعراف ٧: ٤۔ ٥۔

٧۔ اور ہم نے جس بستی میں بھی کوئی نبی بھیجا اُسی کے باشندوں کو محتاجی اور مرض میں مبتلا کیا تا کہ وہ (ہمارے آگے) گڑگڑائیں پھر ہم نے تکلیف کی جگہ کو آرام سے بدل دیا۔ یہاں تک کہ وہ کثیر ہو گئے اور کہنے لگے کہ تکلیف اور آرام تو ہمارے پہلے باپ دادوں کو بھی پہنچا تھا۔ تب ناگہاں ہم نے انہیں (عذاب میں) پکڑ لیا اور انہیں خبر تک بھی نہ ہوئی۔ اور اگر بستیوں والے ایمان لے آتے اور (اللہ سے) ڈرتے تو ہم ضرور اُن پر برکتوں کے دروازے کھول دیتے، آسمان سے بھی اور زمین سے بھی۔ لیکن انہوں نے (دینِ حق کو) جھٹلایا تو ہم نے انہیں اُن کی بری کمائی کی سزا میں پکڑ لیا۔ کیا بستیوں والے اس سے نڈر ہو گئے ہیں کہ ہمارا عذاب اُن پر رات کو جب وہ پڑے سو رہے ہوں آ نازل ہو۔ یا بستیوں والے اس بات سے نڈر ہو گئے ہیں؟ کہ ہمارا عذاب اُن پر پھر دن چڑھے جب وہ کھیل رہے ہوں آ نازل ہو۔ کیا وہ اللہ کی تدبیر سے نڈر ہو گئے ہیں سو اللہ کی تدبیر سے تو صرف وہی لوگ نڈر ہوتے ہیں جو گھاٹا اٹھانے والے ہیں۔ کیا ان لوگوں کو جو زمین کے (پہلے) باشندوں کے بعد اُس کے وارث ہوئے ہیں، اس بات سے ہدایت نہیں ہوئی کہ اگر ہم چاہیں تو انہیں ان کے گناہوں (کی سزا) میں پکڑ لیں اور (اے نبی ﷺ!) ہم اُن کے دلوں پر مُہر کر دیتے ہیں تو وہ سنتے ہی نہیں۔ (اے نبی ﷺ!) یہ بستیاں ہیں ہم ان کی خبریں تجھ سے بیان کرتے ہیں اور بے شک اُن کے پیغمبر ان کے پاس کھلی دلیلیں لے کر آئے۔ تو وہ ایسے کہاں تھے کہ جس بات کو وہ پہلے جھٹلا چکے

تھے اس پر ایمان لے آتے۔ یوں اللہ کافروں کے دلوں پر مہر لگا دیتا ہے اور ہم نے اُن میں سے اکثر کے لیے عہد (پر قیام) نہ پایا۔ اور بے شک ہم نے اُن میں سے اکثر کو بدکار پایا۔ پھر ہم نے اُن کے بعد موسیٰ کو اپنی نشانیاں دے کر فرعون اور اُس کے لوگوں کی طرف بھیجا تو اُنہوں نے اُن (نشانیوں) کے ساتھ ظالمانہ برتاؤ کیا تو (اے نبی ﷺ!) دیکھ کہ اُن مفسدوں کا کیسا (برا) انجام ہوا۔

-الاعراف-۷:۹۴-۱۰۳-

۸۔ اور جب انسان کو کوئی تکلیف پہنچتی ہے تو وہ ہمیں اپنے پہلو پر (لیٹا) یا بیٹھا یا کھڑا (ہر حالت میں) پکارتا ہے۔ پھر جب ہم اُس سے اس کی تکلیف دور کر دیتے ہیں تو وہ ایسا ہو جاتا ہے کہ گویا اُس نے ہم کو کبھی کسی تکلیف کی طرف جو اُس کو پہنچی تھی، بلایا ہی نہیں تھا۔ اُسی طرح حد سے باہر نکل جانے والوں کی نظر میں وہ کام اچھے دکھلائے گئے ہیں جو وہ کرتے ہیں۔ اور بے شک ہم نے تم سے پہلے وقتوں کے لوگوں کو جب انہوں نے ظلم کیا ہلاک کر دیا اور اُن کے پیغمبر اُن کے پاس کھلی دلیلیں لے کر آئے اور وہ ایسے نہ تھے کہ ایمان لے آتے۔ اسی طرح کی سزا ہم گنہگار لوگوں کو دیتے ہیں پھر ہم نے اُن کے بعد ملک میں تمہیں (اُن کا) جانشین بنایا تاکہ ہم

يَرِثُونَ الْأَرْضَ مِنْ بَعْدِ أَهْلِهَا أَنْ لَوْ نَشَاءُ أَصَبْنَاهُمْ بِذُنُوبِهِمْ ۚ وَنَطْبَعُ عَلَىٰ قُلُوبِهِمْ فَهُمْ لَا يَسْمَعُونَ ۝ تِلْكَ الْقُرَىٰ نَقُصُّ عَلَيْكَ مِنْ أَنْبَائِهَا ۚ وَلَقَدْ جَاءَتْهُمْ رُسُلُهُمْ بِالْبَيِّنَاتِ فَمَا كَانُوا لِيُؤْمِنُوا بِمَا كَذَّبُوا مِنْ قَبْلُ ۚ كَذَٰلِكَ يَطْبَعُ اللَّهُ عَلَىٰ قُلُوبِ الْكَافِرِينَ ۝ وَمَا وَجَدْنَا لِأَكْثَرِهِمْ مِنْ عَهْدٍ ۖ وَإِنْ وَجَدْنَا أَكْثَرَهُمْ لَفَاسِقِينَ ۝ ثُمَّ بَعَثْنَا مِنْ بَعْدِهِمْ مُوسَىٰ بِآيَاتِنَا إِلَىٰ فِرْعَوْنَ وَمَلَئِهِ فَظَلَمُوا بِهَا ۖ فَانْظُرْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُفْسِدِينَ ۝

۸۔ وَإِذَا مَسَّ الْإِنْسَانَ الضُّرُّ دَعَانَا لِجَنْبِهِ أَوْ قَاعِدًا أَوْ قَائِمًا فَلَمَّا كَشَفْنَا عَنْهُ ضُرَّهُ مَرَّ كَأَنْ لَمْ يَدْعُنَا إِلَىٰ ضُرٍّ مَسَّهُ ۚ كَذَٰلِكَ زُيِّنَ لِلْمُسْرِفِينَ مَا كَانُوا يَعْمَلُونَ ۝ وَلَقَدْ أَهْلَكْنَا الْقُرُونَ مِنْ قَبْلِكُمْ لَمَّا ظَلَمُوا ۙ وَجَاءَتْهُمْ رُسُلُهُمْ بِالْبَيِّنَاتِ وَمَا كَانُوا لِيُؤْمِنُوا ۚ كَذَٰلِكَ نَجْزِي الْقَوْمَ الْمُجْرِمِينَ ۝ ثُمَّ جَعَلْنَاكُمْ خَلَائِفَ فِي الْأَرْضِ مِنْ بَعْدِهِمْ لِنَنْظُرَ كَيْفَ تَعْمَلُونَ ۝

۹۔ فَانْظُرْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُنْذَرِينَ ۝

۱۰۔ ذَٰلِكَ مِنْ أَنْبَاءِ الْقُرَىٰ نَقُصُّهُ عَلَيْكَ ۖ مِنْهَا قَائِمٌ وَحَصِيدٌ ۝ وَمَا

دیکھیں کہ تم کیسے عمل کرتے ہو۔

-یونس ۱۰:۱۲-۱۴-

۹۔ تو (اے نبی ﷺ!) دیکھ کہ اُن ڈرائے ہوؤں کا کیسا (برا) انجام ہوا۔

-یونس ۱۰:۷۳-

۱۰۔ (اے نبی ﷺ!) یہ بستیوں کی خبریں ہیں جو ہم تجھ سے بیان کرتے ہیں۔ بعض اُن میں سے موجود ہیں اور بعض اُجڑ گئیں اور

ہم نے اُن پر ظلم نہیں کیا لیکن انہوں نے خود اپنی جانوں پر ظلم کیا۔ سو اُن کے وہ معبود جنہیں وہ اللہ کے سوا پکارا کرتے تھے جب تیرے پروردگار کا حکم و عذاب آ پہنچا اُن کے لیے کچھ بھی مفید ثابت نہ ہوئے اور اُنہوں نے اُن کی ہلاکت ہی بڑھائی۔ اور (اے نبی ﷺ) تیرے پروردگار کی پکڑ جب وہ بستیوں کو اُن کے ظلم کے سبب پکڑتا ہے ایسی ہی ہوتی ہے۔ بے شک اس کی پکڑ سخت درد دینے والی ہے۔ بے شک اس (بیان) میں اُس شخص کے لیے (کافی) نشانی ہے جو آخرت کے عذاب سے ڈرتا ہے۔ یہ (آخرت) ایک دن ہے جس کے لیے لوگ اکٹھے کئے جائیں اور وہ (سب کی) حاضری کا دن ہے اور ہم اُس کو صرف ایک گنی ہوئی میعاد کے لیے پیچھے ہٹائے ہیں۔

۔ھود ۱۱: ۱۰۱۔۱۰۴۔

۱۱۔ اور آسمانوں اور زمین میں کتنی ہی نشانیاں ہیں جن پر وہ گزرتے ہیں اور وہ اُن سے منہ پھیر لیتے ہیں اور اُن سے اکثر بغیر شرک کئے اللہ پر ایمان نہیں لاتے۔ تو کیا وہ اس بات سے نڈر ہو گئے ہیں کہ اُن پر اللہ کا چھا جانے والا عذاب آ جائے یا اُن پر ایسے حال میں قیامت آ جائے کہ اُنہیں خبر تک بھی نہ ہو؟ (اے نبی ﷺ!) کہہ دے کہ

ظَلَمْنٰهُمْ وَلٰكِنْ ظَلَمُوْٓا اَنْفُسَهُمْ فَمَآ اَغْنَتْ عَنْهُمْ اٰلِهَتُهُمُ الَّتِیْ یَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مِنْ شَیْءٍ لَّمَّا جَآءَ اَمْرُ رَبِّكَ ؕ وَمَا زَادُوْهُمْ غَیْرَ تَتْبِیْبٍ ۝ وَكَذٰلِكَ اَخْذُ رَبِّكَ اِذَآ اَخَذَ الْقُرٰی وَهِیَ ظَالِمَةٌ ؕ اِنَّ اَخْذَهٗٓ اَلِیْمٌ شَدِیْدٌ ۝ اِنَّ فِیْ ذٰلِكَ لَاٰیَةً لِّمَنْ خَافَ عَذَابَ الْاٰخِرَةِ ؕ ذٰلِكَ یَوْمٌ مَّجْمُوْعٌ ۙ لَّهُ النَّاسُ وَذٰلِكَ یَوْمٌ مَّشْهُوْدٌ ۝ وَمَا نُؤَخِّرُهٗٓ اِلَّا لِاَجَلٍ مَّعْدُوْدٍ ۝

۱۱۔ وَكَاَیِّنْ مِّنْ اٰیَةٍ فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ یَمُرُّوْنَ عَلَیْهَا وَهُمْ عَنْهَا مُعْرِضُوْنَ ۝ وَمَا یُؤْمِنُ اَكْثَرُهُمْ بِاللّٰهِ اِلَّا وَهُمْ مُّشْرِكُوْنَ ۝ اَفَاَمِنُوْٓا اَنْ تَاْتِیَهُمْ غَاشِیَةٌ مِّنْ عَذَابِ اللّٰهِ اَوْ تَاْتِیَهُمُ السَّاعَةُ بَغْتَةً وَّهُمْ لَا یَشْعُرُوْنَ ۝ قُلْ هٰذِهٖ سَبِیْلِیْٓ اَدْعُوْٓا اِلَی اللّٰهِ ؔ عَلٰی بَصِیْرَةٍ اَنَا وَمَنِ اتَّبَعَنِیْ ؕ وَسُبْحٰنَ اللّٰهِ وَمَآ اَنَا مِنَ الْمُشْرِكِیْنَ ۝ وَمَآ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ اِلَّا رِجَالًا نُّوْحِیْٓ اِلَیْهِمْ مِّنْ اَهْلِ الْقُرٰی ؕ اَفَلَمْ یَسِیْرُوْا فِی الْاَرْضِ فَیَنْظُرُوْا كَیْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الَّذِیْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ؕ وَلَدَارُ الْاٰخِرَةِ خَیْرٌ لِّلَّذِیْنَ اتَّقَوْا ؕ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ۝ حَتّٰٓی اِذَا اسْتَیْـَٔسَ الرُّسُلُ وَظَنُّوْٓا اَنَّهُمْ قَدْ كُذِبُوْا جَآءَهُمْ نَصْرُنَا ۙ فَنُجِّیَ مَنْ نَّشَآءُ ؕ وَلَا یُرَدُّ بَاْسُنَا عَنِ الْقَوْمِ الْمُجْرِمِیْنَ ۝ لَقَدْ كَانَ فِیْ قَصَصِهِمْ عِبْرَةٌ

یہ میری راہ ہے۔ میں بصیرت پر ہو کر تمہیں اللہ کی طرف بلاتا ہوں اور جو میرے پیرو ہیں وہ بھی اور اللہ (ہر عیب سے) پاک ہے اور میں مشرکوں میں نہیں ہوں۔ اور (اے نبی ﷺ!) تجھ سے پہلے ہم نے بستیوں میں سے آدمی ہی رسول بنا کر بھیجے۔ ہم اُن کی طرف وحی بھیجتے تھے تو کیا انہوں نے ملک کی سیر نہیں کی جو وہ دیکھ لیتے کہ جو لوگ اُن سے پہلے ہوئے ہیں، ان کا انجام کیسا (بُرا) ہوا؟ اور بے شک آخرت کا گھر اُن کے لیے جو ڈرتے ہیں بہتر ہے۔ تو کیا تم ڈرتے نہیں؟

یہاں تک کہ جب رسول (فتح سے) مایوس ہو گئے اور انہیں یہ خیال ہو گیا کہ ان سے جھوٹ بولا گیا۔ تب ہماری مدد اُن کے پاس آ پہنچی۔ تو جسے ہم چاہتے تھے اُسے نجات دی گئی اور گنہگار لوگوں سے ہمارا عذاب ہٹایا نہیں جاتا۔ بے شک ان کے قصوں میں عقل مندوں کے لیے (بڑی) عبرت ہے (یہ جو ہم نے بیان کیا کچھ) بنائی ہوئی بات نہیں بلکہ جو (کتاب) اُس سے پہلے ہے اُس کی تصدیق اور ہر چیز کی تفصیل اور ایمان دار لوگوں کے لیے ہدایت اور رحمت ہے۔

-یوسف ۱۲: ۱۱۰-۱۱۱-

۱۲۔ ان سے پہلے لوگوں نے بھی داؤ کھیلا تھا اور اللہ کا عذاب اُن کی عمارتوں پر اُن کی بنیادوں کی طرف سے آ موجود ہوا اور چھت اُن کے اوپر سے گر پڑی اور اُن پر ایسی جگہ سے عذاب آیا جہاں کی اُنہیں خبر بھی نہ تھی۔

-النحل ۱۶: ۲۶-

۱۳۔ کیا یہ لوگ اسی بات کے منتظر ہیں کہ اُن کے پاس (عذاب کے) فرشتے آ پہنچیں یا تیرے پروردگار کا حکم (عذاب) آ جائے۔ اسی طرح اُن لوگوں نے کیا تھا جو ان سے پہلے ہوئے ہیں اور اللہ نے اُن پر ظلم نہیں کیا لیکن وہ خود ہی اپنی جانوں پر ظلم کرتے تھے۔ سو جو برے کام وہ کیا کرتے تھے اُن کی برائیاں اُن پر آ موجود ہوئیں اور اُن کو اُسی (عذاب) نے گھیرا جس کی ہنسی اڑایا کرتے تھے۔

-النحل ۱۶: ۳۳-۳۴

۱۴۔ اور بے شک ہم نے ہر امت میں ایک رسول یہ

لِأُولِي الْأَلْبَابِ ۗ مَا كَانَ حَدِيثًا يُفْتَرَىٰ وَلَٰكِن تَصْدِيقَ الَّذِي بَيْنَ يَدَيْهِ وَتَفْصِيلَ كُلِّ شَيْءٍ وَهُدًى وَرَحْمَةً لِّقَوْمٍ يُؤْمِنُونَ ۝

۱۲۔ قَدْ مَكَرَ الَّذِينَ مِن قَبْلِهِمْ فَأَتَى اللَّهُ بُنْيَانَهُم مِّنَ الْقَوَاعِدِ فَخَرَّ عَلَيْهِمُ السَّقْفُ مِن فَوْقِهِمْ وَأَتَاهُمُ الْعَذَابُ مِنْ حَيْثُ لَا يَشْعُرُونَ ۝

۱۳۔ هَلْ يَنظُرُونَ إِلَّا أَن تَأْتِيَهُمُ الْمَلَائِكَةُ أَوْ يَأْتِيَ أَمْرُ رَبِّكَ ۚ كَذَٰلِكَ فَعَلَ الَّذِينَ مِن قَبْلِهِمْ ۚ وَمَا ظَلَمَهُمُ اللَّهُ وَلَٰكِن كَانُوا أَنفُسَهُمْ يَظْلِمُونَ ۝ فَأَصَابَهُمْ سَيِّئَاتُ مَا عَمِلُوا وَحَاقَ بِهِم مَّا كَانُوا بِهِ يَسْتَهْزِئُونَ ۝

۱۴۔ وَلَقَدْ بَعَثْنَا فِي كُلِّ أُمَّةٍ رَّسُولًا أَنِ اعْبُدُوا اللَّهَ وَاجْتَنِبُوا الطَّاغُوتَ ۖ فَمِنْهُم مَّنْ هَدَى اللَّهُ وَمِنْهُم مَّنْ حَقَّتْ عَلَيْهِ الضَّلَالَةُ ۚ فَسِيرُوا فِي الْأَرْضِ فَانظُرُوا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُكَذِّبِينَ ۝

۱۵۔ وَضَرَبَ اللَّهُ مَثَلًا قَرْيَةً كَانَتْ آمِنَةً مُّطْمَئِنَّةً يَأْتِيهَا رِزْقُهَا رَغَدًا مِّن كُلِّ مَكَانٍ فَكَفَرَتْ بِأَنْعُمِ اللَّهِ فَأَذَاقَهَا اللَّهُ لِبَاسَ الْجُوعِ وَالْخَوْفِ بِمَا كَانُوا يَصْنَعُونَ ۝ وَلَقَدْ جَاءَهُمْ رَسُولٌ مِّنْهُمْ فَكَذَّبُوهُ فَأَخَذَهُمُ الْعَذَابُ وَهُمْ ظَالِمُونَ ۝

پیغام دے کر بھیجا کہ اللہ کی عبادت کرو اور گمراہ کرنے والوں (بتوں) سے علیحدہ رہو۔ سو اُن میں سے کسی کو تو اللہ نے ہدایت کی اور کوئی ان میں سے وہ ہوا جس پر گمراہی آ کر چمٹ گئی۔ تو تم ملک کی سیر کرو پھر دیکھو کہ ظالموں کا انجام کیسا (برا) ہوا۔

-النحل ۱۶: ۳۶

۱۵۔ اور اللہ نے ایک گاؤں کی کہاوت بیان فرمائی۔ وہ ہر طرح سے امن و اطمینان میں تھا۔ ہر طرف سے کثرت سے اُس کے پاس اُس کی روزی آتی تھی۔ اُس نے اللہ کی نعمتوں کی ناشکری کی۔ تب اللہ نے اُس کو بھوک اور خوف کے لباس کا مزہ چکھایا۔ بدلہ اُن بُرے اعمال کا جو وہ کیا کرتے تھے۔ اور بے شک اُن کے پاس اُن ہی میں سے ایک رسول آیا اور انہوں نے اُسے جھٹلایا۔ سو عذاب نے اُنہیں پکڑ لیا اور وہ لوگ ظالم تھے۔

-النحل ۱۶: ۱۱۲-۱۱۳

۱۶۔اور جب ہم یہ چاہتے ہیں کہ کسی بستی کو ہلاک کریں تو اُس کے خوش حال لوگوں کو ہم امارت میں اور بڑھاتے ہیں پھر وہ اُس امارت میں نافرمانی کرتے ہیں تو (عذاب کی) بات اُس بستی پر ثابت ہو جاتی ہے اور اُس وقت ہم اُس کو تباہ کر ڈالتے ہیں اور ہم نے نوح کے بعد کتنی ہی اُمتوں کو ہلاک کر دیا اور تیرا پروردگار اپنے بندوں کے گناہوں سے کافی خبردار ہے (اور) دیکھنے والا۔

-بنی اسرائیل ۱۷:۱۶-۱۷-

۱۷۔اور (اے نبی علیہ السلام!) یہ بستیاں جنہیں ہم نے اُن کے ظلم کی سزا میں ہلاک کر دیا اور ہم نے اُن کی ہلاکت کے لیے ایک وقت مقرر کر رکھا تھا۔

-بنی اسرائیل ۱۷: ۵۹-

۱۸۔اور ان سے پہلے ہم نے کتنی ہی اُمتوں کو ہلاک کر دیا (اے نبی علیہ السلام!) کیا تو اُن میں سے کسی کو پاتا ہے یا اُن کی بھنبھناہٹ سنتا ہے؟

-مریم ۱۹: ۹۸-

۱۹۔کیا ان کو اس بات سے ہدایت نہیں کی کہ ہم نے پہلے کتنی امتوں کو ہلاک کر دیا جن کے گھروں میں چلتے پھرتے ہیں۔ بے شک اس میں عقل مندوں کے لیے نشانیاں ہیں اور (اے نبی علیہ السلام) اگر تیرے پروردگار کی طرف سے ایک بات پہلے ہی صادر نہ ہو چکی ہوتی اور ایک وقت مقرر نہ ہوتا تو ضرور انہیں عذاب آچمٹتا۔

-طٰہٰ ۲۰: ۱۲۸-۱۲۹-

۲۰۔اور (اے نبی علیہ السلام) کتنی ہی بستیاں جو ظالم تھیں ہم نے توڑ پھوڑ ڈالیں۔ اور ان کے بعد دوسری قوموں کو پیدا کیا۔سو جب ان لوگوں نے ہمارے عذاب کی آہٹ

۱۶۔ وَإِذَآ أَرَدْنَآ أَن نُّهْلِكَ قَرْيَةً أَمَرْنَا مُتْرَفِيهَا فَفَسَقُوا فِيهَا فَحَقَّ عَلَيْهَا الْقَوْلُ فَدَمَّرْنَاهَا تَدْمِيرًا ﴿۱۶﴾ وَكَمْ أَهْلَكْنَا مِنَ الْقُرُونِ مِن بَعْدِ نُوحٍ ۗ وَكَفَىٰ بِرَبِّكَ بِذُنُوبِ عِبَادِهِ خَبِيرًا بَصِيرًا ﴿۱۷﴾

۱۷۔ وَتِلْكَ الْقُرَىٰ أَهْلَكْنَاهُمْ لَمَّا ظَلَمُوا وَجَعَلْنَا لِمَهْلِكِهِم مَّوْعِدًا ﴿۵۹﴾

۱۸۔ وَكَمْ أَهْلَكْنَا قَبْلَهُم مِّن قَرْنٍ هَلْ تُحِسُّ مِنْهُم مِّنْ أَحَدٍ أَوْ تَسْمَعُ لَهُمْ رِكْزًا ﴿۹۸﴾

۱۹۔ أَفَلَمْ يَهْدِ لَهُمْ كَمْ أَهْلَكْنَا قَبْلَهُم مِّنَ الْقُرُونِ يَمْشُونَ فِي مَسَاكِنِهِمْ ۗ إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَاتٍ لِّأُولِي النُّهَىٰ ﴿۱۲۸﴾ وَلَوْلَا كَلِمَةٌ سَبَقَتْ مِن رَّبِّكَ لَكَانَ لِزَامًا وَأَجَلٌ مُّسَمًّى ﴿۱۲۹﴾

۲۰۔ وَكَمْ قَصَمْنَا مِن قَرْيَةٍ كَانَتْ ظَالِمَةً وَأَنشَأْنَا بَعْدَهَا قَوْمًا آخَرِينَ ﴿۱۱﴾ فَلَمَّا أَحَسُّوا بَأْسَنَا إِذَا هُم مِّنْهَا يَرْكُضُونَ ﴿۱۲﴾ لَا تَرْكُضُوا وَارْجِعُوا إِلَىٰ مَا أُتْرِفْتُمْ فِيهِ وَمَسَاكِنِكُمْ لَعَلَّكُمْ تُسْأَلُونَ ﴿۱۳﴾ قَالُوا يَا وَيْلَنَا إِنَّا كُنَّا ظَالِمِينَ ﴿۱۴﴾ فَمَا زَالَت تِّلْكَ دَعْوَاهُمْ حَتَّىٰ جَعَلْنَاهُمْ حَصِيدًا خَامِدِينَ ﴿۱۵﴾

۲۱۔ وَإِن يُكَذِّبُوكَ فَقَدْ كَذَّبَتْ قَبْلَهُمْ قَوْمُ نُوحٍ وَعَادٌ وَثَمُودُ ﴿۴۲﴾ وَقَوْمُ إِبْرَاهِيمَ وَقَوْمُ لُوطٍ ﴿۴۳﴾ وَأَصْحَابُ مَدْيَنَ ۖ وَكُذِّبَ مُوسَىٰ فَأَمْلَيْتُ لِلْكَافِرِينَ ثُمَّ أَخَذْتُهُمْ ۖ فَكَيْفَ كَانَ نَكِيرِ ﴿۴۴﴾ فَكَأَيِّن مِّن قَرْيَةٍ أَهْلَكْنَاهَا

پائی تو وہ اس بستی سے بھاگنے لگے۔(ہم نے کہا) کہ بھاگو نہیں اور اسی عیش و آرام کی طرف جس میں تم تھے اور اپنے مکانوں کی طرف لوٹو شاید تم سے کچھ پوچھ کی جائے۔انہوں نے کہا ہائے ہماری شامت! بے شک ہم ظالم تھے۔سو برابر ان کی یہی پکار رہی یہاں تک کہ ہم نے ان کو کٹی ہوئی (کھیتی) بجھی ہوئی (آگ) بنا دیا۔

-الانبیاء ۲۱: ۱۱-۱۵-

۲۱۔اور (اے نبی علیہ السلام!) اگر وہ تجھے جھٹلائیں تو بے شک ان سے پہلے نوح کی قوم اور (قوم) عاد و ثمود نے بھی (اپنے پیغمبروں کو) جھٹلایا تھا۔اور ابراہیم کی قوم اور لوط کی قوم نے بھی۔اور مدین والوں نے بھی اور موسیٰ بھی جھٹلائے گئے تھے۔تو اول میں نے ان کافروں کو مہلت دی۔پھر میں نے انہیں پکڑا تو (دیکھا کہ) میرا عذاب کیسا (سخت) تھا۔سو کتنی ہی بستیاں ہیں جنہیں ہم نے ان کو ظلم کے سبب

ہلاک کر دیا کہ وہ اپنی چھتوں پر گری پڑی ہیں اور کتنے ہی ناکارہ کنوئیں ہیں اور کتنے ہی اونچے محل (اجاڑ) پڑے ہیں۔تو کیا انہوں نے ملک کی سیر نہیں کہ ان کے دل ہوتے جن سے وہ سمجھتے یا کان ہوتے جن سے وہ سنتے۔ کچھ شک نہیں کہ آنکھیں اندھی نہیں ہوتیں بلکہ وہ دل اندھے ہو جاتے ہیں، جو سینوں میں ہیں۔

۔الحج ۲۲: ۴۵۔۴۶۔

۲۲۔اور کتنی ہی بستیاں ہیں جو ظالم تھیں ہم نے (اول) انہیں ڈھیل دی پھر ہم نے انہیں (عذاب میں) پکڑا اور میری ہی طرف (انہیں) لوٹ کر آنا ہے۔

۔الحج ۲۲: ۴۸۔

۲۳۔سو (اے نبی ﷺ!) دیکھ مفسدوں کا کیسا (برا) انجام ہوا۔

۔النمل ۲۷: ۱۴۔

۲۴۔(اے نبی ﷺ!) کہہ دے کہ تم ملک کی سیر کرو پھر دیکھو کہ گنہگاروں کا انجام کیسا (برا) ہوا۔

۔النمل ۲۷: ۶۹۔

۲۵۔اور ہم نے کتنی ہی بستیاں ہلاک کر دیں جو اپنی خوش حالی میں اکڑتی تھیں۔ سو یہ ان کے گھر ہیں جو ان کے بعد (ابھی تک) سوا چند کے آباد نہیں ہوئے اور ہم ہی (ان کے) وارث ہوئے۔

۔القصص ۲۸: ۵۸۔

۲۶۔کیا وہ ملک کی سیر نہیں کرتے جو دیکھ لیتے کہ ان سے پہلوں کا انجام کیسا (برا) ہوا۔ وہ طاقت میں ان سے زیادہ تھے اور انہوں نے زمین کو جوتا اور جتنا انہوں نے اس کو آباد کیا ہے اس سے زیادہ اُنہوں نے اس کو

وَهِيَ ظَالِمَةٌ فَهِيَ خَاوِيَةٌ عَلَىٰ عُرُوشِهَا وَبِئْرٍ مُعَطَّلَةٍ وَقَصْرٍ مَشِيدٍ ﴿٤٥﴾ أَفَلَمْ يَسِيرُوا فِي الْأَرْضِ فَتَكُونَ لَهُمْ قُلُوبٌ يَعْقِلُونَ بِهَا أَوْ آذَانٌ يَسْمَعُونَ بِهَا ۖ فَإِنَّهَا لَا تَعْمَى الْأَبْصَارُ وَلَٰكِنْ تَعْمَى الْقُلُوبُ الَّتِي فِي الصُّدُورِ ﴿٤٦﴾

۲۲۔وَكَأَيِّنْ مِنْ قَرْيَةٍ أَمْلَيْتُ لَهَا وَهِيَ ظَالِمَةٌ ثُمَّ أَخَذْتُهَا وَإِلَيَّ الْمَصِيرُ ﴿٤٨﴾

۲۳۔فَانْظُرْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُفْسِدِينَ ﴿١٤﴾

۲۴۔قُلْ سِيرُوا فِي الْأَرْضِ فَانْظُرُوا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُجْرِمِينَ ﴿٦٩﴾

۲۵۔وَكَمْ أَهْلَكْنَا مِنْ قَرْيَةٍ بَطِرَتْ مَعِيشَتَهَا ۖ فَتِلْكَ مَسَاكِنُهُمْ لَمْ تُسْكَنْ مِنْ بَعْدِهِمْ إِلَّا قَلِيلًا ۖ وَكُنَّا نَحْنُ الْوَارِثِينَ ﴿٥٨﴾

۲۶۔أَوَلَمْ يَسِيرُوا فِي الْأَرْضِ فَيَنْظُرُوا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الَّذِينَ مِنْ قَبْلِهِمْ ۚ كَانُوا أَشَدَّ مِنْهُمْ قُوَّةً وَأَثَارُوا الْأَرْضَ وَعَمَرُوهَا أَكْثَرَ مِمَّا عَمَرُوهَا وَجَاءَتْهُمْ رُسُلُهُمْ بِالْبَيِّنَاتِ ۖ فَمَا كَانَ اللَّهُ لِيَظْلِمَهُمْ وَلَٰكِنْ كَانُوا أَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُونَ ﴿٩﴾ ثُمَّ كَانَ عَاقِبَةَ الَّذِينَ أَسَاءُوا السُّوأَىٰ أَنْ كَذَّبُوا بِآيَاتِ اللَّهِ وَكَانُوا بِهَا يَسْتَهْزِئُونَ ﴿١٠﴾

۲۷۔ظَهَرَ الْفَسَادُ فِي الْبَرِّ وَالْبَحْرِ بِمَا كَسَبَتْ أَيْدِي النَّاسِ لِيُذِيقَهُمْ بَعْضَ الَّذِي عَمِلُوا لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُونَ ﴿٤١﴾ قُلْ سِيرُوا فِي الْأَرْضِ فَانْظُرُوا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الَّذِينَ مِنْ قَبْلُ ۚ كَانَ أَكْثَرُهُمْ مُشْرِكِينَ ﴿٤٢﴾

آباد کیا تھا اور ان کے پیغمبر ان کے پاس کھلی نشانیاں لے کر آئے تھے۔ سو اللہ تو ایسا نہ تھا کہ ان پر ظلم کرتا مگر وہ خود ہی اپنی جانوں پر ظلم کرتے رہتے تھے۔ پھر جو لوگ برائی کیا کرتے تھے ان کا انجام بھی برا ہی ہوا کہ انہوں نے اللہ کی آیتوں کو جھٹلایا اور ان کی ہنسی اڑایا کرتے تھے۔

۔الروم ۳۰: ۹۔۱۰۔

۲۷۔خشکی اور تری میں بسبب ان بدیوں کے جو لوگوں کے ہاتھوں نے کمائی ہیں، فساد پھیل پڑا ہے تاکہ اللہ انہیں بعض ان بدیوں کی سزا کا مزہ چکھائے جو انہوں نے کی ہیں تاکہ وہ راہِ راست کی طرف لوٹ آئیں۔ (اے نبی ﷺ!) کہہ دے کہ ملک کی سیر کرو اور دیکھو کہ جو لوگ پہلے ہو گزرے ہیں ان کا انجام کیسا (برا) ہوا۔ ان میں اکثر لوگ مشرک تھے۔

۔الروم ۳۰: ۴۱۔۴۲۔

۲۸۔ وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ رُسُلًا اِلٰى قَوْمِهِمْ فَجَآءُوْهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ فَانْتَقَمْنَا مِنَ الَّذِيْنَ اَجْرَمُوْا ؕ وَكَانَ حَقًّا عَلَيْنَا نَصْرُ الْمُؤْمِنِيْنَ ۝
۲۹۔ اَوَلَمْ يَهْدِ لَهُمْ كَمْ اَهْلَكْنَا مِنْ قَبْلِهِمْ مِّنَ الْقُرُوْنِ يَمْشُوْنَ فِيْ مَسٰكِنِهِمْ ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ ؕ اَفَلَا يَسْمَعُوْنَ ۝
۳۰۔ ثُمَّ اَخَذْتُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فَكَيْفَ كَانَ نَكِيْرِ ۝
۳۱۔ اَوَلَمْ يَسِيْرُوْا فِي الْاَرْضِ فَيَنْظُرُوْا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ وَكَانُوْٓا اَشَدَّ مِنْهُمْ قُوَّةً ؕ وَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيُعْجِزَهٗ مِنْ شَيْءٍ فِي السَّمٰوٰتِ وَلَا فِي الْاَرْضِ ؕ اِنَّهٗ كَانَ عَلِيْمًا قَدِيْرًا ۝
۳۲۔ اَلَمْ يَرَوْا كَمْ اَهْلَكْنَا قَبْلَهُمْ مِّنَ الْقُرُوْنِ اَنَّهُمْ اِلَيْهِمْ لَا يَرْجِعُوْنَ ۝
۳۳۔ وَلَقَدْ ضَلَّ قَبْلَهُمْ اَكْثَرُ الْاَوَّلِيْنَ ۝ وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا فِيْهِمْ مُّنْذِرِيْنَ ۝ فَانْظُرْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُنْذَرِيْنَ ۝ اِلَّا عِبَادَ اللّٰهِ الْمُخْلَصِيْنَ ۝
۳۴۔ كَذَّبَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ فَاَتٰىهُمُ الْعَذَابُ مِنْ حَيْثُ لَا يَشْعُرُوْنَ ۝ فَاَذَاقَهُمُ اللّٰهُ الْخِزْيَ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۚ وَلَعَذَابُ الْاٰخِرَةِ اَكْبَرُ ۘ لَوْ كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ ۝
۳۵۔ كَذَّبَتْ قَبْلَهُمْ قَوْمُ نُوْحٍ وَّالْاَحْزَابُ مِنْ بَعْدِهِمْ ۖ وَهَمَّتْ كُلُّ اُمَّةٍ بِرَسُوْلِهِمْ لِيَاْخُذُوْهُ وَجٰدَلُوْا بِالْبَاطِلِ لِيُدْحِضُوْا بِهِ الْحَقَّ

۲۸۔اور (اے نبی ﷺ!) بے شک ہم نے تجھ سے پہلے بھی پیغمبر ان کی قوموں کی طرف بھیجے وہ پیغمبر ان کے پاس کھلی دلیلیں لے کر آئے۔ سو ہم نے ان لوگوں سے جنہوں نے گناہ کیا تھا بدلہ لے کر چھوڑا اور مسلمانوں کو مدد دینا ہم پر ضروری تھا۔

۔الروم ۳۰: ۴۷۔

۲۹۔کیا انہیں اس بات سے ہدایت نہیں ہوئی کہ ہم نے ان سے پہلے کتنی ہی امتوں کو ہلاک کر دیا جن کے گھروں میں وہ چلتے پھرتے ہیں۔ بے شک اس میں نشانیاں ہیں، تو کیا تم سنتے نہیں؟

۔السجدۃ ۳۲: ۲۶۔

۳۰۔پھر جو لوگ کافر ہوئے تھے میں نے انہیں (عذاب میں) پکڑ لیا تو (دیکھا کہ) میرا عذاب کیسا ہوا۔

۔فاطر ۳۵۔ ۲۶۔

۳۱۔کیا انہوں نے ملک کی سیر نہیں کی جو دیکھ لیتے کہ ان لوگوں کا انجام کیسا (برا) ہوا جو ان سے پہلے تھے۔ وہ طاقت میں ان سے زیادہ تھے اور اللہ ایسا نہیں ہے کہ آسمانوں اور زمین میں اسے کوئی چیز عاجز کر دے۔ بے شک وہ جاننے والا، قدرت والا ہے۔

۔فاطر ۳۵: ۴۴۔

۳۲۔کیا انہوں نے اس پر نظر نہیں کی کہ ہم نے ان سے پہلے کتنی ہی امتوں کو ہلاک کر دیا، جو ان کی طرف لوٹ کر نہیں آتیں۔

۔یٰسٓ ۳۶: ۳۱۔

۳۳۔اور بے شک ان سے پہلے اگلے لوگوں میں سے بہت سے گمراہ ہو گئے تھے اور بے شک ہم نے ان میں ڈرانے والے بھیجے تھے۔تو (اے نبی ﷺ!) دیکھ کہ ان ڈرائے ہوؤں کا کیسا (برا) انجام ہوا مگر اللہ کے چنے ہوئے بندے بچ رہے تھے۔

۔الصافات ۳۷: ۷۱۔ ۷۴۔

۳۴۔انہوں نے بھی جھٹلایا تھا جو ان سے پہلے گزر رہے ہیں تو ان پر ایسی جگہ سے عذاب آیا جہاں کی انہیں خبر بھی نہ تھی۔تو اللہ نے انہیں دنیا کی زندگی ہی میں ذلت کا مزہ چکھایا اور کچھ شک نہیں کہ آخرت کا عذاب بہت بڑا ہے۔ کاش وہ (اس بات کو) جانتے ہوتے۔

۔الزمر ۳۹: ۲۵۔ ۲۶۔

۳۵۔ان سے پہلے نوح کی قوم نے اور ان کے بعد دوسری قوموں نے جھٹلایا اور ہر امت نے اپنے رسول کے ساتھ یہی

ارادہ کیا کہ وہ اس کو قید کر لیں اور انہوں نے ناحق جھگڑا کیا تاکہ وہ اس سے حق کو دبا دیں۔ تو میں نے انہیں (عذاب میں) پکڑا تو (دیکھا کہ) میرا عذاب کیسا تھا۔

-المؤمن ۴۰: ۵-

۳۶۔ تو کیا انہوں نے ملک کی سیر نہیں کی جو دیکھ لیتے کہ ان لوگوں کا انجام کیسا (برا) ہوا جو ان سے پہلے ہو گزرے ہیں۔ وہ طاقت اور زمین میں اپنی نشانیاں چھوڑنے میں ان سے زیادہ تھے۔ سو اللہ نے ان کے گناہوں (کی سزا) میں انہیں پکڑ لیا اور کوئی انہیں اللہ سے بچانے والا نہ تھا۔ یہ اس لیے کہ ان کے پیغمبر ان کے پاس کھلی دلیلیں لے کر آتے تھے۔ اس پر بھی انہوں نے کفر کیا۔ تب اللہ نے انہیں عذاب میں پکڑ لیا۔ بے شک وہ زبردست ہے، سخت عذاب والا۔

-المؤمن ۴۰: ۲۱-۲۲-

۳۷۔ تو کیا انہوں نے ملک کی سیر نہیں کی جو دیکھ لیتے کہ ان لوگوں کا انجام کیسا برا ہوا جو ان سے پہلے ہو گزرے ہیں۔ وہ طاقت اور زمین میں نشانیاں چھوڑنے میں ان سے زیادہ اور سخت تر تھے۔ سو جو (برے) کام وہ کرتے تھے وہ ان کے کچھ بھی کام نہ آئے۔ سو جب ان کے پاس ان کے پیغمبر کھلی دلیلیں لے کر آئے تو وہ اس علم پر جو ان کے پاس تھا، خوش ہوئے اور انہیں اسی (عذاب) نے آگھیرا جس کی وہ ہنسی اڑایا کرتے تھے۔ پس جب انہوں نے ہمارے عذاب کو دیکھا تو کہنے لگے کہ ہم تو صرف اکیلے اللہ پر

فَاَخَذْتُهُمْ فَكَيْفَ كَانَ عِقَابِ ۝

۳۶۔ اَوَلَمْ يَسِيْرُوْا فِي الْاَرْضِ فَيَنْظُرُوْا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الَّذِيْنَ كَانُوْا مِنْ قَبْلِهِمْ ۭ كَانُوْا هُمْ اَشَدَّ مِنْهُمْ قُوَّةً وَّاٰثَارًا فِي الْاَرْضِ فَاَخَذَهُمُ اللّٰهُ بِذُنُوْبِهِمْ ۭ وَمَا كَانَ لَهُمْ مِّنَ اللّٰهِ مِنْ وَّاقٍ ۝ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ كَانَتْ تَّاْتِيْهِمْ رُسُلُهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ فَكَفَرُوْا فَاَخَذَهُمُ اللّٰهُ ۭ اِنَّهٗ قَوِيٌّ شَدِيْدُ الْعِقَابِ ۝

۳۷۔ اَفَلَمْ يَسِيْرُوْا فِي الْاَرْضِ فَيَنْظُرُوْا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ۭ كَانُوْٓا اَكْثَرَ مِنْهُمْ وَاَشَدَّ قُوَّةً وَّاٰثَارًا فِي الْاَرْضِ فَمَآ اَغْنٰى عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ۝ فَلَمَّا جَاۗءَتْهُمْ رُسُلُهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ فَرِحُوْا بِمَا عِنْدَهُمْ مِّنَ الْعِلْمِ وَحَاقَ بِهِمْ مَّا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ۝ فَلَمَّا رَاَوْا بَاْسَنَا قَالُوْٓا اٰمَنَّا بِاللّٰهِ وَحْدَهٗ وَكَفَرْنَا بِمَا كُنَّا بِهٖ مُشْرِكِيْنَ ۝ فَلَمْ يَكُ يَنْفَعُهُمْ اِيْمَانُهُمْ لَمَّا رَاَوْا بَاْسَنَا ۭ سُنَّتَ اللّٰهِ الَّتِيْ قَدْ خَلَتْ فِيْ عِبَادِهٖ ۚ وَخَسِرَ هُنَالِكَ الْكٰفِرُوْنَ ۝

۳۸۔ فَاَهْلَكْنَآ اَشَدَّ مِنْهُمْ بَطْشًا وَّمَضٰى مَثَلُ الْاَوَّلِيْنَ ۝

۳۹۔ وَكَذٰلِكَ مَآ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ فِيْ قَرْيَةٍ مِّنْ نَّذِيْرٍ اِلَّا قَالَ مُتْرَفُوْهَآ ۙ اِنَّا وَجَدْنَآ اٰبَاۗءَنَا عَلٰٓي اُمَّةٍ وَّاِنَّا عَلٰٓي اٰثٰرِهِمْ مُّقْتَدُوْنَ ۝ قٰلَ اَوَلَوْ جِئْتُكُمْ

ایمان لائے ہیں اور انہیں ہم نہیں مانتے جنہیں ہم اس کا شریک کیا کرتے تھے۔ سو جب انہوں نے ہمارے عذاب کو دیکھ لیا تو اس وقت کا ان کا ایمان لانا انہیں نفع نہیں دے سکتا تھا۔ یہ اللہ کی عادت ہے جو اس کے بندوں میں پہلے گزر چکی ہے اور اس موقعہ پر کافر گھاٹے میں رہے۔

-المؤمن ۴۰: ۸۲-۸۵-

۳۸۔ سو ہم نے ان کو ہلاک کر دیا جو پکڑ (دھکڑ) میں ان سے زیادہ سخت تھے اور پہلوں کی مثال گزر چکی ہے۔

-الزخرف ۴۳: ۸-

۳۹۔ اور (اے نبی ﷺ!) اسی طرح ہم نے تجھ سے پہلے جو ڈرانے والا بھی کسی بستی میں بھیجا، اس کے دولت مندوں نے (اس سے) یہی کہا کہ ہم نے اپنے باپ دادوں کو ایک طریق سے پایا ہے اور بے

شک ہم تو انہیں کے نقشِ قدم پر پیروی کرنے والے ہیں۔ رسول نے کہا اگرچہ میں اس سے بڑھ کر ہدایت لے کر آیا ہوں، جس پر تم نے اپنے باپ دادوں کو پایا۔ انہوں نے کہا جو دین تم دے کر بھیجے گئے ہو، ہم تو اسے مانتے نہیں۔ سو ہم نے ان سے بدلہ لے لیا تو (اے نبی ﷺ!) دیکھ کہ ان جھٹلانے والوں کا کیسا (برا) انجام ہوا۔

۔الزخرف ۴۳: ۲۳۔۲۵۔

۴۰۔ بھلا وہ بہتر ہیں یا تبع کی قوم اور وہ لوگ جو ان سے پہلے ہو گزرے ہیں جنہیں ہم نے ہلاک کر دیا۔ بے شک وہ گنہگار تھے۔

۔الدخان ۴۴: ۳۷

۴۱۔ اور کچھ شک نہیں کہ ہم نے وہ بستیاں جو تمہارے اردگرد تھیں ہلاک کر دیں اور ہم نے (اپنی) آیتوں کو طرح طرح سے بار بار بیان کیا تا کہ وہ (اللہ کی طرف) رجوع کریں۔ سو ان کو انہوں نے کیوں مدد نہ دی جن کو انہوں نے اللہ کے سوا قرب حاصل کرنے کے لیے معبود پکڑا تھا بلکہ وہ (معبود) تو ان سے کھوئے گئے اور یہ ان کا جھوٹ ہے اور جو کچھ وہ افترا کیا کرتے تھے۔

۔الاحقاف ۴۶: ۲۷۔۲۸۔

۴۲۔ تو کیا انہوں نے ملک کی سیر نہیں کی جو دیکھ لیتے کہ ان لوگوں کا انجام کیسا (برا) ہوا جو ان سے پہلے ہو گزرے ہیں۔ اللہ نے ان پر ہلاکت ڈالی اور کافروں کے لیے ایسا ہی ہوا کرتا ہے۔

۔محمد ۴۷: ۱۰۔

۴۳۔ اور (اے نبی ﷺ!) کتنی ہی بستیاں ہیں جو طاقت میں تیری اس بستی سے جس نے تجھے (وطن سے)

بِأَهْدَىٰ مِمَّا وَجَدتُّمْ عَلَيْهِ آبَاءَكُمْ ۖ قَالُوا إِنَّا بِمَا أُرْسِلْتُم بِهِ كَافِرُونَ ﴿٢٤﴾ فَانتَقَمْنَا مِنْهُمْ ۖ فَانظُرْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُكَذِّبِينَ ﴿٢٥﴾

۴۰۔ أَهُمْ خَيْرٌ أَمْ قَوْمُ تُبَّعٍ وَالَّذِينَ مِن قَبْلِهِمْ ۚ أَهْلَكْنَاهُمْ ۖ إِنَّهُمْ كَانُوا مُجْرِمِينَ ﴿٣٧﴾

۴۱۔ وَلَقَدْ أَهْلَكْنَا مَا حَوْلَكُم مِّنَ الْقُرَىٰ وَصَرَّفْنَا الْآيَاتِ لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُونَ ﴿٢٧﴾ فَلَوْلَا نَصَرَهُمُ الَّذِينَ اتَّخَذُوا مِن دُونِ اللَّهِ قُرْبَانًا آلِهَةً ۖ بَلْ ضَلُّوا عَنْهُمْ ۚ وَذَٰلِكَ إِفْكُهُمْ وَمَا كَانُوا يَفْتَرُونَ ﴿٢٨﴾

۴۲۔ أَفَلَمْ يَسِيرُوا فِي الْأَرْضِ فَيَنظُرُوا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الَّذِينَ مِن قَبْلِهِمْ ۖ دَمَّرَ اللَّهُ عَلَيْهِمْ ۖ وَلِلْكَافِرِينَ أَمْثَالُهَا ﴿١٠﴾

۴۳۔ وَكَأَيِّن مِّن قَرْيَةٍ هِيَ أَشَدُّ قُوَّةً مِّن قَرْيَتِكَ الَّتِي أَخْرَجَتْكَ ۚ أَهْلَكْنَاهُمْ فَلَا نَاصِرَ لَهُمْ ﴿١٣﴾

۴۴۔ كَذَّبَتْ قَبْلَهُمْ قَوْمُ نُوحٍ وَأَصْحَابُ الرَّسِّ وَثَمُودُ ﴿١٢﴾ وَعَادٌ وَفِرْعَوْنُ وَإِخْوَانُ لُوطٍ ﴿١٣﴾ وَأَصْحَابُ الْأَيْكَةِ وَقَوْمُ تُبَّعٍ ۚ كُلٌّ كَذَّبَ الرُّسُلَ فَحَقَّ وَعِيدِ ﴿١٤﴾

۴۵۔ وَكَمْ أَهْلَكْنَا قَبْلَهُم مِّن قَرْنٍ هُمْ أَشَدُّ مِنْهُم بَطْشًا فَنَقَّبُوا فِي الْبِلَادِ هَلْ مِن مَّحِيصٍ ﴿٣٦﴾ إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَذِكْرَىٰ لِمَن كَانَ لَهُ قَلْبٌ أَوْ أَلْقَى

نکالا، بڑھی ہوئی تھیں۔ ہم نے انہیں ہلاک کر دیا۔ سو کوئی ان کا مددگار نہیں ہے۔

۔محمد ۴۷: ۱۳۔

۴۴۔ ان سے پہلے نوحؑ کی قوم اور کنوئیں والوں اور (قوم) ثمود نے جھٹلایا تھا اور (نیز قوم) عاد اور فرعون اور لوط کے بھائیوں اور بن والوں اور تبع کی قوم نے (ان) سب نے ہی پیغمبروں کو جھٹلایا تو میرا عذاب ثابت ہو گیا۔

۔ق ۵۰: ۱۲۔۱۴۔

۴۵۔ اور ان سے پہلے ہم نے کتنی ہی امتوں کو ہلاک کر دیا جو پکڑ (دھکڑ) میں ان سے زیادہ سخت تھے۔ انہوں نے تمام شہروں کو چھان مارا کہ آیا کہیں بھاگنے کی جگہ ہے۔ بے شک اس میں اس شخص کے لیے نصیحت ہے جس کے پاس دل ہے یا اس نے دل سے حاضر ہو کر

اس کی طرف کان لگایا ہے۔

۔ق ۵۰: ۳۶۔۳۷۔

۴۶۔اور بے شک ہم نے (تم سے پہلے) تمہارے ہم مذہبوں کو ہلاک کر دیا۔ پس کیا کوئی نصیحت پکڑنے والا ہے؟

۔القمر ۵۴: ۵۱۔

۴۷۔پس اے آنکھوں والو عبرت پکڑو۔

۔الحشر ۵۹-۲۔

۴۸۔کیا تمہارے پاس ان کی خبر جنہوں نے تم سے پہلے کفر کیا تھا نہیں پہنچی کہ انہوں نے اپنے کئے کا وبال چکھا اور ان کے لیے دردناک عذاب ہے۔

۔التغابن ۶۴: ۵۔

۴۹۔یہ اس لیے کہ ان کے پاس ان کے پیغمبر کھلی دلیلیں لے کر آتے تھے تو انہوں نے کہا کہ آدمی ہمیں راہ دکھلائیں گے؟ پھر انہوں نے کفر کیا اور مونہہ پھیر لیا اور اللہ نے بے پروائی کی اور اللہ بے پروا ہے، تعریف کیا گیا۔

۔التغابن ۶۴: ۶۔

۵۰۔اور کتنی ہی بستیاں ہیں جنہوں نے اپنے پروردگار کے حکم اور اس کے پیغمبروں سے سرکشی کی تو ہم نے ان سے سختی کے ساتھ حساب لیا اور ہم نے انہیں بری طرح کا عذاب دیا، سو اس نے اپنے کئے کا وبال چکھا اور ان کے کام کا اخیر انجام گھاٹا ہی تھا۔ اللہ نے ان کے لیے سخت عذاب تیار کر رکھا ہے۔ تو اے عقل مندو! اللہ سے ڈرو۔

۔الطلاق ۶۵: ۸۔۱۰۔

السَّمْعَ وَهُوَ شَهِيدٌ ﴿٣٧﴾

۴۶۔وَلَقَدْ أَهْلَكْنَا أَشْيَاعَكُمْ فَهَلْ مِن مُّدَّكِرٍ ﴿٥١﴾

۴۷۔فَاعْتَبِرُوا يَا أُولِي الْأَبْصَارِ ﴿٢﴾

۴۸۔أَلَمْ يَأْتِكُمْ نَبَأُ الَّذِينَ كَفَرُوا مِن قَبْلُ فَذَاقُوا وَبَالَ أَمْرِهِمْ وَلَهُمْ عَذَابٌ أَلِيمٌ ﴿٥﴾

۴۹۔ذَٰلِكَ بِأَنَّهُ كَانَت تَّأْتِيهِمْ رُسُلُهُم بِالْبَيِّنَاتِ فَقَالُوا أَبَشَرٌ يَهْدُونَنَا فَكَفَرُوا وَتَوَلَّوا وَّاسْتَغْنَى اللَّهُ وَاللَّهُ غَنِيٌّ حَمِيدٌ ﴿٦﴾

۵۰۔وَكَأَيِّن مِّن قَرْيَةٍ عَتَتْ عَنْ أَمْرِ رَبِّهَا وَرُسُلِهِ فَحَاسَبْنَاهَا حِسَابًا شَدِيدًا وَعَذَّبْنَاهَا عَذَابًا نُّكْرًا ﴿٨﴾ فَذَاقَتْ وَبَالَ أَمْرِهَا وَكَانَ عَاقِبَةُ أَمْرِهَا خُسْرًا ﴿٩﴾ أَعَدَّ اللَّهُ لَهُمْ عَذَابًا شَدِيدًا فَاتَّقُوا اللَّهَ يَا أُولِي الْأَلْبَابِ

۵۱۔وَلَقَدْ كَذَّبَ الَّذِينَ مِن قَبْلِهِمْ فَكَيْفَ كَانَ نَكِيرِ ﴿١٨﴾

۵۲۔أَلَمْ نُهْلِكِ الْأَوَّلِينَ ﴿١٦﴾ ثُمَّ نُتْبِعُهُمُ الْآخِرِينَ ﴿١٧﴾ كَذَٰلِكَ نَفْعَلُ بِالْمُجْرِمِينَ ﴿١٨﴾

۵۳۔فَأَخَذَهُ اللَّهُ نَكَالَ الْآخِرَةِ وَالْأُولَىٰ ﴿٢٥﴾ إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَعِبْرَةً لِّمَن يَخْشَىٰ ﴿٢٦﴾

۵۱۔اور بے شک ان لوگوں نے بھی جھٹلایا تھا جو ان سے پہلے ہو گزرے ہیں تو (دیکھا کہ) میرا انکار کیسا (برا) تھا۔

۔الملک ۶۷: ۱۸۔

۵۲۔کیا ہم نے پہلوں کو ہلاک نہیں کیا؟ پھر پچھلوں کو ہم (ہلاکت میں) ان کے پیچھے لگاتے ہیں۔ گنہگاروں کے ساتھ ہم اسی طرح کیا کرتے تھے۔

۔المرسلات ۷۷: ۱۶۔۱۸۔

۵۳۔سو اللہ نے اس کو آخرت اور دنیا کے عذاب میں پکڑ لیا۔ بے شک اس میں اس کے لیے عبرت ہے جو ڈرے۔

۔النّزعٰت ۷۹: ۲۵۔۲۶۔

زہد کی ترغیب

۱۔ متاعِ دنیا قلیل ہے

۱۔(اے نبی ﷺ!) جو لوگ کافر ہیں کہیں تجھے ان کا شہروں میں چلنا پھرنا دھوکے میں نہ ڈال دے۔ تھوڑا سا نفع ہے پھر ان کا ٹھکانا دوزخ ہے اور وہ (ان کے لیے) برا بچھونا ہے۔

۔آل عمران ۳: ۱۹۶۔۱۹۷۔

۲۔(اے نبی ﷺ!) کیا تو نے ان لوگوں کے حال پر نظر نہیں کی جن سے کہا گیا تھا کہ تم اپنے ہاتھوں کو (لڑائی سے) روکے رکھو اور نماز پڑھتے اور زکوٰۃ دیتے رہو پھر جب ان پر قتال فرض کیا گیا تو اسی دم ان میں سے ایک فریق لوگوں سے ایسا ڈرنے لگا جیسا خدا سے ڈرنا چاہیے یا وہ اس سے بھی زیادہ ڈرنے لگے اور انہوں نے کہا کہ اے ہمارے پروردگار! تو نے ہم پر جہاد کیوں فرض کر دیا۔ ہمیں ایک قریب مدت تک کے لیے اور مہلت کیوں نہیں دی۔ (اے نبی ﷺ!) کہہ دے کہ دنیا کی پونجی تھوڑی ہے اور آخرت اس کے لیے جو (اللہ سے) ڈرے بہتر ہے اور تم پر ایک بال بھر بھی ظلم نہیں کیا جائے گا۔

۔النساء۔۴: ۷۷۔

۲۔ متاعِ دنیا ناپائدار ہے

۳۔اور جو چیز بھی تمہیں دی گئی ہے وہ دنیا کی زندگی کا فائدہ اور اس کی آرائش ہے اور جو اللہ کے پاس ہے وہ بہتر اور باقی رہنے والا ہے تو کیا تم سمجھتے نہیں؟ تو کیا وہ شخص جس سے ہم نے نیک وعدہ کیا ہے پھر وہ اسے ملنے

۱۔ لَا یَغُرَّنَّکَ تَقَلُّبُ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا فِی الْبِلَادِ ﴿۱۹۶﴾ مَتَاعٌ قَلِیْلٌ ثُمَّ مَاْوٰىهُمْ جَهَنَّمُ وَبِئْسَ الْمِهَادُ ﴿۱۹۷﴾

۲۔ اَلَمْ تَرَ اِلَی الَّذِیْنَ قِیْلَ لَهُمْ كُفُّوْۤا اَیْدِیَكُمْ وَاَقِیْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ فَلَمَّا كُتِبَ عَلَیْهِمُ الْقِتَالُ اِذَا فَرِیْقٌ مِّنْهُمْ یَخْشَوْنَ النَّاسَ كَخَشْیَةِ اللّٰهِ اَوْ اَشَدَّ خَشْیَةً وَقَالُوْا رَبَّنَا لِمَ كَتَبْتَ عَلَیْنَا الْقِتَالَ لَوْلَاۤ اَخَّرْتَنَاۤ اِلٰۤی اَجَلٍ قَرِیْبٍ قُلْ مَتَاعُ الدُّنْیَا قَلِیْلٌ وَالْاٰخِرَةُ خَیْرٌ لِّمَنِ اتَّقٰی وَلَا تُظْلَمُوْنَ فَتِیْلًا ﴿۷۷﴾

۳۔ وَمَاۤ اُوْتِیْتُمْ مِّنْ شَیْءٍ فَمَتَاعُ الْحَیٰوةِ الدُّنْیَا وَزِیْنَتُهَا وَمَا عِنْدَ اللّٰهِ خَیْرٌ وَّاَبْقٰی اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ﴿۶۰﴾ اَفَمَنْ وَّعَدْنٰهُ وَعْدًا حَسَنًا فَهُوَ لَاقِیْهِ كَمَنْ مَّتَّعْنٰهُ مَتَاعَ الْحَیٰوةِ الدُّنْیَا ثُمَّ هُوَ یَوْمَ الْقِیٰمَةِ مِنَ الْمُحْضَرِیْنَ ﴿۶۱﴾

۴۔ وَمَا هٰذِهِ الْحَیٰوةُ الدُّنْیَاۤ اِلَّا لَهْوٌ وَّلَعِبٌ وَاِنَّ الدَّارَ الْاٰخِرَةَ لَهِیَ الْحَیَوَانُ لَوْ كَانُوْا یَعْلَمُوْنَ ﴿۶۴﴾

۵۔ كُلُّ نَفْسٍ ذَآىِٕقَةُ الْمَوْتِ وَاِنَّمَا تُوَفَّوْنَ اُجُوْرَكُمْ یَوْمَ الْقِیٰمَةِ فَمَنْ زُحْزِحَ عَنِ النَّارِ وَاُدْخِلَ الْجَنَّةَ فَقَدْ فَازَ وَمَا الْحَیٰوةُ الدُّنْیَاۤ اِلَّا مَتَاعُ الْغُرُوْرِ ﴿۱۸۵﴾

والا ہے اس جیسا ہو سکتا ہے جس کو ہم نے دنیا کی زندگی کا فائدہ پہنچایا پھر وہ قیامت کے دن پکڑا آئے گا۔

۔القصص ۲۸: ۶۰۔۶۱۔

۴۔اور یہ دنیا کی زندگی تو نرا کھیل اور تماشا ہے اور جو آخرت کا گھر ہے وہی اصلی زندگی ہے۔ کاش وہ اس بات کو جانتے ہوتے۔

۔العنکبوت ۲۹: ۶۴۔

۳۔ متاعِ دنیا نرا دھوکا ہے

۵۔ ہر شخص موت کو چکھنے والا ہے اور قیامت کے دن تمہارے اجر تمہیں پورے پورے دیے جائیں گے۔ سو جو شخص آگ سے دور رکھا گیا، اور جنت میں داخل کیا گیا وہ بے شک کامیاب ہوا اور دنیا تو نری دھوکے کی پونجی ہے اور بس۔

۔آل عمران ۳: ۱۸۵۔

۴۔ مال اور اولاد فقط جیتے جی کی زینت ہے

۶۔ مال اور بیٹے دنیا کی زندگی کی زینت ہیں اور نیک عمل جو ہمیشہ باقی رہنے والے ہیں وہ تیرے پروردگار کے ہاں بلحاظِ ثواب بھی بہتر ہیں اور بلحاظِ عمل بھی بہتر ہیں۔

۔الکہف ۱۸: ۴۶۔

۵۔ مال اور اولاد کی زیادتی موجب خیر نہیں ہے

۷۔کیا وہ خیال کرتے ہیں کہ مال اور بیٹے جن کے ساتھ ہم ان کی امداد کرتے ہیں (اس سے) ہم ان کے لیے نیکیوں میں جلدی کر رہے ہیں (کوئی نہیں) بلکہ وہ شعور نہیں رکھتے۔

۔المؤمنون ۲۳: ۵۵۔۵۶۔

۶۔ مال اور اولاد آزمائش ہے

۸۔(لوگو!) تمہارے مال اور تمہاری اولاد تو نری آزمائش ہیں اور اللہ جو ہے اس کے پاس بڑا ثواب ہے۔

۔التغابن ۶۴: ۱۵۔

۶۔ اَلْمَالُ وَالْبَنُوْنَ زِيْنَةُ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۚ وَالْبٰقِيٰتُ الصّٰلِحٰتُ خَيْرٌ عِنْدَ رَبِّكَ ثَوَابًا وَّخَيْرٌ اَمَلًا ۝

۷۔ اَيَحْسَبُوْنَ اَنَّمَا نُمِدُّهُمْ بِهٖ مِنْ مَّالٍ وَّبَنِيْنَ ۝ نُسَارِعُ لَهُمْ فِي الْخَيْرٰتِ ۭ بَلْ لَّا يَشْعُرُوْنَ ۝

۸۔ اِنَّمَآ اَمْوَالُكُمْ وَاَوْلَادُكُمْ فِتْنَةٌ ۭ وَاللّٰهُ عِنْدَهٗٓ اَجْرٌ عَظِيْمٌ ۝

متفرق نصائح

۱۔ رضاجویانِ الٰہی کے درجے

۱۔تو کیا ایسا شخص جو اللہ کی رضا پر چلتا ہے اس جیسا ہو سکتا ہے جس نے اللہ کے غصے کی طرف رجوع کیا اور اس کا ٹھکانا دوزخ ہے۔ اور وہ بری جگہ ہے ان کے لیے اللہ کے ہاں درجے ہیں اور اللہ دیکھ رہا ہے جو کچھ وہ کرتے ہیں۔

۔آل عمران ۳: ۱۶۲۔

۲۔ اللہ کی قدرت سے ڈرانا

۲۔(اے نبی ﷺ!) کہہ دے کہ بھلا بتاؤ تو اگر اللہ تمہارے کان اور آنکھیں لے لے اور تمہارے دلوں پر مہر لگا دے تو اللہ کے سوا کونسا ایسا معبود ہے جو تمہیں یہ چیزیں لا دے۔ (اے نبی ﷺ!) دیکھ کہ ہم کس طرح ہیر پھیر کر آیتیں بیان کرتے ہیں پھر بھی وہ پھر جاتے ہیں۔ (اے نبی ﷺ!) کہہ دے کہ بھلا بتلاؤ تو اگر تم پر اللہ کا عذاب اچانک یا علانیہ طور پر آجائے تو کیا ظالم لوگوں کے سوا اور کوئی ہلاک کیا جائے گا؟

۔الانعام ۶: ۴۶۔۴۷۔

۳۔ گنہگاروں کو اللہ کے عذاب سے مطمئن نہ ہونا چاہیے

۳۔تو کیا وہ لوگ جو بری بری چالیں سوچتے رہتے ہیں اس بات کی طرف سے مطمئن ہو گئے ہیں کہ اللہ انہیں زمین میں دھنسا دے یا ان پر ایسی طرح عذاب آجائے کہ انہیں خبر بھی نہ ہو یا وہ ان کو چلتا پھرتا پکڑے۔ سو وہ تو اس کو عاجز کرنے والے نہیں ہیں یا انہیں ڈرا ڈرا دیتے

۱۔ اَفَمَنِ اتَّبَعَ رِضْوَانَ اللّٰهِ كَمَنْۢ بَآءَ بِسَخَطٍ مِّنَ اللّٰهِ وَمَاْوٰىهُ جَهَنَّمُ ۭ وَبِئْسَ الْمَصِيْرُ ۝ هُمْ دَرَجٰتٌ عِنْدَ اللّٰهِ ۭ وَاللّٰهُ بَصِيْرٌۢ بِمَا يَعْمَلُوْنَ ۝

۲۔ قُلْ اَرَءَيْتُمْ اِنْ اَخَذَ اللّٰهُ سَمْعَكُمْ وَاَبْصَارَكُمْ وَخَتَمَ عَلٰي قُلُوْبِكُمْ مَّنْ اِلٰهٌ غَيْرُ اللّٰهِ يَاْتِيْكُمْ بِهٖ ۭ اُنْظُرْ كَيْفَ نُصَرِّفُ الْاٰيٰتِ ثُمَّ هُمْ يَصْدِفُوْنَ ۝ قُلْ اَرَءَيْتَكُمْ اِنْ اَتٰىكُمْ عَذَابُ اللّٰهِ بَغْتَةً اَوْ جَهْرَةً هَلْ يُهْلَكُ اِلَّا الْقَوْمُ الظّٰلِمُوْنَ ۝

۳۔ اَفَاَمِنَ الَّذِيْنَ مَكَرُوا السَّيِّاٰتِ اَنْ يَّخْسِفَ اللّٰهُ بِهِمُ الْاَرْضَ اَوْ يَاْتِيَهُمُ الْعَذَابُ مِنْ حَيْثُ لَا يَشْعُرُوْنَ ۝ اَوْ يَاْخُذَهُمْ فِيْ تَقَلُّبِهِمْ فَمَا هُمْ بِمُعْجِزِيْنَ ۝ اَوْ يَاْخُذَهُمْ عَلٰي تَخَوُّفٍ ۭ فَاِنَّ رَبَّكُمْ لَرَءُوْفٌ

وقت ہی پکڑ لے۔ سو بے شک تمہارا پروردگار شفیق، مہربان ہے۔

-النحل ۱۶: ۴۵-۴۷-

۴۔ سو کیا تم اس بات سے نڈر ہو گئے ہیں کہ وہ تمہیں جنگل کی کسی طرف میں دھنسا دے یا تم پر پتھر برسائے پھر تم اپنے لیے کوئی کارساز بھی نہ پاؤ یا تم اس بات کی طرف سے نڈر ہو گئے ہو کہ وہ تمہیں پھر دوبارہ اسی دریا میں لوٹا لے جائے اور تمہارے کفر کی سزا میں تم پر کشتی توڑ دینے والی ایک ہوا بھیج کر تمہیں غرق کر دے۔ پھر تم اس بارہ میں اپنے لیے کوئی ہمارا پیچھا کرنے والا نہ پاؤ۔

-بنی اسرائیل ۱۷: ۶۸-۶۹-

۵۔ کیا تم اس کی طرف سے جو آسمان میں ہے اس بات سے نڈر ہو گئے ہو کہ وہ تمہیں زمین میں دھنسا دے۔ پھر ناگہاں وہ زمین جنبش کرنے لگے یا تم اس کی طرف سے جو آسمان میں ہے اس بات سے نڈر ہو گئے کہ وہ تم پر پتھر برسائے۔ سو عنقریب ہی تم معلوم کر لو گے کہ میرا ڈرانا کیسا ہے اور جو ان سے پہلے ہوئے ہیں انہوں نے بھی جھٹلایا تھا تو (دیکھا بھی کہ) میرا عذاب کیسا ہوا۔

-الملک ۶۷: ۱۶-۱۸-

۴۔ اللہ کی نافرمانی باعثِ عذاب ہے

۶۔ (اے نبی ﷺ!) کہہ دے کہ اگر میں اپنے پروردگار کی نافرمانی کروں تو بے شک میں ایک بڑے دن کے عذاب سے ڈرتا ہوں جو شخص اس دن اس سے دور رکھا گیا تو بے شک اس نے اس پر (بڑا ہی) رحم کیا اور یہی کھلی کامیابی ہے۔

-الانعام ۶: ۱۵-۱۶-

رَّحِيمٌ ﴿۴۷﴾

۴۔ أَفَأَمِنتُمْ أَن يَخْسِفَ بِكُمْ جَانِبَ الْبَرِّ أَوْ يُرْسِلَ عَلَيْكُمْ حَاصِبًا ثُمَّ لَا تَجِدُوا لَكُمْ وَكِيلًا ﴿۶۸﴾ أَمْ أَمِنتُمْ أَن يُعِيدَكُمْ فِيهِ تَارَةً أُخْرَىٰ فَيُرْسِلَ عَلَيْكُمْ قَاصِفًا مِّنَ الرِّيحِ فَيُغْرِقَكُم بِمَا كَفَرْتُمْ ثُمَّ لَا تَجِدُوا لَكُمْ عَلَيْنَا بِهِ تَبِيعًا ﴿۶۹﴾

۵۔ ءَأَمِنتُم مَّن فِي السَّمَاءِ أَن يَخْسِفَ بِكُمُ الْأَرْضَ فَإِذَا هِيَ تَمُورُ ﴿۱۶﴾ أَمْ أَمِنتُم مَّن فِي السَّمَاءِ أَن يُرْسِلَ عَلَيْكُمْ حَاصِبًا فَسَتَعْلَمُونَ كَيْفَ نَذِيرِ ﴿۱۷﴾ وَلَقَدْ كَذَّبَ الَّذِينَ مِن قَبْلِهِمْ فَكَيْفَ كَانَ نَكِيرِ ﴿۱۸﴾

۶۔ قُلْ إِنِّي أَخَافُ إِنْ عَصَيْتُ رَبِّي عَذَابَ يَوْمٍ عَظِيمٍ ﴿۱۵﴾ مَّن يُصْرَفْ عَنْهُ يَوْمَئِذٍ فَقَدْ رَحِمَهُ ۚ وَذَٰلِكَ الْفَوْزُ الْمُبِينُ ﴿۱۶﴾

۷۔ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَيَبْلُوَنَّكُمُ اللَّهُ بِشَيْءٍ مِّنَ الصَّيْدِ تَنَالُهُ أَيْدِيكُمْ وَرِمَاحُكُمْ لِيَعْلَمَ اللَّهُ مَن يَخَافُهُ بِالْغَيْبِ ۚ فَمَنِ اعْتَدَىٰ بَعْدَ ذَٰلِكَ فَلَهُ عَذَابٌ أَلِيمٌ ﴿۹۴﴾

۸۔ وَاذْكُرُوا نِعْمَةَ اللَّهِ عَلَيْكُمْ وَمِيثَاقَهُ الَّذِي وَاثَقَكُم بِهِ إِذْ قُلْتُمْ سَمِعْنَا وَأَطَعْنَا ۖ وَاتَّقُوا اللَّهَ ۚ إِنَّ اللَّهَ عَلِيمٌ بِذَاتِ الصُّدُورِ ﴿۷﴾

۹۔ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا اذْكُرُوا نِعْمَتَ اللَّهِ عَلَيْكُمْ إِذْ هَمَّ قَوْمٌ أَن

۷۔ مسلمانو! اللہ کسی قدر شکار کے ساتھ ضرور تمہارا امتحان لے گا جس تک تمہارے ہاتھ اور تیر پہنچ سکیں گے تا کہ اللہ یہ ظاہر کر دے کہ کون اس سے بن دیکھے ڈرتا ہے۔ سو جو کوئی اس کے بعد بھی حد سے باہر نکل گیا، اس کے لیے دردناک عذاب ہے۔

-المائدة ۵: ۹۴-

۵۔ اللہ کی نعمتوں اور عہد کو یاد کرو

۸۔ اور (مسلمانو!) اپنے اوپر اللہ کا انعام اور اس کا وہ عہد جو وہ پختہ طور پر تم سے لے چکا ہے یاد کرو۔ جب تم نے کہا تھا کہ ہم نے سنا اور مانا۔ اور اللہ سے ڈرو۔ بے شک اللہ سینوں کی (چھپی) باتوں کو جانتا ہے۔

-المائدة ۵: ۷-

۹۔ مسلمانو! اپنے اوپر اللہ کا وہ احسان یاد کرو جب کہ کچھ لوگوں نے یہ چاہا تھا کہ تمہاری طرف اپنے ہاتھ بڑھائیں اور اس نے تمہاری

طرف سے ان کے ہاتھ روک دیئے تھے اور اللہ سے ڈرو اور مومنوں کو اللہ ہی پر بھروسہ رکھنا چاہیے۔

-المائدۃ ۵: ۱۱-

۶۔ تقویٰ اور رجوع الی اللہ

۱۰۔ مسلمانو! اللہ سے ڈرو اور اس کی طرف وسیلہ تلاش کرو اور اس کی راہ میں جہاد کرو تا کہ تم فلاح پاؤ۔

-المائدۃ ۵: ۳۵-

۷۔ بت پرستوں کو برا کہہ کر اللہ کو برا نہ کہلاؤ

۱۱۔ اور (مسلمانو!) جو لوگ اللہ کے سوا دوسروں کو پکارتے ہیں انہیں برا نہ کہو کہ وہ زیادتی میں آ کر بے علمی سے اللہ کو برا کہنے لگیں گے۔ اسی طرح ہم نے ہر امت کو ان کے عمل اچھے کر دکھائے ہیں۔ پھر انہیں اپنے پروردگار کی طرف لوٹ کر آنا ہے۔ سو وہ انہیں جتا دے گا جو عمل وہ کیا کرتے ہیں۔

-الانعام ۶: ۱۰۸-

۱۲۔ (اے نبی ﷺ!) کہہ دے کہ اے اہل کتاب، اس بات کی طرف آ جاؤ جو ہمارے اور تمہارے درمیان برابر (مانی جاتی) ہے کہ ہم سوائے اللہ کے اور کسی کی عبادت نہ کریں اور اس کے ساتھ کسی شے کو شریک نہ کریں اور اللہ کے سوا ہم میں سے بعض، بعض کو رب نہ پکڑیں۔ پھر اگر وہ (اس بات سے) مونہہ

يَّبْسُطُوْٓا اِلَيْكُمْ اَيْدِيَهُمْ فَكَفَّ اَيْدِيَهُمْ عَنْكُمْ ۚ وَاتَّقُوا اللّٰهَ ۭ وَعَلَى اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُوْنَ ⑪

۱۰۔ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَابْتَغُوْٓا اِلَيْهِ الْوَسِيْلَةَ وَجَاهِدُوْا فِيْ سَبِيْلِهٖ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ㉟

۱۱۔ وَلَا تَسُبُّوا الَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ فَيَسُبُّوا اللّٰهَ عَدْوًاۢ بِغَيْرِ عِلْمٍ ۭ كَذٰلِكَ زَيَّنَّا لِكُلِّ اُمَّةٍ عَمَلَهُمْ ۠ ثُمَّ اِلٰى رَبِّهِمْ مَّرْجِعُهُمْ فَيُنَبِّئُهُمْ بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ⑩⑧

۱۲۔ قُلْ يٰٓاَهْلَ الْكِتٰبِ تَعَالَوْا اِلٰى كَلِمَةٍ سَوَاۗءٍۢ بَيْنَنَا وَبَيْنَكُمْ اَلَّا نَعْبُدَ اِلَّا اللّٰهَ وَلَا نُشْرِكَ بِهٖ شَيْـــًٔـا وَّلَا يَتَّخِذَ بَعْضُنَا بَعْضًا اَرْبَابًا مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ ۭ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُوْلُوا اشْهَدُوْا بِاَنَّا مُسْلِمُوْنَ ㊹

۱۳۔ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ مَنْ كَانَ مُخْتَالًا فَخُوْرَۨا ㊱ الَّذِيْنَ يَبْخَلُوْنَ وَيَاْمُرُوْنَ النَّاسَ بِالْبُخْلِ وَيَكْتُمُوْنَ مَآ اٰتٰىھُمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ ۭ وَاَعْتَدْنَا لِلْكٰفِرِيْنَ عَذَابًا مُّهِيْنًا ㊲ وَالَّذِيْنَ يُنْفِقُوْنَ اَمْوَالَھُمْ رِئَاۗءَ النَّاسِ وَلَا يُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَلَا بِالْيَوْمِ الْاٰخِرِ ۭ وَمَنْ يَّكُنِ الشَّيْطٰنُ لَهٗ قَرِيْنًا فَسَاۗءَ قَرِيْنًا ㊳ وَمَاذَا عَلَيْهِمْ لَوْ اٰمَنُوْا بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَاَنْفَقُوْا مِمَّا رَزَقَھُمُ اللّٰهُ ۭ وَكَانَ اللّٰهُ بِهِمْ عَلِــيْمًا ㊴ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَظْلِمُ

پھیریں تو (مسلمانو) تم کہو کہ تم لوگ گواہ رہو کہ ہم مسلمان ہیں۔

-آل عمران ۳: ۶۴-

۹۔ بخل، تکبر و ریا سے بچو

۱۳۔ بے شک اللہ کسی ایسے کو پسند نہیں کرتا جو اترانے والا، شیخی خورا ہے۔ وہ جو خود بخل کرتے اور لوگوں کو بخل کی ہدایت کرتے ہیں اور جو مال اللہ نے اپنے فضل سے انہیں دیا ہے اس کو چھپاتے ہیں اور ہم نے کافروں کے لیے ذلت کا عذاب تیار کیا ہے۔ اور جو اپنے لوگوں کے

دکھلانے کے لیے خرچ کرتے ہیں اور اللہ اور قیامت کے دن پر ایمان نہیں رکھتے اور جس کا ساتھی شیطان ہوا تو وہ برا ہی ساتھی ہے۔ اور ان کا کیا بگاڑ ہو جاتا اگر وہ اللہ اور قیامت کے دن پر ایمان لے آتے اور اس مال میں سے (اللہ کی راہ میں) خرچ کرتے جو اللہ نے انہیں دیا تھا اور اللہ ان کو جانتا ہے۔ بے شک اللہ ذرہ بھر بھی ظلم نہیں کرتا۔ اور اگر وہ (عمل) نیکی کا ہوتا ہے تو وہ اس کو دو چند کر دیتا ہے اور اپنے پاس سے بڑا بھاری ثواب دیتا ہے تو اس وقت کیا حال ہوگا جب ہم ہر امت میں سے ایک گواہ لائیں گے اور (اے نبی ﷺ!) تجھے ان لوگوں پر گواہ لائیں گے۔ اس دن وہ لوگ جنہوں نے کفر کیا اور رسول کی نافرمانی کی چاہیں گے کہ کاش ان کے ساتھ زمین ہموار کر دی جائے اور وہ اللہ سے کوئی بات نہ چھپا ئیں گے۔

-النساء ۴: ۳۶-۴۲-

مِثْقَالَ ذَرَّةٍ ۚ وَإِنْ تَكُ حَسَنَةً يُضٰعِفْهَا وَيُؤْتِ مِنْ لَّدُنْهُ اَجْرًا عَظِيْمًا ﴿۴۰﴾ فَكَيْفَ اِذَا جِئْنَا مِنْ كُلِّ اُمَّةٍ بِشَهِيْدٍ وَّجِئْنَا بِكَ عَلٰى هٰٓؤُلَآءِ شَهِيْدًا ﴿۴۱﴾ يَوْمَئِذٍ يَّوَدُّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَعَصَوُا الرَّسُوْلَ لَوْ تُسَوّٰى بِهِمُ الْاَرْضُ ۗ وَلَا يَكْتُمُوْنَ اللّٰهَ حَدِيْثًا ﴿۴۲﴾

۱۰۔ یہود و نصاریٰ اور دین کی ہنسی اڑانے والوں سے محبت نہ رکھو

۱۴۔ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَّخِذُوا الْيَهُوْدَ وَالنَّصٰرٰٓى اَوْلِيَآءَ ؕ بَعْضُهُمْ اَوْلِيَآءُ بَعْضٍ ؕ وَمَنْ يَّتَوَلَّهُمْ مِّنْكُمْ فَاِنَّهٗ مِنْهُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِى الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۵۱﴾

۱۴۔ مسلمانو! یہود اور نصاریٰ کو اپنا دوست نہ بناؤ وہ آپس میں ایک دوسرے کے دوست ہیں اور تم میں سے جو کوئی انہیں اپنا دوست بنائے گا تو کچھ شک نہیں کہ وہ ان ہی میں سے ہے۔ بے شک اللہ ظالم لوگوں کو ہدایت نہیں کرتا۔

-المائدۃ ۵: ۵۱-

۱۵۔ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَنْ يَّرْتَدَّ مِنْكُمْ عَنْ دِيْنِهٖ فَسَوْفَ يَاْتِى اللّٰهُ بِقَوْمٍ يُّحِبُّهُمْ وَيُحِبُّوْنَهٗٓ ۙ اَذِلَّةٍ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ اَعِزَّةٍ عَلَى الْكٰفِرِيْنَ ۡ يُجَاهِدُوْنَ فِىْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَلَا يَخَافُوْنَ لَوْمَةَ لَآئِمٍ ؕ ذٰلِكَ فَضْلُ اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ ﴿۵۴﴾ اِنَّمَا وَلِيُّكُمُ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوا الَّذِيْنَ يُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَيُؤْتُوْنَ الزَّكٰوةَ وَهُمْ رٰكِعُوْنَ ﴿۵۵﴾ وَمَنْ يَّتَوَلَّ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا فَاِنَّ حِزْبَ اللّٰهِ هُمُ الْغٰلِبُوْنَ ﴿۵۶﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَّخِذُوا الَّذِيْنَ اتَّخَذُوْا دِيْنَكُمْ هُزُوًا وَّلَعِبًا مِّنَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ مِنْ قَبْلِكُمْ وَالْكُفَّارَ اَوْلِيَآءَ ۚ وَاتَّقُوا اللّٰهَ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿۵۷﴾

۱۵۔ مسلمانو! جو تم میں سے اپنے دین سے پھر جائے گا تو عنقریب ہی اللہ ایسے لوگ لا موجود کرے گا جن سے وہ محبت رکھتا ہوگا اور وہ اس سے محبت رکھتے ہوں گے۔ مسلمانوں کے حق میں نرم دل اور کافروں پر سخت، وہ اللہ کی راہ میں جہاد کریں گے اور کسی ملامت کرنے والے کی ملامت سے نہ ڈریں گے۔ یہ اللہ کا فضل ہے۔ جسے وہ چاہے یہ فضل دے اور اللہ گنجائش والا، جاننے والا ہے۔ تمہارا دوست تو بس اللہ اور اس کا رسول ہے اور وہ ایمان دار ہیں جو نماز پڑھتے ہیں اور زکوٰۃ دیتے اور وہ رکوع کرتے ہیں اور جو کوئی اللہ اور اس کے رسول اور مومنوں کو دوست رکھے گا تو کچھ شک نہیں کہ جو اللہ کا گروہ ہے، وہی غالب آئے گا۔ مسلمانو! ان لوگوں کو اپنا دوست نہ بناؤ جنہوں نے تمہارے دین کو ٹھٹھا اور کھیل بنا رکھا ہے۔ یہ لوگ ان میں سے ہیں جنہیں تم سے پہلے کتاب (تورات) دی گئی ہے اور کفار کو بھی (اپنا دوست نہ بناؤ) اور اگر تم ایمان دار ہو تو اللہ سے ڈرو۔

-المائدۃ ۵: ۵۴-۵۷-

خلقت وفطرتِ انسانی از روئے قرآن

۱۔ کبھی انسان کوئی چیز قابل تذکرہ نہ تھا

۱۔ بے شک انسان پر زمانے میں ایک ایسا وقت بھی آچکا ہے کہ وہ کوئی چیز قابلِ تذکرہ نہ تھا۔

-الدھر-۷۶:۱-

۲۔ انسان کی اصل مٹی سے

۲۔ اور بے شک ہم نے انسان کو کھنکھن بولتی ہوئی مٹی سے پیدا کیا جو سڑی ہوئی کیچڑ سے بنی تھی۔

-الحجر ۱۵:۲۶-

۳۔ جب تیرے پروردگار نے فرشتوں سے کہا کہ میں ایک آدمی سڑی ہوئی کیچڑ سے خمیر کی ہوئی کھنکھن بولنے والی مٹی سے پیدا کرنے والا ہوں۔

-الحجر ۱۵:۲۸-

۴۔ اور بے شک ہم نے انسان کو مٹی کے ست سے پیدا کیا۔

-المؤمنون ۲۳:۱۲-

۵۔ وہ (ذات) جس نے ہر چیز کو جو اس نے پیدا کی اچھا بنایا اور انسان کی پیدائش مٹی سے شروع کی۔

-السجدۃ ۳۲:۷-

۶۔ اور اللہ نے تمہیں مٹی سے پیدا کیا پھر (اس کے بعد) نطفے سے پھر تمہیں جوڑا جوڑا بنا دیا۔

-فاطر ۳۵:۱۱-

۷۔ بے شک ہم نے انہیں لیس دار مٹی سے پیدا کیا۔

-الصّفّت ۳۷:۱۱-

۸۔ وہ (ذات) وہ ہے جس نے (اول) تمہیں مٹی سے پھر اس کے بعد نطفے (اور) پھر (اس کے بعد) جمے ہوئے خون سے پیدا کیا پھر وہ تمہیں بچہ بنا کر نکالتا ہے۔

-المؤمن ۴۰:۶۷-

۱۔ هَلْ أَتَىٰ عَلَى الْإِنسَانِ حِينٌ مِّنَ الدَّهْرِ لَمْ يَكُن شَيْئًا مَّذْكُورًا ۝

۲۔ وَلَقَدْ خَلَقْنَا الْإِنسَانَ مِن صَلْصَالٍ مِّنْ حَمَإٍ مَّسْنُونٍ ۝

۳۔ وَإِذْ قَالَ رَبُّكَ لِلْمَلَائِكَةِ إِنِّي خَالِقٌ بَشَرًا مِّن صَلْصَالٍ مِّنْ حَمَإٍ مَّسْنُونٍ ۝

۴۔ وَلَقَدْ خَلَقْنَا الْإِنسَانَ مِن سُلَالَةٍ مِّن طِينٍ ۝

۵۔ الَّذِي أَحْسَنَ كُلَّ شَيْءٍ خَلَقَهُ وَبَدَأَ خَلْقَ الْإِنسَانِ مِن طِينٍ ۝

۶۔ وَاللَّهُ خَلَقَكُم مِّن تُرَابٍ ثُمَّ مِن نُّطْفَةٍ ثُمَّ جَعَلَكُمْ أَزْوَاجًا

۷۔ إِنَّا خَلَقْنَاهُم مِّن طِينٍ لَّازِبٍ ۝

۸۔ هُوَ الَّذِي خَلَقَكُم مِّن تُرَابٍ ثُمَّ مِن نُّطْفَةٍ ثُمَّ مِنْ عَلَقَةٍ ثُمَّ يُخْرِجُكُمْ طِفْلًا

۹۔ خَلَقَ الْإِنسَانَ مِن صَلْصَالٍ كَالْفَخَّارِ ۝

۱۰۔ خَلَقَ الْإِنسَانَ مِن نُّطْفَةٍ فَإِذَا هُوَ خَصِيمٌ مُّبِينٌ ۝

۱۱۔ ثُمَّ خَلَقْنَا النُّطْفَةَ عَلَقَةً فَخَلَقْنَا الْعَلَقَةَ مُضْغَةً فَخَلَقْنَا الْمُضْغَةَ عِظَامًا فَكَسَوْنَا الْعِظَامَ لَحْمًا ثُمَّ أَنشَأْنَاهُ خَلْقًا آخَرَ فَتَبَارَكَ اللَّهُ أَحْسَنُ الْخَالِقِينَ ۝

۱۲۔ ثُمَّ جَعَلَ نَسْلَهُ مِن سُلَالَةٍ مِّن مَّاءٍ مَّهِينٍ ۝ ثُمَّ سَوَّاهُ وَنَفَخَ فِيهِ مِن رُّوحِهِ وَجَعَلَ لَكُمُ السَّمْعَ وَالْأَبْصَارَ وَالْأَفْئِدَةَ قَلِيلًا مَّا تَشْكُرُونَ ۝

۹۔ انسان کو ٹھیکرے کی طرح بجنے والی مٹی سے پیدا کیا۔

-الرحمن ۵۵:۱۴-

۳۔ انسان کی پیدائش نطفے سے

۱۰۔ انسان کو نطفے سے پیدا کیا تو (پیدا ہوتے ہی) وہ کھلم کھلا جھگڑنے والا بن گیا۔

-النحل ۱۶:۴-

۱۱۔ پھر ہم نے اسے نطفہ سے بنا کر ایک مضبوط جگہ میں رکھا پھر ہم نے نطفے کو جما ہوا خون بنایا پھر ہم نے جمے ہوئے خون کو گوشت کا لوتھڑا بنایا پھر ہم نے گوشت کے لوتھڑے کو ہڈیاں بنایا پھر ہم نے ہڈیوں پر گوشت چڑھایا پھر ہم نے اس کو ایک اور پیدائش میں پیدا کیا۔ سو برکت والا ہے اللہ جو بہتر پیدا کرنے والا ہے۔

-المؤمن ۲۳:۱۳-۱۴-

۱۲۔ پھر اس (آدم) کی نسل کو ذلیل پانی کے خلاصہ (منی) سے پیدا کیا پھر اس کو ٹھیک کیا اور اپنی روح اس میں پھونک دی اور تمہارے کان اور آنکھ اور دل پیدا کئے تم بہت ہی کم شکر کرتے ہو۔

-السجدۃ ۳۲:۸-۹-

۱۳۔اور اللہ نے تمہیں مٹی سے پیدا کیا پھر (اس کے بعد) نطفے سے پھر تمہیں جوڑا جوڑا بنایا۔

-فاطر ۳۵:۱۱-

۱۴۔کیا انسان یہ نہیں دیکھتا کہ ہم نے اس کو نطفے سے پیدا کیا تو وہ فوراً ہی وہ کھلا جھگڑالو بن گیا۔

-یٰسٓ ۳۶:۷۷-

۱۵۔وہ (ذات) وہ ہے جس نے تمہیں مٹی سے پیدا کیا پھر (اس کے بعد) نطفے سے پھر (اس کے بعد) جمے ہوئے خون سے پھر وہ تمہیں بچہ بنا کر (رحم سے) نکالتا ہے پھر (وہ تمہیں بڑھاتا ہے) تاکہ تم اپنی پوری قوت کو پہنچ جاؤ پھر (تمہیں گھٹاتا ہے) تاکہ تم بوڑھے ہو جاؤ۔

-المؤمن ۴۰:۶۷-

۱۶۔(وہ جو کہتے ہیں) ہرگز نہیں ہم نے ان کو اس چیز سے پیدا کیا ہے جس کو وہ بھی جانتے ہیں۔

-المعارج ۷۰:۳۹-

۱۷۔کیا وہ منی کا ایک قطرہ نہیں تھا جو ٹپکایا جاتا تھا۔ پھر وہ جما ہوا خون ہو گیا پھر اللہ نے اس کو پیدا کیا پھر ٹھیک بنایا۔

-القیامۃ ۷۵:۳۷-۳۸-

۱۸۔بے شک ہم نے انسان کو (مرد و عورت) کے مخلوط نطفے سے پیدا کیا تاکہ ہم اسے آزمائیں۔ سو ہم نے اسے سننے والا، دیکھنے والا بنایا۔

-الدھر ۷۶:۲-

۱۹۔کیا ہم نے تمہیں ذلیل پانی سے پیدا نہیں کیا؟ پھر ہم نے اس (ذلیل پانی) کو ایک محفوظ قرار گاہ میں رکھا ایک مقررہ وقت تک پھر ہم نے اندازہ ٹھہرایا۔ سو ہم کیا اچھا اندازہ کرنے والے ہیں۔

-المرسلات ۷۷:۲۰-۲۳-

۱۳۔وَاللّٰهُ خَلَقَكُمْ مِّنْ تُرَابٍ ثُمَّ مِنْ نُّطْفَةٍ ثُمَّ جَعَلَكُمْ اَزْوَاجًا

۱۴۔اَوَلَمْ يَرَ الْاِنْسَانُ اَنَّا خَلَقْنٰهُ مِنْ نُّطْفَةٍ فَاِذَا هُوَ خَصِيْمٌ مُّبِيْنٌ

۱۵۔هُوَ الَّذِيْ خَلَقَكُمْ مِّنْ تُرَابٍ ثُمَّ مِنْ نُّطْفَةٍ ثُمَّ مِنْ عَلَقَةٍ ثُمَّ يُخْرِجُكُمْ طِفْلًا ثُمَّ لِتَبْلُغُوْٓا اَشُدَّكُمْ ثُمَّ لِتَكُوْنُوْا شُيُوْخًا

۱۶۔كَلَّا اِنَّا خَلَقْنٰهُمْ مِّمَّا يَعْلَمُوْنَ

۱۷۔اَلَمْ يَكُ نُطْفَةً مِّنْ مَّنِيٍّ يُّمْنٰى ثُمَّ كَانَ عَلَقَةً فَخَلَقَ فَسَوّٰى

۱۸۔اِنَّا خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ مِنْ نُّطْفَةٍ اَمْشَاجٍ نَّبْتَلِيْهِ فَجَعَلْنٰهُ سَمِيْعًا بَصِيْرًا

۱۹۔اَلَمْ نَخْلُقْكُّمْ مِّنْ مَّآءٍ مَّهِيْنٍ فَجَعَلْنٰهُ فِيْ قَرَارٍ مَّكِيْنٍ اِلٰى قَدَرٍ مَّعْلُوْمٍ فَقَدَرْنَا فَنِعْمَ الْقٰدِرُوْنَ

۲۰۔مِنْ اَيِّ شَيْءٍ خَلَقَهٗ مِنْ نُّطْفَةٍ

۲۱۔فَلْيَنْظُرِ الْاِنْسَانُ مِمَّ خُلِقَ خُلِقَ مِنْ مَّآءٍ دَافِقٍ يَّخْرُجُ مِنْ بَيْنِ الصُّلْبِ وَالتَّرَآئِبِ

۲۲۔وَاللّٰهُ اَخْرَجَكُمْ مِّنْ بُطُوْنِ اُمَّهٰتِكُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ شَيْئًا وَّجَعَلَ لَكُمُ السَّمْعَ وَالْاَبْصَارَ وَالْاَفْـِٕدَةَ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ

۲۳۔هُوَ اَعْلَمُ بِكُمْ اِذْ اَنْشَاَكُمْ مِّنَ الْاَرْضِ وَاِذْ اَنْتُمْ اَجِنَّةٌ فِيْ بُطُوْنِ

۲۰۔اس کو کس چیز سے پیدا کیا، محض نطفے سے۔

-عبس ۸۰-۱۸-۱۹-

۲۱۔انسان کو دیکھنا چاہیے کہ وہ کس چیز سے پیدا کیا گیا ہے۔ وہ کودنے والے پانی سے پیدا کیا گیا ہے جو کمر اور سینے کی ہڈیوں کے درمیان سے نکلتا ہے۔

-الطارق ۸۶:۵-۷-

۴۔ انسان کی پیدائش ماں کے پیٹ میں

۲۲۔اور اللہ ہی نے تم کو تمہاری ماؤں کے پیٹ سے نکالا اس وقت تم کچھ بھی نہیں جانتے تھے اور تم کو کان اور آنکھیں اور دل دیے تاکہ تم شکر گزار بنو۔

-النحل ۱۶:۷۸-

۲۳۔وہ تم کو خوب جانتا ہے جب تم کو مٹی سے پیدا کیا اور جب تم اپنی

ماؤں کے پیٹ میں بچے تھے تو اپنی پاکیزگی نہ جتایا کرو، پرہیزگاروں کو وہی خوب جانتا ہے۔

-النجم ۵۳:۳۲-

۵۔ انسان کی پیدائش تین اندھیروں میں

۲۴۔لوگو اس نے تمھیں ایک جان سے پیدا کیا۔ پھر اسی جان سے اس کا جوڑا بنایا اور تمہارے لیے مویشیوں کے آٹھ جوڑے اتارے۔ وہ تمھیں تمہاری ماؤں کے پیٹوں میں تین قسم کی تاریکیوں میں ایک پیدائش سے دوسری پیدائش میں تبدیل کر کے پیدا کرتا رہتا ہے۔

-الزمر ۳۹:۶-

۶۔ انسان کی ساخت سب سے خوب صورت

۲۵۔بے شک ہم نے انسان کو زیبا ترین ساخت میں پیدا کیا پھر اسے نیچوں کے بھی نیچے پہنچا دیا۔ لیکن جو ایمان لائے اور نیک عمل کئے ان کے لیے بے انتہا اجر ہے۔

-التین ۹۵:۴-۶-

۷۔ انسان خون کی پھٹکی سے پیدا ہوا

۲۶۔اس نے آدمی کو خون کی پھٹکی سے بنایا۔

-العلق-۹۶:۲-

۲۷۔پھر نطفے کا لوتھڑا بنایا۔ پھر لوتھڑے کی بوٹی بنائی پھر بوٹی کی ہڈیاں بنائیں پھر ہڈیوں پر گوشت (پوست) چڑھایا۔ پھر اُس کو نئی صورت میں بنا دیا۔ تو اللہ جو سب سے بہتر بنانے والا بڑا بابرکت ہے۔

-المؤمنون ۲۳:۱۴-

۲۸۔وہی تو ہے جس نے تم کو (پہلے) مٹی سے پیدا کیا۔ پھر نطفہ بنا کر، پھر لوتھڑا بنا کر، پھر تم کو نکالتا ہے (کہ تم) بچے

أُمَّهٰتِكُمْ ۖ فَلَا تُزَكُّوٓا أَنفُسَكُمْ ۖ هُوَ أَعْلَمُ بِمَنِ اتَّقٰى ﴿٣٢﴾

۲۴۔خَلَقَكُم مِّن نَّفْسٍ وَّاحِدَةٍ ثُمَّ جَعَلَ مِنْهَا زَوْجَهَا وَأَنزَلَ لَكُم مِّنَ الْأَنْعَامِ ثَمٰنِيَةَ أَزْوٰجٍ ۚ يَخْلُقُكُمْ فِي بُطُونِ أُمَّهٰتِكُمْ خَلْقًا مِّنۢ بَعْدِ خَلْقٍ فِي ظُلُمٰتٍ ثَلٰثٍ ۚ

۲۵۔لَقَدْ خَلَقْنَا الْإِنسٰنَ فِيٓ أَحْسَنِ تَقْوِيمٍ ﴿٤﴾ ثُمَّ رَدَدْنٰهُ أَسْفَلَ سٰفِلِينَ ﴿٥﴾ إِلَّا الَّذِينَ اٰمَنُوا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ فَلَهُمْ أَجْرٌ غَيْرُ مَمْنُونٍ ﴿٦﴾

۲۶۔خَلَقَ الْإِنسٰنَ مِنْ عَلَقٍ ﴿٢﴾

۲۷۔ثُمَّ خَلَقْنَا النُّطْفَةَ عَلَقَةً فَخَلَقْنَا الْعَلَقَةَ مُضْغَةً فَخَلَقْنَا الْمُضْغَةَ عِظٰمًا فَكَسَوْنَا الْعِظٰمَ لَحْمًا ثُمَّ أَنشَأْنٰهُ خَلْقًا اٰخَرَ ۚ فَتَبَارَكَ اللّٰهُ أَحْسَنُ الْخٰلِقِينَ ﴿١٤﴾

۲۸۔هُوَ الَّذِي خَلَقَكُم مِّن تُرَابٍ ثُمَّ مِن نُّطْفَةٍ ثُمَّ مِنْ عَلَقَةٍ ثُمَّ يُخْرِجُكُمْ طِفْلًا ثُمَّ لِتَبْلُغُوٓا أَشُدَّكُمْ ثُمَّ لِتَكُونُوا شُيُوخًا ۚ وَمِنكُم مَّن يُتَوَفّٰى مِن قَبْلُ ۖ وَلِتَبْلُغُوٓا أَجَلًا مُّسَمًّى وَّلَعَلَّكُمْ تَعْقِلُونَ ﴿٦٧﴾

۲۹۔أَيَطْمَعُ كُلُّ امْرِئٍ مِّنْهُمْ أَن يُدْخَلَ جَنَّةَ نَعِيمٍ ﴿٣٨﴾

۳۰۔لَقَدْ خَلَقْنَا الْإِنسٰنَ فِي كَبَدٍ ﴿٤﴾

۳۱۔وَمَا مَنَعَ النَّاسَ أَن يُؤْمِنُوٓا إِذْ جَآءَهُمُ الْهُدٰى وَيَسْتَغْفِرُوا رَبَّهُمْ إِلَّآ

(ہوتے ہو) پھر تم اپنی جوانی کو پہنچتے ہو پھر بوڑھے ہو جاتے ہو۔ اور کوئی تم میں سے پہلے ہی مر جاتا ہے اور تم (موت کے) وقت مقرر تک پہنچ جاتے ہو اور تاکہ تم سمجھو۔

-المؤمن-۴۰:۶۷-

۲۹۔کیا اُن میں سے ہر شخص یہ توقع رکھتا ہے کہ نعمت کے باغ میں داخل کیا جائے گا؟

-المعارج ۷۰:۳۸-

۸۔ انسان مشقت جھیلنے کے لیے پیدا ہوا ہے

۳۰۔بے شک ہم نے انسان کو تکلیف میں پیدا کیا ہے۔

-البلد-۹۰:۴-

۹۔ انسان کو اللہ نے نیکی و بدی کی تمیز دی ہے

۳۱۔اور لوگوں کو جب ان کے پاس ہدایت آ چکی کوئی چیز اس بات سے کہ وہ ایمان لائیں اور اپنے پروردگار سے معافی مانگیں، روکنے والی

نہیں ہے۔مگر (وہ) یہ (چاہتے ہیں) کہ ان پر بھی پہلوں کا دستور جاری ہو یا ان کے روبرو عذاب آ موجود ہو۔

-الکہف ۱۸: ۵۵-

اَنْ تَاْتِيَهُمْ سُنَّةُ الْاَوَّلِيْنَ اَوْ يَاْتِيَهُمُ الْعَذَابُ قُبُلًا ۝

۳۲- بے شک ہم نے اسے (نیکی و بدی کا) رستہ دکھلا دیا۔اب وہ یا تو شکر گزار ہے اور یا ناشکرا۔

-الدھر ۷۶: ۳-

۳۲- اِنَّا هَدَيْنٰهُ السَّبِيْلَ اِمَّا شَاكِرًا وَّاِمَّا كَفُوْرًا ۝

۳۳- اور ہم نے اس کو (نیکی اور بدی کی) دونوں راہیں دکھلا دیں۔

-البلد ۹۰: ۱۰-

۳۳- وَهَدَيْنٰهُ النَّجْدَيْنِ ۝

۳۴- سو اللہ نے اس کی بدی اور اس کی پرہیز گاری اس کے دل میں ڈال دی۔

-الشمس ۹۱: ۸-

۳۴- فَاَلْهَمَهَا فُجُوْرَهَا وَتَقْوٰىهَا ۝

۱۰- ہر قوم اپنے ہی اعمال کو اچھا جانتی ہے

۳۵- اسی طرح ہم نے ہر امت کو ان کے عمل (ان کی نظر میں) اچھے کر دکھلائے ہیں۔پھر وہ اپنے پروردگار کی طرف لوٹ کر جائیں گے۔سو وہ انہیں جتا دے گا، جو وہ کرتے تھے۔

-الانعام ۶: ۱۰۸-

۳۵- كَذٰلِكَ زَيَّنَّا لِكُلِّ اُمَّةٍ عَمَلَهُمْ ثُمَّ اِلٰى رَبِّهِمْ مَّرْجِعُهُمْ فَيُنَبِّئُهُمْ بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۝

۳۶- پھر انہوں نے اپنے درمیان اپنے دین کو کاٹ کر ٹکڑے ٹکڑے کر لیا۔ہر فرقہ اسی (دین سے) خوش ہے جو ان کے پاس ہے۔تو (اے نبی ﷺ) تو انہیں ایک مدت تک ان کی غفلت میں پڑا رہنے دے۔

-المؤمنون ۲۳: ۵۳-۵۴-

۳۶- فَتَقَطَّعُوْٓا اَمْرَهُمْ بَيْنَهُمْ زُبُرًا ۭ كُلُّ حِزْبٍۢ بِمَا لَدَيْهِمْ فَرِحُوْنَ ۝ فَذَرْهُمْ فِيْ غَمْرَتِهِمْ حَتّٰى حِيْنٍ ۝

۱۱- انسان کی ہٹ دھرمی اور ناشکری

۳۷- اور جب انسان کو تکلیف پہنچتی ہے تو وہ ہمیں اپنی کروٹ پر (لیٹا) اور بیٹھا اور کھڑا (ہر حالت میں) پکارتا ہے۔پھر جب ہم اس کی تکلیف اس سے دور کر دیتے ہیں تو وہ ایسا ہو جاتا ہے کہ گویا اس نے ہمیں کبھی کسی تکلیف کے وقت، جو اسے پہنچی تھی بلایا ہی نہیں تھا۔اسی طرح حد سے باہر نکل جانے والوں کو ان کے اعمال جو وہ کرتے ہیں اچھے دکھلائے گئے ہیں۔

-یونس ۱۰: ۱۲-

۳۷- وَاِذَا مَسَّ الْاِنْسَانَ الضُّرُّ دَعَانَا لِجَنْۢبِهٖٓ اَوْ قَاعِدًا اَوْ قَاۗىِٕمًا ۚ فَلَمَّا كَشَفْنَا عَنْهُ ضُرَّهٗ مَرَّ كَاَنْ لَّمْ يَدْعُنَآ اِلٰى ضُرٍّ مَّسَّهٗ ۭ كَذٰلِكَ زُيِّنَ لِلْمُسْرِفِيْنَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۝

۳۸- اور جب لوگوں کو تکلیف پہنچنے کے بعد ہم رحمت کا ذائقہ چکھا دیتے ہیں تو بس ہماری آیتوں کی مخالفت میں کارسازیاں کرنے لگتے ہیں۔تو ان سے کہہ دے کہ اللہ کی کارسازی زیادہ چلتی ہوئی ہے۔ہمارے فرشتے تمہاری سب کارسازیاں لکھتے جاتے ہیں۔

-یونس ۱۰: ۲۱-

۳۸- وَاِذَآ اَذَقْنَا النَّاسَ رَحْمَةً مِّنْۢ بَعْدِ ضَرَّاۗءَ مَسَّتْهُمْ اِذَا لَهُمْ مَّكْرٌ فِيْٓ اٰيَاتِنَا ۭ قُلِ اللّٰهُ اَسْرَعُ مَكْرًا ۭ اِنَّ رُسُلَنَا يَكْتُبُوْنَ مَا تَمْكُرُوْنَ ۝

۳۹- اور اگر ہم انسان کو اپنی رحمت کی لذت چکھائیں پھر اس کو اس سے چھین لیں تو وہ ناامید ہو جانے والا ناشکر ہے۔اور اگر اس کو کوئی

۳۹- وَلَىِٕنْ اَذَقْنَا الْاِنْسَانَ مِنَّا رَحْمَةً ثُمَّ نَزَعْنٰهَا مِنْهُ ۚ اِنَّهٗ لَيَــــُٔوْسٌ كَفُوْرٌ ۝ وَلَىِٕنْ اَذَقْنٰهُ نَعْمَاۗءَ بَعْدَ ضَرَّاۗءَ مَسَّتْهُ لَيَقُوْلَنَّ ذَهَبَ السَّيِّاٰتُ عَنِّيْ ۭ اِنَّهٗ لَفَرِحٌ فَخُوْرٌ ۝ اِلَّا الَّذِيْنَ صَبَرُوْا وَعَمِلُوا

الصّٰلِحٰتِ ؕ اُولٰٓئِكَ لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّاَجْرٌ كَبِيْرٌ ⑪

۴۰۔ وَاٰتٰىكُمْ مِّنْ كُلِّ مَا سَاَلْتُمُوْهُ ؕ وَاِنْ تَعُدُّوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ لَا تُحْصُوْهَا ؕ اِنَّ الْاِنْسَانَ لَظَلُوْمٌ كَفَّارٌ ﴿۳۴﴾

۴۱۔ وَيَدْعُ الْاِنْسَانُ بِالشَّرِّ دُعَآءَهٗ بِالْخَيْرِ ؕ وَكَانَ الْاِنْسَانُ عَجُوْلًا ⑪

۴۲۔ وَاِذَا مَسَّكُمُ الضُّرُّ فِي الْبَحْرِ ضَلَّ مَنْ تَدْعُوْنَ اِلَّآ اِيَّاهُ ۚ فَلَمَّا نَجّٰىكُمْ اِلَى الْبَرِّ اَعْرَضْتُمْ ؕ وَكَانَ الْاِنْسَانُ كَفُوْرًا ﴿۶۷﴾

۴۳۔ وَاِذَآ اَنْعَمْنَا عَلَى الْاِنْسَانِ اَعْرَضَ وَنَاٰ بِجَانِبِهٖ ۚ وَاِذَا مَسَّهُ الشَّرُّ كَانَ يَئُوْسًا ﴿۸۳﴾

۴۴۔ فَاِذَا مَسَّ الْاِنْسَانَ ضُرٌّ دَعَانَا ۡ ثُمَّ اِذَا خَوَّلْنٰهُ نِعْمَةً مِّنَّا ۙ قَالَ اِنَّمَآ اُوْتِيْتُهٗ عَلٰى عِلْمٍ ؕ بَلْ هِيَ فِتْنَةٌ وَّلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۴۹﴾

۴۵۔ لَا يَسْئَمُ الْاِنْسَانُ مِنْ دُعَآءِ الْخَيْرِ ۡ وَاِنْ مَّسَّهُ الشَّرُّ فَيَئُوْسٌ قَنُوْطٌ ﴿۴۹﴾ وَلَئِنْ اَذَقْنٰهُ رَحْمَةً مِّنَّا مِنْۢ بَعْدِ ضَرَّآءَ مَسَّتْهُ لَيَقُوْلَنَّ هٰذَا لِيْ ۙ وَمَآ اَظُنُّ السَّاعَةَ قَآئِمَةً ۙ وَّلَئِنْ رُّجِعْتُ اِلٰى رَبِّيْٓ اِنَّ لِيْ عِنْدَهٗ لَلْحُسْنٰى ۚ فَلَنُنَبِّئَنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِمَا عَمِلُوْا ۡ وَلَنُذِيْقَنَّهُمْ مِّنْ عَذَابٍ غَلِيْظٍ ﴿۵۰﴾ وَاِذَآ اَنْعَمْنَا عَلَى الْاِنْسَانِ اَعْرَضَ وَنَاٰ بِجَانِبِهٖ ۚ وَاِذَا مَسَّهُ الشَّرُّ فَذُوْ

تکلیف پہنچے اور اس کے بعد ہم اس کو آرام کی لذت چکھائیں تو کہنے لگتا ہے کہ اب مجھ پر سے سب سختیاں دور ہو گئیں کیونکہ وہ بہت ہی جلد خوش ہو جانے والا اور شیخی خورہ ہے۔ مگر جو لوگ نیک عمل کرتے ہیں وہ ایسے نہیں۔ ان کے لیے ہی بخشش اور بڑا اجر ہے۔

-ھود ۱۱:۹-۱۱-

۴۰۔اور جو کچھ تم نے مانگا، تم کو دیا اور اگر خدا کی نعمتوں کو شمار کرنا چاہو تو ان کو پورا پورا گن نہ سکو۔ کچھ شک نہیں کہ انسان بڑا ہی بے انصاف اور بڑا ہی ناشکرا ہے۔

-ابراھیم ۱۴:۳۴-

۴۱۔اور آدمی جس طرح (اپنے حق میں) بہتری کی دعا مانگتا ہے، اسی طرح برائی کی بھی دعا مانگنے لگتا ہے اور انسان بڑا جلد باز ہے۔

-بنی اسرائیل ۱۷:۱۱-

۴۲۔اور جب سمندر میں تم کو کوئی تکلیف پہنچتی ہے تو جن کو تم پکارا کرتے تھے سب بھولے بسرے ہو جاتے ہیں مگر وہی ایک یاد رہتا ہے۔ پھر جب وہ تم کو خشکی پر نکال لاتا ہے تو تم اس سے پھر بیٹھتے ہو اور انسان بڑا ہی ناشکرا ہے۔

-بنی اسرائیل ۱۷:۶۷-

۴۳۔اور جب ہم انسان پر انعام کرتے ہیں تو وہ (ہماری طرف سے) مونہہ پھیر لیتا ہے اور اپنا پہلو ہٹا لیتا ہے اور جب اسے تکلیف پہنچتی ہے تو وہ مایوس ہو جاتا ہے۔

-بنی اسرائیل ۱۷:۸۳-

۴۴۔پھر جب انسان کو کوئی تکلیف پہنچتی ہے تو وہ ہمیں پکارتا ہے پھر جب ہم اسے (اس تکلیف کو ہٹا کر) کوئی نعمت دیتے ہیں تو کہتا ہے کہ یہ تو مجھے میرے علم کے سبب سے ملی ہے۔ (کوئی نہیں) بلکہ وہ تو آزمائش ہے لیکن ان میں سے اکثر (اس بات کو) نہیں جانتے۔

-الزمر ۳۹:۴۹-

۴۵۔بھلائی مانگنے سے انسان تھکتا نہیں اور جب اسے تکلیف پہنچے تو بہت نا امید ہو جاتا ہے اور اگر ہم اسے اس تکلیف کے بعد جو اسے پہنچی ہے اپنی رحمت کا مزہ چکھائیں تو وہ ضرور یہی کہے کہ یہ (نعمت) تو میرے ہی لیے ہے اور مجھے یقین نہیں کہ قیامت قائم ہو اور اگر میں اپنے پروردگار کی طرف لوٹایا ہی گیا تو کچھ شک نہیں کہ اس کے ہاں بھی بھلائی ہی بھلائی ہے۔ سو ہم کافروں کو ضرور ان کے اعمال سے انہیں سخت عذاب (کا مزہ) چکھائیں گے اور جب ہم انسان پر انعام کرتے ہیں تو وہ ہماری طرف سے اپنا مونہہ پھیر لیتا ہے اور پہلو

بدل لیتا ہے اور جب اسے تکلیف پہنچتی ہے تو وہ لمبی چوڑی دعائیں کرنے لگتا ہے۔

-حٰمٓ السجدۃ ۴۱: ۴۹-۵۱-

۴۶-اور جب ہم انسان کو اپنی طرف سے رحمت (کا مزہ) چکھاتے ہیں تو وہ اس سے خوش ہو جاتا ہے اور اگر انہیں ان اعمال کی شامت سے جو ان کے ہاتھوں نے آگے بھیجے ہیں کوئی مصیبت آ پکڑے تو (اس وقت) انسان بے شک ناشکرا ہے۔

-الشوریٰ-۴۲: ۴۸-

۴۷-اور انہوں نے اس کے بندوں میں سے اس کا جز ٹھہرایا۔ بے شک انسان کھلا ناشکرا ہے۔

-الزخرف ۴۳: ۱۵-

۴۸-بے شک انسان بے صبر پیدا کیا گیا ہے۔ جب اسے تکلیف پہنچتی ہے تو گھبرا جاتا ہے اور جب اس کے ہاتھ لگ جاتا ہے تو کنجوس بن جاتا ہے۔

-المعارج ۷۰: ۱۹-۲۱-

۴۹-انسان غارت ہو وہ کیسا بڑا ناشکرا ہے! اسے کس چیز سے پیدا کیا ہے (محض) نطفے سے۔ اللہ نے اسے پیدا کیا پھر اس کا اندازہ ٹھہرایا پھر اس کے لیے (نیکی و بدی کی) راہ آسان کر دی۔ پھر اسے موت دی پھر اسے قبر دی پھر جب وہ چاہے گا اسے اٹھا کھڑا کرے گا۔ واقعی بات تو یہ ہے کہ جو کچھ اللہ نے اس کو حکم دیا وہ اس کو بجا نہ لایا۔

-عبس ۸۰: ۱۷-۲۳-

۵۰-لیکن انسان کو جب اس کا پروردگار آزمائش میں ڈالتا ہے اور وہ اس کا اکرام کرتا ہے اور اس کو نعمت دیتا ہے تو وہ کہتا ہے کہ میرے پروردگار نے میری عزت کی۔ لیکن

دُعَآءٍ عَرِيضٍ ﴿٥١﴾

۴۶-وَإِنَّآ إِذَآ أَذَقْنَا ٱلْإِنسَٰنَ مِنَّا رَحْمَةً فَرِحَ بِهَا ۖ وَإِن تُصِبْهُمْ سَيِّئَةٌۢ بِمَا قَدَّمَتْ أَيْدِيهِمْ فَإِنَّ ٱلْإِنسَٰنَ كَفُورٌ ﴿٤٨﴾

۴۷-وَجَعَلُوا۟ لَهُۥ مِنْ عِبَادِهِۦ جُزْءًا ۚ إِنَّ ٱلْإِنسَٰنَ لَكَفُورٌ مُّبِينٌ ﴿١٥﴾

۴۸-إِنَّ ٱلْإِنسَٰنَ خُلِقَ هَلُوعًا ﴿١٩﴾ إِذَا مَسَّهُ ٱلشَّرُّ جَزُوعًا ﴿٢٠﴾ وَإِذَا مَسَّهُ ٱلْخَيْرُ مَنُوعًا ﴿٢١﴾

۴۹-قُتِلَ ٱلْإِنسَٰنُ مَآ أَكْفَرَهُۥ ﴿١٧﴾ مِنْ أَىِّ شَىْءٍ خَلَقَهُۥ ﴿١٨﴾ مِن نُّطْفَةٍ خَلَقَهُۥ فَقَدَّرَهُۥ ﴿١٩﴾ ثُمَّ ٱلسَّبِيلَ يَسَّرَهُۥ ﴿٢٠﴾ ثُمَّ أَمَاتَهُۥ فَأَقْبَرَهُۥ ﴿٢١﴾ ثُمَّ إِذَا شَآءَ أَنشَرَهُۥ ﴿٢٢﴾ كَلَّا لَمَّا يَقْضِ مَآ أَمَرَهُۥ ﴿٢٣﴾

۵۰-فَأَمَّا ٱلْإِنسَٰنُ إِذَا مَا ٱبْتَلَىٰهُ رَبُّهُۥ فَأَكْرَمَهُۥ وَنَعَّمَهُۥ فَيَقُولُ رَبِّىٓ أَكْرَمَنِ ﴿١٥﴾ وَأَمَّآ إِذَا مَا ٱبْتَلَىٰهُ فَقَدَرَ عَلَيْهِ رِزْقَهُۥ فَيَقُولُ رَبِّىٓ أَهَٰنَنِ ﴿١٦﴾ كَلَّا ۖ بَل لَّا تُكْرِمُونَ ٱلْيَتِيمَ ﴿١٧﴾ وَلَا تَحَٰٓضُّونَ عَلَىٰ طَعَامِ ٱلْمِسْكِينِ ﴿١٨﴾ وَتَأْكُلُونَ ٱلتُّرَاثَ أَكْلًا لَّمًّا ﴿١٩﴾ وَتُحِبُّونَ ٱلْمَالَ حُبًّا جَمًّا ﴿٢٠﴾

۵۱-لَآ أُقْسِمُ بِهَٰذَا ٱلْبَلَدِ ﴿١﴾ وَأَنتَ حِلٌّۢ بِهَٰذَا ٱلْبَلَدِ ﴿٢﴾ وَوَالِدٍ وَمَا وَلَدَ ﴿٣﴾ لَقَدْ خَلَقْنَا ٱلْإِنسَٰنَ فِى كَبَدٍ ﴿٤﴾ أَيَحْسَبُ أَن لَّن يَقْدِرَ عَلَيْهِ

جب اس کا پروردگار اسے آزماتا ہے اور اس پر اس کی روزی تنگ کر دیتا ہے تو وہ کہتا ہے کہ میرے پروردگار نے مجھے ذلیل کیا۔ (ایسا) ہرگز نہیں ہے بلکہ (بات یہ ہے کہ) تم یتیم کی عزت نہیں کرتے اور محتاج کے کھانا کھلانے پر ایک دوسرے کو رغبت نہیں دلاتے اور تم مردوں کا مال ڈھوک کر کھاتے ہوا اور مال سے بڑی محبت رکھتے ہو۔

-الفجر ۸۹: ۱۵-۲۰-

۵۱-میں اس شہر (مکے) کی قسم کھاتا ہوں اور (اے نبی ﷺ!) اس کی قسم (اس لیے کہ) تو اس شہر میں رہتا ہے اور باپ (آدم علیہ السلام) اور اس کی اولاد کی قسم کھاتا ہوں۔ بے شک ہم نے انسان کو مصیبت میں پیدا کیا ہے وہ یہ خیال کرتا ہے کہ کوئی اس پر قدرت نہیں رکھتا۔ کہتا ہے کہ میں نے ڈھیروں

بال خرچ کر ڈالا۔ کیا وہ یہ خیال کرتا ہے کہ اس کو (بے جا کام کرتے ہوئے) کسی نے نہیں دیکھا؟ کیا ہم نے اس کو دو آنکھیں نہیں دیں؟ ایک زبان اور دو لب نہیں دیے اور ہم نے اس کی (نیکی اور بدی کی) دونوں راہیں دکھلا دیں۔ سو وہ (پھر بھی) گھاٹی میں سے ہو کر نہ نکلا اور تو کیا سمجھا گھاٹی کیا ہے۔ گردن کا (غلامی یا قید سے) آزاد کرنا ہے یا بھوک کے دن کھانا کھلانا ہے رشتہ دار یتیم کو یا مٹی میں ملے ہوئے محتاج کو۔

-البلد ۹۰: ۱-۱۶-

۵۲۔ بے شک انسان اپنے پروردگار کا ناشکرا ہے۔ بے شک وہ خود اس بات پر گواہ ہے۔

-العٰدیٰت ۱۰۰: ۶-۷-

۵۳۔ انسان جلدی کا (پتلا) بنایا گیا ہے ہم عنقریب تم کو اپنی نشانیاں دکھائے دیتے ہیں تو تم جلدی نہ کرو۔

-الانبیاء ۲۱: ۳۷-

۵۴۔ بے شک انسان بڑا ناشکر ہے۔

-الحج ۲۲: ۶۶-

۵۵۔ اور شیطان (وقت پڑنے پر) انسان کو چھوڑ کر الگ ہو جاتا ہے۔

-الفرقان ۲۵: ۲۹-

۵۶۔ اور جب لوگوں کو کوئی تکلیف پہنچتی ہے تو وہ اپنے پروردگار کی طرف رجوع ہو کر اسی کو پکارتے ہیں۔ پھر جب وہ ان کو اپنی رحمت کی لذت چکھا دیتا ہے تو ان میں سے کچھ لوگ پھر اپنے پروردگار کا شریک ٹھیرانے

أَحَدٌ ۝ يَقُولُ أَهْلَكْتُ مَالًا لُّبَدًا ۝ أَيَحْسَبُ أَن لَّمْ يَرَهُ أَحَدٌ ۝ أَلَمْ نَجْعَل لَّهُ عَيْنَيْنِ ۝ وَلِسَانًا وَشَفَتَيْنِ ۝ وَهَدَيْنَاهُ النَّجْدَيْنِ ۝ فَلَا اقْتَحَمَ الْعَقَبَةَ ۝ وَمَا أَدْرَاكَ مَا الْعَقَبَةُ ۝ فَكُّ رَقَبَةٍ ۝ أَوْ إِطْعَامٌ فِي يَوْمٍ ذِي مَسْغَبَةٍ ۝ يَتِيمًا ذَا مَقْرَبَةٍ ۝ أَوْ مِسْكِينًا ذَا مَتْرَبَةٍ ۝

۵۲۔ إِنَّ الْإِنسَانَ لِرَبِّهِ لَكَنُودٌ ۝ وَإِنَّهُ عَلَىٰ ذَٰلِكَ لَشَهِيدٌ ۝

۵۳۔ خُلِقَ الْإِنسَانُ مِنْ عَجَلٍ ۚ سَأُرِيكُمْ آيَاتِي فَلَا تَسْتَعْجِلُونِ ۝

۵۴۔ إِنَّ الْإِنسَانَ لَكَفُورٌ ۝

۵۵۔ وَكَانَ الشَّيْطَانُ لِلْإِنسَانِ خَذُولًا ۝

۵۶۔ وَإِذَا مَسَّ النَّاسَ ضُرٌّ دَعَوْا رَبَّهُم مُّنِيبِينَ إِلَيْهِ ثُمَّ إِذَا أَذَاقَهُم مِّنْهُ رَحْمَةً إِذَا فَرِيقٌ مِّنْهُم بِرَبِّهِمْ يُشْرِكُونَ ۝

۵۷۔ إِنَّا عَرَضْنَا الْأَمَانَةَ عَلَى السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَالْجِبَالِ فَأَبَيْنَ أَن يَحْمِلْنَهَا وَأَشْفَقْنَ مِنْهَا وَحَمَلَهَا الْإِنسَانُ ۖ إِنَّهُ كَانَ ظَلُومًا جَهُولًا ۝ لِّيُعَذِّبَ اللَّهُ الْمُنَافِقِينَ وَالْمُنَافِقَاتِ وَالْمُشْرِكِينَ وَالْمُشْرِكَاتِ وَيَتُوبَ اللَّهُ عَلَى الْمُؤْمِنِينَ وَالْمُؤْمِنَاتِ ۗ وَكَانَ اللَّهُ غَفُورًا رَّحِيمًا ۝

۵۸۔ وَإِذَا مَسَّ الْإِنسَانَ ضُرٌّ دَعَا رَبَّهُ مُنِيبًا إِلَيْهِ ثُمَّ إِذَا خَوَّلَهُ نِعْمَةً

لگتے ہیں۔

-الروم ۳۰: ۳۳-

۵۷۔ ہم نے امانت کو آسمانوں اور زمین اور پہاڑوں پر پیش کیا تو انہوں نے اس کے اٹھانے سے انکار کیا اور اس سے ڈر گئے اور انسان نے اس کو اٹھالیا۔ بے شک وہ (اپنے حق میں) بڑا ہی ظالم، بڑا ہی نادان تھا۔ کہ اللہ منافقین ومنافقات اور مشرکین ومشرکات کو سزا دے اور مومنین اور مومنات پر مہر کرے اور اللہ بخشنے والا، مہربان ہے۔

-الاحزاب ۳۳: ۷۲-۷۳-

۵۸۔ اور جب آدمی کو کوئی تکلیف پہنچتی ہے تو اپنے پروردگار کی طرف رجوع ہو کر اس کو پکارتا ہے۔ پھر جب وہ اپنی طرف سے اس کو کوئی نعمت عطا فرما دیتا ہے تو جس کے لیے اس نے پہلے اللہ کو پکارا تھا اس کو

بھول جاتا اور اللہ کے شریک ٹھیرانے لگتا ہے تاکہ (دوسروں کو بھی) اللہ کی راہ سے گمراہ کرے۔ تو کہہ دے کہ چند روز تو اپنے کفر میں عیش کر لے، آخر تو دوزخیوں میں ہی ہوگا۔

-الزمر ۳۹: ۸-

۱۲۔ انسان کمزور پیدا ہوا ہے

۵۹۔ اور انسان کمزور پیدا کیا گیا ہے۔

-النساء ۴: ۲۸-

۱۳۔ انسان بے صبر پیدا ہوا

۶۰۔ بے شک انسان بے صبر پیدا کیا گیا۔ جب اسے تکلیف پہنچتی ہے تو گھبرا جاتا ہے۔

-المعارج ۷۰: ۱۹-۲۰-

۱۴۔ انسان جلد باز ہے

۶۱۔ اور انسان جلد باز ہے۔

-بنی اسرائیل ۱۷: ۱۱-

۶۲۔ اور انسان جلد باز پیدا کیا گیا ہے۔

انبیاء ۲۱: ۳۷-

۱۵۔ انسان جھگڑالو ہے

۶۳۔ اور انسان بڑا جھگڑالو ہے۔

-الکہف ۱۸: ۵۴-

۶۴۔ کیا انسان یہ نہیں دیکھتا کہ ہم نے اس کو نطفے سے پیدا کیا۔ تو وہ فوراً ہی کھلا جھگڑالو بن گیا۔

-النحل ۱۶: ۴ و یٰسٓ ۳۶: ۷۷-

۱۶۔ مصیبت کے وقت انسان ناامید ہو جاتا ہے

۶۵۔ اور جب ہم آدمیوں کو رحمت (کا مزہ) چکھاتے ہیں تو وہ اس سے خوش ہو جاتے ہیں اور اگر انہیں ان کے اعمال کے بدلے جو ان کے ہاتھوں نے آگے بھیجے ہیں

مِّنْهُ نَسِيَ مَا كَانَ يَدْعُوٓا إِلَيْهِ مِن قَبْلُ وَجَعَلَ لِلَّهِ أَندَادًا لِّيُضِلَّ عَن سَبِيلِهِۦ ۚ قُلْ تَمَتَّعْ بِكُفْرِكَ قَلِيلًا ۖ إِنَّكَ مِنْ أَصْحَـٰبِ ٱلنَّارِ ﴿٨﴾

۵۹۔ وَخُلِقَ ٱلْإِنسَـٰنُ ضَعِيفًا ﴿٢٨﴾

۶۰۔ إِنَّ ٱلْإِنسَـٰنَ خُلِقَ هَلُوعًا ﴿١٩﴾ إِذَا مَسَّهُ ٱلشَّرُّ جَزُوعًا ﴿٢٠﴾

۶۱۔ وَكَانَ ٱلْإِنسَـٰنُ عَجُولًا ﴿١١﴾

۶۲۔ خُلِقَ ٱلْإِنسَـٰنُ مِنْ عَجَلٍ ۚ

۶۳۔ وَكَانَ ٱلْإِنسَـٰنُ أَكْثَرَ شَىْءٍ جَدَلًا ﴿٥٤﴾

۶۴۔ خَلَقَ ٱلْإِنسَـٰنَ مِن نُّطْفَةٍ فَإِذَا هُوَ خَصِيمٌ مُّبِينٌ ﴿٤﴾

۶۵۔ وَإِذَآ أَذَقْنَا ٱلنَّاسَ رَحْمَةً فَرِحُوا بِهَا ۖ وَإِن تُصِبْهُمْ سَيِّئَةٌۢ بِمَا قَدَّمَتْ أَيْدِيهِمْ إِذَا هُمْ يَقْنَطُونَ ﴿٣٦﴾

۶۶۔ لَّا يَسْـَٔمُ ٱلْإِنسَـٰنُ مِن دُعَآءِ ٱلْخَيْرِ وَإِن مَّسَّهُ ٱلشَّرُّ فَيَـُٔوسٌ قَنُوطٌ ﴿٤٩﴾

۶۷۔ قُل لَّوْ أَنتُمْ تَمْلِكُونَ خَزَآئِنَ رَحْمَةِ رَبِّىٓ إِذًا لَّأَمْسَكْتُمْ خَشْيَةَ ٱلْإِنفَاقِ ۚ وَكَانَ ٱلْإِنسَـٰنُ قَتُورًا ﴿١٠٠﴾

۶۸۔ وَتُحِبُّونَ ٱلْمَالَ حُبًّا جَمًّا ﴿٢٠﴾

۶۹۔ وَإِنَّهُۥ لِحُبِّ ٱلْخَيْرِ لَشَدِيدٌ ﴿٨﴾

کوئی تکلیف پہنچتی ہے تو اسی دم وہ مایوس ہو جاتے ہیں۔

-الروم ۳۰: ۳۶-

۶۶۔ انسان نیکی مانگنے سے نہیں تھکتا اور اگر تکلیف پہنچتی ہے تو وہ ناامید، بے آس ہو جاتا ہے۔

-حٰمٓ السجدۃ ۴۱: ۴۹-

۱۷۔ انسان کی محبت مال سے

۶۷۔ (اے نبی ﷺ!) کہہ دے کہ اگر میرے پروردگار کی رحمت کے خزانے تمہارے اختیار میں ہوتے تو خرچ ہو جانے کے ڈر سے تم ان کو بند کر رکھتے۔ انسان بڑا ہی تنگ دل ہے۔

-بنی اسرائیل ۱۷: ۱۰۰-

۶۸۔ اور تم مال سے سخت محبت رکھتے ہو۔

-الفجر ۸۹: ۲۰-

۶۹۔ اور بے شک وہ مال کی محبت میں سخت (پھنسا ہوا) ہے۔

-العادیات ۱۰۰: ۸-

۱۸۔ انسان مال دار ہو کر سرکشی کرتا ہے

۷۔ ہرگز یوں نہیں ہے۔ بے شک انسان سرکش ہو جاتا ہے جبکہ وہ اپنے آپ کو مال دار دیکھتا ہے۔

۔العلق۔۹۶: ۶۔۷۔

۱۹۔ ایمان نہیں تو انسان گھاٹے میں ہے

۱۔ قسم ہے عصر کی! بے شک انسان گھاٹے میں ہے مگر وہ لوگ (نہیں) جو ایمان لائے اور انہوں نے نیک کام کئے اور ایک دوسرے کو حق کی وصیت کرتے رہے اور ایک دوسرے کو صبر کی وصیت کرتے رہے۔

۔العصر ۱۰۳: ۱۔۳۔

قرآن کے متعلق کافروں کے اقوال

۱۔ کافر کہتے ہیں کہ قرآن کو خود اس شخص نے دوسروں کی مدد سے بنالیا ہے

۱۔ جو لوگ کافر ہوئے انہوں نے کہا کہ یہ (قرآن) تو کچھ نہیں نرا بہتان ہے جو اس نے باندھ لیا ہے اور اس (کے بنانے) پر دوسرے لوگوں نے اس کی مدد کی ہے۔ سو بے شک وہ ظلم اور جھوٹی بات لائے ہیں۔

۔الفرقان ۲۵: ۴۔

۲۔ اور انہوں نے کہا کہ یہ پہلوں کی کہانیاں ہیں جو اس نے لکھ لی ہیں۔ سو وہی اس پر صبح اور شام پڑھی جاتی ہیں۔

۔الفرقان ۲۵: ۵۔

۳۔ کیا وہ یہ کہتے ہیں کہ اس نے اسے خود گھڑ لیا ہے؟ (کوئی نہیں) بلکہ وہ تو میرے پروردگار کی طرف سے حق ہے تاکہ تو ان لوگوں کو ڈرائے جن کے پاس تجھ سے پہلے کوئی ڈرانے

۷۔ كَلَّآ اِنَّ الْاِنْسَانَ لَيَطْغٰىٓ ۙ اَنْ رَّاٰهُ اسْتَغْنٰى ۙ

۱۔ وَالْعَصْرِ ۙ اِنَّ الْاِنْسَانَ لَفِيْ خُسْرٍ ۙ اِلَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَتَوَاصَوْا بِالْحَقِّ ڏ وَتَوَاصَوْا بِالصَّبْرِ ۝

۱۔ وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اِنْ هٰذَآ اِلَّآ اِفْكُ ۨ افْتَرٰىهُ وَاَعَانَهٗ عَلَيْهِ قَوْمٌ اٰخَرُوْنَ ۚ فَقَدْ جَاۗءُوْ ظُلْمًا وَّزُوْرًا ۝

۲۔ وَقَالُوْٓا اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ اكْتَتَبَهَا فَهِيَ تُمْلٰى عَلَيْهِ بُكْرَةً وَّاَصِيْلًا ۝

۳۔ اَمْ يَقُوْلُوْنَ افْتَرٰىهُ ۚ بَلْ هُوَ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّكَ لِتُنْذِرَ قَوْمًا مَّآ اَتٰىهُمْ مِّنْ نَّذِيْرٍ مِّنْ قَبْلِكَ لَعَلَّهُمْ يَهْتَدُوْنَ ۝

۴۔ وَاِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِمْ اٰيٰتُنَا بَيِّنٰتٍ قَالُوْا مَا هٰذَآ اِلَّا رَجُلٌ يُّرِيْدُ اَنْ يَّصُدَّكُمْ عَمَّا كَانَ يَعْبُدُ اٰبَاۗؤُكُمْ ۚ وَقَالُوْا مَا هٰذَآ اِلَّآ اِفْكٌ مُّفْتَرًى ۭ وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لِلْحَقِّ لَمَّا جَاۗءَهُمْ ۙ اِنْ هٰذَآ اِلَّا سِحْرٌ مُّبِيْنٌ ۝ وَمَآ اٰتَيْنٰهُمْ مِّنْ كُتُبٍ يَّدْرُسُوْنَهَا وَمَآ اَرْسَلْنَآ اِلَيْهِمْ قَبْلَكَ مِنْ نَّذِيْرٍ ۝

۵۔ اَمْ يَقُوْلُوْنَ تَقَوَّلَهٗ ۚ بَلْ لَّا يُؤْمِنُوْنَ ۝

والا نہیں آیا۔ شاید وہ ہدایت پر آجائیں۔

۔السجدۃ ۳۲: ۳۔

۴۔ اور جب ان پر ہماری صاف آیتیں پڑھی جاتی ہیں تو کہتے ہیں یہ تو صرف ایک آدمی ہے جو یہ چاہتا ہے کہ تمہیں ان معبودوں سے روک دے، جنہیں تمہارے باپ دادا پوجتے چلے آئے ہیں کہ یہ (قرآن) تو ایک گھڑے ہوئے بہتان کے سوا اور کچھ بھی نہیں۔ اور جو لوگ کافر ہوئے انہوں نے حق کی نسبت، جب وہ ان کے پاس آیا کہا کہ یہ تو کھلے جادو کے سوا اور کچھ بھی نہیں۔ اور حال یہ ہے کہ ہم نے انہیں کوئی ایسی کتابیں نہیں دیں جنہیں وہ پڑھتے ہوں اور ہم نے ان کے پاس تجھ سے پہلے کوئی ڈرانے والا نہیں بھیجا۔

۔سبا ۳۴: ۴۳۔۴۴۔

۵۔ کیا وہ کہتے ہیں کہ اس نے اسے خود بنالیا ہے؟ (کوئی نہیں) بلکہ وہ ایمان نہیں لاتے۔

۔الطور۔۵۲: ۳۳۔

۶۔ کیا وہ یہ کہتے ہیں کہ اس نے اسے خود بنالیا ہے؟ (اے نبی ﷺ!) کہہ دے کہ اگر میں نے اسے خود بنالیا ہے تو میرا گناہ مجھ پر ہے اور جو گناہ تم کرتے ہو اس سے میں بری ہوں۔

۔ھود ۱۱:۳۵۔

۷۔ یہ (قرآن) تو کچھ بھی نہیں محض آدمی کا قول ہے۔

۔المدثر ۷۴:۲۵۔

۲۔ قرآن کو کافر جادو کہتے

۸۔ اور جو لوگ کافر ہوئے انہوں نے حق کی نسبت جب وہ ان کے پاس آیا کہا، کہ یہ تو کھلم کھلا جادو ہے۔ اور بس۔

۔سبا ۳۴:۴۳۔

۹۔ (اے نبی ﷺ!) مجھے اور اسے چھوڑ، جس کو اکیلا پیدا کیا اور اس کو دور دراز تک پھیلا ہوا مال دیا۔ اور بیٹے ہر وقت موجود رہنے والے اور میں نے اس کا بڑا پھیلاؤ پھیلایا۔ پھر وہ یہ طمع رکھتا ہے کہ میں اسے اور زیادہ دوں۔ ہرگز نہیں۔ وہ ہماری آیتوں سے عناد رکھتا تھا۔ عنقریب میں اس کو چڑھائی پر چڑھاؤں گا۔ اس نے فکر کیا اور اندازہ لگایا سو وہ قتل کیا جائے اس نے کیسا (غلط) اندازہ لگایا۔ پھر وہ قتل کیا جائے اس نے کیسا (غلط) اندازہ لگایا۔ پھر اس نے دیکھا پھر تیوری چڑھائی اور ترش رو ہوا۔ پھر پیٹھ پھیری اور گھمنڈ کیا۔ پھر کہا یہ تو کچھ بھی نہیں، محض ایک جادو ہے جو قدیم سے چلا آتا ہے۔ یہ تو کچھ بھی نہیں آدمی کا قول ہے۔ میں اسے دوزخ میں داخل کروں گا۔

۔المدثر ۷۴:۱۱۔۲۶۔

۶۔ اَمْ يَقُوْلُوْنَ افْتَرٰىهُ ؕ قُلْ اِنِ افْتَرَيْتُهٗ فَعَلَيَّ اِجْرَامِيْ وَاَنَا بَرِيْٓءٌ مِّمَّا تُجْرِمُوْنَ ۝

۷۔ اِنْ هٰذَآ اِلَّا قَوْلُ الْبَشَرِ ۝

۸۔ وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لِلْحَقِّ لَمَّا جَآءَهُمْ ۙ اِنْ هٰذَآ اِلَّا سِحْرٌ مُّبِيْنٌ ۝

۹۔ ذَرْنِيْ وَمَنْ خَلَقْتُ وَحِيْدًا ۝ وَّجَعَلْتُ لَهٗ مَالًا مَّمْدُوْدًا ۝ وَّبَنِيْنَ شُهُوْدًا ۝ وَّمَهَّدْتُّ لَهٗ تَمْهِيْدًا ۝ ثُمَّ يَطْمَعُ اَنْ اَزِيْدَ ۝ كَلَّا ؕ اِنَّهٗ كَانَ لِاٰيٰتِنَا عَنِيْدًا ۝ سَاُرْهِقُهٗ صَعُوْدًا ۝ اِنَّهٗ فَكَّرَ وَقَدَّرَ ۝ فَقُتِلَ كَيْفَ قَدَّرَ ۝ ثُمَّ قُتِلَ كَيْفَ قَدَّرَ ۝ ثُمَّ نَظَرَ ۝ ثُمَّ عَبَسَ وَبَسَرَ ۝ ثُمَّ اَدْبَرَ وَاسْتَكْبَرَ ۝ فَقَالَ اِنْ هٰذَآ اِلَّا سِحْرٌ يُّؤْثَرُ ۝ اِنْ هٰذَآ اِلَّا قَوْلُ الْبَشَرِ ۝ سَاُصْلِيْهِ سَقَرَ ۝

۱۰۔ وَاِذَا قُرِئَ عَلَيْهِمُ الْقُرْاٰنُ لَا يَسْجُدُوْنَ ۝

۱۱۔ كَذٰلِكَ سَلَكْنٰهُ فِيْ قُلُوْبِ الْمُجْرِمِيْنَ ۝ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِهٖ حَتّٰى يَرَوُا الْعَذَابَ الْاَلِيْمَ ۝ فَيَاْتِيَهُمْ بَغْتَةً وَّهُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ ۝ فَيَقُوْلُوْا هَلْ نَحْنُ مُنْظَرُوْنَ ۝ اَفَبِعَذَابِنَا يَسْتَعْجِلُوْنَ ۝ اَفَرَءَيْتَ اِنْ مَّتَّعْنٰهُمْ سِنِيْنَ ۝ ثُمَّ جَآءَهُمْ مَّا كَانُوْا يُوْعَدُوْنَ ۝ مَآ اَغْنٰى عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا يُمَتَّعُوْنَ ۝

۳۔ جب قرآن پڑھا جاتا تو کافر سجدہ نہ کرتے

۱۰۔ اور جب ان پر قرآن پڑھا جاتا ہے تو وہ (اس کو سن کر) سجدہ نہیں کرتے۔

۔الانشقاق ۸۴:۲۱۔

۱۱۔ اسی طرح ہم نے (انکار و تکذیب کو) گنہگاروں کے دلوں میں داخل کر دیا ہے وہ اس پر ایمان نہیں لائیں گے جب تک کہ دردناک عذاب نہ دیکھ لیں۔ وہ ان پر اچانک آجائے اور انہیں خبر بھی نہ ہو۔ اس وقت وہ کہیں کہ بھلا ہمیں مہلت بھی دی جاسکتی ہے۔ تو کیا وہ ہمارے عذاب کے لیے جلدی مچا رہے ہیں؟ سو کیا تو نے غور کیا کہ اگر ہم چند سال اور فائدہ پہنچائیں (اور) پھر ان پر وہ (عذاب) آجائے جس کا ان سے وعدہ کیا جاتا ہے تو جو فائدہ انہیں پہنچایا جاتا تھا وہ ان کے کیا کام آئے گا۔

۔الشعراء ۲۶:۲۰۰۔۲۰۷۔

۵۔ قرآن کو کافروں نے جھٹلایا

۱۲۔اور (اے نبی ﷺ!) اس کو تیری قوم نے جھٹلایا۔ حال آنکہ وہ حق ہے (اے نبی ﷺ) کہہ دے کہ تم پر کچھ داروغہ تو ہوں نہیں۔ ہر خبر کا ایک مقرر وقت ہے اور عنقریب ہی تم معلوم کرلو گے۔

۔الانعام ۶: ۶۶۔۶۷۔

۶۔ قرآن کو کافروں نے چھوڑ دیا

۱۳۔اور رسول نے (بطورِ شکایت) کہا کہ اے میرے پروردگار! بے شک میری قوم نے اس قرآن کو چھوڑ دیا۔

۔الفرقان ۲۵: ۳۰۔

۷۔ قرآن سے اعراض کرنے والوں کی گمراہی اور ظلم

۱۴۔اور اس سے بڑھ کر ظالم کون جس کو اس کے پروردگار کی آیتوں سے نصیحت کی گئی تو اس نے ان کی طرف سے مونہہ پھیر لیا اور اس کو بھول گیا جو اس کے ہاتھوں نے زاد (آخرت بنا کر) آگے بھیجا ہے؟ بے شک ہم نے ان کے دلوں پر اس بات کی طرف سے پردے ڈال دیے کہ وہ اسے سمجھیں نہیں اور ان کے کانوں میں گرانی ڈال دی ہے اور اگر تو انہیں ہدایت کی طرف بلائے تو اس وقت وہ کبھی بھی راہِ ہدایت پر نہ آئیں۔

۔الکہف ۱۸: ۵۷۔

۱۵۔اور اس سے بڑھ کر ظالم کون جو اپنے پروردگار کی آیتوں کے ساتھ نصیحت کیا گیا پھر اس نے ان سے مونہہ پھیر لیا۔ بے شک ہم گنہگاروں سے بدلہ لینے والے ہیں۔

۔السجدۃ ۳۲: ۲۲۔

۱۶۔اسی طرح وہ لوگ (دینِ حق سے) پھیرے جاتے ہیں جو اللہ کی آیتوں کا انکار کرتے ہیں۔

۔المؤمن ۴۰: ۶۳۔

۱۲۔وَ كَذَّبَ بِهٖ قَوْمُكَ وَهُوَ الْحَقُّ ؕ قُلْ لَّسْتُ عَلَيْكُمْ بِوَكِيْلٍ ؕ لِكُلِّ نَبَاٍ مُّسْتَقَرٌّ ؗ وَّسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ۝

۱۳۔وَقَالَ الرَّسُوْلُ يٰرَبِّ اِنَّ قَوْمِي اتَّخَذُوْا هٰذَا الْقُرْاٰنَ مَهْجُوْرًا ۝

۱۴۔وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنْ ذُكِّرَ بِاٰيٰتِ رَبِّهٖ فَاَعْرَضَ عَنْهَا وَنَسِيَ مَا قَدَّمَتْ يَدٰهُ ؕ اِنَّا جَعَلْنَا عَلٰى قُلُوْبِهِمْ اَكِنَّةً اَنْ يَّفْقَهُوْهُ وَفِيْٓ اٰذَانِهِمْ وَقْرًا ؕ وَاِنْ تَدْعُهُمْ اِلَى الْهُدٰى فَلَنْ يَّهْتَدُوْٓا اِذًا اَبَدًا ۝

۱۵۔وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنْ ذُكِّرَ بِاٰيٰتِ رَبِّهٖ ثُمَّ اَعْرَضَ عَنْهَا ؕ اِنَّا مِنَ الْمُجْرِمِيْنَ مُنْتَقِمُوْنَ ۝

۱۶۔كَذٰلِكَ يُؤْفَكُ الَّذِيْنَ كَانُوْا بِاٰيٰتِ اللّٰهِ يَجْحَدُوْنَ ۝

۱۷۔وَمَنْ اَعْرَضَ عَنْ ذِكْرِيْ فَاِنَّ لَهٗ مَعِيْشَةً ضَنْكًا وَّنَحْشُرُهٗ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ اَعْمٰى ۝ قَالَ رَبِّ لِمَ حَشَرْتَنِيْٓ اَعْمٰى وَقَدْ كُنْتُ بَصِيْرًا ۝ قَالَ كَذٰلِكَ اَتَتْكَ اٰيٰتُنَا فَنَسِيْتَهَا ۚ وَكَذٰلِكَ الْيَوْمَ تُنْسٰى ۝ وَكَذٰلِكَ نَجْزِيْ مَنْ اَسْرَفَ وَلَمْ يُؤْمِنْۢ بِاٰيٰتِ رَبِّهٖ ؕ وَلَعَذَابُ الْاٰخِرَةِ اَشَدُّ وَاَبْقٰى ۝

۱۸۔مَنْ اَعْرَضَ عَنْهُ فَاِنَّهٗ يَحْمِلُ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وِزْرًا ۝ خٰلِدِيْنَ فِيْهِ ؕ

۸۔ قرآن سے اعراض کرنے والے قیامت کو اندھے اٹھیں گے

۱۷۔اور جس نے میری یاد سے روگردانی کی بے شک اس کے لیے تنگ گزران ہے اور قیامت کے دن ہم اسے اندھا اٹھائیں گے۔ وہ کہے گا اے میرے پروردگار! تو نے مجھے اندھا (کرکے) کیوں اٹھایا، میں بینا تھا۔ اللہ کہے گا اسی طرح تیرے پاس ہماری آیتیں آئیں تو تو نے انہیں بھلا دیا اور اسی طرح آج تجھے بھلایا جاتا ہے۔ اور اسی طرح کی سزا ہم اس شخص کو دیتے ہیں جو حد سے باہر نکل گیا اور ہماری آیتوں پر ایمان نہیں لایا اور بے شک عذابِ آخرت زیادہ سخت اور (ہمیشہ) باقی رہنے والا ہے۔

۔طٰہٰ ۲۰: ۱۲۴۔۱۲۷

۹۔ قرآن سے اعراض کرنے والے قیامت کو گناہوں کا بوجھ اٹھائیں گے

۱۸۔اور جو اس سے روگردانی کرے گا، بے شک وہ قیامت کے

دن (گناہوں کا) بوجھ اٹھائے گا۔ وہ ہمیشہ اسی (گناہ) میں رہیں گے اور وہ قیامت کے دن ان کے لیے بڑا بوجھ ہے۔

-طٰہٰ ۲۰: ۱۰۰-۱۰۱-

۱۹۔اور جب ان سے کہا گیا کہ تمہارے پروردگار نے کیا (حکم) نازل کیا تو کہا کہ اگلوں کی کہانیاں۔ تاکہ وہ قیامت کے دن اپنے (گناہوں کے) پورے بوجھ اٹھائیں اور ان کے بوجھ بھی جنہیں وہ بغیر علم کے گمراہ کرتے ہیں۔سن لو کہ بڑا بوجھ ہے جو وہ اٹھاتے ہیں۔

-النحل ۱۶: ۲۴-۲۵-

۲۰۔اور جنہوں نے جھٹلایا ہماری نشانیوں کو انہیں عذاب پکڑے گا اس لیے کہ وہ نافرمانی کیا کرتے تھے۔

-الانعام ۶: ۴۹-

۱۰۔ قرآن کا انکار بدکار ہی کرتے ہیں

۲۱۔اور اس کا انکار صرف بدکار ہی کرتے ہیں۔

-البقرۃ ۲-۹۹-

۱۱۔ قرآن نہ ماننے والوں کے لیے عذابِ نار

۲۲۔تو کیا جو شخص اپنے پروردگار کی طرف سے کھلی سند پر ہے اور اس کی طرف سے ایک گواہ اس کے پیچھے لگا ہوا ہے اور اس سے پہلے موسیٰ کی کتاب ہے جو (لوگوں کے لیے) امام اور رحمت ہے (منکر کی برابر ہو جائے گا)۔یہی لوگ اس پر ایمان لاتے ہیں اور جماعتوں میں سے جو اس کا انکار کرے گا وعدہ کے مطابق اس کا ٹھکانا آگ ہے۔تو (اے نبی ﷺ!) تو اس کی طرف سے شک میں نہ ہو۔ بے شک وہ تیرے پروردگار کی طرف سے حق ہے لیکن اکثر آدمی ایمان نہیں لاتے۔

-ھود ۱۱: ۱۷-

وَسَاءَ لَهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ حِمْلًا ﴿۱۰۱﴾

۱۹۔وَإِذَا قِيلَ لَهُمْ مَّاذَا أَنْزَلَ رَبُّكُمْ قَالُوا أَسَاطِيرُ الْأَوَّلِينَ ﴿۲۴﴾ لِيَحْمِلُوا أَوْزَارَهُمْ كَامِلَةً يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَمِنْ أَوْزَارِ الَّذِينَ يُضِلُّونَهُمْ بِغَيْرِ عِلْمٍ أَلَا سَاءَ مَا يَزِرُونَ ﴿۲۵﴾

۲۰۔وَالَّذِينَ كَذَّبُوا بِاٰيٰتِنَا يَمَسُّهُمُ الْعَذَابُ بِمَا كَانُوا يَفْسُقُونَ ﴿۴۹﴾

۲۱۔وَمَا يَكْفُرُ بِهَا إِلَّا الْفٰسِقُونَ ﴿۹۹﴾

۲۲۔أَفَمَنْ كَانَ عَلٰى بَيِّنَةٍ مِّنْ رَّبِّهِ وَيَتْلُوهُ شَاهِدٌ مِّنْهُ وَمِنْ قَبْلِهِ كِتٰبُ مُوسٰى إِمَامًا وَّرَحْمَةً أُولٰئِكَ يُؤْمِنُونَ بِهِ وَمَنْ يَّكْفُرْ بِهِ مِنَ الْأَحْزَابِ فَالنَّارُ مَوْعِدُهُ فَلَا تَكُ فِي مِرْيَةٍ مِّنْهُ إِنَّهُ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّكَ وَلٰكِنَّ أَكْثَرَ النَّاسِ لَا يُؤْمِنُونَ ﴿۱۷﴾

۲۳۔وَكَذٰلِكَ نَجْزِي مَنْ أَسْرَفَ وَلَمْ يُؤْمِنْ بِاٰيٰتِ رَبِّهِ وَلَعَذَابُ الْاٰخِرَةِ أَشَدُّ وَأَبْقٰى ﴿۱۲۷﴾

۲۴۔وَالَّذِينَ سَعَوْا فِي اٰيٰتِنَا مُعٰجِزِينَ أُولٰئِكَ أَصْحٰبُ الْجَحِيمِ ﴿۵۱﴾

۲۵۔وَالَّذِينَ سَعَوْ فِي اٰيٰتِنَا مُعٰجِزِينَ أُولٰئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ مِّنْ رِّجْزٍ أَلِيمٌ ﴿۵﴾

۲۶۔وَالَّذِينَ يَسْعَوْنَ فِي اٰيٰتِنَا مُعٰجِزِينَ أُولٰئِكَ فِي الْعَذَابِ

۲۳۔اور اسی طرح کی سزا ہم اس شخص کو دیتے ہیں جو حد سے باہر نکل گیا اور اپنے پروردگار کی آیتوں پر ایمان نہ لایا اور بے شک آخرت کا عذاب بڑا سخت اور (ہمیشہ) باقی رہنے والا ہے۔

-طٰہٰ ۲۰: ۱۲۷-

۲۴۔اور جن لوگوں نے ہماری آیتوں کے ہرانے کی کوشش کی، وہی دوزخی ہیں۔

-الحج ۲۲: ۵۱-

۲۵۔اور جن لوگوں نے ہماری آیتوں کے ہرانے کی کوشش کی انہیں کے لیے سخت قسم کا دردناک عذاب ہے۔

-سبا ۳۴: ۵-

۲۶۔اور جو ہماری آیتوں کے ہرانے کی کوشش کرتے ہیں وہی عذاب

میں حاضر کیے جائیں گے۔

-سبا۳۴: ۳۸-

۲۷۔ بلکہ ان کے دل اس کی طرف سے غفلت میں ہیں اور ان کے لیے اس کے علاوہ عمل ہیں، جو وہ کر رہے ہیں یہاں تک کہ جب ہم نے ان کے خوش حال لوگوں کو عذاب میں دھر پکڑا، تو اسی دم وہ چلا اٹھے۔ آج تم نہ چلاؤ۔ بے شک تم (ہمارے مقابلے میں کسی طرف سے بھی) مدد نہیں کیے جاؤ گے۔ میری آیتیں تم پر پڑھی جاتی تھیں تو تم اپنی ایڑیوں پر (کفر کی طرف) الٹ جاتے تھے، گھمنڈ کرتے ہوئے اس کو افسانہ بناتے ہوئے (اور) فضول بکواس کرتے ہوئے۔

-المومنون۲۳: ۶۳-۶۷-

۲۸۔ اور اس (نصیحت) سے وہ بدبخت دور رہے گا جو بڑی آگ میں داخل ہوگا۔ پھر نہ اس میں مرے گا اور نہ زندہ ہی رہے گا۔

-الاعلیٰ۸۷: ۱۱-۱۳

۱۲۔ قرآن سے انحراف کرنے سے زندگی میں اور مرنے کے بعد دہرا عذاب

۲۹۔ (اگر تو قرآن سے اعراض کرتا تو) اس وقت ہم تجھے زندگی میں بھی اور موت کے بعد بھی ضرور دہری دہری مار کا مزہ چکھاتے پھر تو ہمارے مقابلے میں کوئی اپنا مددگار بھی نہ پاتا۔

-بنی اسرائیل۱۷: ۷۵-

۱۳۔ قرآن سے ظالموں کو نقصان ہی پہنچتا ہے

۳۰۔ اور (قرآن) ظالموں کے لیے گھاٹا ہی بڑھاتا ہے۔

-بنی اسرائیل۱۷: ۸۲-

مُحْضَرُوْنَ ۝

۲۷۔ بَلْ قُلُوْبُهُمْ فِيْ غَمْرَةٍ مِّنْ هٰذَا وَلَهُمْ اَعْمَالٌ مِّنْ دُوْنِ ذٰلِكَ هُمْ لَهَا عٰمِلُوْنَ ۝ حَتّٰۤى اِذَاۤ اَخَذْنَا مُتْرَفِيْهِمْ بِالْعَذَابِ اِذَا هُمْ يَجْـَٔرُوْنَ ۝ لَا تَجْـَٔرُوا الْيَوْمَ اِنَّكُمْ مِّنَّا لَا تُنْصَرُوْنَ ۝ قَدْ كَانَتْ اٰيٰتِيْ تُتْلٰى عَلَيْكُمْ فَكُنْتُمْ عَلٰۤى اَعْقَابِكُمْ تَنْكِصُوْنَ ۝ مُسْتَكْبِرِيْنَ بِهٖ سٰمِرًا تَهْجُرُوْنَ ۝

۲۸۔ وَيَتَجَنَّبُهَا الْاَشْقَى ۝ الَّذِيْ يَصْلَى النَّارَ الْكُبْرٰى ۝ ثُمَّ لَا يَمُوْتُ فِيْهَا وَلَا يَحْيٰى ۝

۲۹۔ اِذًا لَّاَذَقْنٰكَ ضِعْفَ الْحَيٰوةِ وَضِعْفَ الْمَمَاتِ ثُمَّ لَا تَجِدُ لَكَ عَلَيْنَا نَصِيْرًا ۝

۳۰۔ وَلَا يَزِيْدُ الظّٰلِمِيْنَ اِلَّا خَسَارًا ۝

۳۱۔ وَلَيَزِيْدَنَّ كَثِيْرًا مِّنْهُمْ مَّاۤ اُنْزِلَ اِلَيْكَ مِنْ رَّبِّكَ طُغْيَانًا وَّكُفْرًا

۳۲۔ وَاِنَّا لَنَعْلَمُ اَنَّ مِنْكُمْ مُّكَذِّبِيْنَ ۝ وَاِنَّهٗ لَحَسْرَةٌ عَلَى الْكٰفِرِيْنَ ۝

۳۳۔ وَلَوْ نَزَّلْنٰهُ عَلٰى بَعْضِ الْاَعْجَمِيْنَ ۝ فَقَرَاَهٗ عَلَيْهِمْ مَّا كَانُوْا بِهٖ مُؤْمِنِيْنَ ۝

۱۴۔ قرآن کافروں کا کفر اور بڑھاتا ہے

۳۱۔ اور (اے نبی ﷺ!) بے شک جو تیرے پروردگار کی طرف سے تجھ پر اترا ہے، ان میں بہتوں کی سرکشی اور کفر کو بڑھاتا ہے۔

-المائدۃ۵: ۶۴، ۶۸-

۱۵۔ قرآن کافروں کے لیے موجبِ حسرت ہے

۳۲۔ اور بے شک ہم جانتے ہیں کہ تم میں بعض جھٹلانے والے ہیں اور بے شک وہ کافروں کے لیے موجبِ حسرت ہے۔

-الحاقۃ۶۹: ۴۹-۵۰-

۱۶۔ اگر قرآن عجمی زبان میں نازل ہوتا منکر تب بھی نہ مانتے

۳۳۔ اور (اے نبی ﷺ) اگر ہم اس (قرآن) کو کسی عجمی پر اتارتے پھر وہ اس کو ان پر پڑھتا تو (بھی) وہ اس پر ایمان نہ لاتے۔

-الشعراء۲۶: ۱۹۸-۱۹۹-

۴۴۔اور اگر ہم اس کو عجمی قرآن بنا دیتے تو وہ ضرور یہی کہتے کہ اس کی آیتیں کھولی نہیں گئیں۔ بھلا (قرآن) عجمی اور (قوم) عربی! (اے نبی ﷺ!) کہہ دے کہ وہ تو ان لوگوں کے لیے جو ایمان لائے ہیں ہدایت اور شفا ہے اور جو لوگ ایمان نہیں لاتے ان کے کانوں میں گرانی ہے اور وہ ان پر اندھا ہے۔ یہی لوگ ہیں جو دور کے فاصلے سے پکارے جاتے ہیں۔

۔حٰمٓ السجدۃ ۴۱: ۴۴۔

آدابِ تلاوتِ قرآن

۱۔ قرآن پڑھنا شروع کرو تو پہلے شیطان سے اللہ کی پناہ مانگو

۱۔پس جب تو قرآن پڑھنا شروع کرے تو (پہلے) شیطان مردود سے اللہ کی پناہ مانگ لیا کر۔

۔النحل ۱٦: ۹۸۔

۲۔ قرآن اللہ کا نام لے کر پڑھنا چاہیے

۲۔(اے نبی ﷺ) اپنے پروردگار کا نام لے کر جس نے پیدا کیا (یہ قرآن) پڑھ۔

۔العلق ۹٦: ۱۔

۳۔ قرآن ٹھہر ٹھہر کر پڑھنا چاہیے

۳۔اور قرآن کو ہم نے پارہ پارہ کر کے اتارا تاکہ تو اس کو لوگوں پر وقفہ دے دے کر پڑھے اور ہم نے اس کو ٹھہر ٹھہر کر اتارا۔

۔بنی اسرائیل ۱۷: ۱۰٦۔

۴۔یا اس پر زیادہ کر اور قرآن کو ٹھہر ٹھہر کر پڑھ۔

۔المزمل ۷۳: ۴۔

۴۴۔وَلَوْ جَعَلْنٰهُ قُرْاٰنًا اَعْجَمِيًّا لَّقَالُوْا لَوْلَا فُصِّلَتْ اٰيٰتُهٗ ءَاَعْجَمِيٌّ وَّعَرَبِيٌّ قُلْ هُوَ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا هُدًى وَّشِفَآءٌ وَالَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ فِيْۤ اٰذَانِهِمْ وَقْرٌ وَّهُوَ عَلَيْهِمْ عَمًى اُولٰٓئِكَ يُنَادَوْنَ مِنْ مَّكَانٍ بَعِيْدٍ ﴿۴۴﴾

۱۔فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ ﴿۹۸﴾

۲۔اِقْرَاْ بِاسْمِ رَبِّكَ الَّذِيْ خَلَقَ ﴿۱﴾

۳۔وَقُرْاٰنًا فَرَقْنٰهُ لِتَقْرَاَهٗ عَلَى النَّاسِ عَلٰى مُكْثٍ وَّنَزَّلْنٰهُ تَنْزِيْلًا ﴿۱۰٦﴾

۴۔اَوْ زِدْ عَلَيْهِ وَرَتِّلِ الْقُرْاٰنَ تَرْتِيْلًا ﴿۴﴾

۵۔فَتَعٰلَى اللّٰهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ وَلَا تَعْجَلْ بِالْقُرْاٰنِ مِنْ قَبْلِ اَنْ يُّقْضٰۤى اِلَيْكَ وَحْيُهٗ وَقُلْ رَّبِّ زِدْنِيْ عِلْمًا ﴿۱۱۴﴾

٦۔وَاِذَا قُرِئَ الْقُرْاٰنُ فَاسْتَمِعُوْا لَهٗ وَاَنْصِتُوْا لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ ﴿۲۰۴﴾

۷۔وَاِذَا رَاَيْتَ الَّذِيْنَ يَخُوْضُوْنَ فِيْۤ اٰيٰتِنَا فَاَعْرِضْ عَنْهُمْ حَتّٰى يَخُوْضُوْا فِيْ حَدِيْثٍ غَيْرِهٖ وَاِمَّا يُنْسِيَنَّكَ الشَّيْطٰنُ فَلَا تَقْعُدْ بَعْدَ الذِّكْرٰى مَعَ

۵۔پس بلند مرتبہ ہے بادشاہِ برحق اور (اے نبی ﷺ) قرآن (کے یاد کرنے) میں اس سے پہلے ہی کہ تیری طرف اس کی وحی ختم کی جائے جلدی نہ کر اور کہہ کہ اے میرے پروردگار! مجھے اور زیادہ علم دے۔

۔طٰہٰ ۲۰: ۱۱۴۔

۴۔ جب قرآن پڑھا جائے تو اس کو خاموش ہو کر سنو

٦۔اور جب قرآن پڑھا جائے تو اس کو سنو اور خاموش رہو تاکہ تم پر رحم کیا جائے۔

۔الاعراف ۷: ۲۰۴۔

۵۔ جہاں قرآن کی توہین ہو وہاں نہ بیٹھو

۷۔اور (اے نبی ﷺ!) جب تو ان لوگوں کو دیکھے جو ہماری آیتوں میں فضول بکواس کرتے ہیں تو ان سے کنارہ کشی کر یہاں تک کہ وہ اس کے سوا کسی اور بات میں بکواس کرنے لگیں۔ اور یہ

بات شیطان تجھے بھلا دے تو یاد آنے کے بعد ان ظالم لوگوں کے پاس نہ بیٹھو۔

-الانعام ۶:۶۸-

۶۔ قرآن کے اتباع کا حکم

۸۔(اے نبی ﷺ!) جو کچھ تیری طرف تیرے پروردگار کی جانب سے وحی کیا گیا ہے اس پر چل۔ اس کے سوا کوئی معبود نہیں اور مشرکوں کی طرف سے منہ پھیر لے۔

-الانعام ۶:۱۰۶-

۹۔(اے نبی ﷺ) یہ ایک کتاب ہے جو تیری طرف اتاری گئی ہے تو اس سے تیرے دل میں کسی قسم کی تنگی پیدا نہ ہو۔ تاکہ تو اس کے ذریعہ سے (لوگوں کو) ڈرائے اور ایمان داروں کے لیے بشارت ہو۔ اس پر چلو جو تمہارے پروردگار کی طرف سے تمہاری طرف اتارا گیا ہے اور اس کے سوا کارسازوں کی پیروی نہ کرو۔ تم بہت تھوڑی نصیحت پکڑتے ہو۔

-الاعراف ۷:۱-۳-

۱۰۔(اے نبی ﷺ) کہہ دے کہ میں تو بس اسی پر چلتا ہوں جو میرے پروردگار کی طرف سے میری طرف وحی کی جاتی ہے۔

-الاعراف ۷:۲۰۳-

۱۱۔اور (اے نبی ﷺ!) جو وحی تیری طرف کی جاتی ہے اس پر چل اور اللہ کے فیصلہ کرنے تک صبر کر اور وہ سب حاکموں سے بہتر ہے۔

-یونس ۱۰:۱۰۹-

۱۲۔اور (اے نبی ﷺ!) جو وحی تیرے پروردگار کی طرف سے کی جاتی ہے اسی پر چل۔ اللہ تمہارے عملوں سے خبردار ہے۔

-الاحزاب ۳۳:۲-

۱۳۔اور (لوگو!) اس اچھی بات پر چلو جو تمہارے پروردگار کی طرف سے تمہاری طرف نازل کی گئی ہے،

الْقَوْمِ الظّٰلِمِیْنَ ﴿۶۸﴾

۸۔ اِتَّبِعْ مَآ اُوْحِیَ اِلَیْکَ مِنْ رَّبِّکَ ۚ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ وَاَعْرِضْ عَنِ الْمُشْرِکِیْنَ ﴿۱۰۶﴾

۹۔ الٓمّٓصٓ ﴿۱﴾ کِتٰبٌ اُنْزِلَ اِلَیْکَ فَلَا یَکُنْ فِیْ صَدْرِکَ حَرَجٌ مِّنْهُ لِتُنْذِرَ بِهٖ وَذِکْرٰی لِلْمُؤْمِنِیْنَ ﴿۲﴾ اِتَّبِعُوْا مَآ اُنْزِلَ اِلَیْکُمْ مِّنْ رَّبِّکُمْ وَلَا تَتَّبِعُوْا مِنْ دُوْنِهٖۤ اَوْلِیَآءَ ؕ قَلِیْلًا مَّا تَذَکَّرُوْنَ ﴿۳﴾

۱۰۔ قُلْ اِنَّمَآ اَتَّبِعُ مَا یُوْحٰۤی اِلَیَّ مِنْ رَّبِّیْ ۚ

۱۱۔ وَاتَّبِعْ مَا یُوْحٰۤی اِلَیْکَ وَاصْبِرْ حَتّٰی یَحْکُمَ اللّٰهُ ۚ وَهُوَ خَیْرُ الْحٰکِمِیْنَ ﴿۱۰۹﴾

۱۲۔ وَّاتَّبِعْ مَا یُوْحٰۤی اِلَیْکَ مِنْ رَّبِّکَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ کَانَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِیْرًا ﴿۲﴾

۱۳۔ وَاتَّبِعُوْۤا اَحْسَنَ مَآ اُنْزِلَ اِلَیْکُمْ مِّنْ رَّبِّکُمْ مِّنْ قَبْلِ اَنْ یَّاْتِیَکُمُ الْعَذَابُ بَغْتَةً وَّاَنْتُمْ لَا تَشْعُرُوْنَ ﴿۵۵﴾

۱۴۔ فَاسْتَمْسِکْ بِالَّذِیْۤ اُوْحِیَ اِلَیْکَ ۚ اِنَّکَ عَلٰی صِرَاطٍ مُّسْتَقِیْمٍ ﴿۴۳﴾

۱۵۔ کَذٰلِکَ اَرْسَلْنٰکَ فِیْۤ اُمَّةٍ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهَاۤ اُمَمٌ لِّتَتْلُوَا۠ عَلَیْهِمُ الَّذِیْۤ اَوْحَیْنَاۤ اِلَیْکَ وَهُمْ یَکْفُرُوْنَ بِالرَّحْمٰنِ ؕ قُلْ هُوَ رَبِّیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ عَلَیْهِ تَوَکَّلْتُ وَاِلَیْهِ مَتَابِ ﴿۳۰﴾

اس سے پہلے کہ اچانک تم پر عذاب آ جائے اور تمہیں خبر بھی نہ ہو۔

-الزمر ۳۹:۵۵-

۱۴۔پس (اے نبی ﷺ!) جو وحی تیری طرف کی جاتی ہے اس کو مضبوطی سے پکڑے رہ۔ بے شک تو سیدھی راہ پر ہے۔

-الزخرف ۴۳:۴۳-

۷۔ تبلیغ قرآن کا حکم

۱۵۔(اے نبی ﷺ!) اسی طرح ہم نے تجھے اس امت میں بھیجا جس سے پہلے بہت سی امتیں گزر چکی ہیں تاکہ ان پر وہ (قرآن) پڑھے جو ہم نے تیری طرف بذریعہ وحی بھیجا ہے اور وہ تو رحمٰن ہی کا انکار کرتے ہیں۔ کہہ دے کہ وہ میرا پروردگار ہے۔ اس کے سوا کوئی معبود نہیں۔ میں نے اسی پر بھروسہ کیا ہے اور اسی کی طرف میرا رجوع ہے۔

-الرعد ۱۳:۳۰-

۱۶۔اور (اے نبی ﷺ!) اگر ہم تجھے (تیری زندگی میں) بعض وہ عذاب جن کا ہم ان سے وعدہ کرتے ہیں دکھلا دیں یا (اس سے پہلے ہی) تجھے مار دیں (تو ایک ہی بات ہے)۔ تیرا کام صرف پیغام پہنچا دینا ہے اور ہمارا ذمہ حساب لینا ہے۔

۔الرعد ۱۳: ۴۰۔

۱۷۔سو (اے نبی ﷺ!) جس بات کا تجھے حکم دیا جاتا ہے اس کو ظاہر کر اور جاہلوں سے مونہہ پھیر لے۔

۔الحجر ۱۵: ۹۴۔

۱۸۔اور (اے نبی ﷺ!) ہم نے تیری طرف یہ نصیحت اس لیے اتاری ہے تا کہ تو لوگوں سے اس بات کو بیان کر دے جو ان کی طرف اتاری گئی ہے تا کہ وہ سوچیں۔

۔النحل ۱۶: ۴۴۔

۱۹۔اور (اے نبی ﷺ!) ہم نے تجھ پر یہ کتاب محض اس لیے اتاری ہے تا کہ تو ان سے وہ باتیں بیان کر دے جن میں وہ اختلاف کر رہے ہیں اور وہ ایمان دار لوگوں کے لیے ہدایت اور رحمت ہو۔

۔النحل ۱۶: ۶۴۔

۲۰۔اور (اے نبی ﷺ!) تیرے پروردگار کی جو کتاب بذریعۂ وحی تیرے طرف بھیجی گئی ہے، اس کو پڑھتا رہ۔ کوئی اس کی باتوں کا بدلنے والا نہیں ہے اور تو ہرگز اس کے سوا کوئی پناہ کی جگہ نہیں پائے گا۔

۔الکہف ۱۸: ۲۷۔

۲۱۔اور یہ کہ میں قرآن پڑھتا رہوں۔ سو جو ہدایت پر آئے وہ اپنے ہی نفع کے لیے ہدایت پر آتا ہے اور جو کوئی گمراہ ہو تو کہہ دے کہ میں تو ڈرانے والا ہوں اور بس۔

۔النمل ۲۷: ۹۲۔

۱۶۔ وَاِنْ مَّا نُرِيَنَّكَ بَعْضَ الَّذِيْ نَعِدُهُمْ اَوْ نَتَوَفَّيَنَّكَ فَاِنَّمَا عَلَيْكَ الْبَلٰغُ وَعَلَيْنَا الْحِسَابُ ﴿۴۰﴾

۱۷۔ فَاصْدَعْ بِمَا تُؤْمَرُ وَاَعْرِضْ عَنِ الْمُشْرِكِيْنَ ﴿۹۴﴾

۱۸۔ وَاَنْزَلْنَآ اِلَيْكَ الذِّكْرَ لِتُبَيِّنَ لِلنَّاسِ مَا نُزِّلَ اِلَيْهِمْ وَلَعَلَّهُمْ يَتَفَكَّرُوْنَ ﴿۴۴﴾

۱۹۔ وَمَآ اَنْزَلْنَا عَلَيْكَ الْكِتٰبَ اِلَّا لِتُبَيِّنَ لَهُمُ الَّذِي اخْتَلَفُوْا فِيْهِ ۙ وَهُدًى وَّرَحْمَةً لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ﴿۶۴﴾

۲۰۔ وَاتْلُ مَآ اُوْحِيَ اِلَيْكَ مِنْ كِتَابِ رَبِّكَ ۚ لَا مُبَدِّلَ لِكَلِمٰتِهٖ ۚ وَلَنْ تَجِدَ مِنْ دُوْنِهٖ مُلْتَحَدًا ﴿۲۷﴾

۲۱۔ وَاَنْ اَتْلُوَا الْقُرْاٰنَ ۚ فَمَنِ اهْتَدٰى فَاِنَّمَا يَهْتَدِيْ لِنَفْسِهٖ ۚ وَمَنْ ضَلَّ فَقُلْ اِنَّمَآ اَنَا مِنَ الْمُنْذِرِيْنَ ﴿۹۲﴾

۲۲۔ وَلَا يَصُدُّنَّكَ عَنْ اٰيٰتِ اللّٰهِ بَعْدَ اِذْ اُنْزِلَتْ اِلَيْكَ وَادْعُ اِلٰى رَبِّكَ وَلَا تَكُوْنَنَّ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ﴿۸۷﴾

۲۳۔ اُتْلُ مَآ اُوْحِيَ اِلَيْكَ مِنَ الْكِتٰبِ

۱۔ وَاٰمِنُوْا بِمَآ اَنْزَلْتُ مُصَدِّقًا لِّمَا مَعَكُمْ وَلَا تَكُوْنُوْٓا اَوَّلَ كَافِرٍۢ بِهٖ ۠ وَلَا

۲۲۔اور (اے نبی ﷺ!) کہیں وہ تجھے اللہ کی آیتوں سے بعد اس کے کہ وہ تیری طرف اتاری گئی ہیں روک نہ دیں اور تو اپنے پروردگار کی طرف بلا اور مشرکوں سے ہرگز نہ ہو۔

۔القصص ۲۸: ۸۷۔

۲۳۔(اے نبی ﷺ!) جو کتاب تیری طرف وحی کی گئی ہے اس کو پڑھتا رہ۔

۔العنکبوت ۲۹: ۴۵۔

تورات

۱۔ توریت کی تصدیق قرآن نے کی

۱۔اور جو کتاب میں نے (اپنے رسول محمد پر) نازل کی ہے جو تمہاری

کتاب (توراتِ) کو سچا کہتی ہے اس پر ایمان لاؤ اور اس سے منکرِ اول نہ بنو اور میری آیتوں میں (تحریف کر کے) ان کے بدلے تھوڑی سی قیمت (یعنی دنیاوی منفعت) نہ حاصل کرو اور مجھی سے خوف رکھو۔

-البقرۃ ۲: ۴۱-

۲۔ اور جب اللہ کے ہاں سے ان کے پاس کتاب آئی جو اُن کی (آسمانی) کتاب کی بھی تصدیق کرتی ہے اور وہ پہلے (ہمیشہ) کافروں پر فتح مانگا کرتے تھے۔ تو جس چیز کو وہ خوب پہچانتے تھے جب ان کے پاس آ پہنچی تو اس سے کافر ہو گئے پس کافروں پر اللہ کی لعنت۔

-البقرۃ ۲: ۸۹-

۳۔ اور جب ان سے کہا جاتا ہے کہ جو (کتاب) اللہ نے (اب) نازل فرمائی ہے اس کو مانو تو کہتے ہیں کہ جو کتاب ہم پر (پہلے) نازل ہو چکی ہے ہم تو اسی کو مانتے ہیں (یعنی) یہ اس کے سوا اور (کتاب) کو نہیں مانتے حالانکہ وہ (سراسر) سچی ہے اور جو اُن کی (آسمانی) کتاب ہے اس کی بھی تصدیق کرتی ہے۔ (ان سے) کہہ دو کہ اگر تم صاحبِ ایمان ہوتے تو اللہ کے پیغمبروں کو پہلے ہی کیوں قتل کیا کرتے۔

-البقرۃ ۲: ۹۱-

۴۔ کہہ دو کہ جو شخص جبرئیل کا دشمن ہو (اُس کو غصے میں مرجانا چاہیے) اس نے تو (یہ کتاب) اللہ کے حکم سے تمہارے دل پر نازل کی ہے جو پہلی کتابوں کی تصدیق کرتی ہے اور ایمان والوں کے لیے ہدایت اور بشارت ہے۔

-البقرۃ ۲: ۹۷

تَشْتَرُوْا بِاٰيٰتِيْ ثَمَنًا قَلِيْلًا ۡ وَّاِيَّايَ فَاتَّقُوْنِ ﴿۴۱﴾

۲۔ وَلَمَّا جَآءَهُمْ كِتٰبٌ مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ مُصَدِّقٌ لِّمَا مَعَهُمْ ۙ وَكَانُوْا مِنْ قَبْلُ يَسْتَفْتِحُوْنَ عَلَى الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ۚ فَلَمَّا جَآءَهُمْ مَّا عَرَفُوْا كَفَرُوْا بِهٖ ۡ فَلَعْنَةُ اللّٰهِ عَلَى الْكٰفِرِيْنَ ﴿۸۹﴾

۳۔ وَاِذَا قِيْلَ لَهُمْ اٰمِنُوْا بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ قَالُوْا نُؤْمِنُ بِمَآ اُنْزِلَ عَلَيْنَا وَيَكْفُرُوْنَ بِمَا وَرَآءَهٗ ۗ وَهُوَ الْحَقُّ مُصَدِّقًا لِّمَا مَعَهُمْ ۭ قُلْ فَلِمَ تَقْتُلُوْنَ اَنْۢبِيَآءَ اللّٰهِ مِنْ قَبْلُ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿۹۱﴾

۴۔ قُلْ مَنْ كَانَ عَدُوًّا لِّجِبْرِيْلَ فَاِنَّهٗ نَزَّلَهٗ عَلٰى قَلْبِكَ بِاِذْنِ اللّٰهِ مُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ وَهُدًى وَّبُشْرٰى لِلْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۹۷﴾

۵۔ وَلَمَّا جَآءَهُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ مُصَدِّقٌ لِّمَا مَعَهُمْ نَبَذَ فَرِيْقٌ مِّنَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ ۙ كِتٰبَ اللّٰهِ وَرَآءَ ظُهُوْرِهِمْ كَاَنَّهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۱۰۱﴾

۶۔ وَاِذْ اَخَذَ اللّٰهُ مِيْثَاقَ النَّبِيّٖنَ لَمَآ اٰتَيْتُكُمْ مِّنْ كِتٰبٍ وَّحِكْمَةٍ ثُمَّ جَآءَكُمْ رَسُوْلٌ مُّصَدِّقٌ لِّمَا مَعَكُمْ لَتُؤْمِنُنَّ بِهٖ وَلَتَنْصُرُنَّهٗ ۭ قَالَ ءَاَقْرَرْتُمْ وَاَخَذْتُمْ عَلٰى ذٰلِكُمْ اِصْرِيْ ۭ قَالُوْٓا اَقْرَرْنَا ۭ قَالَ فَاشْهَدُوْا وَاَنَا مَعَكُمْ مِّنَ الشّٰهِدِيْنَ ﴿۸۱﴾

۵۔ اور جب ان کے پاس اللہ کی طرف سے پیغمبر (آخرالزماں) آئے اور وہ اُن کی (آسمانی) کتاب کی تصدیق بھی کرتے ہیں تو جن لوگوں کو کتاب دی گئی تھی ان میں سے ایک جماعت نے اللہ کی کتاب کو پیٹھ پیچھے پھینک دیا گویا وہ جانتے ہی نہیں۔

-البقرۃ ۲: ۱۰۱

۶۔ اور جب خدا نے پیغمبروں سے عہد لیا کہ جب میں تم کو کتاب اور دانائی عطا کروں پھر تمہارے پاس کوئی پیغمبر آئے جو تمہاری کتاب کی تصدیق کرے تو تمہیں ضرور اس پر ایمان لانا ہوگا اور ضرور اس کی مدد کرنی ہوگی۔ اور (عہد لینے کے بعد) پوچھا کہ بھلا تم نے اقرار کیا اور اس اقرار پر میرا ذمہ لیا (یعنی مجھے ضامن ٹھہرایا)۔ انہوں نے کہا (ہاں) ہم نے اقرار کیا۔ (اللہ نے) فرمایا کہ تم (اس عہد و پیماں کے) گواہ رہو اور میں بھی تمہارے ساتھ گواہ ہوں۔

-آل عمران ۳: ۸۱-

۷۔اے کتاب والو! قبل اس کے کہ ہم لوگوں کے مونہوں کو بگاڑ کران کی پیٹھ کی طرف پھیر دیں یا ان پر اس طرح لعنت کریں جس طرح ہفتے والوں پر کی تھی، ہماری نازل فرمائی ہوئی کتاب پر جو تمہاری کتاب کی بھی تصدیق کرتی ہے ایمان لے آؤ۔ اور اللہ نے جو حکم فرمایا سو (سمجھ لوکہ) ہو چکا۔

۔النساء ۴:۴۷۔

۸۔اور (اے پیغمبر) ہم نے تم پر سچی کتاب نازل کی ہے جو اپنے سے پہلی کتابوں کی تصدیق کرتی ہے اور ان (سب) پر شامل ہے تو جو حکم اللہ نے نازل فرمایا ہے اس کے مطابق ان کا فیصلہ کرنا اور حق جو تمہارے پاس آ چکا ہے اس کو چھوڑ کر ان کی خواہشوں کی پیروی نہ کرنا۔ ہم نے تم میں سے ہر ایک (فرقے) کے لیے ایک دستور اور طریقہ مقرر کیا ہے۔ اور اگر اللہ چاہتا تو تم سب کو ایک ہی شریعت پر کر دیتا مگر جو حکم اس نے تم کو دیے ہیں ان میں وہ تمہاری آزمائش کرنی چاہتا ہے سو نیک کاموں میں جلدی کرو۔ تم سب کو اللہ کی طرف لوٹ کر جانا ہے پھر جن باتوں میں تم کو اختلاف تھا وہ تم کو بتا دے گا۔

۔المائدة ۵:۴۸۔

۹۔اور (ویسی ہی) یہ کتاب ہے جسے ہم نے نازل کیا ہے، بابرکت جو اپنے سے پہلی (کتابوں) کی تصدیق کرتی ہے اور (جو اس لیے نازل کی گئی ہے) کہ تم مکے اور اس کے آس پاس کے لوگوں کو آگاہ کر دو۔ اور جو لوگ آخرت پر ایمان رکھتے ہیں وہ اس کتاب پر بھی ایمان رکھتے ہیں اور وہ اپنی نمازوں کی (پوری) خبر رکھتے ہیں۔

۔الانعام ۶:۹۲۔

۷۔يَآ اَيُّهَا الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ اٰمِنُوْا بِمَا نَزَّلْنَا مُصَدِّقًا لِّمَا مَعَكُمْ مِّنْ قَبْلِ اَنْ نَّطْمِسَ وُجُوْهًا فَنَرُدَّهَا عَلٰٓى اَدْبَارِهَآ اَوْ نَلْعَنَهُمْ كَمَا لَعَنَّآ اَصْحٰبَ السَّبْتِ ؕ وَكَانَ اَمْرُ اللّٰهِ مَفْعُوْلًا ۝

۸۔وَاَنْزَلْنَآ اِلَيْكَ الْكِتٰبَ بِالْحَقِّ مُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ مِنَ الْكِتٰبِ وَمُهَيْمِنًا عَلَيْهِ فَاحْكُمْ بَيْنَهُمْ بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ وَلَا تَتَّبِعْ اَهْوَآءَهُمْ عَمَّا جَآءَكَ مِنَ الْحَقِّ ؕ لِكُلٍّ جَعَلْنَا مِنْكُمْ شِرْعَةً وَّمِنْهَاجًا ؕ وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ لَجَعَلَكُمْ اُمَّةً وَّاحِدَةً وَّلٰكِنْ لِّيَبْلُوَكُمْ فِيْ مَآ اٰتٰىكُمْ فَاسْتَبِقُوا الْخَيْرٰتِ ؕ اِلَى اللّٰهِ مَرْجِعُكُمْ جَمِيْعًا فَيُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ فِيْهِ تَخْتَلِفُوْنَ ۝

۹۔وَهٰذَا كِتٰبٌ اَنْزَلْنٰهُ مُبٰرَكٌ مُّصَدِّقُ الَّذِيْ بَيْنَ يَدَيْهِ وَلِتُنْذِرَ اُمَّ الْقُرٰى وَمَنْ حَوْلَهَا ؕ وَالَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ يُؤْمِنُوْنَ بِهٖ وَهُمْ عَلٰى صَلَاتِهِمْ يُحَافِظُوْنَ ۝

۱۰۔وَمَا كَانَ هٰذَا الْقُرْاٰنُ اَنْ يُّفْتَرٰى مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَلٰكِنْ تَصْدِيْقَ الَّذِيْ بَيْنَ يَدَيْهِ وَتَفْصِيْلَ الْكِتٰبِ لَا رَيْبَ فِيْهِ مِنْ رَّبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝

۱۱۔لَقَدْ كَانَ فِيْ قَصَصِهِمْ عِبْرَةٌ لِّاُولِي الْاَلْبَابِ ؕ

۱۲۔وَالَّذِيْٓ اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ مِنَ الْكِتٰبِ هُوَ الْحَقُّ مُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ بِعِبَادِهٖ لَخَبِيْرٌۢ بَصِيْرٌ ۝

۱۰۔اور یہ قرآن ایسا نہیں کہ اللہ کے سوا کوئی اس کو اپنی طرف سے بنا لائے۔ ہاں (ہاں یہ اللہ کا کلام ہے) جو (کتابیں) اس سے پہلے (کی) ہیں اُن کی تصدیق کرتا ہے اور انہی کتابوں کی (اس میں) تفصیل ہے اس میں کچھ شک نہیں (کہ) یہ رب العالمین کی طرف سے (نازل ہوا) ہے۔

۔یونس ۱۰:۳۷۔

۱۱۔بے شک ان کے قصوں میں عقلمندوں کے لیے عبرت ہے۔

۔یوسف ۱۲:۱۱۱۔

۱۲۔اور یہ کتاب جو ہم نے تمہاری طرف بھیجی ہے برحق ہے اور ان (کتابوں) کی تصدیق کرتی ہے جو اس سے پہلے کی ہیں۔ بیشک اللہ اپنے بندوں سے خبردار (اور ان کو) دیکھنے والا ہے۔

۔فاطر ۳۵:۳۱۔

۲۔ توریت واضح کتاب ہے

۱۳۔اور ہم نے موسیٰ اور ہارون پر احسانات کیے......اور ان دونوں کو واضح کتاب دی۔

-الصّٰفّٰت۳۷: ۱۱۴......۱۱۷۔

۳۔ توریت شہادتِ الٰہی ہے

۱۴۔اور اس سے بڑھ کر ظالم کون ہوگا جس کے پاس خدا کی طرف سے گواہی آئی ہوئی موجود ہو اور وہ اسے چھپائے۔

-البقرۃ۲: ۱۴۰۔

۴۔ تورات حق ہے

۱۵۔یہ اس لیے ہے کہ اللہ نے کتاب (تورات) حق کے ساتھ اتاری۔

-البقرۃ۲: ۱۷۶۔

۵۔ تورات میں ہدایت ہے

۱۶۔(اے نبی ﷺ!) اس نے تجھ پر دینِ حق کے ساتھ کتاب اتاری جو اس (کتاب) کی تصدیق کرتی ہے جو اس سے پہلے (اتری) ہے اور اس نے اس سے پہلے تورات اور انجیل اتاری جو لوگوں کے لیے ہدایت ہیں اور حق اور باطل میں فرق کرنے والا (قرآن) اتارا۔

-آل عمران۳: ۳۔

۱۷۔اور ہم نے موسیٰ کو کتاب دی اور اس کو بنی اسرائیل کے لیے ہدایت (کا ذریعہ) ٹھہرایا اور یہ حکم دیا کہ تم میرے سوا کسی کو اپنا کارساز نہ بناؤ۔

-بنی اسرائیل۱۷: ۲۔

۱۸۔اور بے شک ہم نے موسیٰ کو کتاب دی تو (اے نبی ﷺ!) تو اس کے ملنے میں شک نہ کر اور ہم نے اس کو بنی اسرائیل کے لیے ہدایت (کا ذریعہ) ٹھہرایا۔

-السجدۃ۳۲: ۲۳۔

۶۔ تورات ہدایت اور نور ہے

۱۹۔بے شک ہم نے تورات اتاری اس میں ہدایت اور نور ہے۔

-المائدۃ۵: ۴۴۔

۲۰۔(اے نبی ﷺ!) پوچھ بھلا وہ کتاب کس نے اتاری جسے موسیٰ لائے تھے جو لوگوں کے لیے نور اور ہدایت ہے۔

-الانعام۶: ۹۱۔

۷۔ تورات ہدایت اور رحمت

۲۱۔اور جب موسیٰ کا غصہ فرو ہوا تو انہوں نے تختیوں کو اٹھا لیا اور ان میں جو لکھا ہے اس میں ان لوگوں کے لیے ہدایت اور رحمت ہے جو اپنے پروردگار سے ڈرتے ہیں۔

-الاعراف۷: ۱۵۴۔

۱۳۔وَلَقَدْ مَنَنَّا عَلٰى مُوْسٰى وَهٰرُوْنَ ......وَاٰتَيْنٰهُمَا الْكِتٰبَ الْمُسْتَبِيْنَ

۱۴۔وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنْ كَتَمَ شَهَادَةً عِنْدَهٗ مِنَ اللّٰهِ

۱۵۔ذٰلِكَ بِاَنَّ اللّٰهَ نَزَّلَ الْكِتٰبَ بِالْحَقِّ

۱۶۔نَزَّلَ عَلَيْكَ الْكِتٰبَ بِالْحَقِّ مُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ وَاَنْزَلَ التَّوْرٰىةَ وَالْاِنْجِيْلَ ۝ مِنْ قَبْلُ هُدًى لِّلنَّاسِ وَاَنْزَلَ الْفُرْقَانَ

۱۷۔وَاٰتَيْنَا مُوْسَى الْكِتٰبَ وَجَعَلْنٰهُ هُدًى لِّبَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ اَلَّا تَتَّخِذُوْا مِنْ دُوْنِيْ وَكِيْلًا ۝

۱۸۔وَلَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسَى الْكِتٰبَ فَلَا تَكُنْ فِيْ مِرْيَةٍ مِّنْ لِّقَآئِهٖ وَجَعَلْنٰهُ هُدًى لِّبَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ

۱۹۔اِنَّآ اَنْزَلْنَا التَّوْرٰىةَ فِيْهَا هُدًى وَّنُوْرٌ

۲۰۔قُلْ مَنْ اَنْزَلَ الْكِتٰبَ الَّذِيْ جَآءَ بِهٖ مُوْسٰى نُوْرًا وَّهُدًى لِّلنَّاسِ

۲۱۔وَلَمَّا سَكَتَ عَنْ مُّوْسَى الْغَضَبُ اَخَذَ الْاَلْوَاحَ وَفِيْ نُسْخَتِهَا هُدًى وَّرَحْمَةٌ لِّلَّذِيْنَ هُمْ لِرَبِّهِمْ يَرْهَبُوْنَ ۝

۸۔ تورات ہدایت اور ذکر ہے

۲۲۔اور بے شک ہم نے موسیٰ کو ہدایت (والی کتاب) دی اور ہم نے بنی اسرائیل کو کتاب کا وارث کیا جو عقل مندوں کے لیے ہدایت اور نصیحت ہے۔

-المومن ۴۰:۵۴-

۹۔ تورات امام ورحمت ہے

۲۳۔اور اس (قرآن) سے پہلے موسیٰ کی کتاب ہے جو لوگوں کے لیے امام اور رحمت ہے۔

-ھود ۱۱:۱۷ والاحقاف ۴۶:۱۲-

۱۰۔ توریت ہدایت اور رحمت والی مفصل کتاب ہے

۲۴۔اور ہم نے موسیٰ کو کتاب دی۔جس سے نیکو کاروں پر ہماری نعمت پوری ہوئی اور اس میں ہر بات کے لیے تفصیلی حکم ہیں اور ہدایت اور رحمت تا کہ لوگ اپنے پروردگار سے ملنے کا یقین لائیں۔

-الانعام ۶:۱۵۴-

۱۱۔ توریت بصیرت اور ہدایت و رحمت والی کتاب ہے

۲۵۔اور پہلی امتوں کو ہلاک کرنے کے بعد ہم نے موسیٰ کو کتاب دی جو لوگوں کے لیے بصیرت افروز اور ہدایت اور رحمت تھی کہ لوگ نصیحت پکڑیں۔

-القصص ۲۸:۴۳-

۱۲۔ توریت فرقان، روشنی اور نصیحت آموز ہے

۲۶۔اور ہم نے موسیٰ اور ہارون کو فرقان اور روشنی اور نصیحت آموز کتاب دی، ان پرہیز گاروں کے لیے جو بغیر دیکھے اپنے پروردگار کا خوف مانتے ہیں اور قیامت

۲۲۔وَلَقَدْ اٰتَيْنَا مُوسَى الْهُدٰى وَاَوْرَثْنَا بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ الْكِتٰبَ ۙ﴿۵۳﴾ هُدًى وَّذِكْرٰى لِاُولِي الْاَلْبَابِ ﴿۵۴﴾

۲۳۔وَمِنْ قَبْلِهٖ كِتٰبُ مُوْسٰٓى اِمَامًا وَّرَحْمَةً ۭ

۲۴۔ثُمَّ اٰتَيْنَا مُوْسَى الْكِتٰبَ تَمَامًا عَلَى الَّذِيْٓ اَحْسَنَ وَتَفْصِيْلًا لِّكُلِّ شَيْءٍ وَّهُدًى وَّرَحْمَةً لَّعَلَّهُمْ بِلِقَآءِ رَبِّهِمْ يُؤْمِنُوْنَ ﴿۱۵۴﴾

۲۵۔وَلَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسَى الْكِتٰبَ مِنْۢ بَعْدِ مَآ اَهْلَكْنَا الْقُرُوْنَ الْاُوْلٰى بَصَآئِرَ لِلنَّاسِ وَهُدًى وَّرَحْمَةً لَّعَلَّهُمْ يَتَذَكَّرُوْنَ ﴿۴۳﴾

۲۶۔وَلَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسٰى وَهٰرُوْنَ الْفُرْقَانَ وَضِيَآءً وَّذِكْرًا لِّلْمُتَّقِيْنَ ﴿۴۸﴾ الَّذِيْنَ يَخْشَوْنَ رَبَّهُمْ بِالْغَيْبِ وَهُمْ مِّنَ السَّاعَةِ مُشْفِقُوْنَ ﴿۴۹﴾

۲۷۔وَكَيْفَ يُحَكِّمُوْنَكَ وَعِنْدَهُمُ التَّوْرٰىةُ فِيْهَا حُكْمُ اللّٰهِ ثُمَّ يَتَوَلَّوْنَ مِنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ ۭ وَمَآ اُولٰٓئِكَ بِالْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۴۳﴾

۲۸۔اِنَّآ اَنْزَلْنَا التَّوْرٰىةَ فِيْهَا هُدًى وَّنُوْرٌ ۚ يَحْكُمُ بِهَا النَّبِيُّوْنَ الَّذِيْنَ اَسْلَمُوْا لِلَّذِيْنَ هَادُوْا وَالرَّبّٰنِيُّوْنَ وَالْاَحْبَارُ بِمَا اسْتُحْفِظُوْا مِنْ كِتٰبِ اللّٰهِ وَكَانُوْا عَلَيْهِ شُهَدَآءَ ۚ فَلَا تَخْشَوُا النَّاسَ وَاخْشَوْنِ وَلَا

سے ڈرتے ہیں۔

-الانبیاء ۲۱:۴۸-۴۹

۱۳۔ تورات میں اللہ کا حکم ہے

۲۷۔اور (اے نبی ﷺ!) وہ تجھے کس طرح حاکم بناتے ہیں حال آنکہ ان کے پاس تورات ہے جس میں اللہ کا حکم ہے پھر وہ اس کے بعد بھی اس سے پھر جاتے ہیں اور وہ ایمان دار نہیں ہیں۔

-المائدۃ ۵:۴۳-

۱۴۔ انبیاء اور احبار تورات ہی کے مطابق فیصلہ کرتے تھے

۲۸۔بے شک ہم نے تورات اتاری جس میں ہدایت اور نور ہے اسی کی مطابق پیغمبر جو خدا کے فرمان بردار تھے یہودیوں کو حکم دیتے تھے اور اللہ والے اور عالم بھی اس کی مطابق جو اللہ کی کتاب سے ان کو محفوظ رکھوایا گیا تھا اور وہ اس پر گواہ تھے تو تم لوگوں سے نہ ڈرو اور

مجھ سے ڈرو اور میری آیتوں کو تھوڑی قیمت پر نہ بیچو۔ اور جس نے اس کے مطابق فیصلہ نہ کیا جو اللہ نے اتارا ہے تو وہی لوگ کافر ہیں۔

۔المائدۃ ۵: ۴۴۔

۱۵۔ تورات اور انجیل پر عمل کئے بغیر ہدایت نصیب نہیں ہوسکتی

۲۹۔(اے نبی علیہ السلام!) کہہ دے کہ اے اہل کتاب! جب تک تم تورات اور انجیل کو اور (نیز) اس کو جو تمہارے پروردگار کی طرف سے تم پر اتارا گیا ہے، قائم نہ رکھو گے تم کسی چیز پر بھی نہیں ہو اور (اے نبی علیہ السلام!) وہ (قرآن) جو تجھ پر تیرے پروردگار کی طرف سے اتارا گیا ہے ان میں سے اکثر کی سرکشی اور کفر اور زیادہ بڑھائے گا تو تو کافر لوگوں کا غم نہ کر۔

۔المائدۃ ۵۔ ۶۸۔

۱۶۔ تورات اور قرآن سے بڑھ کر کوئی کتاب ہدایت والی نہیں

۳۰۔(اے نبی علیہ السلام!) کہہ دے کہ تم اللہ کے پاس کی کوئی ایسی کتاب لاؤ جو ہدایت میں ان دونوں (قرآن و تورات) سے بڑھ کر ہو۔ میں اسی پر چلوں گا اگر تم سچے ہو تو لاؤ۔ پھر اگر وہ تیری بات قبول نہ کریں تو جان لے کہ وہ محض اپنی نفسانی خواہشوں پر چلتے ہیں اور اس سے بڑھ کر گمراہ کون جو بغیر اللہ کی ہدایت کے اپنی خواہش پر چلے؟ بے شک اللہ ظالم لوگوں کو ہدایت نہیں کرتا۔

۔القصص ۲۸: ۴۹۔ ۵۰

۱۷۔ تورات کو یہودیوں نے پارہ پارہ کر ڈالا

۳۱۔(اے نبی علیہ السلام!) کہہ دے کہ اس کتاب کو کس

تَشْتَرُوْا بِاٰيٰتِيْ ثَمَنًا قَلِيْلًا ۭ وَمَنْ لَّمْ يَحْكُمْ بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ فَاُولٰۗىِٕكَ هُمُ الْكٰفِرُوْنَ ۝

۲۹۔ قُلْ يٰٓاَهْلَ الْكِتٰبِ لَسْتُمْ عَلٰي شَيْءٍ حَتّٰي تُقِيْمُوا التَّوْرٰىةَ وَالْاِنْجِيْلَ وَمَآ اُنْزِلَ اِلَيْكُمْ مِّنْ رَّبِّكُمْ ۭ وَلَيَزِيْدَنَّ كَثِيْرًا مِّنْهُمْ مَّآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ مِنْ رَّبِّكَ طُغْيَانًا وَّكُفْرًا ۚ فَلَا تَاْسَ عَلَي الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ۝

۳۰۔ قُلْ فَاْتُوْا بِكِتٰبٍ مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ هُوَ اَهْدٰى مِنْهُمَآ اَتَّبِعْهُ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ۝ فَاِنْ لَّمْ يَسْتَجِيْبُوْا لَكَ فَاعْلَمْ اَنَّمَا يَتَّبِعُوْنَ اَهْوَاۗءَهُمْ ۭ وَمَنْ اَضَلُّ مِمَّنِ اتَّبَعَ هَوٰىهُ بِغَيْرِ هُدًى مِّنَ اللّٰهِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ۝

۳۱۔ قُلْ مَنْ اَنْزَلَ الْكِتٰبَ الَّذِيْ جَاۗءَ بِهٖ مُوْسٰي نُوْرًا وَّهُدًى لِّلنَّاسِ تَجْعَلُوْنَهٗ قَرَاطِيْسَ تُبْدُوْنَهَا وَتُخْفُوْنَ كَثِيْرًا ۚ

۳۲۔ وَقُلْ اِنِّىْٓ اَنَا النَّذِيْرُ الْمُبِيْنُ ۝ كَمَآ اَنْزَلْنَا عَلَي الْمُقْتَسِمِيْنَ ۝ الَّذِيْنَ جَعَلُوا الْقُرْاٰنَ عِضِيْنَ ۝ فَوَرَبِّكَ لَنَسْــَٔـلَنَّهُمْ اَجْمَعِيْنَ ۝ عَمَّا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۝

۳۳۔ مَثَلُ الَّذِيْنَ حُمِّلُوا التَّوْرٰىةَ ثُمَّ لَمْ يَحْمِلُوْهَا كَمَثَلِ الْحِمَارِ

نے اتارا جسے موسیٰ لائے تھے جو لوگوں کے لیے ہدایت اور نور ہے تم اسے پارہ پارہ کرتے ہو، کچھ اس سے ظاہر کرتے ہو۔ اور بہت سا چھپاتے ہو۔

۔الانعام ۶: ۹۱۔

۳۲۔ اور (اے نبی علیہ السلام!) کہہ دے کہ میں تو کھول کر ڈرانے والا ہوں جیسا کہ ہم نے بانٹنے والوں پر اتارا۔ جنہوں نے قرآن کو ٹکڑے ٹکڑے کر ڈالا، سو تیرے پروردگار ہی کی قسم! ہم ضرور ان سب سے پوچھیں گے اعمال کی بابت جو وہ کرتے تھے۔

۔النحل ۱۶: ۸۹۔ ۹۳۔

۱۸۔ تورات پڑھ کر عمل نہ کرنے والوں کی مثال کتابوں سے

۳۳۔ جن لوگوں پر تورات لادی گئی پھر وہ اس پر کاربند نہ ہوئے ان

کی مثال کتابوں سے لدے ہوئے گدھے کی ہے۔

-الجمعة ۶۲ :۵-

يَحۡمِلُ اَسۡفَارًا ؕ

۱۹۔ تورات میں یہودیوں نے اختلاف کیا

۳۴۔ اور بے شک جنہوں نے کتاب (تورات) میں اختلاف کیا وہ پرلے درجے کے اختلاف میں ہیں۔

-البقرة ۲: ۱۷۶-

۳۴۔ وَاِنَّ الَّذِیۡنَ اخۡتَلَفُوۡا فِی الۡكِتٰبِ لَفِیۡ شِقَاقٍۢ بَعِیۡدٍ

۳۵۔ اور بے شک ہم نے موسیٰ کو کتاب دی تو اس میں اختلاف کیا گیا اور (اے نبی ﷺ!) اگر تیرے پروردگار کی طرف سے ایک بات پہلے طے نہ ہو چکی ہوتی تو ضرور ان کے درمیان ابھی فیصلہ کر دیا جاتا اور بے شک وہ اس کی طرف سے قوی شک میں ہیں۔

-ھود- ۱۱: ۱۱۰ و حٰمٓ السجدة- ۴۱: ۴۵-

۳۵۔ وَلَقَدۡ اٰتَیۡنَا مُوۡسَی الۡكِتٰبَ فَاخۡتُلِفَ فِیۡهِ ؕ وَلَوۡلَا كَلِمَةٌ سَبَقَتۡ مِنۡ رَّبِّكَ لَقُضِیَ بَیۡنَهُمۡ ؕ وَاِنَّهُمۡ لَفِیۡ شَكٍّ مِّنۡهُ مُرِیۡبٍ

انجیل

۱۔ انجیل کی تصدیق قرآن نے کی

۱۔ وَلَمَّا جَآءَهُمۡ كِتٰبٌ مِّنۡ عِنۡدِ اللّٰهِ مُصَدِّقٌ لِّمَا مَعَهُمۡ ۙ وَكَانُوۡا مِنۡ قَبۡلُ یَسۡتَفۡتِحُوۡنَ عَلَی الَّذِیۡنَ كَفَرُوۡا ۚۖ فَلَمَّا جَآءَهُمۡ مَّا عَرَفُوۡا كَفَرُوۡا بِهٖ ۫ فَلَعۡنَةُ اللّٰهِ عَلَی الۡكٰفِرِیۡنَ

۱۔ اور جب اللہ کے ہاں سے ان کے پاس کتاب آئی جو اُن کی (آسمانی) کتاب کی بھی تصدیق کرتی ہے اور وہ پہلے (ہمیشہ) کافروں پر فتح مانگا کرتے تھے۔ تو جس چیز کو وہ خوب پہچانتے تھے جب ان کے پاس آ پہنچی تو اس سے کافر ہو گئے پس کافروں پر اللہ کی لعنت۔

-البقرة ۲: ۸۹-

۲۔ وَاِذَا قِیۡلَ لَهُمۡ اٰمِنُوۡا بِمَاۤ اَنۡزَلَ اللّٰهُ قَالُوۡا نُؤۡمِنُ بِمَاۤ اُنۡزِلَ عَلَیۡنَا وَیَكۡفُرُوۡنَ بِمَا وَرَآءَهٗ ۗ وَهُوَ الۡحَقُّ مُصَدِّقًا لِّمَا مَعَهُمۡ ؕ قُلۡ فَلِمَ تَقۡتُلُوۡنَ اَنۡۢبِیَآءَ اللّٰهِ مِنۡ قَبۡلُ اِنۡ كُنۡتُمۡ مُّؤۡمِنِیۡنَ

۲۔ اور جب ان سے کہا جاتا ہے کہ جو (کتاب) اللہ نے (اب) نازل فرمائی ہے اس کو مانو تو کہتے ہیں کہ جو کتاب ہم پر (پہلے) نازل ہو چکی ہے ہم تو اسی کو مانتے ہیں (یعنی) یہ اس کے سوا اور (کتاب) کو نہیں مانتے حالانکہ وہ (سراسر) سچی ہے اور جو اُن کی (آسمانی) کتاب ہے اس کی بھی تصدیق کرتی ہے۔ (ان سے) کہہ دو کہ اگر تم صاحبِ ایمان ہوتے تو اللہ کے پیغمبروں کو پہلے ہی کیوں قتل کیا کرتے۔

-البقرة ۲: ۹۱-

۳۔ قُلۡ مَنۡ كَانَ عَدُوًّا لِّجِبۡرِیۡلَ فَاِنَّهٗ نَزَّلَهٗ عَلٰی قَلۡبِكَ بِاِذۡنِ اللّٰهِ مُصَدِّقًا لِّمَا بَیۡنَ یَدَیۡهِ وَهُدًی وَّبُشۡرٰی لِلۡمُؤۡمِنِیۡنَ

۳۔ کہہ دو کہ جو شخص جبرئیل کا دشمن ہو (اُس کو غصے میں مر جانا چاہیے) اس نے تو (یہ کتاب) اللہ کے حکم سے تمہارے دل پر نازل کی ہے جو پہلی کتابوں کی تصدیق کرتی ہے اور ایمان والوں کے لیے ہدایت اور بشارت ہے۔

-البقرة ۲: ۹۷

۴۔ وَلَمَّا جَآءَهُمۡ رَسُوۡلٌ مِّنۡ عِنۡدِ اللّٰهِ مُصَدِّقٌ لِّمَا مَعَهُمۡ نَبَذَ فَرِیۡقٌ مِّنَ الَّذِیۡنَ اُوۡتُوا الۡكِتٰبَ ۙ كِتٰبَ اللّٰهِ وَرَآءَ ظُهُوۡرِهِمۡ كَاَنَّهُمۡ لَا یَعۡلَمُوۡنَ

۴۔ اور جب ان کے پاس اللہ کی طرف سے پیغمبر (آخر الزماں) آئے اور وہ اُن کی (آسمانی) کتاب کی تصدیق بھی کرتے ہیں تو جن لوگوں کو کتاب دی گئی تھی ان میں سے ایک جماعت نے اللہ کی کتاب کو پیٹھ پیچھے پھینک دیا گویا وہ جانتے ہی نہیں۔

-البقرة ۲: ۱۰۱-

۵۔ وَإِذْ أَخَذَ اللّٰهُ مِيثَاقَ النَّبِيّٖنَ لَمَآ اٰتَيْتُكُمْ مِّنْ كِتٰبٍ وَّحِكْمَةٍ ثُمَّ جَآءَكُمْ رَسُوْلٌ مُّصَدِّقٌ لِّمَا مَعَكُمْ لَتُؤْمِنُنَّ بِهٖ وَلَتَنْصُرُنَّهٗ ؕ قَالَ ءَاَقْرَرْتُمْ وَاَخَذْتُمْ عَلٰى ذٰلِكُمْ اِصْرِيْ ؕ قَالُوْٓا اَقْرَرْنَا ؕ قَالَ فَاشْهَدُوْا وَاَنَا مَعَكُمْ مِّنَ الشّٰهِدِيْنَ ﴿۸۱﴾

۶۔ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ اٰمِنُوْا بِمَا نَزَّلْنَا مُصَدِّقًا لِّمَا مَعَكُمْ مِّنْ قَبْلِ اَنْ نَّطْمِسَ وُجُوْهًا فَنَرُدَّهَا عَلٰٓى اَدْبَارِهَآ اَوْ نَلْعَنَهُمْ كَمَا لَعَنَّآ اَصْحٰبَ السَّبْتِ ؕ وَكَانَ اَمْرُ اللّٰهِ مَفْعُوْلًا ﴿۴۷﴾

۷۔ وَاَنْزَلْنَآ اِلَيْكَ الْكِتٰبَ بِالْحَقِّ مُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ مِنَ الْكِتٰبِ وَمُهَيْمِنًا عَلَيْهِ فَاحْكُمْ بَيْنَهُمْ بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ وَلَا تَتَّبِعْ اَهْوَآءَهُمْ عَمَّا جَآءَكَ مِنَ الْحَقِّ ؕ لِكُلٍّ جَعَلْنَا مِنْكُمْ شِرْعَةً وَّمِنْهَاجًا ؕ وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ لَجَعَلَكُمْ اُمَّةً وَّاحِدَةً وَّلٰكِنْ لِّيَبْلُوَكُمْ فِيْ مَآ اٰتٰىكُمْ فَاسْتَبِقُوا الْخَيْرٰتِ ؕ اِلَى اللّٰهِ مَرْجِعُكُمْ جَمِيْعًا فَيُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ فِيْهِ تَخْتَلِفُوْنَ ﴿۴۸﴾

۸۔ وَهٰذَا كِتٰبٌ اَنْزَلْنٰهُ مُبٰرَكٌ مُّصَدِّقُ الَّذِيْ بَيْنَ يَدَيْهِ وَلِتُنْذِرَ اُمَّ الْقُرٰى وَمَنْ حَوْلَهَا ؕ وَالَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ يُؤْمِنُوْنَ بِهٖ وَهُمْ عَلٰى صَلَاتِهِمْ يُحَافِظُوْنَ ﴿۹۲﴾

۹۔ وَمَا كَانَ هٰذَا الْقُرْاٰنُ اَنْ يُّفْتَرٰى مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَلٰكِنْ تَصْدِيْقَ الَّذِيْ

۵۔ اور جب اللہ نے پیغمبروں سے عہد لیا کہ جب میں تم کو کتاب اور دانائی عطا کروں پھر تمہارے پاس کوئی پیغمبر آئے جو تمہاری کتاب کی تصدیق کرے تو تمہیں ضرور اس پر ایمان لانا ہوگا اور ضرور اس کی مدد کرنی ہو گی۔ اور (عہد لینے کے بعد) پوچھا کہ بھلا تم نے اقرار کیا اور اس اقرار پر میرا ذمہ لیا (یعنی مجھے ضامن ٹھہرایا)۔ انہوں نے کہا (ہاں) ہم نے اقرار کیا۔ (اللہ نے) فرمایا کہ تم (اس عہد و پیمان کے) گواہ رہو اور میں بھی تمہارے ساتھ گواہ ہوں۔

۔آل عمران ۳: ۸۱۔

۶۔ اے کتاب والو! قبل اس کے کہ ہم لوگوں کے مونہوں کو بگاڑ کر ان کی پیٹھ کی طرف پھیر دیں یا ان پر اس طرح لعنت کریں جس طرح ہفتے والوں پر کی تھی، ہماری نازل فرمائی ہوئی کتاب پر جو تمہاری کتاب کی بھی تصدیق کرتی ہے ایمان لے آؤ۔ اور اللہ نے جو حکم فرمایا سو (سمجھ لو کہ) ہو چکا۔

۔النساء ۴: ۴۷۔

۷۔ اور (اے پیغمبر) ہم نے تم پر سچی کتاب نازل کی ہے جو اپنے سے پہلی کتابوں کی تصدیق کرتی ہے اور ان (سب) پر شامل ہے تو جو حکم اللہ نے نازل فرمایا ہے اس کے مطابق ان کا فیصلہ کرنا اور حق جو تمہارے پاس آچکا ہے اس کو چھوڑ کر ان کی خواہشوں کی پیروی نہ کرنا۔ ہم نے تم میں سے ہر ایک (فرقے) کے لیے ایک دستور اور طریقہ مقرر کیا ہے۔ اور اگر اللہ چاہتا تو تم سب کو ایک ہی شریعت پر کر دیتا مگر جو حکم اس نے تم کو دیے ہیں ان میں وہ تمہاری آزمائش کرنی چاہتا ہے سو نیک کاموں میں جلدی کرو۔ تم سب کو اللہ کی طرف لوٹ کر جانا ہے پھر جن باتوں میں تم کو اختلاف تھا وہ تم کو بتا دے گا۔

۔المائدۃ ۵: ۴۸۔

۸۔ اور (ویسی ہی) یہ کتاب ہے جسے ہم نے نازل کیا ہے، بابرکت جو اپنے سے پہلی (کتابوں) کی تصدیق کرتی ہے اور (جو اس لیے نازل کی گئی ہے) کہ تم مکے اور اس کے آس پاس کے لوگوں کو آگاہ کردو۔ اور جو لوگ آخرت پر ایمان رکھتے ہیں وہ اس کتاب پر بھی ایمان رکھتے ہیں اور وہ اپنی نمازوں کی (پوری) خبر رکھتے ہیں۔

۔الانعام ۶: ۹۲۔

۹۔ اور یہ قرآن ایسا نہیں کہ اللہ کے سوا کوئی اس کو اپنی طرف سے بنا لائے۔ ہاں (ہاں یہ اللہ کا کلام ہے) جو (کتابیں) اس سے

پہلے (کی) ہیں اُن کی تصدیق کرتا ہے اور انہی کتابوں کی (اس میں) تفصیل ہے اس میں کچھ شک نہیں (کہ) یہ رب العالمین کی طرف سے (نازل ہوا) ہے۔

-یونس ۱۰: ۳۷-

۱۰- ان کے قصے میں عقل مندوں کے لیے عبرت ہے۔ یہ (قرآن) ایسی بات نہیں ہے جو (اپنے دل سے) بنائی گئی ہو بلکہ جو (کتابیں) اس سے پہلے (نازل ہوئی) ہیں اُن کی تصدیق (کرنے والا) ہے اور ہر چیز کی تفصیل (کرنے والا) اور مومنوں کے لیے ہدایت اور رحمت ہے۔

-یوسف ۱۲: ۱۱۱-

۱۱- اور یہ کتاب جو ہم نے تمہاری طرف بھیجی ہے برحق ہے اور ان (کتابوں) کی تصدیق کرتی ہے جو اس سے پہلے کی ہیں۔ بیشک اللہ اپنے بندوں سے خبردار (اور ان کو) دیکھنے والا ہے۔

-فاطر ۳۵: ۳۱-

۱۲- اور اس سے پہلے موسیٰ کی کتاب تھی (لوگوں کے لیے) رہنما اور رحمت۔ اور یہ کتاب عربی زبان میں ہے اُسی کی تصدیق کرنے والی تاکہ ظالموں کو ڈرائے۔ اور نیکوکاروں کو خوش خبری سنائے۔

-الاحقاف ۴۶: ۱۲-

۱۳- کہنے لگے کہ اے قوم ہم نے ایک کتاب سنی ہے جو موسیٰ کے بعد نازل ہوئی ہے جو (کتابیں) اس سے پہلے (نازل ہوئی) ہیں ان کی تصدیق کرتی ہے۔ (اور) سچا (دین) اور سیدھا رستہ بتاتی ہے۔

-الاحقاف ۴۶: ۳۰-

بَيْنَ يَدَيْهِ وَتَفْصِيلَ الْكِتَابِ لَا رَيْبَ فِيهِ مِن رَّبِّ الْعَالَمِينَ ۝

۱۰- لَقَدْ كَانَ فِي قَصَصِهِمْ عِبْرَةٌ لِّأُولِي الْأَلْبَابِ ۗ مَا كَانَ حَدِيثًا يُفْتَرَىٰ وَلَٰكِن تَصْدِيقَ الَّذِي بَيْنَ يَدَيْهِ وَتَفْصِيلَ كُلِّ شَيْءٍ وَهُدًى وَرَحْمَةً لِّقَوْمٍ يُؤْمِنُونَ ۝

۱۱- وَالَّذِي أَوْحَيْنَا إِلَيْكَ مِنَ الْكِتَابِ هُوَ الْحَقُّ مُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ ۗ إِنَّ اللَّهَ بِعِبَادِهِ لَخَبِيرٌ بَصِيرٌ ۝

۱۲- وَمِن قَبْلِهِ كِتَابُ مُوسَىٰ إِمَامًا وَرَحْمَةً ۚ وَهَٰذَا كِتَابٌ مُّصَدِّقٌ لِّسَانًا عَرَبِيًّا لِّيُنذِرَ الَّذِينَ ظَلَمُوا وَبُشْرَىٰ لِلْمُحْسِنِينَ ۝

۱۳- قَالُوا يَا قَوْمَنَا إِنَّا سَمِعْنَا كِتَابًا أُنزِلَ مِن بَعْدِ مُوسَىٰ مُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ يَهْدِي إِلَى الْحَقِّ وَإِلَىٰ طَرِيقٍ مُّسْتَقِيمٍ ۝

۱۴- نَزَّلَ عَلَيْكَ الْكِتَابَ بِالْحَقِّ مُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ وَأَنزَلَ التَّوْرَاةَ وَالْإِنجِيلَ ۝ مِن قَبْلُ هُدًى لِّلنَّاسِ وَأَنزَلَ الْفُرْقَانَ ۗ

۱۵- وَقَفَّيْنَا عَلَىٰ آثَارِهِم بِعِيسَى ابْنِ مَرْيَمَ مُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ مِنَ التَّوْرَاةِ ۖ وَآتَيْنَاهُ الْإِنجِيلَ فِيهِ هُدًى وَنُورٌ وَمُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ مِنَ التَّوْرَاةِ وَهُدًى وَمَوْعِظَةً لِّلْمُتَّقِينَ ۝

۲- انجیل میں ہدایت ہے

۱۴- (اے نبی ﷺ!) اللہ نے تجھ پر دین حق کے ساتھ کتاب اتاری جو اس کی تصدیق کرتی ہے جو اس سے پہلے ہے اور اس سے پہلے تورات و انجیل اتاری جو لوگوں کے لیے ہدایت ہیں اور (حق اور باطل میں) فرق کرنے والا (قرآن) اتارا۔

-آل عمران-۳: ۳-۴

۳- انجیل میں ہدایت، نور اور نصیحت ہے

۱۵- اور ان کے پیچھے ہم نے مریم کے بیٹے اور عیسیٰ کو بھیجا تو تورات کی جو اس سے پہلے نازل ہوئی تھی تصدیق کرنے والا تھا اور اس کو ہم نے انجیل دی جس میں ہدایت اور نور ہے اور تورات کی جو اس سے پہلے نازل ہوئی ہے تصدیق کرنے اور پرہیزگاروں کے لیے ہدایت اور نصیحت ہے۔

-المائدۃ ۵: ۴۶-

۴۔ اہلِ انجیل کو انجیل پر عمل کرنا چاہیے

۱۶۔ اور انجیل والوں کو چاہیے کہ اس کے مطابق فیصلہ کریں جو اللہ نے اس میں اتارا ہے اور جو کوئی اللہ کے اتارے ہوئے کی مطابق فیصلہ نہ کرے تو وہ لوگ بدکار ہیں۔

۔المائدۃ ۵:۴۷۔

۱۶۔ وَلْيَحْكُمْ أَهْلُ الْإِنْجِيلِ بِمَا أَنْزَلَ اللَّهُ فِيهِ ۚ وَمَنْ لَمْ يَحْكُمْ بِمَا أَنْزَلَ اللَّهُ فَأُولَٰئِكَ هُمُ الْفَاسِقُونَ

۱۷۔ اور اگر وہ تورات اور انجیل کو اور اس (قرآن) کو جو ان کے پروردگار کی طرف سے ان کی طرف اتارا گیا، قائم رکھتے تو وہ ضرور اپنے اوپر سے اور اپنے پاؤں کے نیچے سے روزی کھاتے (مگر) ان میں سے ایک جماعت تو میانہ رو ہے اور اکثر ان میں سے برے عمل کرتے ہیں۔

۔المائدۃ ۵:۶۶۔

۱۷۔ وَلَوْ أَنَّهُمْ أَقَامُوا التَّوْرَاةَ وَالْإِنْجِيلَ وَمَا أُنْزِلَ إِلَيْهِمْ مِنْ رَبِّهِمْ لَأَكَلُوا مِنْ فَوْقِهِمْ وَمِنْ تَحْتِ أَرْجُلِهِمْ ۚ مِنْهُمْ أُمَّةٌ مُقْتَصِدَةٌ ۖ وَكَثِيرٌ مِنْهُمْ سَاءَ مَا يَعْمَلُونَ

۶۔ تورات و انجیل پر عمل کئے بغیر ہدایت نصیب نہیں ہوسکتی

۱۸۔ کہو کہ اے اہل کتاب جب تک تم تورات اور انجیل کو اور جو (اور کتابیں) تمہارے پروردگار کی طرف سے تم لوگوں پر نازل ہوئیں اُن کو قائم نہ رکھو گے کچھ بھی راہ پر نہیں ہو سکتے۔ اور (یہ قرآن) جو تمہارے پروردگار کی طرف سے تم پر نازل ہوا ہے اس سے اُن میں سے اکثر کی سرکشی اور کفر اور بڑھے گا تو تم قوم کفار پر افسوس نہ کرو۔

۔المائدۃ ۵:۶۸۔

۱۸۔ قُلْ يَا أَهْلَ الْكِتَابِ لَسْتُمْ عَلَىٰ شَيْءٍ حَتَّىٰ تُقِيمُوا التَّوْرَاةَ وَالْإِنْجِيلَ وَمَا أُنْزِلَ إِلَيْكُمْ مِنْ رَبِّكُمْ ۗ وَلَيَزِيدَنَّ كَثِيرًا مِنْهُمْ مَا أُنْزِلَ إِلَيْكَ مِنْ رَبِّكَ طُغْيَانًا وَكُفْرًا ۖ فَلَا تَأْسَ عَلَى الْقَوْمِ الْكَافِرِينَ

۷۔ توریت و انجیل میں آنحضرت ﷺ کا ذکر

۱۹۔ وہ جو (محمد) رسول (اللہ) کی جو نبی اُمّی ہیں پیروی کرتے ہیں جن (کے اوصاف) کو وہ اپنے ہاں تورات اور انجیل میں لکھا ہوا پاتے ہیں۔ وہ انہیں نیک کام کا حکم دیتے ہیں اور برے کام سے روکتے ہیں اور پاک چیزوں کو ان کے لیے حلال کرتے ہیں اور ناپاک چیزوں کو اُن پر حرام ٹھیراتے ہیں اور اُن پر سے بوجھ اور طوق جو اُن (کے سر) پر (اور گلے میں) تھے اتارتے ہیں۔ تو جو لوگ ان پر ایمان لائے اور ان کی رفاقت کی اور اُنہیں مدد دی اور جو نور ان کے ساتھ نازل ہوا ہے اس کی پیروی کی، وہی مراد پانے والے ہیں۔

۔الاعراف ۷:۱۵۷۔

۱۹۔ الَّذِينَ يَتَّبِعُونَ الرَّسُولَ النَّبِيَّ الْأُمِّيَّ الَّذِي يَجِدُونَهُ مَكْتُوبًا عِنْدَهُمْ فِي التَّوْرَاةِ وَالْإِنْجِيلِ يَأْمُرُهُمْ بِالْمَعْرُوفِ وَيَنْهَاهُمْ عَنِ الْمُنْكَرِ وَيُحِلُّ لَهُمُ الطَّيِّبَاتِ وَيُحَرِّمُ عَلَيْهِمُ الْخَبَائِثَ وَيَضَعُ عَنْهُمْ إِصْرَهُمْ وَالْأَغْلَالَ الَّتِي كَانَتْ عَلَيْهِمْ ۚ فَالَّذِينَ آمَنُوا بِهِ وَعَزَّرُوهُ وَنَصَرُوهُ وَاتَّبَعُوا النُّورَ الَّذِي أُنْزِلَ مَعَهُ ۙ أُولَٰئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُونَ

۸۔ انجیل میں آنحضرت ﷺ کے اصحاب کی مثال

۲۰۔ محمد (ﷺ) اللہ کے پیغمبر ہیں۔ اور جو لوگ اُن کے ساتھ ہیں وہ کافروں کے حق میں تو سخت ہیں اور آپس میں رحم دل (اے دیکھنے والے) تُو اُن کو دیکھتا ہے کہ (اللہ کے آگے) جھکے ہوئے سر بسجود ہیں اور اللہ کا فضل اور اس کی خوشنودی طلب کر رہے ہیں۔ (کثرت) سجود کے اثر سے ان کی پیشانیوں پر نشان پڑے ہوئے

۲۰۔ مُحَمَّدٌ رَسُولُ اللَّهِ ۚ وَالَّذِينَ مَعَهُ أَشِدَّاءُ عَلَى الْكُفَّارِ رُحَمَاءُ

ہیں۔ ان کے یہی اوصاف تورات میں (مرقوم) ہیں اور یہی اوصاف انجیل میں ہیں۔ (وہ) گویا ایک کھیتی ہیں جس نے (پہلے زمین سے) اپنی سوئی نکالی۔ پھر اس کو مضبوط کیا پھر موٹی ہوئی اور پھر اپنی نال پر سیدھی کھڑی ہوگئی اور لگی کھیتی والوں کو خوش کرنے تاکہ کافروں کا جی جلائے۔ جو لوگ ان میں سے ایمان لائے اور نیک عمل کرتے رہے اُن سے اللہ نے گناہوں کی بخشش اور اجرِ عظیم کا وعدہ کیا ہے۔

۔الفتح۔۴۸:۲۹۔

بَيْنَهُمْ تَرٰىهُمْ رُكَّعًا سُجَّدًا يَّبْتَغُوْنَ فَضْلًا مِّنَ اللّٰهِ وَرِضْوَانًا سِيْمَاهُمْ فِيْ وُجُوْهِهِمْ مِّنْ اَثَرِ السُّجُوْدِ ذٰلِكَ مَثَلُهُمْ فِي التَّوْرٰىةِ وَمَثَلُهُمْ فِي الْاِنْجِيْلِ كَزَرْعٍ اَخْرَجَ شَطْئَهٗ فَاٰزَرَهٗ فَاسْتَغْلَظَ فَاسْتَوٰى عَلٰى سُوْقِهٖ يُعْجِبُ الزُّرَّاعَ لِيَغِيْظَ بِهِمُ الْكُفَّارَ وَعَدَ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ مِنْهُمْ مَّغْفِرَةً وَّاَجْرًا عَظِيْمًا ﴿۲۹﴾

صفاتِ رسل

۱۔ رسول آدمی ہی ہوتے ہیں

۱۔ وَمَاۤ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ اِلَّا رِجَالًا نُّوْحِيْۤ اِلَيْهِمْ مِّنْ اَهْلِ الْقُرٰى

۲۔ قَالُوْۤا اِنْ اَنْتُمْ اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُنَا تُرِيْدُوْنَ اَنْ تَصُدُّوْنَا عَمَّا كَانَ يَعْبُدُ اٰبَآؤُنَا فَاْتُوْنَا بِسُلْطٰنٍ مُّبِيْنٍ ﴿۱۰﴾ قَالَتْ لَهُمْ رُسُلُهُمْ اِنْ نَّحْنُ اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ يَمُنُّ عَلٰى مَنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ وَمَا كَانَ لَنَاۤ اَنْ نَّاْتِيَكُمْ بِسُلْطٰنٍ اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰهِ

۳۔ وَمَاۤ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ اِلَّا رِجَالًا نُّوْحِيْۤ اِلَيْهِمْ فَسْــَٔلُوْۤا اَهْلَ الذِّكْرِ اِنْ كُنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿۴۳﴾ بِالْبَيِّنٰتِ وَالزُّبُرِ وَاَنْزَلْنَاۤ اِلَيْكَ الذِّكْرَ لِتُبَيِّنَ لِلنَّاسِ مَا نُزِّلَ اِلَيْهِمْ وَلَعَلَّهُمْ يَتَفَكَّرُوْنَ ﴿۴۴﴾

۴۔ وَمَاۤ اَرْسَلْنَا قَبْلَكَ اِلَّا رِجَالًا نُّوْحِيْۤ اِلَيْهِمْ فَسْــَٔلُوْۤا اَهْلَ الذِّكْرِ اِنْ كُنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿۷﴾

۱۔ اور (اے نبی ﷺ!) ہم نے تجھ سے پہلے جو رسول بھیجے وہ بستیوں کے رہنے والے آدمی ہی تھے جن کی طرف ہم وحی کرتے تھے۔

۔یوسف ۱۲:۱۰۹۔

۲۔ کافروں نے کہا کہ تم تو ہم ہی جیسے آدمی ہو۔ تم یہ چاہتے ہو کہ ہمیں (ہمارے) ان معبودوں سے روک دو جنہیں ہمارے باپ دادا پوجتے چلے آئے ہیں، تو تم ہمارے پاس کوئی کھلی دلیل لاؤ۔ ان کے رسولوں نے ان سے کہا کہ بے شک ہم تم ہی جیسے آدمی ہیں لیکن اللہ اپنے بندوں میں سے جس پر چاہے احسان کرے اور ہمارے اختیار میں نہیں کہ بغیر اللہ کے حکم کے ہم تمہارے پاس کوئی دلیل لے آئیں۔

۔ابراھیم ۱۴:۱۰۔۱۱

۳۔ اور (اے نبی ﷺ!) تجھ سے پہلے ہم نے جو رسول بھیجے وہ آدمی ہی تھے جن کی طرف ہم وحی کرتے تھے اگر تم نہیں جانتے تو جاننے والوں سے پوچھ لو۔ دلیلوں اور کتابوں کے ذریعہ سے اور (اے نبی ﷺ!) ہم نے تجھ پر یہ نصیحت اتاری تاکہ تو لوگوں سے وہ باتیں بیان کردے جو ان کی طرف اتاری گئی ہیں اور تاکہ وہ سوچیں۔

۔النحل ۱۶:۴۳۔۴۴۔

۴۔ اور (اے نبی ﷺ!) تجھ سے پہلے ہم نے جو رسول بھیجے وہ آدمی ہی تھے جن کی طرف ہم وحی کرتے تھے اگر تم نہیں جانتے تو جاننے والوں سے پوچھ لو۔

الانبیاء ۲۱:۷۔

۲۔ رسول بیوی اور اولاد بھی رکھتے ہیں

۵۔اور (اے نبی ﷺ) بے شک ہم نے تجھ سے پہلے رسول بھیجے اور انہیں بیویاں اور اولاد دی اور کسی رسول سے نہیں ہو سکتا کہ وہ بغیر اللہ کے حکم کے کوئی نشانی لے آئے۔ ہر ایک میعاد لکھی ہوئی ہے۔

-الرعد ۱۳: ۳۸-

۳۔ رسول کھانا بھی کھاتے تھے

۶۔اور ہم نے انہیں ایسا جسم نہیں دیا کہ وہ کھانا نہ کھاتے ہوں اور وہ ہمیشہ رہنے والے بھی نہیں تھے۔

-الانبیاء ۲۱: ۸-

۷۔اور (اے نبی ﷺ!) تجھ سے پہلے ہم نے جتنے بھی رسول بھیجے وہ سب ہی کھانا کھایا کرتے تھے اور بازاروں میں پھرا کرتے تھے اور ہم نے تم میں ایک کو ایک کے لیے ذریعہ آزمائش قرار دیا ہے۔ پھر کیا صبر کرو گے اور تیرا پروردگار دیکھنے والا ہے۔

-الفرقان ۲۵: ۲۰-

۴۔ رسول اللہ کے سوا کسی سے نہیں ڈرتے

۸۔اے موسیٰ خوف نہ کر۔ بے شک رسول میرے پاس نہیں ڈرتے۔

-النمل ۲۷: ۱۰-

۹۔نبی کو اس بات میں کچھ مضائقہ نہیں جو اللہ نے اس کے لیے ٹھہرا دی ہے۔ یہ اللہ کا جاری کیا ہوا طریق ہے۔ ان لوگوں میں جو پہلے ہو گزرے ہیں اور اللہ کا کام اندازہ کے مطابق ٹھہرایا ہوا ہے ان لوگوں میں جو اللہ کے پیغام پہنچاتے ہیں اور اسی سے ڈرتے ہیں اور سوائے اللہ

۵۔ وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا رُسُلًا مِّنْ قَبْلِكَ وَجَعَلْنَا لَهُمْ اَزْوَاجًا وَّذُرِّيَّةً ۭ وَمَا كَانَ لِرَسُوْلٍ اَنْ يَّاْتِيَ بِاٰيَةٍ اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰهِ ۭ لِكُلِّ اَجَلٍ كِتَابٌ ﴿۳۸﴾

۶۔ وَمَا جَعَلْنٰهُمْ جَسَدًا لَّا يَاْكُلُوْنَ الطَّعَامَ وَمَا كَانُوْا خٰلِدِيْنَ ﴿۸﴾

۷۔ وَمَآ اَرْسَلْنَا قَبْلَكَ مِنَ الْمُرْسَلِيْنَ اِلَّآ اِنَّهُمْ لَيَاْكُلُوْنَ الطَّعَامَ وَيَمْشُوْنَ فِي الْاَسْوَاقِ ۭ وَجَعَلْنَا بَعْضَكُمْ لِبَعْضٍ فِتْنَةً ۭ اَتَصْبِرُوْنَ ۚ وَكَانَ رَبُّكَ بَصِيْرًا ﴿۲۰﴾

۸۔ يٰمُوْسٰى لَا تَخَفْ ۣ اِنِّيْ لَا يَخَافُ لَدَيَّ الْمُرْسَلُوْنَ ﴿۱۰﴾

۹۔ مَا كَانَ عَلَى النَّبِيِّ مِنْ حَرَجٍ فِيْمَا فَرَضَ اللّٰهُ لَهٗ ۭ سُنَّةَ اللّٰهِ فِي الَّذِيْنَ خَلَوْا مِنْ قَبْلُ ۭ وَكَانَ اَمْرُ اللّٰهِ قَدَرًا مَّقْدُوْرَۨا ﴿۳۸﴾ الَّذِيْنَ يُبَلِّغُوْنَ رِسٰلٰتِ اللّٰهِ وَيَخْشَوْنَهٗ وَلَا يَخْشَوْنَ اَحَدًا اِلَّا اللّٰهَ ۭ وَكَفٰى بِاللّٰهِ حَسِيْبًا ﴿۳۹﴾

۱۰۔ وَمَآ اَرْسَلْنَا مِنْ رَّسُوْلٍ اِلَّا بِلِسَانِ قَوْمِهٖ لِيُبَيِّنَ لَهُمْ ۭ فَيُضِلُّ اللّٰهُ مَنْ يَّشَاۗءُ وَيَهْدِيْ مَنْ يَّشَاۗءُ ۭ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿۴﴾

۱۱۔ مَا عَلَى الرَّسُوْلِ اِلَّا الْبَلٰغُ ۭ

۱۲۔ فَهَلْ عَلَى الرُّسُلِ اِلَّا الْبَلٰغُ الْمُبِيْنُ ﴿۳۵﴾

کے کسی سے نہیں ڈرتے اور اللہ کافی حساب لینے والا ہے۔

-الاحزاب ۳۳: ۳۸-۳۹-

۵۔ رسولوں کی تعلیم قومی زبان میں

۱۰۔اور ہم نے جو رسول بھی بھیجا وہ اسی کی قوم کی بولی بولتا بھیجا تاکہ وہ (رسول) ان سے بیان کرے۔ پھر اللہ جسے چاہے ہدایت دے اور جسے چاہے گمراہ کرے اور وہی غالب، حکمت والا ہے۔

-ابراھیم ۱۴: ۴-

۶۔ رسولوں کا ذمہ صرف اللہ کا پیغام دینا ہے

۱۱۔رسول کا ذمہ سوائے پیغام دینے کے اور کچھ نہیں۔

-المائدۃ ۵: ۹۹-

۱۲۔تو کیا رسولوں کا ذمہ سوائے کھول کر پہنچا دینے کے اور بھی کچھ ہے۔

-النحل ۱۶: ۳۵-

۱۳۔ اور رسول کا ذمہ سوائے کھول کر پہنچا دینے کے اور کچھ نہیں۔

-النور ۲۴: ۵۴ والعنکبوت ۲۹: ۱۸-

۱۴۔ اور ہمارا ذمہ سوائے کھول کر پہنچا دینے کے اور کچھ نہیں۔

-یٰس ۳۶: ۱۷-

۷۔ رسولوں کا کام ڈرانا اور خوش خبری سنانا ہے

۱۵۔ (ابتدا میں) سب آدمی ایک ہی فریق تھے پھر اللہ نے نبیوں کو خوش خبری دینے والا اور ڈرانے والا بنا کر بھیجا اور دینِ حق کے ساتھ۔ ان کے ساتھ ہی کتاب اتاری تاکہ وہ لوگوں کے درمیان ان باتوں میں جن میں انہوں نے اختلاف کیا فیصلہ کریں۔

-البقرۃ ۲: ۲۱۳-

۱۶۔ (ہم نے) رسول خوش خبری دینے والے اور ڈرانے والے بنا کر بھیجے تاکہ رسولوں کے (بھیجنے کے) بعد لوگوں کو اللہ سے عذر کرنے کی گنجائش نہ رہے اور اللہ غالب، حکمت والا ہے۔

-النساء ۴: ۱۶۵-

۱۷۔ اور ہم رسولوں کو محض خوش خبری دینے والا اور ڈرانے والا بنا کر بھیجتے ہیں اور بس۔

-الانعام ۶: ۴۸ والکہف ۱۸: ۵۶-

۸۔ رسولوں کے پاس نشانیوں اور کتاب کا ہونا

۱۸۔ بے شک ہم نے کھلی دلیلوں کے ساتھ اپنے رسول بھیجے اور ان کے ساتھ کتاب اور ترازو اتاری تاکہ انصاف پر قائم رہیں اور ہم نے لوہا اتارا جس میں سخت لڑائی اور لوگوں کے لیے فائدے ہیں اور یہ (اس لیے کیا) کہ اللہ جان لے کہ کون بن دیکھے اس کی اور اس کے

۱۳۔ وَمَا عَلَى الرَّسُولِ إِلَّا الْبَلٰغُ الْمُبِينُ ۝

۱۴۔ وَمَا عَلَيْنَآ إِلَّا الْبَلٰغُ الْمُبِينُ ۝

۱۵۔ كَانَ النَّاسُ أُمَّةً وَّاحِدَةً فَبَعَثَ اللّٰهُ النَّبِيّٖنَ مُبَشِّرِيْنَ وَ مُنْذِرِيْنَ وَأَنْزَلَ مَعَهُمُ الْكِتٰبَ بِالْحَقِّ لِيَحْكُمَ بَيْنَ النَّاسِ فِيْمَا اخْتَلَفُوْا فِيْهِ

۱۶۔ رُسُلًا مُّبَشِّرِيْنَ وَمُنْذِرِيْنَ لِئَلَّا يَكُوْنَ لِلنَّاسِ عَلَى اللّٰهِ حُجَّةٌ بَعْدَ الرُّسُلِ وَكَانَ اللّٰهُ عَزِيْزًا حَكِيْمًا ۝

۱۷۔ وَمَا نُرْسِلُ الْمُرْسَلِيْنَ إِلَّا مُبَشِّرِيْنَ وَمُنْذِرِيْنَ

۱۸۔ لَقَدْ أَرْسَلْنَا رُسُلَنَا بِالْبَيِّنٰتِ وَأَنْزَلْنَا مَعَهُمُ الْكِتٰبَ وَالْمِيْزَانَ لِيَقُوْمَ النَّاسُ بِالْقِسْطِ وَأَنْزَلْنَا الْحَدِيْدَ فِيْهِ بَأْسٌ شَدِيْدٌ وَّمَنَافِعُ لِلنَّاسِ وَلِيَعْلَمَ اللّٰهُ مَنْ يَّنْصُرُهٗ وَرُسُلَهٗ بِالْغَيْبِ إِنَّ اللّٰهَ قَوِيٌّ عَزِيْزٌ ۝

۱۹۔ عٰلِمُ الْغَيْبِ فَلَا يُظْهِرُ عَلٰى غَيْبِهٖٓ أَحَدًا ۝ إِلَّا مَنِ ارْتَضٰى مِنْ رَّسُوْلٍ فَإِنَّهٗ يَسْلُكُ مِنْۢ بَيْنِ يَدَيْهِ وَمِنْ خَلْفِهٖ رَصَدًا ۝ لِّيَعْلَمَ أَنْ قَدْ أَبْلَغُوْا رِسٰلٰتِ رَبِّهِمْ وَأَحَاطَ بِمَا لَدَيْهِمْ وَأَحْصٰى كُلَّ شَيْءٍ عَدَدًا ۝

۲۰۔ وَلَقَدْ سَبَقَتْ كَلِمَتُنَا لِعِبَادِنَا الْمُرْسَلِيْنَ ۝ إِنَّهُمْ لَهُمُ

رسولوں کی مدد کرتا ہے۔ بے شک اللہ قوت والا ہے، غالب۔

-الحدید ۵۷: ۲۵-

۹۔ رسولوں پر اللہ کی طرف سے غیب کی باتوں کا اظہار

۱۹۔ (اللہ) غیب کا جاننے والا ہے۔ سو وہ اپنے غیب پر کسی کو آگاہ نہیں کرتا۔ مگر ہاں رسول کو جس سے وہ راضی ہوا۔ سو اس کے آگے اور اس کے پیچھے چوکیدار چلاتا ہے تاکہ وہ جان لے کہ انہوں نے اپنے پروردگار کے پیغام پہنچا دیے۔ اور جو کچھ ان کے پاس ہے اس کو اس نے گھیر رکھا ہے اور ہر چیز کی تعداد کو شمار کر رکھا ہے۔

-الجن ۷۲: ۲۶-۲۸-

۱۰۔ رسولوں کو اللہ کی مدد دنیا اور آخرت میں

۲۰۔ اور بے شک ہمارے بھیجے ہوئے بندوں کے بارہ میں ہمارا قول پہلے ہی صادر ہو چکا ہے کہ بے شک وہی مدد دیے گئے ہیں اور

بے شک جو ہمارا لشکر ہے وہی غالب آنے والا ہے۔

-الصّٰفّٰت ۳۷: ۱۷۱-۱۷۳

۲۱۔ بے شک ہم اپنے رسولوں کی اور جو لوگ ایمان لائے ہیں، ان کی دنیا کی زندگی میں اور (نیز) جس دن گواہ کھڑے ہوں گے، مدد کریں گے۔

-المؤمن ۴۰: ۵۱-

۱۱۔ نبیوں سے اللہ نے عہد لیا

۲۲۔اور (اے نبی ﷺ وہ وقت یاد کر) جب ہم نے نبیوں سے ان کا عہد لیا اور تجھ سے اور نوح اور ابراہیم اور موسیٰ اور مریم کے بیٹے عیسیٰ سے بھی اور ہم نے ان سے پکا عہد لیا۔ تاکہ اللہ سچوں سے ان کے سچ کی بابت پوچھے اور اس نے کافروں کے لیے دردناک عذاب تیار کیا ہے۔

-الاحزاب-۳۳: ۸-

۱۲۔ بعض نبیوں کو بعض پر فضیلت

۲۳۔ یہ رسول ہیں ہم نے ان میں سے بعض کو بعض پر فضیلت دی ان میں سے بعض سے اللہ نے کلام کیا اور بعض کے درجے بلند کیے، ہم نے مریم کے بیٹے عیسیٰ کو کھلی دلیلیں دیں اور روحِ پاک (جبریل علیہ السلام) سے اس کی تائید کی۔

-البقرۃ ۲: ۲۵۳-

۲۴۔اور بے شک ہم نے بعض نبیوں کو بعض پر فضیلت دی اور ہم نے داؤد کو زبور دی۔

-بنی اسرائیل ۱۷: ۵۵-

۱۳۔ نبیوں پر اللہ کا انعام

۲۵۔ یہی لوگ ان کے ساتھ ہوں گے جن پر اللہ نے انعام کیا ہے۔ یعنی نبی اور صدیق اور شہید اور نیک بخت۔

-النساء ۴: ۶۹-

۲۶۔ یہی وہ لوگ ہیں جن پر اللہ نے انعام کیا ہے (یعنی آدم علیہ السلام کی اولاد میں سے) نبی ان میں سے جن کو ہم نے نوح کے ساتھ (کشتی میں) سوار کیا تھا اور ابراہیم اور اسرائیل (یعقوب) کی اولاد میں سے اور ان میں سے جنہیں ہم نے ہدایت کی اور انتخاب کیا۔ جب ان پر رحمٰن کی آیتیں پڑھی جاتیں تو وہ روتے ہوئے سجدے میں گر پڑتے۔

-مریم ۱۹: ۵۸-

۱۴۔ قرآن میں بعض نبیوں کا ذکر اور بعض کا نہیں

۲۷۔اور کچھ رسول ایسے ہیں جن کا قصہ ہم تجھ سے پہلے بیان کر چکے ہیں اور کچھ رسول ایسے ہیں جن کا قصہ ہم نے تجھ سے بیان نہیں کیا

الْمَنْصُوْرُوْنَ ۝ وَاِنَّ جُنْدَنَا لَهُمُ الْغٰلِبُوْنَ ۝

۲۱۔ اِنَّا لَنَنْصُرُ رُسُلَنَا وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَيَوْمَ يَقُوْمُ الْاَشْهَادُ ۝

۲۲۔ وَاِذْ اَخَذْنَا مِنَ النَّبِيّٖنَ مِيْثَاقَهُمْ وَمِنْكَ وَمِنْ نُّوْحٍ وَّاِبْرٰهِيْمَ وَمُوْسٰى وَعِيْسَى ابْنِ مَرْيَمَ ۠ وَاَخَذْنَا مِنْهُمْ مِّيْثَاقًا غَلِيْظًا ۝ لِّيَسْـَٔلَ الصّٰدِقِيْنَ عَنْ صِدْقِهِمْ ۚ وَاَعَدَّ لِلْكٰفِرِيْنَ عَذَابًا اَلِيْمًا ۝

۲۳۔ تِلْكَ الرُّسُلُ فَضَّلْنَا بَعْضَهُمْ عَلٰى بَعْضٍ ۘ مِنْهُمْ مَّنْ كَلَّمَ اللّٰهُ وَرَفَعَ بَعْضَهُمْ دَرَجٰتٍ ۭ وَاٰتَيْنَا عِيْسَى ابْنَ مَرْيَمَ الْبَيِّنٰتِ وَاَيَّدْنٰهُ بِرُوْحِ الْقُدُسِ ۭ

۲۴۔ وَلَقَدْ فَضَّلْنَا بَعْضَ النَّبِيّٖنَ عَلٰى بَعْضٍ وَّاٰتَيْنَا دَاوٗدَ زَبُوْرًا ۝

۲۵۔ فَاُولٰۗىِٕكَ مَعَ الَّذِيْنَ اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ مِّنَ النَّبِيّٖنَ وَالصِّدِّيْقِيْنَ وَالشُّهَدَاۗءِ وَالصّٰلِحِيْنَ ۚ

۲۶۔ اُولٰۗىِٕكَ الَّذِيْنَ اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ مِّنَ النَّبِيّٖنَ مِنْ ذُرِّيَّةِ اٰدَمَ ۤ وَمِمَّنْ حَمَلْنَا مَعَ نُوْحٍ ۡ وَّمِنْ ذُرِّيَّةِ اِبْرٰهِيْمَ وَاِسْرَاۗءِيْلَ ۡ وَمِمَّنْ هَدَيْنَا وَاجْتَبَيْنَا ۭ اِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِمْ اٰيٰتُ الرَّحْمٰنِ خَرُّوْا سُجَّدًا وَّبُكِيًّا ۝

۲۷۔ وَرُسُلًا قَدْ قَصَصْنٰهُمْ عَلَيْكَ مِنْ قَبْلُ وَرُسُلًا لَّمْ نَقْصُصْهُمْ

اور موسیٰ سے اللہ نے کلام کیا۔

عَلَيْكَ ؕ وَ كَلَّمَ اللّٰهُ مُوْسٰى تَكْلِيْمًا ؁

-النساء ۴:۱۶۴-

۲۸۔اور (اے نبی ﷺ!) بے شک ہم نے تجھ سے پہلے ان میں سے بعض کا قصہ ہم تجھ سے بیان کر چکے ہیں اور ان میں بعض وہ ہیں جن کا قصہ ہم نے تجھ سے بیان نہیں کیا اور کسی رسول کی طاقت میں نہیں کہ وہ بغیر اللہ کے حکم کے کوئی نشانی لے آئے۔ سو جب اللہ کا حکم آجائے گا، ٹھیک ٹھیک فیصلہ کر دیا جائے گا اور اس موقع پر جھوٹے لوگ گھاٹے میں رہیں گے۔

۲۸۔وَ لَقَدْ اَرْسَلْنَا رُسُلًا مِّنْ قَبْلِكَ مِنْهُمْ مَّنْ قَصَصْنَا عَلَيْكَ وَ مِنْهُمْ مَّنْ لَّمْ نَقْصُصْ عَلَيْكَ ؕ وَ مَا كَانَ لِرَسُوْلٍ اَنْ يَّاْتِيَ بِاٰيَةٍ اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰهِ ۚ فَاِذَا جَآءَ اَمْرُ اللّٰهِ قُضِيَ بِالْحَقِّ وَ خَسِرَ هُنَالِكَ الْمُبْطِلُوْنَ ؁

-المؤمن ۴۰:۷۸-

۱۵۔ رسولوں پر سلام

۲۹۔اور رسولوں پر سلام ہے۔

۲۹۔وَ سَلٰمٌ عَلَى الْمُرْسَلِيْنَ ؁

-الصّٰفّٰت ۳۷:۱۸۱-

۱۶۔ رسولوں کے پیچھے دشمنوں کا لگنا

۳۰۔اور (اے نبی ﷺ! جس طرح یہ لوگ تیرے دشمن ہیں) اسی طرح ہم نے گنہگاروں میں سے ہر نبی کے دشمن پیدا کر دیے تھے اور ہدایت اور مدد کے لیے تیرا پروردگار کافی ہے۔

۳۰۔وَ كَذٰلِكَ جَعَلْنَا لِكُلِّ نَبِيٍّ عَدُوًّا مِّنَ الْمُجْرِمِيْنَ ؕ وَ كَفٰى بِرَبِّكَ هَادِيًا وَّ نَصِيْرًا ؁

-الفرقان ۲۵:۳۱-

۱۷۔ رسولوں کو لوگوں نے جھٹلایا

۳۱۔اور (اے نبی ﷺ!) بے شک تجھ سے پہلے بھی رسول جھٹلائے گئے تو انہوں نے اپنے جھٹلائے جانے اور ستائے جانے پر صبر کیا یہاں تک کہ ان کے پاس ہماری مدد آ پہنچی۔

۳۱۔وَ لَقَدْ كُذِّبَتْ رُسُلٌ مِّنْ قَبْلِكَ فَصَبَرُوْا عَلٰى مَا كُذِّبُوْا وَ اُوْذُوْا حَتّٰۤى اَتٰىهُمْ نَصْرُنَا ۚ

-الانعام ۶:۳۴-

۳۲۔پھر ہم نے اپنے رسول پے در پے بھیجے جب کبھی بھی کسی قوم کے پاس ان کا رسول آیا تو انہوں نے اس کو جھٹلایا تو ہم نے بھی (ہلاکت میں) بعض کے پیچھے بعض کو لگا دیا اور ہم نے ان کو کہاوتیں بنا دیا۔ سو ان لوگوں پر پھٹکار ہے جو ایمان نہیں لاتے۔

۳۲۔ثُمَّ اَرْسَلْنَا رُسُلَنَا تَتْرَا ؕ كُلَّمَا جَآءَ اُمَّةً رَّسُوْلُهَا كَذَّبُوْهُ فَاَتْبَعْنَا بَعْضَهُمْ بَعْضًا وَّ جَعَلْنٰهُمْ اَحَادِيْثَ ۚ فَبُعْدًا لِّقَوْمٍ لَّا يُؤْمِنُوْنَ ؁

-المؤمنون ۲۳:۴۴-

۳۳۔اور اگر تم جھٹلائے جاؤ تو (کوئی نئی بات نہیں)۔ تم سے پہلی امتوں نے بھی (اپنے رسولوں کو) جھٹلایا تھا۔

۳۳۔وَ اِنْ تُكَذِّبُوْا فَقَدْ كَذَّبَ اُمَمٌ مِّنْ قَبْلِكُمْ ؕ

-العنکبوت ۲۹:۱۸-

۳۴۔اور ہم نے جب کبھی بھی کسی بستی میں کوئی ڈرانے والا بھیجا تو اس کے خوش حال لوگوں نے یہی کہا کہ ہم تو ان باتوں کا جن کے ساتھ تم بھیجے گئے ہو، انکار کرتے ہیں اور انہوں نے کہا کہ ہم مال اور اولاد کثرت سے رکھتے ہیں اور ہمیں عذاب نہیں دیا جائے گا۔

۳۴۔وَ مَاۤ اَرْسَلْنَا فِيْ قَرْيَةٍ مِّنْ نَّذِيْرٍ اِلَّا قَالَ مُتْرَفُوْهَاۤ ۙ اِنَّا بِمَاۤ اُرْسِلْتُمْ بِهٖ كٰفِرُوْنَ ؁ وَ قَالُوْا نَحْنُ اَكْثَرُ اَمْوَالًا وَّ اَوْلَادًا ۙ وَّ مَا نَحْنُ بِمُعَذَّبِيْنَ ؁

-سبا ۳۴:۳۴-۳۵-

۳۵۔اور جو ان سے پہلے ہوئے ہیں انہوں نے بھی جھٹلایا تھا اور جو (مال اور شان و شکوہ) ہم نے انہیں دیا تھا یہ تو اس کے دسویں حصے کو

۳۵۔وَ كَذَّبَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ۙ وَ مَا بَلَغُوْا مِعْشَارَ مَاۤ اٰتَيْنٰهُمْ فَكَذَّبُوْا

بھی نہیں پہنچے۔ غرض انہوں نے میرے رسولوں کو جھٹلایا تو (دیکھ کہ) میرا عذاب کیسا تھا۔

-سبا ۳۴:۴۵-

۳۶۔اور (اے نبی ﷺ!) اگر وہ تجھے جھٹلائیں تو تجھ سے پہلے بھی رسول جھٹلائے گئے ہیں اور سب کام اللہ ہی طرف لوٹائے جائیں گے۔

-فاطر ۳۵:۴-

۳۷۔اور (اے نبی ﷺ!) اگر وہ تجھے جھٹلائیں تو جو لوگ ان سے پہلے ہو گزرے ہیں انہوں نے بھی جھٹلایا تھا۔ ان کے پاس ان کے رسول کھلی دلیلیں اور صحیفے اور روشن کتاب لے کر آئے تھے۔

-فاطر ۳۵:۲۵-

۱۸۔ ہر رسول کو مجنون اور جادوگر کہا گیا

۳۸۔اسی طرح ان لوگوں نے اُن سے پہلے گزرے ہیں جب کبھی بھی ان کے پاس کوئی رسول آیا (اس کی نسبت) یہی کہا کہ جادوگر ہے یا دیوانہ ہے۔ کیا یہ لوگ اس بات کی ایک دوسرے کو وصیت کرتے چلے آئے ہیں (کوئی نہیں) بلکہ وہ گمراہ لوگ ہیں۔

-الذّریٰت ۵۱:۵۲-۵۳-

۱۹۔ ہر رسول کے ساتھ لوگوں نے ٹھٹھا کیا

۳۹۔اور (اے نبی ﷺ!) بے شک تجھ سے پہلے بھی رسولوں سے ٹھٹھا کیا گیا تھا تو ان لوگوں کو جو ان میں سے ٹھٹھا کرتے تھے اسی عذاب نے آگھیرا جس کی وہ ہنسی اڑایا کرتے تھے۔

ص-الانعام ۶:۱۰ والانبیاء ۲۱:۴۱-

۴۰۔ہائے افسوس بندوں پر! جو رسول بھی ان کے پاس آیا ہے اسی کی وہ ہنسی اڑاتے ہیں۔

-یٰسٓ ۳۶:۳۰-

رُسُلِيْ فَكَيْفَ كَانَ نَكِيْرِ ﴿۴۵﴾

۳۶۔ وَاِنْ يُّكَذِّبُوْكَ فَقَدْ كُذِّبَتْ رُسُلٌ مِّنْ قَبْلِكَ ۭ وَاِلَى اللّٰهِ تُرْجَعُ الْاُمُوْرُ ﴿۴﴾

۳۷۔ وَاِنْ يُّكَذِّبُوْكَ فَقَدْ كَذَّبَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ۚ جَاۗءَتْهُمْ رُسُلُهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ وَبِالزُّبُرِ وَبِالْكِتٰبِ الْمُنِيْرِ ﴿۲۵﴾

۳۸۔ كَذٰلِكَ مَآ اَتَى الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ مِّنْ رَّسُوْلٍ اِلَّا قَالُوْا سَاحِرٌ اَوْ مَجْنُوْنٌ ﴿۵۲﴾ اَتَوَاصَوْا بِهٖ ۚ بَلْ هُمْ قَوْمٌ طَاغُوْنَ ﴿۵۳﴾

۳۹۔ وَلَقَدِ اسْتُهْزِئَ بِرُسُلٍ مِّنْ قَبْلِكَ فَحَاقَ بِالَّذِيْنَ سَخِرُوْا مِنْهُمْ مَّا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ﴿۱۰﴾

۴۰۔ يٰحَسْرَةً عَلَى الْعِبَادِ ۚ مَا يَاْتِيْهِمْ مِّنْ رَّسُوْلٍ اِلَّا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ﴿۳۰﴾

۴۱۔ وَكَمْ اَرْسَلْنَا مِنْ نَّبِيٍّ فِي الْاَوَّلِيْنَ ﴿۶﴾ وَمَا يَاْتِيْهِمْ مِّنْ نَّبِيٍّ اِلَّا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ﴿۷﴾

۴۲۔ وَمَآ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ مِنْ رَّسُوْلٍ وَّلَا نَبِيٍّ اِلَّآ اِذَا تَمَنّٰٓى اَلْقَى الشَّيْطٰنُ فِيْٓ اُمْنِيَّتِهٖ ۚ فَيَنْسَخُ اللّٰهُ مَا يُلْقِي الشَّيْطٰنُ ثُمَّ يُحْكِمُ اللّٰهُ اٰيٰتِهٖ ۭ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ﴿۵۲﴾ لِّيَجْعَلَ مَا يُلْقِي الشَّيْطٰنُ فِتْنَةً لِّلَّذِيْنَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ

۴۱۔اور ہم نے اگلوں میں کتنے ہی نبی بھیجے اور ان کے پاس جو نبی بھی آتا تھا اس کی وہ ہنسی اڑاتے تھے۔

-الزخرف ۴۳:۶-۷

۲۰۔ رسول اور نبی کو شیطان وسوسے میں ڈالتا ہے مگر اللہ ان وسوسوں کو مٹا دیتا ہے اس سے مقصود امتحان ہے

۴۲۔اور (اے نبی ﷺ!) تجھ سے پہلے جو رسول اور نبی بھی بھیجا اس کے ساتھ یہی معاملہ پیش آیا کہ جب اس نے (خدا کا کلام) پڑھا تو شیطان نے اس کی قرأت میں کچھ ملا دیا۔ مگر جو کچھ شیطان ڈالتا ہے اس کو اللہ مٹا دیتا ہے۔ پھر اللہ اپنی آیتوں کو پکا کر دیتا ہے۔ اور اللہ جاننے والا اور حکمت والا ہے۔ (اور یہ اس لیے ہے) تا کہ جو کچھ شیطان ڈالے اس کو اللہ ان لوگوں کے لیے جن کے دلوں میں روگ ہے اور جن کے دل سخت ہیں ذریعۂ آزمائش قرار دے۔ اور

بے شک ظالم پرلے درجے کے اختلاف میں ہیں اور اس لیے ہے تا کہ وہ لوگ جنہیں علم دیا گیا ہے جان لیں کہ وہ تیرے پروردگار کی طرف سے حق ہے۔ پھر وہ اس پر ایمان لے آئیں اور ان کے دل اس کے لیے نرم پڑ جائیں اور جولوگ ایمان لائے ہیں انہیں اللہ سیدھی راہ پر لگانے والا ہے۔

۔الحج ۲۲: ۵۲-۵۴۔

آنحضرت ﷺ کی رسالت کے دلائل

۱۔ اہل کتاب آپ کا نبی برحق ہونا جانتے تھے

۱۔اور بے شک وہ لوگ جنہیں کتاب (تورات) دی گئی ہے وہ جانتے ہیں کہ وہ (قبلہ) ان کے پروردگار کی طرف سے حق ہے۔

۔البقرۃ ۲: ۱۴۴۔

۲۔جنہیں ہم نے کتاب (تورات) دی ہے وہ اس (نبی ﷺ) کو ایسا ہی پہچانتے ہیں جیسا کہ اپنے بیٹوں کو پہچانتے ہیں اور بے شک ان میں سے ایک فریق والے جان بوجھ کر حق کو چھپاتے ہیں۔

۔البقرۃ ۲: ۱۴۶۔

۳۔اور جنہیں ہم نے کتاب (تورات) دی ہے وہ جانتے ہیں کہ بے شک یہ (قرآن) تیرے پروردگار کی طرف سے حق کے ساتھ نازل کیا گیا ہے تو (اے نبی ﷺ) تو شک کرنے والوں میں ہرگز نہ ہو۔

۔الانعام ۶: ۱۱۴۔

۴۔اور جو لوگ کافر ہیں وہ کہتے ہی کہ تو رسول نہیں ہے (اے نبی ﷺ ان سے) کہہ دے کہ میرے اور

مَّرَضٌ وَّالْقَاسِيَةِ قُلُوْبُهُمْ ؕ وَاِنَّ الظّٰلِمِيْنَ لَفِيْ شِقَاقٍۭ بَعِيْدٍ ۝ وَّلِيَعْلَمَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ اَنَّهُ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّكَ فَيُؤْمِنُوْا بِهٖ فَتُخْبِتَ لَهٗ قُلُوْبُهُمْ ؕ وَاِنَّ اللّٰهَ لَهَادِ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ۝

۱۔وَاِنَّ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ لَيَعْلَمُوْنَ اَنَّهُ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّهِمْ ؕ

۲۔اَلَّذِيْنَ اٰتَيْنٰهُمُ الْكِتٰبَ يَعْرِفُوْنَهٗ كَمَا يَعْرِفُوْنَ اَبْنَآءَهُمْ ؕ وَاِنَّ فَرِيْقًا مِّنْهُمْ لَيَكْتُمُوْنَ الْحَقَّ وَهُمْ يَعْلَمُوْنَ ۝

۳۔وَالَّذِيْنَ اٰتَيْنٰهُمُ الْكِتٰبَ يَعْلَمُوْنَ اَنَّهٗ مُنَزَّلٌ مِّنْ رَّبِّكَ بِالْحَقِّ فَلَا تَكُوْنَنَّ مِنَ الْمُمْتَرِيْنَ ۝

۴۔وَيَقُوْلُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَسْتَ مُرْسَلًا ؕ قُلْ كَفٰى بِاللّٰهِ شَهِيْدًاۢ بَيْنِيْ وَبَيْنَكُمْ ۙ وَمَنْ عِنْدَهٗ عِلْمُ الْكِتٰبِ ۝

۵۔اَوَلَمْ يَكُنْ لَّهُمْ اٰيَةً اَنْ يَّعْلَمَهٗ عُلَمٰٓؤُا بَنِيْۤ اِسْرَآءِيْلَ ۝

۶۔كَيْفَ يَهْدِى اللّٰهُ قَوْمًا كَفَرُوْا بَعْدَ اِيْمَانِهِمْ وَشَهِدُوْۤا اَنَّ الرَّسُوْلَ حَقٌّ وَّجَآءَهُمُ الْبَيِّنٰتُ ؕ وَاللّٰهُ لَا يَهْدِى الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ۝

۷۔قُلْ اَيُّ شَيْءٍ اَكْبَرُ شَهَادَةً ؕ قُلِ اللّٰهُ ۙ شَهِيْدٌۢ بَيْنِيْ وَبَيْنَكُمْ ۚ

تمہارے درمیان اللہ اور وہ شخص جس کے پاس کتاب (تورات) کا علم ہے، کافی گواہ ہے۔

۔الرعد ۱۳: ۴۳۔

۵۔کیا ان کے لیے یہ نشانی نہیں ہے کہ بنی اسرائیل کے عالم اس کو (برحق) جانتے ہیں۔

۔الشعراء ۲۶: ۱۹۷۔

۶۔اللہ ان لوگوں کو کس طرح ہدایت کرے جو اپنے ایمان لانے کے بعد کافر ہو گئے اور وہ یہ گواہی بھی دے چکے ہیں کہ رسول برحق ہے۔ ان کے پاس کھلی دلیلیں بھی آ چکی ہیں اور اللہ ظالم لوگوں کو ہدایت نہیں کرتا۔

۔آل عمران ۳: ۸۶۔

۲۔ آپ کی نبوت پر اللہ کی شہادت

۷۔(اے نبی ﷺ ان سے) پوچھ کہ کونسی شہادت سب سے بڑھ کر ہے۔ کہہ دے کہ میرے اور تمہارے درمیان اللہ گواہ ہے۔

۔الانعام ۶: ۱۹۔

۸۔ وَيَقُولُ الَّذِينَ كَفَرُوا لَسْتَ مُرْسَلًا ۚ قُلْ كَفَىٰ بِاللَّهِ شَهِيدًا بَيْنِي وَبَيْنَكُمْ

۹۔ قُلْ كَفَىٰ بِاللَّهِ شَهِيدًا بَيْنِي وَبَيْنَكُمْ ۚ إِنَّهُ كَانَ بِعِبَادِهِ خَبِيرًا بَصِيرًا ۝

۱۰۔ كَفَىٰ بِهِ شَهِيدًا بَيْنِي وَبَيْنَكُمْ ۖ وَهُوَ الْغَفُورُ الرَّحِيمُ ۝

۱۱۔ إِنَّا أَوْحَيْنَا إِلَيْكَ كَمَا أَوْحَيْنَا إِلَىٰ نُوحٍ وَالنَّبِيِّينَ مِنْ بَعْدِهِ ۚ وَأَوْحَيْنَا إِلَىٰ إِبْرَاهِيمَ وَإِسْمَاعِيلَ وَإِسْحَاقَ وَيَعْقُوبَ وَالْأَسْبَاطِ وَعِيسَىٰ وَأَيُّوبَ وَيُونُسَ وَهَارُونَ وَسُلَيْمَانَ ۚ وَآتَيْنَا دَاوُودَ زَبُورًا ۝ وَرُسُلًا قَدْ قَصَصْنَاهُمْ عَلَيْكَ مِنْ قَبْلُ وَرُسُلًا لَمْ نَقْصُصْهُمْ عَلَيْكَ ۚ وَكَلَّمَ اللَّهُ مُوسَىٰ تَكْلِيمًا ۝ رُسُلًا مُبَشِّرِينَ وَمُنْذِرِينَ لِئَلَّا يَكُونَ لِلنَّاسِ عَلَى اللَّهِ حُجَّةٌ بَعْدَ الرُّسُلِ ۚ وَكَانَ اللَّهُ عَزِيزًا حَكِيمًا ۝ لَٰكِنِ اللَّهُ يَشْهَدُ بِمَا أَنْزَلَ إِلَيْكَ ۖ أَنْزَلَهُ بِعِلْمِهِ ۖ وَالْمَلَائِكَةُ يَشْهَدُونَ ۚ وَكَفَىٰ بِاللَّهِ شَهِيدًا ۝

۱۲۔ مَا يُقَالُ لَكَ إِلَّا مَا قَدْ قِيلَ لِلرُّسُلِ مِنْ قَبْلِكَ ۚ

۱۳۔ قُلْ مَا كُنْتُ بِدْعًا مِنَ الرُّسُلِ وَمَا أَدْرِي مَا يُفْعَلُ بِي وَلَا بِكُمْ ۖ إِنْ أَتَّبِعُ إِلَّا مَا يُوحَىٰ إِلَيَّ وَمَا أَنَا إِلَّا نَذِيرٌ مُبِينٌ ۝

۱۴۔ إِنَّا أَرْسَلْنَا إِلَيْكُمْ رَسُولًا شَاهِدًا عَلَيْكُمْ كَمَا أَرْسَلْنَا إِلَىٰ فِرْعَوْنَ

۸۔اور کافر کہتے ہیں کہ تو (خدا کا بھیجا ہوا) رسول نہیں ہے(اے نبی ﷺ!) کہہ دے کہ میرے اور تمہارے درمیان اللہ کافی گواہ ہے۔

۔الرعد ۱۳: ۴۳۔

۹۔(اے نبی ﷺ!) کہہ دے کہ میرے اور تمہارے درمیان اللہ کافی گواہ ہے بے شک وہ اپنے بندوں سے خبر دار ہے اور انہیں دیکھنے والا ہے۔

۔بنی اسرائیل ۱۷: ۹۶۔

۱۰۔میرے اور تمہارے درمیان وہی (اللہ) کافی گواہ ہے۔اور وہی بخشنے والا،مہربان ہے۔

۔الاحقاف ۴۶: ۸۔

۳۔ آپ پر اسی طرح وحی ہوئی جس طرح دوسرے انبیا پر ہوئی

۱۱۔(اے نبی ﷺ) بے شک ہم نے تیری طرف اسی طرح وحی کی جس طرح ہم نے نوح اور اس کے بعد دوسرے نبیوں کی طرف وحی کی تھی اور جس طرح ہم نے ابراہیم اور اسماعیل اور اسحاق اور یعقوب اور اولادِ یعقوب اور عیسیٰ اور ایوب اور یونس اور ہارون اور سلیمان کی طرف وحی کی تھی اور ہم نے داؤد کو زبور دی تھی اور کتنے ہی رسول ہیں جن کا قصہ ہم تجھ سے پہلے بیان کر چکے ہیں اور کتنے ہی رسول ہیں جن کا قصہ ہم نے تجھ سے بیان نہیں کیا۔ اور اللہ نے موسیٰ سے کلام کیا۔ (ہم نے) رسول بشارت دینے والے اور ڈرانے والے بنا کر بھیجے تا کہ رسولوں کے بھیجنے کے بعد لوگوں کے لیے اللہ پر الزام دینے کی راہ نہ رہے اور اللہ غالب، حکمت والا ہے لیکن اللہ اس کی گواہی دیتا ہے جو اس نے اتارا ہے تجھ پر اس نے اسے اپنے علم سے اتارا ہے اور فرشتے بھی گواہی دیتے ہیں اور گواہی کو تو اللہ ہی کافی ہے۔

۔النساء ۴: ۱۶۳ ۔ ۱۶۶۔

۴۔ آپ کی اور دوسرے نبیوں کی تعلیم ایک تھی

۱۲۔(اے نبی ﷺ!) تجھ سے صرف وہی بات کہی جاتی ہے جو تجھ سے پہلے رسولوں سے کہی گئی

۔حٰمٓ السجدۃ ۴۱: ۴۳۔

۱۳۔(اے نبی ﷺ!) کہہ دے کہ میں کچھ انوکھا رسول نہیں ہوں اور میں نہیں جانتا کہ میرے ساتھ اور تمہارے ساتھ کیا سلوک کیا جائے گا۔ میں تو اسی پر چلتا ہوں جو میری طرف وحی کی جاتی ہے اور میں تو صرف کھول کر ڈرانے والا ہوں اور بس۔

۔الاحقاف ۴۶: ۹۔

۵۔ آپ حضرت موسیٰ علیہ السلام کی مانند تھے

۱۴۔(لوگو!) بے شک ہم نے تمہارے پاس ایک رسول بھیجا جو تم پر

گواہ ہے جیسا کہ ہم نے فرعون کی طرف ایک رسول بھیجا تھا۔

-المزمل ۷۳:۱۵-

۶۔ توریت وانجیل میں آپ کا ذکر

۱۵۔(میں اپنی رحمت ان لوگوں کے لیے لکھ لیتا ہوں) جو اس رسول، نبیٔ امی کی پیروی کریں گے جسے وہ اپنے ہاں تورات اور انجیل میں لکھا پائیں گے وہ (نبی ﷺ) ان کو اچھی باتوں کا حکم دے گا اور انہیں بری باتوں سے روکے گا اور ان کے لیے ستھری چیزیں حلال کرے گا اور خبیث چیزوں کو ان پر حرام کرے گا اور ان کے اوپر سے وہ بوجھ اور بندشیں ہٹا دے گا۔ جو (اس کے آنے سے پہلے) ان پر تھیں۔ سو جو لوگ اس پر ایمان لائیں گے اور اس کو قوت دیں گے اور اس کی مدد کریں گے اور اس نور پر چلیں گے جو اس کے ساتھ اتارا جائے گا، وہی لوگ فلاح پانے والے ہیں۔

-الاعراف ۷:۱۵۷-

۱۶۔اور انہوں نے کہا کہ اس کے پروردگار کی طرف سے ہمارے پاس کوئی نشانی کیوں نہیں آتی؟ کیا ان کے پاس وہ کھلی دلیل نہیں آچکی جو اگلوں کے صحیفوں پر (لکھی ہوئی) موجود ہے۔

-طٰہٰ ۲۰:۱۳۳-

۱۷۔اور بے شک وہ (قرآن) اگلوں کے صحیفوں میں (مذکور) ہے۔

-الشعرا ۲۶:۱۹۶-

۱۸۔اور (اے نبی ﷺ! وہ وقت بھی یاد کر) جب مریم کے بیٹے عیسیٰ نے کہا کہ اے بنی اسرائیل میں تمہاری طرف اللہ

رَسُوْلًا ۝

۱۵۔اَلَّذِیْنَ یَتَّبِعُوْنَ الرَّسُوْلَ النَّبِیَّ الْاُمِّیَّ الَّذِیْ یَجِدُوْنَهٗ مَكْتُوْبًا عِنْدَهُمْ فِی التَّوْرٰىةِ وَ الْاِنْجِیْلِ٘ یَاْمُرُهُمْ بِالْمَعْرُوْفِ وَ یَنْهٰىهُمْ عَنِ الْمُنْكَرِ وَ یُحِلُّ لَهُمُ الطَّیِّبٰتِ وَ یُحَرِّمُ عَلَیْهِمُ الْخَبٰٓىِٕثَ وَ یَضَعُ عَنْهُمْ اِصْرَهُمْ وَ الْاَغْلٰلَ الَّتِیْ كَانَتْ عَلَیْهِمْ١ؕ فَالَّذِیْنَ اٰمَنُوْا بِهٖ وَ عَزَّرُوْهُ وَ نَصَرُوْهُ وَ اتَّبَعُوا النُّوْرَ الَّذِیْۤ اُنْزِلَ مَعَهٗۤ١ۙ اُولٰٓىِٕكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ۝

۱۶۔وَ قَالُوْا لَوْ لَا یَاْتِیْنَا بِاٰیَةٍ مِّنْ رَّبِّهٖ١ؕ اَوَ لَمْ تَاْتِهِمْ بَیِّنَةُ مَا فِی الصُّحُفِ الْاُوْلٰى ۝

۱۷۔وَ اِنَّهٗ لَفِیْ زُبُرِ الْاَوَّلِیْنَ ۝

۱۸۔وَ اِذْ قَالَ عِیْسَى ابْنُ مَرْیَمَ یٰبَنِیْۤ اِسْرَآءِیْلَ اِنِّیْ رَسُوْلُ اللّٰهِ اِلَیْكُمْ مُّصَدِّقًا لِّمَا بَیْنَ یَدَیَّ مِنَ التَّوْرٰىةِ وَ مُبَشِّرًۢا بِرَسُوْلٍ یَّاْتِیْ مِنْۢ بَعْدِی اسْمُهٗۤ اَحْمَدُ١ؕ فَلَمَّا جَآءَهُمْ بِالْبَیِّنٰتِ قَالُوْا هٰذَا سِحْرٌ مُّبِیْنٌ ۝

۱۹۔یٰۤاَهْلَ الْكِتٰبِ قَدْ جَآءَكُمْ رَسُوْلُنَا یُبَیِّنُ لَكُمْ كَثِیْرًا مِّمَّا كُنْتُمْ تُخْفُوْنَ مِنَ الْكِتٰبِ وَ یَعْفُوْا عَنْ كَثِیْرٍ١ؕ۬ قَدْ جَآءَكُمْ مِّنَ اللّٰهِ نُوْرٌ وَّ كِتٰبٌ مُّبِیْنٌ ۝

۲۰۔یَّهْدِیْ بِهِ اللّٰهُ مَنِ اتَّبَعَ رِضْوَانَهٗ سُبُلَ السَّلٰمِ وَ یُخْرِجُهُمْ مِّنَ

کا بھیجا ہوا رسول ہوں، تورات کی جو مجھ سے پہلے ہے تصدیق کرتا ہوں اور ایک رسول کی جو میرے بعد آئے گا بشارت دیتا ہوں۔ اس کا نام احمد ہوگا۔ پھر جب وہ رسول ان کے پاس کھلی دلیلیں لے کر آیا تو انہوں نے کہا کہ یہ تو کھلا جادو ہے۔

-الصف ۶۱:۶-

۷۔ اہلِ کتاب جو باتیں چھپاتے تھے انہیں ظاہر کرنا

۱۹۔اے اہلِ کتاب تمہارے پاس ہمارا رسول آچکا، جو تم سے کتاب (تورات) کی بہت سی وہ باتیں بیان کرتا ہے جو تم چھپاتے ہو اور بہت سی باتوں سے درگزر کرتا ہے۔ بے شک تمہارے پاس اللہ کی طرف سے روشنی اور کھلی کتاب آچکی ہے۔

-المائدۃ ۵:۱۵-

۲۰۔اللہ اس (قرآن) کے ذریعے ان لوگوں پر جو اس کی رضا پر چلتے

ہیں، سلامتی کی راہیں دکھلاتا ہے اور انہیں اپنے حکم سے تاریکیوں سے روشنی کی طرف نکالتا ہے اور انہیں سیدھی راہ پر لگاتا ہے۔

-المائدۃ ۵:۱۶-

۸۔ آپ کی رسالت میں شبہ کرنے کی کوئی وجہ نہیں ہو سکتی

۲۱۔تو کیا انہوں نے اس بات میں سرے سے غور ہی نہیں کیا یا ان کے پاس وہ چیز آئی ہے جو ان کے اگلے باپ دادوں کے پاس نہیں آئی تھی۔ انہوں نے اپنے (اس) رسول کو پہچانا نہیں کہ وہ اس کا انکار کر رہے ہیں یا وہ کہتے ہیں کہ اس کو جنون ہے (کوئی بات بھی نہیں) بلکہ وہ تو ان کے پاس حق لے کر آیا ہے اور ان میں سے اکثر حق کو ناپسند کرتے ہیں اور اگر حق ان کی خواہشوں کے تابع ہو جائے تو آسمان اور زمین اور جو ان میں ہے سب تباہ ہو جائے بلکہ ہم تو ان کے پاس ان کی خیر خواہی لائے ہیں، سو وہ اپنی خیر خواہی سے مونہہ پھیرتے ہیں یا تو ان سے کچھ مال مانگتا ہے۔ سو تیرے پروردگار کا (دیا) مال بہتر ہے اور وہی بہتر روزی دینے والا ہے اور (اے نبی علیہ السلام!) بے شک تو انہیں سیدھی راہ کی طرف بلاتا ہے۔

-المؤمنون ۲۳:۶۸-۷۳-

۹۔ آپ لکھنا پڑھنا نہ جانتے تھے

۲۲۔اور (اے نبی علیہ السلام!) تو اس (قرآن کے نزول) سے پہلے نہ کوئی کتاب پڑھتا تھا اور اس کو اپنے دہنے ہاتھ سے لکھتا تھا۔ اگر ایسا ہوتا تو اس وقت بے شک ان جھوٹوں کو شک کرنے کی گنجائش ہوتی بلکہ وہ تو کھلی آیتیں ہیں، جنہیں علم دیا گیا ہے ان کے سینوں میں (محفوظ) ہیں۔ اور ہماری آیتوں کا انکار تو صرف ظالم ہی کرتے ہیں اور انہوں نے کہا کہ اس (نبی علیہ السلام!) پر اس کے پروردگار کی طرف سے کچھ نشانیاں کیوں نہیں اتاری گئیں (اے نبی علیہ السلام!) کہہ دے کہ نشانیاں تو بس اللہ ہی کے پاس ہیں اور میں تو صرف کھول کر ڈرانے والا ہوں اور بس۔ کیا انہیں یہ کافی نہیں ہے کہ ہم نے تجھ پر کتاب اتاری جو ان پر پڑھی جاتی ہے؟ بے شک اس میں ان لوگوں کے لیے جو ایمان لاتے ہیں رحمت اور نصیحت ہے۔

-العنکبوت ۲۹:۴۸-۵۱-

۲۳۔اور (اے نبی علیہ السلام) اسی طرح ہم نے تیری طرف اپنے حکم سے روح اتاری۔ تو نہیں جانتا تھا کہ کتاب کیا ہے اور نہ یہ جانتا تھا کہ ایمان کیا ہے؟ لیکن ہم نے اس کو ایک نور ٹھہرایا تو اس کے ذریعے ہم اپنے بندوں میں سے جسے چاہتے ہیں ہدایت کر دیتے

الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ بِاِذْنِهٖ وَيَهْدِيْهِمْ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ

۲۱۔ اَفَلَمْ يَدَّبَّرُوا الْقَوْلَ اَمْ جَآءَهُمْ مَّا لَمْ يَاْتِ اٰبَآءَهُمُ الْاَوَّلِيْنَ ۝ اَمْ لَمْ يَعْرِفُوْا رَسُوْلَهُمْ فَهُمْ لَهٗ مُنْكِرُوْنَ ۝ اَمْ يَقُوْلُوْنَ بِهٖ جِنَّةٌ ۚ بَلْ جَآءَهُمْ بِالْحَقِّ وَاَكْثَرُهُمْ لِلْحَقِّ كٰرِهُوْنَ ۝ وَلَوِ اتَّبَعَ الْحَقُّ اَهْوَآءَهُمْ لَفَسَدَتِ السَّمٰوٰتُ وَالْاَرْضُ وَمَنْ فِيْهِنَّ ۚ بَلْ اَتَيْنٰهُمْ بِذِكْرِهِمْ فَهُمْ عَنْ ذِكْرِهِمْ مُّعْرِضُوْنَ ۝ اَمْ تَسْاَلُهُمْ خَرْجًا فَخَرَاجُ رَبِّكَ خَيْرٌ ۖ وَّهُوَ خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ ۝ وَاِنَّكَ لَتَدْعُوْهُمْ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ

۲۲۔ وَمَا كُنْتَ تَتْلُوْا مِنْ قَبْلِهٖ مِنْ كِتٰبٍ وَّلَا تَخُطُّهٗ بِيَمِيْنِكَ اِذًا لَّارْتَابَ الْمُبْطِلُوْنَ ۝ بَلْ هُوَ اٰيٰتٌۢ بَيِّنٰتٌ فِيْ صُدُوْرِ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ ۚ وَمَا يَجْحَدُ بِاٰيٰتِنَآ اِلَّا الظّٰلِمُوْنَ ۝ وَقَالُوْا لَوْلَآ اُنْزِلَ عَلَيْهِ اٰيٰتٌ مِّنْ رَّبِّهٖ ۚ قُلْ اِنَّمَا الْاٰيٰتُ عِنْدَ اللّٰهِ ۚ وَاِنَّمَآ اَنَا نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ ۝ اَوَلَمْ يَكْفِهِمْ اَنَّآ اَنْزَلْنَا عَلَيْكَ الْكِتٰبَ يُتْلٰى عَلَيْهِمْ ۚ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَرَحْمَةً وَّذِكْرٰى لِقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ۝

۲۳۔ وَكَذٰلِكَ اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ رُوْحًا مِّنْ اَمْرِنَا ۚ مَا كُنْتَ تَدْرِيْ مَا الْكِتٰبُ وَلَا الْاِيْمَانُ وَلٰكِنْ جَعَلْنٰهُ نُوْرًا نَّهْدِيْ بِهٖ مَنْ نَّشَآءُ مِنْ

ہیں اور تو بے شک (لوگوں کو) سیدھے رستے پر لگاتا ہے۔ اس اللہ کے رستے پر جس کا وہ سب کچھ ہے جو آسمانوں میں ہے۔ اور جو زمین میں ہے۔ سنتے ہو سب کام اللہ ہی کی طرف رجوع ہوتے ہیں۔

۔الشورٰی ۴۲: ۵۲۔۵۳۔

عِبَادِنَا ۚ وَإِنَّكَ لَتَهْدِي إِلَىٰ صِرَاطٍ مُّسْتَقِيمٍ ﴿٥٢﴾ صِرَاطِ اللَّهِ الَّذِي لَهُ مَا فِي السَّمَاوَاتِ وَمَا فِي الْأَرْضِ ۗ أَلَا إِلَى اللَّهِ تَصِيرُ الْأُمُورُ ﴿٥٣﴾

۱۰۔ آپ شاعر نہ تھے

۲۴۔ کیا وہ یہ کہتے ہیں کہ یہ ایک شاعر ہے جس کے بارے میں ہم زمانہ کی گردش کا انتظار کر رہے ہیں (اے نبی ﷺ!) کہہ دے کہ تم انتظار کرو میں بھی تمہارے ساتھ انتظار کرتا ہوں۔ کیا ان کی عقلیں ان کو اس بات کا حکم دیتی ہیں یا وہ گمراہ لوگ ہیں یا وہ یہ کہتے ہیں کہ اس (نبی ﷺ!) نے اسے خود گھڑ لیا ہے؟ کوئی بھی نہیں بلکہ وہ ایمان نہیں لاتے تو اگر وہ (اپنے وعدے میں) سچے ہیں تو وہ ایسی ایک ہی بات کہیں سے لے آئیں۔

۔الطور ۵۲: ۳۰۔۳۴۔

۲۴۔ أَمْ يَقُولُونَ شَاعِرٌ نَّتَرَبَّصُ بِهِ رَيْبَ الْمَنُونِ ﴿٣٠﴾ قُلْ تَرَبَّصُوا فَإِنِّي مَعَكُم مِّنَ الْمُتَرَبِّصِينَ ﴿٣١﴾ أَمْ تَأْمُرُهُمْ أَحْلَامُهُم بِهَٰذَا ۚ أَمْ هُمْ قَوْمٌ طَاغُونَ ﴿٣٢﴾ أَمْ يَقُولُونَ تَقَوَّلَهُ ۚ بَل لَّا يُؤْمِنُونَ ﴿٣٣﴾ فَلْيَأْتُوا بِحَدِيثٍ مِّثْلِهِ إِن كَانُوا صَادِقِينَ ﴿٣٤﴾

۱۱۔ قرآن کے اتارنے پر شیاطین کو قدرت نہیں ہے

۲۵۔ اور اس کو شیطانوں نے نہیں اتارا اور نہ یہ ان کو سزاوار ہے اور نہ وہ ایسا کر سکتے ہیں۔

۔الشعراء ۲۶: ۲۱۰۔۲۱۱۔

۲۵۔ وَمَا تَنَزَّلَتْ بِهِ الشَّيَاطِينُ ﴿٢١٠﴾ وَمَا يَنبَغِي لَهُمْ وَمَا يَسْتَطِيعُونَ ﴿٢١١﴾

۱۲۔ اور یہ قرآن شیطان کا کلام نہیں

۲۶۔ وہ تو (کلام الٰہی کو) سننے سے ایک طرف ہٹا دیے گئے ہیں۔

۔الشعراء ۲۶: ۲۱۲۔

۲۶۔ إِنَّهُمْ عَنِ السَّمْعِ لَمَعْزُولُونَ ﴿٢١٢﴾

۲۷۔ اور وہ شیطان مردود کا کلام نہیں ہے۔ تو تم لوگ کدھر جا رہے ہو؟

۔التکویر ۸۱: ۲۵۔۲۶۔

۲۷۔ وَمَا هُوَ بِقَوْلِ شَيْطَانٍ رَّجِيمٍ ﴿٢٥﴾ فَأَيْنَ تَذْهَبُونَ ﴿٢٦﴾

۱۳۔ قرآن کسی شاعر یا کاہن کا کلام نہیں ہے

۲۸۔ اور وہ کسی شاعر کا کلام نہیں ہے تم بہت ہی کم یقین کرتے ہو اور نہ وہ کسی کاہن کا کلام ہے۔ تم لوگ بہت ہی کم نصیحت پکڑتے ہو۔

۔الحاقۃ ۶۹: ۴۱۔۴۲۔

۲۸۔ وَمَا هُوَ بِقَوْلِ شَاعِرٍ ۚ قَلِيلًا مَّا تُؤْمِنُونَ ﴿٤١﴾ وَلَا بِقَوْلِ كَاهِنٍ ۚ قَلِيلًا مَّا تَذَكَّرُونَ ﴿٤٢﴾

۱۴۔ اللہ چاہتا تو آپ کے قلب پر مہر کر دیتا

۲۹۔ کیا وہ یہ کہتے ہیں کہ اس نے اللہ پر جھوٹا بہتان باندھ لیا ہے سو اگر چاہتا اللہ تو تیرے دل پر مہر لگا دیتا اور اللہ باطل کو مٹا دیتا ہے اور حق کو اپنی باتوں سے ثابت کر دیتا ہے۔ بے شک وہ سینوں کی (چھپی) باتوں کو جانتا ہے۔

۔الشورٰی ۴۲: ۲۴۔

۲۹۔ أَمْ يَقُولُونَ افْتَرَىٰ عَلَى اللَّهِ كَذِبًا ۖ فَإِن يَشَإِ اللَّهُ يَخْتِمْ عَلَىٰ قَلْبِكَ ۗ وَيَمْحُ اللَّهُ الْبَاطِلَ وَيُحِقُّ الْحَقَّ بِكَلِمَاتِهِ ۚ إِنَّهُ عَلِيمٌ بِذَاتِ الصُّدُورِ ﴿٢٤﴾

۱۵۔ آپ اللہ پر بہتان باندھتے تو سب سے پہلے اللہ آپ کا دشمن ہوتا

۳۰۔اور اگر وہ بعض باتیں خود بنا کر ہماری طرف منسوب کر دیتا تو ہم ضرور اس کا دہنا ہاتھ پکڑ لیتے۔ پھر اس کی گردن کی رگ کاٹ ڈالتے پھر کوئی تم میں سے اس سے باز رکھنے والا نہیں ہے۔

۔الحاقۃ ۶۹: ۴۴۔۴۷۔

۱۶۔ آپ کو فرشتوں کی اعلیٰ جماعت کا علم

۳۱۔(فرشتوں کی) اونچی جماعتوں کی جب وہ جھگڑ رہے تھے مجھے کیا خبر تھی۔

۔ص ۳۸۔ ۶۹۔

۱۷۔ آپ پر ایمان لانے میں قریش کے فضول عذرات

۳۲۔اور انہوں نے کہا کہ اگر ہم تیرے ساتھ ہو کر ہدایت پر چلیں تو ہم اپنے ملک سے اچک لیے جائیں۔ کیا ہم نے انہیں حرم میں جگہ نہیں دی جو امن والی جگہ ہے؟ اس کی طرف ہر قسم کے پھل کھچے چلے آتے ہیں جو ہماری طرف سے (لوگوں کا) رزق ہے لیکن ان میں سے اکثر (اس بات کو) نہیں جانتے۔

۔القصص۔۲۸: ۵۷۔

۳۰۔وَلَوْ تَقَوَّلَ عَلَيْنَا بَعْضَ الْأَقَاوِيلِ ﴿۴۴﴾ لَأَخَذْنَا مِنْهُ بِالْيَمِينِ ﴿۴۵﴾ ثُمَّ لَقَطَعْنَا مِنْهُ الْوَتِينَ ﴿۴۶﴾ فَمَا مِنْكُمْ مِنْ أَحَدٍ عَنْهُ حَاجِزِينَ ﴿۴۷﴾

۳۱۔مَا كَانَ لِيَ مِنْ عِلْمٍ بِالْمَلَإِ الْأَعْلَىٰ إِذْ يَخْتَصِمُونَ ﴿۶۹﴾

۳۲۔وَقَالُوا إِنْ نَتَّبِعِ الْهُدَىٰ مَعَكَ نُتَخَطَّفْ مِنْ أَرْضِنَا ۚ أَوَلَمْ نُمَكِّنْ لَهُمْ حَرَمًا آمِنًا يُجْبَىٰ إِلَيْهِ ثَمَرَاتُ كُلِّ شَيْءٍ رِزْقًا مِنْ لَدُنَّا وَلَٰكِنَّ أَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُونَ ﴿۵۷﴾

قرآن میں پیشین گوئیاں

۱۔ مراجعتِ وطن کی پیشین گوئی

۱۔بے شک وہ (اللہ) جس نے تجھ پر قرآن (کے احکام کو) فرض کیا ہے ضرور تجھے واپسی کی جگہ (مکے میں) واپس لانے والا ہے (اے نبی ﷺ!) کہہ دے کہ میرا پروردگار اس کو بھی خوب جانتا ہے جو ہدایت لے کر آیا ہے اور اس کو بھی جو کھلی گمراہی میں ہے۔

۔القصص ۲۸: ۸۵۔

۲۔بے شک اللہ نے اپنے رسول کا خواب سچ کر دکھلایا کہ تم انشاء اللہ ضرور مسجد الحرام میں داخل ہو گے۔ امن (وامان) کے ساتھ، اپنے سر منڈوانے والے اور بال کتروانے والے ہو کر۔ بالکل (کسی سے) نہ ڈرتے ہوئے جو تم نے نہ جانا اس نے جان لیا۔ سو اس سے پہلے ہی ایک فتح عطا فرمائی۔

۔الفتح ۴۸: ۲۷۔

۲۔ کفارِ بدر کی شکست کی پیشین گوئی

۳۔کیا تمہارے کفاران (اگلے کافروں) سے بہتر ہیں یا تمہارے لیے صحیفوں میں رہائی (لکھی ہوئی) ہے یا وہ یہ کہتے ہیں کہ ہم بدلہ لینے والی جماعت ہیں؟ عنقریب یہ جماعت شکست کھائے گی اور یہ لوگ پیٹھ پھیر کر بھاگیں گے۔

۔القمر ۵۴: ۴۳۔۴۵۔

۱۔إِنَّ الَّذِي فَرَضَ عَلَيْكَ الْقُرْآنَ لَرَادُّكَ إِلَىٰ مَعَادٍ ۚ قُلْ رَبِّي أَعْلَمُ مَنْ جَاءَ بِالْهُدَىٰ وَمَنْ هُوَ فِي ضَلَالٍ مُبِينٍ ﴿۸۵﴾

۲۔لَقَدْ صَدَقَ اللَّهُ رَسُولَهُ الرُّؤْيَا بِالْحَقِّ ۖ لَتَدْخُلُنَّ الْمَسْجِدَ الْحَرَامَ إِنْ شَاءَ اللَّهُ آمِنِينَ مُحَلِّقِينَ رُءُوسَكُمْ وَمُقَصِّرِينَ لَا تَخَافُونَ ۖ فَعَلِمَ مَا لَمْ تَعْلَمُوا فَجَعَلَ مِنْ دُونِ ذَٰلِكَ فَتْحًا قَرِيبًا ﴿۲۷﴾

۳۔أَكُفَّارُكُمْ خَيْرٌ مِنْ أُولَٰئِكُمْ أَمْ لَكُمْ بَرَاءَةٌ فِي الزُّبُرِ ﴿۴۳﴾ أَمْ يَقُولُونَ نَحْنُ جَمِيعٌ مُنْتَصِرٌ ﴿۴۴﴾ سَيُهْزَمُ الْجَمْعُ وَيُوَلُّونَ الدُّبُرَ ﴿۴۵﴾

۳۔ کفارِ مکہ واہلِ اسلام میں اتحاد ہونے کی پیشین گوئی

۴۔امید ہے کہ اللہ تمہارے درمیان اوران لوگوں کے درمیان جن سے تم عداوت رکھتے ہو، محبت پیدا کر دے اوراللہ قادر ہےاوراللہ بخشنے والا، مہربان ہے۔

-الممتحنہ ۶۰: ۷-

۴۔ فارس پر رومیوں کی فتح کی پیشین گوئی

۵۔روم مغلوب ہو گیا قریب ہی کے ملک میں اور وہ اپنے مغلوب ہونے کے بعدعنقریب ہی غالب ہوں گے چند سال میں۔ پہلے اور پیچھے اللہ ہی کا حکم ہے اور اس دن ایمان دار خوش ہوں گے، اللہ کی فتح سے۔ وہ جسے چاہے فتح دے اور وہی غالب، رحم والا ہے۔ یہ اللہ نے وعدہ کیا ہے۔ اللہ اپنے وعدے کے خلاف نہیں کرتا لیکن اکثر آدمی (اس بات کو) نہیں جانتے وہ دنیا کی زندگی کی ظاہر باتوں کو جانتے ہیں اور وہ آخرت سے غافل ہیں۔

-الروم ۳۰: ۱-۷-

۵۔ مسلمانوں کے ایک جنگ جوقوم کوفتح کرنے کی پیشین گوئی

۶۔(اے نبی ﷺ !جہاد سے) پیچھے رہ جانے والے دیہاتیوں سے کہہ دے کہ تم عنقریب ہی ایک سخت لڑنے والی قوم کی طرف بلائے جاؤ گے۔تم ان سے لڑو گے یا وہ مسلمان ہو جائیں گے۔سو اگر (اس موقع پر) تم حکم مانو گے تو اللہ تمہیں اچھا عوض دے گا اور اگر تم نے اسی طرح پیٹھ پھیری جیسا کہ تم پہلے پیٹھ پھیر چکے ہو تو وہ تمہیں

۴۔عَسَى اللّٰهُ اَنْ يَّجْعَلَ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَ الَّذِيْنَ عَادَيْتُمْ مِّنْهُمْ مَّوَدَّةً ؕ وَ اللّٰهُ قَدِيْرٌ ؕ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝

۵۔الٓمّٓ ۝ غُلِبَتِ الرُّوْمُ ۝ فِيْٓ اَدْنَى الْاَرْضِ وَهُمْ مِّنْۢ بَعْدِ غَلَبِهِمْ سَيَغْلِبُوْنَ ۝ فِيْ بِضْعِ سِنِيْنَ ؕ لِلّٰهِ الْاَمْرُ مِنْ قَبْلُ وَمِنْۢ بَعْدُ ؕ وَيَوْمَئِذٍ يَّفْرَحُ الْمُؤْمِنُوْنَ ۝ بِنَصْرِ اللّٰهِ ؕ يَنْصُرُ مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ ۝ وَعْدَ اللّٰهِ ؕ لَا يُخْلِفُ اللّٰهُ وَعْدَهٗ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ ۝ يَعْلَمُوْنَ ظَاهِرًا مِّنَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۚ وَهُمْ عَنِ الْاٰخِرَةِ هُمْ غٰفِلُوْنَ ۝

۶۔قُلْ لِّلْمُخَلَّفِيْنَ مِنَ الْاَعْرَابِ سَتُدْعَوْنَ اِلٰى قَوْمٍ اُولِيْ بَاْسٍ شَدِيْدٍ تُقَاتِلُوْنَهُمْ اَوْ يُسْلِمُوْنَ ۚ فَاِنْ تُطِيْعُوْا يُؤْتِكُمُ اللّٰهُ اَجْرًا حَسَنًا ۚ وَ اِنْ تَتَوَلَّوْا كَمَا تَوَلَّيْتُمْ مِّنْ قَبْلُ يُعَذِّبْكُمْ عَذَابًا اَلِيْمًا ۝

۷۔ وَالَّذِيْنَ هَاجَرُوْا فِي اللّٰهِ مِنْۢ بَعْدِ مَا ظُلِمُوْا لَنُبَوِّئَنَّهُمْ فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً ؕ وَلَاَجْرُ الْاٰخِرَةِ اَكْبَرُ ۘ لَوْ كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ ۝ الَّذِيْنَ صَبَرُوْا وَعَلٰى رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُوْنَ ۝

۸۔ وَعَدَ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مِنْكُمْ وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَيَسْتَخْلِفَنَّهُمْ فِي الْاَرْضِ كَمَا اسْتَخْلَفَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ۠ وَلَيُمَكِّنَنَّ لَهُمْ دِيْنَهُمُ الَّذِي

دردناک عذاب دے گا۔

-الفتح ۴۸: ۱۶-

۶۔ مسلمانوں کے عروج کی پیشین گوئی

۷۔اور جنہوں نے اللہ کی راہ میں اس کے بعد کہ ان پرظلم کیا گیا ہجرت کی، ہم انہیں ضرور دنیا میں اچھے ٹھکانے پر لگا کر رہیں گے اور البتہ آخرت کا اجر (اس سے بھی) بڑا ہے۔کاش وہ جانتے ہوتے! (یعنی انہیں) جنہوں نے صبر کیا اور وہ اپنے پروردگار پر بھروسہ رکھتے ہیں۔

-النحل ۱۶: ۴۱-۴۲-

۸۔(مسلمانو!) جو تم میں سے ایمان لائے اور انہوں نے نیک کام کیے، اللہ نے ان سے وعدہ کیا ہے کہ وہ ضرور انہیں ملک میں (اپنا) جانشین کرے گا جیسا کہ ان لوگوں کو جانشین کیا تھا جو ان سے پہلے ہو گزرے ہیں اور ضرور ان کے لیے ان کے دین کو جسے اس نے ان

کے لیے پسند کیا ہے جما کر رہے گا اور ان کے خوف کھانے کے بعد ان (کے خوف) کو ضرور امن سے بدل دے گا۔ وہ میری عبادت کریں گے، کسی چیز کو میرے ساتھ شریک نہیں کریں گے اور جس نے اس (نعمت) کے بعد بھی ناشکری کی تو وہی لوگ بدکار ہیں۔

النور ۲۴: ۵۵۔

۹۔ بے شک اللہ نے اپنے رسول کا خواب سچ کر دکھلایا کہ تم انشاء اللہ ضرور مسجد الحرام میں داخل ہو گے۔ امن (و امان) کے ساتھ، اپنے سر منڈوانے والے اور بال کتروانے والے ہو کر۔ بالکل (کسی سے) نہ ڈرتے ہوئے جو تم نے نہ جانا اس نے جان لیا۔ سو اس سے پہلے ہی ایک فتح عطا فرمائی۔

۔الفتح ۴۸: ۲۷۔

۷۔ غلبۂ اسلام کی پیشین گوئی

۱۰۔ وہ (اللہ) وہ ہے جس نے اپنا رسول ہدایت اور دین حق کے ساتھ بھیجا تاکہ اس کو سب دینوں پر غالب کرے اور اللہ کافی گواہ ہے۔

۔الفتح ۴۸: ۲۸۔

۱۱۔ وہ (اللہ) وہ ہے جس نے اپنا رسول ہدایت اور دین حق کے ساتھ بھیجا تاکہ اس کو سب دینوں پر غالب کرے گا۔ خواہ مشرکوں کو کتنا ہی ناگوار ہو۔

۔التوبۃ ۹: ۳۳۔

۸۔ شق القمر

۱۲۔ قیامت قریب آ لگی اور چاند پھٹ گیا اور اگر وہ کوئی نشانی دیکھتے ہیں تو (اس سے) مونہہ پھیر لیتے ہیں اور کہتے ہیں کہ جادو ہے جو ہمیشہ سے چلا آتا ہے۔

ارْتَضٰى لَهُمْ وَلَيُبَدِّلَنَّهُمْ مِّنْ بَعْدِ خَوْفِهِمْ اَمْنًا ؕ يَعْبُدُوْنَنِيْ لَا يُشْرِكُوْنَ بِيْ شَيْـًٔا ؕ وَمَنْ كَفَرَ بَعْدَ ذٰلِكَ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْفٰسِقُوْنَ ﴿۵۵﴾

۹۔ لَقَدْ صَدَقَ اللّٰهُ رَسُوْلَهُ الرُّءْيَا بِالْحَقِّ ۚ لَتَدْخُلُنَّ الْمَسْجِدَ الْحَرَامَ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ اٰمِنِيْنَ ۙ مُحَلِّقِيْنَ رُءُوْسَكُمْ وَمُقَصِّرِيْنَ ۙ لَا تَخَافُوْنَ ؕ فَعَلِمَ مَا لَمْ تَعْلَمُوْا فَجَعَلَ مِنْ دُوْنِ ذٰلِكَ فَتْحًا قَرِيْبًا ﴿۲۷﴾

۱۰۔ هُوَ الَّذِيْٓ اَرْسَلَ رَسُوْلَهٗ بِالْهُدٰى وَدِيْنِ الْحَقِّ لِيُظْهِرَهٗ عَلَى الدِّيْنِ كُلِّهٖ ؕ وَكَفٰى بِاللّٰهِ شَهِيْدًا ﴿۲۸﴾

۱۱۔ هُوَ الَّذِيْٓ اَرْسَلَ رَسُوْلَهٗ بِالْهُدٰى وَدِيْنِ الْحَقِّ لِيُظْهِرَهٗ عَلَى الدِّيْنِ كُلِّهٖ ۙ وَلَوْ كَرِهَ الْمُشْرِكُوْنَ ﴿۳۳﴾

۱۲۔ اِقْتَرَبَتِ السَّاعَةُ وَانْشَقَّ الْقَمَرُ ﴿۱﴾ وَاِنْ يَّرَوْا اٰيَةً يُّعْرِضُوْا وَيَقُوْلُوْا سِحْرٌ مُّسْتَمِرٌّ ﴿۲﴾ وَكَذَّبُوْا وَاتَّبَعُوْٓا اَهْوَآءَهُمْ وَكُلُّ اَمْرٍ مُّسْتَقِرٌّ ﴿۳﴾

۱۔ وَمَا قَدَرُوا اللّٰهَ حَقَّ قَدْرِهٖٓ اِذْ قَالُوْا مَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ عَلٰى بَشَرٍ مِّنْ شَيْءٍ ؕ قُلْ مَنْ اَنْزَلَ الْكِتٰبَ الَّذِيْ جَآءَ بِهٖ مُوْسٰى نُوْرًا وَّهُدًى لِّلنَّاسِ تَجْعَلُوْنَهٗ قَرَاطِيْسَ تُبْدُوْنَهَا وَتُخْفُوْنَ كَثِيْرًا ۚ وَعُلِّمْتُمْ مَّا لَمْ تَعْلَمُوْٓا

انہوں نے (اس کو) جھٹلایا اور اپنی خواہشوں کے پیچھے لگ گئے اور ہر ایک کام کا ایک وقت مقرر ہے۔

۔القمر ۔ ۵۴: ۱۔ ۳۔

آپ کی رسالت پر کافروں کے اعترض اور ان کے جواب

۱۔ یہ اعتراض کہ بشر رسول نہیں ہوتا

۱۔ اور انہوں نے اللہ کی ویسی قدر نہیں کی جو اس کی قدر کرنے کا حق ہے جب انہوں نے یہ کہا کہ اللہ نے کسی بشر پر کوئی چیز نہیں اتاری (اے نبی ﷺ! ان سے) پوچھ کہ کتاب کو کس نے اتارا جو موسیٰ لائے تھے،

جو لوگوں کے لیے نور اور ہدایت ہے۔ تم اس کو پارہ پارہ کرتے ہو کچھ اس میں سے ظاہر کرتے ہو اور بہت سا چھپاتے ہو اور (اسی کتاب کے ذریعے) تمہیں وہ کچھ سکھلایا گیا جو نہ تم جانتے تھے اور نہ تمہارے باپ دادا (اے نبی ﷺ!) کہہ دے کہ اللہ ہی نے (کتاب اتاری) پھر انہیں ان کی بکواس میں چھوڑ دے کہ کھیل میں لگے رہیں۔

-الانعام ۶: ۹۱-

۲۔ کیا لوگوں کو اس بات سے تعجب ہوا کہ ہم نے ان ہی میں سے ایک آدمی کی طرف یہ وحی بھیجی کہ لوگوں کو (ہمارے عذاب سے) ڈرا۔ اور جو لوگ ایمان لائے ہیں انہیں یہ بشارت دے کہ ان کے لیے ان کے پروردگار کے ہاں راستی کا قدم (یعنی بلند مرتبہ) ہے (اور) کافروں نے کہا کہ بے شک یہ تو کھلا جادوگر ہے۔

-یونس ۱۰: ۲-

۳۔ اور لوگوں کو ایمان لانے سے جب ان کے پاس ہدایت آئی، صرف اسی بات نے روکا کہ انہوں نے کہا کہ کیا اللہ نے بشر کو رسول بنا کر بھیجا ہے (اے نبی ﷺ!) کہہ دے کہ اگر زمین میں فرشتے چلتے پھرتے ہوتے تو ہم ضرور ان پر آسمان سے کسی فرشتے کو رسول بنا کر اتارتے۔ (اے نبی ﷺ!) کہہ دے کہ میرے اور تمہارے درمیان اللہ کافی گواہ ہے۔ بے شک وہ اپنے بندوں سے خبردار ہے، (انہیں) دیکھنے والا ہے۔

-بنی اسرائیل ۱۷: ۹۴-۹۶-

۴۔ لوگوں کے لیے ان کے حساب (دینے) کا وقت قریب آ گیا اور مونہہ پھیرے غفلت میں پڑے ہیں۔ ان کے پاس جب کبھی بھی کوئی نئی نصیحت ان کے پروردگار کی طرف

اَنْتُمْ وَلَآ اٰبَآؤُكُمْ ۭ قُلِ اللّٰهُ ۙ ثُمَّ ذَرْهُمْ فِيْ خَوْضِهِمْ يَلْعَبُوْنَ ﴿٩١﴾

۲۔ اَكَانَ لِلنَّاسِ عَجَبًا اَنْ اَوْحَيْنَآ اِلٰى رَجُلٍ مِّنْهُمْ اَنْ اَنْذِرِ النَّاسَ وَبَشِّرِ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَنَّ لَهُمْ قَدَمَ صِدْقٍ عِنْدَ رَبِّهِمْ ؔ قَالَ الْكٰفِرُوْنَ اِنَّ هٰذَا لَسٰحِرٌ مُّبِيْنٌ ﴿٢﴾

۳۔ وَمَا مَنَعَ النَّاسَ اَنْ يُّؤْمِنُوْٓا اِذْ جَاۗءَهُمُ الْهُدٰٓى اِلَّآ اَنْ قَالُوْٓا اَبَعَثَ اللّٰهُ بَشَرًا رَّسُوْلًا ﴿٩٤﴾ قُلْ لَّوْ كَانَ فِي الْاَرْضِ مَلٰۗىِٕكَةٌ يَّمْشُوْنَ مُطْمَىِٕنِّيْنَ لَنَزَّلْنَا عَلَيْهِمْ مِّنَ السَّمَاۗءِ مَلَكًا رَّسُوْلًا ﴿٩٥﴾ قُلْ كَفٰى بِاللّٰهِ شَهِيْدًۢا بَيْنِيْ وَبَيْنَكُمْ ۭ اِنَّهٗ كَانَ بِعِبَادِهٖ خَبِيْرًۢا بَصِيْرًا ﴿٩٦﴾

۴۔ اِقْتَرَبَ لِلنَّاسِ حِسَابُهُمْ وَهُمْ فِيْ غَفْلَةٍ مُّعْرِضُوْنَ ﴿١﴾ مَا يَاْتِيْهِمْ مِّنْ ذِكْرٍ مِّنْ رَّبِّهِمْ مُّحْدَثٍ اِلَّا اسْتَمَعُوْهُ وَهُمْ يَلْعَبُوْنَ ﴿٢﴾ لَاهِيَةً قُلُوْبُهُمْ ۭ وَاَسَرُّوا النَّجْوَى ڰ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا ڰ هَلْ هٰذَآ اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ ۚ اَفَتَاْتُوْنَ السِّحْرَ وَاَنْتُمْ تُبْصِرُوْنَ ﴿٣﴾ قٰلَ رَبِّيْ يَعْلَمُ الْقَوْلَ فِي السَّمَاۗءِ وَالْاَرْضِ ۡ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ﴿٤﴾ بَلْ قَالُوْٓا اَضْغَاثُ اَحْلَامٍۢ بَلِ افْتَرٰىهُ بَلْ هُوَ شَاعِرٌ ښ فَلْيَاْتِنَا بِاٰيَةٍ كَمَآ اُرْسِلَ الْاَوَّلُوْنَ ﴿٥﴾ مَآ اٰمَنَتْ قَبْلَهُمْ مِّنْ قَرْيَةٍ اَهْلَكْنٰهَا ۚ اَفَهُمْ يُؤْمِنُوْنَ ﴿٦﴾ وَمَآ اَرْسَلْنَا قَبْلَكَ اِلَّا رِجَالًا نُّوْحِيْٓ اِلَيْهِمْ فَسْــَٔـلُوْٓا اَهْلَ الذِّكْرِ اِنْ كُنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿٧﴾

سے آتی ہے اس کو وہ کھیل بناتے ہوئے سنتے ہیں اور ان کے دل (اس سے) غافل ہوتے ہیں اور ظالموں نے چپکے چپکے ایک دوسرے کے کان میں کہا کہ یہ تو تم ہی جیسا ایک آدمی ہے۔ تو کیا تم آنکھوں دیکھتے جادو میں پھنسنا چاہتے ہو؟ رسول نے کہا کہ میرا پروردگار بات کو جانتا ہے، آسمان میں ہو خواہ زمین میں اور وہی سننے والا، جاننے والا ہے۔ بلکہ انہوں نے یہ بھی کہا کہ (قرآن تو) پریشان خواب ہیں، بلکہ خود اس نے اسے بنالیا ہے، بلکہ وہ تو ایک شاعر ہے سو وہ ہمارے پاس کوئی نشان لائے جیسا کہ پہلے (پیغمبر نشانیوں کے ساتھ) بھیجے گئے تھے۔ ان سے پہلے کوئی بستی بھی جنہیں ہم نے ہلاک کر دیا، ایمان نہیں لائی تھی تو کیا وہ ایمان لے آئیں گے؟ (اے نبی ﷺ!) تجھ سے پہلے ہم نے جو رسول بھی بھیجے وہ آدمی ہی تھے جن کی طرف ہم وحی بھیجتے تھے تو (لوگو!) اگر تم نہیں جانتے تو جاننے والوں سے پوچھ لو۔

-الانبیاء ۲۱: ۱-۷-

۲۔ یہ اعتراض کہ آپ کھانا کیوں کھاتے اور بازاروں میں کیوں پھرتے ہیں

۵۔اور ہم نے انہیں ایسا جسم نہیں دیا تھا کہ وہ کھانا نہ کھاتے ہوں اور وہ ہمیشہ رہنے والے بھی نہیں تھے۔پھر ہم نے انہیں اپنا وعدہ سچا کر دکھلایا اور ہم نے انہیں اور جس کو ہم نے چاہا نجات دی اور حد سے باہر نکل جانے والوں کو ہلاک کر دیا۔

-الانبیاء ۲۱:۸-۹

۶۔اور انہوں نے کہا کہ اس رسول کو کیا ہوا کہ کھانا کھاتا ہے اور بازاروں میں پھرتا ہے۔اس کی طرف کوئی فرشتہ کیوں نہیں اتارا گیا کہ وہ بھی اس کے ساتھ ڈرانے والا ہوتا۔

-الفرقان ۲۵:۷-

۳۔ یہ اعتراض کہ اللہ خود ہم سے کلام کیوں نہیں کرتا

۷۔اور جو لوگ کچھ بھی نہیں جانتے انہوں نے کہا کہ اللہ ہم سے خود کیوں نہیں باتیں کرتا یا ہمارے پاس کوئی نشانی کیوں نہیں آتی۔اسی طرح ان ہی کا سا قول ان لوگوں نے کہا تھا جو ان سے پہلے ہو گزرے ہیں۔ان کے دل ایک دوسرے سے ملتے جلتے ہیں۔ہم نے تو نشانیاں ان لوگوں کے لیے بیان کر دیں جو یقین کرتے ہیں۔

-البقرۃ ۲:۱۱۸-

۴۔ یہ اعتراض کہ آپ کوئی نشانی کیوں نہیں لاتے

۸۔اور جو لوگ کچھ نہیں جانتے انہوں نے کہا کہ اللہ خود ہم سے باتیں کیوں نہیں کرتا یا ہمارے پاس کوئی نشانی کیوں نہیں آتی۔اسی طرح ان ہی کا سا قول ان لوگوں نے کہا تھا جو ان سے پہلے ہو گزرے ہیں۔ان سب کے دل ایک دوسرے سے ملتے جلتے ہیں۔ہم نے تو نشانیاں ان لوگوں کے لیے بیان کر دیں جو یقین کرتے ہیں۔

-البقرۃ ۲:۱۱۸-

۹۔اور انہوں نے کہا کہ اس پر اس کے پروردگار کی طرف سے کوئی نشانی کیوں نہیں اتاری گئی۔(اے نبی ﷺ!ان سے) کہہ دے کہ بے شک اللہ اس بات پر قادر ہے کہ وہ کوئی نشانی اتارے لیکن ان میں سے اکثر آدمی (اس بات کو) نہیں جانتے۔

-الانعام ۶:۳۷-

۱۰۔اور (اے نبی ﷺ!) جب تو ان کے پاس کوئی نشانی نہیں لاتا تو وہ کہتے ہیں کہ تو اسے کیوں نہیں کھینچ لاتا۔(اے نبی ﷺ!) کہہ دے کہ میں تو بس اسی پر چلتا ہوں جو میری طرف میرے پروردگار کی طرف سے وحی کی جاتی ہے یہ تمہارے پرودگار کی طرف سے سوجھ کی باتیں ہیں اور ایمان داروں کے لیے ہدایت اور رحمت۔جب قرآن پڑھا جائے تو اسے (غور سے) کان لگا کر سنو اور خاموش رہو تا کہ تم پر رحم کیا جائے۔

-الاعراف ۷:۲۰۳-۲۰۴

۵۔وَمَا جَعَلْنٰهُمْ جَسَدًا لَّا يَاْكُلُوْنَ الطَّعَامَ وَمَا كَانُوْا خٰلِدِيْنَ ۝۸ ثُمَّ صَدَقْنٰهُمُ الْوَعْدَ فَاَنْجَيْنٰهُمْ وَمَنْ نَّشَآءُ وَاَهْلَكْنَا الْمُسْرِفِيْنَ ۝۹

۶۔وَقَالُوْا مَالِ هٰذَا الرَّسُوْلِ يَاْكُلُ الطَّعَامَ وَيَمْشِيْ فِي الْاَسْوَاقِ ؕ لَوْلَاۤ اُنْزِلَ اِلَيْهِ مَلَكٌ فَيَكُوْنَ مَعَهٗ نَذِيْرًا ۝۷

۷۔وَقَالَ الَّذِيْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ لَوْلَا يُكَلِّمُنَا اللّٰهُ اَوْ تَاْتِيْنَاۤ اٰيَةٌ ؕ كَذٰلِكَ قَالَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ مِّثْلَ قَوْلِهِمْ ؕ تَشَابَهَتْ قُلُوْبُهُمْ ؕ قَدْ بَيَّنَّا الْاٰيٰتِ لِقَوْمٍ يُّوْقِنُوْنَ ۝۱۱۸

۸۔وَقَالَ الَّذِيْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ لَوْلَا يُكَلِّمُنَا اللّٰهُ اَوْ تَاْتِيْنَاۤ اٰيَةٌ ؕ كَذٰلِكَ قَالَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ مِّثْلَ قَوْلِهِمْ ؕ تَشَابَهَتْ قُلُوْبُهُمْ ؕ قَدْ بَيَّنَّا الْاٰيٰتِ لِقَوْمٍ يُّوْقِنُوْنَ ۝۱۱۸

۹۔وَقَالُوْا لَوْلَا نُزِّلَ عَلَيْهِ اٰيَةٌ مِّنْ رَّبِّهٖ ؕ قُلْ اِنَّ اللّٰهَ قَادِرٌ عَلٰۤى اَنْ يُّنَزِّلَ اٰيَةً وَّلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ۝۳۷

۱۰۔وَاِذَا لَمْ تَاْتِهِمْ بِاٰيَةٍ قَالُوْا لَوْلَا اجْتَبَيْتَهَا ؕ قُلْ اِنَّمَاۤ اَتَّبِعُ مَا يُوْحٰۤى اِلَيَّ مِنْ رَّبِّيْ ۚ هٰذَا بَصَآئِرُ مِنْ رَّبِّكُمْ وَهُدًى وَّرَحْمَةٌ لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ۝۲۰۳ وَاِذَا قُرِئَ الْقُرْاٰنُ فَاسْتَمِعُوْا لَهٗ وَاَنْصِتُوْا لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ ۝۲۰۴

۱۱۔اور وہ کہتے ہیں کہ اس (نبی ﷺ!) پر اس کے پروردگار کی طرف سے کوئی نشانی نہیں اتاری گئی۔(اے نبی ﷺ!) کہہ دے کہ علمِ غیب تو بس اللہ ہی کے لیے ہے۔تو تم انتظار کرو میں بھی تمہارے ساتھ انتظار کرتا ہوں۔

۔یونس ۱۰:۲۰۔

۱۲۔اور کافر کہتے ہیں کہ اس پر اس کے پروردگار کی طرف سے کوئی نشانی کیوں نہیں اتاری گئی۔سو تو تو محض ایک ڈرانے والا ہے اور ہر قوم کے لیے ایک ہادی ہوتا ہے۔

۔الرعد ۱۳:۷۔

۱۳۔اور کافر کہتے ہیں کہ اس پر اس کے پروردگار کی طرف سے کوئی نشانی کیوں نہیں اتاری گئی۔(اے نبی ﷺ!) کہہ دے کہ اللہ جسے چاہتا ہے گمراہ کرتا ہے اور جو اس کی طرف رجوع ہوتا ہے اسے اپنی طرف ہدایت کرتا ہے۔

۔الرعد ۱۳:۲۷۔

۱۴۔اور (اے نبی ﷺ!) اگر کوئی ایسا قرآن بھی ہوتا کہ اس (کی تاثیر) سے پہاڑ چلائے جاتے یا اس سے زمین کاٹی جاتی یا اس سے مردے بلائے جاتے (تو کافر تو تب بھی ایمان نہ لاتے) بلکہ سب کام اللہ کے اختیار میں ہیں۔

۔الرعد ۱۳:۳۱۔

۱۵۔اور وہ کہتے ہیں کہ وہ اپنے پروردگار کی طرف سے ہمارے پاس کوئی نشانی کیوں نہیں لاتا؟ کیا ان کے پاس وہ کھلی دلیل نہیں آئی جو اگلوں کے صحیفوں میں (مندرج) ہے اور اگر ہم اس (کے آنے) سے پہلے ہی عذاب بھیج

۱۱۔ وَيَقُولُونَ لَوْلَا أُنزِلَ عَلَيْهِ آيَةٌ مِّن رَّبِّهِ ۖ فَقُلْ إِنَّمَا الْغَيْبُ لِلَّهِ فَانتَظِرُوا إِنِّي مَعَكُم مِّنَ الْمُنتَظِرِينَ ﴿٢٠﴾

۱۲۔ وَيَقُولُ الَّذِينَ كَفَرُوا لَوْلَا أُنزِلَ عَلَيْهِ آيَةٌ مِّن رَّبِّهِ ۗ إِنَّمَا أَنتَ مُنذِرٌ ۖ وَلِكُلِّ قَوْمٍ هَادٍ ﴿٧﴾

۱۳۔ وَيَقُولُ الَّذِينَ كَفَرُوا لَوْلَا أُنزِلَ عَلَيْهِ آيَةٌ مِّن رَّبِّهِ ۗ قُلْ إِنَّ اللَّهَ يُضِلُّ مَن يَشَاءُ وَيَهْدِي إِلَيْهِ مَنْ أَنَابَ ﴿٢٧﴾

۱۴۔ وَلَوْ أَنَّ قُرْآنًا سُيِّرَتْ بِهِ الْجِبَالُ أَوْ قُطِّعَتْ بِهِ الْأَرْضُ أَوْ كُلِّمَ بِهِ الْمَوْتَىٰ ۗ بَل لِّلَّهِ الْأَمْرُ جَمِيعًا ۗ

۱۵۔ وَقَالُوا لَوْلَا يَأْتِينَا بِآيَةٍ مِّن رَّبِّهِ ۚ أَوَلَمْ تَأْتِهِم بَيِّنَةُ مَا فِي الصُّحُفِ الْأُولَىٰ ﴿١٣٣﴾ وَلَوْ أَنَّا أَهْلَكْنَاهُم بِعَذَابٍ مِّن قَبْلِهِ لَقَالُوا رَبَّنَا لَوْلَا أَرْسَلْتَ إِلَيْنَا رَسُولًا فَنَتَّبِعَ آيَاتِكَ مِن قَبْلِ أَن نَّذِلَّ وَنَخْزَىٰ ﴿١٣٤﴾ قُلْ كُلٌّ مُّتَرَبِّصٌ فَتَرَبَّصُوا ۖ فَسَتَعْلَمُونَ مَنْ أَصْحَابُ الصِّرَاطِ السَّوِيِّ وَمَنِ اهْتَدَىٰ ﴿١٣٥﴾

۱۶۔ بَلْ قَالُوا أَضْغَاثُ أَحْلَامٍ بَلِ افْتَرَاهُ بَلْ هُوَ شَاعِرٌ فَلْيَأْتِنَا بِآيَةٍ كَمَا أُرْسِلَ الْأَوَّلُونَ ﴿٥﴾ مَا آمَنَتْ قَبْلَهُم مِّن قَرْيَةٍ أَهْلَكْنَاهَا ۖ أَفَهُمْ يُؤْمِنُونَ ﴿٦﴾

کر انہیں ہلاک کر دیتے تو (اس وقت) وہ ضرور یہی عذر کرتے کہ اے ہمارے پروردگار! تو نے ہمارے پاس کوئی رسول کیوں نہیں بھیجا تھا کہ اس سے پہلے ہم ذلیل وخوار ہوں تیری آیتوں پر چلتے۔(اے نبی ﷺ!) کہہ دے کہ ہر ایک انتظار کرنے والا ہے تم بھی انتظار کرو۔عنقریب تم جان لو گے کہ کون سیدھی راہ والے ہیں اور کون ہدایت پر ہے۔

۔مریم ۱۹:۱۳۳۔۱۳۵۔

۱۶۔بلکہ انہوں نے کہا کہ (قرآن تو) پریشان خواب ہیں بلکہ اس نے خود اسے بنا لیا ہے بلکہ وہ شاعر ہے تو اسے چاہیے کہ ہمارے پاس کوئی نشانی لائے جیسا کہ اگلے پیغمبر (نشانیوں کے ساتھ) بھیجے گئے تھے۔ان سے پہلے کوئی بستی بھی، جنہیں ہم نے ہلاک کر دیا، ایمان نہیں لائی تھی تو کیا یہ ایمان لے آئیں گے۔

۔الانبیاء ۲۱:۵۔۶۔

۱۷۔انہوں نے کہا کہ اس کے پروردگار کی طرف سے اس پر کچھ نشانیاں کیوں نہیں اتاری گئیں؟ (اے نبی ﷺ!) کہہ دے کہ نشانیاں تو بس اللہ ہی کے پاس ہیں۔میں تو صرف کھول کر ڈرانے والا ہوں اور بس۔کیا انہیں یہ (نشانی) کافی نہیں کہ ہم نے تجھ پر کتاب اتاری جو ان پر پڑھی جاتی ہے۔بے شک جو لوگ ایمان لاتے ہیں ان کے لیے اس میں رحمت اور نصیحت ہے۔(اے نبی ﷺ!) کہہ دے کہ میرے اور تمہارے درمیان اللہ کافی گواہ ہے۔

۔العنکبوت ۲۹: ۵۰۔۵۲۔

۵۔ یہ اعتراض کہ قربانی کو آگ آسمان سے آکر کیوں نہیں کھا جاتی

۱۸۔(یہ وہ ہیں) جنہوں نے کہا کہ بے شک اللہ نے ہم سے یہ عہد لیا ہے کہ ہم کسی رسول پر ایمان نہ لائیں تاوقتیکہ وہ ہمارے پاس ایسی قربانی نہ لائے جس کو (آسمان سے آکر) آگ کھا جائے۔(اے نبی ﷺ!ان سے) کہہ دے کہ تمہارے پاس مجھ سے پہلے کتنے ہی رسول کھلی دلیلیں اور وہ چیز جو تم کہتے ہو، لے کر آچکے ہیں۔اگر تم (اپنے دعوے میں) سچے ہو،تو تم نے انہیں کیوں قتل کر دیا۔پھر اگر وہ (اس پر بھی) تجھے جھٹلائیں تو تجھ سے پہلے کتنے ہی رسول جھٹلائے جاچکے ہیں جو کھلی دلیلیں اور صحیفے اور چمکتی کتاب لے کر آئے تھے۔

۔آل عمران ۳: ۱۸۳۔۱۸۴۔

۶۔ یہ اعتراض کہ آپ پر سب کے سامنے فرشتے کیوں نہیں اترتے

۱۹۔اور انہوں نے کہا کہ اس (نبی ﷺ!) پر کوئی فرشتہ

۱۷۔وَ قَالُوْا لَوْ لَاۤ اُنْزِلَ عَلَیْهِ اٰیٰتٌ مِّنْ رَّبِّهٖ ؕ قُلْ اِنَّمَا الْاٰیٰتُ عِنْدَ اللّٰهِ ؕ وَ اِنَّمَاۤ اَنَا نَذِیْرٌ مُّبِیْنٌ ﴿۵۰﴾ اَوَ لَمْ یَكْفِهِمْ اَنَّاۤ اَنْزَلْنَا عَلَیْكَ الْكِتٰبَ یُتْلٰى عَلَیْهِمْ ؕ اِنَّ فِیْ ذٰلِكَ لَرَحْمَةً وَّ ذِكْرٰى لِقَوْمٍ یُّؤْمِنُوْنَ ﴿۵۱﴾ قُلْ كَفٰى بِاللّٰهِ بَیْنِیْ وَ بَیْنَكُمْ شَهِیْدًا ۚ

۱۸۔اَلَّذِیْنَ قَالُوْۤا اِنَّ اللّٰهَ عَهِدَ اِلَیْنَاۤ اَلَّا نُؤْمِنَ لِرَسُوْلٍ حَتّٰى یَاْتِیَنَا بِقُرْبَانٍ تَاْكُلُهُ النَّارُ ؕ قُلْ قَدْ جَآءَكُمْ رُسُلٌ مِّنْ قَبْلِیْ بِالْبَیِّنٰتِ وَ بِالَّذِیْ قُلْتُمْ فَلِمَ قَتَلْتُمُوْهُمْ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِیْنَ ﴿۱۸۳﴾ فَاِنْ كَذَّبُوْكَ فَقَدْ كُذِّبَ رُسُلٌ مِّنْ قَبْلِكَ جَآءُوْ بِالْبَیِّنٰتِ وَ الزُّبُرِ وَ الْكِتٰبِ الْمُنِیْرِ ﴿۱۸۴﴾

۱۹۔وَ قَالُوْا لَوْ لَاۤ اُنْزِلَ عَلَیْهِ مَلَكٌ ؕ وَ لَوْ اَنْزَلْنَا مَلَكًا لَّقُضِیَ الْاَمْرُ ثُمَّ لَا یُنْظَرُوْنَ ﴿۸﴾ وَ لَوْ جَعَلْنٰهُ مَلَكًا لَّجَعَلْنٰهُ رَجُلًا وَّ لَلَبَسْنَا عَلَیْهِمْ مَّا یَلْبِسُوْنَ ﴿۹﴾

۲۰۔فَلَعَلَّكَ تَارِكٌۢ بَعْضَ مَا یُوْحٰۤى اِلَیْكَ وَ ضَآئِقٌۢ بِهٖ صَدْرُكَ اَنْ یَّقُوْلُوْا لَوْ لَاۤ اُنْزِلَ عَلَیْهِ كَنْزٌ اَوْ جَآءَ مَعَهٗ مَلَكٌ ؕ اِنَّمَاۤ اَنْتَ نَذِیْرٌ ؕ وَ اللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ وَّكِیْلٌ ﴿۱۲﴾

۲۱۔وَ قَالُوْا یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْ نُزِّلَ عَلَیْهِ الذِّكْرُ اِنَّكَ لَمَجْنُوْنٌ ﴿۶﴾ لَوْ مَا تَاْتِیْنَا

کیوں نہیں اتارا گیا۔اور اگر ہم کوئی فرشتہ اتارتے تو جھگڑا ہی طے ہو جاتا۔اور پھر انہیں مہلت نہ دی جاتی۔اور اگر ہم اس کو فرشتہ بناتے تو بھی ہم اسے ضرور آدمی ہی کی صورت بناتے البتہ ان پر وہی شبہ ڈالتے جو شبہ وہ اب کر رہے ہیں۔

۔الانعام ۶: ۸۔۹۔

۲۰۔تو (اے نبی ﷺ!) شاید تو بعض وہ باتیں جو تیری طرف وحی کی جاتی ہیں چھوڑنے والا ہے اور ان سے تیرا دل تنگ ہوتا ہے۔محض ان کے اس کہنے سے کہ اس کے پاس کوئی خزانہ کیوں نہ اتارا گیا یا اس کے ساتھ کوئی فرشتہ کیوں نہیں آیا۔سو تو محض ایک ڈرانے والا ہے اور اللہ ہر شے پر کارساز ہے۔

۔هود ۱۱: ۱۲۔

۲۱۔اور انہوں نے کہا کہ اے شخص جس پر نصیحت اتاری گئی، بے

شک تو تو ایک دیوانہ ہے۔ اگر تو سچا ہے تو تو ہمارے پاس فرشتوں کو کیوں نہیں لے آتا۔ ہم تو فرشتے حق کے ساتھ ہی اتارتے ہیں اور (جس وقت فرشتے آئیں گے) اس وقت انہیں مہلت نہیں دی جائے گی۔ بے شک ہم نے ہی اس نصیحت کو اتارا ہے اور بے شک ہم ہی اس کی حفاظت کرنے والے ہیں اور بے شک ہم نے تجھ سے پہلے امتوں میں بھی رسول بھیجے تھے۔ اور جو رسول بھی ان کے پاس آتا تھا اسی کی وہ ہنسی اڑاتے تھے۔ اسی طرح ہم اس (تکذیب وانکار) کو گنہگاروں کے دلوں میں داخل کر دیتے ہیں وہ اس (رسول) پر ایمان نہیں لاتے اور پہلوں کی رسم پڑ چکی ہے اور اگر ہم ان پر آسمان سے ایک دروازہ کھول دیں پھر وہ دن میں اس میں چڑھ جائیں تو وہ ضرور یہی کہیں کہ ہماری آنکھوں پر تو بس نشہ چڑھ گیا ہے۔ بلکہ ہم لوگوں پر کسی نے جادو کر دیا ہے۔

۔الحجر ۱۵: ۶-۱۵۔

۲۲۔ اس (نبی ﷺ) کی طرف کوئی فرشتہ کیوں نہیں اترا کہ وہ بھی اس کے ساتھ (لوگوں کو) ڈرانے والا ہوتا۔

۔الفرقان ۲۵: ۷۔

۷۔ یہ اعتراض کہ آپ پر لکھی لکھائی کتاب آسمان سے کیوں نہیں اتری

۲۳۔ اور (اے نبی ﷺ!) اگر ہم تجھ پر کاغذ پر لکھی ہوئی کتاب بھی اتارتے پھر وہ اس کو اپنے ہاتھوں سے بھی چھو لیتے تو بھی کافر ضرور یہی کہتے کہ یہ تو کھلا جادو ہے اور بس۔

۔الانعام ۶: ۷۔

بِالْمَلٰٓئِكَةِ اِنْ كُنْتَ مِنَ الصّٰدِقِيْنَ ۝ مَا نُنَزِّلُ الْمَلٰٓئِكَةَ اِلَّا بِالْحَقِّ وَمَا كَانُوْٓا اِذًا مُّنْظَرِيْنَ ۝ اِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا الذِّكْرَ وَاِنَّا لَهٗ لَحٰفِظُوْنَ ۝ وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ فِيْ شِيَعِ الْاَوَّلِيْنَ ۝ وَمَا يَاْتِيْهِمْ مِّنْ رَّسُوْلٍ اِلَّا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ۝ كَذٰلِكَ نَسْلُكُهٗ فِيْ قُلُوْبِ الْمُجْرِمِيْنَ ۝ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِهٖ وَقَدْ خَلَتْ سُنَّةُ الْاَوَّلِيْنَ ۝ وَلَوْ فَتَحْنَا عَلَيْهِمْ بَابًا مِّنَ السَّمَآءِ فَظَلُّوْا فِيْهِ يَعْرُجُوْنَ ۝ لَقَالُوْٓا اِنَّمَا سُكِّرَتْ اَبْصَارُنَا بَلْ نَحْنُ قَوْمٌ مَّسْحُوْرُوْنَ ۝

۲۲۔ لَوْلَآ اُنْزِلَ اِلَيْهِ مَلَكٌ فَيَكُوْنَ مَعَهٗ نَذِيْرًا ۝

۲۳۔ وَلَوْ نَزَّلْنَا عَلَيْكَ كِتٰبًا فِيْ قِرْطَاسٍ فَلَمَسُوْهُ بِاَيْدِيْهِمْ لَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اِنْ هٰذَآ اِلَّا سِحْرٌ مُّبِيْنٌ ۝

۲۴۔ اَوْ يَكُوْنَ لَكَ بَيْتٌ مِّنْ زُخْرُفٍ اَوْ تَرْقٰى فِي السَّمَآءِ ۭ وَلَنْ نُّؤْمِنَ لِرُقِيِّكَ حَتّٰى تُنَزِّلَ عَلَيْنَا كِتٰبًا نَّقْرَؤُهٗ ۭ قُلْ سُبْحَانَ رَبِّيْ هَلْ كُنْتُ اِلَّا بَشَرًا رَّسُوْلًا ۝ وَمَا مَنَعَ النَّاسَ اَنْ يُّؤْمِنُوْٓا اِذْ جَآءَهُمُ الْهُدٰٓى اِلَّآ اَنْ قَالُوْٓا اَبَعَثَ اللّٰهُ بَشَرًا رَّسُوْلًا ۝

۲۵۔ وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَوْلَا نُزِّلَ عَلَيْهِ الْقُرْاٰنُ جُمْلَةً وَّاحِدَةً ۚ كَذٰلِكَ ۚ لِنُثَبِّتَ بِهٖ فُؤَادَكَ وَرَتَّلْنٰهُ تَرْتِيْلًا ۝ وَلَا يَاْتُوْنَكَ بِمَثَلٍ اِلَّا

۲۴۔ یا (ہم تجھے جب مانیں گے کہ) تیرے لیے سونے کا ایک گھر ہو یا تو آسمان پر چڑھ اور ہم تیرے چڑھنے پر بھی ایمان نہیں لائیں گے تاوقتیکہ تو ہم پر ایک ایسی کتاب نازل نہ کرے جسے ہم خود پڑھ لیں۔ (اے نبی ﷺ! ان سے) کہہ دے کہ میرا پروردگار پاک ہے اور میں تو ایک بھیجا ہوا آدمی ہوں اور بس۔

۔بنی اسرائیل ۱۷: ۹۳-۹۴

۸۔ یہ اعتراض کہ سارا قرآن ایک ہی دفعہ کیوں نازل نہیں ہوا

۲۵۔ اور کافروں نے کہا کہ اس پر سارا قرآن ایک ہی دفعہ کیوں نہیں اتارا گیا (ہم نے) اسی طرح اتارا تاکہ ہم اس سے تیرا دل جمائے رکھیں اور ہم نے اس کو ٹھہر ٹھہر کر پڑھا۔ اور (اے نبی ﷺ!) وہ تیرے پاس جو مثل بھی لاتے ہیں (اس کے مقابلے میں) ہم تیرے

حق میں اور اچھا بیان لاتے ہیں۔

-الفرقان ۲۵: ۳۲-۳۳-

۹- یہ اعتراض کہ آپ دوسری طرح کا قرآن کیوں نہیں لاتے

۲۶-اور (اے نبی ﷺ) جب ان پر ہماری کھلی آیتیں پڑھی جاتی ہیں تو وہ لوگ جو ہم سے ملنے کی امید نہیں رکھتے کہتے ہیں کہ اس (قرآن) کے سوا کوئی دوسرا قرآن لایا اسی کو کچھ بدل دے۔ (اے نبی ﷺ!) کہہ دے کہ میرے اختیار میں نہیں کہ میں اپنی طرف سے اس کو بدل دوں۔ میں تو بس اسی پر چلتا ہوں جو میری طرف وحی کی جاتی ہے۔ اگر میں اپنے پروردگار کی نافرمانی کروں تو میں ایک بڑے دن کے عذاب سے ڈرتا ہوں۔ (اے نبی ﷺ!) کہہ دے کہ اگر اللہ چاہتا تو میں یہ (قرآن) تم پر نہ پڑھتا اور نہ تمہیں اس کی خبر دیتا۔ میں تو تم میں اس (دعوٰی سے پہلے ایک عمر (دراز) تک رہ چکا ہوں تو کیا تم سمجھتے نہیں۔ سو اس سے بڑھ کر ظالم کون جس نے اللہ پر جھوٹ باندھا یا اس کی آیتوں کو جھٹلایا۔ کچھ شک نہیں کہ گنہگار فلاح نہیں پاتے۔

۱۱۔(اے نبی ﷺ!) اس کے بعد نہ تجھے عورتیں حلال ہیں اور نہ یہ

حلال ہے کہ ان سے تو کوئی اور بیوی بدل لے اگرچہ ان کا حسن تجھے حیرت میں ڈال دے مگر ہاں وہ جو تیرے ہاتھ کا مال ہے اور اللہ ہر شے پر نگہبان ہے۔

-الاحزاب ۳۳: ۵۲-

۱۲۔ آپ کو ازواج میں تقدیم و تاخیر کا اختیار

۱۲۔نیز تو اپنی بیبیوں میں سے جس کو چاہے الگ رکھے اور جس کو چاہے اپنے پاس رکھے اور جن کو تو نے الگ کر دیا تھا ان میں سے کسی کو پھر اپنے پاس بلوا لے تو تجھ پر کچھ گناہ نہیں۔ یہ حق اس لیے ہے کہ غالباً تیری بیبیوں کی آنکھیں ٹھنڈی رہیں گی اور وہ رنجیدہ نہ ہوں گی اور جو کچھ بھی تو ان کو دے دے گا اسے لے کر سب کی سب راضی رہیں گی اور جو کچھ تم لوگوں کے دلوں میں ہے۔ اللہ اس کو جانتا ہے اور اللہ جاننے والا، تحمل والا ہے۔

-الاحزاب ۳۳: ۵۱-

۱۳۔ آپ نے بیبیوں کی خاطر حلال کو حرام کر لیا

۱۳۔اے نبی جو چیزیں اللہ نے تیرے لیے حلال کی تو اپنی بیبیوں کی خوشنودی حاصل کرنے کے لیے کیوں حرام کرتا ہے اور اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔

-التحریم ۶۶: ۱-

۱۴۔ اپنے لے پالک کی مطلقہ بیوی سے نکاح کرنے کا قصہ

۱۴۔اے پیغمبر! یاد کر جب تو اس شخص کو سمجھاتا تھا جس پر اللہ نے احسان کیا اور تو بھی اس پر احسان کرتا رہا کہ اپنی بی بی کو اپنی زوجیت میں رہنے دے اور اللہ سے ڈر اور تو اس بات کو اپنے دل میں چھپاتا تھا جس کو اللہ ظاہر کرنے والا تھا۔ اور تو اس معاملے میں لوگوں سے ڈرتا تھا اور اللہ اس کا زیادہ حق دار ہے کہ تو اس سے ڈرے۔ پھر جب زید اس سے بے

حُسْنُهُنَّ إِلَّا مَا مَلَكَتْ يَمِينُكَ ۗ وَكَانَ اللَّهُ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ رَّقِيبًا ﴿٥٢﴾

۱۲۔ تُرْجِي مَن تَشَاءُ مِنْهُنَّ وَتُؤْوِي إِلَيْكَ مَن تَشَاءُ ۖ وَمَنِ ابْتَغَيْتَ مِمَّنْ عَزَلْتَ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْكَ ۚ ذَٰلِكَ أَدْنَىٰ أَن تَقَرَّ أَعْيُنُهُنَّ وَلَا يَحْزَنَّ وَيَرْضَيْنَ بِمَا آتَيْتَهُنَّ كُلُّهُنَّ ۚ وَاللَّهُ يَعْلَمُ مَا فِي قُلُوبِكُمْ ۚ وَكَانَ اللَّهُ عَلِيمًا حَلِيمًا ﴿٥١﴾

۱۳۔ يَا أَيُّهَا النَّبِيُّ لِمَ تُحَرِّمُ مَا أَحَلَّ اللَّهُ لَكَ ۖ تَبْتَغِي مَرْضَاتَ أَزْوَاجِكَ ۚ وَاللَّهُ غَفُورٌ رَّحِيمٌ ﴿١﴾

۱۴۔ وَإِذْ تَقُولُ لِلَّذِي أَنْعَمَ اللَّهُ عَلَيْهِ وَأَنْعَمْتَ عَلَيْهِ أَمْسِكْ عَلَيْكَ زَوْجَكَ وَاتَّقِ اللَّهَ وَتُخْفِي فِي نَفْسِكَ مَا اللَّهُ مُبْدِيهِ وَتَخْشَى النَّاسَ ۚ وَاللَّهُ أَحَقُّ أَن تَخْشَاهُ ۖ فَلَمَّا قَضَىٰ زَيْدٌ مِّنْهَا وَطَرًا زَوَّجْنَاكَهَا لِكَيْ لَا يَكُونَ عَلَى الْمُؤْمِنِينَ حَرَجٌ فِي أَزْوَاجِ أَدْعِيَائِهِمْ إِذَا قَضَوْا مِنْهُنَّ وَطَرًا ۚ وَكَانَ أَمْرُ اللَّهِ مَفْعُولًا ﴿٣٧﴾

۱۔ وَالَّذِينَ آمَنُوا وَهَاجَرُوا وَجَاهَدُوا فِي سَبِيلِ اللَّهِ وَالَّذِينَ آوَوا وَّنَصَرُوا أُولَٰئِكَ هُمُ الْمُؤْمِنُونَ حَقًّا ۚ لَّهُم مَّغْفِرَةٌ وَرِزْقٌ كَرِيمٌ ﴿٧٤﴾

تعلقی کر چکا تو ہم نے تیرے ساتھ اس کا نکاح کر دیا کہ سب مسلمانوں کے لے پالک جب اپنی بیبیوں سے بے تعلق ہو جائیں تو مسلمان کے لیے ان سے نکاح کر لینے میں تنگی نہ رہے اور خدا کا حکم ہو کر ہی رہتا ہے۔

-الاحزاب ۳۳: ۳۷-

اصحاب رضی اللہ عنہم

۱۔ اصحاب رضی اللہ عنہم کی دین داری اور ان کی تعریف

۱۔اور جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے ہجرت کی اور اللہ کی راہ میں جہاد کیا اور جنہوں نے رسول اور اس کے ہمراہیوں کو) جگہ دی اور (اس کی) مدد کی، وہی سچے ایمان دار ہیں۔ ان کے لیے مغفرت اور عزت کی روزی ہے۔

-الانفال ۸: ۷۴-

۲۔ لٰكِنِ الرَّسُوْلُ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَعَهٗ جٰهَدُوْا بِاَمْوَالِهِمْ وَاَنْفُسِهِمْ ۭ وَاُولٰۗىِٕكَ لَهُمُ الْخَيْرٰتُ ۡ وَاُولٰۗىِٕكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ۝ اَعَدَّ اللّٰهُ لَهُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ۭ ذٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ۝

۳۔ وَمِنَ الْاَعْرَابِ مَنْ يُّؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَيَتَّخِذُ مَا يُنْفِقُ قُرُبٰتٍ عِنْدَ اللّٰهِ وَصَلَوٰتِ الرَّسُوْلِ ۭ اَلَآ اِنَّهَا قُرْبَةٌ لَّهُمْ ۭ سَيُدْخِلُهُمُ اللّٰهُ فِيْ رَحْمَتِهٖ ۭ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝

۴۔ لَمَسْجِدٌ اُسِّسَ عَلَي التَّقْوٰى مِنْ اَوَّلِ يَوْمٍ اَحَقُّ اَنْ تَقُوْمَ فِيْهِ ۭ فِيْهِ رِجَالٌ يُّحِبُّوْنَ اَنْ يَّتَطَهَّرُوْا ۭ وَاللّٰهُ يُحِبُّ الْمُطَّهِّرِيْنَ ۝

۵۔ لَقَدْ تَّابَ اللّٰهُ عَلَي النَّبِيِّ وَالْمُهٰجِرِيْنَ وَالْاَنْصَارِ الَّذِيْنَ اتَّبَعُوْهُ فِيْ سَاعَةِ الْعُسْرَةِ مِنْۢ بَعْدِ مَا كَادَ يَزِيْغُ قُلُوْبُ فَرِيْقٍ مِّنْهُمْ ثُمَّ تَابَ عَلَيْهِمْ ۭ اِنَّهٗ بِهِمْ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ۝ وَّعَلَي الثَّلٰثَةِ الَّذِيْنَ خُلِّفُوْا ۭ حَتّٰى اِذَا ضَاقَتْ عَلَيْهِمُ الْاَرْضُ بِمَا رَحُبَتْ وَضَاقَتْ عَلَيْهِمْ اَنْفُسُهُمْ وَظَنُّوْٓا اَنْ لَّا مَلْجَاَ مِنَ اللّٰهِ اِلَّآ اِلَيْهِ ۭ ثُمَّ تَابَ عَلَيْهِمْ لِيَتُوْبُوْا ۭ اِنَّ اللّٰهَ هُوَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ ۝

۶۔ وَالَّذِيْنَ هَاجَرُوْا فِي اللّٰهِ مِنْۢ بَعْدِ مَا ظُلِمُوْا لَنُبَوِّئَنَّهُمْ فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً ۭ وَلَاَجْرُ الْاٰخِرَةِ اَكْبَرُ ۘ لَوْ كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ ۝ الَّذِيْنَ

۲۔لیکن رسول نے اور جو اس کے ساتھ (ہو کر) ایمان لائے ہیں انہوں نے اپنی جان و مال سے جہاد کیا اور انہیں کے لیے خوبیاں ہیں اور وہی (آخرت میں) فلاح پانے والے ہیں۔ اللہ نے ان کے لیے ایسے باغ تیار کئے ہیں جن کے (درختوں کے) نیچے نہریں جاری ہیں۔ وہ ہمیشہ ان ہی میں رہنے والے ہیں۔ یہی بڑی کامیابی ہے۔

-التوبة ۹: ۸۸-۸۹-

۳۔اور دیہاتیوں میں بعض وہ بھی ہیں جو اللہ اور قیامت پر ایمان رکھتے ہیں اور جو مال وہ خرچ کرتے ہیں اس کو اللہ کے نزدیک ہونے اور رسول کی دعاؤں کا ذریعہ قرار دیتے ہیں۔ سن لو کہ بے شک وہ ان کے لیے نزدیکی کا ذریعہ ہے۔ اللہ انہیں اپنی رحمت میں داخل کرے گا۔ بے شک اللہ بخشنے والا، مہربان ہے۔

-التوبة ۹: ۹۹-

۴۔ بے شک وہ مسجد جس کی بنیاد پہلے ہی دن سے پرہیز گاری پر رکھی گئی ہے اس بات کا زیادہ حق رکھتی ہے کہ تو اس میں کھڑا ہو (نماز پڑھے)۔ اس میں ایسے آدمی ہیں جو پاک رہنے کو پسند کرتے ہیں اور اللہ پاک رہنے والوں کو پسند کرتا ہے۔

-التوبة ۹: ۱۰۸-

۵۔ بے شک اللہ نبی پر اور ان مہاجرین و انصار پر مہربان ہوا جنہوں نے سخت گھڑی میں اس کا حکم مانا۔ (یعنی) اس کے بعد (بھی) کہ قریب تھا کہ ان میں سے ایک فریق کا دل ٹیڑھا ہو جائے پھر اللہ ان پر مہربان ہوا۔ بے شک وہ ان پر شفیق، مہربان ہے۔ اور ان تین اصحاب پر بھی (مہربان ہوا جو جہاد سے) پیچھے رہ گئے تھے۔ یہاں تک کہ جب ان پر زمین باوجود اپنے فراخ ہونے کے تنگ ہو گئی اور ان پر ان کی جانیں تنگ آ گئیں اور انہوں نے یقین کر لیا کہ اللہ سے خلاف ہو کر بجز اُس کے اور کہیں پناہ کی جگہ نہیں ہے تو پھر اللہ ان پر مہربان ہوا تا کہ وہ اس کی طرف رجوع ہوں۔ بے شک اللہ جو ہے وہی توبہ قبول کرنے والا، مہربان ہے۔

-التوبة ۹: ۱۱۷-۱۱۸-

۶۔اور جنہوں نے اللہ کی راہ، میں اس کے بعد کہ ان پر ظلم کیا گیا ہجرت کی، ہم ضرور انہیں دنیا میں اچھے ٹھکانے پر لگا کر رہیں گے اور بے شک آخرت کا ثواب (اس سے) بڑھ کر ہے اگر وہ جانیں، وہ مہاجر جنہوں نے صبر کیا اور وہ اپنے پروردگار پر بھروسہ

رکھتے ہیں۔

۔النحل ۱۶: ۴۱۔۴۲۔

۷۔ جن لوگوں سے (ناحق) لڑائی کی جاتی ہے، ان کو (لڑائی کی) اجازت دی گئی کیونکہ ان پر ظلم کیا گیا ہے اور بے شک اللہ ان کی مدد پر قادر ہے۔ وہ (بیچارے) وہ ہیں جو ناحق اپنے گھروں سے صرف اتنا کہنے پر نکالے گئے کہ ہمارا پروردگار اللہ ہے، وہ وہ ہیں کہ اگر ہم ملک میں ان کے پاؤں جما دیں تو وہ نماز پڑھیں اور زکوٰۃ دیں اور (لوگوں کو) اچھی باتوں کی ہدایت کریں اور بری باتوں سے روکیں اور سب کاموں کا اخیر انجام اللہ ہی کی طرف ہے۔

۔الحج ۲۲: ۳۹۔۴۱۔

۸۔ (مسلمانو!) جو تم میں سے ایمان لائے اور انہوں نے نیک کام کئے، اللہ نے ان سے وعدہ کیا ہے کہ وہ ضرور انہیں زمین میں اپنا جانشین کرے گا جیسا کہ ان لوگوں کو جانشین کیا تھا جو ان سے پہلے ہو گزرے ہیں اور ان کے لیے ان کا وہ دین ضرور قائم کر کے رہے گا جو اس نے ان کے لیے پسند کیا ہے اور ان کے خوف (کھانے) کے بعد ضرور ان (کی حالت) کو امن سے بدل دے گا۔ وہ میری عبادت کریں گے کسی چیز کو میرا شریک نہ کریں گے اور جس نے اس (نعمت) کے بعد بھی ناشکری کی تو وہی لوگ بدکار ہیں۔

۔النور ۲۴: ۵۵۔

۹۔ اور جب مومنوں نے (کفار کی) جماعتوں کو (جو مدینے میں ان پر چڑھ آئی تھیں) دیکھا تو کہنے لگے کہ یہ تو وہی ہے جس کا ہم سے اللہ اور اس کے

صَبَرُوْا وَعَلٰى رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُوْنَ ﴿۴۲﴾

۷۔ اُذِنَ لِلَّذِيْنَ يُقٰتَلُوْنَ بِاَنَّهُمْ ظُلِمُوْا ۭ وَاِنَّ اللّٰهَ عَلٰي نَصْرِهِمْ لَقَدِيْرُ ﴿۳۹﴾ الَّذِيْنَ اُخْرِجُوْا مِنْ دِيَارِهِمْ بِغَيْرِ حَقٍّ اِلَّآ اَنْ يَّقُوْلُوْا رَبُّنَا اللّٰهُ ۭ الَّذِيْنَ اِنْ مَّكَّنّٰهُمْ فِي الْاَرْضِ اَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتَوُا الزَّكٰوةَ وَاَمَرُوْا بِالْمَعْرُوْفِ وَنَهَوْا عَنِ الْمُنْكَرِ ۭ وَلِلّٰهِ عَاقِبَةُ الْاُمُوْرِ ﴿۴۱﴾

۸۔ وَعَدَ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مِنْكُمْ وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَيَسْتَخْلِفَنَّهُمْ فِي الْاَرْضِ كَمَا اسْتَخْلَفَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ۠ وَلَيُمَكِّنَنَّ لَهُمْ دِيْنَهُمُ الَّذِي ارْتَضٰى لَهُمْ وَلَيُبَدِّلَنَّهُمْ مِّنْۢ بَعْدِ خَوْفِهِمْ اَمْنًا ۭ يَعْبُدُوْنَنِيْ لَا يُشْرِكُوْنَ بِيْ شَيْـًٔا ۭ وَمَنْ كَفَرَ بَعْدَ ذٰلِكَ فَاُولٰۗىِٕكَ هُمُ الْفٰسِقُوْنَ ﴿۵۵﴾

۹۔ وَلَمَّا رَاَ الْمُؤْمِنُوْنَ الْاَحْزَابَ ۙ قَالُوْا هٰذَا مَا وَعَدَنَا اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ وَصَدَقَ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ ۡ وَمَا زَادَهُمْ اِلَّآ اِيْمَانًا وَّتَسْلِيْمًا ﴿۲۲﴾ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ رِجَالٌ صَدَقُوْا مَا عَاهَدُوا اللّٰهَ عَلَيْهِ ۚ فَمِنْهُمْ مَّنْ قَضٰى نَحْبَهٗ وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّنْتَظِرُ ڮ وَمَا بَدَّلُوْا تَبْدِيْلًا ﴿۲۳﴾

۱۰۔ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ فِيْكُمْ رَسُوْلَ اللّٰهِ ۭ لَوْ يُطِيْعُكُمْ فِيْ كَثِيْرٍ مِّنَ الْاَمْرِ لَعَنِتُّمْ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ حَبَّبَ اِلَيْكُمُ الْاِيْمَانَ وَزَيَّنَهٗ فِيْ قُلُوْبِكُمْ وَكَرَّهَ اِلَيْكُمُ الْكُفْرَ

رسول نے وعدہ کیا تھا، اور اللہ اور اس کے رسول نے سچ فرمایا تھا اور اس بات نے ان کے ایمان اور اطاعت کو اور بڑھا دیا۔ مسلمانوں میں کچھ آدمی ایسے ہیں جنہوں نے اس بات کو جس کا انہوں نے اللہ سے عہد کیا تھا سچ کر دکھلایا۔ سو بعض ان میں سے وہ ہیں جو اپنی مراد کو پہنچ چکے اور بعض ان میں سے وہ ہیں جو (ابھی) انتظار کر رہے ہیں اور انہوں نے (اپنے عہد میں ذرا) تبدیلی نہیں کی۔

۔الاحزاب ۳۳: ۲۲۔۲۳۔

۲۔ اصحاب رضی اللہ عنہم کے دلوں میں ایمان کی محبت اور کفر وفسق وعصیاں سے نفرت

۱۰۔ اور جان لو کہ تم میں اللہ کا رسول ہے اگر وہ بہت سے کاموں میں تمہارا کہا مانے تو تم ضرور مشقت میں پڑ جاؤ۔ لیکن اللہ نے تمہاری

طرف ایمان کو محبوب کر دیا اور اس کو تمہارے دلوں میں اچھا کر کے دکھلایا اور تمہاری طرف کفر اور بدکاری اور نافرمانی کو برا کر دکھلایا۔ یہی لوگ راہ ہدایت پر ہیں۔ تیرے پروردگار کے فضل اور رحمت سے اور اللہ جاننے والا، حکمت والا ہے۔

۔الحجر ۴۹: ۸۔

۳۔ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی تورات و انجیل میں مدح، ان کا اللہ کی رضا اور اس کے فضل کا طالب ہونا اور ان میں باہمی محبت والفت

۱۱۔ محمد اللہ کا رسول ہے اور جو لوگ اس کے ساتھ ہیں وہ کافروں پر سخت (اور) آپس میں نرم دل ہیں۔ (اے مخاطب!) تو انہیں رکوع (اور) سجدے میں دیکھے گا وہ اللہ کا فضل اور (اس کی) رضامندی چاہتے ہیں۔ سجدہ کے اثر سے ان کے چہروں پر ان کی علامت موجود ہے۔ یہ تورات میں ان کی صفت (بیان کی گئی) ہے اور انجیل میں ان کی صفت مانند کھیتی کی ہے۔ جس نے اپنی سوئی نکالی پھر اس کو مضبوط کیا پھر وہ موٹی ہوگئی، پھر وہ اپنی نال پر کھڑی ہوگئی کاشت کار کو بھلی معلوم ہوتی ہے۔ یہ اس لیے ہے کہ اللہ ان کے سبب سے کفار کو غصہ دلائے۔ اللہ نے ان سے جو ان میں ایمان لائے اور انہوں نے نیک کام کئے، مغفرت اور اجرِ عظیم کا وعدہ کیا ہے۔

۔الفتح ۴۸: ۲۹۔

۱۲۔ (مال غنیمت) ان محتاج مہاجروں کا حق ہے جو اپنے گھروں اور اپنے مالوں سے نکالے گئے۔ وہ اللہ کا فضل اور (اس کی) رضا مندی چاہتے ہیں اور اللہ اور اس کے

وَالْفُسُوْقَ وَالْعِصْيَانَ ۭ اُولٰۗىِٕكَ هُمُ الرّٰشِدُوْنَ ۝ فَضْلًا مِّنَ اللّٰهِ وَنِعْمَةً ۭ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ۝

۱۱۔ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ ۭ وَالَّذِيْنَ مَعَهٗٓ اَشِدَّاۗءُ عَلَي الْكُفَّارِ رُحَمَاۗءُ بَيْنَهُمْ تَرٰىهُمْ رُكَّعًا سُجَّدًا يَّبْتَغُوْنَ فَضْلًا مِّنَ اللّٰهِ وَرِضْوَانًا ۡ سِيْمَاهُمْ فِيْ وُجُوْهِهِمْ مِّنْ اَثَرِ السُّجُوْدِ ۭ ذٰلِكَ مَثَلُهُمْ فِي التَّوْرٰىةِ ڔ وَمَثَلُهُمْ فِي الْاِنْجِيْلِ ڔ كَزَرْعٍ اَخْرَجَ شَطْــــَٔهٗ فَاٰزَرَهٗ فَاسْتَغْلَظَ فَاسْتَوٰى عَلٰي سُوْقِهٖ يُعْجِبُ الزُّرَّاعَ لِيَغِيْظَ بِهِمُ الْكُفَّارَ ۭ وَعَدَ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ مِنْهُمْ مَّغْفِرَةً وَّاَجْرًا عَظِيْمًا ۝

۱۲۔ لِلْفُقَرَاۗءِ الْمُهٰجِرِيْنَ الَّذِيْنَ اُخْرِجُوْا مِنْ دِيَارِهِمْ وَاَمْوَالِهِمْ يَبْتَغُوْنَ فَضْلًا مِّنَ اللّٰهِ وَرِضْوَانًا وَّيَنْصُرُوْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ ۭ اُولٰۗىِٕكَ هُمُ الصّٰدِقُوْنَ ۝

۱۳۔ وَاِذَا رَاَوْا تِجَارَةً اَوْ لَهْوَۨا انْفَضُّوْٓا اِلَيْهَا وَتَرَكُوْكَ قَاۗىِٕمًا ۭ قُلْ مَا عِنْدَ اللّٰهِ خَيْرٌ مِّنَ اللَّهْوِ وَمِنَ التِّجَارَةِ ۭ وَاللّٰهُ خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ ۝

۱۴۔ وَالَّذِيْنَ تَبَوَّؤُ الدَّارَ وَالْاِيْمَانَ مِنْ قَبْلِهِمْ يُحِبُّوْنَ مَنْ هَاجَرَ اِلَيْهِمْ وَلَا يَجِدُوْنَ فِيْ صُدُوْرِهِمْ حَاجَةً مِّمَّآ اُوْتُوْا وَيُؤْثِرُوْنَ عَلٰٓي

رسول کی مدد کرتے ہیں۔ وہی لوگ (اپنے ایمان میں) سچے ہیں۔

۔الحشر ۵۹: ۸۔

۴۔ بعض اصحاب رضی اللہ عنہم رسول ﷺ کو خطبۂ جمعہ پڑھتے چھوڑ کر چل دیے

۱۳۔ اور (اے نبی ﷺ!) جب وہ تجارت یا تماشا دیکھتے ہیں تو اس کی طرف لٹک جاتے ہیں اور تجھے (خطبے میں) کھڑا چھوڑ جاتے ہیں۔ (اے نبی ﷺ!) کہہ دے کہ جو (ثواب) اللہ کے پاس ہے وہ کھیل اور تجارت سے بہتر ہے اور اللہ سب سے بہتر روزی دینے والا ہے۔

۔الجمعۃ ۶۲: ۱۱۔

۵۔ انصار کی مہاجرین سے محبت اور ان کا ایثار

۱۴۔ اور (مالِ غنیمت ان کا حق ہے) جنہوں نے دار السلام اور ایمان کو ان سے پہلے اپنا گھر بنالیا۔ جو ان کی طرف ہجرت کر کے آتا ہے، اس سے

محبت رکھتے ہیں اور جو ان مہاجرین کو دیا جاتا ہے اس سے اپنے دلوں میں خلش نہیں پاتے اور ان کو اپنے اوپر ترجیح دیتے ہیں اگرچہ وہ بھوکے ہوتے ہیں اور جو اپنے نفس کے بخل سے محفوظ رکھا گیا تو ایسے لوگ فلاح پانے والے ہیں۔

-الحشر ۵۹-۹-

۶۔ جن اصحاب رضی اللہ عنہم نے فتحِ مکہ سے پیشتر اللہ کی راہ میں مال صرف کیا اور لڑے، ان کا درجہ

۱۵۔تم میں سے وہ جنھوں نے فتحِ (مکہ) سے پہلے (اپنا مال اللہ کی راہ میں) خرچ کیا اور (کافروں سے) لڑے ان کی برابر نہیں ہو سکتے جن میں یہ وصف نہیں ہے۔ وہ درجے میں ان لوگوں سے بڑھ کر ہیں جنھوں نے بعد میں خرچ کیا اور لڑے اور اللہ نے سب سے بھلائی کا وعدہ کیا ہے اور اللہ تمہارے عملوں سے خبردار ہے۔

-الحدید ۵۷-۱۰-

۷۔ مہاجرین اور انصار سے اللہ کا راضی ہونا

۱۶۔اور مہاجرین اور انصار میں سے (اسلام میں) بڑھ جانے والے، اول رہنے والے اور جنھوں نے اچھی باتوں میں ان کی پیروی کی، اللہ ان سب سے راضی ہوا اور وہ اس راضی ہوئے اور اس نے ان کے لیے ایسے باغ تیار کیے ہیں جن کے (درختوں کے) نیچے نہریں جاری ہیں۔ وہ ہمیشہ ہمیشہ انہیں (باغوں) میں رہیں گے۔یہی بڑی کامیابی ہے۔

-التوبۃ ۹-۱۰۰-

۸۔ اصحاب بیعت الرضوان سے اللہ کا راضی ہونا

۱۷۔بے شک اللہ مومنوں سے جب وہ درخت کے نیچے تجھ سے بیعت کر رہے تھے، راضی ہو گیا۔اس نے معلوم کر لیا جو (ایمان) ان کے دلوں میں تھا سو اس نے ان پر

أَنفُسِهِمْ وَلَوْ كَانَ بِهِمْ خَصَاصَةٌ ۚ وَمَن يُوقَ شُحَّ نَفْسِهِ فَأُولَٰئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُونَ ۝

۱۵۔لَا يَسْتَوِي مِنكُم مَّنْ أَنفَقَ مِن قَبْلِ الْفَتْحِ وَقَاتَلَ ۚ أُولَٰئِكَ أَعْظَمُ دَرَجَةً مِّنَ الَّذِينَ أَنفَقُوا مِن بَعْدُ وَقَاتَلُوا ۚ وَكُلًّا وَعَدَ اللَّهُ الْحُسْنَىٰ ۚ وَاللَّهُ بِمَا تَعْمَلُونَ خَبِيرٌ ۝

۱۶۔وَالسَّابِقُونَ الْأَوَّلُونَ مِنَ الْمُهَاجِرِينَ وَالْأَنصَارِ وَالَّذِينَ اتَّبَعُوهُم بِإِحْسَانٍ رَّضِيَ اللَّهُ عَنْهُمْ وَرَضُوا عَنْهُ وَأَعَدَّ لَهُمْ جَنَّاتٍ تَجْرِي تَحْتَهَا الْأَنْهَارُ خَالِدِينَ فِيهَا أَبَدًا ۚ ذَٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيمُ ۝

۱۷۔لَّقَدْ رَضِيَ اللَّهُ عَنِ الْمُؤْمِنِينَ إِذْ يُبَايِعُونَكَ تَحْتَ الشَّجَرَةِ فَعَلِمَ مَا فِي قُلُوبِهِمْ فَأَنزَلَ السَّكِينَةَ عَلَيْهِمْ وَأَثَابَهُمْ فَتْحًا قَرِيبًا ۝

۱۔فَلَا وَرَبِّكَ لَا يُؤْمِنُونَ حَتَّىٰ يُحَكِّمُوكَ فِيمَا شَجَرَ بَيْنَهُمْ

۲۔لَعَمْرُكَ إِنَّهُمْ لَفِي سَكْرَتِهِمْ يَعْمَهُونَ ۝

۳۔فَوَرَبِّكَ لَنَسْأَلَنَّهُمْ أَجْمَعِينَ ۝

تسلی اتاری اور بدلے میں ان کو قریب ہی فتح دی۔

-الفتح ۴۸:۱۸-

تکملہ کتاب الرسالۃ

قرآن کریم کی قسمیں

۱۔پس تیرے پروردگار ہی کی قسم ہے کہ جب تک یہ لوگ اپنے باہمی جھگڑے تمہیں سے فیصلہ نہ کرائیں، ان کو ایمان سے بہرہ نہیں۔

-النساء ۴:۶۵-

۲۔تیری جان کی قسم کہ یہ لوگ اپنی بدمستی میں جھوم رہے تھے۔

-الحجر ۱۵:۷۲-

۳۔سو تیرے پروردگار ہی کی قسم کہ ان سب سے ہم ان کے اعمال کی ضرور باز پرس کریں گے۔

-الحجر ۱۵:۹۲-

۴۔ تَاللّٰهِ لَتُسْـَٔلُنَّ عَمَّا كُنْتُمْ تَفْتَرُوْنَ ۝

۵۔ تَاللّٰهِ لَقَدْ اَرْسَلْنَاۤ اِلٰۤى اُمَمٍ مِّنْ قَبْلِكَ

۶۔ فَوَرَبِّكَ لَنَحْشُرَنَّهُمْ وَالشَّيٰطِيْنَ ثُمَّ لَنُحْضِرَنَّهُمْ حَوْلَ جَهَنَّمَ جِثِيًّا ۝

۷۔ يٰسٓ ۝ وَالْقُرْاٰنِ الْحَكِيْمِ ۝

۸۔ وَالصّٰٓفّٰتِ صَفًّا ۝ فَالزّٰجِرٰتِ زَجْرًا ۝ فَالتّٰلِيٰتِ ذِكْرًا ۝

۹۔ صٓ وَالْقُرْاٰنِ ذِى الذِّكْرِ ۝

۱۰۔ حٰمٓ ۝ وَالْكِتٰبِ الْمُبِيْنِ ۝

۱۱۔ وَقِيْلِهٖ يٰرَبِّ اِنَّ هٰۤؤُلَاۤءِ قَوْمٌ لَّا يُؤْمِنُوْنَ ۝

۱۲۔ قٓ وَالْقُرْاٰنِ الْمَجِيْدِ ۝

۱۳۔ وَالذّٰرِيٰتِ ذَرْوًا ۝ فَالْحٰمِلٰتِ وِقْرًا ۝ فَالْجٰرِيٰتِ يُسْرًا ۝ فَالْمُقَسِّمٰتِ اَمْرًا ۝

۱۴۔ وَالسَّمَاۤءِ ذَاتِ الْحُبُكِ ۝

۱۵۔ فَوَرَبِّ السَّمَاۤءِ وَالْاَرْضِ اِنَّهٗ لَحَقٌّ مِّثْلَ مَاۤ اَنَّكُمْ تَنْطِقُوْنَ ۝

۱۶۔ وَالطُّوْرِ ۝ وَكِتٰبٍ مَّسْطُوْرٍ ۝ فِىْ رَقٍّ مَّنْشُوْرٍ ۝ وَالْبَيْتِ الْمَعْمُوْرِ ۝ وَالسَّقْفِ الْمَرْفُوْعِ ۝ وَالْبَحْرِ الْمَسْجُوْرِ ۝

۴۔ اللہ کی قسم کہ جو بہتان بندیاں تم لوگ کرتے رہے ہو، تم سے ضرور ان کی باز پرس ہونی ہے۔

۔النحل ۱۶: ۵۶۔

۵۔ اللہ کی قسم! تجھ سے پہلے ہم نے امتوں کی طرف ضرور پیغمبر بھیجے۔

۔النحل ۱۶: ۶۳۔

۶۔ تیرے پروردگار کی قسم کہ ہم تمام آدمیوں اور شیطانوں کو جمع کریں گے۔ پھر ان کو جہنم کے گرد لا حاضر کریں گے اور وہ دوزانو بیٹھے ہوں گے۔

۔مریم ۱۹: ۶۸۔

۷۔ یٰسٓ قسم قرآن کی! جس میں دانائی کی باتیں ہیں۔

۔یٰسٓ ۳۶: ۱۔۲۔

۸۔ قسم ان لشکروں کی جو صف بستہ کھڑے ہوتے ہیں۔ پھر زور سے ڈانٹتے ہیں۔ پھر ذکر الٰہی کی تلاوت کرتے ہیں۔

۔الصّٰفّٰت ۳۷: ۱۔۳۔

۹۔ صٓ۔ قسم قرآن کی کہ جس میں نصیحت ہے۔

۔صٓ ۳۸: ۱۔

۱۰۔ حٰمٓ۔ قسم ہے اس کتاب کی، جو احکامِ الٰہی واضح طور پر بتا رہی ہے۔

۔الزخرف ۴۳: ۱۔۲ و الدخان۔ ۴۴: ۱۔۲۔

۱۱۔ ہم کو رسول کے یوں فریاد کرنے کی قسم ہے کہ یا رب! بے شک یہ لوگ ایمان لانے والے نہیں۔

۔الزخرف ۴۳: ۸۸۔

۱۲۔ قٓ۔ قسم قرآن مجید کی۔

۔قٓ ۵۰: ۱۔

۱۳۔ قسم ان ہواؤں کی جو بادلوں کو اڑائے لیے پھرتی ہیں۔ پھر مینہ کا بوجھ اٹھاتی پھر آہستہ آہستہ چلتی پھر ایک ضروری چیز کو تقسیم کرتی ہیں۔

۔الذّٰریٰت ۵۱: ۱۔۴۔

۱۴۔ قسم آسمان کی جس میں رستے پڑے ہوئے ہیں۔

۔الذّٰریٰت ۵۱: ۷۔

۱۵۔ سو قسم آسمان اور زمین کے پروردگار کی کہ یہ قرآن برحق ہے جس طرح کہ تم کلام کرتے ہو۔

۔الذّٰریٰت ۵۱: ۲۳۔

۱۶۔ قسم کوہِ طور کی اور کتابِ لوحِ محفوظ کی، جو چوڑے چکلے کاغذوں پر لکھی ہوئی ہے۔ اور بیت المعمور کی، اور اونچی چھت کی اور جوش زن سمندر کی۔

۔الطور ۵۲: ۱۔۶۔

۱۷۔ وَالنَّجْمِ إِذَا هَوَىٰ ۝

۱۸۔ فَلَآ أُقْسِمُ بِمَوَاقِعِ النُّجُومِ ۝ وَإِنَّهُ لَقَسَمٌ لَّوْ تَعْلَمُونَ عَظِيمٌ ۝

۱۹۔ نٓ وَالْقَلَمِ وَمَا يَسْطُرُونَ ۝

۲۰۔ فَلَآ أُقْسِمُ بِمَا تُبْصِرُونَ ۝ وَمَا لَا تُبْصِرُونَ ۝

۲۱۔ فَلَآ أُقْسِمُ بِرَبِّ الْمَشَارِقِ وَالْمَغَارِبِ إِنَّا لَقَادِرُونَ ۝

۲۲۔ كَلَّا وَالْقَمَرِ ۝ وَاللَّيْلِ إِذْ أَدْبَرَ ۝ وَالصُّبْحِ إِذَا أَسْفَرَ ۝

۲۳۔ لَآ أُقْسِمُ بِيَوْمِ الْقِيَامَةِ ۝ وَلَآ أُقْسِمُ بِالنَّفْسِ اللَّوَّامَةِ ۝

۲۴۔ وَالْمُرْسَلَاتِ عُرْفًا ۝ فَالْعَاصِفَاتِ عَصْفًا ۝ وَالنَّاشِرَاتِ نَشْرًا ۝ فَالْفَارِقَاتِ فَرْقًا ۝ فَالْمُلْقِيَاتِ ذِكْرًا ۝ عُذْرًا أَوْ نُذْرًا ۝

۲۵۔ وَالنَّازِعَاتِ غَرْقًا ۝ وَالنَّاشِطَاتِ نَشْطًا ۝ وَالسَّابِحَاتِ سَبْحًا ۝ فَالسَّابِقَاتِ سَبْقًا ۝ فَالْمُدَبِّرَاتِ أَمْرًا ۝

۲۶۔ فَلَآ أُقْسِمُ بِالْخُنَّسِ ۝ الْجَوَارِ الْكُنَّسِ ۝ وَاللَّيْلِ إِذَا عَسْعَسَ ۝ وَالصُّبْحِ إِذَا تَنَفَّسَ ۝

۲۷۔ فَلَآ أُقْسِمُ بِالشَّفَقِ ۝ وَاللَّيْلِ وَمَا وَسَقَ ۝ وَالْقَمَرِ إِذَا اتَّسَقَ ۝

۲۸۔ وَالسَّمَآءِ ذَاتِ الْبُرُوجِ ۝ وَالْيَوْمِ الْمَوْعُودِ ۝ وَشَاهِدٍ وَّمَشْهُودٍ ۝

۱۷۔ قسم ستارے کی جب وہ آسمان سے ٹوٹتا ہے۔

۔النجم ۵۳: ۱۔

۱۸۔ قسم ستاروں کے ڈوبنے کی اور سمجھو تو یہ بڑی قسم ہے۔

۔الواقعہ ۵۶: ۷۵۔ ۷۶۔

۱۹۔ ن۔ قسم قلم کی، اور جو کچھ لوگ لکھتے ہیں اس کی۔

۔القلم ۶۸: ۱۔

۲۰۔ قسم ہے ہم کو ان چیزوں کی جو تم کو دکھائی دیتی ہیں اور ان چیزوں کی جو تم کو نہیں دکھائی دیتی ہیں۔

۔الحاقہ ۶۹: ۳۸۔ ۳۹۔

۲۱۔ قسم ہے ہم کو مشرقوں اور مغربوں کے پروردگار کی کہ ہم اس بات پر بھی قادر ہیں۔

۔المعارج ۷۰: ۴۰۔

۲۲۔ واقعی قسم ہے چاند کی اور رات کی، جب وہ جانے لگے۔ اور صبح کی جب وہ روشن ہو جائے۔

۔المدثر ۷۴: ۳۲۔ ۳۴۔

۲۳۔ قسم ہے روزِ قیامت کی اور قسم ہے نفسِ لوامہ کی۔

۔القیامۃ ۷۵: ۱۔ ۲۔

۲۴۔ قسم ان ہواؤں کی جو پہلے معمولی رفتار سے چلائی جاتی ہیں۔ پھر زور پکڑ کر تیز ہو جاتی ہیں اور (بادلوں) کو ہر طرف پھیلا دیتی ہیں۔ پھر انہیں پھاڑ کر جدا کر دیتی ہیں۔ پھر (لوگوں کے دلوں میں) ذکرِ الٰہی کا خیال ڈالتی ہیں تاکہ حجت تمام ہو اور ڈرایا جائے۔

۔المرسلات ۷۷: ۱۔ ۶۔

۲۵۔ قسم ان فرشتوں کی جو بدن میں گھس کر (سختی سے) جان نکالتے ہیں۔ اور ان کی جو ایسی آسانی سے نکالتے ہیں جیسے بند کھولتے ہیں۔ اور ان کی جو تیرتے پھرتے ہیں۔ اور ان کی جو (حکم سننے کے لیے) لپکتے ہیں۔ پھر (بموجب حکم کے) انتظار کرتے ہیں۔

۔النزعت ۷۹: ۱۔ ۵۔

۲۶۔ قسم ہے ان ستاروں کی جو چلتے چلتے پیچھے کو ہٹنے لگتے اور چھپ جاتے ہیں۔ اور قسم ہے رات کی جس وقت اس کی سیاہی چڑھتی چلی آتی ہے۔ اور قسم ہے صبح کی جس وقت پو پھٹتی ہے۔

۔التکویر ۸۱: ۱۵۔ ۱۸۔

۲۷۔ قسم ہے ہم کو شفق کی اور قسم ہے رات کی اور جن کے اوپر وہ چھا جاتی ہے ان کی اور قسم ہے چاند کی جب وہ پورا ہو۔

۔الانشقاق ۸۴: ۱۶۔ ۱۸۔

۲۸۔ اور قسم ہے برجوں والے آسمان کی اور اس دن کی جس کا وعدہ ہے اور قسم ہے گواہ کی اور اس کی جس کے مقابلہ میں وہ گواہی دیتا ہے۔

۔البروج ۸۵: ۱۔ ۳۔

۲۹۔ قسم ہے آسمان کی اور رات کے آنے والے کی۔

۔الطارق ۸۶: ۱۔

۳۰۔ قسم ہے بارش والے آسمان کی اور قسم ہے روئیدگی سے پھٹنے والی زمین کی۔

۔الطارق ۸۶: ۱۱۔۱۲۔

۳۱۔ قسم ہے صبح کی۔ اور دس راتوں کی۔ اور جفت اور طاق کی۔ اور رات کی جب وہ گزرنے لگے۔ عقل مند کے نزدیک تو ان چیزوں کی قسمیں بڑی بھاری قسمیں ہیں۔

۔الفجر ۸۹: ۱۔۵۔

۳۲۔ ہم قسم کھاتے ہیں اس شہر کی۔ اور تو اس شہر میں ٹھیرا ہوا ہے۔ اور نیز قسم کھاتے ہیں، باپ اور اس کی اولاد کی۔

۔البلد ۹۰: ۱۔۳۔

۳۳۔ قسم آفتاب کی۔ اور اس کی دھوپ کی۔ اور قسم ہے چاند کی جب وہ اس کے پیچھے آئے۔ اور قسم ہے دن کی جب وہ آفتاب کو نمایاں کرے۔ اور قسم ہے رات کی جب وہ آفتاب کو چھپالے۔ اور قسم ہے آسمان کی اور اس کی جس نے اس کو بنایا۔ اور زمین کی اور اس کی جس نے اس کو بچھایا۔ اور انسان کی اور اس کی جس نے اس کو درست بنایا۔ پھر اس کو اس کی بدکاری اور پرہیز گاری سجھائی۔

۔الشمس ۹۱: ۱۔۸۔

۳۴۔ قسم رات کی جب وہ سب چیزوں کو ڈھانک لے۔ اور دن کی جب وہ خوب روشن ہو۔ اور قسم اس کی جس نے نر اور مادہ پیدا کیا۔

۔الیل ۹۲: ۱۔۳۔

۲۹۔ وَالسَّمَآءِ وَالطَّارِقِ ۝

۳۰۔ وَالسَّمَآءِ ذَاتِ الرَّجْعِ ۝ وَالْاَرْضِ ذَاتِ الصَّدْعِ ۝

۳۱۔ وَالْفَجْرِ ۝ وَلَيَالٍ عَشْرٍ ۝ وَّالشَّفْعِ وَالْوَتْرِ ۝ وَالَّيْلِ اِذَا يَسْرِ ۝ هَلْ فِیْ ذٰلِكَ قَسَمٌ لِّذِیْ حِجْرٍ ۝

۳۲۔ لَآ اُقْسِمُ بِهٰذَا الْبَلَدِ ۝ وَاَنْتَ حِلٌّ بِهٰذَا الْبَلَدِ ۝ وَوَالِدٍ وَّمَا وَلَدَ ۝

۳۳۔ وَالشَّمْسِ وَضُحٰهَا ۝ وَالْقَمَرِ اِذَا تَلٰهَا ۝ وَالنَّهَارِ اِذَا جَلّٰهَا ۝ وَالَّيْلِ اِذَا يَغْشٰهَا ۝ وَالسَّمَآءِ وَمَا بَنٰهَا ۝ وَالْاَرْضِ وَمَا طَحٰهَا ۝ وَنَفْسٍ وَّمَا سَوّٰهَا ۝ فَاَلْهَمَهَا فُجُوْرَهَا وَتَقْوٰهَا ۝

۳۴۔ وَالَّيْلِ اِذَا يَغْشٰى ۝ وَالنَّهَارِ اِذَا تَجَلّٰى ۝ وَمَا خَلَقَ الذَّكَرَ وَالْاُنْثٰى ۝

۳۵۔ وَالضُّحٰى ۝ وَالَّيْلِ اِذَا سَجٰى ۝

۳۶۔ وَالتِّيْنِ وَالزَّيْتُوْنِ ۝ وَطُوْرِ سِيْنِيْنَ ۝ وَهٰذَا الْبَلَدِ الْاَمِيْنِ ۝

۳۷۔ وَالْعٰدِيٰتِ ضَبْحًا ۝ فَالْمُوْرِيٰتِ قَدْحًا ۝ فَالْمُغِيْرٰتِ صُبْحًا ۝ فَاَثَرْنَ بِهٖ نَقْعًا ۝ فَوَسَطْنَ بِهٖ جَمْعًا ۝

۳۸۔ وَالْعَصْرِ ۝

۳۵۔ قسم چاشت کے وقت کی۔ اور قسم رات کی جب اس کی تاریکی چھا جائے۔

۔الضحیٰ ۹۳: ۱۔۲۔

۳۶۔ قسم ہے انجیر اور زیتون کی۔ اور قسم ہے طور سینین کی۔ اور قسم ہے اس شہر پر امن کی۔

۔التین ۹۵۔ ۱۔۳۔

۳۷۔ قسم ان گھوڑوں کی جو دوڑتے ہانپ اٹھتے ہیں۔ پھر ٹاپوں کے مارنے سے چنگاریاں نکالتے ہیں۔ پھر صبح کے وقت چھاپا جا مارتے ہیں۔ پھر وہ اس سے غبار بلند کرتے ہیں۔ پھر اسی وقت جماعت میں جا گھستے ہیں۔

۔العٰدیٰت ۱۰۰: ۱۔۵۔

۳۸۔ قسم ہے عصر کے وقت کی۔

۔العصر ۱۰۳: ۱۔

تمثیلات القرآن

۱۔ مَثَلُهُمْ كَمَثَلِ الَّذِي اسْتَوْقَدَ نَارًا ۚ فَلَمَّا أَضَاءَتْ مَا حَوْلَهُ ذَهَبَ اللَّهُ بِنُورِهِمْ وَتَرَكَهُمْ فِي ظُلُمَاتٍ لَّا يُبْصِرُونَ ⁽¹⁷⁾

۲۔ أَوْ كَصَيِّبٍ مِّنَ السَّمَاءِ فِيهِ ظُلُمَاتٌ وَرَعْدٌ وَبَرْقٌ يَجْعَلُونَ أَصَابِعَهُمْ فِي آذَانِهِم مِّنَ الصَّوَاعِقِ حَذَرَ الْمَوْتِ ۚ وَاللَّهُ مُحِيطٌ بِالْكَافِرِينَ ⁽¹⁹⁾ يَكَادُ الْبَرْقُ يَخْطَفُ أَبْصَارَهُمْ ۖ كُلَّمَا أَضَاءَ لَهُم مَّشَوْا فِيهِ وَإِذَا أَظْلَمَ عَلَيْهِمْ قَامُوا ۚ وَلَوْ شَاءَ اللَّهُ لَذَهَبَ بِسَمْعِهِمْ وَأَبْصَارِهِمْ ۚ إِنَّ اللَّهَ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ ⁽²⁰⁾

۳۔ وَمَثَلُ الَّذِينَ كَفَرُوا كَمَثَلِ الَّذِي يَنْعِقُ بِمَا لَا يَسْمَعُ إِلَّا دُعَاءً وَنِدَاءً ۚ

۴۔ ثُمَّ قَسَتْ قُلُوبُكُم مِّن بَعْدِ ذَٰلِكَ فَهِيَ كَالْحِجَارَةِ أَوْ أَشَدُّ قَسْوَةً ۚ وَإِنَّ مِنَ الْحِجَارَةِ لَمَا يَتَفَجَّرُ مِنْهُ الْأَنْهَارُ ۚ وَإِنَّ مِنْهَا لَمَا يَشَّقَّقُ فَيَخْرُجُ مِنْهُ الْمَاءُ ۚ وَإِنَّ مِنْهَا لَمَا يَهْبِطُ مِنْ خَشْيَةِ اللَّهِ ۗ وَمَا اللَّهُ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُونَ ⁽⁷⁴⁾

۵۔ فَمَثَلُهُ كَمَثَلِ صَفْوَانٍ عَلَيْهِ تُرَابٌ فَأَصَابَهُ وَابِلٌ فَتَرَكَهُ صَلْدًا ۖ لَّا يَقْدِرُونَ عَلَىٰ شَيْءٍ مِّمَّا كَسَبُوا ۗ وَاللَّهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الْكَافِرِينَ ⁽²⁶⁴⁾

۶۔ مَّثَلُ الَّذِينَ يُنفِقُونَ أَمْوَالَهُمْ فِي سَبِيلِ اللَّهِ كَمَثَلِ حَبَّةٍ أَنبَتَتْ سَبْعَ سَنَابِلَ فِي كُلِّ سُنبُلَةٍ مِّائَةُ حَبَّةٍ ۗ وَاللَّهُ يُضَاعِفُ لِمَن يَشَاءُ ۗ وَاللَّهُ وَاسِعٌ عَلِيمٌ ⁽²⁶¹⁾

۱۔ ان کی مثال اس شخص کی سی مثال ہے جس نے آگ روشن کی۔ پھر جب اس کے آس پاس کی چیزیں چمک اٹھیں تو اللہ نے ان کی روشنی چھین لی۔ اور ان کو اندھیرے میں چھوڑ دیا کہ ان کو کچھ نہیں سوجھتا۔

۔البقرۃ ۲: ۱۷۔

۲۔ یا جیسے آسمانی بارش کہ اس میں اندھیرے ہیں اور گرج اور بجلی۔ موت کے ڈر سے مارے کڑک کے اپنی انگلیاں اپنے کانوں میں ٹھونسے لیتے ہیں۔ اور اللہ منکروں کو گھیرے ہوئے ہے۔ قریب ہے کہ بجلی ان کی نگاہوں کو اچک لے جائے۔ جب ان کے آگے بجلی چمکی تو اس میں چلے اور جب ان پر اندھیرا چھا گیا تو کھڑے رہ گئے۔ اور اگر اللہ چاہے تو ان کے سننے اور ان کے دیکھنے کی قوتیں چھین لے۔ بے شک اللہ ہر چیز پر قادر ہے۔

۔البقرۃ ۲: ۱۹۔۲۰۔

۳۔ اور جو لوگ کافر ہیں ان کی مثال اس آدمی کی سی ہے جو ایک چیز کے پیچھے جو سنتی نہیں، پڑا چلا رہا ہے، محض بلانا اور پکارنا ہے۔

۔البقرۃ ۲: ۱۷۱۔

۴۔ پھر اس کے بعد تمہارے دل ایسے سخت ہو گئے کہ گویا وہ پتھر ہیں بلکہ اس سے بھی زیادہ سخت۔ اور پتھروں میں تو بعض ایسے بھی ہوتے ہیں کہ ان سے نہریں پھوٹ نکلتی ہیں۔ اور بعض ایسے جو پھٹ جاتے ہیں اور ان سے پانی جھڑتا ہے۔ اور بعض پتھر ایسے بھی جو خدا کے خوف سے گر پڑتے ہیں۔ اور جو تم کر رہے ہو اللہ اس سے غافل نہیں ہے۔

۔البقرۃ ۲: ۷۴۔

۵۔ تو اس کی خیرات کی مثال چٹان کی سی ہے کہ اس پر مٹی تھی۔ پھر اس پر زور کا مینہ برسا اور اس کو صاف سپاٹ کر گیا۔ ان کو اس خیرات میں سے جو انہوں نے کی، کچھ بھی ہاتھ نہیں لگے گا۔ اور اللہ ناشکر لوگوں کو ہدایت نہیں کرتا۔

۔البقرۃ ۲: ۲۶۴۔

۶۔ جو لوگ اپنے مال اللہ کی راہ میں خرچ کرتے ہیں ان کی مثال اس دانہ کی سی ہے جس سے سات بالیں پیدا ہوئیں۔ ہر بال میں سو دانے۔ اور اللہ جس کو چاہتا ہے، برکت دیتا ہے۔ اور اللہ گنجائش والا اور ہر حال سے واقف ہے۔

۔البقرۃ ۲: ۲۶۱۔

۷۔ وَمَثَلُ الَّذِينَ يُنفِقُونَ أَمْوَالَهُمُ ابْتِغَاءَ مَرْضَاتِ اللَّهِ وَتَثْبِيتًا مِّنْ أَنفُسِهِمْ كَمَثَلِ جَنَّةٍ بِرَبْوَةٍ أَصَابَهَا وَابِلٌ فَآتَتْ أُكُلَهَا ضِعْفَيْنِ فَإِن لَّمْ يُصِبْهَا وَابِلٌ فَطَلٌّ ۗ وَاللَّهُ بِمَا تَعْمَلُونَ بَصِيرٌ

۸۔ أَيَوَدُّ أَحَدُكُمْ أَن تَكُونَ لَهُ جَنَّةٌ مِّن نَّخِيلٍ وَأَعْنَابٍ تَجْرِي مِن تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ لَهُ فِيهَا مِن كُلِّ الثَّمَرَاتِ وَأَصَابَهُ الْكِبَرُ وَلَهُ ذُرِّيَّةٌ ضُعَفَاءُ فَأَصَابَهَا إِعْصَارٌ فِيهِ نَارٌ فَاحْتَرَقَتْ ۗ كَذَٰلِكَ يُبَيِّنُ اللَّهُ لَكُمُ الْآيَاتِ لَعَلَّكُمْ تَتَفَكَّرُونَ

۹۔ إِنَّ مَثَلَ عِيسَىٰ عِندَ اللَّهِ كَمَثَلِ آدَمَ ۖ خَلَقَهُ مِن تُرَابٍ ثُمَّ قَالَ لَهُ كُن فَيَكُونُ

۱۰۔ مَثَلُ مَا يُنفِقُونَ فِي هَٰذِهِ الْحَيَاةِ الدُّنْيَا كَمَثَلِ رِيحٍ فِيهَا صِرٌّ أَصَابَتْ حَرْثَ قَوْمٍ ظَلَمُوا أَنفُسَهُمْ فَأَهْلَكَتْهُ ۚ وَمَا ظَلَمَهُمُ اللَّهُ وَلَٰكِنْ أَنفُسَهُمْ يَظْلِمُونَ

۱۱۔ وَاتْلُ عَلَيْهِمْ نَبَأَ الَّذِي آتَيْنَاهُ آيَاتِنَا فَانسَلَخَ مِنْهَا فَأَتْبَعَهُ الشَّيْطَانُ فَكَانَ مِنَ الْغَاوِينَ ۞ وَلَوْ شِئْنَا لَرَفَعْنَاهُ بِهَا وَلَٰكِنَّهُ أَخْلَدَ إِلَى الْأَرْضِ وَاتَّبَعَ هَوَاهُ ۚ فَمَثَلُهُ كَمَثَلِ الْكَلْبِ إِن تَحْمِلْ عَلَيْهِ يَلْهَثْ أَوْ تَتْرُكْهُ يَلْهَث ۚ ذَّٰلِكَ مَثَلُ الْقَوْمِ الَّذِينَ كَذَّبُوا بِآيَاتِنَا ۚ فَاقْصُصِ الْقَصَصَ لَعَلَّهُمْ يَتَفَكَّرُونَ ۞ سَاءَ مَثَلًا الْقَوْمُ الَّذِينَ كَذَّبُوا بِآيَاتِنَا وَأَنفُسَهُمْ كَانُوا يَظْلِمُونَ

۷۔ اور جو لوگ اللہ کی خوشنودی کے لیے اور اپنی نیت ثابت رکھ کر اپنے مال خرچ کرتے ہیں، ان کی مثال ایک باغ کی سی ہے۔ جو اونچی جگہ پر ہے۔ اس پر زور کا مینہ برسا تو وہ اپنا دو چند پھل لایا۔ اگر اس پر زور کا مینہ نہ پڑا تو ہلکی پھوار ہی کافی ہے۔ اور تم لوگ جو کچھ بھی کرتے ہو اللہ اسے دیکھ رہا ہے۔

-البقرۃ ۲:۲۶۵-

۸۔ بھلا تم میں سے کوئی یہ بات پسند کرے گا کہ کھجوروں اور انگوروں کا ایک باغ ہو، اس کے تلے نہریں بہہ رہی ہوں اور اس میں ہر طرح کے پھل مالک کو میسر ہوں اور بڑھاپے نے اس کو آلیا اور اس کے ناتواں بچے ہیں۔ اب اس باغ پر ایک بگولا چلا۔ جس میں آگ بھری تھی تو باغ جل بھن کر رہ گیا۔ اسی طرح اللہ احکام کھول کھول کر تم لوگوں سے بیان کرتا ہے کہ شاید تم غور کرو۔

-البقرۃ ۲:۲۶۶-

۹۔ اللہ کے ہاں عیسیٰ کی مثال آدم کی سی ہے کہ خدا نے اس کو مٹی سے بنا کر حکم دیا کہ (آدم) بن۔ وہ بن گیا۔

-آل عمران ۳:۵۹-

۱۰۔ دنیا کی اس زندگی میں جو کچھ بھی یہ لوگ خرچ کر رہے ہیں۔ اس کی مثال اس ہوا کی سی ہے جس میں بڑی ٹھرتھی۔ وہ ان لوگوں کے کھیت کو جا لگی جو اپنے نفسوں پر ظلم کر رہے تھے۔ اور اس کو تباہ کر گئی اور اللہ نے ان پر ظلم نہیں کیا۔ بلکہ وہ اپنے اوپر آپ ہی ظلم کیا کرتے تھے۔

-آل عمران ۳:۱۱۷-

۱۱۔ اور ان لوگوں کو اس شخص کا حال پڑھ کر سنا جس کو ہم نے اپنی کرامتیں دی تھیں۔ پھر اس نے وہ کینچلی اتار دی تو شیطان اس کے پیچھے لگا تو وہ گمراہوں میں جا ملا۔ اور اگر ہم چاہتے تو ان کی برکت سے اس کا مرتبہ بلند کرتے۔ مگر اس نے پستی میں گرنا چاہا اور اپنی خواہشِ نفسانی کے پیچھے ہولیا۔ تو اس کی مثال کتے کی سی مثال ہوگئی کہ اگر اس کو کہہ دو تو زبان باہر لٹکائے رہے۔ اور اگر اس کو چھوڑ دو تو بھی زبان باہر لٹکائے رہے۔ یہی حال ان لوگوں کا ہے جنہوں نے ہماری آیتوں کو جھٹلایا۔ تو یہ قصے ان سے بیان کرتا کہ یہ لوگ سوچیں۔ جن لوگوں نے ہماری آیتوں کو جھٹلایا، ان کی بری مثال ہے۔ اور وہ کچھ اپنا ہی بگاڑتے رہے ہیں۔

-الاعراف ۷:۱۷۵-۱۷۷-

۱۲۔ اِنَّ شَرَّ الدَّوَآبِّ عِنْدَ اللّٰہِ الصُّمُّ الْبُکْمُ الَّذِیْنَ لَا یَعْقِلُوْنَ ۝ وَلَوْ عَلِمَ اللّٰہُ فِیْہِمْ خَیْرًا لَّاَسْمَعَہُمْ ؕ وَلَوْ اَسْمَعَہُمْ لَتَوَلَّوْا وَّہُمْ مُّعْرِضُوْنَ ۝

۱۲۔ اللہ کے نزدیک بدترین حیوان بہرے اور گونگے ہیں کہ کچھ نہیں سمجھتے۔ اور اگر اللہ ان میں بہتری پاتا تو ان کو شنوائی کو طاقت ضرور عطا فرماتا۔ لیکن اگر خدا ان کو شنوائی بھی دیتا تب بھی یہ لوگ ضرور منہ پھیر کر الٹے بھاگتے۔

-الانفال ۸: ۲۲-۲۳-

۱۳۔ اِنَّمَا مَثَلُ الْحَیٰوۃِ الدُّنْیَا کَمَآءٍ اَنْزَلْنٰہُ مِنَ السَّمَآءِ فَاخْتَلَطَ بِہٖ نَبَاتُ الْاَرْضِ مِمَّا یَاْکُلُ النَّاسُ وَالْاَنْعَامُ ؕ حَتّٰۤی اِذَاۤ اَخَذَتِ الْاَرْضُ زُخْرُفَہَا وَازَّیَّنَتْ وَظَنَّ اَہْلُہَاۤ اَنَّہُمْ قٰدِرُوْنَ عَلَیْہَاۤ ۙ اَتٰىہَاۤ اَمْرُنَا لَیْلًا اَوْ نَہَارًا فَجَعَلْنٰہَا حَصِیْدًا کَاَنْ لَّمْ تَغْنَ بِالْاَمْسِ ؕ کَذٰلِکَ نُفَصِّلُ الْاٰیٰتِ لِقَوْمٍ یَّتَفَکَّرُوْنَ ۝

۱۳۔ دنیا کی زندگی کی مثال تو پانی کی سی ہے۔ کہ ہم نے اس کو آسمان سے برسایا۔ پھر زمین کی روئیدگی جس کو آدمی اور چار پائے کھاتے ہیں، پانی کے ساتھ مل گئی۔ یہاں تک کہ جب زمین نے اپنا سنگار کر لیا اور خوش نما ہوئی اور کھیت والوں نے سمجھا کہ وہ اس پر قابو پا گئے تو رات کے وقت یا دن کے وقت ہمارا حکم اس پر آ پہنچا۔ پھر ہم نے اس کا ایسا ستھراؤ کر دیا کہ گویا کل اس کا نام ونشان ہی نہ تھا۔ جو لوگ سوچتے اور سمجھتے ہیں ان کے لیے دلیلیں ہم اسی طرح تفصیل کے ساتھ بیان فرماتے ہیں۔

-یونس ۱۰: ۲۴-

۱۴۔ مَثَلُ الْفَرِیْقَیْنِ کَالْاَعْمٰی وَالْاَصَمِّ وَالْبَصِیْرِ وَالسَّمِیْعِ ؕ ہَلْ یَسْتَوِیٰنِ مَثَلًا ؕ اَفَلَا تَذَکَّرُوْنَ ۝

۱۴۔ دونوں فریقوں کی مثال اندھے اور بہرے اور آنکھوں والے اور سننے والے کی سی ہے۔ کیا دونوں کی حالت یکساں ہو سکتی ہے؟ کیا تم لوگ غور نہیں کرتے؟

-ہود ۱۱: ۲۴-

۱۵۔ اَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً فَسَالَتْ اَوْدِیَۃٌۢ بِقَدَرِہَا فَاحْتَمَلَ السَّیْلُ زَبَدًا رَّابِیًا ؕ وَمِمَّا یُوْقِدُوْنَ عَلَیْہِ فِی النَّارِ ابْتِغَآءَ حِلْیَۃٍ اَوْ مَتَاعٍ زَبَدٌ مِّثْلُہٗ ؕ کَذٰلِکَ یَضْرِبُ اللّٰہُ الْحَقَّ وَالْبَاطِلَ ۬ؕ فَاَمَّا الزَّبَدُ فَیَذْہَبُ جُفَآءً ۚ وَاَمَّا مَا یَنْفَعُ النَّاسَ فَیَمْکُثُ فِی الْاَرْضِ ؕ کَذٰلِکَ یَضْرِبُ اللّٰہُ الْاَمْثَالَ ۝

۱۵۔ اس نے آسمان سے پانی برسایا۔ پھر نالے (اپنی سمائی کے) بموجب بہہ نکلے۔ پھر جھاگ جو اوپر آ گیا تھا۔ اس کو ریلہ بہا لے گیا۔ اور یہ جو زیور یا دوسرے ساز وسامان کے لیے (دھاتوں) کو تپاتے ہیں، اس میں اسی طرح کا جھاگ ملا ہوتا ہے۔ یوں اللہ حق اور باطل کی مثال بیان فرماتا ہے۔ سو جھاگ تو رائیگاں جاتا ہے۔ اور (پانی) جو لوگوں کے کام آتا ہے زمین میں ٹھیرا رہتا ہے۔ اللہ اسی طرح کی مثالیں بیان فرماتا ہے۔

-الرعد ۱۳: ۱۷-

۱۶۔ مَثَلُ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا بِرَبِّہِمْ اَعْمَالُہُمْ کَرَمَادِ ۣاشْتَدَّتْ بِہِ الرِّیْحُ فِیْ یَوْمٍ عَاصِفٍ ؕ لَا یَقْدِرُوْنَ مِمَّا کَسَبُوْا عَلٰی شَیْءٍ ؕ ذٰلِکَ ہُوَ الضَّلٰلُ الْبَعِیْدُ ۝

۱۶۔ جو لوگ اپنے پروردگار کے منکر ہیں ان کی مثال ایسی ہے کہ ان کے عمل گویا راکھ ہیں کہ آندھی کے دن اس کو ہوا لے اڑی۔ جو کچھ یہ لوگ کر گئے ہیں اس میں سے کچھ بھی ان کے ہاتھ نہیں آئے گا۔ پرلے درجے کی ناکامیابی یہی ہے۔

-ابراہیم ۱۴: ۱۸-

۱۷۔ اَلَمْ تَرَ کَیْفَ ضَرَبَ اللّٰہُ مَثَلًا کَلِمَۃً طَیِّبَۃً کَشَجَرَۃٍ طَیِّبَۃٍ اَصْلُہَا

۱۷۔ کیا تو نے نہیں دیکھا کہ خدا نے کلمۂ طیبہ کی کیسی مثال دی کہ کلمۂ طیبہ گویا ایک پاکیزہ درخت ہے۔ اس کی جڑ مضبوط ہے اور اس کی

شاخیں آسمان میں ہیں۔ وہ اپنے پروردگار کے حکم سے ہر وقت اپنا پھل لاتا رہتا ہے۔ اور اللہ لوگوں کے لیے اس لیے مثالیں بیان فرماتا ہے کہ شاید وہ سوچیں۔ اور گندی بات کی مثال گندے درخت کی سی ہے۔ اس کو کچھ ٹھہراؤ نہیں۔ زمین کے اوپر سے اکھاڑ پھینکا۔

-ابراہیم ۱۴:۲۴-۲۶۔

۱۸۔ اللہ نے ایک مثال بیان فرمائی کہ ایک غلام ہے دوسرے کی ملک جو کسی بات کا اختیار نہیں رکھتا۔ اور ایک دوسرا شخص ہے جس کو ہم نے اپنی سرکار سے اچھی روزی دے رکھی ہے۔ تو وہ اس میں سے چھپ چھپاتے اور ظاہر (جس طرح چاہے) خرچ کرتا ہے۔ کیا یہ دونو برابر ہو سکتے ہیں؟ (نہیں) الحمدللہ مگر ان میں بہتیرے اتنا بھی نہیں سمجھتے اور اللہ نے ایک مثال بیان فرمائی کہ دو آدمی ہیں ان میں سے ایک گونگا، کچھ نہیں کرسکتا اور وہ اپنے آقا پر بار بھی ہے۔ جہاں کہیں اس کو بھیجے اس سے کچھ بھی ایک بن نہیں آتا۔ کیا ایسا آدمی اور وہ شخص برابر ہو سکتے ہیں جو اعتدال پر رہنے کو کہتا ہے اور خود بھی سیدھے رستے پر ہے۔

-النحل ۱۶:۷۵-۷۶۔

۱۹۔ اور اس عورت جیسے نہ بنو جس نے اپنا اچھا کتا کتایا سوت ٹکڑے ٹکڑے کر کے توڑ ڈالا کہ لگو اپنے قسموں کو آپس کے فساد کا سبب بنانے کہ ایک گروہ دوسرے گروہ سے زبردست ہو جائے۔ خدا اس اختلاف سے تم لوگوں کی آزمائش کرتا ہے اور جن چیزوں میں تم اختلاف کرتے رہے ہو، قیامت کے دن خدا تم پر ضرور ظاہر کر دے گا۔

-النحل ۱۶:۹۲۔

ثَابِتٌ وَّفَرْعُهَا فِي السَّمَاۗءِ ۝ تُؤْتِيْٓ اُكُلَهَا كُلَّ حِيْنٍۢ بِاِذْنِ رَبِّهَا ۭ وَيَضْرِبُ اللّٰهُ الْاَمْثَالَ لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ يَتَذَكَّرُوْنَ ۝ وَمَثَلُ كَلِمَةٍ خَبِيْثَةٍ كَشَجَرَةٍ خَبِيْثَةِۨ اجْتُثَّتْ مِنْ فَوْقِ الْاَرْضِ مَا لَهَا مِنْ قَرَارٍ ۝

۱۸۔ ضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا عَبْدًا مَّمْلُوْكًا لَّا يَقْدِرُ عَلٰي شَيْءٍ وَّمَنْ رَّزَقْنٰهُ مِنَّا رِزْقًا حَسَنًا فَهُوَ يُنْفِقُ مِنْهُ سِرًّا وَّجَهْرًا ۭ هَلْ يَسْتَوٗنَ ۭ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ ۭ بَلْ اَكْثَرُهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ۝ وَضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا رَّجُلَيْنِ اَحَدُهُمَآ اَبْكَمُ لَا يَقْدِرُ عَلٰي شَيْءٍ وَّهُوَ كَلٌّ عَلٰي مَوْلٰىهُ ۙ اَيْنَمَا يُوَجِّهْهُّ لَا يَاْتِ بِخَيْرٍ ۭ هَلْ يَسْتَوِيْ هُوَ ۙ وَمَنْ يَّاْمُرُ بِالْعَدْلِ ۙ وَهُوَ عَلٰي صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ۝

۱۹۔ وَلَا تَكُوْنُوْا كَالَّتِيْ نَقَضَتْ غَزْلَهَا مِنْۢ بَعْدِ قُوَّةٍ اَنْكَاثًا ۭ تَتَّخِذُوْنَ اَيْمَانَكُمْ دَخَلًۢا بَيْنَكُمْ اَنْ تَكُوْنَ اُمَّةٌ هِىَ اَرْبٰى مِنْ اُمَّةٍ ۭ اِنَّمَا يَبْلُوْكُمُ اللّٰهُ بِهٖ ۭ وَلَيُبَيِّنَنَّ لَكُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ مَا كُنْتُمْ فِيْهِ تَخْتَلِفُوْنَ ۝

۲۰۔ وَاضْرِبْ لَهُمْ مَّثَلًا رَّجُلَيْنِ جَعَلْنَا لِاَحَدِهِمَا جَنَّتَيْنِ مِنْ اَعْنَابٍ وَّحَفَفْنٰهُمَا بِنَخْلٍ وَّجَعَلْنَا بَيْنَهُمَا زَرْعًا ۝ كِلْتَا الْجَنَّتَيْنِ اٰتَتْ اُكُلَهَا وَلَمْ تَظْلِمْ مِّنْهُ شَيْـًٔا ۙ وَّفَجَّرْنَا خِلٰلَهُمَا نَهَرًا ۝ وَّكَانَ لَهٗ ثَمَرٌ ۚ فَقَالَ لِصَاحِبِهٖ وَهُوَ يُحَاوِرُهٗٓ اَنَا اَكْثَرُ مِنْكَ مَالًا وَّاَعَزُّ نَفَرًا ۝ وَدَخَلَ جَنَّتَهٗ وَهُوَ ظَالِمٌ لِّنَفْسِهٖ ۚ قَالَ مَآ اَظُنُّ اَنْ تَبِيْدَ هٰذِهٖٓ اَبَدًا ۝ وَّمَآ اَظُنُّ

۲۰۔ اور ان لوگوں سے ان دو شخصوں کی مثال بیان کر جن میں سے ایک کو ہم نے دو باغ دے رکھے تھے۔ اور ہم نے ان کے گرداگرد کھجور کے درخت لگا رکھے تھے۔ اور ہم نے دونوں کے بیچ میں کھیتی بوئی تھی۔ دونوں باغ اپنا پھل لائے۔ اور پھل میں کسی طرح کی کمی نہ کی۔ اور دونوں کے درمیان ہم نے نہر جاری کر رکھی تھی۔ (باغوں کے مالک کے) پاس پیداوار موجود رہتی تھی۔ (ایک دن) یہ شخص اپنے دوست سے باتیں کرتے کرتے کہنے لگا کہ میں تجھ سے زیادہ مال دار ہوں اور جتھے کے اعتبار سے بھی زبردست ہوں۔ اور وہ اپنے باغ میں گیا اور اپنے نفس پر آپ ہی ظلم کر رہا تھا۔ لگا کہنے کہ میں نہیں سمجھتا کہ یہ باغ کبھی بھی برباد ہو۔ اور میں یہ بھی نہیں سمجھتا کہ قیامت برپا ہو۔ اور اگر میں اپنے پروردگار کی طرف لوٹایا جاؤں گا تو جہاں جاؤں گا میں

السَّاعَةَ قَآئِمَةً وَّلَئِنْ رُّدِدْتُّ اِلٰى رَبِّىْ لَاَجِدَنَّ خَيْرًا مِّنْهَا مُنْقَلَبًا ﴿۳۶﴾ قَالَ لَهٗ صَاحِبُهٗ وَهُوَ يُحَاوِرُهٗٓ اَكَفَرْتَ بِالَّذِىْ خَلَقَكَ مِنْ تُرَابٍ ثُمَّ مِنْ نُّطْفَةٍ ثُمَّ سَوّٰىكَ رَجُلًا ﴿۳۷﴾ لٰكِنَّا۠ هُوَ اللّٰهُ رَبِّىْ وَلَآ اُشْرِكُ بِرَبِّىْٓ اَحَدًا ﴿۳۸﴾ وَلَوْلَآ اِذْ دَخَلْتَ جَنَّتَكَ قُلْتَ مَا شَآءَ اللّٰهُ ۙ لَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ ۚ اِنْ تَرَنِ اَنَا اَقَلَّ مِنْكَ مَالًا وَّوَلَدًا ﴿۳۹﴾ فَعَسٰى رَبِّىْٓ اَنْ يُّؤْتِيَنِ خَيْرًا مِّنْ جَنَّتِكَ وَيُرْسِلَ عَلَيْهَا حُسْبَانًا مِّنَ السَّمَآءِ فَتُصْبِحَ صَعِيْدًا زَلَقًا ﴿۴۰﴾ اَوْ يُصْبِحَ مَآؤُهَا غَوْرًا فَلَنْ تَسْتَطِيْعَ لَهٗ طَلَبًا ﴿۴۱﴾ وَاُحِيْطَ بِثَمَرِهٖ فَاَصْبَحَ يُقَلِّبُ كَفَّيْهِ عَلٰى مَآ اَنْفَقَ فِيْهَا وَهِىَ خَاوِيَةٌ عَلٰى عُرُوْشِهَا وَيَقُوْلُ يٰلَيْتَنِىْ لَمْ اُشْرِكْ بِرَبِّىْٓ اَحَدًا ﴿۴۲﴾ وَلَمْ تَكُنْ لَّهٗ فِئَةٌ يَّنْصُرُوْنَهٗ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَمَا كَانَ مُنْتَصِرًا ﴿۴۳﴾ هُنَالِكَ الْوَلَايَةُ لِلّٰهِ الْحَقِّ ۭ هُوَ خَيْرٌ ثَوَابًا وَّخَيْرٌ عُقْبًا ﴿۴۴﴾ وَاضْرِبْ لَهُمْ مَّثَلَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا كَمَآءٍ اَنْزَلْنٰهُ مِنَ السَّمَآءِ فَاخْتَلَطَ بِهٖ نَبَاتُ الْاَرْضِ فَاَصْبَحَ هَشِيْمًا تَذْرُوْهُ الرِّيٰحُ ۭ وَكَانَ اللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ مُّقْتَدِرًا ﴿۴۵﴾

۲۱۔ مَنْ كَانَ يَظُنُّ اَنْ لَّنْ يَّنْصُرَهُ اللّٰهُ فِى الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ فَلْيَمْدُدْ بِسَبَبٍ اِلَى السَّمَآءِ ثُمَّ لْيَقْطَعْ فَلْيَنْظُرْ هَلْ يُذْهِبَنَّ كَيْدُهٗ مَا يَغِيْظُ ﴿۱۵﴾

۲۲۔ وَمَنْ يُّشْرِكْ بِاللّٰهِ فَكَاَنَّمَا خَرَّ مِنَ السَّمَآءِ فَتَخْطَفُهُ الطَّيْرُ اَوْ تَهْوِىْ بِهِ الرِّيْحُ فِىْ مَكَانٍ سَحِيْقٍ ﴿۳۱﴾

اس کو اس (دنیا سے) بہتر پاؤں گا۔ اس کا دوست جو اس سے باتیں کرتا جاتا تھا، بول اٹھا کہ کیا تو اس کا منکر ہے جس نے تجھ کو مٹی سے پیدا کیا پھر نطفے سے پھر تجھ کو پورا آدمی بنایا؟ لیکن میرا تو یہ عقیدہ ہے کہ وہی اللہ میرا پروردگار ہے اور میں اپنے پروردگار کے ساتھ کسی کو بھی شریک نہیں کرتا اور جب تو اپنے باغ میں آیا تو تو نے یہ کیوں نہ کہا کہ یہ خدا کے کہنے سے ہوا ہے۔ اللہ کی مدد کے بغیر کچھ بھی طاقت نہیں اگر مال اور اولاد کے اعتبار سے تو مجھ کو اپنے سے کم دیکھتا ہے تو عجب نہیں کہ میرا پروردگار تیرے باغ سے بہتر مجھ کو عطا فرمائے اور اس پر آسمان سے کوئی ایسی بلا نازل کرے کہ وہ چٹیل میدان ہو کر رہ جائے۔ یا اس کا پانی بہت نیچے اتر جائے۔ پھر تو اس کو کسی طرح نہ پا سکے۔ چنانچہ (عذاب نازل ہوا) اور اس کی پیداوار (عذاب) کے پھیر میں آ گئی۔ تو وہ اس لاگت پر جو باغ پر لگائی تھی اپنے دونوں ہاتھ ملتا رہ گیا اور وہ باغ اپنی ٹہنیوں پر گرا ہوا پڑا تھا اور وہ کہہ رہا تھا کہ اے کاش کہ میں اپنے پروردگار کے ساتھ کسی کو شریک نہ کرتا۔ اور اس کا جتھا ایسا نہ ہوا کہ خدا کے سوا اس کی مدد کرتا۔ اور نہ وہ انتقام لے سکا۔ بس اسی سے ثابت ہوا کہ سب اختیار اللہ برحق ہی کو ہے۔ وہی بہتر ثواب دینے والا اور وہی بہتر عوض دینے والا ہے۔ اور ان لوگوں سے ایک یہ بھی مثال بیان کر کہ دنیا کی زندگی کی مثال پانی کی سی ہے جس کو ہم نے آسمان سے برسایا۔ پھر زمین کی روئیدگی پانی کے ساتھ مل گئی۔ پھر (آخرکار) وہ چورا ہو کر رہ گئی، جسے ہوائیں اڑائے پھرتی ہیں اور اللہ ہر چیز پر قادر ہے۔

۔الکہف ۱۸: ۳۲۔۴۵۔

۲۱۔ جو شخص یہ گمان رکھتا ہو کہ اللہ دنیا اور آخرت میں اس کی مدد کرے گا ہی نہیں تو اس کو چاہیے کہ اوپر کی طرف کو ایک رسی تانے۔ پھر تعلق قطع کر کے دیکھے کہ آیا اس کی تدبیر سے وہ شکایت جس کی وجہ سے ناخوش تھا، رفع ہوئی یا نہیں۔

۔الحج ۲۲: ۱۵۔

۲۲۔ اور جو کوئی اللہ کا شریک بنائے تو اس کا حال ایسا ہے گویا وہ آسمان سے گر پڑا۔ پھر اس کو راہ میں سے پرندے اچک لے جائیں گے یا ہوا اس کو کسی دور جگہ لے جا کر ڈال دے گا۔

۔الحج ۲۲: ۳۱۔

۲۳۔ اللہ آسمان اور زمین کا نور ہے۔ اس کے نور کی مثال ایسی ہے جیسے ایک طاق۔ طاق میں ایک چراغ رکھا ہے۔ چراغ ایک شیشے کی قندیل میں ہے۔ قندیل گویا موتی کی طرح چمکتا ہوا ایک ستارہ ہے۔ وہ زیتون کے ایک مبارک درخت کے (تیل) سے روشن کیا جاتا ہے جو نہ پورب کے رخ واقع ہے نہ پچھم کے رخ۔ اس کا تیل ایسا کہ اس کو آگ بھی نہ چھوئے، تاہم معلوم ہوتا ہے کہ آپ جل اٹھے گا۔ (ایک نور نہیں بلکہ) نور پر نور۔ اللہ اپنے نور کی طرف جس کو چاہتا ہے راہ دکھاتا ہے۔ اور اللہ لوگوں کے لیے مثال بیان فرماتا ہے اور اللہ ہر چیز سے واقف ہے۔

۔النور ۲۴:۳۵۔

۲۴۔ اور جو لوگ کافر ہیں ان کے اعمال ایسے ہیں جیسے جنگل میں چمکتی ہوئی ریت کہ پیاسا اس کو پانی سمجھتا ہے۔ یہاں تک کہ جب اس کے پاس آیا تو اس کو کچھ بھی نہ پایا اور (مر گیا تو) اللہ کو اپنے پاس موجود پایا۔ سو اس نے اس کا حساب (فوراً) پورا پورا چکا دیا۔ اور اللہ جلد حساب کرنے والا ہے۔ یا (ان کی مثال) بڑے گہرے دریا کے اندرونی اندھیروں کی سی ہے کہ دریا کو لہر نے ڈھانک لیا۔ اور لہر کے اوپر لہر، اس کے اوپر بادل۔ (غرض) اندھیرے ہیں ایک کے اوپر ایک کہ آدمی اپنا ہاتھ نکالے تو ایسا لگتا ہے کہ اس کو دیکھ نہ سکے۔ اور جس کو اللہ ہی نور نہ دے تو اس کے لیے کوئی روشنی نہیں۔

۔النور ۲۴:۳۹۔۴۰۔

۲۵۔ جن لوگوں نے خدا کے سوا دوسرے کارساز بنا رکھے ہیں ان کی مثال مکڑی کی سی ہے۔ اس نے گھر بنایا اور کچھ

۲۳۔ اَللّٰهُ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ مَثَلُ نُوْرِهٖ كَمِشْكٰوةٍ فِيْهَا مِصْبَاحٌ ۭ اَلْمِصْبَاحُ فِيْ زُجَاجَةٍ ۭ اَلزُّجَاجَةُ كَاَنَّهَا كَوْكَبٌ دُرِّيٌّ يُّوْقَدُ مِنْ شَجَرَةٍ مُّبٰرَكَةٍ زَيْتُوْنَةٍ لَّا شَرْقِيَّةٍ وَّلَا غَرْبِيَّةٍ ۙ يَّكَادُ زَيْتُهَا يُضِيْۗءُ وَلَوْ لَمْ تَمْسَسْهُ نَارٌ ۭ نُوْرٌ عَلٰي نُوْرٍ ۭ يَهْدِي اللّٰهُ لِنُوْرِهٖ مَنْ يَّشَاۗءُ ۭ وَيَضْرِبُ اللّٰهُ الْاَمْثَالَ لِلنَّاسِ ۭ وَاللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ۝

۲۴۔ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اَعْمَالُهُمْ كَسَرَابٍۢ بِقِيْعَةٍ يَّحْسَبُهُ الظَّمْاٰنُ مَاۗءً ۭ حَتّٰٓي اِذَا جَاۗءَهٗ لَمْ يَجِدْهُ شَيْـــًٔا وَّوَجَدَ اللّٰهَ عِنْدَهٗ فَوَفّٰىهُ حِسَابَهٗ ۭ وَاللّٰهُ سَرِيْعُ الْحِسَابِ ۝ اَوْ كَظُلُمٰتٍ فِيْ بَحْرٍ لُّجِّيٍّ يَّغْشٰىهُ مَوْجٌ مِّنْ فَوْقِهٖ مَوْجٌ مِّنْ فَوْقِهٖ سَحَابٌ ۭ ظُلُمٰتٌۢ بَعْضُهَا فَوْقَ بَعْضٍ ۭ اِذَآ اَخْرَجَ يَدَهٗ لَمْ يَكَدْ يَرٰىهَا ۭ وَمَنْ لَّمْ يَجْعَلِ اللّٰهُ لَهٗ نُوْرًا فَمَا لَهٗ مِنْ نُّوْرٍ ۝

۲۵۔ مَثَلُ الَّذِيْنَ اتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اَوْلِيَاۗءَ كَمَثَلِ الْعَنْكَبُوْتِ ښ اِتَّخَذَتْ بَيْتًا ۭ وَاِنَّ اَوْهَنَ الْبُيُوْتِ لَبَيْتُ الْعَنْكَبُوْتِ ۘ لَوْ كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ ۝

۲۶۔ ضَرَبَ لَكُمْ مَّثَلًا مِّنْ اَنْفُسِكُمْ ۭ هَلْ لَّكُمْ مِّنْ مَّا مَلَكَتْ اَيْمَانُكُمْ مِّنْ شُرَكَاۗءَ فِيْ مَا رَزَقْنٰكُمْ فَاَنْتُمْ فِيْهِ سَوَاۗءٌ تَخَافُوْنَهُمْ كَخِيْفَتِكُمْ اَنْفُسَكُمْ ۭ كَذٰلِكَ نُفَصِّلُ الْاٰيٰتِ لِقَوْمٍ يَّعْقِلُوْنَ ۝

۲۷۔ وَمَا يَسْتَوِي الْبَحْرٰنِ ڰ هٰذَا عَذْبٌ فُرَاتٌ سَاۗىِٕغٌ شَرَابُهٗ وَهٰذَا مِلْحٌ

شک نہیں کہ گھروں میں سے بودا گھر مکڑی کا ہے۔ کاش یہ لوگ (اتنا) سمجھتے۔

۔العنکبوت ۲۹:۴۱۔

۲۶۔ تمہارے لیے تم ہی میں کی ایک مثال بیان فرمائی۔ جن غلاموں کے تم مالک ہو ان میں سے اس رزق میں جو ہم نے تم کو دے رکھا ہے کوئی بھی تمہارا شریک ہے کہ تم اس میں برابر کا حق رکھتے اور تم ان کی ایسی پروا کرتے ہو جیسی تم اپنی پروا کرتے ہو۔ عاقل لوگوں کے لیے ہم آیتوں کو کھول کھول کر بیان کرتے ہیں۔

۔الروم ۳۰:۲۸۔

۲۷۔ اور دو سمندر برابر نہیں۔ ایک ایسا کہ اس کا پانی میٹھا، خوش ذائقہ، خوش گوار ہے۔ اور ایک ایسا کہ کھاری کڑوا۔ اور تم ان دونوں میں سے تازہ گوشت کھاتے اور زیور نکالتے ہو، جن کو پہنتے ہو۔ اور تو دیکھتا ہے

کہ کشتیاں اس میں پھاڑتی چلی جارہی ہیں تاکہ تم خدا کے فضل (تجارت) کے طالب بنو اور شکرگزار رہو۔

۔فاطر ۳۵: ۱۲۔

۲۸۔اور اندھا اور آنکھوں والا برابر نہیں۔اور نہ تاریکی اور نور اور نہ چھاؤں اور نہ دھوپ۔

۔فاطر ۳۵: ۱۹۔۲۱۔

۲۹۔اور نہ زندے اور مردے برابر ہو سکتے ہیں۔اور اللہ جس کو چاہتا ہے اسے سننے کی قوت دیتا ہے۔اور جو لوگ قبروں میں ہیں۔تو ان کو (اپنی بات) سنا نہیں سکتا۔تو تو ڈرانے والا ہے اور بس۔

۔فاطر ۳۵: ۲۲۔۲۳۔

۳۰۔اللہ ایک مثال بیان فرماتا ہے کہ ایک غلام ہے۔اس میں کئی ساجھی ہیں۔ وہ آپس میں بڑی کشمکش رکھتے ہیں۔اور ایک غلام پورے کا پورا ایک آدمی کا ہے۔

۔الزمر ۳۹: ۲۹۔

۳۱۔جان رکھو کہ دنیا کی زندگی کھیل اور تماشا اور زینت اور آپس میں ایک دوسرے پر فخر کرنا اور ایک دوسرے سے بڑھ کر مال اور اولاد کا خواہش مند ہونا ہے۔(اس کی مثال) مینہ کی سی مثال ہے۔کاشت کار کھیتی کو دیکھ کر خوشیاں کرنے لگتے ہیں۔پھر وہ پک کر خشک ہو جاتی ہے تو اس کو دیکھتا ہے کہ پیلی پڑ گئی ہے۔پھر روندن میں آجاتی ہے۔اور آخرت میں عذاب سخت اور اللہ کی طرف سے معافی اور خوش نودی ہے۔اور دنیا کی زندگی

أُجَاجٌ ؕ وَمِنْ كُلٍّ تَأْكُلُوْنَ لَحْمًا طَرِيًّا وَّتَسْتَخْرِجُوْنَ حِلْيَةً تَلْبَسُوْنَهَا ۚ وَتَرَى الْفُلْكَ فِيْهِ مَوَاخِرَ لِتَبْتَغُوْا مِنْ فَضْلِهٖ وَلَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ﴿۱۲﴾

۲۸۔وَمَا يَسْتَوِي الْأَعْمٰى وَالْبَصِيْرُ ﴿۱۹﴾ وَلَا الظُّلُمٰتُ وَلَا النُّوْرُ ﴿۲۰﴾ وَلَا الظِّلُّ وَلَا الْحَرُوْرُ ﴿۲۱﴾

۲۹۔وَمَا يَسْتَوِي الْأَحْيَآءُ وَلَا الْأَمْوَاتُ ؕ إِنَّ اللّٰهَ يُسْمِعُ مَنْ يَّشَآءُ ۚ وَمَآ أَنْتَ بِمُسْمِعٍ مَّنْ فِي الْقُبُوْرِ ﴿۲۲﴾ إِنْ أَنْتَ إِلَّا نَذِيْرٌ ﴿۲۳﴾

۳۰۔ضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا رَّجُلًا فِيْهِ شُرَكَآءُ مُتَشٰكِسُوْنَ وَرَجُلًا سَلَمًا لِّرَجُلٍ ؕ

۳۱۔اِعْلَمُوْٓا أَنَّمَا الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا لَعِبٌ وَّلَهْوٌ وَّزِيْنَةٌ وَّتَفَاخُرٌۢ بَيْنَكُمْ وَتَكَاثُرٌ فِي الْأَمْوَالِ وَالْأَوْلَادِ ؕ كَمَثَلِ غَيْثٍ أَعْجَبَ الْكُفَّارَ نَبَاتُهٗ ثُمَّ يَهِيْجُ فَتَرٰىهُ مُصْفَرًّا ثُمَّ يَكُوْنُ حُطٰمًا ؕ وَفِي الْاٰخِرَةِ عَذَابٌ شَدِيْدٌ ۙ وَّمَغْفِرَةٌ مِّنَ اللّٰهِ وَرِضْوَانٌ ؕ وَمَا الْحَيٰوةُ الدُّنْيَآ إِلَّا مَتَاعُ الْغُرُوْرِ ﴿۲۰﴾

۳۲۔ كَمَثَلِ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ قَرِيْبًا ذَاقُوْا وَبَالَ أَمْرِهِمْ ۚ وَلَهُمْ عَذَابٌ أَلِيْمٌ ﴿۱۵﴾ كَمَثَلِ الشَّيْطٰنِ إِذْ قَالَ لِلْإِنْسَانِ اكْفُرْ ۚ فَلَمَّا كَفَرَ قَالَ إِنِّيْ بَرِيْٓءٌ مِّنْكَ إِنِّيْٓ أَخَافُ اللّٰهَ رَبَّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۶﴾ فَكَانَ عَاقِبَتَهُمَآ أَنَّهُمَا فِي النَّارِ خَالِدَيْنِ فِيْهَا ؕ وَذٰلِكَ جَزٰٓؤُا الظّٰلِمِيْنَ ﴿۱۷﴾

دھوکے کی جنس ہے۔

۔الحدید ۵۷: ۲۰۔

۳۲۔ان لوگوں کی سی مثال ہے جو ابھی ان سے ذرا پہلے اپنی شامتِ اعمال کا مزہ چکھ چکے ہیں اور ان کو دردناک عذاب ہونا ہے۔شیطان کی سی مثال ہے کہ وہ انسان کو کہتا ہے کہ کفر کر۔پھر جب وہ کفر کر بیٹھتا ہے تو کہتا ہے مجھے تجھ سے کچھ واسطہ نہیں۔میں تو جہانوں کے پروردگار، اللہ سے ڈرتا ہوں۔پھر ان دونوں کا انجام یہ ہوتا ہے کہ دونوں دوزخ میں جائیں گے،اسی میں ہمیشہ رہیں گے اور یہی سزا ہے سرکشوں کی۔

۔الحشر ۵۹: ۱۵۔۱۷۔

۴۳۔جن لوگوں پر توراۃ لا دی گئی پھر وہ اس کو نہ اٹھا سکے، ان کی مثال گدھے کی سی مثال ہے، جس پر کتابیں لدی ہیں۔ جو لوگ خدا کی آیتوں کو جھٹلایا کرتے ہیں۔ان کی بری مثال ہے۔اور اللہ بے انصافوں کو ہدایت نہیں دیا کرتا۔

-الجمعۃ ۶۲:۵-

۴۴۔کافروں کے لیے خدا نے نوح کی بی بی اور لوط کی بی کی مثال بیان فرمائی۔ یہ دونوں ہمارے بندوں میں سے دو نیک بندوں کے نکاح میں تھیں۔دونوں نے ان سے خیانت کی،تو دونوں کے شوہر اللہ کے مقابلہ میں ان کے کچھ کام نہ آئے۔اور انہیں حکم دیا گیا کہ (جہنم میں) داخل ہونے والوں کے ساتھ تم دونوں بھی داخل ہو۔اور ایمان داروں کے لیے خدا نے فرعون کی بیوی کی مثال دی۔ جب کہ اس بی بی نے کہا کہ اے میرے پروردگار! میرے لیے بہشت میں اپنے پاس ایک گھر بنا۔اور مجھ کو فرعون اور اس کے عمل سے نجات دے۔ اور مجھے ظالم لوگوں سے بچا۔اور عمران کی بیٹی مریم کی (مثال دی) جنہوں نے اپنی عصمت کو محفوظ رکھا۔تو ہم نے ان کے پیٹ میں اپنی روح پھونک دی۔ اور وہ اپنے پروردگار کے کلام اور اس کی کتابوں کی تصدیق کرتی رہی اور وہ فرماں بردار بندوں میں سے تھی۔

-التحریم ۶۶:۱۰-۱۲-

۴۳۔ مَثَلُ الَّذِيْنَ حُمِّلُوا التَّوْرٰىةَ ثُمَّ لَمْ يَحْمِلُوْهَا كَمَثَلِ الْحِمَارِ يَحْمِلُ اَسْفَارًا ؕ بِئْسَ مَثَلُ الْقَوْمِ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِ اللّٰهِ ؕ وَ اللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۵﴾

۴۴۔ ضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا لِّلَّذِيْنَ كَفَرُوا امْرَاَتَ نُوْحٍ وَّ امْرَاَتَ لُوْطٍ ؕ كَانَتَا تَحْتَ عَبْدَيْنِ مِنْ عِبَادِنَا صَالِحَيْنِ فَخَانَتٰهُمَا فَلَمْ يُغْنِيَا عَنْهُمَا مِنَ اللّٰهِ شَيْـًٔا وَّ قِيْلَ ادْخُلَا النَّارَ مَعَ الدّٰخِلِيْنَ ﴿۱۰﴾ وَ ضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا لِّلَّذِيْنَ اٰمَنُوا امْرَاَتَ فِرْعَوْنَ ۘ اِذْ قَالَتْ رَبِّ ابْنِ لِيْ عِنْدَكَ بَيْتًا فِي الْجَنَّةِ وَ نَجِّنِيْ مِنْ فِرْعَوْنَ وَ عَمَلِهٖ وَ نَجِّنِيْ مِنَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ۙ﴿۱۱﴾ وَ مَرْيَمَ ابْنَتَ عِمْرٰنَ الَّتِيْٓ اَحْصَنَتْ فَرْجَهَا فَنَفَخْنَا فِيْهِ مِنْ رُّوْحِنَا وَ صَدَّقَتْ بِكَلِمٰتِ رَبِّهَا وَ كُتُبِهٖ وَ كَانَتْ مِنَ الْقٰنِتِيْنَ ﴿۱۲﴾

۱۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۙ○ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۙ○ مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ؕ○ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَ اِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ؕ○ اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ۙ○ صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ ۙ۬ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَ لَا الضَّآلِّيْنَ ○

۲۔ رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّا ؕ اِنَّكَ اَنْتَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ﴿۱۲۷﴾ رَبَّنَا وَ اجْعَلْنَا

قرآن کریم کی دعائیں

۱۔اللہ کے نام سے جو نہایت مہربان، رحم والا ہے۔سب طرح کی تعریف خدا ہی کو ہے جو سارے جہانوں کا پالنے والا ہے۔نہایت رحم والا،مہربان۔روزِ جزا کا مالک۔ہم تیری ہی عبادت کرتے ہیں اور تجھی سے مدد مانگتے ہیں۔ہم کو سیدھا رستہ دکھا۔ان لوگوں کا رستہ جن پر تو نے فضل کیا۔نہ ان کا جن پر غضب نازل ہوا۔اور نہ گمراہوں کا۔

-الفاتحہ ۱:۱-۷-

۲۔اے ہمارے پرودگار! ہماری یہ (خدمت) قبول کر۔ بے شک

تو ہی سننے والا، جاننے والا ہے۔ اے ہمارے پروردگار! ہم کو اپنا فرماں بردار بنا۔ اور ہماری نسل میں ایک امت پیدا کر جو تیری فرماں بردار ہو۔ اور ہم کو ہماری عبادت کے طریقے بتا۔ اور (ہمارے گناہوں سے) درگزر فرمایا۔ بے شک تو ہی بڑا درگزر کرنے والا، مہربان ہے۔

-البقرة ۲: ۱۲۷-۱۲۸-

۳۔اے رب ہمارے! دے ہمیں دنیا میں بھلائی اور آخرت میں بھلائی اور بچا ہمیں دوزخ کے عذاب سے۔

-البقرة ۲: ۲۰۱-

۴۔اے رب ہمارے! ڈال دے ہم پر صبر اور جما ہمارے قدم اور غالب کر ہم کو کافر لوگوں پر۔

-البقرة ۲: ۲۵۰-

۵۔اے ہمارے پروردگار! ہم نے سنا اور تسلیم کیا۔ تیری ہی مغفرت چاہتے ہیں اور تیری ہی طرف لوٹ کر جانا ہے۔ اے ہمارے پروردگار! نہ پکڑ ہم کو اگر بھول جائیں یا چوک جائیں۔ اے رب ہمارے! نہ رکھ ہم پر بوجھ بھاری جیسا کہ رکھا تھا ہم سے پہلے لوگوں پر۔ اے رب ہمارے! اور نہ اٹھوا ہم سے وہ چیز جس کی طاقت ہم کو نہیں اور درگزر کر ہم سے اور بخش دے ہمیں اور رحم کر ہم پر۔ تو ہی ہمارا مالک ہے۔ تو غالب کر ہم کو کافر لوگوں پر۔

-البقرة ۲: ۲۸۵-۲۸۶

۶۔اے رب ہمارے! نہ پھیر ہمارے دل ہدایت کرنے کے بعد۔ اور ہمیں اپنے پاس سے دے ایک رحمت کہ بے شک تو ہی دینے والا ہے۔ اے ہمارے پروردگار! تو ایک دن جس میں شبہ ہی نہیں لوگوں کو

مُسْلِمَيْنِ لَكَ وَمِنْ ذُرِّيَّتِنَآ أُمَّةً مُّسْلِمَةً لَّكَ وَأَرِنَا مَنَاسِكَنَا وَتُبْ عَلَيْنَا ۚ إِنَّكَ أَنتَ التَّوَّابُ الرَّحِيمُ ﴿١٢٨﴾

۳۔ رَبَّنَآ آتِنَا فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً وَّفِي الْآخِرَةِ حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ ﴿٢٠١﴾

۴۔ رَبَّنَآ أَفْرِغْ عَلَيْنَا صَبْرًا وَّثَبِّتْ أَقْدَامَنَا وَانصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكَافِرِينَ ﴿٢٥٠﴾

۵۔ سَمِعْنَا وَأَطَعْنَا ۖ غُفْرَانَكَ رَبَّنَا وَإِلَيْكَ الْمَصِيرُ ﴿٢٨٥﴾ رَبَّنَا لَا تُؤَاخِذْنَآ إِن نَّسِينَآ أَوْ أَخْطَأْنَا ۚ رَبَّنَا وَلَا تَحْمِلْ عَلَيْنَآ إِصْرًا كَمَا حَمَلْتَهُ عَلَى الَّذِينَ مِن قَبْلِنَا ۚ رَبَّنَا وَلَا تُحَمِّلْنَا مَا لَا طَاقَةَ لَنَا بِهِ ۖ وَاعْفُ عَنَّا وَاغْفِرْ لَنَا وَارْحَمْنَآ ۚ أَنتَ مَوْلَانَا فَانصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكَافِرِينَ ﴿٢٨٦﴾

۶۔ رَبَّنَا لَا تُزِغْ قُلُوبَنَا بَعْدَ إِذْ هَدَيْتَنَا وَهَبْ لَنَا مِن لَّدُنكَ رَحْمَةً ۚ إِنَّكَ أَنتَ الْوَهَّابُ ﴿٨﴾ رَبَّنَآ إِنَّكَ جَامِعُ النَّاسِ لِيَوْمٍ لَّا رَيْبَ فِيهِ ۚ إِنَّ اللَّهَ لَا يُخْلِفُ الْمِيعَادَ ﴿٩﴾

۷۔ رَبَّنَآ إِنَّنَآ آمَنَّا فَاغْفِرْ لَنَا ذُنُوبَنَا وَقِنَا عَذَابَ النَّارِ ﴿١٦﴾

اس کے لیے دوزخ ہے۔ اس میں نہ وہ مرے گا اور نہ زندہ رہے گا۔

۔طٰہٰ ۲۰: ۷۴۔

۳۔ مجرموں کے عمل خاک کی طرح اڑیں گے

۱۴۔ جس دن وہ فرشتوں کو دیکھیں گے اس دن گنہگاروں کے لیے بشارت نہیں ہے اور وہ کہیں گے ہم سے مضبوط آڑ میں رہو۔ اور ہم اس کی طرف آئیں گے جو انہوں نے کیا ہے تو ہم اسے پراگندہ غبار بنا دیں گے۔

۔الفرقان ۲۵: ۲۲۔۲۳۔

۴۔ مجرموں کی ناامیدی

۱۵۔ اور جس دن قیامت قائم ہو گی گنہگار ناامید ہوں گے۔

۔الروم ۳۰: ۱۲۔

۱۶۔ اور (اے نبی ﷺ) کاش تو دیکھے کہ جب گنہگار اپنے پروردگار کے آگے اپنے سر اوندھے کئے ہوں گے۔ کہیں گے کہ اے ہمارے پروردگار! اب ہماری آنکھیں ہوگئیں اور ہمارے کان ہو گئے۔ تو ہمیں بھی (دنیا میں) واپس بھیج کہ ہم نیک کام کریں۔ بے شک ہمیں یقین آ گیا۔

۔السجدۃ ۳۲: ۱۲۔

۱۷۔ اور اس سے بڑھ کر ظالم کون جس کو اس کے پروردگار کی آیتوں کے ذریعے نصیحت کی جائے اور ان سے منہ پھیر لے ہم بے شک گنہگاروں سے بدلہ لیں گے۔

۔السجدۃ ۳۲: ۲۲۔

يَحْيٰى ۝

۱۴۔ يَوْمَ يَرَوْنَ الْمَلٰٓئِكَةَ لَا بُشْرٰى يَوْمَئِذٍ لِّلْمُجْرِمِيْنَ وَيَقُوْلُوْنَ حِجْرًا مَّحْجُوْرًا ۝ وَقَدِمْنَآ اِلٰى مَا عَمِلُوْا مِنْ عَمَلٍ فَجَعَلْنٰهُ هَبَآءً مَّنْثُوْرًا ۝

۱۵۔ وَيَوْمَ تَقُوْمُ السَّاعَةُ يُبْلِسُ الْمُجْرِمُوْنَ ۝

۱۶۔ وَلَوْ تَرٰٓى اِذِ الْمُجْرِمُوْنَ نَاكِسُوْا رُءُوْسِهِمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ رَبَّنَآ اَبْصَرْنَا وَسَمِعْنَا فَارْجِعْنَا نَعْمَلْ صَالِحًا اِنَّا مُوْقِنُوْنَ ۝

۱۷۔ وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنْ ذُكِّرَ بِاٰيٰتِ رَبِّهٖ ثُمَّ اَعْرَضَ عَنْهَا اِنَّا مِنَ الْمُجْرِمِيْنَ مُنْتَقِمُوْنَ ۝

۱۸۔ وَامْتَازُوا الْيَوْمَ اَيُّهَا الْمُجْرِمُوْنَ ۝ اَلَمْ اَعْهَدْ اِلَيْكُمْ يٰبَنِيْٓ اٰدَمَ اَنْ لَّا تَعْبُدُوا الشَّيْطٰنَ اِنَّهٗ لَكُمْ عَدُوٌّ مُّبِيْنٌ ۝ وَّاَنِ اعْبُدُوْنِيْ هٰذَا صِرَاطٌ مُّسْتَقِيْمٌ ۝ وَلَقَدْ اَضَلَّ مِنْكُمْ جِبِلًّا كَثِيْرًا اَفَلَمْ تَكُوْنُوْا تَعْقِلُوْنَ ۝ هٰذِهٖ جَهَنَّمُ الَّتِيْ كُنْتُمْ تُوْعَدُوْنَ ۝ اِصْلَوْهَا الْيَوْمَ بِمَا كُنْتُمْ تَكْفُرُوْنَ ۝

۱۹۔ اِنَّ الْمُجْرِمِيْنَ فِيْ عَذَابِ جَهَنَّمَ خٰلِدُوْنَ ۝ لَا يُفَتَّرُ عَنْهُمْ وَهُمْ فِيْهِ مُبْلِسُوْنَ ۝ وَمَا ظَلَمْنٰهُمْ وَلٰكِنْ كَانُوْا هُمُ الظّٰلِمِيْنَ ۝

۵۔ مجرموں کو عذاب

۱۸۔ اور اے گنہگارو! آج تم (نیکوں سے) علیحدہ ہو جاؤ۔ اے اولادِ آدم! کیا میں نے تم سے یہ عہد نہیں لیا تھا کہ شیطان کو نہ پوجنا۔ بے شک وہ تمہارا کھلا دشمن ہے اور یہ کہ میری ہی عبادت کرنا۔ یہی سیدھا رستہ ہے۔ اور کچھ شک نہیں کہ اس نے تم میں سے ایک خلقِ کثیر کو گمراہ کر دیا۔ تو کیا تم سمجھتے نہیں تھے۔ یہ وہ دوزخ ہے جس کا تم سے وعدہ کیا جاتا تھا۔ آج اس میں داخل ہو بدلہ اس بات کا کہ تم کفر کیا کرتے تھے۔

۔یٰسٓ ۳۶: ۵۹۔۶۳۔

۱۹۔ بے شک گنہگار دوزخ کے عذاب میں ہمیشہ رہیں گے۔ جو ان پر سے ناغہ نہ ہوگا۔ اور وہ اس میں ناامید رہیں گے اور ہم نے ان پر ظلم نہیں کیا بلکہ یہی ظلم کرتے رہے۔

۔الزخرف ۴۳: ۷۴۔۷۶۔

۶۔ مجرم اوندھے مونہہ آگ میں

۲۰۔ بے شک گنہگار گمراہی اور جلن میں ہیں جس دن وہ اپنے مونہہ کے بل آگ میں گھسیٹے جائیں گے۔ (کہا جائے گا) دوزخ کا لگنا چکھو۔

۔القمر ۵۴: ۴۷۔۴۸۔

۲۱۔ گنہگار اپنی صورت سے پہچان لیے جائیں گے پھر (ان کے) پٹھے اور پاؤں پکڑے جائیں گے۔

۔الرحمٰن ۵۵: ۴۱۔

۲۲۔ یہ ہے وہ جہنم جس کو گنہگار لوگ جھٹلاتے ہیں۔ وہ اس میں اور کھولتے ہوئے پانی میں پڑے پھریں گے۔

۔الرحمٰن ۵۵: ۴۳۔۴۴۔

۷۔ قیامت کو مخلوق کے تین گروہ ہوں گے اصحاب الیمین اصحاب الشمال اور سابقون

۲۳۔ اور (قیامت کو) تم تین فریق ہو جاؤ گے۔ سو داہنی جانب والے، کیا ہی اچھے ہیں داہنی جانب والے اور بائیں جانب والے کیا ہی برے ہیں بائیں جانب والے، اور آگے بڑھنے والے۔ تو ہیں ہی آگے بڑھنے والے وہی مقرب (بارگاہ) ہیں۔ نعمت کے باغوں میں گروہ کے گروہ پہلوں میں سے اور تھوڑے سے پچھلوں میں سے۔

۔الواقعة ۵۶: ۷۔۱۴۔

۸۔ بہت سے چہرے خوش اور بہت سے سیاہ وگرد آلود

۲۴۔ کتنے ہی چہرے اس دن چمکتے ہوں گے۔ ہنسنے والے، خوش حال اور کتنے ہی چہرے اس دن غبار آلود ہوں گے۔ ان پر کلونس چھائی ہوگی۔ یہ وہ جماعت ہے جو کافر بدکار ہیں۔

۔عبس ۸۰: ۳۸۔۴۲۔

۲۰۔ اِنَّ الْمُجْرِمِيْنَ فِيْ ضَلٰلٍ وَّسُعُرٍ ﴿۴۷﴾ يَوْمَ يُسْحَبُوْنَ فِي النَّارِ عَلٰى وُجُوْهِهِمْ ؕ ذُوْقُوْا مَسَّ سَقَرَ ﴿۴۸﴾

۲۱۔ يُعْرَفُ الْمُجْرِمُوْنَ بِسِيْمٰهُمْ فَيُؤْخَذُ بِالنَّوَاصِيْ وَالْاَقْدَامِ ﴿۴۱﴾

۲۲۔ هٰذِهٖ جَهَنَّمُ الَّتِيْ يُكَذِّبُ بِهَا الْمُجْرِمُوْنَ ﴿۴۳﴾ يَطُوْفُوْنَ بَيْنَهَا وَبَيْنَ حَمِيْمٍ اٰنٍ ﴿۴۴﴾

۲۳۔ وَّكُنْتُمْ اَزْوَاجًا ثَلٰثَةً ﴿۷﴾ فَاَصْحٰبُ الْمَيْمَنَةِ ۙ مَاۤ اَصْحٰبُ الْمَيْمَنَةِ ﴿۸﴾ وَاَصْحٰبُ الْمَشْئَمَةِ ۙ مَاۤ اَصْحٰبُ الْمَشْئَمَةِ ﴿۹﴾ وَالسّٰبِقُوْنَ السّٰبِقُوْنَ ﴿۱۰﴾ اُولٰٓئِكَ الْمُقَرَّبُوْنَ ﴿۱۱﴾ فِيْ جَنّٰتِ النَّعِيْمِ ﴿۱۲﴾ ثُلَّةٌ مِّنَ الْاَوَّلِيْنَ ﴿۱۳﴾ وَقَلِيْلٌ مِّنَ الْاٰخِرِيْنَ ﴿۱۴﴾

۲۴۔ وُجُوْهٌ يَّوْمَئِذٍ مُّسْفِرَةٌ ﴿۳۸﴾ ضَاحِكَةٌ مُّسْتَبْشِرَةٌ ﴿۳۹﴾ وَوُجُوْهٌ يَّوْمَئِذٍ عَلَيْهَا غَبَرَةٌ ﴿۴۰﴾ تَرْهَقُهَا قَتَرَةٌ ﴿۴۱﴾ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْكَفَرَةُ الْفَجَرَةُ ﴿۴۲﴾

۲۵۔ هَلْ اَتٰىكَ حَدِيْثُ الْغَاشِيَةِ ﴿۱﴾ وُجُوْهٌ يَّوْمَئِذٍ خَاشِعَةٌ ﴿۲﴾ عَامِلَةٌ نَّاصِبَةٌ ﴿۳﴾ تَصْلٰى نَارًا حَامِيَةً ﴿۴﴾ تُسْقٰى مِنْ عَيْنٍ اٰنِيَةٍ ﴿۵﴾ لَيْسَ لَهُمْ طَعَامٌ اِلَّا مِنْ ضَرِيْعٍ ﴿۶﴾ لَّا يُسْمِنُ وَلَا يُغْنِيْ مِنْ جُوْعٍ ﴿۷﴾ وُجُوْهٌ يَّوْمَئِذٍ نَّاعِمَةٌ ﴿۸﴾ لِّسَعْيِهَا رَاضِيَةٌ ﴿۹﴾ فِيْ جَنَّةٍ عَالِيَةٍ ﴿۱۰﴾ لَّا تَسْمَعُ فِيْهَا لَاغِيَةً ﴿۱۱﴾

۹۔ بعض اداس ہو کر دوزخ کو اور بعض شاداں وفرحاں بہشت کو جائیں گے

۲۵۔ (اے نبی ﷺ!) بھلا تیرے پاس چھا جانے والی کی خبر بھی پہنچی ہے۔ کتنے ہی چہرے اس دن ذلیل ہوں گے۔ عمل کرنے والے محنت کرنے والے، جلتی آگ میں داخل ہوں گے، کھولتے چشمے سے پانی پلائے جائیں گے۔ ان کے لیے کھانا سوائے کانٹے اور جھاڑی کے نہ ہوگا۔ جو نہ موٹا کرے گی اور نہ بھوک سے بے پروا کرے گی۔ کتنے ہی چہرے اس دن تر و تازہ ہوں گے۔ اپنی کوشش پر خوش، اعلےٰ جنت میں۔ وہ اس میں بیہودہ بات نہیں سنیں گے۔

۔الغاشیة ۸۸: ۱۔۱۱۔

۱۰۔ ہر بدی کی جزا ملے گی

۲۶۔جو برا کام کرے گا اسے اس کی سزا دی جائے گی۔

۔النساء۴: ۱۲۳۔

۲۷۔اور جنہوں نے ظلم کیا ان کے بدکاموں کی برائیاں انہیں پہنچیں گی اور وہ ہمیں عاجز کرنے والے نہیں ہیں۔

۔الزمر ۳۹: ۵۱۔

۲۸۔اور ہم ان کے برے کاموں پر جو وہ کرتے تھے ضرور سزا دیں گے۔

۔حٰمٓ السجدۃ ۴۱: ۲۷۔

۲۹۔تاکہ وہ انہیں، جنہوں نے بدیاں کی ہیں ان کے اعمال کی سزا دے۔

۔النجم ۵۳: ۳۱۔

۳۰۔اور جو شخص ذرہ بھر بھی بدی کرے گا، وہ اسے دیکھ لے گا۔

۔الزلزال ۹۹: ۸۔

۱۱۔ بدی کی جزا بدی کے برابر ہی ملے گی

۳۱۔اور جو شخص برائی لے کر آئے گا، تو اس کو اس برائی کی برابر ہی سزا دی جائے گی اور ان پر ظلم نہیں کیا جائے گا۔

۔الانعام ۶: ۱۶۰۔

۳۲۔اور جنہوں نے بدیاں کمائی ہیں تو بدی کی سزا اسی کی برابر ہے۔

۔یونس ۱۰: ۲۷۔

۳۳۔اور جو بدی لے کر آئے گا تو جو بدیاں کرتے ہیں انہیں اسی کی سزا دی جائے گی جو وہ کرتے ہیں۔

۔القصص ۲۸: ۸۴۔

۲۶۔مَنْ يَّعْمَلْ سُوْٓءًا يُّجْزَ بِهٖ

۲۷۔وَالَّذِيْنَ ظَلَمُوْا مِنْ هٰٓؤُلَآءِ سَيُصِيْبُهُمْ سَيِّاٰتُ مَا كَسَبُوْا ۙ وَمَا هُمْ بِمُعْجِزِيْنَ ۝

۲۸۔وَلَنَجْزِيَنَّهُمْ اَسْوَاَ الَّذِيْ كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۝

۲۹۔لِيَجْزِيَ الَّذِيْنَ اَسَاۗءُوْا بِمَا عَمِلُوْا

۳۰۔وَمَنْ يَّعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ شَرًّا يَّرَهٗ ۝

۳۱۔وَمَنْ جَاۗءَ بِالسَّيِّئَةِ فَلَا يُجْزٰٓى اِلَّا مِثْلَهَا وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ ۝

۳۲۔وَالَّذِيْنَ كَسَبُوا السَّيِّاٰتِ جَزَاۗءُ سَيِّئَةٍۢ بِمِثْلِهَا

۳۳۔وَمَنْ جَاۗءَ بِالسَّيِّئَةِ فَلَا يُجْزَى الَّذِيْنَ عَمِلُوا السَّيِّاٰتِ اِلَّا مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۝

۳۴۔مَنْ عَمِلَ سَيِّئَةً فَلَا يُجْزٰٓى اِلَّا مِثْلَهَا

۱۔وَلَبِئْسَ الْمِهَادُ ۝

۲۔وَبِئْسَ الْمِهَادُ ۝

۳۔وَمَاْوٰىهُمْ جَهَنَّمُ ۭ وَبِئْسَ الْمِهَادُ ۝

۳۴۔اور جس نے بدی کی اسے اس کی برابر ہی سزا دی جائے گی۔

۔المؤمن ۴۰: ۴۰۔

دوزخ

۱۲۔ دوزخ بری جگہ ہے

۱۔اور بے شک وہ برا بچھونا ہے۔

۔البقرۃ ۲: ۲۰۶۔

۲۔اور وہ برا بچھونا ہے۔

۔آل عمران ۳: ۱۲، ۱۹۷۔

۳۔اور ان کا ٹھکانا دوزخ ہے اور وہ برا بچھونا ہے۔

۔الرعد ۱۳: ۱۸۔

۴۔ (یعنی) جہنم جس میں وہ داخل ہوں گے، سو وہ برا بچھونا ہے۔

۔صٓ ۳۸: ۵۶۔

۵۔ اور وہ برا ٹھکانا ہے۔

۔البقرۃ ۲: ۱۲۶ والتوبۃ ۹: ۷۳ والحج ۲۲: ۷۲ والتغابن ۶۴: ۱۰ والملک ۶۷: ۶۔

۶۔ اور ان کا ٹھکانا دوزخ ہے اور وہ برا ٹھکانا ہے۔

۔آل عمران ۳: ۱۶۲ والانفال ۸: ۱۶۔

۷۔ (یعنی) دوزخ جس میں وہ داخل ہوں گے اور وہ بری قرار گاہ ہے۔

۔ابراہیم ۱۴: ۲۹۔

۸۔ اور ان کا ٹھکانا آگ ہے اور بے شک وہ برا ٹھکانا ہے۔

۔النور ۲۴: ۵۷۔

۹۔ بے شک وہ بری قرار گاہ اور قیام گاہ ہے۔

۔الفرقان ۲۵: ۶۶۔

۱۰۔ سو وہ بری قرار گاہ ہے۔

۔صٓ ۳۸: ۶۰۔

۱۱۔ اور وہ برا ٹھکانا ہے۔

۔الفتح ۴۸: ۶۔

۱۲۔ وہ (دوزخ) تمہاری رفیق ہے اور وہ برا ٹھکانا ہے۔

۔الحدید ۵۷: ۱۵۔

۱۳۔ سو وہ برا ٹھکانا ہے۔

۔المجادلۃ ۵۸: ۸۔

۲۔ دوزخ کی آگ سخت گرم ہے کسی وقت بجھنے نہیں پاتی

۱۴۔ (اے نبی ﷺ!) کہہ دے کہ دوزخ کی آگ زیادہ گرم ہے۔

۔التوبۃ ۹: ۸۱۔

۴۔ جَهَنَّمَ ۚ يَصْلَوْنَهَا ۚ فَبِئْسَ الْمِهَادُ ﴿۵۶﴾

۵۔ وَبِئْسَ الْمَصِيرُ ﴿۱۲۶﴾

۶۔ وَمَأْوٰىهُ جَهَنَّمُ ۖ وَبِئْسَ الْمَصِيرُ ﴿۱۶۲﴾

۷۔ جَهَنَّمَ ۚ يَصْلَوْنَهَا ۖ وَبِئْسَ الْقَرَارُ ﴿۲۹﴾

۸۔ وَمَأْوٰىهُمُ النَّارُ ۖ وَلَبِئْسَ الْمَصِيرُ ﴿۵۷﴾

۹۔ إِنَّهَا سَاءَتْ مُسْتَقَرًّا وَّمُقَامًا ﴿۶۶﴾

۱۰۔ فَبِئْسَ الْقَرَارُ ﴿۶۰﴾

۱۱۔ وَسَاءَتْ مَصِيرًا ﴿۶﴾

۱۲۔ هِيَ مَوْلٰىكُمْ ۖ وَبِئْسَ الْمَصِيرُ ﴿۱۵﴾

۱۳۔ فَبِئْسَ الْمَصِيرُ ﴿۸﴾

۱۴۔ قُلْ نَارُ جَهَنَّمَ أَشَدُّ حَرًّا ۖ

۱۵۔ كُلَّمَا خَبَتْ زِدْنٰهُمْ سَعِيرًا ﴿۹۷﴾

۱۶۔ كَلَّا ۖ إِنَّهَا لَظٰى ﴿۱۵﴾ نَزَّاعَةً لِّلشَّوٰى ﴿۱۶﴾ تَدْعُوا مَنْ أَدْبَرَ وَتَوَلّٰى ﴿۱۷﴾

۱۷۔ لَا يَذُوقُونَ فِيهَا بَرْدًا وَّلَا شَرَابًا ﴿۲۴﴾

۱۸۔ إِنَّهَا تَرْمِي بِشَرَرٍ كَالْقَصْرِ ﴿۳۲﴾ كَأَنَّهُ جِمٰلَتٌ صُفْرٌ ﴿۳۳﴾

۱۵۔ جب وہ بجھنے لگے گی ہم اس کو اور زیادہ بھڑکا دیں گے۔

۔بنی اسرائیل ۱۷: ۹۷۔

۱۶۔ یہ ہرگز نہیں ہوگا۔ وہ شعلے والی آگ ہے مونہہ کی کھال ادھیڑنے والی ہے۔ اسے بلاتی ہے جس نے پیٹھ پھیری اور منہ موڑا۔

۔المعارج ۷۰: ۱۵۔۱۷۔

۳۔ دوزخ میں ٹھنڈک کا مزہ نہیں

۱۷۔ وہ اس میں نہ ٹھنڈک کا مزہ چکھیں گے اور نہ پینے کا۔

۔النباء ۷۸: ۲۴۔

۴۔ چنگاریاں اتنی بڑی جتنا اونٹ

۱۸۔ بے شک وہ محلوں کی مانند چنگاریاں پھینکتی ہے۔ گویا وہ چنگاریاں زرد اونٹ ہیں۔

۔المرسلت ۷۷: ۳۲۔۳۳۔

۵۔ دوزخ کی آگ لمبے ستونوں کی شکل میں

۱۹۔ ہرگز یوں نہیں ہے۔ وہ ضرور حطمہ میں ڈالا جائے گا اور (اے نبی ﷺ!) تو کیا جانے کہ حطمہ کیا ہے۔ اللہ کی بھڑکائی ہوئی آگ ہے وہ جو دلوں پر چڑھ جاتی ہے۔ بے شک وہ ان پر دروازہ بند کی ہوئی ہے لمبے ستونوں کی شکل میں۔

۔الھمزۃ ۱۰۴: ۴۔۹۔

۶۔ دوزخ چنگھاڑتی اور جوش مارتی ہے

۲۰۔ جب وہ انہیں دور کے فاصلے سے دیکھے گی تو وہ اس کا چیخنا اور چنگھاڑنا سنیں گے۔

۔الفرقان ۲۵: ۱۲۔

۲۱۔ جب وہ اس میں ڈالے جائیں گے تو وہ اس کا چلانا سنیں گے اور وہ جوش مار رہی ہوگی۔ قریب ہے کہ غصے سے پھٹ جائے۔ جب اس میں کوئی جماعت ڈالی جائے گی تو اس کے محافظ ان سے پوچھیں گے کہ کیا تمہارے پاس کوئی ڈرانے والا نہیں آیا تھا؟

۔الملک ۶۷: ۷۔۸۔

۷۔ دوزخ میں پہاڑ

۲۲۔ ہم اسے ایک چڑھائی پر چڑھائیں گے۔

۔المدثر ۷۴: ۱۷۔

۸۔ انیس فرشتے مقرر ہیں

۲۳۔ اور (اے نبی ﷺ!) تو کیا جانے کہ دوزخ کیا ہے؟ نہ کچھ باقی رکھے اور نہ چھوڑے، چہرے کو جھلسنے والی ہے۔ اس پر انیس فرشتے تعینات ہیں۔ اور ہم نے دوزخ کے داروغے فرشتے ہی بنائے ہیں اور ہم نے ان کی تعداد محض کافروں کی آزمائش کا

۱۹۔ كَلَّا لَيُنْبَذَنَّ فِي الْحُطَمَةِ ۝ وَمَا أَدْرَاكَ مَا الْحُطَمَةُ ۝ نَارُ اللَّهِ الْمُوقَدَةُ ۝ الَّتِي تَطَّلِعُ عَلَى الْأَفْئِدَةِ ۝ إِنَّهَا عَلَيْهِم مُّؤْصَدَةٌ ۝ فِي عَمَدٍ مُّمَدَّدَةٍ ۝

۲۰۔ إِذَا رَأَتْهُم مِّن مَّكَانٍ بَعِيدٍ سَمِعُوا لَهَا تَغَيُّظًا وَزَفِيرًا ۝

۲۱۔ إِذَا أُلْقُوا فِيهَا سَمِعُوا لَهَا شَهِيقًا وَهِيَ تَفُورُ ۝ تَكَادُ تَمَيَّزُ مِنَ الْغَيْظِ ۖ كُلَّمَا أُلْقِيَ فِيهَا فَوْجٌ سَأَلَهُمْ خَزَنَتُهَا أَلَمْ يَأْتِكُمْ نَذِيرٌ ۝

۲۲۔ سَأُرْهِقُهُ صَعُودًا ۝

۲۳۔ وَمَا أَدْرَاكَ مَا سَقَرُ ۝ لَا تُبْقِي وَلَا تَذَرُ ۝ لَوَّاحَةٌ لِّلْبَشَرِ ۝ عَلَيْهَا تِسْعَةَ عَشَرَ ۝ وَمَا جَعَلْنَا أَصْحَابَ النَّارِ إِلَّا مَلَائِكَةً ۙ وَمَا جَعَلْنَا عِدَّتَهُمْ إِلَّا فِتْنَةً لِّلَّذِينَ كَفَرُوا لِيَسْتَيْقِنَ الَّذِينَ أُوتُوا الْكِتَابَ وَيَزْدَادَ الَّذِينَ آمَنُوا إِيمَانًا ۙ وَلَا يَرْتَابَ الَّذِينَ أُوتُوا الْكِتَابَ وَالْمُؤْمِنُونَ ۙ وَلِيَقُولَ الَّذِينَ فِي قُلُوبِهِم مَّرَضٌ وَالْكَافِرُونَ مَاذَا أَرَادَ اللَّهُ بِهَٰذَا مَثَلًا ۚ كَذَٰلِكَ يُضِلُّ اللَّهُ مَن يَشَاءُ وَيَهْدِي مَن يَشَاءُ ۚ وَمَا يَعْلَمُ جُنُودَ رَبِّكَ إِلَّا هُوَ ۚ وَمَا هِيَ إِلَّا ذِكْرَىٰ لِلْبَشَرِ ۝ كَلَّا وَالْقَمَرِ ۝ وَاللَّيْلِ إِذْ أَدْبَرَ ۝ وَالصُّبْحِ إِذَا أَسْفَرَ ۝ إِنَّهَا لَإِحْدَى الْكُبَرِ ۝ نَذِيرًا لِّلْبَشَرِ ۝ لِمَن شَاءَ مِنكُمْ أَن يَتَقَدَّمَ أَوْ يَتَأَخَّرَ ۝

ذریعہ بنائی ہے۔ تاکہ وہ لوگ یقین کریں جنہیں کتاب دی گئی ہے اور جو لوگ ایمان لائے ہیں، وہ اپنے ایمان میں اور بڑھ جائیں گے اور اہل کتاب اور مومن شک نہ کریں اور تاکہ وہ لوگ جن کے دلوں میں (نفاق) روگ ہے اور نیز کافر کہیں کہ اللہ نے اس مثال سے کیا ارادہ کیا ہے؟ یوں اللہ جسے چاہتا ہے گمراہ کرتا ہے اور جسے چاہتا ہے ہدایت کرتا ہے اور (اے نبی ﷺ) تیرے پروردگار کے لشکروں کو اس کے سوا کوئی نہیں جانتا اور وہ قیامت کو آدمی کے یاد رکھنے کے لیے ہے اور بس۔ ہرگز یوں نہیں ہے۔ قسم ہے چاند کی اور رات کی جب وہ پیٹھ پھیرے اور صبح کی جب وہ نمودار ہو۔ بے شک وہ قیامت ایک بڑی چیز ہے۔ آدمی کو ڈرانے والی ہے (یعنی) اس کو جو تم میں سے (بہشت کی طرف) آگے بڑھے یا (اس سے) پیچھے رہے۔

۔المدثر ۷۴: ۲۷۔۳۷۔

٩۔ نہایت سخت اور زبردست فرشتے

٢٤۔اس پر تندخو سخت فرشتے تعینات ہیں، جو اللہ کے حکم کی نافرمانی نہیں کرتے اور وہی کرتے ہیں جو انہیں حکم دیا جاتا ہے۔

۔التحریم ٦٦:٦۔

١٠۔ دوزخ سرکشوں کی تاک میں

٢٥۔ بے شک دوزخ گھات میں ہے۔سرکشوں کا ٹھکانا ہے۔وہ اسی میں بے شمار قرن رہیں گے۔

۔النباء ٧٨: ٢١۔٢٣۔

١١۔ آدمی اور پتھر ایندھن

٢٦۔تو اس آگ سے ڈرو جس کا ایندھن آدمی اور پتھر ہیں۔

۔البقرۃ ٢: ٢٤۔

٢٧۔ بے شک جنہوں نے کفر کیا اللہ کے مقابلے میں نہ ان کے مال ہی کچھ کام آئیں گے اور نہ ان کی اولاد ہی اور وہ لوگ دوزخ کا ایندھن ہیں۔

۔آل عمران ٣: ١٠۔

٢٨۔ بے شک تم اور جسے تم اللہ کے سوا پوجتے ہو دوزخ کا ایندھن ہیں۔ تم اس پر وارد ہونے والے ہو۔ اگر یہ (بت) معبود ہوتے تو اس پر وارد نہ ہوتے اور وہ سب اس میں ہمیشہ رہیں گے۔

۔الانبیاء ٢١: ٩٨۔٩٩۔

٢٩۔مسلمانو! اپنی جانوں اور اپنے گھر والوں کو اس آگ سے بچاؤ، جس کا ایندھن آدمی اور پتھر ہیں۔ اس پر تندخو سخت فرشتے تعینات ہیں، جو اللہ کے حکم کی نافرمانی

٢٤۔عَلَيْهَا مَلٰٓئِكَةٌ غِلَاظٌ شِدَادٌ لَّا يَعْصُوْنَ اللّٰهَ مَآ اَمَرَهُمْ وَيَفْعَلُوْنَ مَا يُؤْمَرُوْنَ ۝

٢٥ اِنَّ جَهَنَّمَ كَانَتْ مِرْصَادًا ۝ لِّلطّٰغِيْنَ مَاٰبًا ۝ لّٰبِثِيْنَ فِيْهَآ اَحْقَابًا ۝

٢٦۔فَاتَّقُوا النَّارَ الَّتِيْ وَقُوْدُهَا النَّاسُ وَالْحِجَارَةُ

٢٧۔اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَنْ تُغْنِيَ عَنْهُمْ اَمْوَالُهُمْ وَلَآ اَوْلَادُهُمْ مِّنَ اللّٰهِ شَيْـًٔا ۭ وَاُولٰۗىِٕكَ هُمْ وَقُوْدُ النَّارِ ۝

٢٨۔ اِنَّكُمْ وَمَا تَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ حَصَبُ جَهَنَّمَ ۭ اَنْتُمْ لَهَا وٰرِدُوْنَ ۝ لَوْ كَانَ هٰٓؤُلَاۗءِ اٰلِهَةً مَّا وَرَدُوْهَا ۭ وَكُلٌّ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ۝

٢٩۔ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا قُوْٓا اَنْفُسَكُمْ وَاَهْلِيْكُمْ نَارًا وَّقُوْدُهَا النَّاسُ وَالْحِجَارَةُ عَلَيْهَا مَلٰٓئِكَةٌ غِلَاظٌ شِدَادٌ لَّا يَعْصُوْنَ اللّٰهَ مَآ اَمَرَهُمْ وَيَفْعَلُوْنَ مَا يُؤْمَرُوْنَ ۝

٣٠۔وَاَمَّا الْقٰسِطُوْنَ فَكَانُوْا لِجَهَنَّمَ حَطَبًا ۝

٣١۔وَلَقَدْ ذَرَاْنَا لِجَهَنَّمَ كَثِيْرًا مِّنَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ ښ لَهُمْ قُلُوْبٌ لَّا يَفْقَهُوْنَ بِهَا ۡ وَلَهُمْ اَعْيُنٌ لَّا يُبْصِرُوْنَ بِهَا ۡ وَلَهُمْ اٰذَانٌ لَّا يَسْمَعُوْنَ بِهَا ۭ اُولٰۗىِٕكَ كَالْاَنْعَامِ بَلْ هُمْ اَضَلُّ ۭ اُولٰۗىِٕكَ هُمُ الْغٰفِلُوْنَ ۝

٣٢۔وَلَوْ شَاۗءَ رَبُّكَ لَجَعَلَ النَّاسَ اُمَّةً وَّاحِدَةً وَّلَا يَزَالُوْنَ مُخْتَلِفِيْنَ ۝

نہیں کرتے۔اور وہی کرتے ہیں جو انہیں حکم دیا جاتا ہے۔

۔التحریم ٦٦:٦۔

٣٠۔لیکن جو ظالم ہیں، وہ دوزخ کا ایندھن ہیں۔

۔الجن ٧٢: ١٥۔

١٢۔ بہت جن و انس دوزخ بھرنے کو پیدا ہوئے

٣١۔اور کچھ شک نہیں کہ ہم نے دوزخ کے لیے بہت سے جن اور انسان پیدا کیے ہیں۔ان کے دل ہیں جن سے وہ سمجھتے نہیں اور ان کی آنکھیں ہیں جن سے دیکھتے نہیں اور ان کے کان ہیں جن سے وہ سنتے نہیں۔وہ مثل چوپایوں کی ہیں بلکہ وہ ان سے بھی گئے گزرے ہیں اور وہی غافل ہیں۔

۔الاعراف ٧: ١٧٩۔

٣٢۔اور (اے نبی ﷺ!) اگر تیرا پروردگار چاہتا تو سب لوگوں کو

ایک ہی مذہب پر کر دیتا اور وہ ہمیشہ اختلاف کرتے رہیں گے مگر ہاں جس پر تیرا پروردگار رحم کرے اور اسی اختلاف کے لیے اس نے انہیں پیدا کیا اور تیرے پروردگار کا قول پورا ہوا کہ میں ضرور دوزخ کو جنوں اور انسانوں سب سے بھر دوں گا۔

-ہود ۱۱:۱۱۸-۱۱۹-

۳۳-ولیکن میری طرف سے یہ بات ٹھہر چکی ہے کہ میں ضرور دوزخ کو جنوں اور انسانوں، سب ہی سے بھر دوں گا۔

-السجدۃ ۳۲:۱۳-

۱۳- دوزخیوں کی مانگ

۳۴-جس دن ہم دوزخ سے پوچھیں گے کہ کیا تو بھر گئی اور کہے گی کہ کچھ اور بھی ہے؟

-ق ۵۰:۳۰-

۱۴- دوزخ میں موت ہے نہ حیات

۳۵-کچھ شک نہیں کہ جو شخص اپنے پروردگار کے ہاں گنہگار ہو کر حاضر ہو گا، اس کے لیے دوزخ ہے۔ نہ وہ اس میں مرے گا اور نہ زندہ ہی رہے گا۔

-طٰہٰ ۲۰:۷۴-

۳۶-پھر نہ اس میں مرے گا اور نہ زندہ رہے گا۔

-الاعلیٰ ۸۷:۱۳-

۱۵- دوزخ کے سات دروازے

۳۷-اس کے سات دروازے ہیں ہر ایک دروازے کے لیے ان میں سے بانٹا ہوا ایک حصہ ہے۔

-الحجر ۱۵:۴۴-

۱۶- دوزخ پر ہر کسی کا گزر

۳۸-اور تم میں سے کوئی بھی ایسا نہیں ہے جو اس پر نہ

إِلَّا مَنْ رَّحِمَ رَبُّكَ ۚ وَلِذَٰلِكَ خَلَقَهُمْ ۗ وَتَمَّتْ كَلِمَةُ رَبِّكَ لَأَمْلَأَنَّ جَهَنَّمَ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ أَجْمَعِينَ ﴿١١٩﴾

۳۳- وَلَٰكِنْ حَقَّ الْقَوْلُ مِنِّي لَأَمْلَأَنَّ جَهَنَّمَ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ أَجْمَعِينَ ﴿١٣﴾

۳۴- يَوْمَ نَقُولُ لِجَهَنَّمَ هَلِ امْتَلَأْتِ وَتَقُولُ هَلْ مِنْ مَّزِيدٍ ﴿٣٠﴾

۳۵- إِنَّهُ مَنْ يَّأْتِ رَبَّهُ مُجْرِمًا فَإِنَّ لَهُ جَهَنَّمَ ۖ لَا يَمُوتُ فِيهَا وَلَا يَحْيَىٰ ﴿٧٤﴾

۳۶- ثُمَّ لَا يَمُوتُ فِيهَا وَلَا يَحْيَىٰ ﴿١٣﴾

۳۷- لَهَا سَبْعَةُ أَبْوَابٍ ۖ لِكُلِّ بَابٍ مِّنْهُمْ جُزْءٌ مَّقْسُومٌ ﴿٤٤﴾

۳۸- وَإِنْ مِّنْكُمْ إِلَّا وَارِدُهَا ۚ كَانَ عَلَىٰ رَبِّكَ حَتْمًا مَّقْضِيًّا ﴿٧١﴾

۳۹- إِنَّ الَّذِينَ سَبَقَتْ لَهُمْ مِّنَّا الْحُسْنَىٰ أُولَٰئِكَ عَنْهَا مُبْعَدُونَ ﴿١٠١﴾ لَا يَسْمَعُونَ حَسِيسَهَا ۖ وَهُمْ فِي مَا اشْتَهَتْ أَنْفُسُهُمْ خَالِدُونَ ﴿١٠٢﴾ لَا يَحْزُنُهُمُ الْفَزَعُ الْأَكْبَرُ وَتَتَلَقَّاهُمُ الْمَلَائِكَةُ ۖ هَٰذَا يَوْمُكُمُ الَّذِي كُنْتُمْ تُوعَدُونَ ﴿١٠٣﴾

۴۰- إِلَّا عِبَادَ اللَّهِ الْمُخْلَصِينَ ﴿٤٠﴾

۴۱- وَسَيُجَنَّبُهَا الْأَتْقَى ﴿١٧﴾ الَّذِي يُؤْتِي مَالَهُ يَتَزَكَّىٰ ﴿١٨﴾ وَمَا لِأَحَدٍ عِنْدَهُ مِنْ

گزرے اور یہ تیرے پروردگار پر لازم اور فیصل شدہ ہے۔

-مریم ۱۹:۷۱-

۱۷- اللہ کے برگزیدگان دوزخ سے دور رہیں گے

۳۹-بے شک وہ لوگ جن کے لیے ہماری طرف سے نیکی کا وعدہ ہو چکا ہے، وہی اس سے دور رکھے جائیں گے۔ وہ اس کی آہٹ بھی نہیں سنیں گے اور وہ اس نعمت میں جس کو ان کا دل چاہے گا، ہمیشہ رہیں گے۔ بڑی گھبراہٹ انہیں غم میں نہ ڈالے گی اور فرشتے انہیں لینے آئیں گے (اور کہیں گے کہ) یہ تمہارا وہ دن ہے جس کا تمہیں وعدہ دیا جاتا تھا۔

-الانبیاء ۲۱:۱۰۱-۱۰۳-

۴۰-مگر اللہ کے چنے ہوئے بندے (اس سے دور رہیں گے)۔

-الصّٰفّٰت ۳۷:۴۰،۷۴،۱۶۰-

۴۱-اور اس سے وہ بڑا متقی دور رہے گا، جو اپنا مال (اللہ کی راہ میں)

دیتا ہے تاکہ پاک ہو اور اس پر کسی کا احسان نہیں ہے، جس کا بدلہ دیا جائے۔ مگر یہ اپنے پروردگارِ عالی شان کی رضا چاہنے کے لیے کرتا ہے۔ اور عنقریب وہ خوش ہو جائے گا۔

۔اللیل ۹۲:۱۷۔۲۱۔

۱۸۔ دوزخی اور جنتی برابر نہیں

۴۲۔ تو کیا وہ شخص جو اپنے پروردگار کی طرف سے سند پر ہے۔ ان کی مانند ہو سکتا ہے جن کی نظر میں ان کے برے عمل اچھے کر دکھلائے گئے اور وہ اپنی خواہشوں پر چلتے ہیں۔ اس بہشت کی صفت جس کا پرہیزگاروں سے وعدہ کیا گیا ہے، یہ ہے کہ اس میں پانی کی نہریں ہیں جو بودار نہیں ہے اور دودھ کی نہریں جن کا مزہ بدلا ہوا نہیں ہے اور شراب کی نہریں ہیں جو پینے والوں کو مزہ دینے والی ہے اور صاف شہد کی نہریں ہیں اور اس میں ان کے لیے ہر قسم کے پھل ہیں اور ان کے پروردگار کی طرف سے بخشش ہے۔ کیا ایسی نعمتوں والا اس شخص کی مانند ہے جو ہمیشہ آگ میں رہنے والا ہے اور انہیں کھولتا پانی پلایا جائے گا سو وہ ان کی آنتیں کاٹ ڈالے گا۔

۔محمد ۴۷:۱۴۔۱۵۔

۴۳۔ دوزخی اور جنتی برابر نہیں ہیں۔ جو جنتی ہیں، وہی اپنی مراد کو پہنچنے والے ہیں۔

۔الحشر ۵۹:۲۰۔

۱۹۔ دوزخیوں کے لیے طوق وزنجیر

۴۴۔ اور تو اس دن گنہگاروں کو زنجیروں میں جکڑا ہوا دیکھے گا۔

۔ابراھیم ۱۴:۴۹۔

۴۵۔ اور جب وہ زنجیروں میں جکڑے ہوئے اس کے

نِعْمَةٍ تُجْزٰٓى ۝ اِلَّا ابْتِغَآءَ وَجْهِ رَبِّهِ الْاَعْلٰى ۝ وَلَسَوْفَ يَرْضٰى ۝

۴۲۔ اَفَمَنْ كَانَ عَلٰى بَيِّنَةٍ مِّنْ رَّبِّهٖ كَمَنْ زُيِّنَ لَهٗ سُوْٓءُ عَمَلِهٖ وَاتَّبَعُوْٓا اَهْوَآءَهُمْ ۝ مَثَلُ الْجَنَّةِ الَّتِيْ وُعِدَ الْمُتَّقُوْنَ ۭ فِيْهَآ اَنْهٰرٌ مِّنْ مَّآءٍ غَيْرِ اٰسِنٍ ۚ وَاَنْهٰرٌ مِّنْ لَّبَنٍ لَّمْ يَتَغَيَّرْ طَعْمُهٗ ۚ وَاَنْهٰرٌ مِّنْ خَمْرٍ لَّذَّةٍ لِّلشّٰرِبِيْنَ ۚ وَاَنْهٰرٌ مِّنْ عَسَلٍ مُّصَفًّى ۭ وَلَهُمْ فِيْهَا مِنْ كُلِّ الثَّمَرٰتِ وَمَغْفِرَةٌ مِّنْ رَّبِّهِمْ ۭ كَمَنْ هُوَ خَالِدٌ فِي النَّارِ وَسُقُوْا مَآءً حَمِيْمًا فَقَطَّعَ اَمْعَآءَهُمْ ۝

۴۳۔ لَا يَسْتَوِيْٓ اَصْحٰبُ النَّارِ وَاَصْحٰبُ الْجَنَّةِ ۭ اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ هُمُ الْفَاۗىِٕزُوْنَ ۝

۴۴۔ وَتَرَى الْمُجْرِمِيْنَ يَوْمَىِٕذٍ مُّقَرَّنِيْنَ فِي الْاَصْفَادِ ۝

۴۵۔ وَاِذَآ اُلْقُوْا مِنْهَا مَكَانًا ضَيِّقًا مُّقَرَّنِيْنَ دَعَوْا هُنَالِكَ ثُبُوْرًا ۝

۴۶۔ وَاَسَرُّوا النَّدَامَةَ لَمَّا رَاَوُا الْعَذَابَ ۭ وَجَعَلْنَا الْاَغْلٰلَ فِيْٓ اَعْنَاقِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ۭ هَلْ يُجْزَوْنَ اِلَّا مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۝

۴۷۔ وَاُولٰۗىِٕكَ الْاَغْلٰلُ فِيْٓ اَعْنَاقِهِمْ ۚ

۴۸۔ اِذِ الْاَغْلٰلُ فِيْٓ اَعْنَاقِهِمْ وَالسَّلٰسِلُ ۭ يُسْحَبُوْنَ ۝ فِي الْحَمِيْمِ ۙ ثُمَّ فِي النَّارِ يُسْجَرُوْنَ ۝

کسی تنگ گوشے میں ڈالے جائیں گے، تو اس موقعہ پر وہ موت مانگیں گے۔

۔الفرقان ۲۵:۱۳۔

۴۶۔ اور جب وہ عذاب دیکھیں گے تو دل ہی دل میں نادم ہوں گے اور جو لوگ کافر ہیں ان کی گردنوں میں ہم طوق ڈالیں گے۔ ان کو صرف اسی کا بدلہ دیا جائے گا جو وہ کرتے تھے۔

۔سبا ۳۴:۳۳۔

۴۷۔ اور یہی وہ ہیں، جن کی گردنوں میں طوق ہوں گے۔

۔الرعد ۱۳:۵۔

۴۸۔ جب ان کی گردنوں میں طوق ہوں گے اور زنجیریں تو وہ گھسیٹے جائیں گے گرم پانی میں، پھر آگ میں جھونک دیے جائیں گے۔

۔المؤمن ۴۰:۷۱۔۷۲۔

۴۹۔ اسے پکڑ و اور اسے طوق پہناؤ۔ پھر اسے دوزخ میں داخل کرو پھر اسے ایک زنجیر میں جس کا طول گزوں کی ناپ سے ستر گز ہے بیندھ لو۔

-الحاقة ۶۹: ۳۰-۳۲-

۵۰۔ بے شک ہم نے کافروں کے لیے زنجیریں اور طوق اور آگ تیار کر رکھی ہے۔

-الدھر ۷۶: ۴-

۲۰۔ دوزخی بدشکل

۵۱۔ آگ ان کے مونہہ جھلس دے گی اور وہ اس میں بد شکل ہوں گے۔

-المؤمنون ۲۳: ۱۰۴-

۲۱۔ دزخیوں کی حسرت اور ندامت

۵۲۔ اور گمراہوں کے لیے دوزخ میدان میں لائی جائے گی اور ان سے پوچھا جائے گا کہ جنہیں تم پوجا کرتے تھے وہ کہاں ہیں (یعنی) اللہ کے سوا۔ کیا وہ تمہاری مدد کرتے ہیں یا بدلہ لیتے ہیں۔ پھر اس میں وہ سب گمراہ اوندھے ڈال دیے جائیں گے اور شیطان کے سارے لشکر بھی۔ کہیں گے اور وہ اس میں ایک دوسرے سے جھگڑا کر رہے ہوں گے۔ اللہ کی قسم! بے شک ہم کھلی گمراہی میں تھے۔ جب ہم تمہیں جہانوں کے پروردگار کی برابر ٹھہراتے تھے اور ہمیں تو گنہگاروں ہی نے گمراہ کیا۔ سو ہمارا کوئی سفارشی نہیں اور نہ خالص دوست۔ سو اگر ہمیں دنیا میں پھر لوٹنا ہو تو ہم ایمان لانے والوں میں ہوں گے۔ بے شک اس میں (توحید کی) نشانی ہے۔ اور ان میں اکثر ایمان لانے والے نہیں ہیں۔ اور بے شک تیرا پروردگار ہی غالب، مہربان ہے۔

-الشعراء ۲۶: ۹۱-۱۰۴-

۴۹۔ خُذُوهُ فَغُلُّوهُ ۝ ثُمَّ الْجَحِيمَ صَلُّوهُ ۝ ثُمَّ فِي سِلْسِلَةٍ ذَرْعُهَا سَبْعُونَ ذِرَاعًا فَاسْلُكُوهُ ۝

۵۰۔ إِنَّا أَعْتَدْنَا لِلْكَافِرِينَ سَلَاسِلَا وَأَغْلَالًا وَسَعِيرًا ۝

۵۱۔ تَلْفَحُ وُجُوهَهُمُ النَّارُ وَهُمْ فِيهَا كَالِحُونَ ۝

۵۲۔ وَبُرِّزَتِ الْجَحِيمُ لِلْغَاوِينَ ۝ وَقِيلَ لَهُمْ أَيْنَمَا كُنْتُمْ تَعْبُدُونَ ۝ مِنْ دُونِ اللَّهِ هَلْ يَنْصُرُونَكُمْ أَوْ يَنْتَصِرُونَ ۝ فَكُبْكِبُوا فِيهَا هُمْ وَالْغَاوُونَ ۝ وَجُنُودُ إِبْلِيسَ أَجْمَعُونَ ۝ قَالُوا وَهُمْ فِيهَا يَخْتَصِمُونَ ۝ تَاللَّهِ إِنْ كُنَّا لَفِي ضَلَالٍ مُبِينٍ ۝ إِذْ نُسَوِّيكُمْ بِرَبِّ الْعَالَمِينَ ۝ وَمَا أَضَلَّنَا إِلَّا الْمُجْرِمُونَ ۝ فَمَا لَنَا مِنْ شَافِعِينَ ۝ وَلَا صَدِيقٍ حَمِيمٍ ۝ فَلَوْ أَنَّ لَنَا كَرَّةً فَنَكُونَ مِنَ الْمُؤْمِنِينَ ۝ إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَةً وَمَا كَانَ أَكْثَرُهُمْ مُؤْمِنِينَ ۝ وَإِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ الْعَزِيزُ الرَّحِيمُ ۝

۵۳۔ وَقَالُوا لَوْ كُنَّا نَسْمَعُ أَوْ نَعْقِلُ مَا كُنَّا فِي أَصْحَابِ السَّعِيرِ ۝

۵۴۔ هَٰذَا وَإِنَّ لِلطَّاغِينَ لَشَرَّ مَآبٍ ۝ جَهَنَّمَ يَصْلَوْنَهَا فَبِئْسَ الْمِهَادُ ۝ هَٰذَا فَلْيَذُوقُوهُ حَمِيمٌ وَغَسَّاقٌ ۝ وَآخَرُ مِنْ شَكْلِهِ أَزْوَاجٌ ۝ هَٰذَا فَوْجٌ مُقْتَحِمٌ مَعَكُمْ لَا مَرْحَبًا بِهِمْ إِنَّهُمْ صَالُوا

۵۳۔ اور (دوزخی) کہیں گے کہ اگر ہم (نبی ﷺ کی) سنتے یا سمجھتے ہوتے تو ہم دوزخیوں میں نہ ہوتے۔

-الملک ۶۷: ۱۰-

۲۲۔ دوزخیوں کا آپس میں جھگڑنا

۵۴۔ یہ بات ہے اور بے شک سرکشوں کے لیے برا ٹھکانا ہے (یعنی) دوزخ جس میں وہ داخل ہوں گے۔ سو وہ برا بچھونا ہے۔ یہ ہے تم اسے چکھو گرم پانی اور پیپ اور اسی قسم کے اور طرح طرح کے (عذاب)۔ یہ ایک جماعت ہے تمہارے ساتھ داخل ہونے میں انہیں خوشی نہ ہو۔ بے شک وہ آگ میں داخل ہونے والے ہیں۔ وہ (عابد) کہیں گے بلکہ تمہیں ہی خوشی نہ ہو۔ تم نے ہی اس کو ہمارے لیے آگے تیار کیا ہے۔ سو وہ بری قرار گاہ ہے۔ کہیں گے کہ اے ہمارے پروردگار! جس نے ہمارے لیے یہ عذاب آگے تیار کیا ہے۔

اسے تو آگ میں دہرا عذاب دے۔ اور کہیں گے ہمیں کیا ہوا کہ ہم ان آدمیوں کو نہیں دیکھتے جنہیں ہم شریر گنا کرتے تھے۔ ہم ان سے ٹھٹھا کیا کرتے تھے۔ یا ان کی طرف سے ہماری آنکھیں بہک گئیں بے شک یہ حق ہے۔ دوزخیوں کا آپس میں جھگڑنا۔

-صٓ ۳۸:۵۵-۶۴-

النَّارِ ﴿٥٩﴾ قَالُوا بَلْ أَنتُمْ لَا مَرْحَبًا بِكُمْ أَنتُمْ قَدَّمْتُمُوهُ لَنَا فَبِئْسَ الْقَرَارُ ﴿٦٠﴾ قَالُوا رَبَّنَا مَن قَدَّمَ لَنَا هَٰذَا فَزِدْهُ عَذَابًا ضِعْفًا فِي النَّارِ ﴿٦١﴾ وَقَالُوا مَا لَنَا لَا نَرَىٰ رِجَالًا كُنَّا نَعُدُّهُم مِّنَ الْأَشْرَارِ ﴿٦٢﴾ أَتَّخَذْنَاهُمْ سِخْرِيًّا أَمْ زَاغَتْ عَنْهُمُ الْأَبْصَارُ ﴿٦٣﴾ إِنَّ ذَٰلِكَ لَحَقٌّ تَخَاصُمُ أَهْلِ النَّارِ ﴿٦٤﴾

۵۵-وَإِذْ يَتَحَاجُّونَ فِي النَّارِ فَيَقُولُ الضُّعَفَاءُ لِلَّذِينَ اسْتَكْبَرُوا إِنَّا كُنَّا لَكُمْ تَبَعًا فَهَلْ أَنتُم مُّغْنُونَ عَنَّا نَصِيبًا مِّنَ النَّارِ ﴿٤٧﴾ قَالَ الَّذِينَ اسْتَكْبَرُوا إِنَّا كُلٌّ فِيهَا إِنَّ اللَّهَ قَدْ حَكَمَ بَيْنَ الْعِبَادِ ﴿٤٨﴾

۵۶-قَالَ قَرِينُهُ رَبَّنَا مَا أَطْغَيْتُهُ وَلَٰكِن كَانَ فِي ضَلَالٍ بَعِيدٍ ﴿٢٧﴾ قَالَ لَا تَخْتَصِمُوا لَدَيَّ وَقَدْ قَدَّمْتُ إِلَيْكُم بِالْوَعِيدِ ﴿٢٨﴾ مَا يُبَدَّلُ الْقَوْلُ لَدَيَّ وَمَا أَنَا بِظَلَّامٍ لِّلْعَبِيدِ ﴿٢٩﴾

۵۷-فَأَمَّا الَّذِينَ شَقُوا فَفِي النَّارِ لَهُمْ فِيهَا زَفِيرٌ وَشَهِيقٌ ﴿١٠٦﴾ خَالِدِينَ فِيهَا مَا دَامَتِ السَّمَاوَاتُ وَالْأَرْضُ إِلَّا مَا شَاءَ رَبُّكَ إِنَّ رَبَّكَ فَعَّالٌ لِّمَا يُرِيدُ ﴿١٠٧﴾

۵۸-تَلْفَحُ وُجُوهَهُمُ النَّارُ وَهُمْ فِيهَا كَالِحُونَ ﴿١٠٤﴾ أَلَمْ تَكُنْ آيَاتِي تُتْلَىٰ عَلَيْكُمْ فَكُنتُم بِهَا تُكَذِّبُونَ ﴿١٠٥﴾ قَالُوا رَبَّنَا غَلَبَتْ عَلَيْنَا شِقْوَتُنَا وَكُنَّا قَوْمًا ضَالِّينَ ﴿١٠٦﴾ رَبَّنَا أَخْرِجْنَا مِنْهَا فَإِنْ عُدْنَا فَإِنَّا ظَالِمُونَ ﴿١٠٧﴾

۵۵-اور جب وہ آگ میں ایک دوسرے سے جھگڑیں گے تو ناتواں ان لوگوں سے جو بڑے بنے ہوئے تھے کہیں گے کہ ہم تمہاری پیروی کرتے تھے تو کیا تم ہمارے لیے آگ کے ایک حصے سے کفایت کرنے والے ہو؟ وہ جو بڑے بنے ہوئے تھے کہیں گے کہ ہم تم سب اسی میں ہیں اور اللہ نے بندوں کے درمیان فیصلہ کر دیا ہے۔

-المؤمن ۴۰:۴۷-۴۸

۵۶-اور اس کا ساتھی کہے گا کہ اے ہمارے پروردگار! میں نے اسے گمراہ نہیں کیا تھا لیکن وہ آپ ہی پرلے درجے کی گمراہی میں تھا۔ اللہ کہے گا کہ میرے پاس جھگڑا نہ کرو۔ میں نے پہلے تمہاری طرف ڈراوا بھیج دیا تھا۔ میرے ہاں بات بدلی نہیں جاتی اور میں بندوں پر ظلم کرنے والا نہیں ہوں۔

-قٓ ۵۰:۲۷-۲۹-

۲۳-دوزخیوں کی واویلا و فریاد

۵۷-لیکن جو لوگ بدنصیب ہیں وہ آگ میں ہوں گے ان کے لیے اس میں دھاڑنا اور چلانا ہے۔ وہ ہمیشہ اسی میں رہیں گے جب تک آسمان اور زمین قائم ہیں مگر جس قدر تیرا پروردگار چاہے۔ بے شک تیرا پروردگار جو چاہتا ہے کر ڈالتا ہے۔

-ہود ۱۱:۱۰۷-

۵۸-آگ ان کے مونہہ جھلس دے گی اور وہ اس میں بدشکل ہوں گے۔ کیا یہ نہیں تھا کہ میری آیتیں تم پر پڑھی جاتی تھیں تو تم انہیں جھٹلاتے تھے۔ کہیں گے کہ اے ہمارے پروردگار! ہم پر ہماری بدنصیبی غالب آ گئی تھی اور ہم گمراہ لوگ تھے۔ اے ہمارے پروردگار! ہمیں اس سے نکال اگر ہم (برے کام) کریں تو بے شک ہم ظالم ہیں۔ اللہ فرمائے گا کہ اسی میں خوار پڑے رہو۔ اور مجھ سے بات نہ کرو۔ میرے بندوں میں سے ایک فریق کہا کرتا تھا کہ اے ہمارے پروردگار! ہم ایمان لے آئے تو ہمیں بخش دے اور ہم پر رحم کر اور تو ہی سب رحم کرنے والوں سے بڑھ کر رحم کرنے والا ہے۔ تو تم نے ان کا ٹھٹھا بنا لیا

یہاں تک کہ انہوں نے تمہیں میری یاد بھی بھلا دی اور تم ان پر ہنسا کرتے تھے۔

۔المؤمنون ۲۳: ۱۰۹۔۱۱۰

۵۹۔ اور وہ اس میں چلائیں گے کہ اے ہمارے پروردگار! ہمیں نکال تاکہ ہم ان عملوں کے خلاف جو ہم کیا کرتے تھے نیک عمل کریں۔ کیا ہم نے تمہیں اتنی عمر نہیں دی تھی جس میں نصیحت پکڑنے والا نصیحت پکڑتا اور تمہارے پاس ڈرانے والا بھی آیا تھا۔ تو اب تم مزہ چکھو۔ ظالموں کا کوئی مددگار نہیں ہے۔

۔فاطر ۳۵: ۳۷

۲۴۔ دوزخیوں کو کھولتا پانی

۶۰۔ پھر بلاشبہ ان کے لیے اس کھانے پر گرم پانی سے ملونی ہے۔ پھر بلاشبہ ان کا لوٹنا دوزخ کی طرف ہے۔ انہوں نے اپنے باپ دادوں کو گمراہ پایا، سو وہ انہیں کے نقش قدم پر دوڑے چلے جا رہے ہیں۔

۔الصّٰفّٰت ۳۷: ۶۷۔۷۰

۶۱۔ یہ ہے عذاب پس اسے چکھو گرم پانی ہے اور پیپ۔

۔صٓ ۳۸: ۵۷

۶۲۔ پھر اس کے سر پر کھولتے پانی کا عذاب الٹ دو۔ چکھ، بے شک تو ہی شریف عزت والا ہے۔ بے شک یہ وہ ہے جس میں تم شک کرتے تھے۔

۔الدخان ۴۴: ۴۸۔۵۰

۶۳۔ اور انہیں کھولتا پانی پلایا جائے گا۔ سو وہ ان کی

قَالَ اخْسَئُوا فِيهَا وَلَا تُكَلِّمُونِ ۝ إِنَّهُ كَانَ فَرِيقٌ مِّنْ عِبَادِي يَقُولُونَ رَبَّنَا آمَنَّا فَاغْفِرْ لَنَا وَارْحَمْنَا وَأَنتَ خَيْرُ الرَّاحِمِينَ ۝ فَاتَّخَذْتُمُوهُمْ سِخْرِيًّا حَتَّىٰ أَنسَوْكُمْ ذِكْرِي وَكُنتُم مِّنْهُمْ تَضْحَكُونَ ۝

۵۹۔ وَهُمْ يَصْطَرِخُونَ فِيهَا رَبَّنَا أَخْرِجْنَا نَعْمَلْ صَالِحًا غَيْرَ الَّذِي كُنَّا نَعْمَلُ ۚ أَوَلَمْ نُعَمِّرْكُم مَّا يَتَذَكَّرُ فِيهِ مَن تَذَكَّرَ وَجَاءَكُمُ النَّذِيرُ ۖ فَذُوقُوا فَمَا لِلظَّالِمِينَ مِن نَّصِيرٍ ۝

۶۰۔ ثُمَّ إِنَّ لَهُمْ عَلَيْهَا لَشَوْبًا مِّنْ حَمِيمٍ ۝ ثُمَّ إِنَّ مَرْجِعَهُمْ لَإِلَى الْجَحِيمِ ۝ إِنَّهُمْ أَلْفَوْا آبَاءَهُمْ ضَالِّينَ ۝ فَهُمْ عَلَىٰ آثَارِهِمْ يُهْرَعُونَ ۝

۶۱۔ هَٰذَا فَلْيَذُوقُوهُ حَمِيمٌ وَغَسَّاقٌ ۝

۶۲۔ ثُمَّ صُبُّوا فَوْقَ رَأْسِهِ مِنْ عَذَابِ الْحَمِيمِ ۝ ذُقْ إِنَّكَ أَنتَ الْعَزِيزُ الْكَرِيمُ ۝ إِنَّ هَٰذَا مَا كُنتُم بِهِ تَمْتَرُونَ ۝

۶۳۔ وَسُقُوا مَاءً حَمِيمًا فَقَطَّعَ أَمْعَاءَهُمْ ۝

۶۴۔ يَطُوفُونَ بَيْنَهَا وَبَيْنَ حَمِيمٍ آنٍ ۝

۶۵۔ فِي سَمُومٍ وَحَمِيمٍ ۝

۶۶۔ فَشَارِبُونَ عَلَيْهِ مِنَ الْحَمِيمِ ۝ فَشَارِبُونَ شُرْبَ الْهِيمِ ۝

۶۷۔ لَهُمْ شَرَابٌ مِّنْ حَمِيمٍ وَعَذَابٌ أَلِيمٌ بِمَا كَانُوا يَكْفُرُونَ ۝

آنتیں کاٹ ڈالے گا۔

۔محمد ۴۷: ۱۵

۶۴۔ وہ (مجرم) اس (دوزخ) کے اور گرم کھولتے ہوئے پانی کے درمیان گشت کرتے پھریں گے۔

۔الرحمٰن ۵۵: ۴۴

۶۵۔ لو اور گرم پانی میں ہوں گے۔

۔الواقعۃ ۵۶: ۴۲

۶۶۔ پھر (اے مجرمو!) تم اس کھانے پر کھولتا پانی پینے والے ہو۔ پھر تونسے ہوئے اونٹوں کا پینا پینے والے ہو۔

۔الواقعۃ ۵۶: ۵۴۔۵۵

۶۷۔ ان کے لیے پینا گرم پانی سے ہے اور دردناک عذاب۔ بدلا اس کا کہ وہ کفر کرتے تھے۔

۔الانعام ۶: ۷۰ و یونس ۱۰: ۴

٦٨۔ ان کے سروں پر گرم پانی ڈالا جائے گا۔

۔الحج ٢٢: ١٩۔

٦٩۔ مگر کھولتا پانی اور پیپ چکھیں گے۔

۔النباء ٧٨: ٢٥۔

٧٠۔ وہ کھولتے چشمے سے پلائے جائیں گے۔

۔الغاشیۃ ٨٨: ٥۔

٢٥۔ دوزخیوں کو پیپ

٧١۔ اور اگر وہ فریاد کریں گے تو ان کی فریاد رسی ایسے پانی سے کی جائے گی جو پگھلے ہوئے تانبے کی مانند ہوگا۔ وہ مونہوں کو بھون ڈالے گا۔ برا پینا ہے اور وہ آگ فائدہ اٹھانے میں بری ہے۔

۔الکہف ١٨: ٢٩۔

٧٢۔ یہ عذاب ہے۔ پس اسے چکھو گرم پانی اور پیپ۔

۔ص ٣٨: ٥٧۔

٧٣۔ مگر کھولتا پانی اور پیپ چکھیں گے۔

۔النباء ٧٨: ٢٥۔

٢٦۔ سینڈھ کے درخت کی خوراک

٧٤۔ بھلا بلحاظِ مہمانی یہ بہتر ہے یا سینڈھ کا درخت۔ بے شک ہم نے اسے ظالموں کی آزمایش کا ذریعہ ٹھہرایا ہے۔ وہ ایک درخت ہے جو دوزخ کی جڑ میں نکلتا ہے۔ اس کا سر گویا کہ وہ شیطانوں کے بہت سے سر ہیں۔ سو بے شک وہ اسی سے کھانے والے ہیں، پھر اسی سے پیٹ بھرنے والے ہیں۔

۔الصّٰفّٰت ٣٧: ٦٢۔ ٦٦۔

٦٨۔ يُصَبُّ مِنْ فَوْقِ رُءُوسِهِمُ الْحَمِيمُ ﴿١٩﴾

٦٩۔ إِلَّا حَمِيمًا وَغَسَّاقًا ﴿٢٥﴾

٧٠۔ تُسْقَىٰ مِنْ عَيْنٍ آنِيَةٍ ﴿٥﴾

٧١۔ وَإِنْ يَسْتَغِيثُوا يُغَاثُوا بِمَاءٍ كَالْمُهْلِ يَشْوِي الْوُجُوهَ ۚ بِئْسَ الشَّرَابُ وَسَاءَتْ مُرْتَفَقًا ﴿٢٩﴾

٧٢۔ هَٰذَا فَلْيَذُوقُوهُ حَمِيمٌ وَغَسَّاقٌ ﴿٥٧﴾

٧٣۔ إِلَّا حَمِيمًا وَغَسَّاقًا ﴿٢٥﴾

٧٤۔ أَذَٰلِكَ خَيْرٌ نُزُلًا أَمْ شَجَرَةُ الزَّقُّومِ ﴿٦٢﴾ إِنَّا جَعَلْنَاهَا فِتْنَةً لِلظَّالِمِينَ ﴿٦٣﴾ إِنَّهَا شَجَرَةٌ تَخْرُجُ فِي أَصْلِ الْجَحِيمِ ﴿٦٤﴾ طَلْعُهَا كَأَنَّهُ رُءُوسُ الشَّيَاطِينِ ﴿٦٥﴾ فَإِنَّهُمْ لَآكِلُونَ مِنْهَا فَمَالِئُونَ مِنْهَا الْبُطُونَ ﴿٦٦﴾

٧٥۔ إِنَّ شَجَرَتَ الزَّقُّومِ ﴿٤٣﴾ طَعَامُ الْأَثِيمِ ﴿٤٤﴾ كَالْمُهْلِ يَغْلِي فِي الْبُطُونِ ﴿٤٥﴾ كَغَلْيِ الْحَمِيمِ ﴿٤٦﴾ خُذُوهُ فَاعْتِلُوهُ إِلَىٰ سَوَاءِ الْجَحِيمِ ﴿٤٧﴾ ثُمَّ صُبُّوا فَوْقَ رَأْسِهِ مِنْ عَذَابِ الْحَمِيمِ ﴿٤٨﴾ ذُقْ إِنَّكَ أَنْتَ الْعَزِيزُ الْكَرِيمُ ﴿٤٩﴾ إِنَّ هَٰذَا مَا كُنْتُمْ بِهِ تَمْتَرُونَ ﴿٥٠﴾

٧٦۔ ثُمَّ إِنَّكُمْ أَيُّهَا الضَّالُّونَ الْمُكَذِّبُونَ ﴿٥١﴾ لَآكِلُونَ مِنْ شَجَرٍ مِنْ زَقُّومٍ ﴿٥٢﴾ فَمَالِئُونَ مِنْهَا الْبُطُونَ ﴿٥٣﴾

٧٥۔ بے شک سینڈھ کا درخت گنہگار کا کھانا ہے، پگھلے ہوئے تانبے کی طرح پیٹوں میں کھولے گا، جیسے گرم پانی کھولتا ہے۔ اسے پکڑو پھر اسے دوزخ کے بیچوں بیچ گھسیٹو۔ پھر اس کے سر پر کھولتے ہوئے پانی کا عذاب چھوڑ دو۔ چکھ، بے شک تو ہی عزت والا، بزرگی والا ہے۔ بے شک یہ وہ ہے جس میں تم شک کرتے تھے۔

۔الدخان ٤٤: ٤٣۔ ٥٠۔

٧٦۔ پھر اسے جھٹلانے والے گمراہو! کچھ شک نہیں کہ تم سینڈھ کے درخت سے خوراک کھانے والے ہو، پھر اسی سے پیٹ بھرنے والے ہو۔

۔الواقعۃ ٥٦: ٥١۔ ٥٣۔

۲۷۔ کانٹے دار جھاڑیوں کی خوراک

۷۷۔ان کا کھانا بجز کانٹے دار جھاڑی کے اور کچھ نہ ہوگا۔

۔الغاشیہ ۸۸:۶۔

۲۸۔ زخموں کے دھوون خوراک کو

۷۸۔اور ان کے لیے کھانا زخموں کا دھوون ہوگا، جسے وہی کھائیں گے جو گنہگار ہیں۔

۔الحاقہ ۶۹:۳۶۔۳۷

۲۹۔ نہ موٹے ہوں نہ بھوک جائے

۷۹۔وہ کانٹے دار جھاڑی نہ موٹا کرے گی اور نہ بھوک سے کفایت کرے گی۔

۔الغاشیہ ۸۸:۷۔

۳۰۔ کھانا گلے میں اٹکے گا

۸۰۔اور کھانا ہے گلے میں اٹکنے والا اور دردناک عذاب ہے۔

۔المزمل ۷۳:۱۳۔

۳۱۔ دوزخیوں کا اعتراف گناہ

۸۱۔دوزخ قریب ہے کہ غصے سے پھٹ پڑے۔ جب اس میں کوئی جماعت ڈالی جائے گی تو اس کے داروغے ان سے پوچھیں گے کہ کیا تمہارے پاس کوئی ڈرانے والا نہیں آیا تھا۔ وہ کہیں گے کہ کیوں نہیں، ہمارے پاس ڈرانے والا آیا تو ہم نے اسے جھٹلایا اور کہا کہ اللہ نے کوئی شے نہیں اتاری۔تم تو بڑی گمراہی میں ہو۔اور کہیں گے کہ اگر ہم (نذیر کی) سنتے یا سمجھتے تو ہم دوزخیوں میں نہ ہوتے۔سو وہ اپنے گناہ کا اقرار کریں گے بس دوزخیوں کے لیے پھٹکار ہے۔

۔الملک ۶۷:۸۔۱۱۔

۳۲۔ دوزخ میں دوزخیوں کی کھال بدلتی رہے گی

۸۲۔جب ان کی کھالیں پک جائیں گی تو ہم انہیں ان کے سوا دوسری کھالیں بدل دیں گے تا کہ وہ عذاب چکھتے رہیں۔ بے شک اللہ غالب ہے، حکمت والا۔

۔النساء ۴:۵۶۔

۷۷۔ لَيْسَ لَهُمْ طَعَامٌ إِلَّا مِنْ ضَرِيعٍ ﴿٦﴾

۷۸۔ وَلَا طَعَامٌ إِلَّا مِنْ غِسْلِينٍ ﴿٣٦﴾ لَا يَأْكُلُهُ إِلَّا الْخَاطِئُونَ ﴿٣٧﴾

۷۹۔ لَا يُسْمِنُ وَلَا يُغْنِي مِنْ جُوعٍ ﴿٧﴾

۸۰۔ وَطَعَامًا ذَا غُصَّةٍ وَعَذَابًا أَلِيمًا ﴿١٣﴾

۸۱۔ تَكَادُ تَمَيَّزُ مِنَ الْغَيْظِ ۖ كُلَّمَا أُلْقِيَ فِيهَا فَوْجٌ سَأَلَهُمْ خَزَنَتُهَا أَلَمْ يَأْتِكُمْ نَذِيرٌ ﴿٨﴾ قَالُوا بَلَىٰ قَدْ جَاءَنَا نَذِيرٌ فَكَذَّبْنَا وَقُلْنَا مَا نَزَّلَ اللَّهُ مِنْ شَيْءٍ إِنْ أَنْتُمْ إِلَّا فِي ضَلَالٍ كَبِيرٍ ﴿٩﴾ وَقَالُوا لَوْ كُنَّا نَسْمَعُ أَوْ نَعْقِلُ مَا كُنَّا فِي أَصْحَابِ السَّعِيرِ ﴿١٠﴾ فَاعْتَرَفُوا بِذَنْبِهِمْ فَسُحْقًا لِأَصْحَابِ السَّعِيرِ ﴿١١﴾

۸۲۔ كُلَّمَا نَضِجَتْ جُلُودُهُمْ بَدَّلْنَاهُمْ جُلُودًا غَيْرَهَا لِيَذُوقُوا الْعَذَابَ ۗ إِنَّ اللَّهَ كَانَ عَزِيزًا حَكِيمًا ﴿٥٦﴾

۸۳۔ هَٰذَانِ خَصْمَانِ اخْتَصَمُوا فِي رَبِّهِمْ ۖ فَالَّذِينَ كَفَرُوا قُطِّعَتْ لَهُمْ ثِيَابٌ مِنْ نَارٍ يُصَبُّ مِنْ فَوْقِ رُءُوسِهِمُ الْحَمِيمُ ﴿١٩﴾

۸۴۔ يُصْهَرُ بِهِ مَا فِي بُطُونِهِمْ وَالْجُلُودُ ﴿٢٠﴾

۸۵۔ وَسُقُوا مَاءً حَمِيمًا فَقَطَّعَ أَمْعَاءَهُمْ ﴿١٥﴾

۳۳۔ آگ کے کپڑے

۸۳۔یہ جھگڑنے والے دو فریق ہیں جنہوں نے اپنے پروردگار کے بارے میں جھگڑا کیا۔سو جنہوں نے کفر کیا ان کے لیے آگ کے کپڑے بیونتے جائیں گے ان کے سروں پر سے گرم پانی چھوڑا جائے گا۔

۔الحج ۲۲:۱۹۔

۳۴۔ آنتیں اور کھالیں

۸۴۔جو ان کے پیٹوں میں ہے وہ اور کھالیں گلا دی جائیں گی۔

۔الحج ۲۲:۲۰۔

۸۵۔اور انہیں گرم پانی پلایا جائے گا، سو وہ ان کی آنتیں کاٹ ڈالے گا۔

۔محمد ۴۷:۱۵۔

۸۶۔ وَلَهُمْ مَّقَامِعُ مِنْ حَدِيْدٍ ﴿۲۱﴾

۸۷۔ كُلَّمَآ اَرَادُوْٓا اَنْ يَّخْرُجُوْا مِنْهَا مِنْ غَمٍّ اُعِيْدُوْا فِيْهَا ۗ وَذُوْقُوْا عَذَابَ الْحَرِيْقِ ﴿۲۲﴾

۸۸۔ وَاِذَا صُرِفَتْ اَبْصَارُهُمْ تِلْقَآءَ اَصْحٰبِ النَّارِ ۙ قَالُوْا رَبَّنَا لَا تَجْعَلْنَا مَعَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۴۷﴾

۸۹۔ وَنَادٰٓى اَصْحٰبُ الْاَعْرَافِ رِجَالًا يَّعْرِفُوْنَهُمْ بِسِيْمٰهُمْ قَالُوْا مَآ اَغْنٰى عَنْكُمْ جَمْعُكُمْ وَمَا كُنْتُمْ تَسْتَكْبِرُوْنَ ﴿۴۸﴾ اَهٰٓؤُلَآءِ الَّذِيْنَ اَقْسَمْتُمْ لَا يَنَالُهُمُ اللّٰهُ بِرَحْمَةٍ ۭ اُدْخُلُوا الْجَنَّةَ لَا خَوْفٌ عَلَيْكُمْ وَلَآ اَنْتُمْ تَحْزَنُوْنَ ﴿۴۹﴾

۹۰۔ فَاَقْبَلَ بَعْضُهُمْ عَلٰى بَعْضٍ يَّتَسَآءَلُوْنَ ﴿۵۰﴾ قَالَ قَآئِلٌ مِّنْهُمْ اِنِّىْ كَانَ لِىْ قَرِيْنٌ ﴿۵۱﴾ يَّقُوْلُ اَئِنَّكَ لَمِنَ الْمُصَدِّقِيْنَ ﴿۵۲﴾ ءَاِذَا مِتْنَا وَكُنَّا تُرَابًا وَّعِظَامًا ءَاِنَّا لَمَدِيْنُوْنَ ﴿۵۳﴾ قَالَ هَلْ اَنْتُمْ مُّطَّلِعُوْنَ ﴿۵۴﴾ فَاطَّلَعَ فَرَاٰهُ فِىْ سَوَآءِ الْجَحِيْمِ ﴿۵۵﴾ قَالَ تَاللّٰهِ اِنْ كِدْتَّ لَتُرْدِيْنِ ﴿۵۶﴾ وَلَوْلَا نِعْمَةُ رَبِّىْ لَكُنْتُ مِنَ الْمُحْضَرِيْنَ ﴿۵۷﴾ اَفَمَا نَحْنُ بِمَيِّتِيْنَ ﴿۵۸﴾ اِلَّا مَوْتَتَنَا الْاُوْلٰى وَمَا نَحْنُ بِمُعَذَّبِيْنَ ﴿۵۹﴾ اِنَّ هٰذَا لَهُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ﴿۶۰﴾ لِمِثْلِ هٰذَا فَلْيَعْمَلِ الْعٰمِلُوْنَ ﴿۶۱﴾

۳۵۔ لوہے کے ہتھوڑے

۸۶۔ اور ان کے لیے لوہے کے ہتھوڑے ہیں۔

۔الحج ۲۲: ۲۱۔

۳۶۔ دوزخی دوزخ سے نکلنا چاہیں گے مگر اسی میں لوٹا دیے جائیں گے

۸۷۔ جب کبھی بھی وہ غم کی وجہ سے اس سے نکلنے کا ارادہ کریں گے اسی میں پھر لوٹا دیے جائیں گے اور (ان سے کہا جائے گا کہ تم) جلن کا عذاب چکھو۔

۔الحج ۲۲: ۲۲۔

۳۷۔ اہلِ اعراف دوزخیوں سے پناہ مانگیں گے

۸۸۔ اور جب ان کی نظریں دوزخیوں کی طرف پڑیں گی تو کہیں گے کہ ہمارے پروردگار! ہمیں ان ظالم لوگوں کے ساتھ نہ کرنا۔

۔الاعراف ۷: ۴۷۔

۳۸۔ اہلِ اعراف کا دوزخیوں سے سوال

۸۹۔ اور اعراف والے کچھ لوگوں کو جنہیں وہ ان کی علامتوں سے پہچان لیں گے پکار کر کہیں گے کہ تمہاری جمعیت اور یہ کہ تم تکبر کیا کرتے تھے، تمہارے کام نہ آئے۔ بھلا یہی وہ لوگ ہیں جن کی نسبت تم قسمیں کھاتے تھے کہ اللہ انہیں رحمت میں داخل نہیں کرے گا (مومنو!) جنت میں داخل ہو۔ نہ تم پر کچھ خوف ہے اور نہ تم غمگین ہو گے۔

۔الاعراف ۷: ۴۸۔۴۹

۳۹۔ دوزخیوں سے جنتیوں کی بات چیت

۹۰۔ پھر بعض بعض کی طرف متوجہ ہو کر ایک دوسرے سے پوچھیں گے۔ ان میں سے ایک کہنے والا کہے گا کہ (دنیا میں) میرا ایک ساتھی تھا وہ کہا کرتا تھا کہ کیا تو بھی تصدیق کرنے والوں میں ہے۔ بھلا جب ہم مر گئے اور مٹی اور ہڈیاں ہو گئے تو کیا ہم جزا دیے جائیں گے۔ فرمائے گا کیا تم جھانک کر دیکھو گے۔ وہ جھانک کر دیکھے گا تو اسے دوزخ کی تلی میں دیکھے گا۔ کہے گا، خدا کی قسم! تو تو قریب ہی تھا کہ مجھے ہلاک کر دے اور اگر میرے پروردگار کی مہر نہ ہوتی تو میں بھی ضرور عذاب میں حاضر کیے ہوؤں میں ہوتا۔ تو کیا یہ بات نہیں ہے کہ ہم مرنے والے نہیں ہیں۔ ہاں اپنی پہلی موت (جو دنیا میں مر چکے) اور ہم عذاب نہیں دیے جائیں گے۔ بے شک یہ جو ہے یہی بڑی مراد پانا ہے۔ ایسی ہی چیز کے لیے عمل کرنے والوں کو عمل کرنا چاہیے۔

۔الصّٰفّٰت ۳۷: ۵۰۔۶۱۔

۹۱۔ مگر داہنی طرف والے، باغوں میں پوچھتے ہوں گے گنہگاروں سے کہ تمہیں دوزخ میں کس چیز نے ڈالا؟ وہ کہیں گے کہ ہم نمازیوں میں نہ تھے اور محتاج کو کھانا نہیں دیتے تھے اور بیہودہ بکواس کرنے والوں کے ساتھ بکواس کیا کرتے تھے اور انصاف کے دن کو جھٹلاتے تھے۔ یہاں تک کہ ہمیں موت آ گئی۔

۔المدثر ۷۴: ۳۹۔۴۷۔

۴۰۔ دوزخ کے داروغوں سے عذاب کی تخفیف کے لیے بے فائدہ درخواست

۹۲۔ اور جو دوزخ میں ہوں گے، وہ دوزخ کے داروغوں سے کہیں گے کہ اپنے پروردگار سے دعا کرو کہ وہ ایک دن ہم سے عذاب ہلکا کر دے۔ وہ جواب دیں گے کہ کیا تمہارے پاس تمہارے رسول کھلی دلیلیں لے کر نہیں آئے تھے؟ وہ کہیں گے کیوں نہیں۔ کہیں گے تو تم خود ہی دعا کرو اور کافروں کی دعا تو بے کار ہی ہے۔

۔المؤمن ۴۰: ۴۹۔۵۰۔

۴۱۔ جنتیوں سے کھانا، پانی مانگنا

۹۳۔ اور دوزخ والے بہشت والوں کو پکاریں گے کہ ہم پر پانی سے یا اس نعمت سے جو اللہ نے تمہیں دی ہے، کچھ فیض کرو۔ وہ جواب دیں گے کہ اللہ نے ان دونوں کو کافروں پر حرام کر دیا ہے۔ وہ جنہوں نے اپنا دین کھیل تماشا بنا رکھا ہے اور دنیا کی زندگی نے انہیں دھوکے میں ڈال رکھا ہے۔ سو آج ہم انہیں بھول جائیں گے جیسا کہ وہ اپنے اس دن کی ملاقات کو بھولے ہوئے تھے اور جیسا کہ وہ ہماری آیتوں کا انکار کرتے تھے۔

۔الاعراف ۷: ۵۰۔۵۱۔

۹۱۔ اِلَّآ اَصۡحٰبَ الۡيَمِيۡنِ ﴿۳۹﴾ فِیۡ جَنّٰتٍ ۛ يَتَسَآءَلُوۡنَ ﴿۴۰﴾ عَنِ الۡمُجۡرِمِيۡنَ ﴿۴۱﴾ مَا سَلَكَكُمۡ فِیۡ سَقَرَ ﴿۴۲﴾ قَالُوۡا لَمۡ نَكُ مِنَ الۡمُصَلِّيۡنَ ﴿۴۳﴾ وَلَمۡ نَكُ نُطۡعِمُ الۡمِسۡكِيۡنَ ﴿۴۴﴾ وَكُنَّا نَخُوۡضُ مَعَ الۡخَآئِضِيۡنَ ﴿۴۵﴾ وَكُنَّا نُكَذِّبُ بِيَوۡمِ الدِّيۡنِ ﴿۴۶﴾ حَتّٰٓى اَتٰٮنَا الۡيَقِيۡنُ ﴿۴۷﴾

۹۲۔ وَقَالَ الَّذِيۡنَ فِى النَّارِ لِخَزَنَةِ جَهَنَّمَ ادۡعُوۡا رَبَّكُمۡ يُخَفِّفۡ عَنَّا يَوۡمًا مِّنَ الۡعَذَابِ ﴿۴۹﴾ قَالُوۡۤا اَوَلَمۡ تَكُ تَاۡتِيۡكُمۡ رُسُلُكُمۡ بِالۡبَيِّنٰتِ ؕ قَالُوۡا بَلٰى ؕ قَالُوۡا فَادۡعُوۡا ۚ وَمَا دُعٰٓؤُا الۡكٰفِرِيۡنَ اِلَّا فِىۡ ضَلٰلٍ ﴿۵۰﴾

۹۳۔ وَنَادٰۤى اَصۡحٰبُ النَّارِ اَصۡحٰبَ الۡجَـنَّةِ اَنۡ اَفِيۡضُوۡا عَلَيۡنَا مِنَ الۡمَآءِ اَوۡ مِمَّا رَزَقَكُمُ اللّٰهُ ؕ قَالُوۡۤا اِنَّ اللّٰهَ حَرَّمَهُمَا عَلَى الۡكٰفِرِيۡنَ ﴿۵۰﴾ الَّذِيۡنَ اتَّخَذُوۡا دِيۡنَهُمۡ لَهۡوًا وَّلَعِبًا وَّغَرَّتۡهُمُ الۡحَيٰوةُ الدُّنۡيَا ۚ فَالۡيَوۡمَ نَنۡسٰٮهُمۡ كَمَا نَسُوۡا لِقَآءَ يَوۡمِهِمۡ هٰذَا ۙ وَمَا كَانُوۡا بِاٰيٰتِنَا يَجۡحَدُوۡنَ ﴿۵۱﴾

۹۴۔ وَاِذَاۤ اُلۡقُوۡا مِنۡهَا مَكَانًا ضَيِّقًا مُّقَرَّنِيۡنَ دَعَوۡا هُنَالِكَ ثُبُوۡرًا ؕ ﴿۱۳﴾ لَا تَدۡعُوا الۡيَوۡمَ ثُبُوۡرًا وَّاحِدًا وَّادۡعُوۡا ثُبُوۡرًا كَثِيۡرًا ﴿۱۴﴾

۹۵۔ وَنَادَوۡا يٰمٰلِكُ لِيَقۡضِ عَلَيۡنَا رَبُّكَ ؕ قَالَ اِنَّكُمۡ مّٰكِثُوۡنَ ﴿۷۷﴾

۹۶۔ هُمۡ فِيۡهَا خٰلِدُوۡنَ ﴿۶۱﴾

۴۲۔ دوزخی موت مانگیں گے

۹۴۔ اور جب وہ زنجیروں میں جکڑے ہوئے اس میں کسی تنگ جگہ میں ڈالے جائیں گے تو اس موقعہ پر وہ موت مانگیں گے۔ آج ایک موت نہ مانگو اور بہت سی موتیں مانگو۔

۔الفرقان ۲۵: ۱۳۔۱۴۔

۴۳۔ بعض دوزخی ہمیشہ دوزخ میں

۹۵۔ اور (دوزخی) پکاریں گے کہ اے مالک! تیرا پروردگار ہم پر موت بھیج دے۔ وہ کہے گا کہ تم ہمیشہ رہنے والے ہو۔

۔الزخرف ۴۳: ۷۷۔

۹۶۔ وہ ہمیشہ اسی میں رہیں گا۔

۔البقرۃ ۲: ۳۹، ۸۱، ۲۱۷، ۲۵۷، ۲۷۵، و آل عمران ۳: ۱۱۶
والاعراف ۷: ۳۶ و یونس ۱۰: ۲۶ والرعد ۱۳: ۵ والمجادلۃ ۵۸: ۱۷۔

٩٧۔ خَالِدًا فِيهَا

٩٨۔ خٰلِدِيْنَ فِيهَا

٩٩۔ خٰلِدِيْنَ فِيهِ

١٠٠۔ خٰلِدِيْنَ فِيهَآ اَبَدًا

١٠١۔ وَفِي النَّارِ هُمْ خٰلِدُوْنَ

١٠٢۔ لَوْ كَانَ هٰٓؤُلَآءِ اٰلِهَةً مَّا وَرَدُوْهَا وَكُلٌّ فِيهَا خٰلِدُوْنَ

١٠٣۔ وَفِي الْعَذَابِ هُمْ خٰلِدُوْنَ

١٠٤۔ وَفِي النَّارِ هُمْ خٰلِدُوْنَ

١٠٥۔ فِيْ جَهَنَّمَ خٰلِدُوْنَ

١٠٦۔ لَهُمْ فِيهَا دَارُ الْخُلْدِ

١٠٧۔ اِنَّ الْمُجْرِمِيْنَ فِيْ عَذَابِ جَهَنَّمَ خٰلِدُوْنَ

١۔ قَالَ اخْرُجْ مِنْهَا مَذْءُوْمًا مَّدْحُوْرًا لَمَنْ تَبِعَكَ مِنْهُمْ لَاَمْلَئَنَّ جَهَنَّمَ مِنْكُمْ اَجْمَعِيْنَ

٢۔ اِنَّ عِبَادِيْ لَيْسَ لَكَ عَلَيْهِمْ سُلْطٰنٌ اِلَّا مَنِ اتَّبَعَكَ مِنَ الْغٰوِيْنَ

٩٧۔ وہ ہمیشہ اس میں رہے گا۔

۔النساء ٤: ١٤، ٩٣ والتوبة ٩: ٦٣۔

٩٨۔ وہ ہمیشہ اسی میں رہیں گے۔

۔البقرة ٢: ١٦٢ وآل عمران ٣: ٨٧ والانعام ٦: ١٢٨ والتوبة ٩: ٦٨ وهود ١١: ١٠٧ والنحل ١٦: ٢٩ والزمر ٣٩: ٧٢ والمؤمن ٤٠: ٧٦ والتغابن ٦٤: ١٠۔ والبينة ٩٨: ٦۔

٩٩۔ ہمیشہ اسی میں رہیں گے۔

۔طٰه ٢٠: ١٠١۔

١٠٠۔ ہمیشہ ہمیشہ اسی میں رہیں گے۔

۔النساء ٤: ١٦٩ والاحزاب ٣٣: ٦٥ والجن ٧٢: ٢٣۔

١٠١۔ اور آگ میں وہ ہمیشہ رہیں گے۔

۔التوبة ٩: ١٧۔

١٠٢۔ اگر یہ (بت) معبود ہوتے تو اس دوزخ پر وارد نہ ہوتے اور وہ سب ہمیشہ اسی میں رہیں گے۔

۔الانبياء ٢١: ٩٩۔

١٠٣۔ اور وہ ہمیشہ عذاب میں رہیں گے۔

۔المائدة ٥: ٨٠۔

١٠٤۔ اور وہ ہمیشہ آگ میں رہیں گے۔

۔التوبة ٩: ١٧۔

١٠٥۔ وہ ہمیشہ دوزخ میں رہیں گے۔

۔المؤمنون ٢٣: ١٠٣۔

١٠٦۔ ان کے لیے اس (دوزخ) میں ہمیشگی کا گھر ہے۔

۔حٰم السجدة ٤١: ٢٨۔

١٠٧۔ بے شک گنہگار دوزخ کے عذاب میں رہیں گے۔

۔الزخرف ٤٣: ٧٤۔

دوزخ میں کون جائیں گے؟

١۔ شیاطین اور اس کے متبعین

١۔ فرمایا (اے شیطان!) راندہ ہوا، برے حال کے ساتھ اس سے نکل۔ ذرا شک نہیں کہ جو ان میں سے تیرا تابع ہوگا تو میں بھی تم سب ہی سے دوزخ کو بھر دوں گا۔

۔الاعراف ٧: ١٨۔

٢۔ کچھ شک نہیں کہ جو میرے بندے ہیں ان پر تیرا زرا بس نہیں چلے گا مگر ہاں جو گمراہوں میں سے تیرا پیرو ہو جائے۔

۔الحجر ١٥: ٤٢

۳۔اور بے شک دوزخ ان سب کی وعدہ گاہ ہے۔

-الحجر ۱۵:۴۳-

۴۔فرمایا جو کوئی بھی ان میں سے تیرا تابع ہوگا تو بے شک دوزخ تمہارا پورا عوض ہے۔

-بنی اسرائیل ۱۷:۶۳-

۵۔سو (اے نبی ﷺ!) تیرے پروردگار کی قسم! ہم ضرور انہیں اور شیاطین کو اکٹھا کریں گے۔ پھر ہم ضرور انہیں گھٹنوں پر گرا ہوا دوزخ کے گرد حاضر کریں گے۔

-مریم ۱۹:۶۸-

۶۔اور شیطان کے سارے لشکر دوزخ میں جائیں گے۔

-الشعراء ۲۶:۹۵-

۷۔میں ضرور ہی تجھ سے اور جو ان میں سے تیرے تابع ہوں گے، ان سب سے ہی دوزخ کو بھر دوں گا۔

-ص ۳۸:۸۵-

۸۔پس اگر نہ کر سکو اور تم ہرگز نہ کر سکو گے، تو اس آگ سے بچو جس کا ایندھن آدمی اور پتھر ہیں۔ وہ آگ کافروں کے لیے تیار کی گئی ہے۔

-البقرۃ ۲:۲۴-

۹۔اور جو تم میں اپنے دین سے برگشتہ ہوگا اور کفر کی ہی حالت میں مرجائے گا تو ایسے لوگوں کا کیا کرایا دنیا اور آخرت میں اکارت گیا اور یہی ہیں دوزخی۔ وہ ہمیشہ دوزخ ہی میں رہیں گے۔

-البقرۃ ۲:۲۱۷-

۱۰۔اور جو لوگ منکر ہیں، ان کے حمایتی شیطان ہیں

۳۔وَإِنَّ جَهَنَّمَ لَمَوْعِدُهُمْ أَجْمَعِينَ ﴿٤٣﴾
۴۔قَالَ اذْهَبْ فَمَنْ تَبِعَكَ مِنْهُمْ فَإِنَّ جَهَنَّمَ جَزَاؤُكُمْ جَزَاءً مَوْفُورًا ﴿٦٣﴾
۵۔فَوَرَبِّكَ لَنَحْشُرَنَّهُمْ وَالشَّيَاطِينَ ثُمَّ لَنُحْضِرَنَّهُمْ حَوْلَ جَهَنَّمَ جِثِيًّا ﴿٦٨﴾
۶۔وَجُنُودُ إِبْلِيسَ أَجْمَعُونَ ﴿٩٥﴾
۷۔لَأَمْلَأَنَّ جَهَنَّمَ مِنْكَ وَمِمَّنْ تَبِعَكَ مِنْهُمْ أَجْمَعِينَ ﴿٨٥﴾
۸۔فَإِنْ لَمْ تَفْعَلُوا وَلَنْ تَفْعَلُوا فَاتَّقُوا النَّارَ الَّتِي وَقُودُهَا النَّاسُ وَالْحِجَارَةُ ۖ أُعِدَّتْ لِلْكَافِرِينَ ﴿٢٤﴾
۹۔وَمَنْ يَرْتَدِدْ مِنْكُمْ عَنْ دِينِهِ فَيَمُتْ وَهُوَ كَافِرٌ فَأُولَٰئِكَ حَبِطَتْ أَعْمَالُهُمْ فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ ۖ وَأُولَٰئِكَ أَصْحَابُ النَّارِ ۖ هُمْ فِيهَا خَالِدُونَ ﴿٢١٧﴾
۱۰۔وَالَّذِينَ كَفَرُوا أَوْلِيَاؤُهُمُ الطَّاغُوتُ يُخْرِجُونَهُمْ مِنَ النُّورِ إِلَى الظُّلُمَاتِ ۗ أُولَٰئِكَ أَصْحَابُ النَّارِ ۖ هُمْ فِيهَا خَالِدُونَ ﴿٢٥٧﴾
۱۱۔فَذُوقُوا الْعَذَابَ بِمَا كُنْتُمْ تَكْفُرُونَ ﴿١٠٦﴾
۱۲۔إِنَّ الَّذِينَ كَفَرُوا لَنْ تُغْنِيَ عَنْهُمْ أَمْوَالُهُمْ وَلَا أَوْلَادُهُمْ مِنَ اللَّهِ شَيْئًا ۖ وَأُولَٰئِكَ هُمْ وَقُودُ النَّارِ ﴿١٠﴾
۱۳۔إِنَّ الَّذِينَ كَفَرُوا لَنْ تُغْنِيَ عَنْهُمْ أَمْوَالُهُمْ وَلَا أَوْلَادُهُمْ مِنَ اللَّهِ شَيْئًا ۖ وَأُولَٰئِكَ أَصْحَابُ النَّارِ ۖ هُمْ فِيهَا خَالِدُونَ ﴿١١٦﴾

کہ ان کو روشنی سے نکال کر تاریکیوں میں دھکیلتے ہیں۔ یہی لوگ دوزخی ہیں۔ وہ ہمیشہ دوزخ میں رہیں گے۔

-البقرۃ ۲:۲۵۷-

۱۱۔جیسا تم کفر کرتے رہے، اب اس کے بدلے عذاب کے مزے چکھو۔

-آل عمران ۳:۱۰۶ والانعام ۶:۳۰ والانفال ۸:۳۵-

۱۲۔جو لوگ منکر ہیں، اللہ کے ہاں نہ تو ان کے مال ہی ان کے کچھ کام آئیں گے اور نہ ان کی اولاد ہی اور یہی ہیں دوزخ کے ایندھن۔

-آل عمران ۳:۱۰-

۱۳۔جو لوگ منکر ہیں ان کے مال اور ان کی اولاد اللہ کے ہاں ہرگز ان کے کچھ بھی کام نہ آئیں گے اور یہی لوگ دوزخی ہیں۔ یہ ہمیشہ دوزخ میں رہیں گے۔

-آل عمران ۳:۱۱۶-

۱۴۔اور اس آگ سے ڈرو جو کافروں کے لیے تیار کی گئی ہے۔

۔آل عمران ۳: ۱۳۱۔

۱۵۔شہروں میں کافروں کا چلنا پھرنا تمہیں مغالطے میں نہ ڈالے یہ تھوڑے سے فائدے ہیں۔ پھر ان کا ٹھکانا دوزخ ہے اور وہ بری جگہ ہے۔

۔آل عمران ۳: ۱۹۶۔۱۹۷۔

۱۶۔جن لوگوں نے ہماری آیتوں سے انکار کیا، ہم ان کو دوزخ میں داخل کریں گے۔ جب ان کی کھالیں گل جائیں گی تو ہم اس غرض سے کہ وہ عذاب کا مزہ چکھیں۔ گلی کھالوں کی جگہ دوسری کھالیں پیدا کر دیں گے۔ اللہ زبردست، صاحب تدبیر ہے۔

۔النساء ۴: ۵۶۔

۱۷۔بے شک اللہ منافق مردوں اور منافق عورتوں اور کافروں کو سب کو دوزخ میں جمع کرنے والا ہے۔

۔النساء ۴: ۱۴۰۔

۱۸۔کافروں کے لیے ہم نے ذلت کا عذاب تیار کر رکھا ہے۔

۔النساء ۴: ۱۵۱۔

۱۹۔جو لوگ کفر اور ظلم کرتے رہے، ان کو اللہ نہ تو بخشے ہی گا اور نہ ان کو راہ دکھائے گا بلکہ جہنم کا رستہ جس میں ہمیشہ ہمیشہ رہیں گے اور اللہ کے نزدیک یہ آسان ہے۔

۔النساء ۴: ۱۶۸۔۱۶۹۔

۲۰۔اور جن لوگوں نے انکار کیا اور ہماری آیتوں کو جھٹلایا، وہ دوزخی ہیں۔

۔المائدۃ ۵: ۱۰، ۸۶۔

۱۴۔وَاتَّقُوا النَّارَ الَّتِيٓ اُعِدَّتْ لِلْكٰفِرِيْنَ ۝

۱۵۔لَا يَغُرَّنَّكَ تَقَلُّبُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فِي الْبِلَادِ ۝ مَتَاعٌ قَلِيْلٌ ثُمَّ مَاْوٰىهُمْ جَهَنَّمُ ۭ وَبِئْسَ الْمِهَادُ ۝

۱۶۔اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِاٰيٰتِنَا سَوْفَ نُصْلِيْهِمْ نَارًا ۭ كُلَّمَا نَضِجَتْ جُلُوْدُھُمْ بَدَّلْنٰھُمْ جُلُوْدًا غَيْرَھَا لِيَذُوْقُوا الْعَذَابَ ۭ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَزِيْزًا حَكِيْمًا ۝

۱۷۔اِنَّ اللّٰهَ جَامِعُ الْمُنٰفِقِيْنَ وَالْكٰفِرِيْنَ فِيْ جَهَنَّمَ جَمِيْعَۨا ۝

۱۸۔وَاَعْتَدْنَا لِلْكٰفِرِيْنَ عَذَابًا مُّهِيْنًا ۝

۱۹۔اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَظَلَمُوْا لَمْ يَكُنِ اللّٰهُ لِيَغْفِرَ لَهُمْ وَلَا لِيَهْدِيَهُمْ طَرِيْقًا ۝ اِلَّا طَرِيْقَ جَهَنَّمَ خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اَبَدًا ۭ وَكَانَ ذٰلِكَ عَلَي اللّٰهِ يَسِيْرًا ۝

۲۰۔وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَكَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَآ اُولٰۗىِٕكَ اَصْحٰبُ الْجَحِيْمِ ۝

۲۱۔اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَوْ اَنَّ لَهُمْ مَّا فِي الْاَرْضِ جَمِيْعًا وَّمِثْلَهٗ مَعَهٗ لِيَفْتَدُوْا بِهٖ مِنْ عَذَابِ يَوْمِ الْقِيٰمَةِ مَا تُقُبِّلَ مِنْهُمْ ۚ وَلَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۝ يُرِيْدُوْنَ اَنْ يَّخْرُجُوْا مِنَ النَّارِ وَمَا هُمْ بِخٰرِجِيْنَ مِنْهَا ۡ وَلَهُمْ عَذَابٌ مُّقِيْمٌ ۝

۲۲۔ذٰلِكُمْ فَذُوْقُوْهُ وَاَنَّ لِلْكٰفِرِيْنَ عَذَابَ النَّارِ ۝

۲۳۔وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اِلٰى جَهَنَّمَ يُحْشَرُوْنَ ۝

۲۱۔جن لوگوں نے کفر کیا اگر ان کے پاس وہ سب کچھ ہو جو زمین میں ہے اور اتنا ہی اس کے ساتھ اور بھی تا کہ روزِ قیامت کے عذاب کے بدلے میں اس کو دے نکلیں، ان سے قبول نہیں کیا جائے گا اور ان کے لیے عذابِ دردناک ہے۔ چاہیں گے کہ آگ سے نکل بھاگیں مگر وہ وہاں سے نہیں نکلنے پائیں گے اور ان کے لیے عذاب ہے جان کا لاگو۔

۔المائدۃ ۵: ۳۶۔۳۷۔

۲۲۔یہی سزا ہے تو اس کا مزہ چکھو اور کافروں کو دوزخ کا عذاب ہے۔

۔الانفال ۸: ۱۴۔

۲۳۔اور کافر جہنم کی طرف ہانکے جائیں گے۔

۔الانفال ۸: ۳۶۔

۲۴۔اور بے شک دوزخ کافروں کو گھیرے ہوئے ہے۔

-التوبة ۹:۴۹ والعنکبوت ۲۹:۵۳-

۲۵۔اللہ نے منافق مردوں اور منافق عورتوں اور کافروں سے دوزخ کی آگ کا وعدہ کیا ہے جس میں وہ ہمیشہ رہیں گے۔ وہی انہیں کافی ہے اور اللہ نے ان پر لعنت کی ہے اور ان کے لیے پائدار عذاب ہے۔

-التوبة ۹:۶۸-

۲۶۔یہی لوگ ہیں جنہوں نے اپنے پروردگار کا انکار کیا اور یہی لوگ ہیں جن کی گردنوں میں طوق ہوں گے اور یہی لوگ ہیں دوزخی۔ یہ دوزخ میں ہمیشہ رہیں گے۔

-الرعد ۱۳:۵-

۲۷۔اور ہم نے دوزخ کافروں کے لیے قید خانہ بنایا ہے۔

-بنی اسرائیل ۱۷:۸-

۲۸۔اور اس دن ہم دوزخ ان کافروں پر پیش کریں گے، جن کی آنکھوں پر میری یاد سے پردہ پڑا تھا اور سننے کی تاب نہ لاتے تھے۔تو کیا جو کافر ہوئے ہیں انہوں نے یہ خیال کر رکھا ہے کہ وہ میرے سوا میرے بندوں کو کارساز بنائیں۔ بے شک ہم نے دوزخ کو کافروں کی مہمانی کے لیے تیار کیا ہے۔

-الکھف ۱۸:۱۰۰-۱۰۲-

۲۹۔یہ جہنم ان کا بدلہ ہے کہ انہوں نے کفر کیا اور ہماری آیتوں اور ہمارے پیغمبروں کی ہنسی اڑائی۔

-الکھف ۱۸:۱۰۶-

۲۴۔وَاِنَّ جَهَنَّمَ لَمُحِيْطَةٌۢ بِالْكٰفِرِيْنَ ﴿۴۹﴾

۲۵۔وَعَدَ اللّٰهُ الْمُنٰفِقِيْنَ وَالْمُنٰفِقٰتِ وَالْكُفَّارَ نَارَ جَهَنَّمَ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ۭ هِيَ حَسْبُهُمْ ۚ وَلَعَنَهُمُ اللّٰهُ ۚ وَلَهُمْ عَذَابٌ مُّقِيْمٌ ﴿۶۸﴾

۲۶۔وَاُولٰۗىِٕكَ الْاَغْلٰلُ فِيْٓ اَعْنَاقِهِمْ ۚ وَاُولٰۗىِٕكَ اَصْحٰبُ النَّارِ ۚ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿۵﴾

۲۷۔وَجَعَلْنَا جَهَنَّمَ لِلْكٰفِرِيْنَ حَصِيْرًا ﴿۸﴾

۱۵۲۔فَادْخُلُوْٓا اَبْوَابَ جَهَنَّمَ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ۭ فَلَبِئْسَ مَثْوَى الْمُتَكَبِّرِيْنَ ۝

۱۵۳۔قِيْلَ ادْخُلُوْٓا اَبْوَابَ جَهَنَّمَ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ۚ فَبِئْسَ مَثْوَى الْمُتَكَبِّرِيْنَ ۝

۱۵۴۔وَقَالَ رَبُّكُمُ ادْعُوْنِيْٓ اَسْتَجِبْ لَكُمْ ۭ اِنَّ الَّذِيْنَ يَسْتَكْبِرُوْنَ عَنْ عِبَادَتِيْ سَيَدْخُلُوْنَ جَهَنَّمَ دٰخِرِيْنَ ۝

۱۵۵۔اُدْخُلُوْٓا اَبْوَابَ جَهَنَّمَ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ۚ فَبِئْسَ مَثْوَى الْمُتَكَبِّرِيْنَ ۝

۱۵۶۔وَاَمَّا الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ۣ اَفَلَمْ تَكُنْ اٰيٰتِيْ تُتْلٰى عَلَيْكُمْ فَاسْتَكْبَرْتُمْ وَكُنْتُمْ قَوْمًا مُّجْرِمِيْنَ ۝ وَاِذَا قِيْلَ اِنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ وَّالسَّاعَةُ لَا رَيْبَ فِيْهَا قُلْتُمْ مَّا نَدْرِيْ مَا السَّاعَةُ ۙ اِنْ نَّظُنُّ اِلَّا ظَنًّا وَّمَا نَحْنُ بِمُسْتَيْقِنِيْنَ ۝ وَبَدَا لَهُمْ سَيِّاٰتُ مَا عَمِلُوْا وَحَاقَ بِهِمْ مَّا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ۝ وَقِيْلَ الْيَوْمَ نَنْسٰىكُمْ كَمَا نَسِيْتُمْ لِقَاۗءَ يَوْمِكُمْ هٰذَا وَمَاْوٰىكُمُ النَّارُ وَمَا لَكُمْ مِّنْ نّٰصِرِيْنَ ۝ ذٰلِكُمْ بِاَنَّكُمُ اتَّخَذْتُمْ اٰيٰتِ اللّٰهِ هُزُوًا وَّغَرَّتْكُمُ الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا ۚ فَالْيَوْمَ لَا يُخْرَجُوْنَ مِنْهَا وَلَا هُمْ يُسْتَعْتَبُوْنَ ۝

۱۵۷۔وَيَوْمَ الْقِيٰمَةِ تَرَى الَّذِيْنَ كَذَبُوْا عَلَى اللّٰهِ وُجُوْهُهُمْ مُّسْوَدَّةٌ ۭ اَلَيْسَ فِيْ جَهَنَّمَ مَثْوًى لِّلْمُتَكَبِّرِيْنَ ۝

۲۱۔ دوزخ میں کالے منہ

۱۵۷۔اور تو قیامت کے دن دیکھے گا کہ جن لوگوں نے اللہ پر جھوٹ بولا ان کے مونہہ کالے ہوں گے۔ کیا تکبر کرنے والوں کا ٹھکانا جہنم میں نہیں ہے۔

-الزمر ۳۹: ۶۰-

۲۲۔ کافروں کے لیے عذاب سے چھٹکارا ممکن نہیں

۱۵۸۔ بے شک ان لوگوں نے ہماری آیتوں کو جھٹلایا اور ان سے اکڑ بیٹھے۔ نہ تو ان کے لیے آسمان کے دروازے کھولے جائیں گے اور نہ بہشت میں داخل ہونے پائیں گے یہاں تک کہ اونٹ سوئی کے ناکہ میں سے نہ گزر جائے اور مجرموں کو ایسے ہم سزا دیا کرتے ہیں۔

-الاعراف ۷: ۴۰-

۱۵۹۔ اور اعراف والے کچھ لوگوں کو جنہیں ان کی صورتوں سے پہچانتے ہوں گے، پکار کر کہیں گے کہ نہ تمہارے جتھے ہی کچھ تمہارے کام آئے اور نہ شیخیاں جو تم مارا کرتے تھے۔

-الاعراف ۷: ۴۸-

۲۳۔ عاد کو عذابِ آخرت

۱۶۰۔ سو عاد لگے ناحق ملک میں تکبر کرنے اور بولے کہ قوت میں ہم سے بڑھ کر اور کون ہے؟ کیا ان کو اتنا نہ سوجھا کہ جس اللہ نے ان کو پیدا کیا وہ قوت میں ان سے کہیں بڑھ چڑھ ہے۔ غرض وہ لوگ ہماری آیتوں سے انکار کرتے رہے۔ تو ہم نے نحوست کے دنوں میں ان پر بڑے زور کی آندھی چلائی تا کہ دنیا کی زندگی میں ان کو ذلت کے عذاب کا مزہ چکھائیں اور آخرت کا عذاب زیادہ رسوا کرنے والا ہوگا اور ان کو کوئی مدد نہ ملے گی۔

-حٰمٓ السجدۃ ۴۱: ۱۵-۱۶-

۱۵۸۔ اِنَّ الَّذِیْنَ كَذَّبُوْا بِاٰیٰتِنَا وَ اسْتَكْبَرُوْا عَنْهَا لَا تُفَتَّحُ لَهُمْ اَبْوَابُ السَّمَآءِ وَ لَا یَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ حَتّٰى یَلِجَ الْجَمَلُ فِیْ سَمِّ الْخِیَاطِؕ وَ كَذٰلِكَ نَجْزِی الْمُجْرِمِیْنَ ۝

۱۵۹۔ وَ نَادٰۤى اَصْحٰبُ الْاَعْرَافِ رِجَالًا یَّعْرِفُوْنَهُمْ بِسِیْمٰىهُمْ قَالُوْا مَاۤ اَغْنٰى عَنْكُمْ جَمْعُكُمْ وَ مَا كُنْتُمْ تَسْتَكْبِرُوْنَ ۝

۱۶۰۔ فَاَمَّا عَادٌ فَاسْتَكْبَرُوْا فِی الْاَرْضِ بِغَیْرِ الْحَقِّ وَ قَالُوْا مَنْ اَشَدُّ مِنَّا قُوَّةًؕ اَوَ لَمْ یَرَوْا اَنَّ اللّٰهَ الَّذِیْ خَلَقَهُمْ هُوَ اَشَدُّ مِنْهُمْ قُوَّةًؕ وَ كَانُوْا بِاٰیٰتِنَا یَجْحَدُوْنَ ۝ فَاَرْسَلْنَا عَلَیْهِمْ رِیْحًا صَرْصَرًا فِیْۤ اَیَّامٍ نَّحِسَاتٍ لِّنُذِیْقَهُمْ عَذَابَ الْخِزْیِ فِی الْحَیٰوةِ الدُّنْیَاؕ وَ لَعَذَابُ الْاٰخِرَةِ اَخْزٰى وَ هُمْ لَا یُنْصَرُوْنَ ۝

۱۔ وَ یَوْمَ یَحْشُرُهُمْ جَمِیْعًا ثُمَّ یَقُوْلُ لِلْمَلٰٓئِكَةِ اَهٰۤؤُلَآءِ اِیَّاكُمْ كَانُوْا یَعْبُدُوْنَ ۝ قَالُوْا سُبْحٰنَكَ اَنْتَ وَلِیُّنَا مِنْ دُوْنِهِمْۚ بَلْ كَانُوْا یَعْبُدُوْنَ الْجِنَّۚ اَكْثَرُهُمْ بِهِمْ مُّؤْمِنُوْنَ ۝ فَالْیَوْمَ لَا یَمْلِكُ بَعْضُكُمْ لِبَعْضٍ نَّفْعًا وَّ لَا ضَرًّاؕ وَ نَقُوْلُ لِلَّذِیْنَ ظَلَمُوْا ذُوْقُوْا عَذَابَ النَّارِ الَّتِیْ كُنْتُمْ بِهَا تُكَذِّبُوْنَ ۝

دوزخیوں کی گفتگو اللہ تعالیٰ سے اور معبودانِ باطل کی اپنے پرستاروں سے

۱۔ ملائکہ سے جواب طلب کیا جائے گا

۱۔ اور جب کہ خدا سب لوگوں کو جمع کر کے فرشتوں سے پوچھے گا کہ کیا یہ تمہاری ہی پرستش کیا کرتے تھے؟ وہ عرض کریں گے تو پاک ہے ہم کو تجھ سے سروکار ہے نہ ان سے۔ یہ لوگ تو شیاطین کی پرستش کرتے تھے، ان میں اکثر انہیں کے معتقد تھے۔ تو آج تم میں سے نہ تو کوئی کسی کو نفع ہی پہنچانے پر قادر ہے اور نہ نقصان پہنچانے پر۔ اور ہم سرکش لوگوں سے کہیں گے کہ عذابِ دوزخ کا مزہ چکھو جس کو تم جھٹلایا کرتے تھے۔

-سبا ۳۴: ۴۰-۴۲-

۲۔ جن وانس سے جواب طلبی

۲۔ اے گروہ جن وانس! کیا تمہارے پاس تم ہی میں سے پیغمبر نہیں آئے کہ تم سے ہمارے احکام بیان کریں اور تمہارے اس روز کے پیش آنے سے تم کو ڈرائیں۔ وہ عرض کریں گے ہم اپنے آپ ہی گواہی دیتے ہیں اور دنیا کی زندگی نے ہم کو دھوکے میں رکھا اور انہوں نے آپ ہی اپنے اوپر گواہی دی کہ بے شک وہ کافر تھے۔

-الانعام ۶: ۱۳۰-

۳۔ عیسیٰ علیہ السلام سے جواب طلبی

۳۔ اور اس دن اللہ پوچھے گا کہ اے مریم کے بیٹے عیسیٰ! کیا تو نے لوگوں سے یہ بات کہی تھی کہ اللہ کے علاوہ مجھ کو اور میری والدہ کو دو خدا مانو۔ عرض کریں گے کہ تیری ذات پاک ہے مجھ سے یہ کیونکر ہو سکتا ہے کہ میں ایسی بات کہوں جس کے کہنے کا مجھ کو کوئی حق نہیں۔ اگر میں نے ایسا کہا ہوگا تو میرا کہنا تجھ کو ضرور ہی معلوم ہوا ہوگا کیونکہ تو میرے دل کی بات جانتا ہے اور میں تیرے دل کی بات نہیں جانتا۔ غیب کی باتیں تو تو ہی خوب جانتا ہے۔ تو نے جو مجھ کو حکم دیا تھا بس وہی میں نے لوگوں کو کہہ سنایا تھا کہ اللہ جو میرا اور تمہارا پروردگار ہے، اسی کی عبادت کرو۔ تو جب تک میں ان لوگوں میں رہا، میں ان کا نگران رہا۔ پھر جب تو نے مجھ کو وفات دی تو تو ہی ان کا نگہبان تھا۔ اور تو تمام چیزوں کی خبر رکھتا ہے۔ اگر تو ان کو عذاب دے تو یہ تیرے بندے ہیں۔ اور اگر تو ان کو معاف کرے تو بے شک تو غالب اور حکمت والا ہے۔

-المائدۃ ۵: ۱۱۶-۱۱۸-

۲۔ يٰمَعْشَرَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ اَلَمْ يَاْتِكُمْ رُسُلٌ مِّنْكُمْ يَقُصُّوْنَ عَلَيْكُمْ اٰيٰتِيْ وَيُنْذِرُوْنَكُمْ لِقَآءَ يَوْمِكُمْ هٰذَا ۭ قَالُوْا شَهِدْنَا عَلٰٓي اَنْفُسِنَا وَغَرَّتْهُمُ الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا وَشَهِدُوْا عَلٰٓي اَنْفُسِهِمْ اَنَّهُمْ كَانُوْا كٰفِرِيْنَ ۝۱۳۰

۳۔ وَاِذْ قَالَ اللّٰهُ يٰعِيْسَى ابْنَ مَرْيَمَ ءَاَنْتَ قُلْتَ لِلنَّاسِ اتَّخِذُوْنِيْ وَاُمِّيَ اِلٰهَيْنِ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ۭ قَالَ سُبْحٰنَكَ مَا يَكُوْنُ لِيْٓ اَنْ اَقُوْلَ مَا لَيْسَ لِيْ ۤ بِحَقٍّ ۭ اِنْ كُنْتُ قُلْتُهٗ فَقَدْ عَلِمْتَهٗ ۭ تَعْلَمُ مَا فِيْ نَفْسِيْ وَلَآ اَعْلَمُ مَا فِيْ نَفْسِكَ ۭ اِنَّكَ اَنْتَ عَلَّامُ الْغُيُوْبِ ۝۱۱۶ مَا قُلْتُ لَهُمْ اِلَّا مَآ اَمَرْتَنِيْ بِهٖٓ اَنِ اعْبُدُوا اللّٰهَ رَبِّيْ وَرَبَّكُمْ ۚ وَكُنْتُ عَلَيْهِمْ شَهِيْدًا مَّا دُمْتُ فِيْهِمْ ۚ فَلَمَّا تَوَفَّيْتَنِيْ كُنْتَ اَنْتَ الرَّقِيْبَ عَلَيْهِمْ ۭ وَاَنْتَ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ شَهِيْدٌ ۝۱۱۷ اِنْ تُعَذِّبْهُمْ فَاِنَّهُمْ عِبَادُكَ ۚ وَاِنْ تَغْفِرْ لَهُمْ فَاِنَّكَ اَنْتَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۝۱۱۸

۴۔ وَيَوْمَ نَحْشُرُهُمْ جَمِيْعًا ثُمَّ نَقُوْلُ لِلَّذِيْنَ اَشْرَكُوْٓا اَيْنَ شُرَكَاۗؤُكُمُ الَّذِيْنَ كُنْتُمْ تَزْعُمُوْنَ ۝۲۲ ثُمَّ لَمْ تَكُنْ فِتْنَتُهُمْ اِلَّآ اَنْ قَالُوْا وَاللّٰهِ رَبِّنَا مَا كُنَّا مُشْرِكِيْنَ ۝۲۳

۵۔ وَلَوْ تَرٰٓي اِذِ الظّٰلِمُوْنَ فِيْ غَمَرٰتِ الْمَوْتِ وَالْمَلٰۗىِٕكَةُ بَاسِطُوْٓا اَيْدِيْهِمْ ۚ اَخْرِجُوْٓا اَنْفُسَكُمْ ۭ اَلْيَوْمَ تُجْزَوْنَ عَذَابَ الْهُوْنِ بِمَا كُنْتُمْ تَقُوْلُوْنَ عَلَي اللّٰهِ غَيْرَ الْحَقِّ وَكُنْتُمْ عَنْ اٰيٰتِهٖ تَسْتَكْبِرُوْنَ ۝۹۳ وَلَقَدْ جِئْتُمُوْنَا

۴۔ اور جب کہ ہم ان سب کو جمع کریں گے پھر ان لوگوں سے جو ہمارے شریک کرتے تھے پوچھیں گے کہ کہاں ہیں وہ تمہارے شریک جن کو تم اللہ کا شریک سمجھتے تھے۔ پھر اس سے بڑھ کر ان کا اور جھوٹ کیا ہوگا کہ کہیں گے ہم کو اللہ ہی کی قسم! جو ہمارا پروردگار ہے کہ ہم تو شریک نہیں بناتے تھے۔

-الانعام ۶: ۲۲-۲۳-

۴۔ اکیلے ہوں گے۔ شرکا ساتھ نہیں

۵۔ کاش تو ان ظالموں کو اس وقت دیکھے کہ موت کی بے ہوشیوں میں پڑے ہیں اور فرشتے دست درازیاں کر رہے ہیں کہ اپنی جانیں نکالو۔ اب تم کو ذلت کے عذاب کی سزا دی جائے گی، اس لیے کہ تم اللہ پر ناحق جھوٹ بولتے اور اس کی آیتوں سے اکڑا کرتے تھے۔ اور پہلی بار جیسا ہم نے تم کو پیدا کیا تھا ویسے ہی

اکیلے تم ہمارے حضور میں آئے اور جو کچھ ہم نے تم کو دیا تھا وہ اپنی پیٹھ پیچھے چھوڑ آئے اور تمہاری سفارش کرنے والوں کو ہم تمہارے ساتھ نہیں دیکھتے، جن کو تم سمجھتے تھے کہ وہ تم میں شریک ہیں۔ اب سب تمہارے رابطے ٹوٹ گئے اور جو دعوٰی تم کیا کرتے تھے تم سے گئے گزرے ہو گئے۔

۔الانعام ٦: ٩٣۔٩٤۔

۵۔ معبودانِ باطل اور ان کے پرستاروں کے سوال وجواب

۷۔ اور جس دن ہم ان سب کو جمع کریں گے پھر مشرکین کو حکم دیں گے کہ تم اور جن کو تم نے شریک بنایا تھا وہ ذرا اپنی جگہ ٹھہریں۔ پھر ہم ان کے آپس میں پھوٹ ڈال دیں گے اور ان کے شریک کہیں گے کہ ہماری پرستش تو تم کرتے نہیں تھے۔ پس ہمارے اور تمہارے درمیان خدا ہی شاہد ہے۔ ہم کو تمہاری پرستش کی مطلق خبر نہ تھی۔

۔یونس ١٠: ٢٨۔٢٩

۸۔ اور سب لوگ خدا کے روبرو نکل کھڑے ہوں گے تو کمزور لوگ ان لوگوں سے جو بڑی عزت رکھتے تھے، کہیں گے کہ ہم تمہارے قدم بقدم چلنے والے تھے تو اللہ کے عذاب میں سے کچھ ہم پر سے ہٹا سکتے ہو۔ وہ کہیں گے اگر اللہ ہم کو کوئی طریقہ دکھاتا تو ہم بھی تم کو دکھا دیتے۔ اب تو بے صبری کریں تو اور صبر کریں تو، ہمارے لیے برابر ہے۔ ہم کو کسی طرح چھٹکارا نہیں اور جب فیصلہ ہو چکے گا تو شیطان کہے گا کہ اللہ نے تم سے سچا وعدہ کیا تھا اور وعدہ تم سے میں نے بھی کیا تھا مگر میں نے تمہارے ساتھ وعدہ خلافی کی اور تم پر میری پیروی کی

فُرَادٰى كَمَا خَلَقْنٰكُمْ اَوَّلَ مَرَّةٍ وَّتَرَكْتُمْ مَّا خَوَّلْنٰكُمْ وَرَآءَ ظُهُوْرِكُمْ ۚ وَمَا نَرٰى مَعَكُمْ شُفَعَآءَكُمُ الَّذِيْنَ زَعَمْتُمْ اَنَّهُمْ فِيْكُمْ شُرَكٰٓؤُا ۭ لَقَدْ تَّقَطَّعَ بَيْنَكُمْ وَضَلَّ عَنْكُمْ مَّا كُنْتُمْ تَزْعُمُوْنَ ﴿٩٤﴾

۷۔ وَيَوْمَ نَحْشُرُهُمْ جَمِيْعًا ثُمَّ نَقُوْلُ لِلَّذِيْنَ اَشْرَكُوْا مَكَانَكُمْ اَنْتُمْ وَشُرَكَآؤُكُمْ ۚ فَزَيَّلْنَا بَيْنَهُمْ وَقَالَ شُرَكَآؤُهُمْ مَّا كُنْتُمْ اِيَّانَا تَعْبُدُوْنَ ﴿٢٨﴾ فَكَفٰى بِاللّٰهِ شَهِيْدًا بَيْنَنَا وَبَيْنَكُمْ اِنْ كُنَّا عَنْ عِبَادَتِكُمْ لَغٰفِلِيْنَ ﴿٢٩﴾

۸۔ وَبَرَزُوْا لِلّٰهِ جَمِيْعًا فَقَالَ الضُّعَفٰٓؤُا لِلَّذِيْنَ اسْتَكْبَرُوْٓا اِنَّا كُنَّا لَكُمْ تَبَعًا فَهَلْ اَنْتُمْ مُّغْنُوْنَ عَنَّا مِنْ عَذَابِ اللّٰهِ مِنْ شَيْءٍ ۭ قَالُوْا لَوْ هَدٰىنَا اللّٰهُ لَهَدَيْنٰكُمْ ۭ سَوَآءٌ عَلَيْنَآ اَجَزِعْنَآ اَمْ صَبَرْنَا مَا لَنَا مِنْ مَّحِيْصٍ ﴿٢١﴾ وَقَالَ الشَّيْطٰنُ لَمَّا قُضِيَ الْاَمْرُ اِنَّ اللّٰهَ وَعَدَكُمْ وَعْدَ الْحَقِّ وَوَعَدْتُّكُمْ فَاَخْلَفْتُكُمْ ۭ وَمَا كَانَ لِيَ عَلَيْكُمْ مِّنْ سُلْطٰنٍ اِلَّآ اَنْ دَعَوْتُكُمْ فَاسْتَجَبْتُمْ لِيْ ۚ فَلَا تَلُوْمُوْنِيْ وَلُوْمُوْٓا اَنْفُسَكُمْ ۭ مَآ اَنَا بِمُصْرِخِكُمْ وَمَآ اَنْتُمْ بِمُصْرِخِيَّ ۭ اِنِّىْ كَفَرْتُ بِمَآ اَشْرَكْتُمُوْنِ مِنْ قَبْلُ ۭ اِنَّ الظّٰلِمِيْنَ لَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿٢٢﴾

۹۔ وَاِذَا رَاَ الَّذِيْنَ اَشْرَكُوْا شُرَكَآءَهُمْ قَالُوْا رَبَّنَا هٰٓؤُلَآءِ شُرَكَآؤُنَا الَّذِيْنَ كُنَّا نَدْعُوْا مِنْ دُوْنِكَ ۚ فَاَلْقَوْا اِلَيْهِمُ الْقَوْلَ اِنَّكُمْ لَكٰذِبُوْنَ ﴿٨٦﴾ وَاَلْقَوْا اِلَى اللّٰهِ يَوْمَىِٕذِ السَّلَمَ وَضَلَّ عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ ﴿٨٧﴾

زبردستی تو تھی نہیں۔ بات اتنی ہی تھی کہ میں نے تم کو بلایا سو تم نے میرا کہنا مان لیا۔ تو اب مجھے الزام نہ دو۔ تو نہ میں تمہاری فریاد کو پہنچ سکتا ہوں اور نہ تم میری فریاد کو پہنچ سکتے ہو۔ میں تو مانتا ہی نہیں کہ تم مجھ کو پہلے اللہ کا شریک بناتے تھے۔ اس میں شک نہیں کہ جو لوگ نافرمان ہیں ان کو بڑا دردناک عذاب ہوگا۔

۔ابراہیم ١٤: ٢١۔٢٢۔

۹۔ اور جو لوگ شریک بناتے رہے جب وہ اپنے شریکوں کو دیکھیں گے تو بول اٹھیں گے کہ اے ہمارے پروردگار! یہی ہیں وہ ہمارے شریک جن کو ہم تیرے سوا پکارا کرتے تھے۔ وہ شریک ان کی بات انہیں کی طرف پھینک ماریں گے! کہ تم سرتا سر جھوٹے ہو اور وہ لوگ اس دن اللہ کے آگے سرِ تسلیم خم کر دیں گے اور جو بہتان بندیاں کیا کرتے تھے وہ ان سے گئی گزری ہو جائیں گی۔

۔النحل ١٦: ٨٦۔٨٧

۱۰۔ اور جس دن اللہ حکم دے گا کہ جن کو تم ہمارا شریک سمجھا کرتے تھے ان کو بلاؤ تو یہ ان کو بلائیں گے مگر وہ ان کو جواب نہ دیں گے اور ہم ان کے بیچ میں آڑ حائل کر دیں گے مہلک۔ اور گنہگار لوگ آگ کو دیکھیں گے تو سمجھ جائیں گے کہ وہ اس میں گرنے والے ہیں اور ان کو اس سے کوئی راہِ گریز نہیں ملے گی۔

۔الکہف ۱۸: ۵۲۔۵۳

۱۱۔ اور مشرکوں نے جو اللہ کے سوا معبود بنا رکھے ہیں کہ ان کے حامی اور مددگار ہوں گے۔ ہرگز نہیں، یہ معبود ان کی عبادت کا انکار کریں گے اور الٹے ان کے دشمن ہو جائیں گے۔

۔مریم ۱۹: ۸۱۔۸۲۔

۱۲۔ اور جس دن اللہ کافروں کو اور جن کو یہ اللہ کے سوا پوجتے ہیں جمع کرے گا پھر پوچھے گا کہ کیا میرے ان بندوں کو تم نے گمراہ کیا تھا یا یہ آپ رستے سے بھٹک گئے۔ عرض کریں گے کہ تو پاک ہے، ہم کو یہ بات کسی طرح زیبا ہی نہ تھی کہ تیرے سوا دوسرے کارساز بناتے بلکہ تو نے ان کو اور ان کے بڑوں کو آسودگیاں دیں۔ یہاں تک کہ تیری یاد کو بھلا بیٹھے اور یہ ہلاک ہونے والے لوگ تھے۔ تمہارے ان معبودوں نے تمہاری باتوں میں تم کو جھٹلایا تو تم نہ تو ٹال سکتے ہو اور نہ مدد پا سکتے ہو۔ اور جو تم میں سے ظلم کرے گا ہم اس کو بڑے عذاب کا مزہ چکھائیں گے۔

۔الفرقان ۔۲۵۔۱۷۔۱۹۔

۱۳۔ اور جس دن اللہ کافروں کو بلا کر پوچھے گا کہ جن لوگوں کو تم شریک سمجھتے تھے وہ ہمارے شریک

۱۰۔ وَيَوْمَ يَقُوْلُ نَادُوْا شُرَكَآءِيَ الَّذِيْنَ زَعَمْتُمْ فَدَعَوْهُمْ فَلَمْ يَسْتَجِيْبُوْا لَهُمْ وَجَعَلْنَا بَيْنَهُمْ مَّوْبِقًا ﴿۵۲﴾ وَرَاَ الْمُجْرِمُوْنَ النَّارَ فَظَنُّوْٓا اَنَّهُمْ مُّوَاقِعُوْهَا وَلَمْ يَجِدُوْا عَنْهَا مَصْرِفًا ﴿۵۳﴾

۱۱۔ وَاتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اٰلِهَةً لِّيَكُوْنُوْا لَهُمْ عِزًّا ﴿۸۱﴾ كَلَّا ۭ سَيَكْفُرُوْنَ بِعِبَادَتِهِمْ وَيَكُوْنُوْنَ عَلَيْهِمْ ضِدًّا ﴿۸۲﴾

۱۲۔ وَيَوْمَ يَحْشُرُهُمْ وَمَا يَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ فَيَقُوْلُ ءَاَنْتُمْ اَضْلَلْتُمْ عِبَادِيْ هٰٓؤُلَآءِ اَمْ هُمْ ضَلُّوا السَّبِيْلَ ﴿۱۷﴾ قَالُوْا سُبْحٰنَكَ مَا كَانَ يَنْۢبَغِيْ لَنَآ اَنْ نَّتَّخِذَ مِنْ دُوْنِكَ مِنْ اَوْلِيَآءَ وَلٰكِنْ مَّتَّعْتَهُمْ وَاٰبَآءَهُمْ حَتّٰى نَسُوا الذِّكْرَ ۚ وَكَانُوْا قَوْمًۢا بُوْرًا ﴿۱۸﴾ فَقَدْ كَذَّبُوْكُمْ بِمَا تَقُوْلُوْنَ ۙ فَمَا تَسْتَطِيْعُوْنَ صَرْفًا وَّلَا نَصْرًا ۚ وَمَنْ يَّظْلِمْ مِّنْكُمْ نُذِقْهُ عَذَابًا كَبِيْرًا ﴿۱۹﴾

۱۳۔ وَيَوْمَ يُنَادِيْهِمْ فَيَقُوْلُ اَيْنَ شُرَكَآءِيَ الَّذِيْنَ كُنْتُمْ تَزْعُمُوْنَ ﴿۶۲﴾ قَالَ الَّذِيْنَ حَقَّ عَلَيْهِمُ الْقَوْلُ رَبَّنَا هٰٓؤُلَآءِ الَّذِيْنَ اَغْوَيْنَا ۚ اَغْوَيْنٰهُمْ كَمَا غَوَيْنَا ۚ تَبَرَّاْنَآ اِلَيْكَ ۡ مَا كَانُوْٓا اِيَّانَا يَعْبُدُوْنَ ﴿۶۳﴾ وَقِيْلَ ادْعُوْا شُرَكَآءَكُمْ فَدَعَوْهُمْ فَلَمْ يَسْتَجِيْبُوْا لَهُمْ وَرَاَوُا الْعَذَابَ ۚ لَوْ اَنَّهُمْ كَانُوْا يَهْتَدُوْنَ ﴿۶۴﴾ وَيَوْمَ يُنَادِيْهِمْ فَيَقُوْلُ مَاذَآ اَجَبْتُمُ الْمُرْسَلِيْنَ ﴿۶۵﴾ فَعَمِيَتْ عَلَيْهِمُ الْاَنْۢبَآءُ يَوْمَىِٕذٍ فَهُمْ لَا يَتَسَآءَلُوْنَ ﴿۶۶﴾

کہاں ہیں؟ تو یہ اللہ کے فرمان کے مستوجب ٹھہریں گے بول اٹھیں گے کہ اے ہمارے پروردگار! یہ وہی لوگ ہیں جن کو ہم نے بہکایا۔ جس طرح ہم خود بہکے تھے اسی طرح ہم نے ان کو بھی بہکایا۔ ہم تیرے حضور میں دست برداری کرتے ہیں، یہ لوگ ہم کو نہیں پوجتے تھے۔ اور کہا جائے گا کہ اپنے شریکوں کو بلاؤ۔ چنانچہ یہ لوگ بلائیں گے اور وہ ان کو جواب تک بھی نہ دیں گے۔ اور وہ عذاب کو دیکھ لیں گے۔ اے کاش یہ لوگ راہ راست پر ہوتے ہیں! اور جس دن اللہ کافروں کو بلا کر پوچھے گا کہ پیغمبروں کو تم نے کیا جواب دیا، تو اس دن ان کو کوئی بات نہ سوجھ پڑے گی اور وہ آپس میں پوچھ گچھ بھی نہ کر سکیں گے۔

۔القصص ۲۸: ۶۲۔۶۶۔

۱۴۔اور کاش تو دیکھے جب یہ ظالم اپنے پروردگار کے حضور میں ٹھہرائے جائیں گے۔ایک کی بات ایک رد کر رہا ہوگا۔جو کمزور ہیں وہ بڑے لوگوں سے کہیں گے کہ اگر تم نہ ہوتے تو ہم ضرور ایمان لے آتے۔ بڑے لوگ کمزوروں سے کہیں گے کہ جب تمہارے پاس ہدایت آئی تو کیا اس کے آئے پیچھے ہم نے تم کو روکا؟ بلکہ تم خود خطاوار تھے۔اور کمزور لوگ بڑے لوگوں سے کہیں گے مگر رات دن کی تدبیروں نے روکا کہ تم برابر ہم سے اللہ کو نہ ماننے اور اس کے ساتھ شریک ٹھیرانے کو کہتے رہے اور جب یہ لوگ عذاب دیکھ لیں گے تو اظہارِ ندامت کریں گے اور جو لوگ کفر کرتے رہے ہم ان کی گردنوں میں طوق ڈلوا دیں گے۔جیسے جیسے یہ لوگ عمل کرتے رہے انہیں کا بدلہ ان کو مل رہا ہے۔

۔سبا ۳۴: ۳۱۔۳۳۔

۱۴۔ وَلَوْ تَرٰٓى اِذِ الظّٰلِمُوْنَ مَوْقُوْفُوْنَ عِنْدَ رَبِّهِمْ ۚ يَرْجِعُ بَعْضُهُمْ اِلٰى بَعْضِ الْقَوْلَ ۚ يَقُوْلُ الَّذِيْنَ اسْتُضْعِفُوْا لِلَّذِيْنَ اسْتَكْبَرُوْا لَوْلَآ اَنْتُمْ لَكُنَّا مُؤْمِنِيْنَ ﴿۳۱﴾ قَالَ الَّذِيْنَ اسْتَكْبَرُوْا لِلَّذِيْنَ اسْتُضْعِفُوْٓا اَنَحْنُ صَدَدْنٰكُمْ عَنِ الْهُدٰى بَعْدَ اِذْ جَآءَكُمْ بَلْ كُنْتُمْ مُّجْرِمِيْنَ ﴿۳۲﴾ وَقَالَ الَّذِيْنَ اسْتُضْعِفُوْا لِلَّذِيْنَ اسْتَكْبَرُوْا بَلْ مَكْرُ الَّيْلِ وَالنَّهَارِ اِذْ تَاْمُرُوْنَنَآ اَنْ نَّكْفُرَ بِاللّٰهِ وَنَجْعَلَ لَهٗٓ اَنْدَادًا ۭ وَاَسَرُّوا النَّدَامَةَ لَمَّا رَاَوُا الْعَذَابَ ۭ وَجَعَلْنَا الْاَغْلٰلَ فِيْٓ اَعْنَاقِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ۭ هَلْ يُجْزَوْنَ اِلَّا مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۳۳﴾

۱۵۔ اُحْشُرُوا الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا وَاَزْوَاجَهُمْ وَمَا كَانُوْا يَعْبُدُوْنَ ﴿۲۲﴾ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ فَاهْدُوْهُمْ اِلٰى صِرَاطِ الْجَحِيْمِ ﴿۲۳﴾ وَقِفُوْهُمْ اِنَّهُمْ مَّسْـُٔوْلُوْنَ ﴿۲۴﴾ مَا لَكُمْ لَا تَنَاصَرُوْنَ ﴿۲۵﴾ بَلْ هُمُ الْيَوْمَ مُسْتَسْلِمُوْنَ ﴿۲۶﴾ وَاَقْبَلَ بَعْضُهُمْ عَلٰى بَعْضٍ يَّتَسَاۗءَلُوْنَ ﴿۲۷﴾ قَالُوْٓا اِنَّكُمْ كُنْتُمْ تَاْتُوْنَنَا عَنِ الْيَمِيْنِ ﴿۲۸﴾ قَالُوْا بَلْ لَّمْ تَكُوْنُوْا مُؤْمِنِيْنَ ﴿۲۹﴾ وَمَا كَانَ لَنَا عَلَيْكُمْ مِّنْ سُلْطٰنٍ ۚ بَلْ كُنْتُمْ قَوْمًا طٰغِيْنَ ﴿۳۰﴾ فَحَقَّ عَلَيْنَا قَوْلُ رَبِّنَآ ڰ اِنَّا لَذَاۗىِٕقُوْنَ ﴿۳۱﴾ فَاَغْوَيْنٰكُمْ اِنَّا كُنَّا غٰوِيْنَ ﴿۳۲﴾ فَاِنَّهُمْ يَوْمَىِٕذٍ فِي الْعَذَابِ مُشْتَرِكُوْنَ ﴿۳۳﴾ اِنَّا كَذٰلِكَ نَفْعَلُ بِالْمُجْرِمِيْنَ ﴿۳۴﴾ اِنَّهُمْ كَانُوْٓا اِذَا قِيْلَ لَهُمْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ ۙ

۱۵۔اور جو لوگ نافرمانیاں کرتے رہے ہیں ان کو اور ان کے ساتھیوں کو اور اللہ کے سوا جن کو پوجتے رہے ہیں، سب کو اکٹھا کرو۔ پھر ان کو دوزخ کے رستے لے چلو۔اور ان کو ٹھیراؤ ان سے کچھ پوچھنا ہے۔تمہیں کیا ہو گیا کہ ایک دوسرے کی مدد نہیں کرتے؟ یہ تو اس دن نیچی گردن کئے کھڑے ہوں گے اور ایک کی طرف ایک متوجہ ہو کر پوچھا پاچھی کرے گا۔ایک فریق کہے گا کہ تم ہی ہم پر پل پل کر آتے تھے۔وہ کہیں گے بلکہ تم ہی ایمان نہیں لائے اور تم پر ہمارا کچھ زور تو تھا ہی نہیں، بلکہ تم سرکش لوگ تھے۔ پس ہمارے پروردگار کا وعدہ ہمارے حق میں پورا ہوا تو ہم کو عذاب کے مزے چکھنے ہوں گے۔ ہم خود بہکے ہوئے تھے سو ہم نے تم کو بھی بہکا دیا۔ الغرض اس دن یہ سب شریکِ عذاب ہوں گے۔ گنہگاروں کے ساتھ ہم ایسا ہی برتاؤ کیا کرتے ہیں۔ یہ ایسے تھے کہ جب ان سے کہا جاتا تھا کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں یہ اکڑ بیٹھتے اور کہتے ہیں کہ ہم اپنے معبودوں کو ایک باؤلا شاعر کی خاطر چھوڑ دیتے ہیں۔ بلکہ وہ حق لے کر آیا ہے اور پیغمبروں کی تصدیق کرتا ہے۔ تم ضرور عذاب

دردناک کے مزے چکھو۔ اور جیسے جیسے عمل کرتے رہے رہو انہیں کا بدلہ پاؤ گے۔

۔الصّٰفّٰت ۳۷: ۲۲۔ ۳۹۔

۶۔ اللہ کے دشمنانِ خلاف ان کے کان، آنکھیں اور گوشت پوست شہادت دیں گے

۱۶۔اور جس دن اللہ کے دشمنان دوزخ کی طرف ہانکے جائیں گے پھر راہ میں روکے جائیں گے یہاں تک کہ سب دوزخ پر آ جمع ہوں گے تو جیسے جیسے عمل یہ لوگ کرتے رہے ان کے کان، ان کی آنکھیں اور ان کے گوشت پوست ان کے مقابلہ میں گواہی دیں گے اور یہ لوگ اپنے گوشت پوست سے پوچھیں گے کہ تم نے ہمارے خلاف کیوں گواہی دی؟ جواب دیں گے کہ جس خدا نے ہر چیز کو گویا کیا ہے اسی نے ہم کو بھی گویا کیا اور اسی نے تم کو اول بار پیدا کیا اور اب تم لوگ اسی کی طرف لوٹا کر لائے جا رہے ہو اور تم پردہ داری کرتے تھے تو اس خیال سے نہیں کہ تمہارے کان اور تمہاری آنکھیں اور تمہارے گوشت پوست تمہارے خلاف گواہی دینے کو کھڑے ہو جائیں گے۔ بلکہ تم کو تو یہ خیال تھا کہ تمہارے بہت سے عملوں سے اللہ واقف نہیں اور تم نے جو بدگمانی اپنے پروردگار کے حق میں کی، تمہاری اس بدگمانی نے تم کو تباہ کیا اور تم گھاٹے میں آ گئے۔ اگر یہ لوگ صبر کر رہیں تو بھی ان کا ٹھکانا دوزخ ہے اور اگر معافی چاہیں تو ان کو معافی بھی نہیں دی جائے گی اور ہم نے ان کے ساتھ ہم نشین تعینات کر دیے تھے۔ تو انہوں نے ان کے اگلے اور پچھلے تمام حالات ان کی نظر میں اچھے کر دکھائے اور ان سے پہلے جنات کی اور آدمیوں کی بہت سی امتیں ہو گذری تھیں ان کے شمول میں وعدۂ عذاب ان کے حق میں بھی پورا ہو کر رہا۔ بے شک یہ لوگ اپنے نقصان کے درپے تھے۔

يَسْتَكْبِرُوْنَ ۝۳۵ وَيَقُوْلُوْنَ اَئِنَّا لَتَارِكُوْٓا اٰلِهَتِنَا لِشَاعِرٍ مَّجْنُوْنٍ ۝۳۶ بَلْ جَآءَ بِالْحَقِّ وَصَدَّقَ الْمُرْسَلِيْنَ ۝۳۷ اِنَّكُمْ لَذَآئِقُوا الْعَذَابِ الْاَلِيْمِ ۝۳۸ وَمَا تُجْزَوْنَ اِلَّا مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ۝۳۹

۱۶۔ وَيَوْمَ يُحْشَرُ اَعْدَآءُ اللّٰهِ اِلَى النَّارِ فَهُمْ يُوْزَعُوْنَ ۝۱۹ حَتّٰٓى اِذَا مَا جَآءُوْهَا شَهِدَ عَلَيْهِمْ سَمْعُهُمْ وَاَبْصَارُهُمْ وَجُلُوْدُهُمْ بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۝۲۰ وَقَالُوْا لِجُلُوْدِهِمْ لِمَ شَهِدْتُّمْ عَلَيْنَا ۭ قَالُوْٓا اَنْطَقَنَا اللّٰهُ الَّذِيْٓ اَنْطَقَ كُلَّ شَيْءٍ وَّهُوَ خَلَقَكُمْ اَوَّلَ مَرَّةٍ وَّاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ۝۲۱ وَمَا كُنْتُمْ تَسْتَتِرُوْنَ اَنْ يَّشْهَدَ عَلَيْكُمْ سَمْعُكُمْ وَلَآ اَبْصَارُكُمْ وَلَا جُلُوْدُكُمْ وَلٰكِنْ ظَنَنْتُمْ اَنَّ اللّٰهَ لَا يَعْلَمُ كَثِيْرًا مِّمَّا تَعْمَلُوْنَ ۝۲۲ وَذٰلِكُمْ ظَنُّكُمُ الَّذِيْ ظَنَنْتُمْ بِرَبِّكُمْ اَرْدٰىكُمْ فَاَصْبَحْتُمْ مِّنَ الْخٰسِرِيْنَ ۝۲۳ فَاِنْ يَّصْبِرُوْا فَالنَّارُ مَثْوًى لَّهُمْ ۚ وَاِنْ يَّسْتَعْتِبُوْا فَمَا هُمْ مِّنَ الْمُعْتَبِيْنَ ۝۲۴ وَقَيَّضْنَا لَهُمْ قُرَنَآءَ فَزَيَّنُوْا لَهُمْ مَّا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ وَحَقَّ عَلَيْهِمُ الْقَوْلُ فِيْٓ اُمَمٍ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهِمْ مِّنَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ ۚ اِنَّهُمْ كَانُوْا خٰسِرِيْنَ ۝۲۵

۱۷۔ وَقَالَ الَّذِيْنَ اتَّبَعُوْا لَوْ اَنَّ لَنَا كَرَّةً فَنَتَبَرَّاَ مِنْهُمْ كَمَا تَبَرَّءُوْا مِنَّا ۭ كَذٰلِكَ يُرِيْهِمُ اللّٰهُ اَعْمَالَهُمْ حَسَرٰتٍ عَلَيْهِمْ ۭ وَمَا هُمْ بِخٰرِجِيْنَ مِنَ النَّارِ ۝۱۶۷

۔حٰمٓ السجدۃ ۴۱: ۱۹۔ ۲۵۔

۷۔ دنیا میں دوبارہ واپس جانے کی تمنا

۱۷۔اور چیلے بول اٹھیں گے کہ اے کاش ہم کو پھر لوٹ کر جانا ملے تو جیسے یہ ہم سے دست بردار ہو گئے ہم بھی ان سے دست بردار ہو جائیں۔ یوں اللہ ان کے اعمال ان کے آگے لائے گا کہ ان کو وہ حسرت دکھائی دیں گے اور وہ دوزخ سے نکل نہ سکیں گے۔

۔البقرۃ ۲: ۱۶۷۔

۱۸۔ کاش تو اس حال میں دیکھے کہ جب وہ دوزخ پر لا کھڑے کیے جائیں اور کہنے لگیں کہ اے کاش! ہم پھر واپس بھیج دیے جائیں اور اپنے پروردگار کی آیتوں کو نہ جھٹلائیں اور ایمان والوں میں سے ہوں بلکہ جس کو پہلے چھپاتے تھے وہ ان کے آگے آئی اور اگر واپس بھیج دیے جائیں تو جس چیز سے ان کو منع کیا گیا ہے پھر دوبارہ ضرور کریں اور کچھ شک نہیں کہ یہ جھوٹے ہیں۔

۔الانعام ۶: ۲۷۔۲۸۔

۱۹۔ اور ان پر عذاب نازل نہیں ہوتا۔ اس کی وجہ بس یہ ہے کہ اللہ ان کو اس دن تک کی مہلت دے رہا ہے جب کہ آنکھیں پھٹی کی پھٹی رہ جائیں گی۔ اپنے سر اٹھائے بھاگے چلے جا رہے ہیں، نگاہ پھر ان کی طرف لوٹ کر نہیں آتی اور ان کے دل ہوا ہوئے جا رہے ہیں اور لوگوں کو اس دن سے ڈرا جب کہ ان پر عذاب آنازل ہوگا۔ اور جو لوگ نافرمانی کرتے رہے ہیں، کہنے لگیں کہ اے ہمارے پروردگار! ہم کو تھوڑی سی مدت کی مہلت اور دے تو ہم تیرے بلانے پر اٹھ کھڑے ہوں گے اور پیغمبروں کے پیچھے ہولیں گے کیا تم وہی نہیں ہو جو پہلے قسمیں کھایا کرتے تھے کہ تم کو کسی طرح کا زوال نہیں اور جن لوگوں نے آپ اپنے اوپر ظلم کیے تھے، انہیں کے گھروں میں تم بھی رہے اور تم پر ظاہر ہو چکا تھا کہ ہم نے ان کے ساتھ کیسا برتاؤ کیا اور ہم نے تمہارے لیے مثالیں بھی بیان کر دی تھیں۔

۔ابراہیم ۱۴: ۴۲۔۴۵۔

۲۰۔ اور جن کا پلہ ہلکا ٹھہرے گا تو یہی لوگ ہیں جنہوں نے اپنے تئیں آپ برباد کر لیا کہ ہمیشہ دوزخ میں

۱۸۔ وَلَوْ تَرٰۤى اِذْ وُقِفُوْا عَلَى النَّارِ فَقَالُوْا يٰلَيْتَنَا نُرَدُّ وَلَا نُكَذِّبَ بِاٰيٰتِ رَبِّنَا وَنَكُوْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۲۷﴾ بَلْ بَدَا لَهُمْ مَّا كَانُوْا يُخْفُوْنَ مِنْ قَبْلُ ؕ وَلَوْ رُدُّوْا لَعَادُوْا لِمَا نُهُوْا عَنْهُ وَاِنَّهُمْ لَكٰذِبُوْنَ ﴿۲۸﴾

۱۹۔ اِنَّمَا يُؤَخِّرُهُمْ لِيَوْمٍ تَشْخَصُ فِيْهِ الْاَبْصَارُ ﴿۴۲﴾ مُهْطِعِيْنَ مُقْنِعِيْ رُءُوْسِهِمْ لَا يَرْتَدُّ اِلَيْهِمْ طَرْفُهُمْ ۚ وَاَفْـِٕدَتُهُمْ هَوَآءٌ ﴿۴۳﴾ وَاَنْذِرِ النَّاسَ يَوْمَ يَاْتِيْهِمُ الْعَذَابُ فَيَقُوْلُ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا رَبَّنَاۤ اَخِّرْنَاۤ اِلٰۤى اَجَلٍ قَرِيْبٍ ۙ نُّجِبْ دَعْوَتَكَ وَنَتَّبِعِ الرُّسُلَ ؕ اَوَلَمْ تَكُوْنُوْۤا اَقْسَمْتُمْ مِّنْ قَبْلُ مَا لَكُمْ مِّنْ زَوَالٍ ﴿۴۴﴾ وَّسَكَنْتُمْ فِيْ مَسٰكِنِ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْۤا اَنْفُسَهُمْ وَتَبَيَّنَ لَكُمْ كَيْفَ فَعَلْنَا بِهِمْ وَضَرَبْنَا لَكُمُ الْاَمْثَالَ ﴿۴۵﴾

۲۰۔ وَمَنْ خَفَّتْ مَوَازِيْنُهٗ فَاُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ خَسِرُوْۤا اَنْفُسَهُمْ فِيْ جَهَنَّمَ خٰلِدُوْنَ ﴿۱۰۳﴾ تَلْفَحُ وُجُوْهَهُمُ النَّارُ وَهُمْ فِيْهَا كٰلِحُوْنَ ﴿۱۰۴﴾ اَلَمْ تَكُنْ اٰيٰتِيْ تُتْلٰى عَلَيْكُمْ فَكُنْتُمْ بِهَا تُكَذِّبُوْنَ ﴿۱۰۵﴾ قَالُوْا رَبَّنَا غَلَبَتْ عَلَيْنَا شِقْوَتُنَا وَكُنَّا قَوْمًا ضَآلِّيْنَ ﴿۱۰۶﴾ رَبَّنَاۤ اَخْرِجْنَا مِنْهَا فَاِنْ عُدْنَا فَاِنَّا ظٰلِمُوْنَ ﴿۱۰۷﴾ قَالَ اخْسَـُٔوْا فِيْهَا وَلَا تُكَلِّمُوْنِ ﴿۱۰۸﴾

۲۱۔ وَلَوْ تَرٰۤى اِذِ الْمُجْرِمُوْنَ نَاكِسُوْا رُءُوْسِهِمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ ؕ رَبَّنَاۤ اَبْصَرْنَا وَسَمِعْنَا فَارْجِعْنَا نَعْمَلْ صَالِحًا اِنَّا مُوْقِنُوْنَ ﴿۱۲﴾ وَلَوْ شِئْنَا لَاٰتَيْنَا كُلَّ

رہیں گے۔ آگ ان کے مونہوں کو جھلستی ہوگی اور وہ وہاں برے مونہہ بنائے ہوں گے۔ کیا ہماری آیتیں تم کو پڑھ کر نہیں سنائی جاتی تھیں اور تم ان کو جھٹلاتے تھے۔ وہ کہیں گے کہ اے ہمارے پروردگار! ہم کو ہماری کمبختی نے آ دبایا اور ہم گمراہ تھے۔ اے ہمارے پروردگار! ہم کو یہاں سے نکال۔ پھر اگر ہم دوبارہ ایسا کریں تو ہم بے شک قصوروار ہیں۔ اللہ فرمائے گا دور ہو اور ہم سے بات نہ کرو۔

المؤمنون ۲۳: ۱۰۳۔۱۰۸۔

۲۱۔ اور کاش تو مجرموں کو دیکھے کہ اپنے پروردگار کے روبرو سر جھکائے کھڑے ہیں۔ اے ہمارے پروردگار! اب ہماری آنکھیں اور کان کھلے تو ہم کو پھر واپس بھیج کہ ہم نیک عمل کریں۔ ہم کو اب یقین ہے۔ ہم چاہتے تو ہر شخص کو سوجھ عنایت کرتے مگر ہماری بات پوری ہو کر رہی کہ جنات اور آدمی سب سے ہم دوزخ کو بھر کر رہیں

گے۔ تو جیسے تم اپنے اس دن کے پیش آنے کو بھولے رہے، اس کا مزہ چکھو کہ ہم نے بھی تمہیں بھلا دیا اور جیسے جیسے تم عمل کرتے رہے اس کے بدلہ میں ہمیشہ کے عذاب کا مزہ چکھو۔

-السجدۃ ۳۲: ۱۲-۱۴-

۲۲۔ یا جب عذاب کو دیکھ کر کہنے لگے کہ کاش مجھ کو پھر لوٹ جانا ملے تو میں نیکوں سے رہوں۔

-الزمر ۳۹: ۵۸-

۲۳۔ ہاں ہمارے احکام تجھ کو پہنچے اور تو نے ان کو جھٹلایا اور اکڑ بیٹھا اور منکروں میں سے تھا اور قیامت کے دن تو دیکھے گا کہ جن لوگوں نے اللہ پر جھوٹ بولا ان کے مونہہ کالے ہوں گے۔ کیا تکبر کرنے والوں کا ٹھکانا دوزخ میں نہیں ہے؟

-الزمر ۳۹-۵۹-۶۰

۲۴۔ اور تو ظالموں کو دیکھے گا کہ جب وہ عذاب کو دیکھ لیں گے تو کہیں گے کہ بھلا پھر جانے کی بھی کوئی سبیل ہے اور تو ان لوگوں کو دیکھے گا کہ دوزخ کے روبرو لائے جائیں گے۔ مارے ذلت کے جھکے ہوئے، کنکھیوں سے دیکھتے ہوں گے۔ ایمان والے کہیں گے کہ حقیقت میں بدنصیب تو وہ ہیں جنہوں نے قیامت کے دن اپنے آپ کو تباہ کیا اور اپنے گھر والوں کو بھی۔ سنو جی، ظلم کرنے والے ہمیشہ عذاب میں رہیں گے۔ اور اللہ کے سوا ان کے کوئی حمایتی نہ ہوں گے کہ ان کی مدد کریں اور جس کو اللہ گمراہ کرے اس کے لیے کوئی رستہ ہی نہیں۔

-الشوریٰ ۴۲: ۴۴-۴۶-

نَفْسٍ هُدٰىهَا وَلٰكِنْ حَقَّ الْقَوْلُ مِنِّيْ لَاَمْلَـَٔنَّ جَهَنَّمَ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ اَجْمَعِيْنَ ﴿۱۳﴾ فَذُوْقُوْا بِمَا نَسِيْتُمْ لِقَآءَ يَوْمِكُمْ هٰذَا ۚ اِنَّا نَسِيْنٰكُمْ وَذُوْقُوْا عَذَابَ الْخُلْدِ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿۱۴﴾

۲۲۔ اَوْ تَقُوْلَ حِيْنَ تَرَى الْعَذَابَ لَوْ اَنَّ لِيْ كَرَّةً فَاَكُوْنَ مِنَ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۵۸﴾

۲۳۔ بَلٰى قَدْ جَآءَتْكَ اٰيٰتِيْ فَكَذَّبْتَ بِهَا وَاسْتَكْبَرْتَ وَكُنْتَ مِنَ الْكٰفِرِيْنَ ﴿۵۹﴾ وَيَوْمَ الْقِيٰمَةِ تَرَى الَّذِيْنَ كَذَبُوْا عَلَى اللّٰهِ وُجُوْهُهُمْ مُّسْوَدَّةٌ ۭ اَلَيْسَ فِيْ جَهَنَّمَ مَثْوًى لِّلْمُتَكَبِّرِيْنَ ﴿۶۰﴾

۲۴۔ وَتَرَى الظّٰلِمِيْنَ لَمَّا رَاَوُا الْعَذَابَ يَقُوْلُوْنَ هَلْ اِلٰى مَرَدٍّ مِّنْ سَبِيْلٍ ﴿۴۴﴾ وَتَرٰىهُمْ يُعْرَضُوْنَ عَلَيْهَا خٰشِعِيْنَ مِنَ الذُّلِّ يَنْظُرُوْنَ مِنْ طَرْفٍ خَفِيٍّ ۭ وَقَالَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِنَّ الْخٰسِرِيْنَ الَّذِيْنَ خَسِرُوْٓا اَنْفُسَهُمْ وَاَهْلِيْهِمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ۭ اَلَآ اِنَّ الظّٰلِمِيْنَ فِيْ عَذَابٍ مُّقِيْمٍ ﴿۴۵﴾ وَمَا كَانَ لَهُمْ مِّنْ اَوْلِيَآءَ يَنْصُرُوْنَهُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ ۭ وَمَنْ يُّضْلِلِ اللّٰهُ فَمَا لَهٗ مِنْ سَبِيْلٍ ﴿۴۶﴾

۲۵۔ وَمَنْ اَعْرَضَ عَنْ ذِكْرِيْ فَاِنَّ لَهٗ مَعِيْشَةً ضَنْكًا وَّنَحْشُرُهٗ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ اَعْمٰى ﴿۱۲۴﴾ قَالَ رَبِّ لِمَ حَشَرْتَنِيْٓ اَعْمٰى وَقَدْ كُنْتُ بَصِيْرًا ﴿۱۲۵﴾ قَالَ كَذٰلِكَ اَتَتْكَ اٰيٰتُنَا فَنَسِيْتَهَا ۚ وَكَذٰلِكَ الْيَوْمَ تُنْسٰى ﴿۱۲۶﴾ وَكَذٰلِكَ نَجْزِيْ مَنْ اَسْرَفَ وَلَمْ يُؤْمِنْ بِاٰيٰتِ رَبِّهٖ ۭ وَلَعَذَابُ الْاٰخِرَةِ اَشَدُّ وَاَبْقٰى ﴿۱۲۷﴾

۸۔ جو اللہ کی یاد سے غافل رہا اسے اندھا کر کے عذاب دیا جائے گا

۲۵۔ اور جس نے ہماری یاد سے روگردانی کی تو اس کی زندگی ضیق میں گزرے گی اور قیامت کے دن ہم اس کو اندھا اٹھائیں گے۔ کہے گا اے میرے پروردگار! تو نے مجھ کو اندھا کیوں اٹھایا اور میں تو دیکھتا تھا۔ خدا فرمائے گا ایسا ہی ہے۔ ہماری آیتیں تیرے پاس آئیں مگر تو نے ان کی کچھ خبر نہ لی۔ اور اسی طرح آج تیری خبر نہ لی جائے گی۔ جو شخص حد سے بڑھ چلا اور اپنے پروردگار کی آیتوں پر ایمان نہ لایا، ہم اس کو ایسا ہی بدلہ دیا کرتے ہیں اور آخرت کا عذاب بہت ہی سخت اور دیرپا ہے۔

-طٰہٰ ۲۰: ۱۲۴-۱۲۷-

۹۔ بے سمجھے تکذیبِ آیات کرنے والوں کو عذاب

۲۶۔اور جب کہ ہم ہر ایک امت میں سے اس گروہ کو جمع کریں گے جو ہماری آیتوں کو جھٹلایا کرتے تھے۔ پھر ان کو ترتیب دیں گے یہاں تک کہ جب وہ حاضر ہوں گے تو اللہ پوچھے گا۔ کہ باوجودیکہ تم نے ہماری آیتوں کو اچھی طرح سمجھا بھی نہ تھا، کیا تم ان کو جھٹلاتے رہے، اور چونکہ یہ لوگ سرکشی کرتے رہے وعدۂ عذاب ان پر پورا ہوا۔ یہ لوگ بات نہ کرسکیں گے۔

۔النمل ۲۷: ۸۳۔۸۵۔

۱۰۔ کافروں کی ٹولیوں سے جہنم کے دروازے کھولتے موکلینِ دوزخ کی گفتگو

۲۷۔اور جو لوگ کفر کرتے رہے جہنم کی طرف ٹولیاں بنا بنا کر ہانکے جائیں گے یہاں تک کہ جب جہنم کے پاس پہنچیں گے تو اس کے دروازے کھول دیے جائیں گے اور دوزخ کے موکل ان سے کہیں گے کہ کیا تم میں سے رسول تمہارے پاس نہیں آئے کہ وہ تمہارے پروردگار کی آیتیں پڑھ پڑھ کر سناتے اور تمہارے اس روز کے پیش آنے سے تم کو ڈراتے۔ یہ جواب دیں گے کہ ہاں مگر عذاب کا وعدہ کافروں کے حق میں پورا ہو کر رہا۔ پھر کہا جائے گا کہ جہنم کے دروازوں میں داخل ہو، ہمیشہ اس میں رہو۔ غرض تکبر کرنے والوں کا برا ٹھکانا ہے۔

۔الزمر ۳۹: ۷۱۔۷۲۔

۱۱۔ منکرین قیامت سے سوال وجواب

۲۸۔اور جو لوگ کفر کرتے رہے کیا تم کو ہماری آیتیں

۲۶۔وَيَوْمَ نَحْشُرُ مِنْ كُلِّ أُمَّةٍ فَوْجًا مِّمَّنْ يُكَذِّبُ بِآيَاتِنَا فَهُمْ يُوزَعُونَ ۝ حَتَّىٰ إِذَا جَاءُوا قَالَ أَكَذَّبْتُم بِآيَاتِي وَلَمْ تُحِيطُوا بِهَا عِلْمًا أَمَّاذَا كُنتُمْ تَعْمَلُونَ ۝ وَوَقَعَ الْقَوْلُ عَلَيْهِم بِمَا ظَلَمُوا فَهُمْ لَا يَنطِقُونَ ۝

۲۷۔وَسِيقَ الَّذِينَ كَفَرُوا إِلَىٰ جَهَنَّمَ زُمَرًا ۖ حَتَّىٰ إِذَا جَاءُوهَا فُتِحَتْ أَبْوَابُهَا وَقَالَ لَهُمْ خَزَنَتُهَا أَلَمْ يَأْتِكُمْ رُسُلٌ مِّنكُمْ يَتْلُونَ عَلَيْكُمْ آيَاتِ رَبِّكُمْ وَيُنذِرُونَكُمْ لِقَاءَ يَوْمِكُمْ هَٰذَا ۚ قَالُوا بَلَىٰ وَلَٰكِنْ حَقَّتْ كَلِمَةُ الْعَذَابِ عَلَى الْكَافِرِينَ ۝ قِيلَ ادْخُلُوا أَبْوَابَ جَهَنَّمَ خَالِدِينَ فِيهَا ۖ فَبِئْسَ مَثْوَى الْمُتَكَبِّرِينَ ۝

۲۸۔وَأَمَّا الَّذِينَ كَفَرُوا أَفَلَمْ تَكُنْ آيَاتِي تُتْلَىٰ عَلَيْكُمْ فَاسْتَكْبَرْتُمْ وَكُنتُمْ قَوْمًا مُّجْرِمِينَ ۝ وَإِذَا قِيلَ إِنَّ وَعْدَ اللَّهِ حَقٌّ وَالسَّاعَةُ لَا رَيْبَ فِيهَا قُلْتُم مَّا نَدْرِي مَا السَّاعَةُ إِن نَّظُنُّ إِلَّا ظَنًّا وَمَا نَحْنُ بِمُسْتَيْقِنِينَ ۝ وَبَدَا لَهُمْ سَيِّئَاتُ مَا عَمِلُوا وَحَاقَ بِهِم مَّا كَانُوا بِهِ يَسْتَهْزِئُونَ ۝ وَقِيلَ الْيَوْمَ نَنسَاكُمْ كَمَا نَسِيتُمْ لِقَاءَ يَوْمِكُمْ هَٰذَا وَمَأْوَاكُمُ النَّارُ وَمَا لَكُم مِّن نَّاصِرِينَ ۝ ذَٰلِكُم بِأَنَّكُمُ اتَّخَذْتُمْ آيَاتِ اللَّهِ هُزُوًا وَغَرَّتْكُمُ الْحَيَاةُ الدُّنْيَا ۚ فَالْيَوْمَ لَا يُخْرَجُونَ مِنْهَا وَلَا هُمْ يُسْتَعْتَبُونَ ۝

پڑھ کر نہیں سنائی جاتی تھیں مگر تم غرور کیا کرتے اور نافرمان تھے۔ اور جب کہا جاتا تھا کہ خدا کا وعدہ برحق ہے اور قیامت میں کچھ شبہ نہیں تو تم کہتے تھے کہ ہم نہیں جانتے کہ قیامت کیا چیز ہے؟ ہاں کچھ یونہی سا وہم تو ہم کو بھی گزرتا ہے۔ مگر یقین ہم کو نہیں ہے۔ اور جیسے جیسے یہ لوگ عمل کرتے رہے، ان کی برائیاں ان پر ظاہر ہو جائیں گی اور جس عذاب کی ہنسی اڑاتے رہے وہ ان پر آنازل ہوگا۔ کہہ دیا جائے گا جس طرح تم نے اپنے اس دن کے آنے کو بھلائے رکھا آج ہم بھی تم کو بھلا دیں گے اور تمہارا ٹھکانا دوزخ ہے اور کوئی تمہارا مددگار نہیں۔ یہ اس کی سزا ہے کہ تم نے خدا کی آیتوں کی ہنسی بنائی اور دنیا کی زندگی نے تم کو دھوکے میں ڈالے رکھا۔ غرض آج نہ تو یہ لوگ دوزخ سے نکالے جائیں گے اور نہ ان کو معذرت کا موقع دیا جائے گا۔

۔الجاثیۃ ۴۵: ۳۱۔۳۵۔

۱۲۔ مشرک کے رفیق کے سوال وجواب جہنم میں

۲۹۔ جتنے کافر سرکش نیکی سے روکنے والے، حد سے بڑھے ہوئے، دین میں شکوک پیدا کرنے والے ہیں، جو اللہ کے ساتھ دوسرے معبود ٹھہرایا کرتے تھے، اب سب کو جہنم میں جھونک دو۔ اور اس کو بھی سخت عذاب میں ڈال دو۔ پھر اس کا ساتھی عرض کرے گا کہ اے ہمارے پروردگار! میں نے تو اس کو سرکش نہیں بنایا یہ خود پرلے درجے کی گمراہی میں تھا۔ اللہ فرمائے گا ہمارے حضور میں جھگڑے نہ کرو۔ اور ہم تو تم کو پہلے ہی ڈر سنوا چکے تھے۔ ہمارے ہاں بات نہیں بدلی جایا کرتی۔ اور ہم تو بندوں پر ذرہ بھر بھی ظلم نہیں کرتے۔

۔ق ۵۰۔۲۴۔۲۹۔

۲۹۔ اَلْقِيَا فِىْ جَهَنَّمَ كُلَّ كَفَّارٍ عَنِيْدٍ ۝ مَّنَّاعٍ لِّلْخَيْرِ مُعْتَدٍ مُّرِيْبِ ۝ الَّذِىْ جَعَلَ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ فَاَلْقِيٰهُ فِى الْعَذَابِ الشَّدِيْدِ ۝ قَالَ قَرِيْنُهٗ رَبَّنَا مَآ اَطْغَيْتُهٗ وَلٰكِنْ كَانَ فِىْ ضَلٰلٍ بَعِيْدٍ ۝ قَالَ لَا تَخْتَصِمُوْا لَدَىَّ وَقَدْ قَدَّمْتُ اِلَيْكُمْ بِالْوَعِيْدِ ۝ مَا يُبَدَّلُ الْقَوْلُ لَدَىَّ وَمَآ اَنَا بِظَلَّامٍ لِّلْعَبِيْدِ ۝

۳۰۔ اور جس کا نامۂ اعمال اس کے بائیں ہاتھ میں دیا جائے گا وہ کہے گا، اے کاش مجھ کو میرا اعمال نامہ نہ ملا ہوتا اور مجھ کو اپنے حساب کی خبر ہی نہ ہوئی ہوتی کہ کیا ہے۔ اے کاش مرنے سے میرا خاتمہ ہو گیا ہوتا۔ میرا مال میرے کام نہ آیا۔ مجھ سے میری بادشاہت لٹ گئی۔ اس کو پکڑ و اور اس کے گلے میں طوق ڈالو۔ پھر اس کو جہنم میں دھکیل دو۔ پھر زنجیر سے، جس کی ناپ گزوں میں ستر گز ہو گی۔ اس کو خوب جکڑ دو۔ یہ اللہ تعالیٰ پر ایمان نہیں لاتا تھا۔ اور مسکینوں کے کھانا کھلانے کی ترغیب نہیں دیتا تھا۔ تو آج یہاں کوئی بھی اس کا دوست دار نہیں۔ اور زخموں کے دھوون کے سوا کھانے کو بھی نہیں، یہ کھانا بس گنہگار ہی کھائیں گے۔

۔الحاقۃ ۶۹:۲۵۔۳۷۔

۳۰۔ وَاَمَّا مَنْ اُوْتِىَ كِتٰبَهٗ بِشِمَالِهٖ فَيَقُوْلُ يٰلَيْتَنِىْ لَمْ اُوْتَ كِتٰبِيَهْ ۝ وَلَمْ اَدْرِ مَا حِسَابِيَهْ ۝ يٰلَيْتَهَا كَانَتِ الْقَاضِيَةَ ۝ مَآ اَغْنٰى عَنِّىْ مَالِيَهْ ۝ هَلَكَ عَنِّىْ سُلْطٰنِيَهْ ۝ خُذُوْهُ فَغُلُّوْهُ ۝ ثُمَّ الْجَحِيْمَ صَلُّوْهُ ۝ ثُمَّ فِىْ سِلْسِلَةٍ ذَرْعُهَا سَبْعُوْنَ ذِرَاعًا فَاسْلُكُوْهُ ۝ اِنَّهٗ كَانَ لَا يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ الْعَظِيْمِ ۝ وَلَا يَحُضُّ عَلٰى طَعَامِ الْمِسْكِيْنِ ۝ فَلَيْسَ لَهُ الْيَوْمَ هٰهُنَا حَمِيْمٌ ۝ وَّلَا طَعَامٌ اِلَّا مِنْ غِسْلِيْنٍ ۝ لَّا يَاْكُلُهٗٓ اِلَّا الْخَاطِئُوْنَ ۝

۱۳۔ سرکشوں (طاغین) کو گرم پانی، پیپ اور طرح طرح کے عذاب

۳۱۔ یہ تو ایک بات ہوئی اور بے شک سرکشوں کے لیے ٹھکانا ہے (یعنی) دوزخ، جس میں وہ داخل ہوں گے۔ سو وہ برا بچھونا ہے۔ یہ عذاب ہے، اس کو چکھو کھولتا پانی اور پیپ اور اسی قسم کا طرح طرح کا۔ یہ ایک جماعت ہے جو تمہارے ساتھ (دوزخ میں) داخل ہونے والی اُن کو خوشی نہ ہو۔ بے شک وہ آگ میں داخل ہونے والے ہیں۔ وہ کہیں گے بلکہ تم ہی ہو۔ تمہیں خوشی نہ ہو جیو۔ تم نے ہی یہ عذاب ہمارے لیے آگے بھیجا۔ سو وہ بری قرارگاہ ہے۔ کہیں گے کہ اے پروردگار! جس نے یہ عذاب ہمارے لیے آگے بھیجا ہے، اسے آگ میں دگنا عذاب دے اور کہیں گے ہمیں کیا ہو گیا کہ ہم ان آدمیوں کو نہیں دیکھتے جنہیں ہم شریر گنا کرتے تھے۔ کیا ہم نے

۳۱۔ هٰذَا ؕ وَاِنَّ لِلطّٰغِيْنَ لَشَرَّ مَاٰبٍ ۝ جَهَنَّمَ ۚ يَصْلَوْنَهَا ۚ فَبِئْسَ الْمِهَادُ ۝ هٰذَا ۙ فَلْيَذُوْقُوْهُ حَمِيْمٌ وَّغَسَّاقٌ ۝ وَّاٰخَرُ مِنْ شَكْلِهٖٓ اَزْوَاجٌ ۝ هٰذَا فَوْجٌ مُّقْتَحِمٌ مَّعَكُمْ ۚ لَا مَرْحَبًا بِهِمْ ۚ اِنَّهُمْ صَالُوا النَّارِ ۝ قَالُوْا بَلْ اَنْتُمْ لَا مَرْحَبًا بِكُمْ ۚ اَنْتُمْ قَدَّمْتُمُوْهُ لَنَا ۚ فَبِئْسَ الْقَرَارُ ۝ قَالُوْا

انہیں ٹھٹھا ٹھیرایا تھا یا ان کی طرف سے آنکھیں ہی ٹیڑھی ہو گئیں۔ بے شک یہ دوزخیوں کا باہم جھگڑنا حق ہے۔

۔صٓ ۳۸: ۵۵۔ ۶۴۔

۳۲۔ بے شک دوزخ گھات میں لگی ہے اور وہی سرکشوں کا ٹھکانا ہے۔ اسی میں قرنوں پڑے رہیں گے۔ وہاں نہ ٹھنڈک کا مزہ چکھیں گے اور گرم پانی اور پیپ کے سوا ان کو کچھ بھی نہیں ملے گا، پورا بدلہ۔ یہ لوگ حساب سے نہیں ڈرتے تھے اور ہماری آیتوں کو بڑی بے باکی سے جھٹلایا کرتے تھے اور ہم نے ہر چیز کو قلم بند کر رکھا ہے۔ تو مزہ چکھو اور ہم تو تمہارے لیے عذاب ہی بڑھاتے جائیں گے۔

۔النباء ۷۸: ۲۱۔ ۳۰۔

۳۳۔ سو جس نے سرکشی کی اور دنیا کی زندگی کو مقدم رکھا تو اس کا ٹھکانا بس دوزخ ہے۔

۔النازعات ۷۹: ۳۷۔ ۳۹۔

۱۴۔ گنہگار (اثیم) کا کھانا سینڈھ کا درخت

۳۴۔ بے شک سینڈھ کا درخت گنہگار کا کھانا ہے۔ پگھلے تانبے کی طرح پیٹوں میں کھولے گا جیسے گرم پانی کھولتا ہے۔ اسے پکڑو پھر اسے دوزخ کی تلی کی طرف گھسیٹ لے جاؤ۔ پھر (اے فرشتو!) اس کے سر پر کھولتے پانی کا عذاب بہادو۔ چکھ، بے شک تو ہی عزت والا، بزرگ ہے۔ بے شک یہ وہی ہے جس میں تم شک کیا کرتے تھے۔

۔الدخان ۴۴: ۴۳۔ ۵۰۔

۳۵۔ ہر ایک جھوٹے گنہگار کی خرابی ہے۔ اللہ کی آیتیں جو اس پر پڑھی جاتی ہیں سنتا ہے پھر گھمنڈ کرتا ہے گویا اس نے انہیں سنا ہی نہیں۔ تو (اے نبی ﷺ!) تو انہیں دردناک عذاب کی بشارت دے اور جب ہماری آیتوں سے کچھ معلوم کرتا ہے تو اس کو ٹھٹھا بنالیتا ہے۔ یہی ہیں جن کے لیے ذلیل کرنے والا عذاب ہے۔ ان کے پیچھے دوزخ لگی ہوئی ہے اور جو کچھ انہوں نے کمایا ہے، نہ وہ ان کے کچھ کام آئے گا اور نہ وہ جنہیں انہوں نے اللہ کے سوا کارساز پکڑا ہے اور ان کے

رَبَّنَا مَنْ قَدَّمَ لَنَا هٰذَا فَزِدْهُ عَذَابًا ضِعْفًا فِي النَّارِ ﴿۶۱﴾ وَقَالُوا مَا لَنَا لَا نَرٰى رِجَالًا كُنَّا نَعُدُّهُمْ مِّنَ الْاَشْرَارِ ﴿۶۲﴾ اَتَّخَذْنٰهُمْ سِخْرِيًّا اَمْ زَاغَتْ عَنْهُمُ الْاَبْصَارُ ﴿۶۳﴾ اِنَّ ذٰلِكَ لَحَقٌّ تَخَاصُمُ اَهْلِ النَّارِ ﴿۶۴﴾

۳۲۔ اِنَّ جَهَنَّمَ كَانَتْ مِرْصَادًا ﴿۲۱﴾ لِّلطَّاغِيْنَ مَاٰبًا ﴿۲۲﴾ لّٰبِثِيْنَ فِيْهَاۤ اَحْقَابًا ﴿۲۳﴾ لَا يَذُوْقُوْنَ فِيْهَا بَرْدًا وَّلَا شَرَابًا ﴿۲۴﴾ اِلَّا حَمِيْمًا وَّغَسَّاقًا ﴿۲۵﴾ جَزَآءً وِّفَاقًا ﴿۲۶﴾ اِنَّهُمْ كَانُوْا لَا يَرْجُوْنَ حِسَابًا ﴿۲۷﴾ وَّكَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا كِذَّابًا ﴿۲۸﴾ وَكُلَّ شَيْءٍ اَحْصَيْنٰهُ كِتٰبًا ﴿۲۹﴾ فَذُوْقُوْا فَلَنْ نَّزِيْدَكُمْ اِلَّا عَذَابًا ﴿۳۰﴾

۳۳۔ فَاَمَّا مَنْ طَغٰى ﴿۳۷﴾ وَاٰثَرَ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا ﴿۳۸﴾ فَاِنَّ الْجَحِيْمَ هِيَ الْمَاْوٰى ﴿۳۹﴾

۳۴۔ اِنَّ شَجَرَتَ الزَّقُّوْمِ ﴿۴۳﴾ طَعَامُ الْاَثِيْمِ ﴿۴۴﴾ كَالْمُهْلِ يَغْلِيْ فِي الْبُطُوْنِ ﴿۴۵﴾ كَغَلْيِ الْحَمِيْمِ ﴿۴۶﴾ خُذُوْهُ فَاعْتِلُوْهُ اِلٰى سَوَآءِ الْجَحِيْمِ ﴿۴۷﴾ ثُمَّ صُبُّوْا فَوْقَ رَاْسِهٖ مِنْ عَذَابِ الْحَمِيْمِ ﴿۴۸﴾ ذُقْ اِنَّكَ اَنْتَ الْعَزِيْزُ الْكَرِيْمُ ﴿۴۹﴾ اِنَّ هٰذَا مَا كُنْتُمْ بِهٖ تَمْتَرُوْنَ ﴿۵۰﴾

۳۵۔ وَيْلٌ لِّكُلِّ اَفَّاكٍ اَثِيْمٍ ﴿۷﴾ يَّسْمَعُ اٰيٰتِ اللّٰهِ تُتْلٰى عَلَيْهِ ثُمَّ يُصِرُّ مُسْتَكْبِرًا كَاَنْ لَّمْ يَسْمَعْهَا فَبَشِّرْهُ بِعَذَابٍ اَلِيْمٍ ﴿۸﴾ وَاِذَا عَلِمَ مِنْ اٰيٰتِنَا شَيْئًا اتَّخَذَهَا هُزُوًا اُولٰٓئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ مُّهِيْنٌ ﴿۹﴾ مِنْ وَّرَآئِهِمْ جَهَنَّمُ وَلَا يُغْنِيْ عَنْهُمْ مَّا كَسَبُوْا شَيْئًا وَّلَا مَا اتَّخَذُوْا مِنْ

لیے بڑا بھاری عذاب ہے۔

-الجاثیہ ۴۵: ۷-۱۰-

۱۵۔ خدائی کا دعویٰ کرنے والوں کو جہنم

۳۶۔اور جو (ان فرشتوں) میں سے کہے گا کہ اس کے سوا میں معبود ہوں، تو یہ وہ ہے جسے ہم دوزخ کی سزا دیں گے۔ہم ظالموں کو ایسی ہی سزا دیتے ہیں۔

-الانبیاء ۲۱: ۲۹-

۱۶۔ اللہ پر کامل اعتقاد نہ رکھنے والوں کو دنیا اور آخرت میں گھاٹا

۳۷۔اور لوگوں میں کوئی وہ بھی ہے جو ایک کنارے پر اللہ کی بندگی کرتا ہے۔اگر اسے بھلائی پہنچتی ہے تو وہ اس عبادت سے اطمینان پاتا ہے اور اگر اسے کوئی تکلیف پہنچتی ہے تو اپنے مونھہ پر الٹ جاتا ہے وہ دنیا اور آخرت میں گھاٹے میں رہا۔ یہی کھلا گھاٹا ہے۔ اللہ کے سوا اسے پکارتا ہے جو نہ اسے نقصان ہی پہنچائے اور نہ نفع ہی پہنچائے۔یہی پرلے درجے کی گمراہی ہے۔اسے پکارتا ہے جس کا نقصان اس کے نفع سے زیادہ قریب ہے البتہ وہ برا دوست ہے اور برا ساتھی۔

-الحج ۲۲: ۱۱-۱۳-

۱۷۔ اللہ کی راہ سے بہکانے والوں کی دنیا میں رسوائی اور آخرت میں دردناک عذاب

۳۸۔اور آدمیوں میں کوئی ایسا بھی ہے جو اللہ کے بارے میں بغیر علم اور ہدایت چمکتی کتاب کے جھگڑتا ہے۔

-الحج ۲۲: ۸ ولقمٰن ۳۱: ۲۰-

۳۹۔اپنے شانے موڑتا ہے تا کہ اللہ کی راہ سے (لوگوں کو) گمراہ کرے۔ اس کے لیے دنیا میں رسوائی ہے اور قیامت کے دن ہم اسے جلن کا عذاب چکھائیں گے۔

دُوْنِ اللّٰهِ اَوْلِيَآءَ ۚ وَلَهُمْ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ﴿۱۰﴾

۳۶۔وَمَنْ يَّقُلْ مِنْهُمْ اِنِّيْۤ اِلٰهٌ مِّنْ دُوْنِهٖ فَذٰلِكَ نَجْزِيْهِ جَهَنَّمَ ۭ كَذٰلِكَ نَجْزِي الظّٰلِمِيْنَ ﴿۲۹﴾

۳۷۔وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّعْبُدُ اللّٰهَ عَلٰي حَرْفٍ ۚ فَاِنْ اَصَابَهٗ خَيْرُ ۨ اطْمَاَنَّ بِهٖ ۚ وَاِنْ اَصَابَتْهُ فِتْنَةُ ۨ انْقَلَبَ عَلٰي وَجْهِهٖ ڗ خَسِرَ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةَ ۭ ذٰلِكَ هُوَ الْخُسْرَانُ الْمُبِيْنُ ﴿۱۱﴾ يَدْعُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَا لَا يَضُرُّهٗ وَمَا لَا يَنْفَعُهٗ ۭ ذٰلِكَ هُوَ الضَّلٰلُ الْبَعِيْدُ ﴿۱۲﴾ يَدْعُوْا لَمَنْ ضَرُّهٗٓ اَقْرَبُ مِنْ نَّفْعِهٖ ۭ لَبِئْسَ الْمَوْلٰى وَلَبِئْسَ الْعَشِيْرُ ﴿۱۳﴾

۳۸۔وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يُّجَادِلُ فِي اللّٰهِ بِغَيْرِ عِلْمٍ وَّلَا هُدًى وَّلَا كِتٰبٍ مُّنِيْرٍ ﴿۸﴾

۳۹۔ثَانِيَ عِطْفِهٖ لِيُضِلَّ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۭ لَهٗ فِي الدُّنْيَا خِزْيٌ وَّنُذِيْقُهٗ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ عَذَابَ الْحَرِيْقِ ﴿۹﴾ ذٰلِكَ بِمَا قَدَّمَتْ يَدٰكَ وَاَنَّ اللّٰهَ لَيْسَ بِظَلَّامٍ لِّلْعَبِيْدِ ﴿۱۰﴾

۴۰۔وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّشْتَرِيْ لَهْوَ الْحَدِيْثِ لِيُضِلَّ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ بِغَيْرِ عِلْمٍ ڰ وَّيَتَّخِذَهَا هُزُوًا ۭ اُولٰۗىِٕكَ لَهُمْ عَذَابٌ مُّهِيْنٌ ﴿۶﴾ وَاِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِ اٰيٰتُنَا وَلّٰى مُسْتَكْبِرًا كَاَنْ لَّمْ يَسْمَعْهَا كَاَنَّ فِيْٓ اُذُنَيْهِ وَقْرًا ۚ فَبَشِّرْهُ بِعَذَابٍ اَلِيْمٍ ﴿۷﴾

۴۱۔اِنَّ الَّذِيْنَ فَتَنُوا الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ ثُمَّ لَمْ يَتُوْبُوْا فَلَهُمْ عَذَابُ

یہ اس کی سزا ہے جو تیرے ہاتھوں نے آگے بھیجا تھا اور یہ کہ اللہ بندوں پر ظلم کرنے والا نہیں ہے۔

-الحج ۲۲: ۹-۱۰-

۴۰۔اور لوگوں میں کوئی ایسا بھی ہے جو غافل کرنے والی بات مول لیتا ہے تا کہ بغیر علم کے (لوگوں کو) اللہ کی راہ سے گمراہ کرے اور اسے ٹھٹھا بنائے۔ یہی ہیں جن کے لیے رسوا کرنے والا عذاب ہے۔اور جب اس پر ہماری آیتیں پڑھی جاتی ہیں تو تکبر کرتا ہوا پیٹھ پھیر لیتا ہے گویا اس نے انہیں سنا ہی نہیں گویا اس کے کانوں میں گرانی ہے۔(اے نبی ﷺ!) تو اسے دردناک عذاب کی بشارت دے۔

-لقمٰن ۳۱: ۶-۷-

۱۸۔ ایمان سے بچلانے والوں کو جہنم

۴۱۔بے شک وہ لوگ جنہوں نے ایمان دار مردوں اور ایمان دار

عورتوں کو مبتلائے مصیبت کیا پھر توبہ نہ کی ان کے لیے دوزخ کا عذاب ہے اور ان کے لیے جلن کا عذاب ہے۔

-البروج-۸۵:۱۰-

جَهَنَّمَ وَلَهُمْ عَذَابُ الْحَرِيقِ ۝

۱۹۔ اللہ کے احکام نہ ماننے والوں کو عذابِ جہنم

۴۲۔ اَفَتُؤْمِنُوْنَ بِبَعْضِ الْكِتٰبِ وَ تَكْفُرُوْنَ بِبَعْضٍ ۚ فَمَا جَزَآءُ مَنْ يَّفْعَلُ ذٰلِكَ مِنْكُمْ اِلَّا خِزْيٌ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۚ وَيَوْمَ الْقِيٰمَةِ يُرَدُّوْنَ اِلٰٓى اَشَدِّ الْعَذَابِ ۭ وَمَا اللّٰهُ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُوْنَ ۝ اُولٰۗىِٕكَ الَّذِيْنَ اشْتَرَوُا الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا بِالْاٰخِرَةِ ۡ فَلَا يُخَفَّفُ عَنْهُمُ الْعَذَابُ وَلَا هُمْ يُنْصَرُوْنَ ۝

۴۲۔ تو کیا تم بعض کتاب پر ایمان لاتے اور بعض کا انکار کرتے ہو۔ تو تم میں سے جو یہ کام کرتا ہے اس کی سزا اس کے سوا کچھ نہیں کہ دنیا کی زندگی میں رسوائی اور قیامت کے دن وہ سخت عذاب کی طرف لوٹائے جائیں گے اور جو تم کرتے ہو اللہ اس سے غافل نہیں ہے۔ یہی وہ لوگ ہیں جنہوں نے آخرت کے بدلے دنیا کی زندگی مول لی۔ سو نہ ان سے عذاب ہی ہلکا کیا جائے گا اور نہ وہ مدد ہی کئے جائیں گے۔

-البقرة ۲:۸۵-۸۶-

۴۳۔ لِلَّذِيْنَ اسْتَجَابُوْا لِرَبِّهِمُ الْحُسْنٰى ڼ وَالَّذِيْنَ لَمْ يَسْتَجِيْبُوْا لَهٗ لَوْ اَنَّ لَهُمْ مَّا فِي الْاَرْضِ جَمِيْعًا وَّمِثْلَهٗ مَعَهٗ لَافْتَدَوْا بِهٖ ۭ اُولٰۗىِٕكَ لَهُمْ سُوْۗءُ الْحِسَابِ ڏ وَمَاْوٰىهُمْ جَهَنَّمُ ۭ وَبِئْسَ الْمِهَادُ ۝

۴۳۔ جنہوں نے اپنے پروردگار کی بات مانی ان کے لیے نیکی ہے اور جنہوں نے اس کی بات نہ مانی ان کے پاس اگر وہ سارا مال بھی ہو جو زمین میں ہے اور اس کے ساتھ اتنا ہی اور بھی تو وہ ضرور اسے فدیہ میں دے ڈالیں۔ یہی ہیں جن کے لیے برا حساب ہے اور ان کا ٹھکانا دوزخ ہے اور وہ برا بچھونا ہے۔

-الرعد ۱۳:۱۸-

۴۴۔ وَمَنْ يَّزِغْ مِنْهُمْ عَنْ اَمْرِنَا نُذِقْهُ مِنْ عَذَابِ السَّعِيْرِ ۝

۴۴۔ اور جو ہمارے حکم سے منحرف ہوگا، اسے ہم دوزخ کا عذاب چکھائیں گے۔

-سبا ۳۴:۱۲-

۴۵۔ اِنَّ الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ ۙ لَا يَهْدِيْهِمُ اللّٰهُ وَلَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۝

۴۵۔ بے شک وہ لوگ جو اللہ کی آیتوں پر ایمان نہیں لاتے، اللہ انہیں ہدایت نہیں کرے گا۔ اور ان کے لیے دردناک عذاب ہے۔

-النحل ۱۶:۱۰۴-

۴۶۔ ذٰلِكَ جَزَاۗءُ اَعْدَاۗءِ اللّٰهِ النَّارُ ۚ لَهُمْ فِيْهَا دَارُ الْخُلْدِ ۭ جَزَاۗءًۢ بِمَا كَانُوْا بِاٰيٰتِنَا يَجْحَدُوْنَ ۝

۴۶۔ یہ اللہ کے دشمنوں کی سزا ہے یعنی دوزخ۔ اس میں ان کے لیے ہمیشہ کا گھر ہے۔ اس کی سزا ہے کہ وہ ہماری آیتوں کا انکار کرتے تھے۔

-حٰمٓ السجدة ۴۱:۲۸-

۲۰۔ اللہ کی آیتوں میں جھگڑنے والوں کو سخت عذاب

۴۷۔ وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يُّجَادِلُ فِي اللّٰهِ بِغَيْرِ عِلْمٍ وَّلَا هُدًى وَّلَا كِتٰبٍ مُّنِيْرٍ ۝ ثَانِيَ عِطْفِهٖ لِيُضِلَّ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۭ لَهٗ فِي الدُّنْيَا خِزْيٌ وَّنُذِيْقُهٗ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ عَذَابَ الْحَرِيْقِ ۝ ذٰلِكَ بِمَا قَدَّمَتْ يَدٰكَ وَاَنَّ اللّٰهَ لَيْسَ بِظَلَّامٍ لِّلْعَبِيْدِ ۝

۴۷۔ اور لوگوں میں کوئی ایسا بھی ہے جو اللہ (کی شان) میں بغیر علم (و دانش) کے اور بغیر ہدایت کے اور بغیر کتابِ روشن کے جھگڑتا ہے۔ (اور تکبر سے) گردن موڑ لیتا (ہے) تاکہ (لوگوں کو) اللہ کے رستے سے گمراہ کر دے۔ اس کے لیے دنیا میں ذلت ہے اور قیامت کے دن ہم اسے عذاب (آتشِ) سوزاں کا مزا چکھائیں گے۔ (اے سرکش) یہ اُس (کفر) کی سزا ہے جو تیرے ہاتھوں نے آگے بھیجا ہے اور اللہ اپنے بندوں پر ظلم کرنے والا نہیں۔

-الحج ۲۲:۸-۱۰-

۴۸۔ اور جو لوگ اللہ کے بارے میں اس کے بعد بھی کہ اس کو قبول کیا گیا، جھگڑتے ہیں، ان کی دلیل ان کے پروردگار کے پاس کمزور ہے اور ان پر غضب ہے اور ان کے لیے سخت عذاب ہے۔

۔الشوریٰ ۴۲: ۱۶۔

۴۹۔ اور جو لوگ ہماری آیتوں میں جھگڑتے ہیں جان لیں گے کہ ان کے لیے کہیں چھٹکارا نہیں ہے۔

۔الشوریٰ ۴۲: ۳۵۔

۲۱۔ اللہ کی آیتوں میں ٹیڑھا چلنے والوں کو نار

۵۰۔ بے شک جو لوگ ہماری آیتوں میں ٹیڑھے چلتے ہیں وہ ہم پر چھپے ہوئے نہیں ہیں۔ تو کیا وہ شخص جو آگ میں ڈالا جائے گا بہتر ہے یا وہ جو قیامت کے دن امن سے آئے گا؟ کافرو! تم جو چاہو کرو بے شک جو تم کرتے ہو وہ دیکھتا ہے۔

۔حٰمٓ السجدۃ ۴۱: ۴۰۔

۲۲۔ اللہ کے ناموں میں ٹیڑھا چلنے کی سزا

۵۱۔ اور انہیں چھوڑ دو جو اس کے ناموں میں ٹیڑھے چلتے ہیں۔ انہیں وہ جو کرتے ہیں، اس کی سزا دی جائے گی اور جنہیں ہم نے پیدا کیا ہے اس میں کچھ لوگ ہیں جو حق کی طرف راہ دکھلاتے ہیں اور اسی کے ساتھ انصاف کرتے ہیں۔

۔الاعراف ۷: ۱۸۰۔۱۸۱۔

۲۳۔ اللہ پر اعتراض کرنے والوں اور انبیا کے قاتلین کو سخت عذاب

۵۲۔ بے شک اللہ نے ان کا قول سن لیا جنہوں نے کہا کہ اللہ فقیر ہے اور ہم مال دار ہیں۔ ہم اس کو جو انہوں نے کہا اور ان کے نبیوں کو ناحق قتل کرتے رہے، لکھے لیتے ہیں اور ان سے ہم کہیں گے کہ جلن کا عذاب چکھو۔ یہ اس

۴۸۔ وَالَّذِينَ يُحَاجُّونَ فِي اللَّهِ مِنْ بَعْدِ مَا اسْتُجِيبَ لَهُ حُجَّتُهُمْ دَاحِضَةٌ عِنْدَ رَبِّهِمْ وَعَلَيْهِمْ غَضَبٌ وَلَهُمْ عَذَابٌ شَدِيدٌ ﴿۱۶﴾

۴۹۔ وَيَعْلَمَ الَّذِينَ يُجَادِلُونَ فِي آيَاتِنَا مَا لَهُمْ مِنْ مَحِيصٍ ﴿۳۵﴾

۵۰۔ إِنَّ الَّذِينَ يُلْحِدُونَ فِي آيَاتِنَا لَا يَخْفَوْنَ عَلَيْنَا ۗ أَفَمَنْ يُلْقَىٰ فِي النَّارِ خَيْرٌ أَمْ مَنْ يَأْتِي آمِنًا يَوْمَ الْقِيَامَةِ ۚ اعْمَلُوا مَا شِئْتُمْ ۖ إِنَّهُ بِمَا تَعْمَلُونَ بَصِيرٌ ﴿۴۰﴾

۵۱۔ وَذَرُوا الَّذِينَ يُلْحِدُونَ فِي أَسْمَائِهِ ۚ سَيُجْزَوْنَ مَا كَانُوا يَعْمَلُونَ ﴿۱۸۰﴾ وَمِمَّنْ خَلَقْنَا أُمَّةٌ يَهْدُونَ بِالْحَقِّ وَبِهِ يَعْدِلُونَ ﴿۱۸۱﴾

۵۲۔ لَقَدْ سَمِعَ اللَّهُ قَوْلَ الَّذِينَ قَالُوا إِنَّ اللَّهَ فَقِيرٌ وَنَحْنُ أَغْنِيَاءُ ۘ سَنَكْتُبُ مَا قَالُوا وَقَتْلَهُمُ الْأَنْبِيَاءَ بِغَيْرِ حَقٍّ وَنَقُولُ ذُوقُوا عَذَابَ الْحَرِيقِ ﴿۱۸۱﴾ ذَٰلِكَ بِمَا قَدَّمَتْ أَيْدِيكُمْ وَأَنَّ اللَّهَ لَيْسَ بِظَلَّامٍ لِلْعَبِيدِ ﴿۱۸۲﴾

۵۳۔ وَأَصْحَابُ الشِّمَالِ مَا أَصْحَابُ الشِّمَالِ ﴿۴۱﴾ فِي سَمُومٍ وَحَمِيمٍ ﴿۴۲﴾ وَظِلٍّ مِنْ يَحْمُومٍ ﴿۴۳﴾ لَا بَارِدٍ وَلَا كَرِيمٍ ﴿۴۴﴾ إِنَّهُمْ كَانُوا قَبْلَ ذَٰلِكَ مُتْرَفِينَ ﴿۴۵﴾ وَكَانُوا يُصِرُّونَ عَلَى الْحِنْثِ الْعَظِيمِ ﴿۴۶﴾ وَكَانُوا يَقُولُونَ أَئِذَا مِتْنَا وَكُنَّا تُرَابًا وَعِظَامًا أَإِنَّا لَمَبْعُوثُونَ ﴿۴۷﴾ أَوَآبَاؤُنَا الْأَوَّلُونَ ﴿۴۸﴾

۵۴۔ وَمَنْ يَعْصِ اللَّهَ وَرَسُولَهُ وَيَتَعَدَّ حُدُودَهُ يُدْخِلْهُ نَارًا خَالِدًا

کا بدلہ ہے جو ان کے ہاتھوں نے آگے بھیجا ہے۔ اور نیز یہ کہ اللہ بندوں پر ظلم کرنے والا نہیں ہے۔

۔آل عمران ۳: ۱۸۱۔۱۸۲۔

۲۴۔ اصحاب الشمال

۵۳۔ اور بائیں طرف والے کیا ہیں، بائیں طرف والے؟ لو اور کھولتے پانی میں اور دھوئیں کے سایہ میں، نہ ٹھنڈا ہے اور نہ عزت والا۔ بے شک وہ اس سے پہلے خوش عیشی میں تھے اور (شرک کے) بڑے گناہ پر اصرار کیا کرتے تھے اور کہا کرتے تھے کہ بھلا جب ہم مر گئے اور مٹی اور ہڈیاں ہو گئے تو کیا ہم پھر زندہ کر کے اٹھائے جائیں گے یا ہمارے اگلے باپ دادا۔

۔الواقعۃ ۵۶: ۴۱۔۴۸۔

۲۵۔ اللہ اور رسول کی نافرمانی (عصیان) کی سزا

۵۴۔ اور جو اللہ اور اس کے رسول کی نافرمانی کرے اور اللہ کی باندھی

ہوئی حدوں سے بڑھ چلے تو اللہ اس کو دوزخ میں داخل کرے گا اور اس میں ہمیشہ رہے گا اور اس کو ذلت کی مار دی جائے گی۔

۔النساء ۴:۱۴۔

۵۵۔ جو شخص اللہ اور اس کے رسول کی نافرمانی کرے گا تو البتہ اس کے لیے دوزخ کی آگ ہے جس میں وہ لوگ ہمیشہ رہیں گے۔

۔الجن ۷۲:۲۳۔

۲۶۔ فاسق اور خطا کار

۵۶۔ اور جو لوگ نافرمانی کرتے رہے، ان کا ٹھکانا دوزخ ہوگا۔ جب اس سے نکلنا چاہیں گے اسی میں لوٹا دیے جائیں گے اور ان سے کہا جائے گا کہ جس عذابِ کو تم جھٹلاتے رہے اب اس کے مزے چکھو۔

۔السجدۃ ۳۲:۲۰۔

۵۷۔ اپنی ہی شرارتوں کی وجہ سے غرق کر دیے گئے پھر دوزخ میں ڈال دیے گئے اور اللہ کے سوا کوئی بھی ان کو مددگار نہ پہنچے گا۔

۔نوح ۷۱:۲۵۔

۵۸۔ اور کچھ شک نہیں کہ ہم کو اللہ ہی کی طرف لوٹ کر جانا ہے اور کچھ شک نہیں کہ جو لوگ حد سے بڑھے ہوئے ہیں وہی دوزخی ہیں۔

۔المؤمن ۴۰:۴۳۔

۲۷۔ بدکار (فجار)

۵۹۔ اور بے شک بدکار دوزخی ہیں۔ قیامت کے دن وہ اس میں داخل ہوں گے اور وہ اس سے غائب ہونے والے نہیں۔

۔الانفطار ۸۲:۱۴۔۱۶۔

فِيهَا ۖ وَلَهُ عَذَابٌ مُّهِينٌ ﴿١٤﴾

۵۵۔ وَمَن يَعْصِ اللَّهَ وَرَسُولَهُ فَإِنَّ لَهُ نَارَ جَهَنَّمَ خَالِدِينَ فِيهَا أَبَدًا ﴿٢٣﴾

۵۶۔ وَأَمَّا الَّذِينَ فَسَقُوا فَمَأْوَاهُمُ النَّارُ ۖ كُلَّمَا أَرَادُوا أَن يَخْرُجُوا مِنْهَا أُعِيدُوا فِيهَا وَقِيلَ لَهُمْ ذُوقُوا عَذَابَ النَّارِ الَّذِي كُنتُم بِهِ تُكَذِّبُونَ ﴿٢٠﴾

۵۷۔ مِّمَّا خَطِيئَاتِهِمْ أُغْرِقُوا فَأُدْخِلُوا نَارًا فَلَمْ يَجِدُوا لَهُم مِّن دُونِ اللَّهِ أَنصَارًا ﴿٢٥﴾

۵۸۔ وَأَنَّ مَرَدَّنَا إِلَى اللَّهِ وَأَنَّ الْمُسْرِفِينَ هُمْ أَصْحَابُ النَّارِ ﴿٤٣﴾

۵۹۔ وَإِنَّ الْفُجَّارَ لَفِي جَحِيمٍ ﴿١٤﴾ يَصْلَوْنَهَا يَوْمَ الدِّينِ ﴿١٥﴾ وَمَا هُمْ عَنْهَا بِغَائِبِينَ ﴿١٦﴾

۶۰۔ وَالَّذِينَ كَسَبُوا السَّيِّئَاتِ جَزَاءُ سَيِّئَةٍ بِمِثْلِهَا وَتَرْهَقُهُمْ ذِلَّةٌ ۖ مَّا لَهُم مِّنَ اللَّهِ مِنْ عَاصِمٍ ۖ كَأَنَّمَا أُغْشِيَتْ وُجُوهُهُمْ قِطَعًا مِّنَ اللَّيْلِ مُظْلِمًا ۚ أُولَٰئِكَ أَصْحَابُ النَّارِ ۖ هُمْ فِيهَا خَالِدُونَ ﴿٢٧﴾

۶۱۔ وَمَن جَاءَ بِالسَّيِّئَةِ فَكُبَّتْ وُجُوهُهُمْ فِي النَّارِ هَلْ تُجْزَوْنَ إِلَّا مَا كُنتُمْ تَعْمَلُونَ ﴿٩٠﴾

۶۲۔ وَالَّذِينَ يَمْكُرُونَ السَّيِّئَاتِ لَهُمْ عَذَابٌ شَدِيدٌ ۖ

۲۸۔ بدکردار دوزخ میں کالے مونہہ ہوکر

۶۰۔ اور جنہوں نے بدیاں کمائیں تو بدی کی سزا اسی کی برابر ہے اور ذلت ان پر سوار ہوگی۔ اللہ سے کوئی انہیں بچانے والا نہیں ہے گویا ان کے چہرے رات کے کالے ٹکڑوں سے ڈھانپ دیے گئے ہیں۔ وہی دوزخی ہیں، وہ ہمیشہ اسی دوزخ میں رہیں گے۔

۔یونس ۱۰:۲۷۔

۲۹۔ اوندھے مونہہ ہوکر

۶۱۔ اور جو بدی لائیں گے ان کے مونہہ آگ میں اوندھے کیے جائیں گے۔ تم کو اسی کا بدلہ دیا جائے گا جو تم کرتے تھے۔

۔النمل ۲۷:۹۰۔

۳۰۔ سخت عذاب

۶۲۔ اور جو لوگ بری چالیں چلتے ہیں ان کے لیے سخت عذاب ہے۔

۔فاطر ۳۵:۱۰۔

٦٣۔ البتہ جس نے بدی کمائی اور اس کی خطاؤں نے ہر طرف سے اسے گھیر لیا وہی دوزخی ہیں وہ ہمیشہ اسی میں رہیں گے۔

-البقرۃ ۲: ۸۱-

۳۱۔ طالبانِ دنیا کو نار

٦٤۔ جو شخص دنیا کی زندگی اور اس کی زینت چاہتا ہے، ہم انہیں ان کے اعمال کا پورا عوض دیں گے اور اس میں ان سے کمی نہیں کی جائے گی۔ یہی وہ لوگ ہیں جن کے لیے آخرت میں سوائے آگ کے کچھ نہیں ہے اور جو انہوں نے اس میں کیا ہے، وہ اکارت گیا۔ اور جو عمل وہ کرتے تھے رائیگاں ہیں۔

-ہود ۱۱: ۱۵-۱٦-

٦٥۔ اور جو دنیا چاہتا ہے اسے ہم دنیا ہی میں جو چاہتے ہیں جلد دے دیتے ہیں، جس کے لیے ہم چاہتے ہیں۔ پھر ہم اس کے لیے دوزخ جگہ کرتے ہیں، جس میں وہ برے حال سے راندۂ درگاہ ہو کر داخل ہوگا۔

-بنی اسرائیل ۱۷: ۱۸-

۳۲۔ مشرکوں کو شرک کی پوری سزا

٦٦۔ تو (اے نبی ﷺ) تو ان کی طرف سے جنہیں یہ لوگ پوجتے ہیں، شک میں نہ ہو۔ ان کا پوجنا ویسا ہی ہے جیسے ان کے اگلے باپ دادا پوجتے تھے اور بے شک ہم انہیں ان کا حصہ بغیر کم کرنے کے پورا دیں گے۔

-ہود ۱۱: ۱۰۹-

٦٣۔ بَلٰى مَنْ كَسَبَ سَيِّئَةً وَّاَحَاطَتْ بِهٖ خَطِيْٓئَتُهٗ فَاُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ النَّارِ ۚ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿٨١﴾

٦٤۔ مَنْ كَانَ يُرِيْدُ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا وَزِيْنَتَهَا نُوَفِّ اِلَيْهِمْ اَعْمَالَهُمْ فِيْهَا وَهُمْ فِيْهَا لَا يُبْخَسُوْنَ ﴿١٥﴾ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ لَيْسَ لَهُمْ فِي الْاٰخِرَةِ اِلَّا النَّارُ ۖ وَحَبِطَ مَا صَنَعُوْا فِيْهَا وَبٰطِلٌ مَّا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿١٦﴾

٦٥۔ مَنْ كَانَ يُرِيْدُ الْعَاجِلَةَ عَجَّلْنَا لَهٗ فِيْهَا مَا نَشَآءُ لِمَنْ نُّرِيْدُ ثُمَّ جَعَلْنَا لَهٗ جَهَنَّمَ ۚ يَصْلٰىهَا مَذْمُوْمًا مَّدْحُوْرًا ﴿١٨﴾

٦٦۔ فَلَا تَكُ فِيْ مِرْيَةٍ مِّمَّا يَعْبُدُ هٰٓؤُلَآءِ ۭ مَا يَعْبُدُوْنَ اِلَّا كَمَا يَعْبُدُ اٰبَآؤُهُمْ مِّنْ قَبْلُ ۭ وَاِنَّا لَمُوَفُّوْهُمْ نَصِيْبَهُمْ غَيْرَ مَنْقُوْصٍ ﴿١٠٩﴾

٦٧۔ وَالَّذِيْ قَالَ لِوَالِدَيْهِ اُفٍّ لَّكُمَآ اَتَعِدٰنِنِيْٓ اَنْ اُخْرَجَ وَقَدْ خَلَتِ الْقُرُوْنُ مِنْ قَبْلِيْ ۚ وَهُمَا يَسْتَغِيْثٰنِ اللّٰهَ وَيْلَكَ اٰمِنْ ۖ اِنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ ۚ فَيَقُوْلُ مَا هٰذَآ اِلَّآ اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿١٧﴾ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ حَقَّ عَلَيْهِمُ الْقَوْلُ فِيْٓ اُمَمٍ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهِمْ مِّنَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ ۭ اِنَّهُمْ كَانُوْا خٰسِرِيْنَ ﴿١٨﴾ وَلِكُلٍّ دَرَجٰتٌ مِّمَّا عَمِلُوْا ۚ وَلِيُوَفِّيَهُمْ اَعْمَالَهُمْ وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ ﴿١٩﴾

۳۳۔ قیامت کے منکروں کو پوری جزا

٦٧۔ اور جس نے اپنے ماں باپ سے کہا کہ میں تم سے بیزار ہوں۔ کیا تم مجھے یہ وعدہ دیتے ہو کہ میں قبر سے نکالا جاؤں گا۔ حالانکہ مجھ سے پہلے بہت سے زمانے گزر چکے ہیں اور وہ دونوں اللہ سے فریاد کرتے ہیں۔ کہتے ہیں کہ خرابی ہے تیرے لیے ایمان لا۔ بے شک اللہ کا وعدہ سچا ہے۔ وہ کہتا ہے کہ یہ تو پہلوں کی کہانیاں ہیں۔ یہی لوگ ہیں جن پر عذاب کا وعدہ ثابت ہوا بشمول ان امتوں کے جو جنوں اور انسانوں میں سے ان سے پہلے گزر چکی ہیں۔ بے شک وہ لوگ گھاٹا اٹھانے والے تھے اور ہر ایک کے لیے ان کے اعمال کے مطابق درجے ہیں اور یہ اس لیے ہے تاکہ اللہ ان کے اعمال کا انہیں پورا عوض دے اور ان پر ظلم نہیں کیا جائے گا۔

-الاحقاف ٤٦: ۱۷-۱۹-

۴۴۔ سونا چاندی جمع کرنے والوں کو دوزخ میں داغ

٦٨۔ اور جو لوگ سونا اور چاندی جمع کرتے رہتے ہیں اور اس کو اللہ کی راہ میں خرچ نہیں کرتے، ان کو عذابِ دردناک کی خوش خبری سنا دے۔ جب کہ اس سونے چاندی کو دوزخ کی آگ میں تپایا جائے گا پھر اس سے ان کے ماتھے اور ان کی کروٹیں اور ان کی پیٹھیں داغی جائیں گی۔ یہ ہے جو تم نے اپنے لیے جمع کیا تھا۔ تو آج اپنے جمع کئے کا مزہ چکھو۔

۔التوبہ ۹: ۳۴۔۳۵۔

٦٩۔ وہ دوزخ اسے بلاتی ہے، جس نے (حق کی طرف سے) پیٹھ پھیری اور مونہہ موڑا اور مال جمع کیا اور بند کر رکھا۔

۔المعارج ۷۰: ۱۷۔۱۸۔

۷۰۔ (لوگو!) تمہیں بہتات نے غفلت میں ڈالے رکھا۔ یہاں تک کہ تم قبروں میں جا ملے۔ ہرگز نہیں تم عنقریب معلوم کر لو گے۔ پھر ہرگز نہیں تم عنقریب معلوم کر لو گے۔ ہرگز نہیں اگر تم یقینی جاننا جانتے تو تم ضرور دوزخ کو دیکھ لیتے۔ پھر تم ضرور اس کو یقین کی آنکھ سے دیکھتے۔

۔التکاثر ۱۰۲: ۱۔۷۔

۳۵۔ مال دار، عیب چین کا انجام

۷۱۔ خرابی ہے ہر ایک طعنہ دینے والے سینتیں مارنے والے کی۔ جس نے مال جمع کیا اور اسے گن گن کر رکھا۔ جانتا ہے کہ اس کا مال ہمیشہ اس کے پاس رہے گا۔ ہرگز نہیں وہ تو روندنے والی میں پھینکا جائے گا۔ اور تو کیا جانے روندنے والی کیا ہے؟ اللہ کی بھڑکائی ہوئی آگ جو دلوں پر

٦٨۔ وَالَّذِيْنَ يَكْنِزُوْنَ الذَّهَبَ وَالْفِضَّةَ وَلَا يُنْفِقُوْنَهَا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۙ فَبَشِّرْهُمْ بِعَذَابٍ اَلِيْمٍ ۙ﴿۳۴﴾ يَّوْمَ يُحْمٰى عَلَيْهَا فِيْ نَارِ جَهَنَّمَ فَتُكْوٰى بِهَا جِبَاهُهُمْ وَجُنُوْبُهُمْ وَظُهُوْرُهُمْ ۭ هٰذَا مَا كَنَزْتُمْ لِاَنْفُسِكُمْ فَذُوْقُوْا مَا كُنْتُمْ تَكْنِزُوْنَ ﴿۳۵﴾

٦٩۔ تَدْعُوْا مَنْ اَدْبَرَ وَتَوَلّٰى ۙ﴿۱۷﴾ وَجَمَعَ فَاَوْعٰى ﴿۱۸﴾

۷۰۔ اَلْهٰىكُمُ التَّكَاثُرُ ۙ﴿۱﴾ حَتّٰى زُرْتُمُ الْمَقَابِرَ ۭ﴿۲﴾ كَلَّا سَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ۙ﴿۳﴾ ثُمَّ كَلَّا سَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ﴿۴﴾ كَلَّا لَوْ تَعْلَمُوْنَ عِلْمَ الْيَقِيْنِ ۭ﴿۵﴾ لَتَرَوُنَّ الْجَحِيْمَ ۙ﴿۶﴾ ثُمَّ لَتَرَوُنَّهَا عَيْنَ الْيَقِيْنِ ۙ﴿۷﴾

۷۱۔ وَيْلٌ لِّكُلِّ هُمَزَةٍ لُّمَزَةِ ۙ﴿۱﴾ الَّذِيْ جَمَعَ مَالًا وَّعَدَّدَهٗ ۙ﴿۲﴾ يَحْسَبُ اَنَّ مَالَهٗٓ اَخْلَدَهٗ ﴿۳﴾ كَلَّا لَيُنْۢبَذَنَّ فِي الْحُطَمَةِ ﴿۴﴾ وَمَآ اَدْرٰىكَ مَا الْحُطَمَةُ ﴿۵﴾ نَارُ اللّٰهِ الْمُوْقَدَةُ ۙ﴿۶﴾ الَّتِيْ تَطَّلِعُ عَلَي الْاَفْـِٕدَةِ ۭ﴿۷﴾ اِنَّهَا عَلَيْهِمْ مُّؤْصَدَةٌ ۙ﴿۸﴾ فِيْ عَمَدٍ مُّمَدَّدَةٍ ﴿۹﴾

۷۲۔ قَالُوْا لَمْ نَكُ مِنَ الْمُصَلِّيْنَ ۙ﴿۴۳﴾ وَلَمْ نَكُ نُطْعِمُ الْمِسْكِيْنَ ۙ﴿۴۴﴾

۱۔ وَمَا تُقَدِّمُوْا لِاَنْفُسِكُمْ مِّنْ خَيْرٍ تَجِدُوْهُ عِنْدَ اللّٰهِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ﴿۱۱۰﴾

چڑھتی ہے۔ بے شک ان پر اس کا دوازہ بند کیا گیا ہے، لمبے ستونوں کی شکل میں۔

۔الھمزہ ۱۰۴: ۱۔۹۔

۳۶۔ بے نماز اور بخیل

۷۲۔ اور انہوں نے کہا ہم نمازی نہیں تھے اور ہم مسکینوں کو کھانا نہیں کھلاتے تھے۔

۔المدثر ۷۴: ۴۳۔۴۴۔

قیامت میں نیکی کا بدلہ

۱۔ ہر نیکی کا عوض ملے گا

۱۔ اور جو نیکی اپنی جانوں کے لیے تم آگے بھیجو گے اس (کے ثواب) کو اللہ کے ہاں پاؤ گے۔ بے شک جو تم کرتے ہو اللہ دیکھتا ہے۔

۔البقرۃ ۲: ۱۱۰۔

۲۔ وَمَا يَفْعَلُوا مِنْ خَيْرٍ فَلَنْ يُكْفَرُوهُ ۗ وَاللَّهُ عَلِيمٌ بِالْمُتَّقِينَ ۝

۳۔ وَمَا تُقَدِّمُوا لِأَنفُسِكُم مِّنْ خَيْرٍ تَجِدُوهُ عِندَ اللَّهِ هُوَ خَيْرًا وَأَعْظَمَ أَجْرًا ۚ

۴۔ فَمَن يَعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ خَيْرًا يَرَهُ ۝

۵۔ لِيَجْزِيَهُمُ اللَّهُ أَحْسَنَ مَا عَمِلُوا وَيَزِيدَهُم مِّن فَضْلِهِ ۗ وَاللَّهُ يَرْزُقُ مَن يَشَاءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ ۝

۶۔ مَن جَاءَ بِالْحَسَنَةِ فَلَهُ خَيْرٌ مِّنْهَا ۚ

۷۔ وَمَن يَقْتَرِفْ حَسَنَةً نَّزِدْ لَهُ فِيهَا حُسْنًا ۚ إِنَّ اللَّهَ غَفُورٌ شَكُورٌ ۝

۸۔ وَإِن تَكُ حَسَنَةً يُضَاعِفْهَا وَيُؤْتِ مِن لَّدُنْهُ أَجْرًا عَظِيمًا ۝

۹۔ مَن جَاءَ بِالْحَسَنَةِ فَلَهُ عَشْرُ أَمْثَالِهَا ۚ

۱۰۔ أَلَا إِنَّ أَوْلِيَاءَ اللَّهِ لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُونَ ۝

۱۱۔ يَوْمَ نَحْشُرُ الْمُتَّقِينَ إِلَى الرَّحْمَٰنِ وَفْدًا ۝

۱۲۔ لِلَّذِينَ اسْتَجَابُوا لِرَبِّهِمُ الْحُسْنَىٰ ۚ

۲۔ اور جو نیکی وہ کریں گے اس کی ناقدری ہرگز نہیں کی جائے گی اور اللہ متقیوں کو جانتا ہے۔

۔آل عمران ۳:۱۱۵۔

۳۔ اور جو نیکی اپنی جانوں کے لیے آگے بھیجو گے اس (کے ثواب) کو اللہ کے ہاں اس قدر پاؤ گے جو بلحاظ اجر بہتر اور بڑھ کر ہے۔

۔المزمل ۷۳:۲۰۔

۴۔ جو کوئی ذرہ بھر بھی نیکی کرے گا، وہ اسے دیکھ لے گا۔

۔الزلزال ۹۹:۷۔

۲۔ نیکی کا عوض مقدارِ مقرر سے زیادہ ملے گا

۵۔ تاکہ اللہ انہیں ان کے اچھے کاموں کی جزا دے اور اپنے فضل سے انہیں زیادہ دے اور اللہ جسے چاہتا ہے بے حساب روزی دیتا ہے۔

۔النور ۲۴:۳۸۔

۶۔ اور جو کوئی نیکی لے کر آئے گا اس کے لیے اس سے بہتر (عوض) ہے۔

۔القصص ۲۸:۸۴۔

۷۔ اور جو نیکی کرے گا، اس کو ہم اس نیکی میں خوبی بڑھا دیں گے۔ بے شک اللہ بخشنے والا، قدردان ہے۔

۔الشوریٰ ۴۲:۲۳۔

۳۔ نیکی کا اجر دو چند ملے گا

۸۔ اور اگر وہ نیکی ہے اسے وہ دو چند کر دے گا اور اپنے پاس سے بڑا بھاری اجر دے گا۔

۔النساء ۴:۴۰۔

۴۔ بعض نیکیوں کا اجر دس گنا ملے گا

۹۔ جو نیکی لے کر آئے گا اس کے لیے اس کا دس گنا (ثواب) ہے۔

۔الانعام ۶:۱۶۰۔

۵۔ اولیا کو نہ خوف ہے نہ غم

۱۰۔ سن لو کہ جو اللہ کے دوست ہیں، ان پر نہ خوف ہی ہے اور نہ وہ غمگین ہی ہوں گے۔

۔یونس ۱۰:۶۲۔

۶۔ متقی اللہ کے مہمان ہیں

۱۱۔ جس دن ہم پرہیزگاروں کو مہمان بنا کر رحمٰن کی طرف اکٹھا کریں گے۔

۔مریم ۱۹:۸۵۔

۷۔ اللہ کو ماننے والوں کے لیے بھلائی

۱۲۔ ان لوگوں کے لیے جنہوں نے اپنے پروردگار کو قبول کیا، بھلائی ہے۔

۔الرعد ۱۳:۱۸۔

۸۔ خیرات اور نیکی کی صلاح دینے والوں کو اجرِ عظیم

۱۳۔ان کی بہت سی سرگوشیوں میں خیر نہیں ہے مگر وہ جس نے صدقہ یا نیکی یا لوگوں کے درمیان اصلاح کرنے کا مشورہ دیا اور جو اللہ کی رضا چاہنے کے لیے یہ کام کرے گا، اسے ہم بڑا بھاری اجر دیں گے۔

۔النساء ۴: ۱۱۴۔

۹۔ اللہ شکر گزاروں کو جزا دے گا

۱۴۔اور اللہ شکر گزاروں کو جزا دے گا۔

۔آل عمران ۳: ۱۴۴۔

۱۵۔اور ہم شکر گزاروں کو جزا دیں گے۔

۔آل عمران ۳: ۱۴۵۔

۱۰۔ صابروں کو اجر

۱۶۔جو تمہارے پاس ہے، نبڑ جائے گا اور جو (اجر) اللہ کے پاس ہے، باقی رہنے والا ہے اور ہم ضرور صبر کرنے والوں کو ان کے اچھے کاموں کا اجر دیں گے۔

۔النحل ۱۶: ۹۶۔

۱۱۔ اللہ کی راہ میں محنت کرنے والوں کی جزا

۱۷۔اور جنہوں نے ہماری راہ میں جہاد کیا انہیں ہم اپنے رستوں پر لگا دیں گے۔

۔العنکبوت ۲۹: ۶۹۔

۱۲۔ ایمان دار اور نیکوں کو نیک بدلہ

۱۸۔لیکن جو ایمان لایا اور اس نے نیک کام کئے اس کے لیے اچھی جزا ہے۔

۔الکہف ۱۸: ۸۸۔

۱۳۔ ایمان دار اور نیکوں کو عمدہ زندگی

۱۹۔اور جس نے نیک کام کئے اور وہ مومن ہے مرد ہو یا عورت، ہم اسے ضرور اچھی زندگی دیں گے اور انہیں ان کے اچھے کاموں کا ضرور عوض دیں گے۔

۔النحل ۱۶: ۹۷۔

۱۴۔ ایمان دار اور نیکوں کو انصاف کے ساتھ پورا اجر اور کچھ زیادہ بھی ملے گا

۲۰۔اور جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے نیک کام کئے، انہیں وہ ان کے پورے اجر دے گا۔ اور انہیں اپنے فضل سے زیادہ بھی دے گا۔

۔النساء ۴: ۱۷۳۔

۲۱۔تاکہ ان لوگوں کو جو ایمان لائے اور انہوں نے نیک کام کئے انصاف سے بدلہ دے۔

۔یونس ۱۰: ۴۔

۱۳۔ لَا خَيْرَ فِي كَثِيرٍ مِّن نَّجْوَاهُمْ إِلَّا مَنْ أَمَرَ بِصَدَقَةٍ أَوْ مَعْرُوفٍ أَوْ إِصْلَاحٍ بَيْنَ النَّاسِ ۚ وَمَن يَفْعَلْ ذَٰلِكَ ابْتِغَاءَ مَرْضَاتِ اللَّهِ فَسَوْفَ نُؤْتِيهِ أَجْرًا عَظِيمًا ﴿۱۱۴﴾

۱۴۔ وَسَيَجْزِي اللَّهُ الشَّاكِرِينَ ﴿۱۴۴﴾

۱۵۔ وَسَنَجْزِي الشَّاكِرِينَ ﴿۱۴۵﴾

۱۶۔ مَا عِندَكُمْ يَنفَدُ وَمَا عِندَ اللَّهِ بَاقٍ ۗ وَلَنَجْزِيَنَّ الَّذِينَ صَبَرُوا أَجْرَهُم بِأَحْسَنِ مَا كَانُوا يَعْمَلُونَ ﴿۹۶﴾

۱۷۔ وَالَّذِينَ جَاهَدُوا فِينَا لَنَهْدِيَنَّهُمْ سُبُلَنَا ۚ

۱۸۔ وَأَمَّا مَنْ آمَنَ وَعَمِلَ صَالِحًا فَلَهُ جَزَاءً الْحُسْنَىٰ ۖ

۱۹۔ مَنْ عَمِلَ صَالِحًا مِّن ذَكَرٍ أَوْ أُنثَىٰ وَهُوَ مُؤْمِنٌ فَلَنُحْيِيَنَّهُ حَيَاةً طَيِّبَةً ۖ وَلَنَجْزِيَنَّهُمْ أَجْرَهُم بِأَحْسَنِ مَا كَانُوا يَعْمَلُونَ ﴿۹۷﴾

۲۰۔ فَأَمَّا الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ فَيُوَفِّيهِمْ أُجُورَهُمْ وَيَزِيدُهُم مِّن فَضْلِهِ ۖ

۲۱۔ لِيَجْزِيَ الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ بِالْقِسْطِ ۚ

۲۲۔ تا کہ ان لوگوں کو جو ایمان لائے اور انہوں نے نیک کام کئے، اپنے فضل سے بدلہ دے۔ بے شک وہ کافروں کو دوست نہیں رکھتا۔

-الروم ۳۰:۴۵-

۲۳۔ تا کہ ان لوگوں کو جنہوں نے بدی کی ہے ان کے عملوں کی جزا دے اور جنہوں نے نیکی کی ہے ان کو نیک جزا دے۔

-النجم ۵۳:۳۱-

۱۵۔ ایمان دار نیکوکار بے خوف و بے غم ہوں گے

۲۴۔ بے شک جو لوگ ایمان لائے اور جو یہودی ہیں اور نصاریٰ اور بے دین جو بھی ان میں سے اللہ اور قیامت پر ایمان لائے گا اور نیک کام کرے گا، ان کے لیے ان کے پروردگار کے ہاں ان کا بدلہ ہے اور ان پر نہ خوف ہی ہے اور نہ وہ غمگین ہی ہوں گے۔

-البقرۃ ۲:۶۲-

۲۵۔ بے شک جو لوگ ایمان لائے اور جو یہودی ہیں اور بے دین اور نصاریٰ جو کوئی بھی اللہ اور قیامت پر ایمان لائے گا اور نیک کام کرے گا ان پر نہ خوف ہی ہے اور نہ وہ غمگین ہی ہوں گے۔

-المائدۃ ۵:۶۹-

۱۶۔ ایمان داروں کی سعی آخرت میں ان کے کام آئے گی

۲۶۔ اور جس نے آخرت چاہی اور اس کے لیے جیسا کوشش کرنے کا حق ہے کوشش کی اور وہ ایمان دار ہے ان کی کوشش کی قدر کی جائے گی۔

-بنی اسرائیل ۱۷:۱۹-

۲۲۔ لِيَجْزِيَ الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ مِن فَضْلِهِ ۚ إِنَّهُ لَا يُحِبُّ الْكَافِرِينَ ۝

۲۳۔ لِيَجْزِيَ الَّذِينَ أَسَاءُوا بِمَا عَمِلُوا وَيَجْزِيَ الَّذِينَ أَحْسَنُوا بِالْحُسْنَى ۝

۲۴۔ إِنَّ الَّذِينَ آمَنُوا وَالَّذِينَ هَادُوا وَالنَّصَارَىٰ وَالصَّابِئِينَ مَنْ آمَنَ بِاللَّهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ وَعَمِلَ صَالِحًا فَلَهُمْ أَجْرُهُمْ عِندَ رَبِّهِمْ وَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُونَ ۝

۲۵۔ إِنَّ الَّذِينَ آمَنُوا وَالَّذِينَ هَادُوا وَالصَّابِئُونَ وَالنَّصَارَىٰ مَنْ آمَنَ بِاللَّهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ وَعَمِلَ صَالِحًا فَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُونَ ۝

۲۶۔ وَمَنْ أَرَادَ الْآخِرَةَ وَسَعَىٰ لَهَا سَعْيَهَا وَهُوَ مُؤْمِنٌ فَأُولَٰئِكَ كَانَ سَعْيُهُم مَّشْكُورًا ۝

۲۷۔ يَوْمَ لَا يُخْزِي اللَّهُ النَّبِيَّ وَالَّذِينَ آمَنُوا مَعَهُ ۖ

۲۸۔ مَن جَاءَ بِالْحَسَنَةِ فَلَهُ خَيْرٌ مِّنْهَا ۖ وَهُم مِّن فَزَعٍ يَوْمَئِذٍ آمِنُونَ ۝

۲۹۔ يَخَافُونَ يَوْمًا تَتَقَلَّبُ فِيهِ الْقُلُوبُ وَالْأَبْصَارُ ۝

۱۷۔ قیامت میں نبی اور مومنوں کو ذلت نہ ہوگی

۲۷۔ جس دن اللہ نبی کو اور اس کے ساتھ ہو کر ایمان لانے والوں کو ذلیل نہیں کرے گا۔

-التحریم ۶۶:۸-

۱۸۔ قیامت میں نیکوں کو امن

۲۸۔ جو نیکی لے کر آئے گا، اس کے لیے اس سے بہتر اجر ہے اور ایسے لوگ اس دن گھبراہٹ سے امن میں ہوں گے۔

-النمل ۲۷:۸۹-

۱۹۔ قیامت سے مومن ڈرتے ہیں

۲۹۔ وہ (نیک بندے) اس دن سے ڈرتے ہیں جس میں دل اور آنکھیں الٹ جائیں گے۔

-النور ۲۴:۳۷-

۳۰۔اور جو لوگ ایمان لائے ہیں اس سے ڈرتے ہیں اور جانتے ہیں کہ وہ حق ہے۔

۔الشوریٰ ۴۲:۱۸۔

الاعراف

ا۔ دوزخ اور بہشت کے درمیان اعراف، وہاں سے دونوں طرف کا نظارہ اور اہلِ اعراف کی اہلِ جنت سے بات چیت

ا۔اور ان دونوں کے درمیان ایک آڑ ہوگی اور اعراف پر کچھ لوگ ہوں گے جو دونوں کو ان کی صورتوں سے پہچان لیں گے اور جنتیوں کو پکاریں گے کہ تم پر سلام ہو۔ وہ خود جنت میں نہیں گئے ہوں گے مگر وہ اس کی توقع رکھتے ہوں گے اور جب ان کی نظر دوزخ والوں کی طرف جا پڑے گی تو وہ دعا مانگنے لگیں گے کہ اے ہمارے پروردگار! تو ان ظالموں کے ساتھ ہمیں شامل نہ کیجیو۔ اور اعراف والے کچھ لوگوں کو جنہیں ان کی صورتوں سے پہچانتے ہوں گے، پکار کر کہیں گے کہ نہ تو تمہارے جتھے ہی کچھ تمہارے کام آئے اور نہ شیخیاں ہی جو تم مارا کرتے تھے۔اور کیا یہی لوگ ہیں جن کی نسبت تم قسمیں کھایا کرتے تھے، اللہ ان پر رحمت نہیں کرے گا۔ (انہیں تو حکم مل گیا کہ) جنت میں داخل ہو جاؤ۔ (یہاں) تم پر نہ کوئی خوف ہوگا اور نہ تمہیں کوئی رنج پہنچے گا۔

۔الاعراف ۷:۴۶۔۴۹۔

جنت

ا۔تمہارا رزق اور جس چیز کا تم سے وعدہ کیا گیا ہے، وہ

۳۰۔وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مُشْفِقُوْنَ مِنْهَا ۙ وَيَعْلَمُوْنَ اَنَّهَا الْحَقُّ ؕ

ا۔ وَبَيْنَهُمَا حِجَابٌ ۚ وَعَلَى الْاَعْرَافِ رِجَالٌ يَّعْرِفُوْنَ كُلًّا بِسِيْمٰهُمْ ۚ وَنَادَوْا اَصْحٰبَ الْجَنَّةِ اَنْ سَلٰمٌ عَلَيْكُمْ ۟ لَمْ يَدْخُلُوْهَا وَهُمْ يَطْمَعُوْنَ ۝ وَاِذَا صُرِفَتْ اَبْصَارُهُمْ تِلْقَآءَ اَصْحٰبِ النَّارِ ۙ قَالُوْا رَبَّنَا لَا تَجْعَلْنَا مَعَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ۝ وَنَادٰۤى اَصْحٰبُ الْاَعْرَافِ رِجَالًا يَّعْرِفُوْنَهُمْ بِسِيْمٰهُمْ قَالُوْا مَاۤ اَغْنٰى عَنْكُمْ جَمْعُكُمْ وَمَا كُنْتُمْ تَسْتَكْبِرُوْنَ ۝ اَهٰۤؤُلَاۤءِ الَّذِيْنَ اَقْسَمْتُمْ لَا يَنَالُهُمُ اللّٰهُ بِرَحْمَةٍ ؕ اُدْخُلُوا الْجَنَّةَ لَا خَوْفٌ عَلَيْكُمْ وَلَاۤ اَنْتُمْ تَحْزَنُوْنَ ۝

ا۔وَفِي السَّمَآءِ رِزْقُكُمْ وَمَا تُوْعَدُوْنَ ۝

۲۔عِنْدَ سِدْرَةِ الْمُنْتَهٰى ۝ عِنْدَهَا جَنَّةُ الْمَاْوٰى ۝

۳۔وَسَارِعُوْۤا اِلٰى مَغْفِرَةٍ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَجَنَّةٍ عَرْضُهَا السَّمٰوٰتُ وَالْاَرْضُ

۴۔وَجَنَّةٍ عَرْضُهَا كَعَرْضِ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ

آسمانوں میں ہے۔

۔الذّٰریٰت ۵۱:۲۲۔

ا۔ جنت سدرۃ المنتہیٰ کے پاس ہے

۲۔(نبی ﷺ نے جبریل علیہ السلام کو) سدرۃ المنتہیٰ کے پاس دیکھا۔جس کے پاس رہنے کی بہشت ہے۔

۔النجم ۵۳:۱۴۔۱۵۔

۲۔ جنت کی چوڑائی آسمانوں اور زمین کی برابر ہے

۳۔اور (تم) اپنے پروردگار کی بخشش اور اس جنت کی طرف لپکو جس کی چوڑائی آسمانوں اور زمین کی چوڑائی کی برابر ہے۔

۔آل عمران ۳:۱۳۳۔

۴۔اور اس جنت کی طرف لپکو جس کی چوڑائی آسمان اور زمین کی چوڑائی کی برابر ہے۔

۔الحدید ۵۷:۲۱۔

۳۔ جنت میں بڑی سلطنت ہے

۵۔اور جب تو وہاں نظر ڈالے گا تو نعمت اور ایک بڑی بادشاہت دیکھے گا۔

۔الدھر ۷۶: ۲۰۔

۴۔ جنت آرام کی جگہ ہے

۶۔جنتی اس دن اچھی قرارگاہ اور بہتر خواب گاہ میں ہوں گے۔

۔الفرقان ۲۵: ۲۴۔

۷۔ہمیشہ اسی میں رہیں گے وہ کیا ہی اچھی قرارگاہ اور قیام گاہ ہے۔

۔الفرقان ۲۵: ۷۶۔

۵۔ جنت میں کسی قسم کی تکلیف نہیں

۸۔نہ اس میں انہیں کوئی تکلیف چھوئے گی اور نہ وہ اس سے باہر نکالے جائیں گے۔

۔الحجر ۱۵: ۴۸۔

۹۔اور (جنتی) کہیں گے کہ سب تعریف اللہ کے لیے ہے جس نے ہم سے غم کو دور کیا۔ بے شک ہمارا پروردگار بخشنے والا، قدر دان ہے، جس نے ہمیں اپنے فضل سے رہنے کے گھر میں اتارا۔ اس میں ہمیں کوئی تکلیف چھوتی ہے اور نہ اس میں ہمیں کوئی ماندگی چھوتی ہے۔

۔فاطر ۳۵: ۳۴۔۳۵

۶۔ جنت میں گرمی سردی نہیں

۱۰۔نہ اس میں سورج (کی تپش) دیکھیں گے اور نہ کڑاکے کی سردی۔

۔الدھر۔۷۶: ۱۳۔

۷۔ جنت میں لغو اور بیہودہ گفتگو نہیں

۱۱۔وہ اس میں سوائے سلام کے اور کوئی بیہودہ بات نہ سنیں گے۔

۔مریم ۱۹: ۶۲۔

۱۲۔وہ اس میں نہ کوئی بیہودہ بات سنیں گے اور نہ گناہ کی۔

۔الواقعۃ ۵۶: ۲۵۔

۵۔ وَاِذَا رَاَیْتَ ثَمَّ رَاَیْتَ نَعِیْمًا وَّ مُلْكًا كَبِیْرًا ۝

۶۔ اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ یَوْمَىٕذٍ خَیْرٌ مُّسْتَقَرًّا وَّ اَحْسَنُ مَقِیْلًا ۝

۷۔ خٰلِدِیْنَ فِیْهَا ؕ حَسُنَتْ مُسْتَقَرًّا وَّ مُقَامًا ۝

۸۔ لَا یَمَسُّهُمْ فِیْهَا نَصَبٌ وَّ مَا هُمْ مِّنْهَا بِمُخْرَجِیْنَ ۝

۹۔ وَ قَالُوا الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْۤ اَذْهَبَ عَنَّا الْحَزَنَ ؕ اِنَّ رَبَّنَا لَغَفُوْرٌ شَكُوْرُ ۝ الَّذِیْۤ اَحَلَّنَا دَارَ الْمُقَامَةِ مِنْ فَضْلِهٖ ۚ لَا یَمَسُّنَا فِیْهَا نَصَبٌ وَّ لَا یَمَسُّنَا فِیْهَا لُغُوْبٌ ۝

۱۰۔ لَا یَرَوْنَ فِیْهَا شَمْسًا وَّ لَا زَمْهَرِیْرًا ۝

۱۱۔ لَا یَسْمَعُوْنَ فِیْهَا لَغْوًا اِلَّا سَلٰمًا ؕ

۱۲۔ لَا یَسْمَعُوْنَ فِیْهَا لَغْوًا وَّ لَا تَاْثِیْمًا ۝

۱۳۔ لَا یَسْمَعُوْنَ فِیْهَا لَغْوًا وَّ لَا كِذّٰبًا ۝

۱۴۔ لَا تَسْمَعُ فِیْهَا لَاغِیَةً ۝

۱۵۔ لَا یَذُوْقُوْنَ فِیْهَا الْمَوْتَ اِلَّا الْمَوْتَةَ الْاُوْلٰی ۚ وَ وَقٰىهُمْ عَذَابَ الْجَحِیْمِ ۝

۱۶۔ وَ مَسٰكِنَ طَیِّبَةً فِیْ جَنّٰتِ عَدْنٍ ؕ

۱۳۔وہ اس میں نہ کوئی بیہودہ بات سنیں گے اور نہ جھٹلانا۔

۔النباء ۷۸: ۳۵۔

۱۴۔وہ اس میں کوئی بیہودہ بات نہیں سنیں گے۔

۔الغاشیۃ ۸۸۔ ۱۱۔

۸۔ جنت میں موت نہیں

۱۵۔وہ اس میں سوائے (دنیا کی) پہلی موت کے اور موت کا مزہ نہیں چکھیں گے اور اللہ انہیں دوزخ کے عذاب سے بچالے گا۔

۔الدخان ۴۴: ۵۶۔

۹۔ جنت میں مکاناتِ طیبہ

۱۶۔اور رہنے کے باغوں میں ستھرے مکانات۔

۔التوبۃ ۹: ۷۲۔

۱۷۔ اور رہنے کے باغوں میں ستھرے مکانات۔ یہی بڑی کامیابی ہے۔

-الصف ۶۱: ۱۲۔

۱۰۔ جنت میں بالا خانے

۱۸۔ یہی ہیں جنہیں ان کے صبر کرنے کے صلے میں بالا خانے دیے جائیں گے اور اس میں ان پر دعائے حیات اور سلام ڈالا جائے گا۔

-الفرقان ۲۵: ۷۵۔

۱۹۔ بے شک ہم انہیں جنت کے بالا خانوں میں جگہ دیں گے جن کے نیچے نہریں جاری ہیں۔ ہمیشہ انہیں میں رہیں گے۔ عمل کرنے والوں کا اجر (کیا ہی) اچھا ہے۔

-العنکبوت ۲۹: ۵۸۔

۲۰۔ اور وہ بالا خانوں میں امن سے رہیں گے۔

-سبا ۳۴: ۳۷۔

۲۱۔ لیکن جو اپنے پروردگار سے ڈرے ان کے لیے بالا خانے ہیں جن کے اوپر اور بالا خانے بنے ہوئے ہیں، ان کے نیچے نہریں جاری ہیں۔

-الزمر ۳۹: ۲۰۔

۱۲۔ جنت میں تخت

۲۲۔ تختوں پر آمنے سامنے (بیٹھے ہوں گے)۔

-الحجر ۱۵: ۴۷ والصّٰفّٰت ۳۷: ۴۴۔

۲۳۔ اس میں تختوں پر تکیے لگائے (بیٹھے) ہوں گے۔

-الکہف ۱۸: ۳۱ والدھر ۷۶: ۱۳۔

۲۴۔ وہ اور ان کی بیویاں سایوں میں تختوں پر تکیے لگائے (بیٹھے) ہوں گے۔

-یٰسٓ ۳۶: ۵۶۔

۱۷۔ وَ مَسٰكِنَ طَيِّبَةً فِيْ جَنّٰتِ عَدْنٍ ؕ ذٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ۝

۱۸۔ اُولٰٓئِكَ يُجْزَوْنَ الْغُرْفَةَ بِمَا صَبَرُوْا وَ يُلَقَّوْنَ فِيْهَا تَحِيَّةً وَّ سَلٰمًا ۝

۱۹۔ لَنُبَوِّئَنَّهُمْ مِّنَ الْجَنَّةِ غُرَفًا تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ؕ نِعْمَ اَجْرُ الْعٰمِلِيْنَ ۝

۲۰۔ وَ هُمْ فِي الْغُرُفٰتِ اٰمِنُوْنَ ۝

۲۱۔ لٰكِنِ الَّذِيْنَ اتَّقَوْا رَبَّهُمْ لَهُمْ غُرَفٌ مِّنْ فَوْقِهَا غُرَفٌ مَّبْنِيَّةٌ ۙ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ۬

۲۲۔ عَلٰى سُرُرٍ مُّتَقٰبِلِيْنَ ۝

۲۳۔ مُّتَّكِـِٕيْنَ فِيْهَا عَلَى الْاَرَآئِكِ ۚ

۲۴۔ هُمْ وَ اَزْوَاجُهُمْ فِيْ ظِلٰلٍ عَلَى الْاَرَآئِكِ مُتَّكِـُٔوْنَ ۝

۲۵۔ مُتَّكِـِٕيْنَ عَلٰى سُرُرٍ مَّصْفُوْفَةٍ ۚ وَ زَوَّجْنٰهُمْ بِحُوْرٍ عِيْنٍ ۝

۲۶۔ عَلٰى سُرُرٍ مَّوْضُوْنَةٍ ۙ مُّتَّكِـِٕيْنَ عَلَيْهَا مُتَقٰبِلِيْنَ ۝

۲۷۔ عَلَى الْاَرَآئِكِ يَنْظُرُوْنَ ۝

۲۸۔ فِيْهَا سُرُرٌ مَّرْفُوْعَةٌ ۝

۲۹۔ مُتَّكِـِٕيْنَ عَلٰى فُرُشٍ بَطَآئِنُهَا مِنْ اِسْتَبْرَقٍ ؕ وَ جَنَا الْجَنَّتَيْنِ دَانٍ ۝

۲۵۔ ترتیب سے بچھے ہوئے تختوں پر تکیے لگائے (بیٹھے) ہوں گے اور ہم انہیں گورے رنگ کی بڑی بڑی آنکھوں والی عورتوں سے بیاہ دیں گے۔

-الطور ۵۲: ۲۰۔

۲۶۔ سونے کے تاروں سے بنے ہوئے تختوں پر ہوں گے ان پر تکیے لگائے، آمنے سامنے (بیٹھے) ہوں گے۔

-الواقعۃ ۵۶: ۱۵-۱۶۔

۲۷۔ تختوں پر بیٹھے دیکھ رہے ہوں گے۔

-المطففین ۸۳: ۲۳-۳۵۔

۲۸۔ اس میں اونچے تخت ہیں۔

-الغاشیۃ ۸۸: ۱۳۔

۱۳۔ جنت میں فرش

۲۹۔ ایسے فرشوں پر تکیہ لگائے ہوں گے جن کے استر تافتے کے ہوں گے اور دونوں باغوں کا پھل جھکا ہوا ہوگا۔

-الرحمٰن ۵۵: ۵۴۔

۳۰۔ سبز قالینوں اور نفیس چاندنیوں پر تکیہ لگائے ہوئے ہوں گے۔

۔الرحمٰن ۵۵:۷۶۔

۳۱۔ اور اونچے اونچے فرشوں پر ہوں گے۔

۔الواقعۃ ۵۶:۳۴۔

۱۴۔ جنت میں قالین اور گدے

۳۲۔ اور تکیے ہیں صف لگائے ہوئے اور مسندیں بچھائی ہوئی۔

۔الغاشیۃ ۸۸:۱۵۔۱۶۔

۱۵۔ جنت میں تکیے

۳۳۔ اس میں تختوں پر تکیے لگائے (بیٹھے) ہوں گے۔

۔الکہف ۱۸:۳۱ والدھر ۷۶:۱۳

۳۴۔ وہ بھی اور ان کی بیویاں بھی سایوں میں تختوں پر تکیے لگائے بیٹھے ہوں گے۔

۔یٰسٓ ۳۶:۵۶۔

۳۵۔ تختوں پر جو برابر برابر بچھے ہوئے ہیں تکیہ لگائے ہوئے۔ اور بڑی بڑی آنکھوں والی حوروں کو ہم اُن کا رفیق بنادیں گے۔

۔الطور ۵۲:۲۰۔

۳۶۔ اس میں تکیے لگائے ہوں گے (اور) اس میں میوہ اور شربت منگا رہے ہوں گے۔

۔صٓ ۳۸:۵۱۔

۱۶۔ جنت میں دروازے

۳۷۔ اور فرشتے ہر دروازے سے ان پر داخل ہوں گے۔

۔الرعد ۱۳:۲۳۔

۳۸۔ رہنے کے باغ ہیں جن کے دروازے ان کے لیے کھلے ہوئے ہیں۔

۔صٓ ۳۸:۵۰۔

۳۹۔ یہاں تک کہ جب وہ ان کے پاس آئیں گے اور

۳۰۔ مُتَّكِـِٕيْنَ عَلٰى رَفْرَفٍ خُضْرٍ وَّعَبْقَرِيٍّ حِسَانٍ

۳۱۔ وَفُرُشٍ مَّرْفُوْعَةٍ

۳۲۔ وَنَمَارِقُ مَصْفُوْفَةٌ وَّزَرَابِيُّ مَبْثُوْثَةٌ

۳۳۔ مُتَّكِـِٕيْنَ فِيْهَا عَلَى الْاَرَآئِكِ ۚ لَا يَرَوْنَ فِيْهَا شَمْسًا وَّلَا زَمْهَرِيْرًا

۳۴۔ هُمْ وَاَزْوَاجُهُمْ فِيْ ظِلٰلٍ عَلَى الْاَرَآئِكِ مُتَّكِـُٔوْنَ

۳۵۔ مُتَّكِـِٕيْنَ عَلٰى سُرُرٍ مَّصْفُوْفَةٍ ۚ وَزَوَّجْنٰهُمْ بِحُوْرٍ عِيْنٍ

۳۶۔ مُتَّكِـِٕيْنَ فِيْهَا يَدْعُوْنَ فِيْهَا بِفَاكِهَةٍ كَثِيْرَةٍ وَّشَرَابٍ

۳۷۔ وَالْمَلٰٓئِكَةُ يَدْخُلُوْنَ عَلَيْهِمْ مِّنْ كُلِّ بَابٍ

۳۸۔ جَنّٰتِ عَدْنٍ مُّفَتَّحَةً لَّهُمُ الْاَبْوَابُ

۳۹۔ حَتّٰٓى اِذَا جَآءُوْهَا وَفُتِحَتْ اَبْوَابُهَا

۴۰۔ جَنّٰتٌ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ

۴۱۔ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ

۴۲۔ وَنَزَعْنَا مَا فِيْ صُدُوْرِهِمْ مِّنْ غِلٍّ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهِمُ الْاَنْهٰرُ

اس کے دروازے کھولے جائیں گے۔

۔الزمر ۳۹:۷۳۔

۱۷۔ جنت میں نہریں

۴۰۔ باغ ہیں جن کے (درختوں کے) نیچے نہریں جاری ہیں۔

۔آل عمران ۳:۱۵، ۱۳۶، ۱۹۸ والمائدۃ ۵:۱۱۹ والحدید ۵۷:۱۲ والبروج ۸۵:۱۱۔

۴۱۔ باغ ہیں جن کے (درختوں کے) نیچے نہریں جاری ہیں۔

۔البقرۃ ۲:۲۵ وآل عمران ۳:۱۹۵ والنساء ۴:۱۳، ۵۷، ۱۲۲ والمائدۃ ۵:۱۲، ۸۵ والتوبۃ ۹:۷۲، ۸۹، ۱۰۰ وابراہیم ۱۴:۲۳ والحج ۲۲:۱۴، ۲۳۔ ومحمد ۴۷:۱۲ والفتح ۴۸:۵۔۱۷۔ والحدید ۵۷:۲۲ والصف ۶۱:۱۲ والتغابن ۶۴:۹ والطلاق ۶۵:۱۱ والتحریم ۶۶:۸۔

۴۲۔ اور جو کچھ کدورت ان کے دلوں میں ایک دوسرے کی طرف سے ہوگی ہم اسے نکال لیں گے ان کے نیچے نہریں جاری ہوں گی۔

۔الاعراف ۷:۴۳۔

۴۳۔نعمت کے باغوں میں اس کے (مکانات کے) نیچے نہریں جاری ہوں گی۔

-یونس ۱۰: ۹-

۴۴۔اس جنت کی صفت جس کا وعدہ متقیوں سے کیا گیا ہے یہ ہے کہ اس کے (درختوں کے) نیچے نہریں جاری ہیں۔

-الرعد۱۳: ۳۵-

۴۵۔رہنے کے باغ ہیں جن میں وہ داخل ہوں گے۔ ان کے (درختوں کے) نیچے نہریں جاری ہیں۔

-النحل۱۶: ۳۱-

۴۶۔یہ وہ لوگ ہیں کہ ان کے لیے رہنے کے باغ ہیں۔ ان کے (مکانات کے) نیچے نہریں جاری ہیں۔

-الکھف۱۸: ۳۱-

۴۷۔رہنے کے باغ ہیں ان (درختوں کے) نیچے نہریں جاری ہیں۔

-طٰہٰ۲۰: ۷۶-

۴۸۔اور جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے نیک کام کیے ہم انہیں ضرور جنت کے بالاخانوں میں جگہ دیں گے ان کے نیچے نہریں جاری ہوں گے۔

-العنکبوت۲۹: ۵۸-

۴۹۔بے شک متقی باغوں اور نہر میں ہوں گے۔

-القمر۵۴: ۵۴-

۵۰۔اور اچھلتے ہوئے پانی میں ہوں گے۔

-الواقعۃ۵۶: ۳۱-

۵۱۔ان کا بدلہ ان کے پروردگار کے ہاں رہنے کے باغ ہیں جن کے (درختوں کے) نیچے نہریں جاری ہیں۔

-البینۃ۹۸: ۸-

۴۳۔تَجْرِىْ مِنْ تَحْتِهِمُ الْاَنْهٰرُ فِىْ جَنّٰتِ النَّعِيْمِ ۝

۴۴۔مَثَلُ الْجَنَّةِ الَّتِىْ وُعِدَ الْمُتَّقُوْنَ ؕ تَجْرِىْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ؕ

۴۵۔جَنّٰتُ عَدْنٍ يَّدْخُلُوْنَهَا تَجْرِىْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ

۴۶۔اُولٰٓئِكَ لَهُمْ جَنّٰتُ عَدْنٍ تَجْرِىْ مِنْ تَحْتِهِمُ الْاَنْهٰرُ

۴۷۔جَنّٰتُ عَدْنٍ تَجْرِىْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ

۴۸۔وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَنُبَوِّئَنَّهُمْ مِّنَ الْجَنَّةِ غُرَفًا تَجْرِىْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ

۴۹۔اِنَّ الْمُتَّقِيْنَ فِىْ جَنّٰتٍ وَّنَهَرٍ ۝

۵۰۔وَمَآءٍ مَّسْكُوْبٍ ۝

۵۱۔جَزَآؤُهُمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ جَنّٰتُ عَدْنٍ تَجْرِىْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ

۵۲۔مَثَلُ الْجَنَّةِ الَّتِىْ وُعِدَ الْمُتَّقُوْنَ ؕ فِيْهَآ اَنْهٰرٌ مِّنْ مَّآءٍ غَيْرِ اٰسِنٍ ۚ وَاَنْهٰرٌ مِّنْ لَّبَنٍ لَّمْ يَتَغَيَّرْ طَعْمُهٗ ۚ وَاَنْهٰرٌ مِّنْ خَمْرٍ لَّذَّةٍ لِّلشّٰرِبِيْنَ ۚ وَاَنْهٰرٌ مِّنْ عَسَلٍ مُّصَفًّى ؕ

۵۳۔اِنَّ الْمُتَّقِيْنَ فِىْ جَنّٰتٍ وَّعُيُوْنٍ ۝

۵۴۔فِىْ جَنّٰتٍ وَّعُيُوْنٍ ۝

۱۸۔ جنت میں پانی کے علاوہ دودھ، مزے دار شراب اور صاف شہد کی نہریں

۵۲۔اس جنت کی صفت جس کا متقیوں سے وعدہ کیا گیا ہے یہ ہے کہ اس میں پانی کی نہریں ہیں جس میں بدبو نہیں ہے اور دودھ کی نہریں ہیں جس کا ذائقہ بدلا ہوا نہیں ہے اور شراب کی نہریں ہیں جو پینے والوں کو لذت دینے والی ہیں اور صاف کیے ہوئے شہد کی نہریں ہیں۔

-محمد۴۷: ۱۵-

۱۹۔ جنت میں چشمے

۵۳۔بے شک متقی باغوں اور چشموں میں ہوں گے۔

-الحجر۱۵: ۴۵ والذّٰریٰت ۵۱: ۱۵-

۵۴۔باغوں اور چشموں میں۔

-الدخان۴۴: ۵۲-

۵۵۔ فِيهِمَا عَيْنٰنِ تَجْرِيٰنِ ۝

۵۵۔ ان دونوں جنتوں میں دو چشمے جاری ہیں۔

۔الرحمٰن ۵۵:۵۰۔

۵۶۔ فِيهِمَا عَيْنٰنِ نَضَّاخَتٰنِ ۝

۵۶۔ ان دونوں جنتوں میں دو چشمے ابل رہے ہیں۔

۔الرحمٰن ۵۵:۶۶۔

۵۷۔ عَيْنًا يَّشْرَبُ بِهَا عِبَادُ اللّٰهِ يُفَجِّرُوْنَهَا تَفْجِيْرًا ۝

۵۷۔ وہ ایک چشمہ ہے جس سے اللہ کے بندے پئیں گے اسے بہالے جائیں گے۔

۔الدھر ۷۶:۶۔

۵۸۔ عَيْنًا فِيْهَا تُسَمّٰى سَلْسَبِيْلًا ۝

۵۸۔ وہ اس میں ایک چشمہ ہے جس کا نام سلسبیل ہے۔

۔الدھر ۷۶:۱۸۔

۵۹۔ اِنَّ الْمُتَّقِيْنَ فِيْ ظِلٰلٍ وَّعُيُوْنٍ ۝

۵۹۔ بے شک متقی سایوں اور چشموں میں ہوں گے۔

۔المرسلٰت ۷۷:۴۱۔

۶۰۔ وَمِزَاجُهٗ مِنْ تَسْنِيْمٍ ۝ عَيْنًا يَّشْرَبُ بِهَا الْمُقَرَّبُوْنَ ۝

۶۰۔ اور اس کی ملونی تسنیم سے ہے۔ وہ ایک چشمہ ہے جس سے خدا کے مقرب پئیں گے۔

۔المطففین ۸۳:۲۷۔۲۸۔

۶۱۔ فِيْهَا عَيْنٌ جَارِيَةٌ ۝

۶۱۔ اس میں ایک چشمہ جاری ہے۔

۔الغاشیۃ ۸۸:۱۲۔

۲۰۔ جنت کے پانی میں کافور ملا ہوگا

۶۲۔ اِنَّ الْاَبْرَارَ يَشْرَبُوْنَ مِنْ كَاْسٍ كَانَ مِزَاجُهَا كَافُوْرًا ۝

۶۲۔ بے شک نیکوکار اس پیالے سے پئیں گے جس کی ملونی کافور ہوگی۔

الدھر ۷۶:۵۔

۲۱۔ جنت کے پانی میں زنجبیل

۶۳۔ وَيُسْقَوْنَ فِيْهَا كَاْسًا كَانَ مِزَاجُهَا زَنْجَبِيْلًا ۝

۶۳۔ اور انہیں اس میں وہ پیالہ پلایا جائے گا جس کی ملونی سونٹھ ہوگی۔

۔الدھر ۷۶:۱۷۔

۲۲۔ جنت کے پانی میں تسنیم

۶۴۔ وَمِزَاجُهٗ مِنْ تَسْنِيْمٍ ۝ عَيْنًا يَّشْرَبُ بِهَا الْمُقَرَّبُوْنَ ۝

۶۴۔ اور اس کی ملونی تسنیم سے ہوگی وہ ایک چشمہ ہے جس سے اللہ کے مقرب پئیں گے۔

۔المطففین ۸۳:۲۷۔۲۸۔

۲۳۔ جنت کی شراب پر مشک کی مہر

۶۵۔ يُسْقَوْنَ مِنْ رَّحِيْقٍ مَّخْتُوْمٍ ۝ خِتٰمُهٗ مِسْكٌ ۚ وَفِيْ ذٰلِكَ فَلْيَتَنَافَسِ الْمُتَنَافِسُوْنَ ۝

۶۵۔ انہیں مہر لگی ہوئی شراب پلائی جائے گی۔ جس کی مہر مشک ہوگی اور اس میں ڈھونڈنے والوں کو ڈھونڈنا چاہیے۔

۔المطففین ۸۳:۲۵۔۲۶۔

۲۴۔ جنت میں رزق

۶۶۔ كُلَّمَا رُزِقُوْا مِنْهَا مِنْ ثَمَرَةٍ رِّزْقًا ۙ قَالُوْا هٰذَا الَّذِيْ رُزِقْنَا مِنْ قَبْلُ ۙ وَاُتُوْا بِهٖ مُتَشَابِهًا ۭ

۶۶۔ جب کبھی بھی انہیں اس سے کھانے کے لیے کوئی پھل دیا جائے گا تو وہ کہیں گے کہ یہ تو وہی ہے جو ہمیں پہلے دیا گیا تھا اور انہیں ایک صورت کے پھل دیے جائیں گے۔

۔البقرۃ ۲:۲۵۔

۶۷۔ اُكُلُهَا دَآئِمٌ وَّظِلُّهَا ۭ

۶۷۔ اس کا میوہ اور اس کا سایہ ہمیشہ رہنے والا ہے۔

۔الرعد ۱۳:۳۵۔

۶۸۔ اور اس میں ان کے لیے صبح و شام روزی ہے۔

۔مریم ۱۹:۶۲۔

۶۹۔ مگر اللہ کے چنے ہوئے بندے، وہی ہیں کہ ان کے لیے معلوم روزی ہے۔

۔الصّٰفّٰت ۳۷:۴۰۔۴۱۔

۷۰۔ بے شک یہ ہماری دی ہوئی روزی ہے۔ اس کے لیے ختم ہونا نہیں ہے۔

۔صٓ ۳۸:۵۴۔

۷۱۔ سو وہی جنت میں داخل ہوں گے۔ اس میں وہ بے حساب روزی دیے جائیں گے۔

۔المؤمن ۴۰:۴۰۔

۷۲۔ اللہ نے اس کے لیے اچھی روزی رکھی ہے۔

الطلاق ۶۵:۱۱۔

۲۵۔ جنت میں رزقِ کریم

۷۳۔ وہ حقیقی مومن ہیں ان کے پروردگار کے ہاں درجے ہیں اور گناہوں کی معافی اور رزقِ کریم۔

۔الانفال ۸:۴۔

۷۴۔ ان کے گناہوں کی معافی ہے اور رزقِ کریم۔

۔الانفال ۸:۷۴ و الحج ۲۲:۵۰ و النور ۲۴:۲۶۔

۷۵۔ یہی وہ لوگ ہیں جن کے لیے مغفرت اور رزق کریم ہے۔

۔سبا ۳۴:۴۔

۲۶۔ جنت میں اکل و شرب

۷۶۔ کھاؤ اور پیو، خوش گوار بدلہ اس کا جو تم کرتے تھے۔

۔الطور ۵۲:۱۹ و المرسلٰت ۷۷:۴۳۔

۷۷۔ کھاؤ اور پیو، خوش گوار بدلہ اس کا جو تم نے زمانہ گزشتہ میں آگے بھیجا ہے۔

۔الحاقة ۶۹:۲۴۔

۶۸۔ وَلَهُمْ رِزْقُهُمْ فِيهَا بُكْرَةً وَّعَشِيًّا ۝

۶۹۔ إِلَّا عِبَادَ اللّٰهِ الْمُخْلَصِينَ ۝ أُولٰٓئِكَ لَهُمْ رِزْقٌ مَّعْلُومٌ ۝

۷۰۔ إِنَّ هٰذَا لَرِزْقُنَا مَا لَهُ مِنْ نَّفَادٍ ۝

۷۱۔ فَأُولٰٓئِكَ يَدْخُلُونَ الْجَنَّةَ يُرْزَقُونَ فِيهَا بِغَيْرِ حِسَابٍ ۝

۷۲۔ قَدْ أَحْسَنَ اللّٰهُ لَهُ رِزْقًا ۝

۷۳۔ أُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُؤْمِنُونَ حَقًّا لَهُمْ دَرَجٰتٌ عِنْدَ رَبِّهِمْ وَمَغْفِرَةٌ وَّرِزْقٌ كَرِيمٌ ۝

۷۴۔ لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّرِزْقٌ كَرِيمٌ ۝

۷۵۔ أُولٰٓئِكَ لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّرِزْقٌ كَرِيمٌ ۝

۷۶۔ كُلُوا وَاشْرَبُوا هَنِيٓـًٔا بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُونَ ۝

۷۷۔ كُلُوا وَاشْرَبُوا هَنِيٓـًٔا بِمَآ أَسْلَفْتُمْ فِي الْأَيَّامِ الْخَالِيَةِ ۝

۷۸۔ وَأَصْحٰبُ الْيَمِينِ مَآ أَصْحٰبُ الْيَمِينِ ۝ فِي سِدْرٍ مَّخْضُودٍ ۝

۷۹۔ وَطَلْحٍ مَّنْضُودٍ ۝

۸۰۔ فِيهِمَا فَاكِهَةٌ وَّنَخْلٌ وَّرُمَّانٌ ۝

۸۱۔ حَدَآئِقَ وَأَعْنَابًا ۝

۲۷۔ جنت میں بیریاں

۷۸۔ اور دہنی طرف والے کیا ہی اچھے ہیں، دہنی طرف والے بغیر کانٹوں کی بیریوں میں۔

۔الواقعة ۵۶:۲۷۔۲۸۔

۲۸۔ جنت میں کیلے

۷۹۔ اور تہ بر تہ کیلوں میں۔

۔الواقعة ۵۶:۲۹۔

۲۹۔ جنت میں کھجوریں اور انار

۸۰۔ ان دونوں جنتوں میں میوہ ہے اور کھجور کے درخت اور انار۔

۔الرحمٰن ۵۵:۶۸۔

۳۰۔ جنت میں انگور

۸۱۔ باغ ہیں اور انگور۔

۔النبأ ۷۸:۳۲۔

۳۱۔ جنت میں ہر قسم کا میوہ

۸۲۔ ان کے لیے اس میں میوہ ہے اور نیز ان کے لیے جو وہ مانگیں گے۔

۔یٰس ۳۶: ۵۷۔

۸۳۔ میوہ ہے اور ان کی عزت کی جائے گی۔

۔الصّٰفٰت ۳۷: ۴۲۔

۸۴۔ وہ اس میں تکیے لگائے ہوں گے اور اس میں میوے اور شربت منگاتے ہوں گے۔

۔صٓ ۳۸: ۵۱۔

۸۵۔ تمہارے لیے اس میں بہت قسم کا میوہ ہے جس میں سے تم کھاؤ گے۔

۔الزخرف ۴۳: ۷۳۔

۸۶۔ وہ اس میں امن و امان کے ساتھ ہر ایک قسم کا میوہ منگائیں گے۔

۔الدخان ۴۴: ۵۵۔

۸۷۔ اور ان کے لیے اس میں ہر قسم کے پھل ہیں۔

۔محمد ۴۷: ۱۵۔

۸۸۔ اس چیز کی جو ان کے پروردگار نے انہیں دی ہے اور نیز اس کی کہ انہیں ان کے پروردگار نے دوزخ کے عذاب سے بچایا، خوشی مناتے ہوں گے۔

۔الطور ۵۲: ۱۸۔

۸۹۔ اور ہم انہیں میووں اور گوشت کے ساتھ جس قسم کی وہ چاہیں گے، مدد دیں گے۔

۔الطور ۵۲: ۲۲۔

۹۰۔ ان دونوں جنتوں میں ہر قسم کے میوے کی دو قسمیں ہیں۔

۔الرحمٰن ۵۵: ۵۲۔

۸۲۔ لَهُمْ فِيهَا فَاكِهَةٌ وَلَهُمْ مَا يَدَّعُونَ ﴿۵۷﴾

۸۳۔ فَوَاكِهُ ۖ وَهُمْ مُكْرَمُونَ ﴿۴۲﴾

۸۴۔ مُتَّكِئِينَ فِيهَا يَدْعُونَ فِيهَا بِفَاكِهَةٍ كَثِيرَةٍ وَشَرَابٍ ﴿۵۱﴾

۸۵۔ لَكُمْ فِيهَا فَاكِهَةٌ كَثِيرَةٌ مِنْهَا تَأْكُلُونَ ﴿۷۳﴾

۸۶۔ يَدْعُونَ فِيهَا بِكُلِّ فَاكِهَةٍ آمِنِينَ ﴿۵۵﴾

۸۷۔ وَلَهُمْ فِيهَا مِنْ كُلِّ الثَّمَرَاتِ

۸۸۔ فَاكِهِينَ بِمَا آتَاهُمْ رَبُّهُمْ ۖ وَوَقَاهُمْ رَبُّهُمْ عَذَابَ الْجَحِيمِ ﴿۱۸﴾

۸۹۔ وَأَمْدَدْنَاهُمْ بِفَاكِهَةٍ وَلَحْمٍ مِمَّا يَشْتَهُونَ ﴿۲۲﴾

۹۰۔ فِيهِمَا مِنْ كُلِّ فَاكِهَةٍ زَوْجَانِ ﴿۵۲﴾

۹۱۔ فِيهِمَا فَاكِهَةٌ وَنَخْلٌ وَرُمَّانٌ ﴿۶۸﴾

۹۲۔ وَفَاكِهَةٍ مِمَّا يَتَخَيَّرُونَ ﴿۲۰﴾

۹۳۔ وَفَاكِهَةٍ كَثِيرَةٍ ﴿۳۲﴾ لَا مَقْطُوعَةٍ وَلَا مَمْنُوعَةٍ ﴿۳۳﴾

۹۴۔ وَفَوَاكِهَ مِمَّا يَشْتَهُونَ ﴿۴۲﴾

۹۵۔ وَجَنَى الْجَنَّتَيْنِ دَانٍ ﴿۵۴﴾

۹۶۔ فِي جَنَّةٍ عَالِيَةٍ ﴿۲۲﴾ قُطُوفُهَا دَانِيَةٌ ﴿۲۳﴾

۹۱۔ ان دونوں جنتوں میں میوہ ہے اور کھجور کے درخت اور انار۔

۔الرحمٰن ۵۵: ۶۸۔

۹۲۔ اور میووں کے ساتھ جس قسم کے وہ پسند کریں گے۔

۔الواقعۃ ۵۶: ۲۰۔

۹۳۔ اور کثیر میووں میں ہوں گے جو نہ بند کئے گئے اور نہ روکے گئے۔

۔الواقعۃ ۵۶: ۳۲۔۳۳۔

۹۴۔ اور میووں میں ہوں گے جس قسم کے وہ چاہیں گے۔

۔المرسلٰت ۷۷: ۴۲۔

۳۲۔ جنت کے میوے جھکے ہوئے ہیں

۹۵۔ اور دونوں جنتوں کا میوہ جھکا ہوا ہے۔

۔الرحمٰن ۵۵: ۵۴۔

۹۶۔ اونچے باغ میں اس کے خوشے جھکے ہوئے ہوں گے۔

۔الحاقۃ ۶۹: ۲۲۔۲۳۔

٩٧۔اور ان پر اس کے سائے جھکے ہوئے ہوں گے اور اس کے خوشے نزدیک کئے ہوئے ہوں گے۔

۔الدھر ٧٦: ١٤۔

٣٣۔ جنت کے درخت گنجان ہیں

٩٨۔وہ دونوں جنتیں شاخوں والی ہیں۔

۔الرحمٰن ٥٥: ٤٨۔

٣٤۔ جنت کے درخت گہرے سبز ہیں

٩٩۔وہ دونوں جنتیں نہایت سبز ہیں۔

۔الرحمٰن ٥٥: ٦٤۔

٣٥۔ جنت میں سایہ

١٠٠۔اور ہم انہیں لمبے گھنے سایہ میں داخل کریں گے۔

۔النساء ٤: ٥٧۔

١٠١۔اس کا پھل اور اس کا سایہ ہمیشہ رہنے والا ہے۔

۔الرعد ١٣: ٣٥۔

١٠٢۔وہ اور ان کی بیویاں سایوں میں تختوں پر تکیے لگائے (بیٹھے) ہوں گے۔

۔یٰس ٣٦: ٥٦۔

١٠٣۔اور پھیلے ہوئے سایہ میں ہوں گے۔

۔الواقعة ٥٦: ٣٠۔

١٠٤۔اور ان کے سائے ان کے قریب میں۔

۔الدھر ٧٦: ١٤۔

١٠٥۔بے شک متقی سایوں اور چشموں میں ہوں گے۔

۔المرسلٰت ٧٧: ٤١۔

٣٦۔ جنت میں پرندوں کا گوشت

١٠٦۔اور ہم انہیں میوہ اور گوشت سے جس قسم کی وہ چاہیں گے، مدد دیں گے۔

۔الطور ٥٢: ٢٢۔

٩٧۔ وَدَانِيَةً عَلَيْهِمْ ظِلَالُهَا وَذُلِّلَتْ قُطُوفُهَا تَذْلِيلًا ۝

٩٨۔ ذَوَاتَا أَفْنَانٍ ۝

٩٩۔ مُدْهَامَّتَانِ ۝

١٠٠۔ وَنُدْخِلُهُمْ ظِلًّا ظَلِيلًا ۝

١٠١۔ أُكُلُهَا دَائِمٌ وَظِلُّهَا

١٠٢۔ هُمْ وَأَزْوَاجُهُمْ فِي ظِلَالٍ عَلَى الْأَرَائِكِ مُتَّكِئُونَ ۝

١٠٣۔ وَظِلٍّ مَمْدُودٍ ۝

١٠٤۔ وَدَانِيَةً عَلَيْهِمْ ظِلَالُهَا

١٠٥۔ إِنَّ الْمُتَّقِينَ فِي ظِلَالٍ وَعُيُونٍ ۝

١٠٦۔ وَأَمْدَدْنَاهُمْ بِفَاكِهَةٍ وَلَحْمٍ مِمَّا يَشْتَهُونَ ۝

١٠٧۔ وَلَحْمِ طَيْرٍ مِمَّا يَشْتَهُونَ ۝

١٠٨۔ يُطَافُ عَلَيْهِمْ بِكَأْسٍ مِنْ مَعِينٍ ۝ بَيْضَاءَ لَذَّةٍ لِلشَّارِبِينَ ۝

١٠٩۔ مُتَّكِئِينَ فِيهَا يَدْعُونَ فِيهَا بِفَاكِهَةٍ كَثِيرَةٍ وَشَرَابٍ ۝

١١٠۔ يَتَنَازَعُونَ فِيهَا كَأْسًا لَا لَغْوٌ فِيهَا وَلَا تَأْثِيمٌ ۝

١٠٧۔اور پرندوں کا گوشت جس قسم کا وہ چاہیں گے۔

۔الواقعة ٥٦: ٢١۔

٣٧۔ جنت میں صاف شراب کا دور

١٠٨۔ان پر نتھرے پانی کا پیالہ گھمایا جائے گا، جو سفید رنگ، پینے والوں کو مزہ دینے والا ہوگا۔

۔الصّٰفّٰت ٣٧: ٤٥-٤٦۔

١٠٩۔وہ اس میں تکیہ لگائے (بیٹھے) ہوں گے۔ اس میں میوہ اور شربت منگا رہے ہوں گے۔

۔صٓ ٣٨: ٥١۔

١١٠۔وہ اس میں ایک دوسرے سے پیالہ جھپٹ رہے ہوں گے، جس میں نہ کوئی بیہودگی اور نہ کوئی گناہ کی بات ہوگی۔

۔الطور ٥٢: ٢٣۔

۱۱۱۔ وہ (لڑکے ان پر) آبخورے اور تھیاں اور نتھرے پانی کے پیالے لیے پھر رہے ہوں گے۔

۔الواقعۃ ۱۸:۵٦۔

۱۱۲۔ اور ان کا پروردگار انہیں پاکیزہ شربت پلائے گا۔

۔الدھر ۲۱:۷٦۔

۱۱۳۔ اور (ان کے لیے) چھلکتا پیالہ ہے۔

۔النباء ۳۴:۷۸۔

۳۸۔ جنت کی شراب سے بے ہوشی، بہکنا اور دردِ سر نہیں

۱۱۴۔ نہ اس (شراب) میں خرابی ہے اور نہ وہ اس سے بیہودہ بکیں گے۔

۔الصّفّٰت ۴۷:۳۷۔

۱۱۵۔ وہ اس میں ایک دوسرے سے پیالہ جھپٹ رہے ہوں گے جس میں نہ بیہودگی ہوگی اور نہ کوئی گناہ کی بات۔

۔الطور ۲۳:۵۲۔

۱۱٦۔ اس سے نہ انہیں دردِ سر ہوگا اور نہ وہ بہکیں گے۔

۔الواقعۃ ۱۹:۵٦۔

۳۹۔ جنت میں دبیز اور مہین ریشم کا سبز لباس

۱۱۷۔ اور وہ سبز باریک ریشم کے کپڑے پہنیں گے۔

۔الکھف ۳۱:۱۸۔

۱۱۸۔ اور اس میں ان کی پوشاک ریشمی ہوگی۔

۔الحج ۲۳:۲۲ و فاطر ۳۳:۳۵۔

۱۱۹۔ وہ باریک اور دبیز ریشم پہنے، آمنے سامنے بیٹھے ہوں گے۔

۔الدخان ۵۳:۴۴۔

۱۲۰۔ اور ان کے صبر کرنے کا صلہ انہیں بہشت اور ریشم ملے گا۔

۔الدھر ۱۲:۷٦۔

۱۲۱۔ ان پر باریک سبز ریشم اور تافتے کا لباس ہوگا۔

۔الدھر ۲۱:۷٦۔

۴۰۔ جنت میں چاندی، سونے کے کنگن اور موتیوں کے ہار

۱۲۲۔ وہ اس میں سونے کے کنگن پہنائے جائیں گے۔

۔الکھف ۳۱:۱۸۔

۱۲۳۔ وہ اس میں سونے کے کنگن اور موتی پہنائے جائیں گے اور اس میں ان کی پوشاک ریشمی ہوگی۔

۔الحج ۲۳:۲۲۔

۱۲۴۔ رہنے کے باغ ہیں جن میں وہ داخل ہوں گے انہیں سونے کے کنگن اور موتی پہنائے جائیں گے۔

۔فاطر ۳۳:۳۵۔

۱۱۱۔ بِاَكْوَابٍ وَّاَبَارِيْقَ ۙ وَكَاْسٍ مِّنْ مَّعِيْنٍ ۙ

۱۱۲۔ وَسَقٰىهُمْ رَبُّهُمْ شَرَابًا طَهُوْرًا

۱۱۳۔ وَّكَاْسًا دِهَاقًا ۙ

۱۱۴۔ لَا فِيْهَا غَوْلٌ وَّلَا هُمْ عَنْهَا يُنْزَفُوْنَ

۱۱۵۔ يَتَنَازَعُوْنَ فِيْهَا كَاْسًا لَّا لَغْوٌ فِيْهَا وَلَا تَاْثِيْمٌ

۱۱٦۔ لَّا يُصَدَّعُوْنَ عَنْهَا وَلَا يُنْزِفُوْنَ

۱۱۷۔ وَّيَلْبَسُوْنَ ثِيَابًا خُضْرًا مِّنْ سُنْدُسٍ

۱۱۸۔ وَلِبَاسُهُمْ فِيْهَا حَرِيْرٌ

۱۱۹۔ يَّلْبَسُوْنَ مِنْ سُنْدُسٍ وَّاِسْتَبْرَقٍ مُّتَقٰبِلِيْنَ

۱۲۰۔ وَجَزٰىهُمْ بِمَا صَبَرُوْا جَنَّةً وَّحَرِيْرًا

۱۲۱۔ عٰلِيَهُمْ ثِيَابُ سُنْدُسٍ خُضْرٌ وَّاِسْتَبْرَقٌ ؗ

۱۲۲۔ يُحَلَّوْنَ فِيْهَا مِنْ اَسَاوِرَ مِنْ ذَهَبٍ

۱۲۳۔ يُحَلَّوْنَ فِيْهَا مِنْ اَسَاوِرَ مِنْ ذَهَبٍ وَّلُؤْلُؤًا ۭ وَلِبَاسُهُمْ فِيْهَا حَرِيْرٌ

۱۲۴۔ جَنّٰتُ عَدْنٍ يَّدْخُلُوْنَهَا يُحَلَّوْنَ فِيْهَا مِنْ اَسَاوِرَ مِنْ ذَهَبٍ وَّلُؤْلُؤًا ۚ

۱۲۵۔ اور انہیں چاندی کے کنگن پہنائے جائیں گے۔

۔الدھر ۷۶: ۲۱۔

۱۴۱۔ جنت میں چاندی، سونے کے پیالے اور رکابیاں

۱۲۶۔ ان پر سونے کی رکابیاں اور آبخورے گھمائے جائیں گے۔

۔الزخرف ۴۳: ۷۱۔

۱۲۷۔ اور ان پر چاندی کے برتن اور آبخورے گھمائے جائیں گے جو شیشے جیسے ہوں گے۔ چاندی کے بنے ہوئے شیشے جیسے انہوں نے ان کا اندازہ مقرر کر رکھا ہے۔

۔الدھر ۷۶: ۱۵۔۱۶۔

۱۲۸۔ اور آبخورے رکھے ہوئے ہیں۔

۔الغاشیۃ ۸۸: ۱۴۔

۱۴۲۔ جنت میں پاک ازواج

۱۲۹۔ اس میں ان کے لیے پاک بیویاں ہیں۔

۔البقرۃ ۲: ۲۵ والنساء ۴: ۵۷۔

۱۳۰۔ اور پاک بیویاں ہیں۔

۔آل عمران ۳: ۱۵۔

۱۴۳۔ جنت میں بڑی بڑی آنکھوں والی خوبصورت، نوجوان، حیادار عورتیں

۱۳۱۔ اور ان کے پاس نیچی نظر رکھنے والی بڑی بڑی آنکھوں والی بیٹھی ہوں گی گویا وہ چھپائے ہوئے انڈے ہیں۔

۔الصّٰفّٰت ۳۷: ۴۸۔۴۹۔

۱۳۲۔ اور ان کے پاس نیچی نظر رکھنے والی ہم عمر بیٹھی ہوں گی۔

۔ص ۳۸: ۵۲۔

۱۲۵۔ وَحُلُّوْٓا اَسَاوِرَ مِنْ فِضَّةٍ

۱۲۶۔ يُطَافُ عَلَيْهِمْ بِصِحَافٍ مِّنْ ذَهَبٍ وَّاَكْوَابٍ

۱۲۷۔ وَيُطَافُ عَلَيْهِمْ بِاٰنِيَةٍ مِّنْ فِضَّةٍ وَّاَكْوَابٍ كَانَتْ قَوَارِيْرَا ۙ قَوَارِيْرَا مِنْ فِضَّةٍ قَدَّرُوْهَا تَقْدِيْرًا

۱۲۸۔ وَّاَكْوَابٌ مَّوْضُوْعَةٌ

۱۲۹۔ لَهُمْ فِيْهَآ اَزْوَاجٌ مُّطَهَّرَةٌ

۱۳۰۔ وَاَزْوَاجٌ مُّطَهَّرَةٌ

۱۳۱۔ وَعِنْدَهُمْ قٰصِرٰتُ الطَّرْفِ عِيْنٌ ۙ كَاَنَّهُنَّ بَيْضٌ مَّكْنُوْنٌ

۱۳۲۔ وَعِنْدَهُمْ قٰصِرٰتُ الطَّرْفِ اَتْرَابٌ

۱۳۳۔ كَذٰلِكَ ۣ وَزَوَّجْنٰهُمْ بِحُوْرٍ عِيْنٍ

۱۳۴۔ وَزَوَّجْنٰهُمْ بِحُوْرٍ عِيْنٍ

۱۳۵۔ فِيْهِنَّ قٰصِرٰتُ الطَّرْفِ ۙ لَمْ يَطْمِثْهُنَّ اِنْسٌ قَبْلَهُمْ وَلَا جَاۗنٌّ ...... كَاَنَّهُنَّ الْيَاقُوْتُ وَالْمَرْجَانُ

۱۳۶۔ فِيْهِنَّ خَيْرٰتٌ حِسَانٌ

۱۳۷۔ حُوْرٌ مَّقْصُوْرٰتٌ فِي الْخِيَامِ

۱۳۳۔ اسی طرح ہوں گے اور ہم ان کو گوری، اچھی آنکھوں والیوں سے بیاہ دیں گے۔

۔الدخان ۴۴: ۵۴۔

۱۳۴۔ اور ان کو گوری، اچھی آنکھوں والیوں سے بیاہ دیں گے۔

۔الطور ۵۲: ۲۰۔

۱۳۵۔ ان (جنتیوں) میں نیچی نظر رکھنے والی ہیں۔ ان سے پہلے ان کے نزدیک نہ کوئی انسان ہوا ہے اور نہ کوئی جن...... گویا وہ یاقوت اور مونگے ہیں۔

۔الرحمٰن ۵۵: ۵۶...... ۵۸۔

۱۳۶۔ ان میں اچھی خوبصورت عورتیں ہیں۔

۔الرحمٰن ۵۵: ۷۰۔

۱۳۷۔ گورے رنگ والی خیموں میں بیٹھی ہیں۔

۔الرحمٰن ۵۵: ۷۲۔

۱۳۸۔ان سے پہلے ان کے نزدیک کوئی انسان ہوا ہے اور نہ کوئی جن۔

-الرحمٰن ۵۵: ۷۴-

۱۳۹۔اور گوری اچھی آنکھوں والی ہیں جیسے چھپائے موتی۔

-الواقعة ۵۶: ۲۲-۲۳-

۱۴۰۔ہم ان کو ایک نئی پیدائش میں پیدا کریں گے تو ہم انہیں کنواری بنا دیں گے۔سہاگ والی، ہم عمر دہنی طرف والوں کے لیے۔ جماعتِ کثیر ہوگی پہلوں میں سے اور جماعتِ کثیر پچھلوں میں سے۔

-الواقعة ۵۶: ۳۵-۴۰-

۱۴۱۔اور ابھری پستان والی، ہم عمر ہیں۔

-النبا ۷۸: ۳۳-

۴۴۔ جنت میں غلمان

۱۴۲۔اور ان پر ان کے خادم پھرتے ہوں گے۔ گویا وہ چھپائے ہوئے موتی ہیں۔

-الطور ۵۲: ۲۴-

۱۴۳۔ان پر ہمیشہ رہنے والے لڑکے گشت کرتے ہوں گے۔

-الواقعة ۵۶: ۱۷-

۱۴۴۔اور ان پر ہمیشہ رہنے والے لڑکے گشت کرتے ہوں گے۔ جب تو انہیں دیکھے گا تو تو انہیں بکھرے ہوئے موتی خیال کرے گا۔

-الدھر ۷۶: ۱۹-

۴۵۔ جنت میں نعمت

۱۴۵۔نعمت کے باغوں میں۔

-یونس ۱۰: ۹ و الصّٰفّٰت ۳۷: ۴۳-

۱۳۸۔لَمْ يَطْمِثْهُنَّ إِنْسٌ قَبْلَهُمْ وَلَا جَآنٌّ ﴿۷۴﴾

۱۳۹۔وَحُوْرٌ عِيْنٌ ﴿۲۲﴾ كَاَمْثَالِ اللُّؤْلُؤِ الْمَكْنُوْنِ ﴿۲۳﴾

۱۴۰۔اِنَّآ اَنْشَاْنٰهُنَّ اِنْشَآءً ﴿۳۵﴾ فَجَعَلْنٰهُنَّ اَبْكَارًا ﴿۳۶﴾ عُرُبًا اَتْرَابًا ﴿۳۷﴾ لِّاَصْحٰبِ الْيَمِيْنِ ﴿۳۸﴾ ثُلَّةٌ مِّنَ الْاَوَّلِيْنَ ﴿۳۹﴾ وَثُلَّةٌ مِّنَ الْاٰخِرِيْنَ ﴿۴۰﴾

۱۴۱۔وَّكَوَاعِبَ اَتْرَابًا ﴿۳۳﴾

۱۴۲۔وَيَطُوْفُ عَلَيْهِمْ غِلْمَانٌ لَّهُمْ كَاَنَّهُمْ لُؤْلُؤٌ مَّكْنُوْنٌ ﴿۲۴﴾

۱۴۳۔يَطُوْفُ عَلَيْهِمْ وِلْدَانٌ مُّخَلَّدُوْنَ ﴿۱۷﴾

۱۴۴۔وَيَطُوْفُ عَلَيْهِمْ وِلْدَانٌ مُّخَلَّدُوْنَ ۚ اِذَا رَاَيْتَهُمْ حَسِبْتَهُمْ لُؤْلُؤًا مَّنْثُوْرًا ﴿۱۹﴾

۱۴۵۔فِيْ جَنّٰتِ النَّعِيْمِ ﴿۹﴾

۱۴۶۔وَاِذَا رَاَيْتَ ثَمَّ رَاَيْتَ نَعِيْمًا وَّمُلْكًا كَبِيْرًا ﴿۲۰﴾

۱۴۷۔فَهُوَ فِيْ عِيْشَةٍ رَّاضِيَةٍ ﴿۲۱﴾ فِيْ جَنَّةٍ عَالِيَةٍ ﴿۲۲﴾

۱۴۸۔جَنّٰتُ عَدْنٍ يَّدْخُلُوْنَهَا تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ لَهُمْ فِيْهَا مَا يَشَآءُوْنَ ۭ كَذٰلِكَ يَجْزِي اللّٰهُ الْمُتَّقِيْنَ ﴿۳۱﴾

۱۴۹۔لَهُمْ فِيْهَا مَا يَشَآءُوْنَ خٰلِدِيْنَ ۭ كَانَ عَلٰى رَبِّكَ وَعْدًا مَّسْـُٔوْلًا ﴿۱۶﴾

۱۴۶۔اور جب تو وہاں دیکھے گا تو نعمت اور بڑی بادشاہی دیکھے گا۔

-الدھر ۷۶: ۲۰-

۴۶۔ جنت میں پسندیدہ عیش

۱۴۷۔سو وہ پسندیدہ عیش میں ہوگا اونچی جنت میں۔

-الحاقة ۶۹: ۲۱-۲۲-

۴۷۔ جنت میں ہر خواہش پوری ہوگی

۱۴۸۔رہنے کے باغ ہیں، جن میں وہ داخل ہوں گے، ان کے (درختوں کے) نیچے نہریں جاری ہوں گی۔ان کے لیے اس میں وہ جو چاہیں گے، موجود ہوگا۔یوں اللہ متقیوں کو عوض دیتا ہے۔

-النحل ۱۶: ۳۱-

۱۴۹۔ان کے لیے اس میں جو وہ چاہیں گے، موجود ہوگا۔ہمیشہ اس میں رہیں گے۔یہ تیرے پروردگار کے ذمے وعدہ ہے جسے وہ مانگ سکتے ہیں۔

-الفرقان ۲۵: ۱۶-

١٥٠۔ ان کے لیے اس میں میوہ ہے اور نیز ان کے لیے ہے جو وہ چاہیں گے۔

۔یٰسٓ ٣٦:٥٧۔

١٥١۔ ان کے لیے جو وہ چاہیں گے ان کے پروردگار کے ہاں موجود ہے۔

۔الزمر ٣٩:٣٤ والشوریٰ ٤٢:٢٢۔

١٥٢۔ اور تمہارے لیے اس میں وہ چیز ہے جس کو تمہارے دل چاہیں گے اور نیز تمہارے لیے اس میں وہ چیز ہے جو تم مانگو گے۔

۔حٰمٓ السجدۃ ٤١:٣١۔

١٥٣۔ اور اس میں وہ چیز ہے، جو دل چاہیں گے۔ اور (جس سے) آنکھیں لذت پائیں گے۔

۔الزخرف ٤٣:٧١۔

١٥٤۔ اس میں ان کے لیے وہ چیز ہے جو وہ چاہیں گے اور ہمارے پاس زیادہ ہے۔

۔قٓ ٥٠:٣٥۔

٤٨۔ جنتیوں کو خلود

١٥٥۔ وہ اس میں ہمیشہ رہیں گے۔

۔البقرۃ ٢:٢٥، ٨٢ و آل عمران ٣:١٠٧ والاعراف ٧:٤٢ ویونس ١٠:٢٦ وھود ١١:٢٣ والمؤمنون ٢٣:١١۔

١٥٦۔ ہمیشہ اسی میں رہیں گے۔

۔آل عمران ٣:١٥، ١٣٦ والنساء ٤:١٣ والمائدۃ ٥:٨٥ والتوبۃ ٩:٧٢، ٨٩ وھود ١١:١٠٨ وابراہیم ١٤:٢٣ وطٰہٰ ٢٠:٧٦ والفرقان ٢٥:٧٦ ولقمٰن ٣١:٩ والاحقاف ٤٦:١٤ والفتح ٤٨:٥ والحدید ٥٧:١٢ والمجادلۃ ٥٨:٢٢۔

١٥٧۔ ہمیشہ ہمیشہ اسی میں رہیں گے۔

۔النساء ٤:٥٧، ١٢٢، والمائدۃ ٥:١١٩ والتوبۃ ٩:١٠٠ والتغابن ٦٤:٩ والطلاق ٦٥:١١ والبینۃ ٩٨:٨۔

١٥٨۔ ہمیشہ اسی میں رہیں گے۔ اس سے ٹلنا نہ چاہیں گے۔

۔الکہف ١٨:١٠٨۔

١٥٠۔ لَهُمْ فِيهَا فَاكِهَةٌ وَّلَهُمْ مَّا يَدَّعُونَ

١٥١۔ لَهُمْ مَّا يَشَآءُونَ عِنْدَ رَبِّهِمْ

١٥٢۔ وَلَكُمْ فِيهَا مَا تَشْتَهِىٓ اَنْفُسُكُمْ وَلَكُمْ فِيهَا مَا تَدَّعُونَ

١٥٣۔ وَفِيهَا مَا تَشْتَهِيهِ الْاَنْفُسُ وَتَلَذُّ الْاَعْيُنُ

١٥٤۔ لَهُمْ مَّا يَشَآءُونَ فِيهَا وَلَدَيْنَا مَزِيدٌ

١٥٥۔ هُمْ فِيهَا خٰلِدُونَ

١٥٦۔ خٰلِدِينَ فِيهَا

١٥٧۔ خٰلِدِينَ فِيهَآ اَبَدًا

١٥٨۔ خٰلِدِينَ فِيهَا لَا يَبْغُونَ عَنْهَا حِوَلًا

١٥٩۔ قُلْ اَذٰلِكَ خَيْرٌ اَمْ جَنَّةُ الْخُلْدِ الَّتِىْ وُعِدَ الْمُتَّقُوْنَ كَانَتْ لَهُمْ جَزَآءً وَّمَصِيرًا لَهُمْ فِيهَا مَا يَشَآءُونَ خٰلِدِينَ

١٦٠۔ خٰلِدِينَ فِيهَا نِعْمَ اَجْرُ الْعٰمِلِينَ

١٦١۔ اُولٰٓئِكَ جَزَآؤُهُمْ مَّغْفِرَةٌ مِّنْ رَّبِّهِمْ وَجَنّٰتٌ تَجْرِىْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِينَ فِيهَا وَنِعْمَ اَجْرُ الْعٰمِلِينَ

١٦٢۔ فَادْخُلُوهَا خٰلِدِينَ

١٥٩۔ (اے نبی ﷺ!) پوچھ بھلا یہ (عذاب) بہتر ہے یا وہ ہمیشہ کا باغ جس کا متقیوں سے وعدہ کیا گیا ہے۔ وہ ان کا صلہ ہے اور رہنے کی جگہ۔ ان کے لیے اس میں وہ چیز ہے جو وہ چاہیں گے، ہمیشہ اسی میں رہیں گے۔

۔الفرقان ٢٥:١٥۔١٦۔

١٦٠۔ ہمیشہ اسی میں رہیں گے۔ عمل کرنے والوں کا اجر کیا ہی اچھا ہے۔

۔العنکبوت ٢٩:٥٨۔

١٦١۔ ایسے ہی لوگوں کا صلہ پروردگار کی طرف سے بخشش اور باغ ہیں جن کے نیچے نہریں بہ رہی ہیں (اور) وہ اُن میں ہمیشہ بستے رہیں گے۔ اور (اچھے) کام کرنے والوں کا بدلہ بہت اچھا ہے۔

۔آل عمران۔ ٣:١٣٦۔

١٦٢۔ سو تم اس میں ہمیشہ کے لیے داخل ہو۔

۔الزمر ٣٩:٧٣۔

۱۶۳۔ اور تم اس میں ہمیشہ رہنے والے ہو۔

۔الزخرف ۴۳: ۷۱۔

۱۶۴۔ اس میں امن سے داخل ہو۔ یہ ہمیشگی کا دن ہے۔

۔ق ۵۰: ۳۴۔

۴۹۔ جنتیوں کو غیر منقطع بخشش

۱۶۵۔ ولیکن جو لوگ نیک بخت ہیں وہ جنت میں ہوں گے، ہمیشہ اسی میں رہیں گے۔ جب تک آسمان اور زمین قائم ہیں۔ مگر جس قدر تیرا پروردگار چاہے۔ یہ بخشش ہے جو بند نہیں ہوگی۔

۔ھود ۱۱: ۱۰۸۔

۵۰۔ جنتیوں کو امن و امان اور سلامتی

۱۶۶۔ اس میں سلامتی سے امن کے ساتھ داخل ہو۔

۔الحجر ۱۵: ۴۶۔

۱۶۷۔ اس میں سلامتی سے داخل ہو۔ یہ ہمیشگی کا دن ہے۔

۔ق ۵۰: ۳۴۔

۱۶۸۔ پس اے دہنی طرف والے تیرے لیے سلامتی ہے۔

۔الواقعة ۵۶: ۹۱۔

۵۱۔ جنتیوں کو باہم ایک دوسرے کا سلام

۱۶۹۔ اس میں ان کا قول ہوگا کہ اے اللہ تو پاک ہے اور اس میں ان کی دعا سلام ہوگی۔

۔یونس ۱۰: ۱۰۔

۱۷۰۔ ان کی دعا اس میں سلام ہوگی۔

۔ابراہیم ۱۴: ۲۳۔

۱۷۱۔ وہ اس میں سوائے سلام کے کوئی بیہودہ بات نہ سنیں گے۔

۔مریم ۱۹: ۶۲۔

۱۶۳۔ وَاَنْتُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ

۱۶۴۔ اُدْخُلُوْهَا بِسَلٰمٍ ذٰلِكَ يَوْمُ الْخُلُوْدِ

۱۶۵۔ وَاَمَّا الَّذِيْنَ سُعِدُوْا فَفِي الْجَنَّةِ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا مَا دَامَتِ السَّمٰوٰتُ وَالْاَرْضُ اِلَّا مَا شَآءَ رَبُّكَ عَطَآءً غَيْرَ مَجْذُوْذٍ

۱۶۶۔ اُدْخُلُوْهَا بِسَلٰمٍ اٰمِنِيْنَ

۱۶۷۔ اُدْخُلُوْهَا بِسَلٰمٍ ذٰلِكَ يَوْمُ الْخُلُوْدِ

۱۶۸۔ فَسَلٰمٌ لَّكَ مِنْ اَصْحٰبِ الْيَمِيْنِ

۱۶۹۔ دَعْوٰىهُمْ فِيْهَا سُبْحٰنَكَ اللّٰهُمَّ وَتَحِيَّتُهُمْ فِيْهَا سَلٰمٌ

۱۷۰۔ تَحِيَّتُهُمْ فِيْهَا سَلٰمٌ

۱۷۱۔ لَا يَسْمَعُوْنَ فِيْهَا لَغْوًا اِلَّا سَلٰمًا

۱۷۲۔ اُولٰٓئِكَ يُجْزَوْنَ الْغُرْفَةَ بِمَا صَبَرُوْا وَيُلَقَّوْنَ فِيْهَا تَحِيَّةً وَّسَلٰمًا

۱۷۳۔ تَحِيَّتُهُمْ يَوْمَ يَلْقَوْنَهٗ سَلٰمٌ

۱۷۴۔ اِلَّا قِيْلًا سَلٰمًا سَلٰمًا

۱۷۵۔ وَبَيْنَهُمَا حِجَابٌ وَعَلَى الْاَعْرَافِ رِجَالٌ يَّعْرِفُوْنَ كُلًّا بِسِيْمٰىهُمْ وَنَادَوْا اَصْحٰبَ الْجَنَّةِ اَنْ سَلٰمٌ عَلَيْكُمْ لَمْ يَدْخُلُوْهَا وَهُمْ يَطْمَعُوْنَ

۱۷۲۔ یہی ہیں جنہیں ان کے صبر کرنے کے بدلے بالاخانے دیے جائیں گے اور وہاں ان کو زندگی اور سلامتی کی دعا دی جائے گی۔

۔الفرقان ۲۵: ۷۵۔

۱۷۳۔ ان کی دعا جس دن وہ اس سے ملیں گے، سلام ہوگی۔

۔الاحزاب ۳۳: ۴۴۔

۱۷۴۔ مگر سلام سلام کہا جائے گا۔

۔الواقعة ۵۶: ۲۶۔

۵۲۔ جنتیوں کو اعراف والوں کا سلام

۱۷۵۔ اور ان دونوں کے درمیان ایک آڑ ہے اور اعراف پر کچھ آدمی ہوں گے جو ہر ایک کو ان کی علامت سے پہچان لیں گے اور جنتیوں کو پکار کر کہیں گے کہ تم پر سلام ہو۔ وہ اس میں داخل نہیں ہوئے ہوں گے اور وہ طمع کرتے ہوں گے۔

۔الاعراف ۷: ۴۶۔

۵۳۔ جنتیوں کو فرشتوں کا سلام

۱۷۶۔اور فرشتے ان پر ہر دروازے سے داخل ہوں گے۔ اور (کہیں گے کہ) تم پر سلام ہو اس لیے کہ تم نے صبر کیا تھا سو آخرت کا گھر کیا ہی اچھا ہے۔

۔الرعد ۱۳: ۲۳۔۲۴۔

۱۷۷۔یہاں تک کہ جب وہ اس کے پاس آئیں گے اور اس کے دروازے کھول دیے جائیں گے اور اس کے محافظ ان سے کہیں گے کہ تم پر سلامتی ہے، تم خوشحال ہوئے۔

۔الزمر ۳۹: ۷۳۔

۵۴۔ جنتیوں کو اللہ کا سلام

۱۷۸۔(انہیں) پروردگار مہربان کی طرف سے سلام کہا جائے گا۔

۔یٰسٓ ۳۶: ۵۸۔

۱۷۶۔ وَالْمَلٰٓئِكَةُ يَدْخُلُوْنَ عَلَيْهِمْ مِّنْ كُلِّ بَابٍ ﴿۲۳﴾ سَلٰمٌ عَلَيْكُمْ بِمَا صَبَرْتُمْ فَنِعْمَ عُقْبَى الدَّارِ ﴿۲۴﴾

۱۷۷۔ حَتّٰٓى اِذَا جَآءُوْهَا وَفُتِحَتْ اَبْوَابُهَا وَقَالَ لَهُمْ خَزَنَتُهَا سَلٰمٌ عَلَيْكُمْ طِبْتُمْ

۱۷۸۔ سَلٰمٌ ۗ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِيْمٍ ﴿۵۸﴾

۱۷۹۔ وَرِضْوَانٌ مِّنَ اللّٰهِ ۭ

۱۸۰۔ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ وَرَضُوْا عَنْهُ ۭ

۱۸۱۔ يُبَشِّرُهُمْ رَبُّهُمْ بِرَحْمَةٍ مِّنْهُ وَرِضْوَانٍ وَّجَنّٰتٍ لَّهُمْ فِيْهَا نَعِيْمٌ مُّقِيْمٌ ﴿۲۱﴾

۱۸۲۔ وَرِضْوَانٌ مِّنَ اللّٰهِ اَكْبَرُ ۭ

۱۸۳۔ اَفَمَنْ كَانَ عَلٰى بَيِّنَةٍ مِّنْ رَّبِّهٖ كَمَنْ زُيِّنَ لَهٗ سُوْٓءُ عَمَلِهٖ وَاتَّبَعُوْٓا اَهْوَآءَهُمْ ﴿۱۴﴾ مَثَلُ الْجَنَّةِ الَّتِيْ وُعِدَ الْمُتَّقُوْنَ ۭ فِيْهَآ اَنْهٰرٌ مِّنْ مَّآءٍ غَيْرِ اٰسِنٍ ۚ وَاَنْهٰرٌ مِّنْ لَّبَنٍ لَّمْ يَتَغَيَّرْ طَعْمُهٗ ۚ وَاَنْهٰرٌ مِّنْ خَمْرٍ لَّذَّةٍ لِّلشّٰرِبِيْنَ ۚ وَاَنْهٰرٌ مِّنْ عَسَلٍ مُّصَفًّى ۭ وَلَهُمْ فِيْهَا مِنْ كُلِّ الثَّمَرٰتِ وَمَغْفِرَةٌ مِّنْ رَّبِّهِمْ ۭ كَمَنْ هُوَ خَالِدٌ فِي النَّارِ وَسُقُوْا مَآءً حَمِيْمًا فَقَطَّعَ اَمْعَآءَهُمْ ﴿۱۵﴾

۵۵۔ جنتیوں سے اللہ کی رضامندی

۱۷۹۔اور اللہ کی طرف سے رضامندی ہے۔

۔آل عمران ۳: ۱۵۔

۱۸۰۔اللہ ان سے راضی ہے اور وہ اس سے راضی۔

۔المائدۃ ۵: ۱۱۹ والتوبۃ ۹: ۱۰۰ والمجادلۃ ۵۸: ۲۲ والبینۃ ۹۸: ۸۔

۱۸۱۔ان کا پروردگار ان کو اپنی مہربانی اور خوشنودی اور ایسے باغوں کی خوش خبری دیتا ہے، جن میں ان کو دائمی آسائش ملے گی۔

۔التوبۃ ۹: ۲۱۔

۱۸۲۔اور اللہ کی طرف سے رضامندی بڑی چیز ہے۔

۔التوبۃ ۹: ۷۲۔

۵۶۔ جنتی اور دوزخی برابر نہیں

۱۸۳۔بھلا وہ شخص جو اپنے پروردگار کی طرف سے سند پر ہے اس شخص کی برابر ہو سکتا ہے جس کو اس کے برے عمل اچھے کر کے دکھلائے گئے اور وہ اپنی خواہشات نفسانی کے پیچھے پڑے ہوئے ہیں۔اس جنت کی صفت جس کا متقیوں سے وعدہ کیا گیا ہے یہ ہے کہ اس میں پانی کی نہریں جو پینے والوں کو لذت دینے والی ہیں اور صاف کیے ہوئے شہد کی نہریں ہیں۔اور ان کے لیے اس میں ہر قسم کے پھل اور ان کے پروردگار کی طرف سے مغفرت ہے۔تو کیا ایسے اشخاص ان لوگوں کی مانند ہو سکتے ہیں جو ہمیشہ آگ میں رہیں گے اور انہیں کھولتا ہوا پانی پلایا جائے گا جو ان کی آنتیں کاٹ ڈالے گا۔

۔محمد ۴۷: ۱۴۔۱۵۔

۱۸۴۔ دوزخی اور جنتی برابر نہیں ہیں جو جنتی ہیں وہی اپنی مراد کو پہنچنے والے ہیں۔

-الحشر ۵۹: ۲۰-

۵۷۔ جنتیوں کی دوزخیوں سے بات چیت

۱۸۵۔ اور جنتی دوزخیوں کو پکار کر کہیں گے کہ جو وعدہ ہم سے ہمارے پروردگار نے کیا تھا ہم نے اس کو سچ پایا تم نے بھی اس وعدے کو سچ پایا جو تم سے تمہارے پروردگار نے کیا تھا۔ وہ جواب دیں گے ہاں۔ پھر ان کے درمیان ایک پکارنے والا، پکارے گا کہ ظالموں پر اللہ کی لعنت ہے جو (لوگوں کو) اللہ کی راہ سے روکتے ہیں اور اس میں کجی ڈھونڈتے ہیں اور وہ آخرت کے منکر ہیں۔

-الاعراف۷: ۴۴-۴۵-

۱۸۶۔ باغوں میں پوچھتے ہوں گے گنہگاروں سے کہ تمہیں دوزخ میں کس چیز نے ڈالا۔

-المدثر ۷۴: ۴۰-۴۲-

۵۸۔ جنتیوں کی باہمی گفتگو

۱۸۷۔ بے شک جنت والے آج ایک کام خوش میں ہیں۔

-یٰسٓ ۳۶: ۵۵-

۱۸۸۔ پھر ان کے بعض بعض کی طرف متوجہ ہو کر ایک دوسرے سے پوچھیں گے۔ ان میں سے ایک کہنے والا کہے گا کہ (دنیا میں) میرا ایک ساتھی تھا جو کہا کرتا تھا کہ تو تصدیق کرنے والوں میں ہے۔ بھلا جب ہم مر کر مٹی اور ہڈیاں ہو گئے تو کیا ہم جزا دیے جائیں گے۔ اللہ فرمائے گا کیا تم جھانک کر دیکھو گے۔ جب وہ جھانکے گا تو اسے دوزخ کی تلی میں دیکھے گا۔ کہے گا کہ بے شک تو تو مجھے ہلاک ہی کرنے لگا تھا۔ اور اگر میرے پروردگار کی مہربانی نہ ہوتی تو میں بھی ضرور عذاب میں پکڑے ہوؤں میں ہوتا۔ تو کیا یہ بات نہیں ہے کہ ہم مرنے والے نہیں ہیں سوائے اپنی پہلی (دنیوی) موت کے اور ہم عذاب میں نہیں ہیں۔ بے شک یہی بڑی کامیابی ہے۔ ایسی ہی نعمت کے لیے چاہیے کہ عمل کرنے والے عمل کریں۔

-الصّٰفّٰت ۳۷: ۵۰-۶۱-

۱۸۹۔ اور ان کے بعض بعض کی طرف متوجہ ہو کر ایک دوسرے سے پوچھیں گے۔ کہیں گے کہ بے شک ہم پہلے اپنے (دنیا کے) گھر والوں میں ڈرا کرتے تھے سو اللہ نے ہم پر احسان کیا اور ہمیں گرم لو کے عذاب سے بچایا۔ بے شک ہم پہلے (دنیا میں) اس کو پکارا کرتے تھے۔ کچھ

۱۸۴۔ لَا يَسْتَوِيٓ اَصْحٰبُ النَّارِ وَاَصْحٰبُ الْجَنَّةِ ؕ اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ هُمُ الْفَآئِزُوْنَ ۝

۱۸۵۔ وَنَادٰٓى اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ اَصْحٰبَ النَّارِ اَنْ قَدْ وَجَدْنَا مَا وَعَدَنَا رَبُّنَا حَقًّا فَهَلْ وَجَدْتُّمْ مَّا وَعَدَ رَبُّكُمْ حَقًّا ؕ قَالُوْا نَعَمْ ۚ فَاَذَّنَ مُؤَذِّنٌۢ بَيْنَهُمْ اَنْ لَّعْنَةُ اللّٰهِ عَلَى الظّٰلِمِيْنَ ۝ الَّذِيْنَ يَصُدُّوْنَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَيَبْغُوْنَهَا عِوَجًا ۚ وَهُمْ بِالْاٰخِرَةِ كٰفِرُوْنَ ۝

۱۸۶۔ فِيْ جَنّٰتٍ ۛ يَتَسَآءَلُوْنَ ۝ عَنِ الْمُجْرِمِيْنَ ۝ مَا سَلَكَكُمْ فِيْ سَقَرَ ۝

۱۸۷۔ اِنَّ اَصْحٰبَ الْجَنَّةِ الْيَوْمَ فِيْ شُغُلٍ فٰكِهُوْنَ ۝

۱۸۸۔ فَاَقْبَلَ بَعْضُهُمْ عَلٰى بَعْضٍ يَّتَسَآءَلُوْنَ ۝ قَالَ قَآئِلٌ مِّنْهُمْ اِنِّيْ كَانَ لِيْ قَرِيْنٌ ۝ يَّقُوْلُ اَئِنَّكَ لَمِنَ الْمُصَدِّقِيْنَ ۝ ءَاِذَا مِتْنَا وَكُنَّا تُرَابًا وَّعِظَامًا ءَاِنَّا لَمَدِيْنُوْنَ ۝ قَالَ هَلْ اَنْتُمْ مُّطَّلِعُوْنَ ۝ فَاطَّلَعَ فَرَاٰهُ فِيْ سَوَآءِ الْجَحِيْمِ ۝ قَالَ تَاللّٰهِ اِنْ كِدْتَّ لَتُرْدِيْنِ ۝ وَلَوْلَا نِعْمَةُ رَبِّيْ لَكُنْتُ مِنَ الْمُحْضَرِيْنَ ۝ اَفَمَا نَحْنُ بِمَيِّتِيْنَ ۝ اِلَّا مَوْتَتَنَا الْاُوْلٰى وَمَا نَحْنُ بِمُعَذَّبِيْنَ ۝ اِنَّ هٰذَا لَهُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ۝ لِمِثْلِ هٰذَا فَلْيَعْمَلِ الْعٰمِلُوْنَ ۝

۱۸۹۔ وَاَقْبَلَ بَعْضُهُمْ عَلٰى بَعْضٍ يَّتَسَآءَلُوْنَ ۝ قَالُوْٓا اِنَّا كُنَّا قَبْلُ فِيْٓ اَهْلِنَا مُشْفِقِيْنَ ۝ فَمَنَّ اللّٰهُ عَلَيْنَا وَوَقٰىنَا عَذَابَ السَّمُوْمِ ۝ اِنَّا كُنَّا مِنْ

شک نہیں کہ وہی احسان کرنے والا، مہربان ہے۔

-الطور ۵۲: ۲۵-۲۸-

۵۹۔ جنتیوں کے دلوں میں ایک دوسرے سے کینہ نہ ہوگا

۱۹۰۔اور جو کینہ ایک دوسرے کی طرف سے ان کے دل میں ہوگا، ہم اس کو نکال دیں گے۔ان کے (مکانات کے) نیچے نہریں جاری ہوں گی اور وہ کہیں گے کہ سب تعریف اللہ ہی کے لیے ہے جس نے ہمیں یہ راہ دکھائی اور ہم راہ پر نہیں آ سکتے تھے۔اگر اللہ ہمیں ہدایت نہ کرتا۔کچھ شک نہیں کہ ہمارے پروردگار کے رسول سچی بات لے کر آئے تھے اور ان کو ندا دی جائے گی کہ یہ جنت ہے جس کے تم وارث بنائے گئے، بدلہ اس کا جو نیک کام تم کیا کرتے تھے۔

-الاعراف ۷: ۴۳-

۱۹۱۔اور جو کینہ ایک دوسرے کی طرف سے ان کے دلوں میں ہوگا ہم وہ نکال دیں گے، تختوں پر آمنے سامنے بھائی بنے بیٹھے ہوں گے۔نہ انہیں اس میں تکلیف چھوئے گی اور وہ نہ اس سے باہر نکالے جائیں گے۔

-الحجر ۱۵: ۴۷-۴۸

۶۰۔ جنت اعمال کے عوض ملے گی

۱۹۲۔اور ان کو ندا دی جائے گی کہ یہ جنت ہے جس کے تم وارث بنائے گئے۔بدلہ اس کا جو نیک کام تم کیا کرتے تھے۔

-الاعراف ۷: ۴۳-

۱۹۳۔بدلہ ہے اس کا جو وہ کیا کرتے تھے۔

-السجدۃ ۳۲: ۱۷ والاحقاف ۴۶: ۱۴ والواقعۃ ۵۶: ۲۴-

۱۹۴۔اور یہ جنت ہے جس کے تم وارث بنائے گئے بدلہ اس کا جو نیک کام تم کیا کرتے تھے۔

-الزخرف ۴۳: ۷۲-

قَبْلُ نَدْعُوهُ ۖ إِنَّهُ هُوَ الْبَرُّ الرَّحِيمُ ﴿٢٨﴾

۱۹۰۔ وَنَزَعْنَا مَا فِي صُدُورِهِم مِّنْ غِلٍّ تَجْرِي مِن تَحْتِهِمُ الْأَنْهَارُ ۖ وَقَالُوا الْحَمْدُ لِلَّهِ الَّذِي هَدَانَا لِهَٰذَا وَمَا كُنَّا لِنَهْتَدِيَ لَوْلَا أَنْ هَدَانَا اللَّهُ ۖ لَقَدْ جَاءَتْ رُسُلُ رَبِّنَا بِالْحَقِّ ۖ وَنُودُوا أَن تِلْكُمُ الْجَنَّةُ أُورِثْتُمُوهَا بِمَا كُنتُمْ تَعْمَلُونَ ﴿٤٣﴾

۱۹۱۔ وَنَزَعْنَا مَا فِي صُدُورِهِم مِّنْ غِلٍّ إِخْوَانًا عَلَىٰ سُرُرٍ مُّتَقَابِلِينَ ﴿٤٧﴾ لَا يَمَسُّهُمْ فِيهَا نَصَبٌ وَمَا هُم مِّنْهَا بِمُخْرَجِينَ ﴿٤٨﴾

۱۹۲۔ وَنُودُوا أَن تِلْكُمُ الْجَنَّةُ أُورِثْتُمُوهَا بِمَا كُنتُمْ تَعْمَلُونَ ﴿٤٣﴾

۱۹۳۔ جَزَاءً بِمَا كَانُوا يَعْمَلُونَ ﴿١٧﴾

۱۹۴۔ وَتِلْكَ الْجَنَّةُ الَّتِي أُورِثْتُمُوهَا بِمَا كُنتُمْ تَعْمَلُونَ ﴿٧٢﴾

۱۹۵۔ كُلُوا وَاشْرَبُوا هَنِيئًا بِمَا كُنتُمْ تَعْمَلُونَ ﴿١٩﴾

۱۹۶۔ كُلُوا وَاشْرَبُوا هَنِيئًا بِمَا أَسْلَفْتُمْ فِي الْأَيَّامِ الْخَالِيَةِ ﴿٢٤﴾

۱۹۷۔ أَمْ حَسِبْتُمْ أَن تَدْخُلُوا الْجَنَّةَ وَلَمَّا يَأْتِكُم مَّثَلُ الَّذِينَ خَلَوْا مِن قَبْلِكُم ۖ مَّسَّتْهُمُ الْبَأْسَاءُ وَالضَّرَّاءُ وَزُلْزِلُوا حَتَّىٰ يَقُولَ الرَّسُولُ وَالَّذِينَ آمَنُوا مَعَهُ مَتَىٰ نَصْرُ اللَّهِ ۗ أَلَا إِنَّ نَصْرَ اللَّهِ قَرِيبٌ ﴿٢١٤﴾

۱۹۵۔خوش گوار کھاؤ اور پیو، بدلہ اس کا جو تم کیا کرتے تھے۔

-الطور ۵۲: ۱۹ والمرسلٰت ۷۷: ۴۳-

۱۹۶۔خوش گوار کھاؤ اور پیو، بدلہ اس کا جو تم نے گزشتہ دنوں میں آگے بھیجا ہے۔

-الحاقۃ ۶۹: ۲۴-

۶۱۔ بغیر امتحان میں پورا اترے جنت کی طمع نہیں کرنا چاہیے

۱۹۷۔کیا تم نے یہ خیال جما رکھا ہے کہ تم جنت میں داخل ہو جاؤ گے۔حالانکہ ابھی تم پر وہ حالت نہیں آئی جو ان پر آئی تھی، جو تم سے پہلے ہو گزرے ہیں۔ان کو محتاجی اور تکلیف نے پکڑا تھا اور وہ خوب ہلائے گئے تھے یہاں تک کہ رسول اور وہ لوگ جو اس کے ساتھ ہو کر ایمان لائے تھے کہنے لگے کہ اللہ کی مدد کب آئے گی۔سن لو کہ اللہ کی مدد قریب ہی ہے۔

-البقرۃ ۲: ۲۱۴-

جنت میں کون لوگ داخل ہوں گے؟

۱۔ مومنین جو ایمان لائے اور نیک عمل کئے

۱۔ اور جو لوگ ایمان لائے۔ اور انہوں نے نیک عمل کئے ان کو خوش خبری سنا دے کہ ان کے لیے باغ ہیں، تلے نہریں بہہ رہی ہوں گی۔ جب ان کو وہاں کوئی میوہ کھانے کو دیا جائے گا تو کہیں گے، یہ تو ہم کو پہلے بھی مل چکا ہے اور ان کو ایک ہی صورت سے ملا کریں گے اور وہاں ان کے لیے پاک بیبیاں ہوں گی اور وہ وہاں ہمیشہ رہیں گے۔

۔البقرۃ ۲:۲۵۔

۲۔ اور جو لوگ ایمان لائے اور نیک عمل کئے وہی لوگ جنتی ہیں اور وہ ہمیشہ جنت میں رہیں گے۔

۔البقرۃ ۲:۸۲۔

۳۔ اور جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے نیک عمل کئے اور نماز پڑھتے اور زکوٰۃ دیتے رہے ان کا ثواب ان کے پروردگار کے ہاں ان کو ملے گا اور ان پر نہ خوف ہوگا اور نہ وہ غمگین ہوں گے۔

۔البقرۃ ۲:۲۷۷۔

۴۔ اور جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے نیک کام کئے ہم ان کو عنقریب ایسے باغوں میں داخل کریں گے جن کے نیچے نہریں بہہ رہی ہوں گی۔ وہ ہمیشہ ان میں رہیں گے۔ ان کے لیے وہاں پاک بیبیاں ہوں گی اور ہم ان کو گھنی گھنی چھاؤں میں رکھیں گے۔

۔النساء ۴:۵۷۔

۵۔ جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے نیک کام کئے ہم عنقریب ان کو ایسے باغوں میں داخل کریں گے جن کے نیچے نہریں بہہ رہی ہوں گی، وہ ہمیشہ ان میں رہیں

۱۔ وَبَشِّرِ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ اَنَّ لَهُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ؕ كُلَّمَا رُزِقُوْا مِنْهَا مِنْ ثَمَرَةٍ رِّزْقًا ۙ قَالُوْا هٰذَا الَّذِيْ رُزِقْنَا مِنْ قَبْلُ ۙ وَاُتُوْا بِهٖ مُتَشَابِهًا ؕ وَلَهُمْ فِيْهَا اَزْوَاجٌ مُّطَهَّرَةٌ ۙ وَّهُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿۲۵﴾

۲۔ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ ۚ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿۸۲﴾

۳۔ اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَاَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتَوُا الزَّكٰوةَ لَهُمْ اَجْرُهُمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ ۚ وَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ﴿۲۷۷﴾

۴۔ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ سَنُدْخِلُهُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اَبَدًا ؕ لَهُمْ فِيْهَآ اَزْوَاجٌ مُّطَهَّرَةٌ ۫ وَّنُدْخِلُهُمْ ظِلًّا ظَلِيْلًا ﴿۵۷﴾

۵۔ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ سَنُدْخِلُهُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اَبَدًا ؕ وَعْدَ اللّٰهِ حَقًّا ؕ وَمَنْ اَصْدَقُ مِنَ اللّٰهِ قِيْلًا ﴿۱۲۲﴾

۶۔ وَمَنْ يَّعْمَلْ مِنَ الصّٰلِحٰتِ مِنْ ذَكَرٍ اَوْ اُنْثٰى وَهُوَ مُؤْمِنٌ فَاُولٰٓئِكَ يَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ وَلَا يُظْلَمُوْنَ نَقِيْرًا ﴿۱۲۴﴾

۷۔ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَا نُكَلِّفُ نَفْسًا اِلَّا وُسْعَهَآ ۙ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ ۚ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿۴۲﴾ وَنَزَعْنَا مَا فِيْ صُدُوْرِهِمْ مِّنْ غِلٍّ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهِمُ الْاَنْهٰرُ ۚ وَقَالُوا الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ هَدٰىنَا لِهٰذَا ۫ وَمَا كُنَّا لِنَهْتَدِيَ لَوْلَآ اَنْ هَدٰىنَا اللّٰهُ ۚ لَقَدْ جَآءَتْ رُسُلُ رَبِّنَا بِالْحَقِّ ؕ وَنُوْدُوْٓا اَنْ تِلْكُمُ الْجَنَّةُ اُوْرِثْتُمُوْهَا بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿۴۳﴾

گے۔ اللہ کا پکا وعدہ ہے اور اللہ سے بڑھ کر بات کا سچا کون؟

۔النساء ۴:۱۲۲۔

۶۔ اور جو شخص کوئی نیک کام کرے گا مرد ہو یا عورت اور وہ ایمان بھی رکھتا ہو تو ایسے لوگ جنت میں داخل ہوں گے اور ذرہ بھی ان کی حق تلفی نہ ہوگی۔

۔النساء ۴:۱۲۴۔

۷۔ اور جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے نیک کام کئے اور ہم کسی شخص کو اس کی گنجائش سے زیادہ تکلیف تو دیتے نہیں۔ یہی لوگ جنتی ہیں وہ ہمیشہ اسی جنت میں رہیں گے اور جو کچھ ان کے دلوں میں رنج ہوگا وہ ہم نکال دیں گے۔ ان کے تلے نہریں بہہ رہی ہوں گی اور وہ کہیں گے کہ اللہ کا شکر ہے جس نے ہم کو اس کا رستہ دکھایا۔ اور اگر خدا ہم کو رستہ نہ دکھاتا تو ہم راہ نہ پاتے۔ بے شک ہمارے پروردگار کے رسول حق لے کر آئے تھے اور ان لوگوں سے پکار کر کہہ دیا جائے گا، یہی وہ جنت ہے کہ تم ان عملوں کی بدولت جو تم کرتے تھے اس کے وارث قرار دیے گئے ہو۔

۔الاعراف ۷:۴۲۔۴۳

٨۔ إِنَّمَا الْمُؤْمِنُونَ الَّذِينَ إِذَا ذُكِرَ اللَّهُ وَجِلَتْ قُلُوبُهُمْ وَإِذَا تُلِيَتْ عَلَيْهِمْ آيَاتُهُ زَادَتْهُمْ إِيمَانًا وَعَلَىٰ رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُونَ ۝ الَّذِينَ يُقِيمُونَ الصَّلَاةَ وَمِمَّا رَزَقْنَاهُمْ يُنْفِقُونَ ۝ أُولَٰئِكَ هُمُ الْمُؤْمِنُونَ حَقًّا ۚ لَهُمْ دَرَجَاتٌ عِنْدَ رَبِّهِمْ وَمَغْفِرَةٌ وَرِزْقٌ كَرِيمٌ ۝

٩۔ وَعَدَ اللَّهُ الْمُؤْمِنِينَ وَالْمُؤْمِنَاتِ جَنَّاتٍ تَجْرِي مِنْ تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ خَالِدِينَ فِيهَا وَمَسَاكِنَ طَيِّبَةً فِي جَنَّاتِ عَدْنٍ ۚ وَرِضْوَانٌ مِنَ اللَّهِ أَكْبَرُ ۚ ذَٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيمُ ۝

١٠۔ إِنَّ الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ يَهْدِيهِمْ رَبُّهُمْ بِإِيمَانِهِمْ ۖ تَجْرِي مِنْ تَحْتِهِمُ الْأَنْهَارُ فِي جَنَّاتِ النَّعِيمِ ۝ دَعْوَاهُمْ فِيهَا سُبْحَانَكَ اللَّهُمَّ وَتَحِيَّتُهُمْ فِيهَا سَلَامٌ ۚ وَآخِرُ دَعْوَاهُمْ أَنِ الْحَمْدُ لِلَّهِ رَبِّ الْعَالَمِينَ ۝

١١۔ إِنَّ الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ وَأَخْبَتُوا إِلَىٰ رَبِّهِمْ أُولَٰئِكَ أَصْحَابُ الْجَنَّةِ ۖ هُمْ فِيهَا خَالِدُونَ ۝

١٢۔ إِنَّمَا يَتَذَكَّرُ أُولُو الْأَلْبَابِ ۝ الَّذِينَ يُوفُونَ بِعَهْدِ اللَّهِ وَلَا يَنْقُضُونَ الْمِيثَاقَ ۝ وَالَّذِينَ يَصِلُونَ مَا أَمَرَ اللَّهُ بِهِ أَنْ يُوصَلَ وَيَخْشَوْنَ رَبَّهُمْ وَيَخَافُونَ سُوءَ الْحِسَابِ ۝ وَالَّذِينَ صَبَرُوا ابْتِغَاءَ وَجْهِ رَبِّهِمْ

٨۔ سچے مسلمان تو بس وہی ہیں کہ جب خدا کا نام لیا جاتا ہے تو ان کے دل دہل جاتے ہیں اور جب آیاتِ الٰہی ان کو پڑھ کر سنائی جاتی ہیں تو وہ ان کے ایمان کو اور بھی زیادہ کر دیتی ہیں۔ اور (ہر حال میں) اپنے پروردگار پر بھروسہ رکھتے ہیں۔ جو نماز پڑھتے ہیں اور ہم نے جو ان کو روزی دی ہے اس میں سے (اللہ کی راہ میں) خرچ کرتے ہیں۔ یہی ہیں سچے ایمان دار۔ ان کے لیے ان کے پروردگار کے ہاں درجے ہیں اور (گناہوں کی معافی) اور عزت اور آبرو کی روزی ہے۔

۔الانفال ۸: ۲۔۴۔

۹۔ ایمان والے مردوں اور ایمان والی عورتوں سے اللہ نے باغوں کا وعدہ کر لیا ہے، جن کے تلے نہریں بہہ رہی ہوں گی۔ ان میں ہمیشہ رہیں گے اور دائمی بہشت میں عمدہ عمدہ مکانوں کا۔ اور اللہ کی خوشنودی سب سے بڑھ کر ہے۔ یہی ہے بڑی کامیابی۔

۔التوبۃ ۹: ۷۲۔

۱۰۔ بے شک جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے نیک کام کیے، انہیں ان کے ایمان کے باعث ان کا پروردگار راہ دکھلائے گا۔ ان کے نیچے نہریں بہتی ہوں گی۔ وہ وہاں بول اٹھیں گے کہ بارِالٰہا! تیری ذات پاک ہے اور وہاں ان کی دعا خیر سلام ہو گی اور ان کی آخری بات یہ ہو گی کہ ہر طرح کی حمد اللہ ہی کے لیے ہے جو تمام جہانوں کا پروردگار ہے۔

۔یونس ۱۰: ۹۔

۱۱۔ جو لوگ ایمان لائے اور نیک عمل کیے اور اپنے پروردگار کے آگے عاجزی کرتے رہے یہی جنتی لوگ ہیں۔ یہ ہمیشہ بہشت میں رہیں گے۔

۔ہود ۱۱: ۲۳۔

۱۲۔ بس وہی لوگ نصیحت پکڑتے ہیں جو سمجھ دار ہیں۔ یعنی وہ لوگ جنھوں نے اللہ کے ساتھ جو عہد کر لیا اس کو پورا کرتے ہیں اور اپنے اقرار کو نہیں توڑتے۔ اور وہ لوگ کہ اللہ نے جن تعلقات کے جوڑے رکھنے کا حکم دیا ہے ان کو جوڑے رکھتے اور اپنے پروردگار سے ڈرتے اور قیامت کو بری طرح حساب لیے جانے کا اندیشہ رکھتے ہیں اور جنھوں نے اپنے پروردگار کا مونہہ کر کے صبر کیا۔ اور نمازیں پڑھیں اور ہم نے جو ان کو رزق دیا تھا اس میں سے چپکے اور ظاہر خرچ کیا۔ اور برائی کے مقابلے میں نیکی کرتے ہیں۔ یہی لوگ ہیں جن کی دنیا کا انجام ہے (یعنی) ہمیشہ رہنے کے باغ جن میں وہ خود رہیں گے اور ان کے بڑوں اور ان کی بیبیوں اور ان کی اولاد میں سے جو نیکوکار ہوں

گے (وہ بھی) اور ہر دروازے سے فرشتے ان کے پاس آ کر ان سے سلام علیکم کریں گے۔ جو تم صبر کرتے رہے یہ اسی کا صلہ ہے۔ سو تمہاری دنیا کا بھی اچھا انجام ہوا۔

-الرعد ۱۳: ۱۹-۲۴-

۱۳-تو جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے نیک عمل کئے ان کے لیے خوش حالی ہے اور اچھا ٹھکانا۔

-الرعد-۱۳: ۲۹-

۱۴-اور جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے نیک عمل کئے وہ باغوں میں داخل کئے جائیں گے جن کے نیچے نہریں بہہ رہی ہوں گی۔ وہ اپنے پروردگار کے حکم سے ان میں ہمیشہ رہیں گے۔ وہاں ان کی دعا سلام ہوگی۔

-ابراہیم ۱۴: ۲۳-

۱۵-جو شخص نیک عمل کرے گا، مرد ہو یا عورت اور وہ ایمان بھی رکھتا ہو تو ہم اس کی زندگی اچھی طرح بسر کرائیں گے اور ان کو ان کے بہترین اعمال کا صلہ ضرور عطا فرمائیں گے۔

-النحل ۱۶: ۹۷-

۱۶-بے شک جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے نیک عمل بھی کئے تو جو شخص نیک عمل کرے ہم اس کے اجر کو ضائع نہیں ہونے دیا کرتے۔ یہی لوگ ہیں جن کے رہنے کے لیے ہمیشگی کے باغ میں ان لوگوں کے مکانوں تلے نہریں بہہ رہی ہوں گی اور ان کو وہاں سونے کے کنگن پہنائے جائیں گے اور وہ مہین اور دبیز ریشمی سبز کپڑے زیب تن کریں گے۔ وہاں تختوں پر تکیے لگائے

وَأَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَأَنْفَقُوا مِمَّا رَزَقْنٰهُمْ سِرًّا وَّعَلَانِيَةً وَّيَدْرَءُوْنَ بِالْحَسَنَةِ السَّيِّئَةَ أُولٰٓئِكَ لَهُمْ عُقْبَى الدَّارِ ۝۲۲ جَنّٰتُ عَدْنٍ يَّدْخُلُوْنَهَا وَمَنْ صَلَحَ مِنْ اٰبَآئِهِمْ وَأَزْوَاجِهِمْ وَذُرِّيّٰتِهِمْ وَالْمَلٰٓئِكَةُ يَدْخُلُوْنَ عَلَيْهِمْ مِّنْ كُلِّ بَابٍ ۝۲۳ سَلٰمٌ عَلَيْكُمْ بِمَا صَبَرْتُمْ فَنِعْمَ عُقْبَى الدَّارِ ۝۲۴

۱۳-اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ طُوْبٰى لَهُمْ وَحُسْنُ مَاٰبٍ ۝۲۹

۱۴-وَأُدْخِلَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا بِإِذْنِ رَبِّهِمْ تَحِيَّتُهُمْ فِيْهَا سَلٰمٌ ۝۲۳

۱۵-مَنْ عَمِلَ صَالِحًا مِّنْ ذَكَرٍ أَوْ أُنْثٰى وَهُوَ مُؤْمِنٌ فَلَنُحْيِيَنَّهٗ حَيٰوةً طَيِّبَةً وَلَنَجْزِيَنَّهُمْ أَجْرَهُمْ بِأَحْسَنِ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۝۹۷

۱۶-إِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ إِنَّا لَا نُضِيْعُ أَجْرَ مَنْ أَحْسَنَ عَمَلًا ۝۳۰ أُولٰٓئِكَ لَهُمْ جَنّٰتُ عَدْنٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهِمُ الْاَنْهٰرُ يُحَلَّوْنَ فِيْهَا مِنْ أَسَاوِرَ مِنْ ذَهَبٍ وَّيَلْبَسُوْنَ ثِيَابًا خُضْرًا مِّنْ سُنْدُسٍ وَّإِسْتَبْرَقٍ مُّتَّكِـِٔيْنَ فِيْهَا عَلَى الْاَرَآئِكِ نِعْمَ الثَّوَابُ وَحَسُنَتْ مُرْتَفَقًا ۝۳۱

۱۷-إِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ كَانَتْ لَهُمْ جَنّٰتُ الْفِرْدَوْسِ نُزُلًا ۝۱۰۷ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا لَا يَبْغُوْنَ عَنْهَا حِوَلًا ۝۱۰۸

۱۸-إِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ سَيَجْعَلُ لَهُمُ الرَّحْمٰنُ وُدًّا ۝۹۶

ہوں گے۔ کیا اچھا بدلہ ہے اور آسائش کی عمدہ جگہ ہے۔

-الکہف ۱۸: ۳۰-۳۱-

۱۷-البتہ جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے نیک عمل کئے، ان کی ضیافت کے لیے فردوس کے باغ ہوں گے۔ جن میں وہ ہمیشہ رہیں گے۔ یہاں سے اٹھنا نہیں چاہیں گے۔

-الکہف ۱۸: ۱۰۷-۱۰۸-

۱۸-جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے نیک عمل کئے، رحمان عنقریب ان کی محبت پیدا کر دے گا۔

-مریم ۱۹: ۹۶-

۱۹۔ مگر جس نے توبہ کی اور ایمان لایا اور نیک عمل کئے تو ایسے لوگ بہشت میں داخل ہوں گے اور ان کی ذرا بھی حق تلفی نہ کی جائے گی۔ ہمیشہ رہنے کے باغوں میں جن کا وعدہ غیب سے اللہ نے اپنے بندوں کے ساتھ کر رکھا ہے۔ بے شک اس کا وعدہ پورا ہو کر رہے گا۔ وہاں کوئی بیہودہ بات کان میں نہیں پڑے گی۔ سلام ہی سلام کی آواز ہوگی۔ وہاں ان کا کھانا صبح و شام ان کو ملا کرے گا۔

۔مریم ۱۹: ۶۰۔۶۲۔

۲۰۔ اور جو با ایمان اللہ کے حضور میں حاضر ہوگا، اس نے نیک عمل بھی کئے ہوں گے تو یہی لوگ ہیں جن کے بڑے درجے ہوں گے۔ رہنے کے باغ جن کے تلے نہریں بہہ رہی ہوں گی۔ وہ ان میں ہمیشہ رہیں گے اور جو شخص پاک رہے اس کا یہی صلہ ہے۔

۔طٰہٰ ۲۰: ۷۵۔۷۶۔

۲۱۔ جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے نیک عمل کئے، کچھ شک نہیں کہ ان کو اللہ ایسے باغوں میں داخل کرے گا جن کے تلے نہریں بہہ رہی ہوں گی۔ بے شک اللہ جو چاہتا ہے کرتا ہے۔

۔الحج ۲۲: ۱۴۔

۲۲۔ جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے نیک عمل کئے ان کو اللہ ایسے باغوں میں داخل کرے گا جن کے تلے نہریں بہہ رہی ہوں گی۔ وہاں ان کو سونے کے کنگن پہنائے جائیں گے اور موتی اور وہاں ان کا ریشمی لباس ہو گا۔ اور ان کو اچھی بات کی ہدایت کی گئی اور ان کو اسی کا رستہ دکھایا گیا تھا، جو سزاوار حمد ہے۔

۔الحج ۲۲: ۲۳۔۲۴

۱۹۔ إِلَّا مَن تَابَ وَآمَنَ وَعَمِلَ صَالِحًا فَأُولَٰئِكَ يَدْخُلُونَ الْجَنَّةَ وَلَا يُظْلَمُونَ شَيْئًا ۝ جَنَّاتِ عَدْنٍ الَّتِي وَعَدَ الرَّحْمَٰنُ عِبَادَهُ بِالْغَيْبِ ۚ إِنَّهُ كَانَ وَعْدُهُ مَأْتِيًّا ۝ لَّا يَسْمَعُونَ فِيهَا لَغْوًا إِلَّا سَلَامًا ۖ وَلَهُمْ رِزْقُهُمْ فِيهَا بُكْرَةً وَعَشِيًّا ۝

۲۰۔ وَمَن يَأْتِهِ مُؤْمِنًا قَدْ عَمِلَ الصَّالِحَاتِ فَأُولَٰئِكَ لَهُمُ الدَّرَجَاتُ الْعُلَىٰ ۝ جَنَّاتُ عَدْنٍ تَجْرِي مِن تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ خَالِدِينَ فِيهَا ۚ وَذَٰلِكَ جَزَاءُ مَن تَزَكَّىٰ ۝

۲۱۔ إِنَّ اللَّهَ يُدْخِلُ الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ جَنَّاتٍ تَجْرِي مِن تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ ۚ إِنَّ اللَّهَ يَفْعَلُ مَا يُرِيدُ ۝

۲۲۔ إِنَّ اللَّهَ يُدْخِلُ الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ جَنَّاتٍ تَجْرِي مِن تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ يُحَلَّوْنَ فِيهَا مِنْ أَسَاوِرَ مِن ذَهَبٍ وَلُؤْلُؤًا ۖ وَلِبَاسُهُمْ فِيهَا حَرِيرٌ ۝ وَهُدُوا إِلَى الطَّيِّبِ مِنَ الْقَوْلِ وَهُدُوا إِلَىٰ صِرَاطِ الْحَمِيدِ ۝

۲۳۔ فَالَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ لَهُم مَّغْفِرَةٌ وَرِزْقٌ كَرِيمٌ ۝

۲۴۔ فَالَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ فِي جَنَّاتِ النَّعِيمِ ۝

۲۵۔ قَدْ أَفْلَحَ الْمُؤْمِنُونَ ۝ الَّذِينَ هُمْ فِي صَلَاتِهِمْ خَاشِعُونَ ۝ وَالَّذِينَ هُمْ عَنِ اللَّغْوِ مُعْرِضُونَ ۝ وَالَّذِينَ هُمْ لِلزَّكَاةِ فَاعِلُونَ ۝ وَالَّذِينَ هُمْ لِفُرُوجِهِمْ حَافِظُونَ ۝ إِلَّا عَلَىٰ أَزْوَاجِهِمْ أَوْ مَا مَلَكَتْ أَيْمَانُهُمْ

۲۳۔ پھر جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے نیک عمل کئے ان کے لیے بخشش ہے اور عزت کی روزی۔

۔الحج ۲۲: ۵۰۔

۲۴۔ تو جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے نیک عمل کئے وہ آرام کے باغوں میں ہوں گے۔

۔الحج ۲۲: ۵۶۔

۲۵۔ بے شک مومنوں نے فلاح پائی وہ جو اپنی نماز میں فروتنی کرتے ہیں اور جو بیہودہ بات سے مونہہ موڑتے ہیں۔ اور وہ جو زکوٰۃ دیتے رہتے ہیں۔ اور وہ جو اپنی شرم گاہوں کی حفاظت کرتے ہیں مگر اپنی بیویوں یا اپنے ہاتھ کے مال پر کہ اس میں ان پر ملامت نہیں ہے۔ مگر جو کوئی سوائے اس کے چاہے تو یہ وہ لوگ ہیں جو حد سے باہر جانے والے ہیں۔ اور وہ جو اپنی امانتوں اور اپنے عہد کی نگہداشت رکھتے

ہیں۔اور وہ جو اپنی نمازوں پر حفاظت رکھتے ہیں، وارث ہیں جو بہشت کے وارث ہوں گے۔ وہ ہمیشہ اسی میں رہیں گے۔

۔المؤمنون ۲۳: ۱۔۱۱۔

۲۶۔اور جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے نیک عمل کئے ضرور ہم ان کے گناہ ان سے دور کر دیں گے۔اور جو عمل کرتے رہے ہیں ان کو ان کا بہتر سے بہتر بدلہ دیں گے۔

۔العنکبوت ۲۹: ۷۔

۲۷۔اور جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے نیک عمل کئے، ان کو ہم ضرور نیک بندوں میں داخل کریں گے۔

۔العنکبوت ۲۹: ۹۔

۲۸۔اور جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے نیک کام کئے، ہم انہیں جنت کے بالا خانوں میں جگہ دیں گے جن کے نیچے نہریں جاری ہوں گی اور وہ ہمیشہ انہیں میں رہیں گے۔کرنے والوں کا اجر کیا اچھا ہے۔

۔العنکبوت ۲۹: ۵۸۔

۲۹۔لیکن جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے نیک کام کئے، ان کی باغ (بہشت) میں آؤ بھگت کی جائے گی۔

۔الروم ۳۰: ۱۵۔

۳۰۔ بے شک جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے نیک عمل کئے، ان کے لیے مزے کے باغ ہیں۔وہ ہمیشہ ان میں رہیں گے۔ خدا کا پکا وعدہ اور وہ زبردست، حکمت والا ہے۔

۔لقمٰن ۳۱: ۸۔۹۔

۳۱۔تو جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے نیک کام کئے ان کے لیے رہنے کو باغ ہوں گے۔مہمان داری ان کے عملوں کا بدلہ جو وہ کرتے رہے۔

۔السجدۃ ۳۲: ۱۹۔

۳۲۔(قیامت ضرور آئے گی) تاکہ جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے نیک عمل کئے، ان کو بدلہ دے۔ یہی وہ لوگ ہیں جن کے لیے مغفرت اور عزت کی روزی ہے۔

۔سبا ۳۴: ۴۔

فَإِنَّهُمْ غَيْرُ مَلُومِينَ ۚ فَمَنِ ابْتَغَىٰ وَرَاءَ ذَٰلِكَ فَأُولَٰئِكَ هُمُ الْعَادُونَ ۚ وَالَّذِينَ هُمْ لِأَمَانَاتِهِمْ وَعَهْدِهِمْ رَاعُونَ ۝ وَالَّذِينَ هُمْ عَلَىٰ صَلَوَاتِهِمْ يُحَافِظُونَ ۝ أُولَٰئِكَ هُمُ الْوَارِثُونَ ۝ الَّذِينَ يَرِثُونَ الْفِرْدَوْسَ هُمْ فِيهَا خَالِدُونَ ۝

۲۶۔وَالَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ لَنُكَفِّرَنَّ عَنْهُمْ سَيِّئَاتِهِمْ وَلَنَجْزِيَنَّهُمْ أَحْسَنَ الَّذِي كَانُوا يَعْمَلُونَ ۝

۲۷۔وَالَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ لَنُدْخِلَنَّهُمْ فِي الصَّالِحِينَ ۝

۲۸۔وَالَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ لَنُبَوِّئَنَّهُمْ مِنَ الْجَنَّةِ غُرَفًا تَجْرِي مِنْ تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ خَالِدِينَ فِيهَا ۚ نِعْمَ أَجْرُ الْعَامِلِينَ ۝

۲۹۔فَأَمَّا الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ فَهُمْ فِي رَوْضَةٍ يُحْبَرُونَ ۝

۳۰۔إِنَّ الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ لَهُمْ جَنَّاتُ النَّعِيمِ ۝ خَالِدِينَ فِيهَا ۖ وَعْدَ اللَّهِ حَقًّا ۚ وَهُوَ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ ۝

۳۱۔أَمَّا الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ فَلَهُمْ جَنَّاتُ الْمَأْوَىٰ نُزُلًا بِمَا كَانُوا يَعْمَلُونَ ۝

۳۲۔لِيَجْزِيَ الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ ۚ أُولَٰئِكَ لَهُمْ مَغْفِرَةٌ وَرِزْقٌ كَرِيمٌ ۝

۳۳۔ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّاَجْرٌ كَبِيْرٌ ۝

۳۴۔ وَمِنْهُمْ سَابِقٌۢ بِالْخَيْرٰتِ بِاِذْنِ اللّٰهِ ؕ ذٰلِكَ هُوَ الْفَضْلُ الْكَبِيْرُ ۝ جَنّٰتُ عَدْنٍ يَّدْخُلُوْنَهَا يُحَلَّوْنَ فِيْهَا مِنْ اَسَاوِرَ مِنْ ذَهَبٍ وَّلُؤْلُؤًا ۚ وَلِبَاسُهُمْ فِيْهَا حَرِيْرٌ ۝ وَقَالُوا الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْۤ اَذْهَبَ عَنَّا الْحَزَنَ ؕ اِنَّ رَبَّنَا لَغَفُوْرٌ شَكُوْرٌ ۝ الَّذِيْۤ اَحَلَّنَا دَارَ الْمُقَامَةِ مِنْ فَضْلِهٖ ۚ لَا يَمَسُّنَا فِيْهَا نَصَبٌ وَّلَا يَمَسُّنَا فِيْهَا لُغُوْبٌ ۝

۳۵۔ اِنَّ اَصْحٰبَ الْجَنَّةِ الْيَوْمَ فِيْ شُغُلٍ فٰكِهُوْنَ ۝ هُمْ وَاَزْوَاجُهُمْ فِيْ ظِلٰلٍ عَلَى الْاَرَآئِكِ مُتَّكِـُٔوْنَ ۝ لَهُمْ فِيْهَا فَاكِهَةٌ وَّلَهُمْ مَّا يَدَّعُوْنَ ۝ سَلٰمٌ ۣ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِيْمٍ ۝

۳۶۔ اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَهُمْ اَجْرٌ غَيْرُ مَمْنُوْنٍ ۝

۳۷۔ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ فِيْ رَوْضٰتِ الْجَنّٰتِ ۚ لَهُمْ مَّا يَشَآءُوْنَ عِنْدَ رَبِّهِمْ ؕ ذٰلِكَ هُوَ الْفَضْلُ الْكَبِيْرُ ۝ ذٰلِكَ الَّذِيْ يُبَشِّرُ اللّٰهُ عِبَادَهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ ؕ قُلْ لَّاۤ اَسْـَٔلُكُمْ عَلَيْهِ اَجْرًا اِلَّا الْمَوَدَّةَ فِي الْقُرْبٰى ؕ وَمَنْ يَّقْتَرِفْ حَسَنَةً نَّزِدْ لَهٗ فِيْهَا حُسْنًا ؕ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ شَكُوْرٌ ۝

۳۸۔ يٰعِبَادِ لَا خَوْفٌ عَلَيْكُمُ الْيَوْمَ وَلَاۤ اَنْتُمْ تَحْزَنُوْنَ ۝ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

۳۳۔ اور جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے نیک عمل کئے ان کے لیے مغفرت اور بڑا اجر ہے۔

۔فاطر ۳۵:۷۔

۳۴۔ اور ان میں سے بعض ایسے ہیں جو اللہ کے حکم سے نیکیوں میں آگے بڑھے ہوئے ہیں۔ یہی بڑا فضل ہے۔ (ان کے لیے) ہمیشہ رہنے کے باغ، یہ ان میں جا داخل ہوں گے۔ وہاں ان کو سونے کے کنگن اور موتی پہنائے جائیں گے اور وہاں ان کا لباس ریشمی ہوگا۔ اور وہ کہیں گے کہ اللہ کا شکر ہے جس نے ہم سے غم دور کر دیا۔ بے شک ہمارا پروردگار بخشنے والا اور بڑا قدردان ہے کہ اس نے ہم کو اپنے فضل سے ٹھیرنے کے ایسے گھر میں لا اتارا کہ یہاں ہم کو نہ تو تکلیف پہنچتی ہے اور نہ تکان ہوتی ہے۔

۔فاطر ۳۵: ۳۲۔۳۵۔

۳۵۔ بے شک جنتی لوگ اس دن مزے سے جی بہلا رہے ہوں گے۔ وہ اور ان کی بیبیاں سایوں میں تختوں پر تکیے لگائے بیٹھے ہوں گے۔ وہاں ان کے لیے میوے ہوں گے اور جو کچھ طلب کریں گے وہ ان کے لیے حاضر۔ پروردگار مہربان اپنی طرف سے سلام بھیجے گا۔

۔یٰسٓ ۳۶: ۵۵۔۵۸۔

۳۶۔ البتہ جو لوگ ایمان لائے اور نیک عمل کئے ان کے لیے بڑا اجر ہے جو موقوف ہونے والا نہیں۔

۔حٰمٓ السجدۃ ۴۱: ۸۔

۳۷۔ اور جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے نیک عمل کئے وہ باغ ہائے بہشت کے سبزہ زاروں میں ہوں گے۔ جو کچھ ان کو درکار ہوگا، ان کے پروردگار کے ہاں ان کے لیے موجود ہوگا۔ یہی بڑا فضل ہے، یہی وہ چیز ہے جس کی خوش خبری اللہ اپنے ان بندوں کو دیتا ہے جو ایمان لائے اور انہوں نے نیک عمل کئے۔ تو کہہ دے کہ میں تم سے اس پر کوئی مزدوری نہیں مانگتا ہوں مگر رشتہ ناتہ کی محبت۔ اور جو شخص نیکی کرے گا اس کے لیے ہم اور زیادہ خوبی پیدا کر دیں گے۔ اللہ بخشنے والا، قدردان ہے۔

۔الشوریٰ ۴۲: ۲۲۔۲۳۔

۳۸۔ میرے بندو آج تم کو نہ کوئی خوف ہے اور نہ تم غمگین ہوگے۔ جو ہماری آیتوں پر ایمان لائے اور فرماں بردار رہے (ہم ان سے فرمائیں گے) تم اور تمہاری بیبیاں عزت کے ساتھ جنت میں داخل ہو۔ ان پر سونے کی رکابیاں اور پیالیوں کا دور چلے گا۔ اور جس چیز کو جی

چاہے گا اور جس سے آنکھیں خوش ہوں گی، وہ وہاں موجود ہوں گی۔ اور تم ہمیشہ یہیں رہو گے۔ یہ جنت کی میراث تم کو اس کے عوض میں ہے، جو تم کرتے رہے۔ یہاں تمہارے لیے کثرت سے میوے ہیں جن میں سے تم کھا رہے ہو۔

۔الزخرف ۴۳: ۶۸۔۷۳۔

۳۹۔ تو جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے نیک عمل کیے، ان کو ان کا پروردگار اپنی رحمت میں لے لے گا۔ یہی صریح کامیابی ہے۔

۔الجاثیۃ ۴۵: ۳۰۔

۴۰۔ بے شک جن لوگوں نے کہا ہمارا پروردگار اللہ ہے پھر اسی پر جمے رہے، نہ تو ان پر کوئی خوف ہوگا اور نہ وہ غمگین ہوں گے۔ یہی جنت والے ہیں، ہمیشہ اسی میں رہیں گے۔ یہ ان کے عملوں کا بدلہ ہے جو وہ کرتے رہے۔

۔الاحقاف ۴۶: ۱۳۔۱۴۔

۴۱۔ جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے نیک عمل کیے، بلاشبہ ان کو اللہ ایسے باغوں میں لے جا داخل کرے گا جن کے تلے نہریں بہہ رہی ہوں گی۔

۔محمد ۴۷: ۱۲۔

۴۲۔ وہی تو تھا جس نے مسلمانوں کے دلوں میں تحمل ڈالا تا کہ ان کے ایمان کے ساتھ اور ایمان زیادہ ہو۔ اور

بِاٰيٰتِنَا وَكَانُوْا مُسْلِمِيْنَ ۚ اُدْخُلُوا الْجَنَّةَ اَنْتُمْ وَاَزْوَاجُكُمْ تُحْبَرُوْنَ ۝ يُطَافُ عَلَيْهِمْ بِصِحَافٍ مِّنْ ذَهَبٍ وَّاَكْوَابٍ ۚ وَفِيْهَا مَا تَشْتَهِيْهِ الْاَنْفُسُ وَتَلَذُّ الْاَعْيُنُ ۚ وَاَنْتُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ۚ وَتِلْكَ الْجَنَّةُ الَّتِيْٓ اُوْرِثْتُمُوْهَا بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ۝ لَكُمْ فِيْهَا فَاكِهَةٌ كَثِيْرَةٌ مِّنْهَا تَاْكُلُوْنَ ۝

۳۹۔ فَاَمَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ فَيُدْخِلُهُمْ رَبُّهُمْ فِيْ رَحْمَتِهٖ ۭ ذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْمُبِيْنُ ۝

۴۰۔ اِنَّ الَّذِيْنَ قَالُوْا رَبُّنَا اللّٰهُ ثُمَّ اسْتَقَامُوْا فَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ۚ اُولٰۗىِٕكَ اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ۚ جَزَاۗءًۢ بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۝

۴۱۔ اِنَّ اللّٰهَ يُدْخِلُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ۭ

۴۲۔ هُوَ الَّذِيْٓ اَنْزَلَ السَّكِيْنَةَ فِيْ قُلُوْبِ الْمُؤْمِنِيْنَ لِيَزْدَادُوْٓا اِيْمَانًا مَّعَ اِيْمَانِهِمْ ۭ وَلِلّٰهِ جُنُوْدُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ وَكَانَ اللّٰهُ عَلِيْمًا حَكِيْمًا ۙ لِيُدْخِلَ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا وَيُكَفِّرَ عَنْهُمْ سَيِّاٰتِهِمْ ۭ وَكَانَ ذٰلِكَ عِنْدَ اللّٰهِ فَوْزًا عَظِيْمًا ۙ

۴۳۔ يَوْمَ تَرَى الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ يَسْعٰى نُوْرُهُمْ بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ

آسمانوں اور زمین کے لشکر اللہ ہی کے ہیں۔ اور اللہ جاننے والا، حکمت والا ہے۔ کہ اللہ ایمان والے مردوں اور ایمان والی عورتوں کو باغوں میں لے جا داخل کرے جن کے تلے نہریں بہہ رہی ہوں گی۔ وہ ہمیشہ اس میں رہیں گے اور ان پر سے ان کے گناہوں کو اتار دے گا۔ اور اللہ کے نزدیک یہ بڑی کامیابی ہے۔

۔الفتح ۴۸: ۴۔۵۔

۴۳۔ تو اس روز مسلمان مردوں اور مسلمان عورتوں کو دیکھے گا کہ ان کا نور ان کے آگے آگے اور ان کے داہنی طرف چل رہا ہوگا۔ آج تم

لوگوں کے لیے خوشی ہے، باغ ہیں جن کے تلے نہریں بہہ رہی ہیں۔ انہیں میں ہمیشہ رہو گے، یہ ہے بڑی کامیابی۔

۔الحدید ۵۷: ۱۲۔

۴۴۔اپنے پروردگار کی مغفرت کی طرف لپکو اور بہشت کی طرف۔ جس کا پھیلاؤ اتنا ہے جیسے آسمان اور زمین کا پھیلاؤ۔ ان لوگوں کے لیے تیار کی گئی ہے جو اللہ اور اس کے پیغمبروں پر ایمان لاتے ہیں۔ یہ اللہ کا فضل ہے جس کو چاہے عنایت کرے۔اور اللہ کا فضل بہت بڑا ہے۔

۔الحدید ۵۷: ۲۱۔

۴۵۔جو لوگ اللہ اور روزِ آخرت پر یقین رکھتے ہیں، ان کو تم نہ دیکھو گے کہ وہ اللہ اور اس کے رسول کے مخالفوں کے ساتھ دوستی رکھیں۔ چاہے وہ ان کے باپ یا ان کے بیٹے یا ان کے بھائی یا ان کے کنبے ہی کے ہوں۔ یہی وہ ہیں جن کے دلوں کے اندر اللہ نے ایمان نقش کر دیا ہے۔اور اپنے فیضانِ غیبی سے تائید کی ہے اور وہ ان کو ایسے باغوں میں داخل کرے گا جن کے تلے نہریں بہہ رہی ہوں گی، ہمیشہ انہیں میں رہیں گے۔ اللہ ان سے خوش ہے اور وہ اللہ سے خوش۔ یہ الٰہی گروہ ہے۔ جان لو کہ الٰہی گروہ ہی فلاح پائے گا۔

۔الحشر ۵۸: ۲۲۔

۴۶۔جب حشر کے دن وہ تم کو جمع کرے گا، یہی ہار جیت

وَبِاَيْمَانِهِمْ بُشْرٰىكُمُ الْيَوْمَ جَنّٰتٌ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ۭ ذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ⑫

۴۴۔ سَابِقُوْٓا اِلٰى مَغْفِرَةٍ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَجَنَّةٍ عَرْضُهَا كَعَرْضِ السَّمَاۗءِ وَالْاَرْضِ ۙ اُعِدَّتْ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِاللّٰهِ وَرُسُلِهٖ ۭ ذٰلِكَ فَضْلُ اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَاۗءُ ۭ وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ ㉑

۴۵۔ لَا تَجِدُ قَوْمًا يُّؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ يُوَاۗدُّوْنَ مَنْ حَاۗدَّ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَلَوْ كَانُوْٓا اٰبَاۗءَهُمْ اَوْ اَبْنَاۗءَهُمْ اَوْ اِخْوَانَهُمْ اَوْ عَشِيْرَتَهُمْ ۭ اُولٰۗىِٕكَ كَتَبَ فِيْ قُلُوْبِهِمُ الْاِيْمَانَ وَاَيَّدَهُمْ بِرُوْحٍ مِّنْهُ ۭ وَيُدْخِلُهُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ۭ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ وَرَضُوْا عَنْهُ ۭ اُولٰۗىِٕكَ حِزْبُ اللّٰهِ ۭ اَلَآ اِنَّ حِزْبَ اللّٰهِ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ㉒

۴۶۔ يَوْمَ يَجْمَعُكُمْ لِيَوْمِ الْجَمْعِ ذٰلِكَ يَوْمُ التَّغَابُنِ ۭ وَمَنْ يُّؤْمِنْۢ بِاللّٰهِ وَيَعْمَلْ صَالِحًا يُّكَفِّرْ عَنْهُ سَيِّاٰتِهٖ وَيُدْخِلْهُ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اَبَدًا ۭ ذٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ⑨

۴۷۔ رَّسُوْلًا يَّتْلُوْا عَلَيْكُمْ اٰيٰتِ اللّٰهِ مُبَيِّنٰتٍ لِّيُخْرِجَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ مِنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ ۭ وَمَنْ يُّؤْمِنْۢ بِاللّٰهِ وَيَعْمَلْ صَالِحًا يُّدْخِلْهُ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اَبَدًا ۭ قَدْ

کا دن ہوگا۔ اور جو شخص اللہ پر ایمان لاتا اور نیک عمل کرتا ہے، اللہ اس کے گناہ اس پر سے دور کر دے گا اور اس کو ایسے باغوں میں داخل کرے گا جن کے تلے نہریں بہہ رہی ہوں گی وہ ان میں سدا کو ہمیشہ رہیں گے، بڑی کامیابی یہی ہے۔

۔التغابن ۶۴: ۹۔

۴۷۔ایک پیغمبر کو تمہاری طرف بھیج دیا ہے جو تم کو اللہ کی کھلی کھلی آیتیں پڑھ کر سناتا ہے تاکہ جو لوگ ایمان لائے اور جنہوں نے نیک عمل کئے ان کو تاریکیوں سے نکال کر روشنی میں لائے اور جو شخص اللہ پر ایمان

لائے گا اور نیک عمل کرے گا اللہ اس کو ایسے باغوں میں داخل کرے گا جن کے تلے نہریں بہہ رہی ہوں گی۔ وہ ان میں سدا کو ہمیشہ رہیں گے۔ اللہ نے ان کو خوب روزی دی۔

-الطلاق ۶۵: ۱۱-

۴۸۔ مگر جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے نیک عمل کئے ان کے لیے اجر ہے بے انتہا۔

-الانشقاق ۸۴: ۲۵-

۴۹۔ البتہ جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے نیک عمل کئے، ان کے لیے باغ ہیں جن کے تلے نہریں بہہ رہی ہوں گی۔ یہ بڑی کامیابی ہے۔

-البروج ۸۵: ۱۱ والتین ۹۵: ۶-

۵۰۔ مگر جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے نیک عمل کئے ان کے لیے اجر ہے بے انتہا۔

-التین ۹۵: ۶-

۵۱۔ بے شک جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے نیک عمل کئے یہی لوگ بہترین خلائق ہیں۔ ان کا بدلہ ان کے پروردگار کے ہاں رہنے کے باغ ہیں، جن کے تلے نہریں بہہ رہی ہوں گی وہ ان میں سدا کو ہمیشہ رہیں گے۔ اللہ ان سے خوش اور وہ اس سے خوش۔ یہ اس کے لیے ہے جو اپنے پروردگار سے ڈرتا ہے۔

-البینۃ ۹۸: ۷۔۸-

۲۔ متقین، جو اللہ سے ڈر کر گناہوں سے بچتے اور نیکیاں کرتے ہیں

۵۲۔ تو ان سے کہہ دے کہ میں تم کو ان سے بہتر چیز بتاؤں۔ جن لوگوں نے پرہیز گاری اختیار کی، ان کے

أَحْسَنَ اللَّهُ لَهُ رِزْقًا ﴿١١﴾

۴۸۔ إِلَّا الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ لَهُمْ أَجْرٌ غَيْرُ مَمْنُونٍ ﴿٢٥﴾

۴۹۔ إِنَّ الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ لَهُمْ جَنَّاتٌ تَجْرِي مِنْ تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ ۚ ذَٰلِكَ الْفَوْزُ الْكَبِيرُ ﴿١١﴾

۵۰۔ إِلَّا الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ فَلَهُمْ أَجْرٌ غَيْرُ مَمْنُونٍ ﴿٦﴾

۵۱۔ إِنَّ الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ أُولَٰئِكَ هُمْ خَيْرُ الْبَرِيَّةِ ﴿٧﴾ جَزَاؤُهُمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ جَنَّاتُ عَدْنٍ تَجْرِي مِنْ تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ خَالِدِينَ فِيهَا أَبَدًا ۖ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمْ وَرَضُوا عَنْهُ ۚ ذَٰلِكَ لِمَنْ خَشِيَ رَبَّهُ ﴿٨﴾

۵۲۔ قُلْ أَؤُنَبِّئُكُمْ بِخَيْرٍ مِنْ ذَٰلِكُمْ ۚ لِلَّذِينَ اتَّقَوْا عِنْدَ رَبِّهِمْ جَنَّاتٌ تَجْرِي مِنْ تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ خَالِدِينَ فِيهَا وَأَزْوَاجٌ مُطَهَّرَةٌ وَرِضْوَانٌ مِنَ اللَّهِ ۗ وَاللَّهُ بَصِيرٌ بِالْعِبَادِ ﴿١٥﴾

۵۳۔ وَسَارِعُوا إِلَىٰ مَغْفِرَةٍ مِنْ رَبِّكُمْ وَجَنَّةٍ عَرْضُهَا السَّمَاوَاتُ وَالْأَرْضُ أُعِدَّتْ لِلْمُتَّقِينَ ﴿١٣٣﴾ الَّذِينَ يُنْفِقُونَ فِي السَّرَّاءِ وَالضَّرَّاءِ وَالْكَاظِمِينَ الْغَيْظَ وَالْعَافِينَ عَنِ النَّاسِ ۗ وَاللَّهُ يُحِبُّ الْمُحْسِنِينَ ﴿١٣٤﴾ وَالَّذِينَ إِذَا فَعَلُوا فَاحِشَةً أَوْ ظَلَمُوا أَنْفُسَهُمْ ذَكَرُوا اللَّهَ فَاسْتَغْفَرُوا لِذُنُوبِهِمْ وَمَنْ يَغْفِرُ الذُّنُوبَ إِلَّا اللَّهُ وَ

لیے ان کے پروردگار کے ہاں باغ ہیں جن کے تلے نہریں بہہ رہی ہیں۔ وہ ان میں ہمیشہ رہیں گے اور پاک بی بیاں ہیں اور خدا کی خوش نودی۔ اور اللہ بندوں کو دیکھ رہا ہے۔

-آل عمران ۳: ۱۵-

۵۳۔ اور اپنے پروردگار کی مغفرت اور اس جنت کی طرف لپکو جس کی چوڑائی آسمانوں اور زمین کی برابر ہے۔ وہ ان متقیوں کے لیے تیار کی گئی ہے جو خوشی اور سختی کی حالت میں (اپنا مال اللہ کی راہ میں) خرچ کرتے ہیں اور غصے کو ضبط کرنے والے اور لوگوں کے قصور معاف کرنے والے ہیں اور اللہ نیکی کرنے والوں سے محبت رکھتا ہے۔ اور وہ کہ جب وہ کوئی برا کام یا اپنی جانوں پر ظلم کر بیٹھتے ہیں تو اللہ کو یاد کر کے اپنے گناہوں کی معافی مانگتے ہیں اور اللہ کے سوا گناہوں کو کون معاف کر سکتا ہے؟ اور وہ اپنے کئے پر اصرار نہیں

کرتے اور وہ جانتے ہیں۔یہی وہ لوگ ہیں جن کی جزا ان کے پروردگار کی طرف سے معافی ہے اور ایسے باغ جن کے (درختوں کے) نیچے نہریں جاری ہیں۔ وہ ہمیشہ انہیں باغوں میں رہیں گے اور کام کرنے والوں کا اجر کیا ہی اچھا ہے۔

-آل عمران ۳: ۱۳۳-۱۳۶-

۵۴-لیکن جو لوگ اپنے پروردگار سے ڈرتے رہے، ان کے لیے باغ ہیں جن کے تلے نہریں بہہ رہی ہوں گی، وہ ان میں ہمیشہ رہیں گے۔اللہ کے ہاں سے یہ مہمان داری ہوگی۔اور جو اللہ کے ہاں ہے وہ نیکوکاروں کے حق میں کہیں بہتر ہے۔

-آل عمران ۳: ۱۹۸-

۵۵-اس جنت کی صفت جس کا متقیوں سے وعدہ کیا گیا ہے یہ ہے کہ اس کے (درختوں کے) نیچے نہریں جاری ہیں۔اس کا میوہ اور اس کا سایہ ہمیشہ رہنے والا ہے۔یہ ان لوگوں کا انجام ہے جو (اللہ سے) ڈرتے ہیں اور کافروں کا انجام آگ ہے۔

-الرعد ۱۳: ۳۵-

۵۶-پرہیز گار باغوں اور چشموں میں ہوں گے۔کہا جائے گا سلامتی کے ساتھ باطمینان داخل ہو اور ان کے دلوں میں کچھ رنجش رہی ہوگی تو ہم اس کو نکال دیں گے اور ایک دوسرے کے آمنے سامنے تختوں پر ہوں گے جیسے بھائی بھائی۔ ان کو بہشت میں کسی طرح کی تکلیف چھوئے گی بھی نہیں۔اور نہ یہ بہشت سے نکالے جائیں گے، ہمارے بندوں کو آگاہ کر دے کہ ہم بخشنے والے، مہربان ہیں۔

-الحجر ۱۵: ۴۵-۴۹-

لَمْ يُصِرُّوْا عَلٰى مَا فَعَلُوْا وَهُمْ يَعْلَمُوْنَ ۞ اُولٰٓئِكَ جَزَآؤُهُمْ مَّغْفِرَةٌ مِّنْ رَّبِّهِمْ وَجَنّٰتٌ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ؕ وَنِعْمَ اَجْرُ الْعٰمِلِيْنَ ۞

۵۴-لٰكِنِ الَّذِيْنَ اتَّقَوْا رَبَّهُمْ لَهُمْ جَنّٰتٌ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا نُزُلًا مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ ؕ وَمَا عِنْدَ اللّٰهِ خَيْرٌ لِّلْاَبْرَارِ ۞

۵۵-مَثَلُ الْجَنَّةِ الَّتِيْ وُعِدَ الْمُتَّقُوْنَ ؕ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ؕ اُكُلُهَا دَآئِمٌ وَّظِلُّهَا ؕ تِلْكَ عُقْبَى الَّذِيْنَ اتَّقَوْا ۖ وَّعُقْبَى الْكٰفِرِيْنَ النَّارُ ۞

۵۶- اِنَّ الْمُتَّقِيْنَ فِيْ جَنّٰتٍ وَّعُيُوْنٍ ۞ اُدْخُلُوْهَا بِسَلٰمٍ اٰمِنِيْنَ ۞ وَنَزَعْنَا مَا فِيْ صُدُوْرِهِمْ مِّنْ غِلٍّ اِخْوَانًا عَلٰى سُرُرٍ مُّتَقٰبِلِيْنَ ۞ لَا يَمَسُّهُمْ فِيْهَا نَصَبٌ وَّمَا هُمْ مِّنْهَا بِمُخْرَجِيْنَ ۞ نَبِّئْ عِبَادِيْۤ اَنِّيْۤ اَنَا الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ ۞

۵۷-وَقِيْلَ لِلَّذِيْنَ اتَّقَوْا مَاذَآ اَنْزَلَ رَبُّكُمْ ؕ قَالُوْا خَيْرًا ؕ لِلَّذِيْنَ اَحْسَنُوْا فِيْ هٰذِهِ الدُّنْيَا حَسَنَةٌ ؕ وَلَدَارُ الْاٰخِرَةِ خَيْرٌ ؕ وَلَنِعْمَ دَارُ الْمُتَّقِيْنَ ۞

۵۸-جَنّٰتُ عَدْنٍ يَّدْخُلُوْنَهَا تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ لَهُمْ فِيْهَا مَا يَشَآءُوْنَ ؕ كَذٰلِكَ يَجْزِي اللّٰهُ الْمُتَّقِيْنَ ۞ الَّذِيْنَ تَتَوَفّٰىهُمُ الْمَلٰٓئِكَةُ طَيِّبِيْنَ ۙ يَقُوْلُوْنَ سَلٰمٌ عَلَيْكُمُ ۙ ادْخُلُوا الْجَنَّةَ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ۞

۵۷-اور جو لوگ پرہیز گار ہیں ان سے پوچھا جاتا ہے کہ تمہارے پروردگار نے کیا نازل کیا۔تو جواب دیتے ہیں کہ اچھے سے اچھا، جن لوگوں نے بھلائی کی ان کے لیے اس دنیا میں بھی بھلائی ہے، آخرت کا ٹھکانا تو کہیں بہتر ہے اور پرہیز گاروں کا گھر کیا عمدہ ہے۔

-النحل ۱۶: ۳۰-

۵۸-یعنی ہمیشہ رہنے کے باغ ہیں۔جن میں وہ جا داخل ہوں گے۔ ان کے نیچے نہریں بہہ رہی ہوں گی اور جس چیز کو ان کا جی چاہے گا وہ وہاں ان کے لیے موجود۔پرہیز گاروں کو اللہ ایسا ہی عوض دیتا ہے۔جن کی جانیں فرشتے ایسی حالت میں قبض کرتے ہیں کہ وہ پاک ہوتے ہیں۔فرشتے سلام علیک کرتے ہیں اور کہتے ہیں کہ جیسے عمل کرتے رہے ہو، ان کے صلے میں جنت میں جا داخل ہو۔

-النحل ۱۶: ۳۱-۳۲-

۵۹۔ یہ وہ جنت ہے جس کا وارث ہم اپنے بندوں میں سے اس شخص کو کرتے ہیں جو (اللہ سے) ڈرتا ہے۔

-مریم ۱۹: ۶۳-

۶۰۔ (اے نبی ﷺ! ان سے) پوچھ بھلا یہ (عذاب) اچھا ہے یا وہ ہمیشہ کا باغ جس کا متقیوں سے وعدہ کیا گیا ہے۔ وہ ان کا صلہ اور رہنے کی جگہ ہے۔

-الفرقان ۲۵: ۱۵-

۶۱۔ اور جنت متقیوں کے قریب کی جائے گی۔

-الشعراء ۲۶: ۹۰-

۶۲۔ اور بے شک پرہیز گاروں کے لیے اچھا ٹھکانا ہے یعنی ہمیشہ رہنے کے باغ، جن کے دروازے ان کے لیے کھلے ہوں گے۔ ان میں تکیے لگا لگا کر بیٹھیں گے۔ وہاں بہت سے میوے اور شربت منگوائیں گے اور ان کے پاس نیچی نظر والی بیبیاں ہوں گی ہم عمر۔ یہ ہیں وہ جن کا تم سے روزِ حساب کے لیے وعدہ کیا جاتا ہے۔ بے شک یہ ہماری روزی ہے جو کبھی ختم ہونے میں نہیں آئے گی۔

-ص ۳۸: ۴۹-۵۴-

۶۳۔ لیکن جو لوگ اپنے پروردگار سے ڈرتے رہے ان کے لیے بالا خانے اور بالا خانوں کے اوپر بالا خانے بنے ہوئے ہیں جن کے نیچے نہریں بہہ رہی ہوں گی۔ خدا کا وعدہ۔ خدا وعدہ خلافی نہیں کیا کرتا۔

-الزمر ۳۹: ۲۰-

۵۹۔ تِلْكَ الْجَنَّةُ الَّتِي نُورِثُ مِنْ عِبَادِنَا مَنْ كَانَ تَقِيًّا ﴿۶۳﴾

۶۰۔ قُلْ أَذَٰلِكَ خَيْرٌ أَمْ جَنَّةُ الْخُلْدِ الَّتِي وُعِدَ الْمُتَّقُونَ ۚ كَانَتْ لَهُمْ جَزَاءً وَمَصِيرًا ﴿۱۵﴾

۶۱۔ وَأُزْلِفَتِ الْجَنَّةُ لِلْمُتَّقِينَ ﴿۹۰﴾

۶۲۔ وَإِنَّ لِلْمُتَّقِينَ لَحُسْنَ مَآبٍ ﴿۴۹﴾ جَنَّاتِ عَدْنٍ مُفَتَّحَةً لَهُمُ الْأَبْوَابُ ﴿۵۰﴾ مُتَّكِئِينَ فِيهَا يَدْعُونَ فِيهَا بِفَاكِهَةٍ كَثِيرَةٍ وَشَرَابٍ ﴿۵۱﴾ وَعِنْدَهُمْ قَاصِرَاتُ الطَّرْفِ أَتْرَابٌ ﴿۵۲﴾ هَٰذَا مَا تُوعَدُونَ لِيَوْمِ الْحِسَابِ ﴿۵۳﴾ إِنَّ هَٰذَا لَرِزْقُنَا مَا لَهُ مِنْ نَفَادٍ ﴿۵۴﴾

۶۳۔ لَٰكِنِ الَّذِينَ اتَّقَوْا رَبَّهُمْ لَهُمْ غُرَفٌ مِنْ فَوْقِهَا غُرَفٌ مَبْنِيَّةٌ تَجْرِي مِنْ تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ ۖ وَعْدَ اللَّهِ ۖ لَا يُخْلِفُ اللَّهُ الْمِيعَادَ ﴿۲۰﴾

۶۴۔ وَالَّذِي جَاءَ بِالصِّدْقِ وَصَدَّقَ بِهِ ۙ أُولَٰئِكَ هُمُ الْمُتَّقُونَ ﴿۳۳﴾ لَهُمْ مَا يَشَاءُونَ عِنْدَ رَبِّهِمْ ۚ ذَٰلِكَ جَزَاءُ الْمُحْسِنِينَ ﴿۳۴﴾ لِيُكَفِّرَ اللَّهُ عَنْهُمْ أَسْوَأَ الَّذِي عَمِلُوا وَيَجْزِيَهُمْ أَجْرَهُمْ بِأَحْسَنِ الَّذِي كَانُوا يَعْمَلُونَ ﴿۳۵﴾

۶۵۔ وَسِيقَ الَّذِينَ اتَّقَوْا رَبَّهُمْ إِلَى الْجَنَّةِ زُمَرًا ۖ حَتَّىٰ إِذَا جَاءُوهَا وَفُتِحَتْ أَبْوَابُهَا وَقَالَ لَهُمْ خَزَنَتُهَا سَلَامٌ عَلَيْكُمْ طِبْتُمْ فَادْخُلُوهَا

۶۴۔ اور جو سچی بات لے کر آیا اور اس کو سچ جانا، یہی لوگ پرہیز گار ہیں۔ جو چاہیں گے ان کے پروردگار کے ہاں ان کے لیے موجود ہو گا۔ نیکی کرنے والوں کا یہی بدلہ ہے تاکہ اللہ ان کے اعمال بد ان پر سے اتار دے۔ اور ان کو ان کے نیک کاموں کے عوض میں اچھے سے اچھا اجر عطا فرمائے۔

-الزمر ۳۹: ۳۳-۳۵-

۶۵۔ اور جو لوگ اپنے پروردگار سے ڈرتے رہے ان کو ٹولیاں بنا بنا کر بہشت کی طرف لے جائیں گے۔ یہاں تک کہ جب وہ بہشت

کے پاس پہنچیں گے اور اس کے دروازے کھلے ہوں گے اور بہشت کے مؤکل ان سے سلام علیک کر کے کہیں گے کہ تم مزے میں رہے، تو بہشت میں ہمیشہ کے لیے داخل ہو۔ اور یہ کہیں گے اللہ کا شکر ہے جس نے اپنا وعدہ ہم کو سچ کر دکھایا اور ہم کو اس سرزمین کا مالک بنایا کہ ہم بہشت میں جہاں چاہیں رہیں، تو عمل کرنے والوں کا کیا اچھا اجر ہے۔ اور تو فرشتوں کو دیکھے گا کہ عرش کے گرداگرد حلقہ باندھے اپنے پروردگار کی تعریف کے ساتھ تسبیح کر رہے ہیں اور لوگوں کے درمیان انصاف کے ساتھ فیصلہ کر دیا جائے گا اور یہ صدا ہوگی کہ سب تعریفیں اللہ کو سزاوار ہیں۔ جو تمام جہانوں کا پروردگار ہے۔

-الزمر ۳۹: ۷۳-۷۵-

٦٦۔ پرہیزگار امن کی جگہ یعنی باغوں اور چشموں میں ہوں گے۔ ریشم کی مہین اور دبیز پوشاکیں پہنے آمنے سامنے بیٹھے ہوں گے۔ ایسا ہی ہوگا۔ اور بڑی بڑی آنکھوں والی حوروں سے ہم نے ان کے جوڑے لگا دیے ہوں گے۔ وہاں اطمینان سے ہر طرح کے میوے منگا رہے ہوں گے۔ پہلی موت کے سوا وہاں ان کو موت چکھنی ہی نہیں پڑے گی اور اللہ ان کو دوزخ کے عذاب سے محفوظ رکھے گا۔ تیرے پروردگار کا فضل، یہی بڑی کامیابی ہے۔

-الدخان ۴۴: ۵۱-۵۷-

٦٧۔ جس بہشت کا وعدہ پرہیزگاروں سے کیا گیا ہے اس کی کیفیت یہ ہے کہ اس میں پانی کی نہریں ہیں جس میں بو نہیں اور دودھ کی نہریں ہیں جس کا ذائقہ نہیں بدلا۔ اور شراب کی نہریں ہیں جو پینے والوں کو خوش ذائقہ

خٰلِدِيْنَ ۝ وَقَالُوا الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ صَدَقَنَا وَعْدَهٗ وَاَوْرَثَنَا الْاَرْضَ نَتَبَوَّاُ مِنَ الْجَنَّةِ حَيْثُ نَشَآءُ ۚ فَنِعْمَ اَجْرُ الْعٰمِلِيْنَ ۝ وَتَرَى الْمَلٰٓئِكَةَ حَآفِّيْنَ مِنْ حَوْلِ الْعَرْشِ يُسَبِّحُوْنَ بِحَمْدِ رَبِّهِمْ ۚ وَقُضِيَ بَيْنَهُمْ بِالْحَقِّ وَقِيْلَ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝

٦٦۔ اِنَّ الْمُتَّقِيْنَ فِيْ مَقَامٍ اَمِيْنٍ ۝ فِيْ جَنّٰتٍ وَّعُيُوْنٍ ۝ يَّلْبَسُوْنَ مِنْ سُنْدُسٍ وَّاِسْتَبْرَقٍ مُّتَقٰبِلِيْنَ ۝ كَذٰلِكَ ۟ وَزَوَّجْنٰهُمْ بِحُوْرٍ عِيْنٍ ۝ يَدْعُوْنَ فِيْهَا بِكُلِّ فَاكِهَةٍ اٰمِنِيْنَ ۝ لَا يَذُوْقُوْنَ فِيْهَا الْمَوْتَ اِلَّا الْمَوْتَةَ الْاُوْلٰى ۚ وَوَقٰهُمْ عَذَابَ الْجَحِيْمِ ۝ فَضْلًا مِّنْ رَّبِّكَ ۭ ذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ۝

٦٧۔ مَثَلُ الْجَنَّةِ الَّتِيْ وُعِدَ الْمُتَّقُوْنَ ۭ فِيْهَآ اَنْهٰرٌ مِّنْ مَّآءٍ غَيْرِ اٰسِنٍ ۚ وَاَنْهٰرٌ مِّنْ لَّبَنٍ لَّمْ يَتَغَيَّرْ طَعْمُهٗ ۚ وَاَنْهٰرٌ مِّنْ خَمْرٍ لَّذَّةٍ لِّلشّٰرِبِيْنَ ۚ وَاَنْهٰرٌ مِّنْ عَسَلٍ مُّصَفًّى ۭ وَلَهُمْ فِيْهَا مِنْ كُلِّ الثَّمَرٰتِ وَمَغْفِرَةٌ مِّنْ رَّبِّهِمْ ۭ

٦٨۔ وَاُزْلِفَتِ الْجَنَّةُ لِلْمُتَّقِيْنَ غَيْرَ بَعِيْدٍ ۝ هٰذَا مَا تُوْعَدُوْنَ لِكُلِّ اَوَّابٍ حَفِيْظٍ ۝ مَنْ خَشِيَ الرَّحْمٰنَ بِالْغَيْبِ وَجَآءَ بِقَلْبٍ مُّنِيْبٍ ۝ ادْخُلُوْهَا بِسَلٰمٍ ۭ ذٰلِكَ يَوْمُ الْخُلُوْدِ ۝ لَهُمْ مَّا يَشَآءُوْنَ فِيْهَا وَلَدَيْنَا مَزِيْدٌ ۝

معلوم ہوں گی۔ اور صاف شہد کی نہریں۔ اور ان کے لیے وہاں ہر طرح کے میوے ہوں گے اور ان کے پروردگار کی طرف سے بخشش۔

-محمد ۴۷: ۱۵-

٦٨۔ اور جنت متقیوں کے قریب کی جائے گی فاصلہ پر نہ ہوگی۔ یہ وہ ہے جس کا تم سے وعدہ کیا جاتا ہے۔ ہر ایک اللہ کی طرف رجوع ہونے والے، اس کے احکام کی حفاظت کرنے والے کے لیے جو بن دیکھے رحمٰن سے ڈرا اور رجوع ہونے والا دل لے کر آیا۔ (ہم فرمائیں گے) کہ سلامتی کے ساتھ اس بہشت میں داخل ہو۔ یہ ہی ہمیشہ رہنے کا دن ہے۔ بہشت میں ان لوگوں کو جو چاہیں گے ملے گا اور ہماری سرکار میں اس سے زیادہ ہے۔

-ق ۵۰: ۳۱-۳۵-

٦٩ بے شک متقی باغوں اور چشموں میں ہوں گے جو انہیں ان کا پروردگار دے گا، اسے لے رہے ہوں گے۔ بے شک وہ اس سے پہلے نیکوکار تھے۔ رات کے بہت ہی کم حصے میں سوتے تھے۔ اور صبح کے وقتوں میں معافی مانگا کرتے تھے۔ اور ان کے مالوں میں منگتے اور غیر منگتے محتاج کا حق ہے۔

-الذّٰریٰت ۵۱:۱۵-۱۹-

٧٠۔ پرہیزگار بلاشبہ باغوں اور خوش حالیوں میں اپنے پروردگار کے عطیوں کے مزے لے رہے ہوں گے۔ اور ان کا پروردگار انہیں عذابِ دوزخ سے بچائے رکھے گا۔ تم جو نیک عمل کرتے رہے اس کے صلہ میں انہیں تختوں پر جو برابر بچھائے گئے ہیں، تکئے لگا لگا کر بیٹھو، کھاؤ پیو۔ تم کو رچے پچے ہم بڑی بڑی آنکھوں والی حوروں کو ان کی زوجیت میں دیں گے۔ اور جو لوگ ایمان لائے اور ان کی اولاد ایمان کے ساتھ ان کی پیروی کرتی رہی، ان کی اولاد کو ان کے ساتھ لے جا شامل کریں گے۔ اور جنتیوں کے اعمال میں سے کچھ بھی کم نہیں کریں گے۔ ہر شخص اپنے عمل میں گروی ہے۔ اور جس میوے اور گوشت کو جنتیوں کا جی چاہے گا ہم ان کے لیے اس کی ریل پیل کر دیں گے۔ وہ آپس میں وہاں جام کی چھینا جھپٹی بھی کریں گے۔ اس میں نہ بکواس لگے گی اور نہ کوئی ناشایستہ حرکت ہوگی۔ اور ایسے لڑکے خدمت کے لیے ان پر آمد و شد کریں گے کہ گویا وہ احتیاط سے رکھے ہوئے موتی ہیں اور ایک دوسرے کی طرف متوجہ ہو کر آپس میں باتیں کریں گے۔ کہیں گے کہ ہم پہلے ہی گھر والوں کے درمیان ڈرا کرتے تھے۔ تو اللہ نے ہم پر

٦٩۔ إِنَّ الْمُتَّقِينَ فِي جَنّٰتٍ وَّعُيُونٍ ۝ اٰخِذِينَ مَآ اٰتٰهُمْ رَبُّهُمْ ۚ إِنَّهُمْ كَانُوا قَبْلَ ذٰلِكَ مُحْسِنِينَ ۝ كَانُوا قَلِيلًا مِّنَ الَّيْلِ مَا يَهْجَعُونَ ۝ وَبِالْأَسْحَارِ هُمْ يَسْتَغْفِرُونَ ۝ وَفِيٓ أَمْوَالِهِمْ حَقٌّ لِّلسَّآئِلِ وَالْمَحْرُومِ ۝

٧٠۔ إِنَّ الْمُتَّقِينَ فِي جَنّٰتٍ وَّنَعِيمٍ ۝ فٰكِهِينَ بِمَآ اٰتٰهُمْ رَبُّهُمْ ۚ وَوَقٰهُمْ رَبُّهُمْ عَذَابَ الْجَحِيمِ ۝ كُلُوا وَاشْرَبُوا هَنِيٓـًٔا بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُونَ ۝ مُتَّكِـِٔينَ عَلٰى سُرُرٍ مَّصْفُوفَةٍ ۚ وَزَوَّجْنٰهُمْ بِحُورٍ عِينٍ ۝ وَالَّذِينَ اٰمَنُوا وَاتَّبَعَتْهُمْ ذُرِّيَّتُهُمْ بِإِيمَانٍ أَلْحَقْنَا بِهِمْ ذُرِّيَّتَهُمْ وَمَآ أَلَتْنٰهُمْ مِّنْ عَمَلِهِمْ مِّنْ شَيْءٍ ۚ كُلُّ امْرِئٍۢ بِمَا كَسَبَ رَهِينٌ ۝ وَأَمْدَدْنٰهُمْ بِفٰكِهَةٍ وَّلَحْمٍ مِّمَّا يَشْتَهُونَ ۝ يَتَنَازَعُونَ فِيهَا كَأْسًا لَّا لَغْوٌ فِيهَا وَلَا تَأْثِيمٌ ۝ وَيَطُوفُ عَلَيْهِمْ غِلْمَانٌ لَّهُمْ كَأَنَّهُمْ لُؤْلُؤٌ مَّكْنُونٌ ۝ وَأَقْبَلَ بَعْضُهُمْ عَلٰى بَعْضٍ يَّتَسَآءَلُونَ ۝ قَالُوٓا إِنَّا كُنَّا قَبْلُ فِيٓ أَهْلِنَا مُشْفِقِينَ ۝ فَمَنَّ اللّٰهُ عَلَيْنَا وَوَقٰنَا عَذَابَ السَّمُومِ ۝ إِنَّا كُنَّا مِنْ قَبْلُ نَدْعُوهُ ۖ إِنَّهُ هُوَ الْبَرُّ الرَّحِيمُ ۝

٧١۔ إِنَّ الْمُتَّقِينَ فِي جَنّٰتٍ وَّنَهَرٍ ۝ فِي مَقْعَدِ صِدْقٍ عِنْدَ مَلِيكٍ مُّقْتَدِرٍ ۝

٧٢۔ وَلِمَنْ خَافَ مَقَامَ رَبِّهِ جَنَّتٰنِ ۝ فَبِأَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ۝ ذَوَاتَآ أَفْنَانٍ ۝ فَبِأَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ۝ فِيهِمَا عَيْنٰنِ

فضل کیا اور ہم کو لُو کے عذاب سے بچالیا۔ ہم پہلے ہی اس سے دعائیں مانگا کرتے تھے۔ بے شک وہ محسن، مہربان ہے۔

-الطور ۵۲:۱۷-۲۸-

٧١۔ جو لوگ پرہیزگار ہیں وہ باغوں اور نہروں میں۔ سچی عزت کی جگہ بادشاہِ قادر کے مقرب ہوں گے۔

-القمر-۵۴:۵۴-۵۵

٧٢۔ اور جو شخص اپنے پروردگار کے سامنے کھڑے ہونے سے ڈرتا رہا اس کے لیے دو باغ ہوں گے۔ تو اے گروہِ جن وانس! تم اپنے پروردگار کی کس کس نعمت سے انکار کرو گے۔ دونوں باغ ٹہنیوں والے۔ تو اے گروہ جن وانس! تم اپنے پروردگار کی کن کن نعمتوں سے انکار کرو گے۔ دونوں میں دو چشمے بہہ رہے ہوں گے۔ تو اے گروہِ جن وانس تم اپنے پروردگار کی کن کن نعمتوں سے انکار کرو

گے۔ دونوں میں ہر میوے کی دو قسمیں ہوں گی۔تو اے گروہِ جن وانس! تم اپنے پروردگار کی کن کن نعمتوں سے انکار کرو گے۔ایسے فرشوں پر تکیے لگائے ہوں گے کہ تافتے کے ان کے استر ہوں گے اور دونوں باغوں کے پھل جھکے ہوں گے۔تو اے گروہِ جن وانس! تم اپنے پروردگار کی کن کن نعمتوں سے انکار کرو گے۔ان میں حوریں ہوں گی جو آنکھ اٹھا کر بھی نہیں دیکھتی ہوں گی اور جنتیوں سے پہلے نہ تو کسی انسان نے انہیں چھوا ہو گا اور نہ کسی جن نے۔ اے گروہِ جن وانس! تم اپنے پروردگار کی کن کن نعمتوں سے انکار کرو گے۔ وہ ایسی ہوں گی گویا یاقوت اور مونگے ہیں۔تو اے گروہِ جن وانس! تم اپنے پروردگار کی کن کن نعمتوں سے انکار کرو گے۔ بھلا نیکی کے سوا نیکی کا بدلہ کچھ اور بھی ہو سکتا ہے؟ تو اے گروہِ جن وانس! تم اپنے پروردگار کی کن کن نعمتوں سے انکار کرو گے۔اور ان دو کے علاوہ دو باغ اور ہوں گے۔تو اے گروہِ جن وانس! تم اپنے پروردگار کی کن کن نعمتوں سے انکار کرو گے۔ دونوں گہرے سبز۔تو اے گروہِ جن وانس! تم اپنے پروردگار کی کن کن نعمتوں سے انکار کرو گے۔ان دونوں میں دو چشمے ابل رہے ہوں گے۔تو اے گروہِ جن وانس! تم اپنے پروردگار کی کن کن نعمتوں سے انکار کرو گے۔ان میں میوے ہوں گے اور کھجوریں اور انار۔تو اے گروہِ جن وانس! تم اپنے پروردگار کی کن کن نعمتوں سے انکار کرو گے۔ان میں نیک اور خوب صورت عورتیں ہوں گی۔تو اے گروہِ جن وانس! تم اپنے پروردگار کی کن کن نعمتوں سے انکار کرو گے۔وہ عورتیں حوریں ہوں گی جو

تَجْرِيٰنِ ﴿۵۰﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۵۱﴾ فِيْهِمَا مِنْ كُلِّ فَاكِهَةٍ زَوْجٰنِ ﴿۵۲﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۵۳﴾ مُتَّكِـِٕيْنَ عَلٰى فُرُشٍۭ بَطَآىِٕنُهَا مِنْ اِسْتَبْرَقٍ ؕ وَجَنَا الْجَنَّتَيْنِ دَانٍ ﴿۵۴﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۵۵﴾ فِيْهِنَّ قٰصِرٰتُ الطَّرْفِ ۙ لَمْ يَطْمِثْهُنَّ اِنْسٌ قَبْلَهُمْ وَلَا جَآنٌّ ﴿۵۶﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۵۷﴾ كَاَنَّهُنَّ الْيَاقُوْتُ وَالْمَرْجَانُ ﴿۵۸﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۵۹﴾ هَلْ جَزَآءُ الْاِحْسَانِ اِلَّا الْاِحْسَانُ ﴿۶۰﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۶۱﴾ وَمِنْ دُوْنِهِمَا جَنَّتٰنِ ﴿۶۲﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۶۳﴾ مُدْهَآمَّتٰنِ ﴿۶۴﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۶۵﴾ فِيْهِمَا عَيْنٰنِ نَضَّاخَتٰنِ ﴿۶۶﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۶۷﴾ فِيْهِمَا فَاكِهَةٌ وَّنَخْلٌ وَّرُمَّانٌ ﴿۶۸﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۶۹﴾ فِيْهِنَّ خَيْرٰتٌ حِسَانٌ ﴿۷۰﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۷۱﴾ حُوْرٌ مَّقْصُوْرٰتٌ فِى الْخِيَامِ ﴿۷۲﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۷۳﴾ لَمْ يَطْمِثْهُنَّ اِنْسٌ قَبْلَهُمْ وَلَا جَآنٌّ ﴿۷۴﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۷۵﴾ مُتَّكِـِٕيْنَ عَلٰى رَفْرَفٍ خُضْرٍ وَّعَبْقَرِيٍّ حِسَانٍ ﴿۷۶﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۷۷﴾ تَبٰرَكَ اسْمُ رَبِّكَ ذِى الْجَلٰلِ وَالْاِكْرَامِ ﴿۷۸﴾

۷۳۔ اِنَّ لِلْمُتَّقِيْنَ عِنْدَ رَبِّهِمْ جَنّٰتِ النَّعِيْمِ ﴿۳۴﴾

خیموں کے اندر بیٹھی ہوں گی۔تو اے گروہِ جن وانس! تم اپنے پروردگار کی کن کن نعمتوں سے انکار کرو گے جنتیوں سے پہلے نہ تو کسی انسان نے انہیں چھوا ہو گا اور نہ کسی جن نے۔تو اے گروہِ جن وانس! تم اپنے پروردگار کی کن کن نعمتوں سے انکار کرو گے۔جنتی وہاں سبز قالینوں اور عمدہ عمدہ فرشوں پر تکیے لگائے بیٹھے ہوں گے۔تو اے گروہِ جن وانس! تم اپنے پروردگار کی کن کن نعمتوں سے انکار کرو گے۔ تیرے پروردگار کا نام بڑا ہا برکت ہے عظمت والا اور لوگوں پر احسان کرنے والا۔

۔الرحمٰن ۵۵: ۴۶۔۷۸۔

۷۳ بے شک پرہیزگاروں کے لیے ان کے پروردگار کے ہاں نعمتوں کے باغ ہیں۔

۔القلم۔۶۸: ۳۴۔

۷۴۔ بے شک پرہیز گار چھاؤں اور چشموں اور میووں میں جو ان کو بھاتے ہوں (آرام کرتے ہوں گے) تم جیسے جیسے عمل کرتے رہے ہو، ان کے بدلے میں کھاؤ پیو۔ تمہارے نیک لگئے نیک بندوں کو ہم ایسا ہی بدلہ دیا کرتے ہیں۔

۔المرسلات ۷۷: ۴۱۔۴۴۔

۷۵۔ بے شک پرہیز گار لوگوں کے لیے کامیابی ہو گی باغ اور انگور اور نوجوان عورتیں، ہم عمر اور چھلکتے ہوئے جام۔ وہاں یہ لوگ نہ تو کوئی بے ہودہ بات سنیں گے اور نہ جھوٹ۔ کافی انعام بدلے میں تمہارے پروردگار کی طرف سے۔

۔النباء ۷۸: ۳۱۔۳۶۔

۷۶۔ اور جو اپنے پروردگار کے سامنے کھڑے ہونے سے ڈرا۔ اور نفس کو خواہشوں سے روکتا رہا تو بس بہشت ہی ٹھکانا ہے۔

۔النازعات ۷۹: ۴۰۔۴۱۔

۳۔ مجاہدین

۷۷۔ کیا تم نے یہ خیال کر رکھا ہے کہ تم جنت میں داخل ہو جاؤ گے حالانکہ ابھی اللہ نے نہ ان کو ظاہر کیا جنہوں نے تم میں سے جہاد کیا ہے اور نہ صابروں کو ظاہر کیا۔

۔آل عمران ۳: ۱۴۲۔

۷۸۔ تو جن لوگوں نے ہمارے لیے دیس چھوڑے اور اپنے گھروں سے نکالے اور ستائے گئے اور لڑے اور قتل کیے گئے ہم ان کی خطاؤں کو ان سے ضرور دور کر دیں گے

۷۴۔ اِنَّ الْمُتَّقِيْنَ فِيْ ظِلٰلٍ وَّعُيُوْنٍ ۝ وَّفَوَاكِهَ مِمَّا يَشْتَهُوْنَ ۝ كُلُوْا وَاشْرَبُوْا هَنِيْٓـًٔا بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ۝ اِنَّا كَذٰلِكَ نَجْزِي الْمُحْسِنِيْنَ ۝

۷۵۔ اِنَّ لِلْمُتَّقِيْنَ مَفَازًا ۝ حَدَآئِقَ وَاَعْنَابًا ۝ وَّكَوَاعِبَ اَتْرَابًا ۝ وَّكَاْسًا دِهَاقًا ۝ لَا يَسْمَعُوْنَ فِيْهَا لَغْوًا وَّلَا كِذّٰبًا ۝ جَزَآءً مِّنْ رَّبِّكَ عَطَآءً حِسَابًا ۝

۷۶۔ وَاَمَّا مَنْ خَافَ مَقَامَ رَبِّهٖ وَنَهَى النَّفْسَ عَنِ الْهَوٰى ۝ فَاِنَّ الْجَنَّةَ هِيَ الْمَاْوٰى ۝

۷۷۔ اَمْ حَسِبْتُمْ اَنْ تَدْخُلُوا الْجَنَّةَ وَلَمَّا يَعْلَمِ اللّٰهُ الَّذِيْنَ جٰهَدُوْا مِنْكُمْ وَيَعْلَمَ الصّٰبِرِيْنَ ۝

۷۸۔ فَالَّذِيْنَ هَاجَرُوْا وَاُخْرِجُوْا مِنْ دِيَارِهِمْ وَاُوْذُوْا فِيْ سَبِيْلِيْ وَقٰتَلُوْا وَقُتِلُوْا لَاُكَفِّرَنَّ عَنْهُمْ سَيِّاٰتِهِمْ وَلَاُدْخِلَنَّهُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ۚ ثَوَابًا مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ ۭ وَاللّٰهُ عِنْدَهٗ حُسْنُ الثَّوَابِ ۝

۷۹۔ وَفَضَّلَ اللّٰهُ الْمُجٰهِدِيْنَ عَلَى الْقٰعِدِيْنَ اَجْرًا عَظِيْمًا ۝ دَرَجٰتٍ مِّنْهُ وَمَغْفِرَةً وَّرَحْمَةً ۭ وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ۝

۸۰۔ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَهَاجَرُوْا وَجٰهَدُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَالَّذِيْنَ اٰوَوْا

اور ان کو ایسے باغوں میں داخل کریں گے، جن کے نیچے نہریں بہہ رہی ہوں گی۔ اللہ کے ہاں سے بدلہ اور اچھا بدلہ اللہ کے ہاں ہی ہے۔

۔آل عمران ۳: ۱۹۵۔

۷۹۔ اور اللہ نے اجرِ عظیم کے اعتبار سے جہاد کرنے والوں کو بیٹھ رہنے والوں پر برتری دی ہے۔ یہ مدارج ہیں خدا کے ہاں سے۔ اور اس کی بخشش اور مہر ہے اور اللہ بخشنے والا، مہربان ہے۔

۔النساء ۴: ۹۵۔۹۶

۸۰۔ اور جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے ہجرت کی اور اللہ کی راہ میں جہاد کیے اور جنہوں نے مہاجرین کو جگہ دی اور مدد دی، یہی پکے مسلمان ہیں۔ ان کے لیے معافی ہے اور

عزت کی روزی۔

-الانفال ۸: ۷۴۔

۸۱۔لیکن رسول اور جو ان کے ساتھ ایمان لائے ہیں انہوں نے اپنی جان و مال سے جہاد کئے۔ یہی لوگ ہیں جن کے لیے سب خوبیاں ہیں اور یہی فلاح پانے والے ہیں۔ ان کے لیے اللہ نے باغ تیار کر رکھے ہیں، جن کے تلے نہریں بہہ رہی ہوں گی۔ ان میں ہمیشہ رہیں گے۔ یہی بڑی کامیابی ہے۔

-التوبہ ۹: ۸۸۔۸۹۔

۸۲۔ جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے ہجرت کی اور اپنے جان و مال سے اللہ کی راہ میں جہاد کئے، یہ اللہ کے ہاں درجے میں کہیں بڑھ کر ہیں اور یہی ہیں جو منزلِ مقصود کو پہنچنے والے ہیں۔ ان کا پروردگار ان کو اپنی مہربانی، رضا مندی اور ایسے باغوں میں رہنے کی بشارت دیتا ہے جن میں ان کو دائمی آسائش ملے گی۔ وہ ان باغوں میں ہمیشہ رہیں گے۔ بے شک اللہ کے ہاں ثواب کا بڑا ذخیرہ موجود ہے۔

-التوبہ ۹: ۲۰۔۲۲

۸۳۔اور مہاجرین اور انصار میں سے جو (اسلام میں) آگے بڑھنے والے، اول رہنے والے ہیں اور وہ جنہوں نے نیک باتوں میں ان کی پیروی کی، ان سے اللہ راضی ہوا اور وہ اس سے راضی ہوئے اور اس نے ان کے لیے ایسے باغ تیار کیے ہیں جن کے (درختوں کے) نیچے نہریں جاری ہیں۔ وہ ہمیشہ ہمیشہ ان میں رہیں گے۔ یہی بڑی

وَّنَصَرُوْٓا اُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُؤْمِنُوْنَ حَقًّا ۭ لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّرِزْقٌ كَرِيْمٌ ۝

۸۱۔ لٰكِنِ الرَّسُوْلُ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَعَهٗ جٰهَدُوْا بِاَمْوَالِهِمْ وَاَنْفُسِهِمْ ۭ وَاُولٰٓئِكَ لَهُمُ الْخَيْرٰتُ ۡ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ۝ اَعَدَّ اللّٰهُ لَهُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ۭ ذٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ۝

۸۲۔ اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَهَاجَرُوْا وَجٰهَدُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ بِاَمْوَالِهِمْ وَاَنْفُسِهِمْ ۙ اَعْظَمُ دَرَجَةً عِنْدَ اللّٰهِ ۭ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْفَاۗىِٕزُوْنَ ۝ يُبَشِّرُهُمْ رَبُّهُمْ بِرَحْمَةٍ مِّنْهُ وَرِضْوَانٍ وَّجَنّٰتٍ لَّهُمْ فِيْهَا نَعِيْمٌ مُّقِيْمٌ ۝ خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اَبَدًا ۭ اِنَّ اللّٰهَ عِنْدَهٗٓ اَجْرٌ عَظِيْمٌ ۝

۸۳۔ وَالسّٰبِقُوْنَ الْاَوَّلُوْنَ مِنَ الْمُهٰجِرِيْنَ وَالْاَنْصَارِ وَالَّذِيْنَ اتَّبَعُوْهُمْ بِاِحْسَانٍ ۙ رَّضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ وَرَضُوْا عَنْهُ وَاَعَدَّ لَهُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ تَحْتَهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اَبَدًا ۭ ذٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ۝

۸۴۔ اِنَّ اللّٰهَ اشْتَرٰي مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ اَنْفُسَهُمْ وَاَمْوَالَهُمْ بِاَنَّ لَهُمُ الْجَنَّةَ ۭ يُقَاتِلُوْنَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَيَقْتُلُوْنَ وَيُقْتَلُوْنَ ۣ وَعْدًا عَلَيْهِ حَقًّا فِي التَّوْرٰىةِ وَالْاِنْجِيْلِ وَالْقُرْاٰنِ ۭ وَمَنْ اَوْفٰى بِعَهْدِهٖ مِنَ اللّٰهِ فَاسْتَبْشِرُوْا بِبَيْعِكُمُ الَّذِيْ بَايَعْتُمْ بِهٖ ۭ وَذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ۝

۸۵۔ وَالَّذِيْنَ قُتِلُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَلَنْ يُّضِلَّ اَعْمَالَهُمْ ۝ سَيَهْدِيْهِمْ

کامیابی ہے۔

-التوبہ ۹: ۱۰۰۔

۸۴۔ اللہ نے مسلمانوں سے ان کی جانیں اور ان کے مال خرید لیے ہیں کہ ان کے بدلے ان کو جنت دے گا۔ یہ اللہ کے رستہ میں لڑتے ہیں اور مارتے ہیں اور مارے جاتے ہیں۔ یہ اللہ کا پکا وعدہ ہے، جس کا پورا کرنا اس نے اپنے اوپر لازم کرلیا ہے۔ یہ تورات اور انجیل اور قرآن میں لکھا ہوا ہے اور اللہ سے بڑھ کر اپنے قول کا پورا اور کون ہوسکتا ہے۔ سوتم اپنے اس سودے پر جو تم نے اللہ سے کیا ہے خوشیاں مناؤ اور یہ بڑی کامیابی ہے۔

-التوبہ ۹: ۱۱۱۔

۸۵۔اور جو لوگ اللہ کی راہ میں مارے گئے ان کے عملوں کو اللہ ہرگز

رائیگاں نہیں ہونے دے گا۔ انہیں مقصود کو پہنچا دے گا اور ان کو خوش حال کر دے گا۔ اور ان کو جنت میں داخل کرے گا جس کا حال اس نے انہیں بتا رکھا ہے۔

-محمد ۴۷: ۴-۶-

۸۶۔ مسلمانو میں تم کو ایسی سوداگری بتاؤں جو تم کو عذابِ دردناک سے بچائے۔ اللہ اور اس کے رسول پر ایمان لاؤ اور اللہ کی راہ میں اپنے مال اور اپنی جانیں لڑا دو۔ یہ تمہارے حق میں بہتر ہے بشرطیکہ تم میں سمجھ ہو۔ اللہ تمہارے گناہ معاف کرے گا اور تم کو ایسے باغوں میں لے جا داخل کرے گا جن کے تلے نہریں بہہ رہی ہوں گی۔ اور عمدہ مکانات ہیں جو ہمیشہ رہنے کے باغوں میں ہوں گے۔ یہ بڑی کامیابی ہے۔ ایک اور بھی ہے، جس کو تم پسند کرتے ہو اللہ کی طرف سے مدد اور عنقریب فتح۔ اور مسلمانوں کو یہ خوش خبری سنا دو۔

-الصف ۶۱: ۱۰-۱۳-

۴۔ صابرین

۸۷۔ تو کیا وہ شخص جو یہ یقین رکھتا ہے کہ جو کچھ تیری طرف، تیرے پروردگار کی جانب سے اتارا گیا ہے حق ہے، اس کی برابر ہو جائے گا جو (راہِ راست سے) اندھا ہے۔ بات یہ ہے کہ نصیحت تو عقل مند ہی پکڑتے ہیں جو اللہ کے عہد کو پورا کرتے ہیں اور قول وقرار کو نہیں توڑتے اور وہ جو اس رشتہ کو ملائے رکھتے ہیں جس کے ملانے کا اللہ نے حکم دیا ہے اور اپنے پروردگار سے اور برے حساب سے

وَيُصْلِحُ بَالَهُمْ ۝ وَيُدْخِلُهُمُ الْجَنَّةَ عَرَّفَهَا لَهُمْ ۝

۸۶۔ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا هَلْ أَدُلُّكُمْ عَلَىٰ تِجَارَةٍ تُنْجِيكُمْ مِنْ عَذَابٍ أَلِيمٍ ۝ تُؤْمِنُونَ بِاللَّهِ وَرَسُولِهِ وَتُجَاهِدُونَ فِي سَبِيلِ اللَّهِ بِأَمْوَالِكُمْ وَأَنْفُسِكُمْ ۚ ذَٰلِكُمْ خَيْرٌ لَكُمْ إِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُونَ ۝ يَغْفِرْ لَكُمْ ذُنُوبَكُمْ وَيُدْخِلْكُمْ جَنَّاتٍ تَجْرِي مِنْ تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ وَمَسَاكِنَ طَيِّبَةً فِي جَنَّاتِ عَدْنٍ ۚ ذَٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيمُ ۝ وَأُخْرَىٰ تُحِبُّونَهَا ۖ نَصْرٌ مِنَ اللَّهِ وَفَتْحٌ قَرِيبٌ ۗ وَبَشِّرِ الْمُؤْمِنِينَ ۝

۸۷۔ أَفَمَنْ يَعْلَمُ أَنَّمَا أُنْزِلَ إِلَيْكَ مِنْ رَبِّكَ الْحَقُّ كَمَنْ هُوَ أَعْمَىٰ ۚ إِنَّمَا يَتَذَكَّرُ أُولُو الْأَلْبَابِ ۝ الَّذِينَ يُوفُونَ بِعَهْدِ اللَّهِ وَلَا يَنْقُضُونَ الْمِيثَاقَ ۝ وَالَّذِينَ يَصِلُونَ مَا أَمَرَ اللَّهُ بِهِ أَنْ يُوصَلَ وَيَخْشَوْنَ رَبَّهُمْ وَيَخَافُونَ سُوءَ الْحِسَابِ ۝ وَالَّذِينَ صَبَرُوا ابْتِغَاءَ وَجْهِ رَبِّهِمْ وَأَقَامُوا الصَّلَاةَ وَأَنْفَقُوا مِمَّا رَزَقْنَاهُمْ سِرًّا وَعَلَانِيَةً وَيَدْرَءُونَ بِالْحَسَنَةِ السَّيِّئَةَ أُولَٰئِكَ لَهُمْ عُقْبَى الدَّارِ ۝ جَنَّاتُ عَدْنٍ يَدْخُلُونَهَا وَمَنْ صَلَحَ مِنْ آبَائِهِمْ وَأَزْوَاجِهِمْ وَذُرِّيَّاتِهِمْ ۖ وَالْمَلَائِكَةُ يَدْخُلُونَ عَلَيْهِمْ مِنْ كُلِّ بَابٍ ۝ سَلَامٌ عَلَيْكُمْ بِمَا صَبَرْتُمْ ۚ فَنِعْمَ عُقْبَى الدَّارِ ۝

ڈرتے ہیں۔ اور وہ جو اپنے پروردگار کی خوش نودی چاہنے کے لیے صبر کرتے اور نماز پڑھتے اور جو مال ہم نے انہیں دیا ہے، اس میں سے چھپا کر اور علانیہ (اللہ کی راہ میں) خرچ کرتے اور نیکی کے ساتھ بدی کو دفع کرتے ہیں۔ یہی وہ لوگ ہیں جن کے لیے آخرت کا گھر ہے۔ (یعنی) رہنے کے باغ، جن میں وہ خود اور جو ان کے باپوں اور بیویوں اور اولاد میں سے صالح ہوگا، داخل ہوں گے اور فرشتے ان پر ہر دروازے سے داخل ہوں گے۔ کہیں گے کہ تم پر سلامتی ہے اس لیے کہ تم نے صبر کیا تھا۔ سو آخرت کا گھر کیا ہی اچھا ہے۔

-الرعد ۱۳: ۱۹-۲۴-

۸۸۔ وَعِبَادُ الرَّحْمٰنِ الَّذِيْنَ يَمْشُوْنَ عَلَى الْاَرْضِ هَوْنًا ...... وَالَّذِيْنَ يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَا هَبْ لَنَا مِنْ اَزْوَاجِنَا وَذُرِّيّٰتِنَا قُرَّةَ اَعْيُنٍ وَّاجْعَلْنَا لِلْمُتَّقِيْنَ اِمَامًا ﴿۷۴﴾

۸۹۔ اُولٰٓئِكَ يُجْزَوْنَ الْغُرْفَةَ بِمَا صَبَرُوْا وَيُلَقَّوْنَ فِيْهَا تَحِيَّةً وَّسَلٰمًا ﴿۷۵﴾ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ؕ حَسُنَتْ مُسْتَقَرًّا وَّمُقَامًا ﴿۷۶﴾

۹۰۔ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَنُبَوِّئَنَّهُمْ مِّنَ الْجَنَّةِ غُرَفًا تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ؕ نِعْمَ اَجْرُ الْعٰمِلِيْنَ ﴿۵۸﴾ الَّذِيْنَ صَبَرُوْا وَعَلٰى رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُوْنَ ﴿۵۹﴾

۹۱۔ اِنَّ الَّذِيْنَ قَالُوْا رَبُّنَا اللّٰهُ ثُمَّ اسْتَقَامُوْا فَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ﴿۱۳﴾ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ۚ جَزَآءًۢ بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۴﴾ وَوَصَّيْنَا الْاِنْسَانَ بِوَالِدَيْهِ اِحْسٰنًا ؕ حَمَلَتْهُ اُمُّهٗ كُرْهًا وَّوَضَعَتْهُ كُرْهًا ؕ وَحَمْلُهٗ وَفِصٰلُهٗ ثَلٰثُوْنَ شَهْرًا ؕ حَتّٰٓى اِذَا بَلَغَ اَشُدَّهٗ وَبَلَغَ اَرْبَعِيْنَ سَنَةً ۙ قَالَ رَبِّ اَوْزِعْنِيْٓ اَنْ اَشْكُرَ نِعْمَتَكَ الَّتِيْٓ اَنْعَمْتَ عَلَيَّ وَعَلٰى وَالِدَيَّ وَاَنْ اَعْمَلَ صَالِحًا تَرْضٰىهُ وَاَصْلِحْ لِيْ فِيْ ذُرِّيَّتِيْ ۚ اِنِّيْ تُبْتُ اِلَيْكَ وَاِنِّيْ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ ﴿۱۵﴾ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ نَتَقَبَّلُ عَنْهُمْ اَحْسَنَ مَا عَمِلُوْا وَنَتَجَاوَزُ عَنْ سَيِّاٰتِهِمْ فِيْٓ اَصْحٰبِ الْجَنَّةِ ؕ وَعْدَ الصِّدْقِ الَّذِيْ كَانُوْا يُوْعَدُوْنَ ﴿۱۶﴾

۸۸۔ اور رحمٰن کے خاص بندے وہ ہیں جو زمین پر فروتنی کے ساتھ چلتے ہیں ...... اور اللہ سے دعائیں مانگتے ہیں کہ اے ہمارے پروردگار! ہمیں ہماری بیبیوں اور اولاد کی طرف سے آنکھوں کی ٹھنڈک عنایت فرما۔ اور ہم کو پرہیزگاروں کا پیشوا بنا۔

۔الفرقان۔ ۲۵: ۶۳ ...... ۷۴۔

۸۹۔ یہی لوگ ہیں جن کو ان کے صبر کے بدلے جنت میں بالاخانے ملیں گے۔ اور وہاں دعا اور سلام کے ساتھ ان کا استقبال ہوگا۔ وہ بہشت میں ہمیشہ رہیں گے۔ وہ کیسی اچھی جگہ ہے، خواہ تھوڑی دیر ٹھیرو یا ہمیشہ رہو۔

۔الفرقان۔ ۲۵: ۷۵۔ ۷۶۔

۹۰۔ اور جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے نیک کام کیے ہم انہیں ضرور جنت میں بالاخانوں میں جگہ دیں گے۔ جن کے نیچے نہریں جاری ہوں گی۔ وہ ہمیشہ ان ہی میں رہیں گے۔ عمل کرنے والوں کا اجر کیا ہی اچھا ہے، جنہوں نے صبر کیا اور اپنے پروردگار پر بھروسا رکھتے ہیں۔

۔العنکبوت ۲۹: ۵۸۔ ۵۹۔

۹۱۔ بے شک وہ لوگ جنہوں نے کہا کہ ہمارا پروردگار ہے پھر وہ اس قول پر جمے رہے (قیامت کے دن) ان پر نہ کچھ خوف ہی ہوگا اور نہ وہ غمگین ہی ہوں گے۔ یہی لوگ جنت والے ہیں وہ ہمیشہ اسی میں رہیں گے۔ بدلہ اس کا جو (نیک کام) وہ کیا کرتے تھے۔ اور ہم نے انسان کو اپنے ماں باپ کے ساتھ نیکی کرنے کی تاکید کی۔ اس کی ماں نے تکلیف اٹھا کر اسے پیٹ میں رکھا اور تکلیف ہی اٹھا کر اسے جنا اور اس کا پیٹ میں رکھنا اور اس کا دودھ چھڑانا تیس مہینے ہے یہاں تک کہ جب وہ اپنی پوری طاقت کو پہنچ گیا اور چالیس برس کی عمر کو پہنچ گیا تو اس نے کہا اے میرے پروردگار! مجھے یہ توفیق دے کہ میں تیری اس نعمت کا جو تو نے مجھ پر اور میرے ماں باپ پر کی ہے، شکر ادا کروں اور یہ کہ میں وہ نیک کام کروں جو تجھے پسند ہو اور میرے لیے میری اولاد میں اصلاح کر، میں تیری طرف رجوع ہوا اور میں فرماں برداروں میں ہوں۔ یہی وہ لوگ ہیں کہ ہم ان سے ان کے اچھے کام جو وہ کرتے ہیں، قبول کرتے ہیں اور ان کی برائیوں سے ہم درگزر کرتے ہیں۔ وہ بہشت کے رہنے والوں میں ہیں۔ یہ وہ سچا وعدہ ہے جو ان سے کیا جاتا تھا۔

۔الاحقاف ۴۶: ۱۳۔ ۱۶۔

۹۲۔ إِنَّ الْأَبْرَارَ يَشْرَبُونَ مِن كَأْسٍ كَانَ مِزَاجُهَا كَافُورًا ﴿٥﴾ عَيْنًا يَشْرَبُ بِهَا عِبَادُ اللَّهِ يُفَجِّرُونَهَا تَفْجِيرًا ﴿٦﴾ يُوفُونَ بِالنَّذْرِ وَيَخَافُونَ يَوْمًا كَانَ شَرُّهُ مُسْتَطِيرًا ﴿٧﴾ وَيُطْعِمُونَ الطَّعَامَ عَلَىٰ حُبِّهِ مِسْكِينًا وَيَتِيمًا وَأَسِيرًا ﴿٨﴾ إِنَّمَا نُطْعِمُكُمْ لِوَجْهِ اللَّهِ لَا نُرِيدُ مِنكُمْ جَزَاءً وَلَا شُكُورًا ﴿٩﴾ إِنَّا نَخَافُ مِن رَّبِّنَا يَوْمًا عَبُوسًا قَمْطَرِيرًا ﴿١٠﴾ فَوَقَاهُمُ اللَّهُ شَرَّ ذَٰلِكَ الْيَوْمِ وَلَقَّاهُمْ نَضْرَةً وَسُرُورًا ﴿١١﴾ وَجَزَاهُم بِمَا صَبَرُوا جَنَّةً وَحَرِيرًا ﴿١٢﴾ مُّتَّكِئِينَ فِيهَا عَلَى الْأَرَائِكِ ۖ لَا يَرَوْنَ فِيهَا شَمْسًا وَلَا زَمْهَرِيرًا ﴿١٣﴾ وَدَانِيَةً عَلَيْهِمْ ظِلَالُهَا وَذُلِّلَتْ قُطُوفُهَا تَذْلِيلًا ﴿١٤﴾ وَيُطَافُ عَلَيْهِم بِآنِيَةٍ مِّن فِضَّةٍ وَأَكْوَابٍ كَانَتْ قَوَارِيرَا ﴿١٥﴾ قَوَارِيرَ مِن فِضَّةٍ قَدَّرُوهَا تَقْدِيرًا ﴿١٦﴾ وَيُسْقَوْنَ فِيهَا كَأْسًا كَانَ مِزَاجُهَا زَنجَبِيلًا ﴿١٧﴾ عَيْنًا فِيهَا تُسَمَّىٰ سَلْسَبِيلًا ﴿١٨﴾ وَيَطُوفُ عَلَيْهِمْ وِلْدَانٌ مُّخَلَّدُونَ إِذَا رَأَيْتَهُمْ حَسِبْتَهُمْ لُؤْلُؤًا مَّنثُورًا ﴿١٩﴾ وَإِذَا رَأَيْتَ ثَمَّ رَأَيْتَ نَعِيمًا وَمُلْكًا كَبِيرًا ﴿٢٠﴾ عَالِيَهُمْ ثِيَابُ سُندُسٍ خُضْرٌ وَإِسْتَبْرَقٌ ۖ وَحُلُّوا أَسَاوِرَ مِن فِضَّةٍ وَسَقَاهُمْ رَبُّهُمْ شَرَابًا طَهُورًا ﴿٢١﴾ إِنَّ هَٰذَا كَانَ لَكُمْ جَزَاءً وَكَانَ سَعْيُكُم مَّشْكُورًا ﴿٢٢﴾

۹۳۔ وَالسَّابِقُونَ السَّابِقُونَ ﴿١٠﴾ أُولَٰئِكَ الْمُقَرَّبُونَ ﴿١١﴾ فِي جَنَّاتِ النَّعِيمِ ﴿١٢﴾ ثُلَّةٌ مِّنَ الْأَوَّلِينَ ﴿١٣﴾ وَقَلِيلٌ مِّنَ الْآخِرِينَ ﴿١٤﴾ عَلَىٰ سُرُرٍ مَّوْضُونَةٍ ﴿١٥﴾

۹۲۔ بے شک نیک لوگ اس پیالہ سے پئیں گے جس کی ملونی کافور ہوگی۔ وہ ایک چشمہ ہے۔ جس سے اللہ کے بندے پئیں گے اسے چیر کر بہالے جائیں گے وہ نذر کو پورا کرتے ہیں اور اس دن سے ڈرتے ہیں جس کی برائی پھیلی ہوئی ہوگی۔ وہ خدا کا حُب کر کے محتاج اور یتیم اور قیدی کو کھانا کھلاتے ہیں۔ (اور کہتے ہیں کہ) ہم تو تم کو محض اللہ کی رضا مندی کے لیے کھلاتے ہیں۔ ہم نہ تم سے بدلہ چاہتے ہیں اور نہ شکر گزاری۔ بے شک ہم اپنے پروردگار کے اس دن سے ڈرتے ہیں جو مونہہ بگاڑنے والا، تیوری پر بل ڈالنے والا ہوگا۔ تو اللہ بھی ان کو اس دن کی برائی سے بچالے گا اور ان پر تازگی اور خوشی ڈالے گا اور بسبب اس کے کہ انہوں نے صبر کیا انہیں بدلے میں بہشت اور حریر دے گا۔ اس میں تختوں پر تکیہ لگائے بیٹھے ہوں گے، نہ اس میں دھوپ دیکھیں گے اور نہ جاڑا۔ اور اس کے سائے ان پر جھکے ہوئے ہوں گے اور اس کے خوشے نیچے لٹک رہے ہوں گے اور ان پر چاندی کے برتنوں اور آبخوروں کو جو شیشے کی مانند ہوں گے، گھمایا جائے گا۔ چاندی کے بنے ہوئے شیشے ہوں گے جن کا انہوں نے اندازہ کر رکھا ہوگا۔ اور انہیں اس میں سے وہ پیالہ پلایا جائے گا جس کی ملونی سونٹھ ہوگی۔ وہ ایک چشمہ ہے جس کا نام سلسبیل ہے۔ اور ان پر ہمیشہ رہنے والے لڑکے گشت کرتے ہوں گے۔ جب تو انہیں دیکھے تو انہیں بکھرے ہوئے موتی خیال کرے گا۔ اور جب تو وہاں دیکھے گا تو ایک نعمت، اور تو ایک بڑی بادشاہت دیکھے گا۔ ان پر سبز باریک ریشم اور تافتے کے کپڑے ہوں گے۔ اور انہیں چاندی کے کنگن پہنائے جائیں گے۔ اور ان کا پروردگار انہیں پاکیزہ شربت پلائے گا۔ بے شک یہ تمہاری جزا ہے اور تمہاری کوشش قابلِ قدر ہے۔

۔الدھر۔ ۷۶:۵۔۲۲۔

۵۔ جنت میں آگے بیٹھنے والے

۹۳۔ اور جو آگے ہیں یہ آگے ہی (بٹھانے) کے قابل ہیں۔ یہ بارگاہِ خداوندی کے مقرب ہیں آرام کے باغوں میں۔ بہت تو اگلے لوگوں میں سے اور تھوڑے پچھلوں میں سے، ایک دوسرے کے آمنے سامنے۔ جڑاؤ تختوں پر تکیے لگائے ہوں گے۔ غلمان جو ہمیشہ لڑکے ہی بنے رہیں گے، ان کے پاس آبخورے اور تنتیاں اور ایسی شراب صاف کے جام لاتے اور لے جاتے ہوں گے، جس سے ان کو نہ تو دردِ سر ہو اور نہ بکواس لگے۔ اور جس قسم کا میوہ پسند کریں۔ اور جس قسم کے پرند کے گوشت کو ان

کا جی چاہے (وہی موجود) اور بڑی بڑی آنکھوں والی حوریں جو چھپائے ہوئے موتیوں کی طرح (خوش رنگ) ہوں گی۔ یہ بدلہ ہے ان کے اعمال کا جو وہ کرتے رہے۔ نہ تو کوئی لغویات سنیں گے اور نہ کوئی گناہ کی بات۔ بس سلام سلام کی آوازیں (آ رہی ہوں گی)۔

۔الواقعہ ۵۶: ۱۰۔۲۶۔

۶۔ مقربین

۹۴۔ پھر اگر وہ مقربوں میں سے ہے تو راحت اور رزق اور نعمتوں کی جنت ہے۔

۔الواقعہ ۵۶: ۸۸۔۸۹۔

۷۔ اصحاب الیمین یعنی داہنی طرف والے

۹۵۔ اور داہنے ہاتھ والے ان داہنے ہاتھ والوں کا کیا کہنا! بے کانٹوں کی بیریوں اور لدے ہوئے کیلوں اور لمبی لمبی چھاؤں اور پانی کے جھرنوں اور افراط کے میووں میں۔ جو بے روک ٹوک ان کو ملا کریں گے اور اونچے اونچے فرشوں کی آسائش میں عیش کر رہے ہوں گے۔ ان حوروں کو ہم نے ان کے لیے ایسا بنایا کہ وہ کنواریاں ہیں، پیاریاں داہنے ہاتھ والے جنتیوں کی ہم عمر۔

۔الواقعہ ۵۶: ۲۷۔۳۸۔

۹۶۔ داہنے ہاتھ والوں میں سے ہے تو (کہا جائے گا) کہ اے شخص جو داہنے ہاتھ والوں میں ہے، تجھ پر سلامتی ہے۔

۔الواقعہ ۵۶: ۹۰۔۹۱۔

۸۔ جن کا اعمال نامہ داہنے ہاتھ میں دیا جائے گا

۹۷۔ جس کو اس کا نامۂ اعمال اس کے داہنے ہاتھ میں

مُّتَّكِـِٔينَ عَلَيْهَا مُتَقَٰبِلِينَ ۝١٦ يَطُوفُ عَلَيْهِمْ وِلْدَٰنٌ مُّخَلَّدُونَ ۝١٧ بِأَكْوَابٍ وَأَبَارِيقَ وَكَأْسٍ مِّن مَّعِينٍ ۝١٨ لَّا يُصَدَّعُونَ عَنْهَا وَلَا يُنزِفُونَ ۝١٩ وَفَٰكِهَةٍ مِّمَّا يَتَخَيَّرُونَ ۝٢٠ وَلَحْمِ طَيْرٍ مِّمَّا يَشْتَهُونَ ۝٢١ وَحُورٌ عِينٌ ۝٢٢ كَأَمْثَٰلِ ٱللُّؤْلُؤِ ٱلْمَكْنُونِ ۝٢٣ جَزَآءًۢ بِمَا كَانُوا۟ يَعْمَلُونَ ۝٢٤ لَا يَسْمَعُونَ فِيهَا لَغْوًا وَلَا تَأْثِيمًا ۝٢٥ إِلَّا قِيلًا سَلَٰمًا سَلَٰمًا ۝٢٦

۹۴۔ فَأَمَّآ إِن كَانَ مِنَ ٱلْمُقَرَّبِينَ ۝٨٨ فَرَوْحٌ وَرَيْحَانٌ وَجَنَّتُ نَعِيمٍ ۝٨٩

۹۵۔ وَأَصْحَٰبُ ٱلْيَمِينِ مَآ أَصْحَٰبُ ٱلْيَمِينِ ۝٢٧ فِى سِدْرٍ مَّخْضُودٍ ۝٢٨ وَطَلْحٍ مَّنضُودٍ ۝٢٩ وَظِلٍّ مَّمْدُودٍ ۝٣٠ وَمَآءٍ مَّسْكُوبٍ ۝٣١ وَفَٰكِهَةٍ كَثِيرَةٍ ۝٣٢ لَّا مَقْطُوعَةٍ وَلَا مَمْنُوعَةٍ ۝٣٣ وَفُرُشٍ مَّرْفُوعَةٍ ۝٣٤ إِنَّآ أَنشَأْنَٰهُنَّ إِنشَآءً ۝٣٥ فَجَعَلْنَٰهُنَّ أَبْكَارًا ۝٣٦ عُرُبًا أَتْرَابًا ۝٣٧ لِّأَصْحَٰبِ ٱلْيَمِينِ ۝٣٨

۹۶۔ وَأَمَّآ إِن كَانَ مِنْ أَصْحَٰبِ ٱلْيَمِينِ ۝٩٠ فَسَلَٰمٌ لَّكَ مِنْ أَصْحَٰبِ ٱلْيَمِينِ ۝٩١

۹۷۔ فَأَمَّا مَنْ أُوتِىَ كِتَٰبَهُۥ بِيَمِينِهِۦ فَيَقُولُ هَآؤُمُ ٱقْرَءُوا۟ كِتَٰبِيَهْ ۝١٩ إِنِّى ظَنَنتُ أَنِّى مُلَٰقٍ حِسَابِيَهْ ۝٢٠ فَهُوَ فِى عِيشَةٍ رَّاضِيَةٍ ۝٢١ فِى جَنَّةٍ عَالِيَةٍ ۝٢٢ قُطُوفُهَا دَانِيَةٌ ۝٢٣ كُلُوا۟ وَٱشْرَبُوا۟ هَنِيٓـًٔۢا بِمَآ أَسْلَفْتُمْ فِى ٱلْأَيَّامِ ٱلْخَالِيَةِ ۝٢٤

۹۸۔ ذَٰلِكَ بِأَنَّ مِنْهُمْ قِسِّيسِينَ وَرُهْبَانًا وَأَنَّهُمْ لَا يَسْتَكْبِرُونَ ۝٨٢ وَإِذَا سَمِعُوا۟ مَآ أُنزِلَ إِلَى ٱلرَّسُولِ تَرَىٰٓ أَعْيُنَهُمْ تَفِيضُ مِنَ ٱلدَّمْعِ مِمَّا

دیا جائے گا۔ وہ کہے گا لو میرا نامہ اعمال پڑھو۔ مجھ کو تو یقین تھا کہ میرا حساب مجھ کو ملے گا تو وہ خاطر خواہ عیش میں ہوگا۔ بہشتِ بریں میں، جس کے پھل جھکے ہوں گے۔ ایام گزشتہ میں جو تم نے زادِ آخرت بھیجا تھا اس کے بدلے میں۔ کھاؤ پیو تمہارے نیک لگے۔

۔الحاقہ ۶۹: ۱۹۔۲۴۔

۹۔ ایمان دار نصاریٰ

۹۸۔ یہ اس سبب سے ہے کہ ان (نصاریٰ) میں علماء و رہبان ہیں اور یہ لوگ تکبر نہیں کرتے۔ اور جب وہ (قرآن) کو سنتے ہیں جو رسول پر نازل ہوا ہے تو تو ان کی آنکھوں کو دیکھے گا کہ ان سے آنسو جاری ہیں اس لیے کہ انہوں نے حق بات کو پہچان لیا ہے۔ وہ دعا مانگنے لگتے ہیں کہ اے ہمارے پروردگار! ہم ایمان لے آئے۔ تو تو ہم کو تصدیق کرنے والوں کے ساتھ لکھ رکھ۔ اور ہم کو کیا ہوا کہ اللہ

پر اور جو حق بات ہمارے پاس آئی ہے، اس پر ایمان نہ لائیں اور یہ توقع رکھیں کہ ہمارا پروردگار ہم کو نیک بندوں کے ساتھ داخل کرے گا۔ تو ان کے اس کہنے کے صلے میں خدا نے ان کو ایسے باغ عطا فرمائے جن کے تلے نہریں بہہ رہی ہیں۔ اور نیکی کرنے والوں کا یہی بدلہ ہے۔

-المائدۃ ۵: ۸۲-۸۵-

عَرَفُوا مِنَ الْحَقِّ ۚ يَقُولُونَ رَبَّنَا آمَنَّا فَاكْتُبْنَا مَعَ الشَّاهِدِينَ ۝ وَمَا لَنَا لَا نُؤْمِنُ بِاللَّهِ وَمَا جَاءَنَا مِنَ الْحَقِّ وَنَطْمَعُ أَن يُدْخِلَنَا رَبُّنَا مَعَ الْقَوْمِ الصَّالِحِينَ ۝ فَأَثَابَهُمُ اللَّهُ بِمَا قَالُوا جَنَّاتٍ تَجْرِي مِن تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ خَالِدِينَ فِيهَا ۚ وَذَٰلِكَ جَزَاءُ الْمُحْسِنِينَ ۝

۹۹۔ قَالَ اللَّهُ هَٰذَا يَوْمُ يَنفَعُ الصَّادِقِينَ صِدْقُهُمْ ۚ لَهُمْ جَنَّاتٌ تَجْرِي مِن تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ خَالِدِينَ فِيهَا أَبَدًا ۚ رَّضِيَ اللَّهُ عَنْهُمْ وَرَضُوا عَنْهُ ۚ ذَٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيمُ ۝

۹۹۔ اللہ فرمائے گا کہ یہی دن ہے سچے بندوں کو ان کا سچ کام آئے گا۔ ان کے لیے باغ ہوں گے جن کے تلے نہریں بہہ رہی ہوں گی۔ وہ سدا کو ہمیشہ ان میں رہیں گے۔ اللہ ان سے خوش اور وہ اللہ سے خوش۔ یہ ہے بڑی کامیابی۔

-المائدۃ ۵: ۱۱۹-

۱۰۔ ایمان دار یہودی

۱۰۰۔ وَقَالَ اللَّهُ إِنِّي مَعَكُمْ ۖ لَئِنْ أَقَمْتُمُ الصَّلَاةَ وَآتَيْتُمُ الزَّكَاةَ وَآمَنتُم بِرُسُلِي وَعَزَّرْتُمُوهُمْ وَأَقْرَضْتُمُ اللَّهَ قَرْضًا حَسَنًا لَّأُكَفِّرَنَّ عَنكُمْ سَيِّئَاتِكُمْ وَلَأُدْخِلَنَّكُمْ جَنَّاتٍ تَجْرِي مِن تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ ۚ

۱۰۰۔ اور اللہ نے (بنی اسرائیل سے) فرمایا کہ ہم تمہارے ساتھ ہیں اگر تم نمازیں پڑھتے اور زکوٰۃ دیتے اور ہمارے پیغمبروں پر ایمان لاتے اور ان کی مدد کرتے اور خوش دلی سے خدا کو قرض دیتے رہو گے تو ہم ضرور تم پر سے تمہارے گناہ دور کر دیں گے۔ ضرور تم کو ایسے باغوں میں داخل کریں گے جن کے نیچے نہریں بہہ رہی ہوں گی۔

-المائدۃ ۵: ۱۲-

۱۱۔ وہ نمازی جو زکوٰۃ دیتے اور بدکاری سے بچتے ہیں

۱۰۱۔ إِنَّ الْمُسْلِمِينَ وَالْمُسْلِمَاتِ وَالْمُؤْمِنِينَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَالْقَانِتِينَ وَالْقَانِتَاتِ وَالصَّادِقِينَ وَالصَّادِقَاتِ وَالصَّابِرِينَ وَالصَّابِرَاتِ وَالْخَاشِعِينَ وَالْخَاشِعَاتِ وَالْمُتَصَدِّقِينَ وَالْمُتَصَدِّقَاتِ وَالصَّائِمِينَ وَالصَّائِمَاتِ وَالْحَافِظِينَ فُرُوجَهُمْ وَالْحَافِظَاتِ وَالذَّاكِرِينَ اللَّهَ كَثِيرًا وَالذَّاكِرَاتِ أَعَدَّ اللَّهُ لَهُم مَّغْفِرَةً وَأَجْرًا عَظِيمًا ۝

۱۰۱۔ بے شک مسلمان مرد اور مسلمان عورتیں اور ایمان دار مرد اور ایمان دار عورتیں اور فرمان بردار مرد اور فرمان بردار عورتیں اور راست گو مرد اور راست گو عورتیں اور صابر مرد اور صابر عورتیں اور خاک ساری کرنے والے مرد اور خاک ساری کرنے والی عورتیں اور خیرات کرنے والے مرد اور خیرات کرنے والی عورتیں اور روزہ دار مرد اور روزہ دار عورتیں اور اپنے ناموس کی حفاظت کرنے والے مرد اور حفاظت کرنے والی عورتیں اور خدا کو کثرت سے یاد کرنے والے مرد اور یاد کرنے والی عورتیں ان سب کے لیے اللہ نے گناہوں کی معافی تیار کر رکھی ہے اور بڑے اجر۔

-الاحزاب ۳۳: ۳۵-

۱۰۲۔ إِنَّ الْإِنسَانَ خُلِقَ هَلُوعًا ۝ إِذَا مَسَّهُ الشَّرُّ جَزُوعًا ۝ وَإِذَا مَسَّهُ الْخَيْرُ

۱۰۲۔ بے شک آدمی بڑا ہی تھڑ دلا پیدا کیا گیا۔ جب اس کو نقصان پہنچتا ہے تو گھبرا اٹھتا ہے اور جب اس کو فائدہ پہنچتا ہے تو بخل کرنے لگتا ہے مگر نمازیوں کا بدحال نہیں۔ جو اپنی نماز پر ہمیشگی

اختیار کرتے ہیں اور ان کے مالوں میں ٹھیرا ہوا حق ہے منگتے اور غیر منگتے محتاج کا۔ اور وہ انصاف کے دن کو سچ جانتے ہیں اور وہ اپنے پروردگار کے عذاب سے ڈرتے ہیں۔ بے شک ان کے پروردگار کا عذاب نڈر ہونے کی چیز نہیں ہے۔ اور وہ اپنی شرم گاہوں کی حفاظت کرتے ہیں۔ مگر اپنی بیویوں یا اپنے ہاتھ کے مال پر کہ اس میں ان پر ملامت نہیں ہے۔ سو جو کوئی اس کے سوا چاہے تو یہی وہ لوگ ہیں جو حد سے باہر نکلنے والے ہیں۔ اور وہ جو اپنی امانتوں اور اپنے عہد کی نگہداشت رکھتے ہیں۔ اور وہ اپنی گواہیوں پر قائم ہیں۔ اور وہ جو اپنی نماز کی حفاظت رکھتے ہیں۔ یہی لوگ باغوں میں عزت کئے جائیں گے۔

-المعارج ۷۰: ۱۹-۳۵-

۱۲۔ رحمٰن کے خاص بندے

۱۰۳۔ اور رحمٰن کے خاص بندے وہ ہیں جو زمین پر فروتنی کے ساتھ چلتے ہیں اور جب جاہل ان سے باتیں کرتے ہیں تو وہ سلام کرتے ہیں۔ اور جو راتوں کو اپنے پروردگار کے آگے سجدہ کرتے ہیں اور قیام رکھتے ہیں۔ اور جو دعا مانگتے ہیں کہ اے ہمارے پروردگار! عذابِ دوزخ کو ہم سے دور ہی رکھیو۔ اس کا عذاب جان کا لاگو ہے۔ تھوڑا ٹھیرنا ہو تو اور ہمیشہ رہنا ہو تو وہ بری جگہ ہے۔ اور جو خرچ کرتے ہیں تو فضول خرچی نہیں کرتے۔ اور نہ بہت تنگی کرتے ہیں بلکہ میانہ روی رکھتے ہیں۔ اور جو اللہ کے ساتھ کسی دوسرے معبود کو نہیں پکارتے اور کسی شخص کو ناحق جان سے نہیں مارتے کہ اس کو خدا نے حرام کر رکھا ہے اور نہ زنا کے مرتکب ہوتے ہیں اور جو ایسا کرے گا وہ گناہ کا

مَنُوعًا ۝ إِلَّا الْمُصَلِّينَ ۝ الَّذِينَ هُمْ عَلَىٰ صَلَاتِهِمْ دَائِمُونَ ۝ وَالَّذِينَ فِي أَمْوَالِهِمْ حَقٌّ مَّعْلُومٌ ۝ لِّلسَّائِلِ وَالْمَحْرُومِ ۝ وَالَّذِينَ يُصَدِّقُونَ بِيَوْمِ الدِّينِ ۝ وَالَّذِينَ هُم مِّنْ عَذَابِ رَبِّهِم مُّشْفِقُونَ ۝ إِنَّ عَذَابَ رَبِّهِمْ غَيْرُ مَأْمُونٍ ۝ وَالَّذِينَ هُمْ لِفُرُوجِهِمْ حَافِظُونَ ۝ إِلَّا عَلَىٰ أَزْوَاجِهِمْ أَوْ مَا مَلَكَتْ أَيْمَانُهُمْ فَإِنَّهُمْ غَيْرُ مَلُومِينَ ۝ فَمَنِ ابْتَغَىٰ وَرَاءَ ذَٰلِكَ فَأُولَٰئِكَ هُمُ الْعَادُونَ ۝ وَالَّذِينَ هُمْ لِأَمَانَاتِهِمْ وَعَهْدِهِمْ رَاعُونَ ۝ وَالَّذِينَ هُم بِشَهَادَاتِهِمْ قَائِمُونَ ۝ وَالَّذِينَ هُمْ عَلَىٰ صَلَاتِهِمْ يُحَافِظُونَ ۝ أُولَٰئِكَ فِي جَنَّاتٍ مُّكْرَمُونَ ۝

۱۰۳۔ وَعِبَادُ الرَّحْمَٰنِ الَّذِينَ يَمْشُونَ عَلَى الْأَرْضِ هَوْنًا وَإِذَا خَاطَبَهُمُ الْجَاهِلُونَ قَالُوا سَلَامًا ۝ وَالَّذِينَ يَبِيتُونَ لِرَبِّهِمْ سُجَّدًا وَقِيَامًا ۝ وَالَّذِينَ يَقُولُونَ رَبَّنَا اصْرِفْ عَنَّا عَذَابَ جَهَنَّمَ إِنَّ عَذَابَهَا كَانَ غَرَامًا ۝ إِنَّهَا سَاءَتْ مُسْتَقَرًّا وَمُقَامًا ۝ وَالَّذِينَ إِذَا أَنفَقُوا لَمْ يُسْرِفُوا وَلَمْ يَقْتُرُوا وَكَانَ بَيْنَ ذَٰلِكَ قَوَامًا ۝ وَالَّذِينَ لَا يَدْعُونَ مَعَ اللَّهِ إِلَٰهًا آخَرَ وَلَا يَقْتُلُونَ النَّفْسَ الَّتِي حَرَّمَ اللَّهُ إِلَّا بِالْحَقِّ وَلَا يَزْنُونَ وَمَن يَفْعَلْ ذَٰلِكَ يَلْقَ أَثَامًا ۝ يُضَاعَفْ لَهُ الْعَذَابُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَيَخْلُدْ فِيهِ مُهَانًا ۝ إِلَّا مَن تَابَ وَآمَنَ وَعَمِلَ عَمَلًا صَالِحًا

نتیجہ بھگتے گا۔ قیامت کے دن اس کو دہرا عذاب دیا جائے گا اور اسی ذلیل حالت میں ہمیشہ رہے گا۔ مگر جس نے توبہ کی اور ایمان لایا اور نیک عمل کئے تو ایسے لوگوں کے گناہوں کو اللہ نیکیوں سے بدل دے گا۔ اور اللہ بخشنے والا، مہربان ہے۔ اور جو شخص توبہ کرے اور نیک عمل بجالائے وہ درحقیقت اللہ کی طرف رجوع کرتا ہے۔ اور وہ جھوٹی گواہی بھی نہیں دیتے ہیں اور بیہودہ کاموں کے پاس ہو کر گزرتے ہیں تو متانت سے گزرتے ہیں۔ اور نیز وہ لوگ جب ان کو ان کے پروردگار کی آیتیں سنا کر نصیحت کی جاتی ہے تو وہ اندھے اور بہرے ہو کر ان پر نہیں گرتے اور دعائیں مانگتے ہیں کہ اے ہمارے پروردگار! ہم کو ہماری بیبیوں اور ہماری اولاد کی طرف سے آنکھوں کی ٹھنڈک عنایت فرما اور ہم کو پرہیزگاروں کا پیشوا بنا۔ یہی لوگ ہیں جن کو ان کے صبر کے بدلے جنت میں بالا

خانے ملیں گے اور وہاں دعا اور سلام کے ساتھ ان کا استقبال ہوگا۔ وہ بہشت میں ہمیشہ رہیں گے۔ وہ کیا ہی اچھی جگہ ہے تھوڑی دیر ٹھیرو یا ہمیشہ رہو۔

-الفرقان ۲۵: ۶۳-۷۶-

فَأُولَٰئِكَ يُبَدِّلُ اللَّهُ سَيِّئَاتِهِمْ حَسَنَاتٍ ۗ وَكَانَ اللَّهُ غَفُورًا رَحِيمًا ﴿٧٠﴾ وَمَنْ تَابَ وَعَمِلَ صَالِحًا فَإِنَّهُ يَتُوبُ إِلَى اللَّهِ مَتَابًا ﴿٧١﴾ وَالَّذِينَ لَا يَشْهَدُونَ الزُّورَ وَإِذَا مَرُّوا بِاللَّغْوِ مَرُّوا كِرَامًا ﴿٧٢﴾ وَالَّذِينَ إِذَا ذُكِّرُوا بِآيَاتِ رَبِّهِمْ لَمْ يَخِرُّوا عَلَيْهَا صُمًّا وَعُمْيَانًا ﴿٧٣﴾ وَالَّذِينَ يَقُولُونَ رَبَّنَا هَبْ لَنَا مِنْ أَزْوَاجِنَا وَذُرِّيَّاتِنَا قُرَّةَ أَعْيُنٍ وَاجْعَلْنَا لِلْمُتَّقِينَ إِمَامًا ﴿٧٤﴾ أُولَٰئِكَ يُجْزَوْنَ الْغُرْفَةَ بِمَا صَبَرُوا وَيُلَقَّوْنَ فِيهَا تَحِيَّةً وَسَلَامًا ﴿٧٥﴾ خَالِدِينَ فِيهَا ۚ حَسُنَتْ مُسْتَقَرًّا وَمُقَامًا ﴿٧٦﴾

۱۳۔ اللہ اور رسول کی اطاعت کرنے والے

۱۰۴۔ وَمَنْ يُطِعِ اللَّهَ وَرَسُولَهُ يُدْخِلْهُ جَنَّاتٍ تَجْرِي مِنْ تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ خَالِدِينَ فِيهَا ۚ وَذَٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيمُ ﴿١٣﴾

۱۰۴۔ اور جو اللہ اور اس کے رسول کے حکم پر چلے گا اس کو اللہ ایسے باغوں میں داخل کرے گا جن کے نیچے نہریں بہہ رہی ہوں گی۔ وہ ہمیشہ ان میں رہیں گے اور یہی بڑی کامیابی ہے۔

-النساء ۴: ۱۳

۱۰۵۔ وَمَنْ يُطِعِ اللَّهَ وَرَسُولَهُ يُدْخِلْهُ جَنَّاتٍ تَجْرِي مِنْ تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ ۖ

۱۰۵۔ اور جو اللہ اور اس کے رسول کے حکم پر چلے گا، اس کو اللہ ایسے باغوں میں داخل کرے گا جن کے نیچے نہریں بہہ رہی ہوں گے۔

-الفتح ۴۸: ۱۷-

۱۴۔ ابرار

۱۰۶۔ إِنَّ الْأَبْرَارَ لَفِي نَعِيمٍ ﴿١٣﴾

۱۰۶۔ بے شک نیکوکار نعمت میں ہوں گے۔

-الانفطار ۸۲: ۱۳-

۱۰۷۔ إِنَّ الْأَبْرَارَ لَفِي نَعِيمٍ ﴿٢٢﴾ عَلَى الْأَرَائِكِ يَنْظُرُونَ ﴿٢٣﴾ تَعْرِفُ فِي وُجُوهِهِمْ نَضْرَةَ النَّعِيمِ ﴿٢٤﴾ يُسْقَوْنَ مِنْ رَحِيقٍ مَخْتُومٍ ﴿٢٥﴾ خِتَامُهُ مِسْكٌ ۚ وَفِي ذَٰلِكَ فَلْيَتَنَافَسِ الْمُتَنَافِسُونَ ﴿٢٦﴾ وَمِزَاجُهُ مِنْ تَسْنِيمٍ ﴿٢٧﴾ عَيْنًا يَشْرَبُ بِهَا الْمُقَرَّبُونَ ﴿٢٨﴾

۱۰۷۔ بے شک نیکوکار نعمت میں ہوں گے۔ تختوں پر بیٹھے دیکھ رہے ہوں گے۔ تو ان کے چہروں پر نعمت کی تازگی معلوم کرے گا۔ انہیں مہر لگی ہوئی شراب پلائی جائے گی۔ جس کی مہر مشک ہوگی اور اس میں حرص کرنے والوں کو حرص کرنی چاہیے۔ اور اس میں تسنیم کی ملونی ہوگی۔ یہ ایک چشمہ ہے، جس میں سے مقربین پئیں گے۔

-المطففین-۸۳: ۲۲-۲۸-

۱۰۸۔ فَالْيَوْمَ الَّذِينَ آمَنُوا مِنَ الْكُفَّارِ يَضْحَكُونَ ﴿٣٤﴾ عَلَى الْأَرَائِكِ يَنْظُرُونَ ﴿٣٥﴾

۱۰۸۔ تو آج مسلمان کافروں پر ہنسیں گے۔ اور تختوں پر بیٹھے دیکھ رہے ہوں گے۔

-المطففین ۸۳: ۳۴-۳۵

۱۵۔ غلام آزاد کرنے، بھوکوں کو کھلانے اور خیرات دینے والے

۱۰۹۔ اور تو کیا سمجھا کہ گھاٹی کیا ہے؟ وہ ہے گردن کا چھڑا دینا۔ یا بھوک کے دن یتیم رشتہ دار یا مسکین خاک نشین کو کھانا کھلانا۔ اس کے علاوہ ان لوگوں میں ہونا جو ایمان لائے اور ایک دوسرے کو صبر کی ہدایت کرتے رہے اور نیز ایک دوسرے کو رحم کرنے کی ہدایت کرتے رہے۔ یہی لوگ مبارک ہوں گے۔

-البلد ۹۰: ۱۲-۱۸-

۱۱۰۔ تو جس نے دیا اور پرہیز گاری کا شیوہ اختیار کیا اور اچھی بات کو سمجھا۔ تو ہم آسانی کی جگہ اس کے لیے آسان کر دیں گے۔

-الیل ۹۲: ۵-۷-

۱۱۱۔ اور جو بڑا پرہیز گار ہے، وہ اس آگ سے دور رکھا جائے گا۔ وہ ایسا ہے کہ اپنا مال دیتا ہے تا کہ پاک ہو۔ اور کسی کا اس پر کوئی احسان نہیں کہ اس کا بدلہ اتارنا ہو۔ اس کو صرف اپنے پروردگارِ عالی شان کی خوش نودی منظور ہے اور وہ ضرور راضی بھی ہوگا۔

-الیل ۹۲: ۱۷-۲۱-

۱۶۔ بھلائی کرنے والے

۱۱۲۔ جن لوگوں نے بھلائی کی، ان کے لیے بھلائی ہے اور کچھ بڑھ کر بھی۔ اور ان کے چہروں پر سیاہی نہ چھائی ہوگی اور نہ ذلت۔ یہی ہیں جنتی جو ہمیشہ جنت میں رہیں گے۔

-یونس ۱۰: ۲۶-

۱۷۔ توبہ کرنے والے مومن

۱۱۳۔ مسلمانو اللہ کی جناب میں خالص توبہ کرو۔ عجب نہیں

۱۰۹۔ وَمَا أَدْرَاكَ مَا الْعَقَبَةُ ۝ فَكُّ رَقَبَةٍ ۝ أَوْ إِطْعَامٌ فِي يَوْمٍ ذِي مَسْغَبَةٍ ۝ يَتِيمًا ذَا مَقْرَبَةٍ ۝ أَوْ مِسْكِينًا ذَا مَتْرَبَةٍ ۝ ثُمَّ كَانَ مِنَ الَّذِينَ آمَنُوا وَتَوَاصَوْا بِالصَّبْرِ وَتَوَاصَوْا بِالْمَرْحَمَةِ ۝ أُولَٰئِكَ أَصْحَابُ الْمَيْمَنَةِ ۝

۱۱۰۔ فَأَمَّا مَنْ أَعْطَىٰ وَاتَّقَىٰ ۝ وَصَدَّقَ بِالْحُسْنَىٰ ۝ فَسَنُيَسِّرُهُ لِلْيُسْرَىٰ ۝

۱۱۱۔ وَسَيُجَنَّبُهَا الْأَتْقَى ۝ الَّذِي يُؤْتِي مَالَهُ يَتَزَكَّىٰ ۝ وَمَا لِأَحَدٍ عِنْدَهُ مِنْ نِعْمَةٍ تُجْزَىٰ ۝ إِلَّا ابْتِغَاءَ وَجْهِ رَبِّهِ الْأَعْلَىٰ ۝ وَلَسَوْفَ يَرْضَىٰ ۝

۱۱۲۔ لِلَّذِينَ أَحْسَنُوا الْحُسْنَىٰ وَزِيَادَةٌ ۖ وَلَا يَرْهَقُ وُجُوهَهُمْ قَتَرٌ وَلَا ذِلَّةٌ ۚ أُولَٰئِكَ أَصْحَابُ الْجَنَّةِ ۖ هُمْ فِيهَا خَالِدُونَ ۝

۱۱۳۔ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا تُوبُوا إِلَى اللَّهِ تَوْبَةً نَصُوحًا عَسَىٰ رَبُّكُمْ أَنْ يُكَفِّرَ عَنْكُمْ سَيِّئَاتِكُمْ وَيُدْخِلَكُمْ جَنَّاتٍ تَجْرِي مِنْ تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ يَوْمَ لَا يُخْزِي اللَّهُ النَّبِيَّ وَالَّذِينَ آمَنُوا مَعَهُ ۖ نُورُهُمْ يَسْعَىٰ بَيْنَ أَيْدِيهِمْ وَبِأَيْمَانِهِمْ يَقُولُونَ رَبَّنَا أَتْمِمْ لَنَا نُورَنَا وَاغْفِرْ لَنَا ۖ إِنَّكَ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ ۝

۱۱۴۔ فَأَمَّا مَنْ ثَقُلَتْ مَوَازِينُهُ ۝ فَهُوَ فِي عِيشَةٍ رَاضِيَةٍ ۝

کہ تمہارا پروردگار تمہارے گناہ تم سے دور کر دے اور تم کو ایسے باغوں میں داخل کرے جن کے نیچے نہریں بہہ رہی ہوں گی۔ جس روز اللہ پیغمبر کو اور ان لوگوں کو جو اس کے ساتھ ایمان لائے، رسوا نہیں کرے گا۔ اور ان کے ایمان کی روشنی ان کے آگے آگے اور ان کے داہنے طرف چل رہی ہوگی۔ وہ یہ دعا کرتے ہوں گے کہ اے ہمارے پروردگار! ہماری روشنی کو ہمارے لیے آخیر تک قائم رکھ اور ہمارے گناہ معاف فرما۔ بے شک تو ہر چیز پر قادر ہے۔

-التحریم ۶۶: ۸-

۱۸۔ جن کے اعمال زیادہ وزنی ہوں گے

۱۱۴۔ جن کے اعمال تول میں زیادہ وزنی ٹھیریں گے، وہ خاطر خواہ عیش میں ہوگا۔

-القارعة ۱۰۱: ۶-۷-

۱۹۔ روحِ مطمئن

۱۱۵۔اے روحِ مطمئن! تو اپنے پروردگار کی طرف چل تو اس سے خوش وہ تجھ سے خوش۔ پھر ہمارے بندوں میں جا مل اور ہماری بہشت میں جا داخل ہو۔

۔الفجر ۸۹: ۲۷۔ ۳۰۔

۲۰۔ صالحینِ اہلِ کتاب کو اعمال کی مقدار سے زیادہ اجر

۱۱۶۔بے شک جو لوگ اللہ کی کتاب پڑھتے رہتے ہیں اور انہوں نے نماز پڑھی اور جو مال ہم نے انہیں دیا ہے، اس میں سے چھپا کر اور کھلے طور پر خرچ کیا، وہ ایسی تجارت کے امیدوار ہیں، جس میں گھاٹا نہیں ہے۔تا کہ اللہ انہیں ان کے پورے اجر دے اور اپنے فضل سے انہیں زیادہ دے۔ بے شک وہ بخشنے والا، قدردان ہے۔

۔فاطر ۳۵: ۲۹۔ ۳۰

۱۱۵۔ يَاأَيَّتُهَا النَّفْسُ الْمُطْمَئِنَّةُ ارْجِعِي إِلَىٰ رَبِّكِ رَاضِيَةً مَّرْضِيَّةً فَادْخُلِي فِي عِبَادِي وَادْخُلِي جَنَّتِي

۱۱۶۔ إِنَّ الَّذِينَ يَتْلُونَ كِتَابَ اللَّهِ وَأَقَامُوا الصَّلَاةَ وَأَنفَقُوا مِمَّا رَزَقْنَاهُمْ سِرًّا وَعَلَانِيَةً يَرْجُونَ تِجَارَةً لَّن تَبُورَ لِيُوَفِّيَهُمْ أُجُورَهُمْ وَيَزِيدَهُم مِّن فَضْلِهِ إِنَّهُ غَفُورٌ شَكُورٌ

جنت میں لذائذِ روحانی

۱۔ لذائذِ جنت کی حقیقت کسی کو معلوم نہیں

۱۔تو کوئی شخص بھی نہیں جانتا کہ لوگوں کے نیک عملوں کے بدلے میں کیسی کیسی آنکھوں کی ٹھنڈک ان کے لیے پردۂ غیب میں ہے۔

۔السجدۃ ۳۲: ۱۷۔

۲۔ لذائذِ جنت جو بیان کی گئیں وہ تمثیلی ہیں

۲۔پرہیز گاروں کے لیے جس باغ کا وعدہ کیا جا رہا ہے اس کی تمثیل یہ ہے کہ اس کے تلے نہریں بہہ رہی ہوں گی، اس کے پھل سدا بہار اور اسی طرح اس کی چھاؤں۔ یہ ہے ان لوگوں کا انجام جو پرہیز گاری کرتے ہے۔

۔الرعد ۱۳: ۳۵۔

۱۔فَلَا تَعْلَمُ نَفْسٌ مَّا أُخْفِيَ لَهُم مِّن قُرَّةِ أَعْيُنٍ جَزَاءً بِمَا كَانُوا يَعْمَلُونَ

۲۔مَّثَلُ الْجَنَّةِ الَّتِي وُعِدَ الْمُتَّقُونَ تَجْرِي مِن تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ أُكُلُهَا دَائِمٌ وَظِلُّهَا تِلْكَ عُقْبَى الَّذِينَ اتَّقَوا

۳۔مَّثَلُ الْجَنَّةِ الَّتِي وُعِدَ الْمُتَّقُونَ فِيهَا أَنْهَارٌ مِّن مَّاءٍ غَيْرِ آسِنٍ وَأَنْهَارٌ مِّن لَّبَنٍ لَّمْ يَتَغَيَّرْ طَعْمُهُ وَأَنْهَارٌ مِّنْ خَمْرٍ لَّذَّةٍ لِّلشَّارِبِينَ وَأَنْهَارٌ مِّنْ عَسَلٍ مُّصَفًّى وَلَهُمْ فِيهَا مِن كُلِّ الثَّمَرَاتِ وَمَغْفِرَةٌ مِّن رَّبِّهِمْ

۴۔لَّهُمْ دَرَجَاتٌ عِندَ رَبِّهِمْ وَمَغْفِرَةٌ وَرِزْقٌ كَرِيمٌ

۳۔جس بہشت کا پرہیز گاروں سے وعدہ کیا جاتا ہے اس کی تمثیل یہ ہے کہ اس میں ایسے پانی کی نہریں ہیں جس میں بو کا نام نہیں اور دودھ کی نہریں جس کا ذائقہ مطلق نہیں بدلا اور شراب کی نہریں جو پینے والوں کو بہت خوش معلوم ہو گی اور صاف شفاف شہد کی نہریں ہیں اور ان کے لیے وہاں ہر طرح کے میوے ہوں گے اور ان کے پروردگار کی طرف سے گناہوں کی معافی۔

۔محمد ۴۷: ۱۵۔

۳۔ جنتیوں کو رزقِ کریم

۴۔ان کے پروردگار کے ہاں درجے ہیں اور گناہوں کی معافی اور رزقِ کریم۔

۔الانفال ۸: ۴۔

۵۔ ان کے لیے گناہوں کی معافی ہے اور رزقِ کریم۔

-الانفال ۸:۷۴ والحج ۲۲:۵۰ - والنور ۲۴:۲۶-

۶۔ اور ہم نے (آخرت میں) ان کے لیے رزقِ کریم تیار کر رکھا ہے۔

-الاحزاب ۳۳:۳۱-

۷۔ اور ان کے لیے اجرِ کریم تیار کر رکھا ہے۔

-الاحزاب ۳۳:۴۴-

۸۔ یہی وہ لوگ ہیں جن کے لیے مغفرت اور رزقِ کریم ہے۔

-سبا ۳۴:۴-

۹۔ تو اس کو گناہوں کی معافی اور اجرِ کریم پر خوش خبری سنا دے۔

-یٰسٓ ۳۶:۱۱-

۱۰۔ اور اللہ اس کا دگنا اس کو ادا کرے اور اس کو اجرِ کریم علاوہ بخشے۔

-الحدید ۵۷:۱۱-

۱۱۔ قیامت کو ان کے قرضے کا دونا ادا کر دیا جائے گا۔ اور ان کو اجرِ کریم ملے گا۔

-الحدید ۵۷:۱۸-

خوشنودیِ اللہ تعالیٰ بڑی نعمت

۱۔ جن لوگوں نے پرہیز گاری اختیار کی ان کے لیے ان کے پروردگار کے ہاں باغِ بہشت ہیں...... اور اللہ کی خوشنودی ہے۔

-آل عمران ۳:۱۵-

۲۔ اللہ تعالیٰ فرمائے گا کہ یہی دن ہے کہ سچے بندوں کو ان کا سچ کام آئے گا۔ ان کے لیے باغ ہوں گے...... اللہ ان

۵۔ لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّرِزْقٌ كَرِيْمٌ ﴿۷۴﴾

۶۔ وَاَعْتَدْنَا لَهَا رِزْقًا كَرِيْمًا ﴿۳۱﴾

۷۔ وَاَعَدَّ لَهُمْ اَجْرًا كَرِيْمًا ﴿۴۴﴾

۸۔ اُولٰٓئِكَ لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّرِزْقٌ كَرِيْمٌ ﴿۴﴾

۹۔ فَبَشِّرْهُ بِمَغْفِرَةٍ وَّاَجْرٍ كَرِيْمٍ ﴿۱۱﴾

۱۰۔ فَيُضٰعِفَهٗ لَهٗ وَلَهٗٓ اَجْرٌ كَرِيْمٌ ﴿۱۱﴾

۱۱۔ يُضٰعَفُ لَهُمْ وَلَهُمْ اَجْرٌ كَرِيْمٌ ﴿۱۸﴾

۱۔ لِلَّذِيْنَ اتَّقَوْا عِنْدَ رَبِّهِمْ جَنّٰتٌ ...... وَّرِضْوَانٌ مِّنَ اللّٰهِ

۲۔ قَالَ اللّٰهُ هٰذَا يَوْمُ يَنْفَعُ الصّٰدِقِيْنَ صِدْقُهُمْ لَهُمْ جَنّٰتٌ ...... رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ وَرَضُوْا عَنْهُ ذٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ﴿۱۱۹﴾

۳۔ يُبَشِّرُهُمْ رَبُّهُمْ بِرَحْمَةٍ مِّنْهُ وَرِضْوَانٍ وَّجَنّٰتٍ لَّهُمْ فِيْهَا نَعِيْمٌ مُّقِيْمٌ ﴿۲۱﴾

۴۔ وَعَدَ اللّٰهُ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ جَنّٰتٍ ...... وَرِضْوَانٌ مِّنَ اللّٰهِ اَكْبَرُ ذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ﴿۷۲﴾

۵۔ وَالسّٰبِقُوْنَ الْاَوَّلُوْنَ مِنَ الْمُهٰجِرِيْنَ وَالْاَنْصَارِ ...... رَّضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ وَرَضُوْا عَنْهُ وَاَعَدَّ لَهُمْ جَنّٰتٍ ...... ذٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ﴿۱۰۰﴾

سے خوش اور وہ اللہ سے خوش۔ یہ ہے بڑی کامیابی ہے۔

-المائدۃ ۵:۱۱۹-

۳۔ ان کا پروردگار ان کو اپنی مہربانی اور خوش نودی ہے اور ایسے باغوں کی بشارت دیتا ہے، جن میں ان کو دائمی آسائش ملے گی۔

-التوبۃ ۹:۲۱-

۴۔ ایمان والے مردوں اور ایمان والی عورتوں سے اللہ نے باغوں کا وعدہ کر لیا ہے...... اور خدا کی خوش نودی سب سے بڑھ کر ہے۔ یہی بڑی کامیابی ہے۔

-التوبۃ ۹:۷۲-

۵۔ اور مہاجرین اور انصار میں سے جن لوگوں نے سبقت کی...... اللہ ان سے خوش وہ اللہ سے خوش اور اللہ نے ان کے لیے باغ تیار کر رکھے ہیں...... یہی بڑی کامیابی ہے۔

-التوبۃ ۹:۱۰۰-

۶۔اور آخرت میں عذابِ سخت اور اللہ کی طرف سے گناہوں کی مغفرت اور خوش نودی۔

-الحدید۵۷:۲۰-

۷۔یہی وہ لوگ ہیں جن کے دلوں کے اندر اللہ نے ایمان کا نقش کر دیا ہے اور اپنے فیضانِ غیبی سے ان کی تائید کی ہے اور وہ ان کو ایسے باغوں میں لے جا داخل کرے گا......اللہ ان سے خوش وہ اللہ سے خوش۔ یہ الٰہی گروہ ہے، جان لو کہ الٰہی گروہ ہی فلاح پائے گا۔

-المجادلة ۵۸-۲۲-

۸۔ان کا بدلہ ان کے پروردگار کے ہاں رہنے کے باغ ہیں...... اللہ ان سے خوش اور یہ اس سے خوش اور یہ اس کے لیے ہے جو اپنے پروردگار سے ڈرتا ہے۔

-البینة۹۸:۸-

۶۔وَفِي الْاٰخِرَةِ عَذَابٌ شَدِيْدٌ ۙ وَّمَغْفِرَةٌ مِّنَ اللّٰهِ وَرِضْوَانٌ ۭ

۷۔اُولٰۗىِٕكَ كَتَبَ فِيْ قُلُوْبِهِمُ الْاِيْمَانَ وَاَيَّدَهُمْ بِرُوْحٍ مِّنْهُ ۭ وَيُدْخِلُهُمْ جَنّٰتٍ...... رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ وَرَضُوْا عَنْهُ ۭ اُولٰۗىِٕكَ حِزْبُ اللّٰهِ ۭ اَلَآ اِنَّ حِزْبَ اللّٰهِ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ﴿۲۲﴾

۸۔جَزَاۗؤُهُمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ جَنّٰتُ عَدْنٍ...... رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ وَرَضُوْا عَنْهُ ۭ ذٰلِكَ لِمَنْ خَشِيَ رَبَّهٗ ﴿۸﴾

۱۔وُجُوْهٌ يَّوْمَىِٕذٍ نَّاضِرَةٌ ﴿۲۲﴾ اِلٰى رَبِّهَا نَاظِرَةٌ ﴿۲۳﴾

۲۔لِلَّذِيْنَ اَحْسَنُوا الْحُسْنٰى وَزِيَادَةٌ ۭ

۳۔لَهُمْ مَّا يَشَاۗءُوْنَ فِيْهَا وَلَدَيْنَا مَزِيْدٌ ﴿۳۵﴾

۴۔اِنَّ الَّذِيْنَ يَكْتُمُوْنَ مَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ مِنَ الْكِتٰبِ وَيَشْتَرُوْنَ بِهٖ ثَـمَنًا قَلِيْلًا ۙ اُولٰۗىِٕكَ مَا يَاْكُلُوْنَ فِيْ بُطُوْنِهِمْ اِلَّا النَّارَ وَلَا يُكَلِّمُهُمُ اللّٰهُ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَلَا يُزَكِّيْهِمْ ښ وَلَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿۱۷۴﴾

۵۔اِنَّ الَّذِيْنَ يَشْتَرُوْنَ بِعَهْدِ اللّٰهِ وَاَيْمَانِهِمْ ثَـمَنًا قَلِيْلًا اُولٰۗىِٕكَ لَا خَلَاقَ لَھُمْ فِي الْاٰخِرَةِ وَلَا يُكَلِّمُھُمُ اللّٰهُ وَلَا يَنْظُرُ اِلَيْهِمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَلَا يُزَكِّيْهِمْ ۠ وَلَھُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿۷۷﴾

دیدارِ الٰہی سب سے بڑی نعمت

۱۔ جنتی اپنے پروردگار کو دیکھیں گے

۱۔اس دن بہت لوگوں کے چہرے تروتازہ ٹکٹکی لگائے اپنے پروردگار کو دیکھ رہے ہوں گے۔

-القیامة۷۵:۲۲-۲۳-

۲۔جن لوگوں نے بھلائی کی ان کے لیے (آخرت میں بھی) ہے اور کچھ اور بڑھ کر۔

-یونس۱۰:۲۶-

۳۔بہشت میں ان لوگوں کو جو چاہیں گے ملے گا اور ہمارے پاس اس سے (کہیں) زیادہ کچھ اور ہے۔

-قٓ۵۰:۳۵-

۲۔ کافر سامنے نہیں آنے پائیں گے

۴۔جو لوگ ان احکام کو جو اللہ نے کتاب میں نازل کیے، چھپاتے اور اس کے بدلے تھوڑا سا معاوضہ حاصل کرتے ہیں، یہ لوگ اور کچھ نہیں مگر اپنے پیٹوں میں انگارے بھرتے ہیں اور قیامت کے دن اللہ ان سے بات نہیں کرے گا اور نہ ان کو پاک کرے گا اور ان کے لیے دردناک عذاب ہے۔

-البقرة۲:۱۷۴-

۵۔جو لوگ اللہ کے عہد اور اپنی قسموں کے بدلے بے حقیقت معاوضے لے لیتے ہیں، یہی لوگ ہیں جن کو آخرت میں کچھ بہرہ نہیں۔ اور قیامت کے دن اللہ ان سے بات نہیں کرے گا۔ اور نہ ان کی طرف دیکھے گا اور نہ ان کو پاک کرے گا اور ان کے لیے دردناک عذاب ہے۔

-آل عمران ۳:۷۷-

٦۔سنو یہی (کافر) ہیں جو اس دن اپنے پروردگار کے سامنے نہیں آنے پائیں گے۔

۔المطففین ۸۳:۱۵۔

شرفِ حضوری

۱۔ جنتی پروردگار سے ملیں گے

۱۔اور جانے رہو کہ تم کو اس کے حضور میں حاضر ہونا ہے۔

۔البقرۃ ۲:۲۲۳۔

۲۔اور اس میں تفصیلی باتوں کے کل احکام موجود ہیں اور وہ ہدایت اور رحمت ہے (اور یہ کتاب اس لیے دی گئی) تاکہ لوگ اپنے پروردگار سے ملنے کا یقین کریں۔

۔الانعام ۶:۱۵۴۔

۳۔تاکہ ان لوگوں کو اپنے پروردگار سے ملنے کا یقین ہو۔(اپنی قدرت کی) نشانیاں تفصیل کے ساتھ بیان فرماتا ہے۔

۔الرعد ۱۳:۲۔

۴۔اے آدم! تو گھسٹ گھسٹ کر اپنے پروردگار کی طرف جا رہا ہے پھر تو اس سے جا ملے گا۔

۔الانشقاق ۸۴:۶۔

۲۔ جنتیوں کو پروردگار کا سلام

۵۔جس دن یہ لوگ اللہ سے ملیں گے (اس کا) سلام ان کی سلامی ہوگی۔

۔الاحزاب ۳۳:۴۴۔

۶۔اور جو طلب کریں گے وہ ان کے لیے موجود ہوگا۔ پروردگار مہربان کی طرف سے سلام ہوگا۔

۔یٰسٓ ۳۶:۵۷۔۵۸۔

۳۔ جنتیوں کے چہرے تروتازہ و ہشاش بشاش

۷۔اور جو لوگ سپید رو ہوں گے وہ اللہ کی رحمت میں ہوں گے۔ وہ اس میں ہمیشہ رہیں گے۔

۔آل عمران ۳:۱۰۷۔

۸۔اس دن بہت چہرے تروتازہ ہوں گے جو اپنے پروردگار کو دیکھ رہے ہوں گے۔

۔القیامۃ ۷۵:۲۲۔۲۳

۹ کتنے چہرے اس دن چمکتے ہوں گے، ہشاش بشاش۔

۔عبس ۸۰:۳۸۔۳۹

۱۰۔تو ان کے چہروں پر نعمت کی تازگی معلوم کرے گا۔

۔المطففین۔۸۳:۲۴۔

۱۱۔اور کتنے چہرے اس روز ہشاش بشاش ہوں گے، اپنی کوشش سے خوش۔

۔الغاشیۃ ۸۸:۸۔

٦۔ كَلَّآ إِنَّهُمْ عَن رَّبِّهِمْ يَوْمَئِذٍ لَّمَحْجُوبُونَ ﴿۱۵﴾

۱۔ وَاعْلَمُوٓا أَنَّكُم مُّلَٰقُوهُ

۲۔ وَتَفْصِيلًا لِّكُلِّ شَيْءٍ وَهُدًى وَرَحْمَةً لَّعَلَّهُم بِلِقَآءِ رَبِّهِمْ يُؤْمِنُونَ ﴿۱۵۴﴾

۳۔ يُفَصِّلُ الْآيَٰتِ لَعَلَّكُم بِلِقَآءِ رَبِّكُمْ تُوقِنُونَ ﴿۲﴾

۴۔ يَٰٓأَيُّهَا الْإِنسَٰنُ إِنَّكَ كَادِحٌ إِلَىٰ رَبِّكَ كَدْحًا فَمُلَٰقِيهِ ﴿۶﴾

۵۔ تَحِيَّتُهُمْ يَوْمَ يَلْقَوْنَهُۥ سَلَٰمٌ

۶۔ وَلَهُم مَّا يَدَّعُونَ ﴿۵۷﴾ سَلَٰمٌ قَوْلًا مِّن رَّبٍّ رَّحِيمٍ ﴿۵۸﴾

۷ وَأَمَّا الَّذِينَ ابْيَضَّتْ وُجُوهُهُمْ فَفِي رَحْمَةِ اللَّهِ هُمْ فِيهَا خَٰلِدُونَ ﴿۱۰۷﴾

۸۔ وُجُوهٌ يَوْمَئِذٍ نَّاضِرَةٌ ﴿۲۲﴾ إِلَىٰ رَبِّهَا نَاظِرَةٌ ﴿۲۳﴾

۹۔ وُجُوهٌ يَوْمَئِذٍ مُّسْفِرَةٌ ﴿۳۸﴾ ضَاحِكَةٌ مُّسْتَبْشِرَةٌ ﴿۳۹﴾

۱۰۔ تَعْرِفُ فِي وُجُوهِهِمْ نَضْرَةَ النَّعِيمِ ﴿۲۴﴾

۱۱۔ وُجُوهٌ يَوْمَئِذٍ نَّاعِمَةٌ ﴿۸﴾ لِّسَعْيِهَا رَاضِيَةٌ ﴿۹﴾